تصحیح شدہ مجموعہ
مکمل
شمع شبستان رضا
اقبال احمد نوری

اعلیٰ حضرت علامہ الشاہ احمد رضا خان بریلوی و دیگر

علماء اہلِ سنت کے مجرب عملیات و تعویذات کا مستند اور

تصحیح شدہ مجموعہ

شمع شبستانِ رضا

اوّل

مرتبہ

علامہ اقبال احمد نوری

تصحیح کنندہ: عبد العزیز مخدوم چشتی

ناشر

روحانی پبلشرز

نورانی مسجد

مین بازار شام نگر چوبرجی، لاہور

نام کتاب ـــــــــ شمع شبستان رضا
مؤلف ـــــــــ اقبال احمد نوری
باراوّل ـــــــــ ۱۹۹۰ء
صفحات ـــــــــ
ہدیہ ـــــــــ روپے
معاون خاص ـــــــــ صاحبزادہ میاں محمد حبیب اللہ ایڈووکیٹ
طبع ـــــــــ گنج شکر پرنٹرز لاہور

تصحیح کنندہ: محمد عبد العزیز چشتی
خطیب
نورانی جامع مسجد مین بازار شام نگر چوبرجی لاہور

معاونین: علامہ مفتی محمد ضیاء الحبیب صابری
علامہ اقبال ٹاؤن۔ لاہور
علامہ محمد عبد الرحمٰن سدیدی مدرسہ علویہ
باؤ چوک بلال گنج۔ لاہور

تقسیم کار
مکتبہ نوریہ رضویہ ۱۱۔ گنج بخش روڈ لاہور
فون: ۲۱۳۱۹۱

انتسابِ تصحیح

اپنے استادِ مکرم علامہ الحاج پیر سید **زاھد علی شاہ**

صاحب رحمۃ اللہ علیہ بغدادی جامع مسجد گلبرگ اے فیصل آباد

کے نام

جن کے جوتے سیدھے کرکے بندہ نے یہ سب کچھ حاصل کیا۔

ع گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

خاکپائے اولیاء

عبد العزیز چشتی غفرلہٗ

عرضِ ناشر

الحمدللہ ! روحانی پبلشر اپنے قارئین کی خدمت میں عملیات و تعویزات کی مستند اور عظیم کتاب شمع شبستان رضا نئی آب و تاب اور اہتمام کے ساتھ پیش کر رہا ہے قبل ازیں مختلف اداروں نے اس کو شائع کیا۔ مگر افسوس کسی نے بھی اس کی اغلاط کیطرف توجہ نہ دی عربی عبارات کی اغلاط کے ساتھ ساتھ نقوش کے اعداد اور چالوں میں بھی اغلاط کی بھرمار ہو گئی جس کی وجہ سے عاملین کا اس پر سے اعتماد اٹھتا جا رہا ہے قارئین نے بارہا شکایت کی پھر بھی کسی ناشر نے اس طرف توجہ نہ دی۔ اب ادارہ ہذا اس عظیم کتاب کو اغلاط سے پاک کر کے پیش کر رہا ہے۔ جن کی تعداد درج ذیل ہے۔ عربی عبارات چاروں حصوں میں ہزارہا نقوش کی چاروں حصوں میں مکمل ستر ہی غلطیاں تھیں۔ چراغ کلاں تحفہ نوری نمبر ۲ اور نمبر ا۔ جامع المطلوب تو پڑھے نہیں جاتے تھے۔ حروفِ ابجد کے مؤکل ظاہری و باطنی میں بھی بیشمار اغلاط تھیں۔ اب ان تمام نقوش کو قواعد و متوالبط کیمطابق درست کیا گیا ہے۔ امید ہے قارئین حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

آخر میں ادارہ علامہ محمد عبدالرحمن سدیدی معظمی اور علامہ مفتی محمد ضیاء الحبیب صابری کا تہہ دل سے مشکور ہے جنہوں نے اپنا قیمتی وقت نکال کر محنتِ شاقہ کے ساتھ نقوش و عربی عبارات کی تصیح کرنے میں خصوصی معاونت فرمائی۔ ادارہ صاحبزادہ میاں محمد حبیب اللہ ایڈووکیٹ کا بھی ممنونِ احسان ہے کہ جنہوں نے خصوصی تعاون فرما کر ادارہ کی حوصلہ افزائی فرمائی۔

مخلص

عبدالعزیز مخدوم چشتی

فہرست مضامین شمع شبستانِ رضا

فہرست مضامین حصہ دوم

فہرست مضامین حصہ سوم

فہرست مضامین حصہ چہارم

ترمیم

قارئین اکرام۔ مندرجہ ذیل ترامیم ادارہ کی طرف سے کی گئی ہیں۔

(۱) اسمائے باری تعالیٰ میں ایک ایک اسم شریف متعدد بار لکھا تھا۔ انہیں ۹۹ نام پورے گنے گئے۔

(۲) کندہ شدہ نقوش کے ملنے کا پتہ رضوی کتب خانہ دیا ہوا تھا۔ اس کی جگہ ادارہ ہذا کا نام دیا گیا کیونکہ رضوی کتب خانہ بریلی شریف انڈیا میں ہے۔ ادارہ ہذا نے کندہ شدہ نقوش کا اہتمام کیا۔

(۳) ایک جگہ پر لکھا ہے ۴ آنے کی چاندی لیں اس دور میں چار آنے کی چاندی مانگنا پنے آپ سے مذاق کروانا ہے لہٰذا چار آنے کی جگہ آدھ تولہ لکھا۔

(۴) اجازت کی شرائط میں گیارہ روپے کی کتب لکھا ہے۔ دور حاضر میں گیارہ روپے کے دو پمفلٹ نہیں آتے جبکہ اس دور میں بخاری شریف جیسی عظیم کتاب بھی گیارہ روپے سے کم میں خریدی جا سکتی تھی۔ جو کہ اب چند سو روپے میں مل رہی ہے۔ ادارہ نے کتب اسلامیہ کی اشاعت کی خاطر گیارہ روپے کی بجائے ایک سو گیارہ روپے ترمیم کی ہے۔

روحانی پبلشر شام نگر چوبرجی لاہور

نوٹ:۔ کندہ شدہ نقوش مکتبہ نوریہ رضویہ ۱۱ گنج بخش روڈ لاہور فون نمبر ۲۱۳۱۹۱ سے بھی دستیاب ہیں۔

شمع شب

مرتب

فقیر عبد المصطفےٰ ، اقبال احمد نوری مہتم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

بعد حمد وصلوٰۃ کے فقیر کو اس کتاب کے ترتیب دینے ک
انھوں کتب خانہ کی بنا ڈالی ہے اور اس کے پوسٹر جا بجا ا
ہوئے ان میں بعض احباب کی یہ فرمائش بھی ہوئی کہ اعلیٰ
نقوش وعملیات کی ہو تو ارسال کر دی جائے۔ مگر چونکہ
لئے مجبوری ظاہر کر دی گئی۔ مگر یہ فکر دامنگیر رہی۔ آخر کا
سے انتخاب کر کے عام مسلمانوں کو اس سے ضرور فائدہ
کا نام کیا رکھا جائے، اچانک خیال اب سے چند س
سبب وہی نام "شمع شبستان رضا" رکھا۔ فقیر کی
میں سعد ونحس ساعتوں کا ذکر موجود ہے۔ بعض کتابوں م

م رضوی کتب خانہ بازار صندل خاں بریلی شریف

علی رسولہٖ محمد وّ آلہٖ وصحبہٖ اجمعین ۵.

ی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ جب سے کمترین نے
رسال کے فرمائشات کتب کے ساتھ جو خطوط موصول
حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تصنیفات سے کوئی کتاب
راب تک کوئی کتاب اس قسم کی طبع نہ ہوئی تھی، اس
ارہ طے کرلیا کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے مجموعۂ اعمال
پہنچایا جائے۔ اب نام کی فکر ہوئی کہ انتخاب لاجواب
ال قبل خواب کی طرف گیا، جس میں اشارہ تھا ایں
نظر سے بہت سی کتابیں عملیات کی گزریں ہر کتاب
یں تو ستاروں کی رفتار۔ دوستی ۔دشمنی نظرات

خواہش کے مطابق نقوش دیئے جا رہے ہیں اور ساتھ ہی یہ تجربہ بھی ہوا کہ آنے والے حاجت مندوں کو سو فی صدی کامیاب پایا۔ ان تمام باتوں کو دیکھتے ہوئے فقیر نے یہ نتیجہ نکالا کہ ستاروں کی رفتار بحکم احکم الحاکمین اپنا اچھا یا بُرا اثر ضرور کرتی ہیں۔ اور عاملین نے ساعتوں کی اور عروج ماہ کی جو قیود مقرر فرمائی ہیں وہ بے شک ازبس ضروری ہیں، مگر جس طرح پولیس کے سپاہی یا تھانیدار یا شہر کوتوال وغیرہ سے عوام، پبلک ڈرتی ہے اور خوف کھاتی ہے۔ ان ہی میں بعض لوگ ایسے بھی دیکھے جن سے پولیس کے سپاہی بلکہ بعض حکام خود خائف رہتے ہیں۔ جب پتہ لگایا کہ آخر یہ کیا بات ہے، معلوم ہوا کہ ان کا تعلق محبت اور دوستی کا شہر کے سب سے بڑے افسر سے ہے، اس لئے تمام حکام ان سے ڈرتے ہیں۔

اس تجربہ نے ہمیں یہ سبق دیا کہ جس ذات گرامی کے طفیل اللہ نے کل کائنات کو پیدا کیا، یعنی حضور پُرنور سیدنا احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے اگر مسلمان اپنا رشتۂ تعظیم و محبت نہایت پختگی اور مضبوطی کے ساتھ جوڑ لے تو تمام باتوں سے بے نیاز ہو جائے اور پھر کسی چیز کے دیکھنے بھالنے کی ضرورت نہ رہے، بس جس وقت اور جس کے لئے جو حکم کر دے وہ ہو جائے اور جو لکھ کر دے دے یقیناً کامیابی حاصل ہو۔ لہٰذا اب اس چیز کی ضرورت پیش آئی کہ یوں تو ہر مسلمان اسی کا مدعی ہے کہ سارے جہان میں سب سے زیادہ ہم حضورؐ کو چاہتے ہیں، حضورؐ ہی سے اُلفت و محبت ہے مگر امتحان کرنے پر اکثر یہ دعویٰ غلط ثابت ہوتا ہے اور اس کا بڑا سبب ناواقفیت ہے۔ لہٰذا ضرورت ہوئی کہ ستاروں اور ساعتوں کے جھگڑوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے صرف اسی طرف توجہ کی جاتی ہے کہ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رسالہ "تمہید ایمان بآیات قرآن" اس کتاب کے ہمراہ شائع کیا جائے تاکہ سب سے پہلے ہر مسلمان آیات قرآن کے بموجب اپنے ایمان اور عقائد کو پرکھ لے پھر جو نقش لکھا یا جو عمل پڑھا جائے گا، انشاء المولیٰ الکریم اس میں وہ اثر ہوگا کہ آپ خود حیران رہ جائیں گے۔ مسلمان کی شان یہ ہے کہ وہ سب سے زیادہ جھوٹ کو عیب جانے گا۔ اور یہ کہ اللہ جل جلالہ نے جھوٹوں پر لعنت فرمائی ہے۔ اب اگر کوئی عامل گنڈے تعویذ کرتا ہے اور جھوٹ بھی بولتا ہو تو آپ خود انصاف کریں کہ جب جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ لعنت فرمائے تو کون ہوگا۔ ایسے تعویذوں اور عمل میں کیا اثر ہوگا؟ تیسرے یہ کہ وہ حکیم حکیم نہیں جو خود اپنا علاج نہ کر سکے۔ اسی طرح وہ عامل، عامل نہیں جو خود اپنی مصیبت اور پریشانی اور تکلیفوں کو رفع نہ کر سکے۔

اس لئے ضرورت ہوئی کہ کوئی عمل ایسا ہو جس کو عمل میں لاکر عامل خود اپنی ضروریات اور حاجات سے بے نیاز ہو جائے۔ اور نہایت اطمینان اور سکون کی زندگی گزار سکے اور مخلوق خدا کو فیض پہنچا سکے (فقیر نے اس کتاب کی ابتداء اسی دُعا سے کی ہے)

فیض پہنچانا۔ اس کے لئے چند باتیں عامل کے اندر ہونا ضروری ہیں۔ اوّل یہ ہے کہ عامل کے اندر تسخیر ہو کہ مخلوق خدا اس کی طرف مائل ہو

دوسرے یہ کہ زبان میں اتنا اثر ہو کہ اوّل تو خاموش رہے زیادہ بات نہ کرے اور جو کسی بات پر زبان کھلے تو پتھر کی لکیر ہو،

تیسرے یہ کہ عام طور سے لوگ اس کی طرف زیادہ جھکتے ہیں، جو کوئی ایسی بات بتادے جس کا بظاہر اُسے علم نہ ہو جس کے لئے اکثر استخارہ کا عمل کرتے اور اس کی تلاش میں رہتے ہیں کہ کوئی بہترین استخارہ ہاتھ آجائے۔ پیارے عزیز! اس انتخاب میں تجھے ہر چیز ملے گی، جو آجتک نہ کسی کتاب میں دیکھی ہوگی نہ دیکھے گا۔ مگر ان تمام اعمال نقش نقوش اور وظائف وغیرہ کی اجازت کے جو شرائط ہیں، ان کی پابندی ازبس ضروری ہے جن کا خلاصہ یہ ہے۔

اجازت اور اس کے شرائط

۱۔۔۔۔ سب سے پہلے اپنا ایمان اور عقیدہ بالکل قرآن پاک کے مطابق ہو جس کیلئے تمہید ایمان پڑھنا اشد ضروری ہے کہ اگر کچھ خامی ہوئی تو اس سے اصلاح ہو جائے گی۔

۲۔۔۔۔ بات کم کرے، کم سوئے، کھانا بھی کم کھائے، جھوٹ سے بالکل دُور رہے۔

۳۔۔۔۔ مذہب اہلسنّت پر قائم رہتے ہوئے جس کی معلومات کے لئے اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی تصنیفات کا مطالعہ کرتا رہے۔ اور اپنے احباب میں ان کی اشاعت کرتا رہے۔

۴۔۔۔۔ کوئی عمل کسی ناجائز کام کے لئے ہرگز نہ کیا جائے اگر کوئی مجبور کرے تو اسے ہر طرح سمجھایا جائے تاکہ وہ اس بُرے کام سے باز رہے۔

۵۔۔۔۔ اس پُرآشوب زمانہ میں جبکہ دہریت، نجدیت، وہابیت، غیر مقلدیت، بدمذہبیت غرض طرح طرح کے رُوپ میں پھیل رہی ہے۔ ان کی کتابیں خصوصاً ترجمہ کئے ہوئے کلام پاک ہر ہر شہر

کے کتب فروش کی دکان پر ملتے ہیں اور ہمارے ناواقف بھائی اُن کو بڑی خوشی سے لیتے اور پڑھتے ہیں اور نہیں سمجھتے کہ اس سے ہمارے عقائد میں کیا نقصان پہنچا یا پہنچ رہا ہے۔ لہٰذا ضرورت تھی اور ہے کہ اعلیٰحضرت امام اہلسنت قدس سرہٗ کی وہ تصنیفات جو ابھی طبع نہیں ہوئی ہیں چھپوائی جائیں اور بزرگانِ دین سے اس کتاب کی اشاعت کے سلسلہ میں خاص اسی شرط پر اجازت ہے۔ جو صاحب "شمع شبستان رضا" سے پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہیں وہ مبلغ ۱۱۱ روپیہ بطور زکوٰۃ روحانی پبلشر نورانی مسجد بیرون بازار شاہ نگر چوبرجی لاہور کے نام ارسال کردیں، اگر ایک مرتبہ ادا نہیں کرسکتے تو دو یا تین دفع میں اور اگر یہ بھی نہیں کرسکتے تو دس دس مہینہ کرکے روانہ کردیں یا ۱۱۱ روپیہ کی وہ کتابیں جن کا تبلیغ سے تعلق ہے منگا کر غربا کو تقسیم کردیں۔

جو ان پانچوں پر معہ شرائطِ عمل کرے گا وہ اس کتاب کے تمام عملیات نقش نقوش سے پورا پورا فائدہ اٹھائے گا۔ فقیر نے مجموعۂ اعمال کے ہر باب سے دو دو چار چار عمل انتخاب کرکے اور چند اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی دیگر کتب سے اور کچھ اپنے تجربہ شدہ عملیات شائع کردیئے۔ مولیٰ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقے میں تمام مسلمانوں کو اس سے فیض یاب فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین۔

دعا جامع المطلوب و دافع الکروب

یہ دعا کتب معتبرہ و احادیث صحیحہ میں وارد ہے۔ بڑا ہی خوش نصیب ہے جو اس کو روزانہ اپنے درد میں رکھے اور اس سے دین و دنیا کے فوائد حاصل کرے، اگر اس کے فوائد تفصیل وار لکھے جائیں تو ایک دفتر ہو۔ خلاصہ یہ ہے کہ دین کی دولت، دنیا کی دولت تسخیر خلائق اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہی بہترین استخارہ ہے عقلمند کو اشارہ کافی ہے۔ اکثر لوگ ستاروں کی نحوست میں مبتلا رہتے ہیں اور بحکم احکم الحاکمین ان کے اچھے یا بُرے اثرات بھی رونما ہوتے ہیں۔ جس کی تفصیل کی چنداں ضرورت نہیں۔ ذرا سی عقل والا خود اس دعا کو پڑھ کر سمجھ لے گا کہ یہ کیا چیز اور کتنی بڑی دولت ہے اور جو غافل رہے وہ بدنصیب ہے۔ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مَلَآئِكَةُ كُلُّكُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ اَنْ تُغِيْثُوْنِيْ وَتُعِيْنُوْنِيْ وَاَنْ تَمُدُّوْنِيْ فِيْ مُرَادِيْ وَمَقْصُوْدِيْ وَاحْفَظُوْا لِيْ مَالِيْ وَاَهْلِيْ وَوَلَدِيْ وَوَالِدِيْ وَذُرِّيَاتِيْ وَاِخْوَانِيْ وَاَحِبَّائِيْ وَاَصْلِ تَالِيْ وَمَا اَحَطْتَ عَلَيْهِ شَفَقَةُ قَلْبِيْ مِنْ آفَاتِ الدُّنْيَا

وَالْاٰخِرَةِ وَمِنْ نَحُوْسَاتِهِمْ وَنَحُوْسَاتِ الزُّحَلِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالْمِرِّیْخِ وَالشَّمْسِ وَالزُّهْرَةِ وَالْعُطَارِدِ وَالْقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ وَالْاَكْلِیْلِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِیْ شَرٍّ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّیَاطِیْنِ وَسَاحِرٍ وَفَاجِرٍ وَظَالِمٍ وَبَاغٍ وَطَاغٍ وَمَارِدٍ وَمُعَانِدٍ وَنَاطِقٍ وَسَاكِتٍ وَمُتَحَرِّكٍ وَسَاكِنٍ وَهَامَّةٍ وَشَامَّةٍ وَلَامَّةٍ وَذَكَرٍ وَاُنْثٰی وَآفَاتِ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ الْبَرِّیَّةِ وَالْبَحْرِیَّةِ اَجْمَعِیْنَ وَاعْمِلُوْا اَبْصَارَهُمْ وَاَقْبِضُوْا لِسَانَهُمْ وَاَیْدِیَهُمْ وَعَلِّمُوْنِیْ عِلْمَ الَّذِیْ یَكُوْنُ نَافِعًا وَضَرًّا عَلَی الْجَمِیْعِ الْعُلُوْمِ وَاعْطُوْنِیْ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَجَلَبْتُكُمْ لِجَلْبِ قُلُوْبِ الْخَلْقِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِلَیَّ بِالْمَوَدَّةِ وَالْمَحَبَّةِ وَالْصُرُوْنِیْ نُصْرَةً عَلٰی سَائِرِ الْاَعْدَاءِ وَاخْبِرُوْنِیْ مَا فِی الْحَوَادِثِ الْخَیْرِ وَالشَّرِّ قَبْلَ الْوَقْتِ الْوُقُوْعِ وَمَا اَطْلُبُ مِنْ اَخْبَارِ الْعَالَمِ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا بِحَقِّ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَوَلَدِهِ الشَّرِیْفِ السَّیِّدِیْ مُحْیِّ الدِّیْنِ حَضْرَتِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ وَبِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤُدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ وَبِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؁

ترکیب :۔ ۴۱ دن بعد نماز عشاء ۴۱ بار پڑھ لیں پھر گیارہ بار روزانہ پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دینی اور دنیوی ضروریات کے لئے کسی دوسرے وظیفہ کی ضرورت نہ پڑے گی۔ اس دعا میں سب کچھ ہے۔

کتاب الامراض متعلق بہ سر

۲۔ دردِ سر کا عمل یہ نام باری تعالیٰ کے پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ فوراً شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی یَا نُوْرَ النُّوْرِ یَا خَالِقَ النُّوْرِ یَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ یَا نُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ یَا نُوْرُ لَیْسَ مِثْلَهٗ نُوْرٌ یَا نُوْرُ قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ یَا نُوْرُ بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ فِی النُّوْرِ سُبْحٰنَكَ یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ۔

٣- **براے نصف درد سر** آیت الکرسی و چاروں قل و آیۃ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ تا آخر سورۂ حشر و آیۃ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا تا آخر آیت۔

پڑھ کر دم کرے اسی وقت شفا ہو۔

٤- **دیگر براے نصف سر۔**

جلسا	علسا	عملسا

لکھکر سر پر باندھے مجرّب ہے۔

٥- **دیگر سورۂ اخلاص۔** پڑھے اور دم کرے کم سے کم ٣ یا ٧ یا ١١ بار اسی طرح پڑھکر دم کرے انشاءاللہ تعالٰی گیارہ بار کی تعداد پوری ہونے سے قبل ہی درد سر آدھے سر کا کافور ہو۔ مجرب المجرب ہے۔

دیگر براے درد سر مجرب ہے۔ سورہ ناس ٧ بار پڑھکر دم کرے اور دریافت کرے کہاں ہے، اگر باقی ہو تو پھر ٧ بار پڑھکر دم کرے، سارے سر یا نصف سر میں خواہ کیسا ہی درد ہو ٣ بار میں جاتا رہے۔

٧- **دیگر عمل عجیب۔** لِيُعَذِّبَهُمْ یہ عمل درد سر کے لئے اور ہر مقام کے درد کے لئے مجرب ہے یہاں تک کہ بھڑ کاٹے یا بچھو غرض کہ ہر زہریلے جانور کا زہر اتارنے میں عجیب الاثر ہے۔ ترکیب خاص یہ ہے کہ انگشت شہادت سے مقام ماؤف پر ٣ بار لکھے اور سانس روک لے، جب تین بار لکھ چکے اسی جگہ دم کرے اور دریافت کرے کہ اثر باقی ہے یا نہیں۔ اگر بتائے کہ ہے پھر ایسا ہی کرے۔ فقیر مؤلف کو بارہا تجربہ ہوا کہ درد بھاگا بھاگا پھرتا ہے۔ یہاں لکھا اور وہاں پہنچا۔ چاہیئے کہ مریض جہاں بتائے وہیں لکھے، چند بار میں درد اور زہر وغیرہ انشاءاللہ جاتا رہے گا۔ اور اس کا اثر بھی کافور ہو جائے گا۔

٨- **نقش درد سر۔**

٧٨٦

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

الٰہی درد سر و درد نیم سر دفع شود

ص ص ص ص ص ص ص ص

یہ نقش لکھکر موم جامہ کرکے درد کی جگہ باندھ دے، درد رفع ہو۔

٩- **دیگر** یہ دونوں نقش ہر قسم کے درد کے لئے مجرب ہے۔

٧٨٦

٨	٨	٨	٨
٨	٨	٨	٨
٨	■	٨	٨
٨	٨	٨	٨

٧٨٦

هوالله	هوالله
هوالله	هوالله

۱۰- نصف سر اور پورے سر کے درد کا مجرّب نسخہ۔ اسطوخودوس ایک تولہ گول مرچ سفید ایک تولہ دونوں کو باریک پیس کر سفوف بنا کر شیشی میں محفوظ رکھ لیں۔ خوراک ۲ ماشہ یہ سفوف اطریفل کشنیز ایک تولہ میں ملا کر سوتے وقت گرم پانی سے کھا لیا کریں، کیسا ہی درد ہو اور کتنے ہی دنوں کا کیوں نہ ہو۔ دو ہفتہ یہ دوا کھانے سے بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ یہ دوا گلے کے پھولنے میں یعنی گھینگھا میں بھی مفید ہے (مؤلف)

۱۱- حب شفا درد چشم و درد کان وغیرہ کے لئے مجرّب ہیں۔ سیاہ تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ ریوند چینی ۸ ماشہ۔ سونٹھ ۴ ماشہ گوند ببول۔ خوب باریک پیس کر گولیاں چنے کے برابر بنا کر رکھ لیں۔ درد سر درد چشم۔ درد قولنج۔ کان کا درد وغیرہ میں صرف ایک گولی کھانا انجکشن کا کام کرتی ہے۔ نوٹ۔ یہ گولیاں جس قدر باریک دوا ہوگی، اتنی ہی زیادہ کارآمد ثابت ہوں گی۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی بیماریوں میں کارآمد ثابت ہوئی ہیں۔ اگر گولیاں بنا کر ۴۱ مرتبہ یٰسین شریف پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں تو قریب قریب ہر مرض میں مختلف بدرقوں کے ساتھ استعمال کر کے نفع حاصل کیا جا سکتا ہے۔ (مؤلف)

۱۲- آشوب چشم۔ یعنی آنکھ دکھنے میں اطریفل زمانی۔ اطریفل اسطوخودوس ہموزن باہم ملائیں، سوتے وقت ۹ ماشہ ۳ تولہ گرم پانی سے کھا لیا کریں۔ سر کے متعلق تمام بیماریوں میں اکسیر ثابت ہوتی ہے۔ کان کا بہنا یا بہرا پن بہت مشکل سے جاتا ہے۔ اگر یہ دوا ۴ روز برابر استعمال کرائی جائے، انشاء اللہ تعالیٰ کامل شفا ہو دوران استعمال گوشت اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ مؤلف

امراض چشم کے مجرّب عمل

۱۳- عمل حدّت بصر و دفع درد چشم۔ چاہیئے کہ یہ دعاء بار بار پڑھ کر دم کرے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط۔ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ط۔

یابصیر	یابصیر	یاالصیز	یابصیر
یاسمیع	یاسمیع	یاسمیع	یاسمیع
یاحکم	یاحکم	یاحکم	یاحکم

۱۴- **دیگر** یہ نقش کسی چینی کی رکابی پر لکھے اور اس کو ہری مکو کے عرق سے دھو کر قدرے افیون گھس کر آنکھ کے اوپر لیپ کرے انشاء اللہ پھر کسی دوا کی ضرورت نہ پڑے گی۔ کیسا ہی سخت آشوب چشم کیوں نہ ہو دفع ہو جائے اگر وقت پر یہ دونوں چیزیں نہ ملیں تو پانی سے دھو کر آنکھ پر لگائیں مجرب ہے۔

۱۵- **سرمہ کا نسخہ مجرب اور بہت آسان۔** سرمہ دانی میں ایک لونگ مع پھول دار ڈال دیں۔ ایک ماہ کے بعد وہ نکال کر علیحدہ کر دیں۔ دوسری لونگ پھول دار ڈال دیں۔ اسی طرح ہر ماہ لونگ تبدیل کر دیا کریں اور وہی سرمہ روز لگایا کریں۔ انشاء اللہ عمر بھر کبھی آنکھ میں کوئی شکایت نہ ہوگی اور اگر نظر کمزور ہو گئی ہے تو اس کی مداومت سے روشنی بڑھ کر چشمہ کی عادت چھوٹ جائے گی مجرب ہے۔ (فقیر مؤلف) کی رائے ہے ہر لونگ ٹوپی دار پر اگر ۲۱ بار درود شفاء پڑھ کر دم کر لیا کریں تو بہت ہی زود اثر ہو۔ یہ فقیر کا تجربہ شدہ ہے درود شفاء یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَائِھَا وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ دَائِمًا اَبَدًا ۰

۱۶- **آنکھ کی روشنی کو واپس لانے کا نہایت نفیس قابل قدر عمل۔** ایک صاحب نے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض کی کہ روشنی بہت کم ہے فرمایا۔

(۱) آیۃ الکرسی شریف یاد کر لیجئے، ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھیے اور پڑھتے ہوئے جب اس کلمہ پر پہنچیں۔ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا اس وقت دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آنکھ پر رکھ کر اس کلمہ کو گیارہ بار کہیں پھر ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیں۔

(۲)- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نور نور ۹ جگہ سفید چینی کی طشتری پر اسی طرح لکھیں کر واؤ اور میم کے سر کھلے رہیں اور آب زمزم شریف نہ ملے تو آب باراں (بارش) وہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھو کر ۲۵۶ بار اس پر یانور پڑھ کر دم کرے اول آخر یہ درود شریف تین تین بار پڑھیں اَللّٰھُمَّ یَا نُوْرَ النُّوْرِ صَلِّ عَلٰی نُوْرِکَ الْمُنِیْرِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پھر یہ پانی آنکھوں پر لگائیں اور باقی پی لیں۔ ۳- بھلیا کے تعویذ کا چلہ کریں، پھر فرمایا، یہ عمل ایسے قوی التاثیر ہیں کہ اگر اعتقاد ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ اگئی ہوئی آنکھیں واپس آجائیں۔ بھلیا کا عمل تپ دق کہنہ و دق کے باب میں ملے گا۔

۱۷- نکسیر پھوٹنے کا بہترین عمل بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط - انگشت شہادت سے لکھتا ہوا ناک سے سر پر لے جائے ۳ بار ایسا ہی کرے، انشاء اللہ خون بند ہو۔ (مؤلف)

۱۸- کان بہنے کیلئے کان کے درد میں دعا نمبر ۲۰ والی۔ اطریفل زمانی۔ اطریفل اسطوخودوس لعوق سپستان۔ ہم وزن ملا کر رکھ لے صبح و شام ۶-۶ ماشہ استعمال کرے بہرے پن کو بھی مفید ہے۔ مؤلف کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر روغن گل سے دھو کر شیشی میں محفوظ رکھ لیں جب کسی کے کان میں درد ہو تو دو تین قطرے چمچے میں لے کر نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

۲۰- دیگر- اسی طرح یہ کلمات مع بسم اللہ پڑھ کر دم کرے، وہ کلمات اور اسماء یہ ہیں۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی یَا خَالِقُ یَا صَادِقُ یَا فَارِقُ یَا دَافِعُ یَا رَازِقُ یَا شَافِعُ یَا سَابِقُ سُبْحٰنَکَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط۔

۲۱- عمل درد دندان - ف ر ع و ن غ ر ق ش د (فرعون غرق شد)
ترکیب: یہ حروف یاد کر لئے جائیں، اگر داڑھ یا دانت یا منہ کے اندر کسی جگہ درد ہو تو اسی طرف کے رخسار پر کلمہ کی انگلی سے یہ حروف لکھے۔ تین مرتبہ کے لکھنے سے انشاء اللہ درد رفع ہوگا۔

۲۲- درد ہائے کہنہ۔ لَاحَیَّ یُوحِیَ لِیُھْیَ ان کلمات کے اثرات بھی حیرت انگیز ہیں جسم میں خواہ کسی جگہ درد ہو اور خواہ کسی سبب سے ہو شہادت کی انگلی سے لکھے اور دریافت کرے، اگر باقی رہے پھر دوبارہ اور اسی طرح سہ بارہ غرض تین مرتبہ میں کیسا ہی درد ہو، مریض درد کے مارے سر پھوڑتا ہو بفضلہ تعالیٰ شفا ہو۔

۲۳- دندان کا عجیب عمل۔ یہ عمل تین بار پڑھ کر اپنی انگلی پر دم کر کے دانتوں پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ درد رفع ہو اور اگر منجن کسی قسم کا ملے اور اس پر عمل کرے تو دانتوں کی تکلیف سے ہمیشہ محفوظ رہے۔ عمل یہ ہے۔ چار کمائیں بتیس ۳۲ کھائیں ہم تم مل سب ساتھ ہی جائیں واسطے قطب عالم کے ایک کو چھوڑا ایک نہ جائے۔

۲۴- دانت عمر بھر خراب نہ ہونیکا لاجواب عمل۔ (مؤلف) فقیر کے ایک پیر بھائی جن کی عمر کچھ کم ستر برس تھی اپنے دانتوں سے گنا کھا لیتے تھے اور فرماتے تھے کہ جب میں گنا کھاتا ہوں تو میرے دانتوں پر سے جوان آدمی رشک کرتے ہیں۔ فقیر نے ان سے دانتوں کی محفوظی اور مضبوطی کا سبب دریافت کیا تو فرمایا اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے بچپن میں یہ عمل بتایا تھا کہ عشاء کے وتر جب پڑھے جائیں۔

تو پہلی رکعت میں بعد الحمد سورۂ اذا جاء (سورہ نصر) دوسری میں تبت یدا اور تیسری میں سورہ اخلاص پڑھنے سے دانت عمر بھر ہر تکلیف سے محفوظ رہتے ہیں جب سے میں اسی طرح پڑھتا ہوں اور اسی عمل کی برکت سے یہ ہے۔ (فقیر نے بھی خود اس پر عمل کیا اور اپنے اکثر احباب کو بتایا سب نے اس پر عمل کیا اور اپنے اس عمل کی تعریف کی)

۲۵ - ہلتے دانت جمانے کا نسخہ۔ (مؤلف) ایک صاحب نے فقیر کو یہ نسخہ بتایا کہ میری بتیسی ہل رہی تھی، سوائے پتلے چاول کے کچھ کھا نہیں سکتا تھا۔ مگر اس کے استعمال سے آج میں ہڈی چبا لیتا ہوں۔ مگر اس کے بعد ایک بزرگ نے بھی اس نسخہ کی تعریف کی تب اس کی آزمائش کی تو بڑا قوی التاثیر پایا۔ ہلتے دانت جما دیتا ہے۔ پائریا کو جلد آرام کر دیتا ہے یعنی پیپ کو جلا دیتا ہے خون کو بند کرتا ہے، بدبو کو فوراً ختم کر دیتا ہے۔ دانت میں کیسا ہی درد ہو دور کرتا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔

سپاری چکنی ۲ تولہ۔ مازو پھل ایک تولہ۔ پھٹکڑی کی کھیل ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ا تولہ۔ ہرڑ ایک تولہ۔ بہیڑہ ایک تولہ۔ بنسلوچن ٦ ماشہ۔ پھول کتھہ ۳ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ باریک پیس کر کم سے کم دن میں تین بار دانتوں پر ملیں درد فوراً دور ہو جاتا ہے۔ پائریا کے لئے بھی اکسیر ثابت ہوا ہے۔ فائدہ حاصل کریں اور فقیر کے لئے دعا کریں۔

گھیگھا یعنی گلے کا پھولنا۔

یہ اسماء پڑھکر دم کرے۔ اور یہی لکھ کر گلے میں باندھے، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى يَا مَنْ خَلَقَنِيْ وَسَوَّانِيْ يَا مَنْ رَزَقَنِيْ وَرَبَّانِيْ يَا مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ يَا مَنْ قَرَّبَنِيْ وَاَدْنَانِيْ يَا مَنْ عَصَمَنِيْ وَكَفَانِيْ يَا مَنْ حَفِظَنِيْ وَكَلَانِيْ يَا مَنْ وَفَّقَنِيْ وَهَدَانِيْ يَا مَنْ اَعَزَّنِيْ وَاَغْنَانِيْ يَا مَنْ اَمَاتَنِيْ وَاَحْيَانِيْ يَا مَنْ اَيَّدَنِيْ وَلَاَنِيْ سُبْحٰنَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔

۲۶ - گلے کا پھولنا۔ یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھے۔ محسوب ۳/۸

نوٹ: - باندھتے وقت حسب حیثیت نیاز حضور پرنور غوث اعظم و نیز جملہ پیران عظام و اعلیٰ حضرت رضوان اللہ تعالیٰ عنہم کی ضرور دلائے انشاء اللہ شفا ہو۔

۲۷ دیگر۔ یہ مرض اگرچہ مہلک تو نہیں مگر اس سے صورت بدنما ہو جاتی ہے۔ خصوصاً نوعمر لڑکیوں کو یہ مرض اکثر لاحق ہوتا ہے۔ یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر گلے میں باندھے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ط

۲۸۔ دیگر۔ یا یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھے۔

مطسہ	مطسہ
مطسہ	مطسہ

نوٹ:۔ اس پر ۸۶، نہ لکھا جائے اور الٹے بازو پر باندھا جائے یہ دونوں عمل بھی مجربات سے ہیں۔

۲۹۔ برائے کنٹھ مالا۔ (والعیاذ باللہ تعالیٰ) سات تار نیلے سوت کی مریض کے قد کی برابر یعنی مریض کو کھڑا کر کے اس کی پیشانی کے بالوں سے ناخن پا تک بالکل ٹھیک ناپے اور اس میں ۱۴ گرہ دے اور ہر گرہ پر مع اعوذ باللہ اور بسم اللہ یہ دعا پڑھے اور دم کرے اور گنڈہ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالے باذنہ تعالیٰ شفا ہو۔

دعا یہ ہے۔ اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَعُوۡذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَ قُدۡرَۃِ اللّٰہِ وَ قُوَّۃِ اللّٰہِ وَ عَظۡمَۃِ اللّٰہِ وَ بُرۡہَانِ اللّٰہِ وَ سُلۡطَانِ اللّٰہِ وَ کَنَفِ اللّٰہِ وَ جَوَارِ اللّٰہِ وَ اَمَانِ اللّٰہِ وَ حِرۡزِ اللّٰہِ وَ کِبۡرِیَآءِ اللّٰہِ وَ نَظۡرِ اللّٰہِ وَ بَہَاءِ اللّٰہِ وَ جَلَالِ اللّٰہِ وَ کَمَالِ اللّٰہِ وَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ مِنۡ شَرِّ مَآ اَجِدُ (در محل خنازیر ببند)

اعمال امراض قلب (دل کا دھڑکنا)

۳۰۔ دل کی سوزش و گھبراہٹ۔ سورۃ الطارق کسی کھانے یا پینے کی چیز پر اوّل و آخر درود شریف ۳۳ بار پڑھ کر دم کر کے کھلائے حق تعالیٰ شفا دے گا۔

۳۱۔ برائے وسواس شیطان۔ سورۃ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ہر نماز کے بعد ۱۳ مرتبہ مع درود شریف اول و آخر ۳ بار مجرّب ہے۔

۳۲۔ دل کی ہر قسم کی بیماریوں کے لئے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ دل مارا کن مُسۡتَقِیۡمُ بحق اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ اول آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار اس عمل سے بہت سے کام نکل سکتے ہیں مثل مشہور ہے۔ یک من علم را دہ من عقل باید یعنی ایک من علم کے لئے دس من عقل کی ضرورت ہے۔

۳۳۔ برائے اختلاج قلب ۔ یہ نقش اس طرح لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اس طرح کہ نقش دل پر رہے ۔

۷۸۶

لاحول	ولاقوۃ	الا	باللہ	العلی
ولاقوۃ	الا	باللہ	العلی	العظیم
الا	باللہ	العلی	العظیم	بسم اللہ
باللہ	العلی	العظیم	بسم اللہ	الرحمن
العلی	العظیم	بسم اللہ	الرحمن	الرحیم

۳۴۔ نقش تطمین القلوب ۔ یہ نقش قلب کی تمام بیماریوں کے لئے ہے بارہا کا مجرّب آزمودہ ہے۔ چاہیئے کہ اس کی نقل چینی کی پلیٹ پر کر کے ۲۱ روز پلائے اگر پڑھنے سے بچہ بھاگے یا ماں باپ کا حکم نہ مانے، شریر ہو، آوارہ ہو تو اس کا نقش کندہ کرا کر بچے کے گلے میں ڈالے اور ہر روز اسی نقش کو دھو کر پلائے ۔ اسی طرح دل کی گھبراہٹ کے لئے پہنے اور دھو کر اس کو اس کا پانی پیئے ۔

۷۸۶

ھ	ا	د	ی
۱۰	۴	۱	۵
۱	۵	۱۰	۴
۴	۱۰	۵	۱

یابدیع السموات والارض یاباقی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لاحول ولاقوۃ الاباللہ العلی
العظیم یااللہ یا [illegible] یارحیم
دل ما راکن مستقیم [illegible] ایاک
نعبد و ایاک نستعین یاھادی
یاولی الایادی

نوٹ :۔ اس قسم کے کندہ شدہ نقوش رضوی کتب خانہ سے تیار مل سکتے ہیں۔

۷۸۶

۲۱۸	۲۳۲	۲۲۸	۲۲۵
۲۲۹	۲۲۴	۲۱۹	۲۳۱
۲۲۳	۲۲۶	۲۳۴	۲۲۰
۲۳۳	۲۲۱	۲۲۲	۲۲۷

اللھم صل علی سیدنا محمد و آلہ یاقابض الذی یقبض بحق یاقابض بستم خون زدان فلان بن فلان یاقابض

۳۵۔ برائے قبض جریان خون در ایّام حمل ۔ یہ نقش لکھ کر اس کے نیچے یا چاروں طرف یہ دعا تحریر کر کے ناف پر یہ نقش موم جامہ کر کے باندھے اور یہی دعا پانی پر دم کر کے بھی پلائے دعا نقش کے نیچے درج ہے ۔

۳۶۔ دافع ہیضہ و جملہ امراض شکم ۔ ذیل کا نقش لکھ کر پرانے مگر پاک کپڑے سے لپیٹ کر بازو پر باندھے ۔

ھ ھ ھ ھ ، ※ ع ع ع ع ع ع ع ع ھ د ص م (ص کے دائرے کو کھینچ کر لکھیئے کہ میم سے کٹ جائے)

۳۷۔ برائے دفع طاعون ۔ یالطیف لم یزل ؛ الطف بنا فیما نزل ؛ انت توی نجنا ؛ عن قھر ک یوم النزل لکھ کر دروازے پر چسپاں کرے ۔ لِی خَمْسَۃٌ اُطْفِی بِھَا ؛ حَرَّالْوَبَاءِ الْحَاطِمَۃِ ؛ اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی ؛ وَابْنَاھُمَا وَالْفَاطِمَۃِ ۔

عملیات و تعویذات برائے بخار ہر قسم

۳۸۔ برائے تپ لرزہ۔ جو کوئی اس آیت شریف کو لکھ کر مثل تعویذ جاڑے بخار والے کے گلے میں ڈالے یا چینی کی پلیٹ پر لکھکر باری سے دو گھنٹے قبل دھو کر پلائے انشاءاللہ فی الفور شفا پائے۔ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰھُمُ الْاَخْسَرِیْنَ۔ ۵

۳۹۔ دیگر بخار کی حدت کم کرنے کے لئے۔ یہ آیت ۷ بار پڑھ کر بخار والے پر دم کرے حدت بخار میں نمایاں کمی ہو اور مریض کو سکون حاصل ہو آیت یہ ہے۔ لَا یَرَوْنَ فِیْھَا شَمْسًا وَّلَا زَمْھَرِیْرًا ۵۔

۴۰۔ خط بنام بخار۔ یہ عبارت پڑھ کر مریض پر دم کرے اور یہی لکھ کر گلے میں ڈالے اور ایک جگہ لکھ کر مریض کو پانی دھو کر پلاؤ۔ انشاءاللہ تعالیٰ اسی دن باری سے نجات ہو۔ عبارت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ھٰذَا الْکِتَابُ مِنَ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ وَمِنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِلَی الْحُمّٰی حَرُّھَا مِنْ حَرِّ جَھَنَّمَ وَبَرْدُھَا مِنْ زَمْھَرِیْرٍ فَاِذَا جَآءَ کِتَابِیْ ھٰذَا فَاخْرُجِیْ مِنْ جَسَدِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَلَا تَاْکُلِی اللَّحْمَ وَلَا تَشْرَبِیْ دَمَہٗ حَسْبِیَ اللّٰہُ حَسْبِیَ اللّٰہُ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵۔

۴۱۔ دیگر عمل لرزہ بخار۔ باری کا بخار یا جاڑا بخار جو وقت مقررہ پر آکر اتر جاتا ہے چاہیئے کہ مٹی کی کوری ٹھیکری ۳ عدد لے کر ایک پر یَا مُحِیْطُ دوسری پر یَا مُحِیْطُ تیسری پر یَا مُحِیْطُ طَا اور دوسری طرف لکیر ۱ ۲ ۳ اس طرح جیسے نیچے بنادی ہیں بنادے اور ہدایت کردے کہ پہلے دن ایک لکیر والی ٹھیکری باندھے اگر اس سے نہ رکے تو دوسرے دن باری سے دو گھنٹے قبل ایک لکیر والی کھول کر رکھ لے اور دو لکیر والی ٹھیکری باندھے اگر اس سے نہ رکے تو تیسرے دن تین لکیروں والی باندھے انشاءاللہ تیسری باری پر یقیناً نجات ہوگی۔ بعد از صحت تمام ٹھیکریاں کسی کنوئیں میں یا دریا میں ڈال دیں۔ (مؤلف) ملیریا کے زمانے میں اس کی عام شکایت دیکھی گئی ہے۔ جاننا چاہیئے کہ ۳ باری آنے کے بعد اگر باقاعدہ علاج نہ ہو تو تلی بڑھنا شروع ہو جاتی ہے۔ اسلئے عامل کو جاننا چاہیئے کہ گندھک کا تیزاب ایک تولہ منگا کر پاس رکھ لیں اور تعویذات

کے ساتھ یہ کریں کہ ایک بیننگ تیزاب میں ڈبو کر ایک گلاس پانی یعنی جتنا کہ مریض پی سکے اس میں گھول کر مریض کو پلا دے۔ ف اس سے یہ ہوگا کہ آئندہ مریض کو جاڑا بخار نہ آئے گا ورنہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ تعویذ اور عمل اپنا اثر ضرور کرتے ہیں جن سے باری کا رک جاتی ہے۔ مگر چند دن کے بعد پھر آنے لگتی ہے اور اس کی وجہ یہی ہوتی ہے کہ تلی یا جگر میں خرابی آجاتی ہے۔ اس طریقے سے انشاء اللہ مریض کو دوبارہ شکایت نہ ہوگی۔ نیز اگر چاہیں تو یہ نسخہ جو نہایت سستا اور انتہائی مجرب ہے۔ اگر ڈاکٹر صاحبان کو معلوم ہو جائے تو سیروں بنا کر رکھ لیں اس کے سامنے کونین کی کوئی حقیقت نہیں۔ کونین سے ملیریا بظاہر فوراً رفع ہو جاتا ہے۔ مگر کونین کا بد اثر مہینوں باقی رہتا ہے۔ البتہ کونین کی طرح کڑواہٹ زیادہ ہے، سمجھدار تو جیسے بھی ہو کھا لیتے ہیں مگر بچوں کو کھلانا بہت مشکل ہوتا ہے، چاہئے کہ پانی میں گھول کر پلا دیں نسخہ یہ ہے۔ کٹکی ا تولہ۔ نرکچور ا تولہ۔ نوشادر ۱ ماشہ اسی حساب سے جتنا چاہیں بنالیں۔ تینوں کو باہم ملا کر خوب کوٹ کر کپڑے میں چھان کر ڈبہ میں حفاظت سے رکھ لیں، خوراک ۳ ماشہ باری آنے سے قبل پانی کے ہمراہ ہر دو گھنٹہ یا تین کے کھلائیں اور فقیر کے حق میں دعا کریں۔

نوٹ: اگر دوا ہضم نہ ہوتی ہو تو بہ ترکیب ذیل یہی سفوف کھلائیں۔

۴۲۔ تپ گرم یعنی صفراوی بخار کیلئے مجرب ہے۔ صفراوی بخار جس میں پیاس بہت ہوتی ہے اور بار بار بخار میں پانی پیتا ہے، برف مانگتا ہے مگر پانی پیتے ہی فوراً الٹی سے قے ہو جاتی ہے۔ اور جوں جوں پانی پیتا ہے۔ آگ آگ پکارتا ہے انتہائی بے چینی ہوتی ہے یہ آیات لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے، انشاء اللہ فوراً تسکین ہو۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ رَبُّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّھَارَ یَطْلُبُہٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِہٖ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔

دیگر۔ عرق بادیان ۱۰ تولہ۔ میں آلو بخارا ۷ دانہ بھگو دیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد تھوڑا تھوڑا پلائیں اور اوپر والی دوا ہضم نہ ہوتی ہو تو بھی اسی عرق کے ساتھ پلائیں۔

۴۳۔ نقش برائے بخار ہر قسم یہ لکھ کر اس کے نیچے مع بسم اللہ یہ آیت لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے شفاء ہوگی۔ نہایت مجرب ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱۴۰	۱۱۴۳	۱
۱۱۴۲	۲	۷	۱۱۴۱
۳	۱۱۴۵	۱۱۳۸	۶
۱۱۳۹	۵	۴	۱۱۴۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظالمین الا خسارا

۴۴ - گنڈہ برائے بخار مجرب ہے ۔ ترکیب مع عمل ۔ سات تار کچے سوت کے لئے اُس پر چاروں قل پڑھکر گرہ لگائے اور گرہ لگاتے وقت یہ کہے بستم وقفل کردم بنام فلاں (یہاں مریض کا نام لے) یعنی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ اسی طرح چودہ بار چاروں قل پڑھے اور چودہ گرہ لگائے اور بخار والے کے گلے میں ڈالے اللہ کی قدرت سے انشاء اللہ شفاء کامل حاصل ہو۔

نوٹ :- اگر بعد نماز ظہر یہ گنڈہ تیار کرے تو زیادہ مؤثر ہے ۔

۴۵ - جاڑے بخار کیلئے مجرب ہے ۔ پیپل کے تین پتوں پر ۳ دن ذیل کی آیت لکھکر چٹائے انشاء اللہ تعالیٰ لرزہ نہ آئے گا - ایک گھنٹہ قبل چٹانا ضروری ہے آیت یہ ہے ۔ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۔

۷۸۶

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

۴۶ - برائے تپ و لرزہ ۔ ہر مرض کے لئے ۱۵ کا یہ نقش مفید ہے ۔ یہ نقش موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے ۔

۴۷ - بخار کیلئے مجرب ہے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلَامًا لکھکر گولی بناکر گڑ میں لپیٹ کر کھلائے (مؤلف) فقیر نے دق کے پرانے بخار والے کو دیا الحمد للہ بخار ٹوٹ گیا ایسے مریضوں کو ۱۲ گولی لکھکر دے ایک روز کھلائے بیچ میں ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی ۔

۴۸ - دیگر جاڑا بخار بلکہ ہر بیماری کیلئے مجرب و آزمودہ ہے ۔ چاہیئے کہ نابالغ لڑکی کے ہاتھ سے کچا سوت کتوا کر سات تار یکجا کرے (۲ گز کافی ہوگا) ۔ پھر سورہ الم نشرح بترکیب ذیل سات بار پڑھے اور ہر بار دم کر کے گرہ لگاتا جائے یہاں تک کہ سات گرہ لگ جائیں پھر مریض کے گلے میں ڈالے ۔ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے ۔ اَلَمْ نَشْرَحْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ وَسَلَّمَ لَكَ صَدْرَكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَسَلَّمَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَسَلَّمَ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَسَلَّمَ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَسَلَّمَ

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَسَلَّمَ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَسَلَّمَ ۔ فلاں بن فلاں نام ولدیت دفع شود ۔

نوٹ :۔ اگر بخار کے سوا کوئی اور مرض ہو تو اُس مرض کا نام لے اور فلاں کی جگہ پر مریض کا نام لے اور بن فلاں کی جگہ ماں کا نام لے (مؤلف) اِس عمل کی تعریف لکھنے سے قاصر ہے (دیگر اِس عمل میں یا محمدؐ ہے بجائے یا محمدؐ کے یا رسول اللہ لکھا ہے ۱۲ منہ) مؤلف ۔

۴۹ ۔ دیگر برائے بخار رقعہ حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ ۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لکھ کر گولی بنا کر مریض کو کھلا دے اور رقعہ لکھ کر گلے میں ڈالے ۔ برادرم تپ را اعلام میراں محی الدّین غوث الثقلین آنکہ اگر در وجود (فلاں بن فلاں خواہی) ماند فرو ادر گور قاضی رشوت خوار گرفتار خواہد شد خبر کردن شرط است بگریز بگریز بگریز ۔ نوٹ ۔ حسب مقدور شرینی پر فاتحہ حضور غوث اعظم دے ۔

۵۰ ۔ تپ کہنہ اور دق بخار کا عجیب و غریب عمل ۔ پرانے بخار کے لئے چاہیے کہ رات کو مٹی کے برتن میں پانی بھر کر شبنم میں رکھ دے صبح بعد نماز فجر اس پانی پر الحمد شریف مع بسم اللہ اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ کی آخری میم الحمد شریف کے لام میں ملا کر پوری ایک سانس میں پڑھے، اسی طرح سات بار پڑھے پھر آیۃ الکرسی ایک بار پھر تینوں قل ۳۔۳ بار اوّل و آخر درود شریف ۳۔۳ بار پانی پر دم کرے پھر اس پانی کو مریض کے سینہ اور چہرے پر خوب زور سے پوری طاقت سے چھینٹا دے اور اگر مریض عورت ہے تو اس کا شوہر یا کوئی ایسا رشتہ دار جو محرم ہو چھینٹا دے ۔ اور اگر مرد ہے تو کوئی بھی چھڑک سکتا ہے اور چھڑکتے وقت یہ کہے اَللّٰھُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَبِصِدْقِ رَسُوْلِكَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ؕ کہے اور عورت ہو تو عبدك کے بجائے اَمَتِكَ کہے اسی طرح نوؔ روز بلا ناغہ کرے اور دو گھونٹ وہ پانی مریض کو پلا دے ۔

۵۱ ۔ ٹھلیا کا نقش مع ترکیب برائے دق وسل و نابینائی ۔ اس نقش کا چلّہ تقریباً دو ماہ کا ہے ۔

یہ نہ صرف آنکھوں کی بیماریوں کے لئے ہے بلکہ ہر قسم کی بیماریاں یہاں تک کہ دق کے مریض کے لئے بھی مجرّب ہے بارہا کا آزمودہ عمل ہے ۔ چاہیئے کہ ۱۲ تعویذ لکھے اور دو ٹھلیاں منگائے ۔ ایک میں پانی بھر کر ایک تعویذ ڈال دیں ۔

اجب یا جبرئیل ۷۸۶ یا بدوح

۱	۱/۳۶۶	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱/۳۶۵
۶	۹	اللّٰھم اشف عبدک فلاں بن فلاں	۳
۱/۳۶۷	۴	۵	۱۰

اور تین دن وہی پانی پلایا جائے اور ہر تیسرے دن ٹھلیا اور تعویذ تبدیل کر دیا کریں اور اس خالی ٹھلیا کو دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیا کریں، چلہ ختم نہ ہونے پائے گا کہ بفضلہٖ تعالیٰ شفایاب ہوگا۔ دِق و سِل یا دیگر ایسے مریض جن کو دوا کم اثر کرتی یا بالکل اثر نہ کرتی ہو چاہیئے کہ نقش محیط الاسرار مع تکسیر جفر شرف آفتاب کا کندہ کیا ہوا روحانی پبلشرز سے منگا کر ضرور دیا جائے۔ اس سے ہزاروں شفایاب ہوئے ہیں۔

۵۲۔ چیچک، خسرا، موتی جھارا وغیرہ ،

اگر چیچک یا خسرا نہ نکلی ہو تو انشاءاللہ نہ نکلے گی لکھ کر گلے میں باندھے اور اگر نکل آئی ہو تو چینی کے پیالہ پر لکھ کر زمزم شریف سے اگر نہ ملے تو بارش کے پانی سے اور یہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھو کر پلائیں انشاءاللہ صحت کامل ہو دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَلْ اِیَّاہُ تَدْعُوْنَ فَیَکْشِفُ مَاتَدْعُوْنَ اِلَیْہِ اِنْ شَاءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِکُوْنَ ۵۔

۵۳۔ دیگر چیچک سے محفوظ رہنے کیلئے مجرّب ہے۔ نیلا سوت لے کر ۱۱ مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ کے آخر کی میم الحمد میں مِلا کر پڑھے اور ہر بار دم کر کے گرہ لگاتا جائے پھر گلے میں ڈالے اور اپنی وسعت کے لائق ایک خوراک یا دو خوراک کھانا تصدّق کرے۔

۵۴۔ دیگر برائے چیچک مجرب المجرب ہے۔ جب بخار شروع ہو اور چیچک کا شبہ ہو یا نکلنا شروع ہو یہ لکھ کر گلے میں ڈالے اگر نہ نکلی ہوگی تو انشاءاللہ نہ نکلے گی۔ اور اگر نکل آئی ہوگی تو نہایت آسانی سے نکل کر مریض تندرست ہو جائے گا۔

المستقیم ۸	علیہم غیر المغضوب ۱۱	آمین ۱۴	الحمد لله ۱
ولا الضالین ۱۳	رب العالمین ۲	اهدنا الصراط ۷	علیهم ۱۲
الرحمن الرحیم ۳	بسم الله ۱۵	صراط الذین ۹	وایاک نستعین ۶
انعمت ۱۰	ایاک نعبد ۵	مالک یوم الدین ۴	الرحمن الرحیم ۱۶

نوٹ:۔ اس نقش میں الحمد شریف کو بغیر نقطہ لکھا جائے اور جس طرح ۱-۲-۳ پڑے ہیں، اسی ترتیب سے ہر کلمہ کو لکھے، ترتیب وار نمبروں میں لکھتے وقت غلطی نہ ہو اور عامل نقش میں ۱، ۲، ۳ نہ لکھے یہ صرف چال بتانے کے لئے لکھ دیئے ہیں۔

۵۵۔ عمل دیگر برائے چیچک مجرّب و مفید ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، سِیتلا تُراقامنی طہٰب بسینی دعا گفتنے لڑکا ہو، سیدھے کان میں اور لڑکی ہو تو الٹے کان میں تین بار دم کرے اور شرینی پر

حسب مقدور فاتحہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور حضرت پیران پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دے
کر بچوں کو تقسیم کردے اگر نہیں نکلی ہے انشاء اللہ ہرگز نہ نکلے گی ورنہ بآسانی برآمد ہوکر مریض بہت جلد شفایاب
ہوگا، نہایت مجرّب و آزمودہ ہے۔

۷۸۶

عه	عه	عه	عه
عه	عه	عه	عه
عه	عه	عه	عه
عه	عه	عه	عه

۵۶۔ رشتہ یعنی نارو کا مجرّب نقش۔ نارو کے لئے ہفتہ
کے دن سات نقش لکھ کر رکھ لے اور ہر روز گڑ میں لپیٹ کر مریض
کو سات دن کھلائیے، انشاء اللہ شفا ہو بارہا کا آزمودہ ہے۔

۵۷۔ دیگر عمل سلطان المشائخ۔ حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ جو کوئی یہ تین کلمات اَللّٰہُ الشَّافِیْ
اللّٰہ الکافی اللّٰہ المعافی۔ لکھکر مریض کے گلے میں اس طرف جدھر نارو ہے باندھے بہت جلد شفاء
ہو۔ سلطان المشائخ کے پاس کوئی بھی مریض آتا تھا خواہ کسی قسم کی بیماری کا ہو تو آپ یہی تین کلمے لکھ کر مریض
کو دیتے سب کو شفا ہوتی، باذن اللہ تعالیٰ۔

۵۸۔ دیگر عمل عجیب۔ اسم یا سلامُ ۱۱۱ بار پڑھے اول آخر درود شریف ۳-۳ بار اور مریض پر
دم کرے اور اگر مریض نہ آسکے اور عامل بھی نہ پہنچ سکے تو وہیں اپنے مقام پر پڑھے اور وہیں سے اس طرف
منہ کرکے مریض کا تصوّر کرکے دم کرے۔ انشاء اللہ صحت ہو۔

۵۹ نقش عجیب و غریب۔ برص۔ جذام۔ ہیضہ۔ طاعون۔ درد شکم۔ تلی سے قے غرض جمیع امراض
میں مجرّب و آزمودہ ہے۔ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے منقول ہے کہ جو شخص اس نقش کو ایک کاغذ
پر لکھکر پرانے کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھے آسیب اور ہر بلا سے محفوظ رہے۔

۷۸۶ ھھھھ ھ ھ ھ ۱۱ ⁂ ۴۴۴۴۴۴ ۲ ۲ ۲ ھ - ھ م نوٹ: (ھ کا دائرہ میم سے کٹے گا)

۶۰۔ برائے دفع قے۔ سورہ طارق پڑھ کر کسی کھانے یا پینے کی چیز پر دم کرکے کھلا پلا دے مجرّب و
آزمودہ ہے۔

۶۱۔ برائے دفع طحال یعنی تلّی۔ اول کپڑا اتہ کرکے پانی میں تر
کرے اور تلّی کے مقام پر رکھے اس کے اوپر ناریل کے پوست کا نصف ٹکڑا
رکھے اور اسمیں یہ تعویذ رکھے پھر اوپر سے آگ رکھے کہ تعویذ بالکل جل جائے اور کوئی اثر باقی نہ رہے۔

اس سے تِل کے مقام پر آبلہ پڑ جائے گا۔ اس پر دھویا ہوا گھی مل کر کسی قسم کا مرہم لگائے انشاءاللہ تِلی کا اثر زائل ہو جائے گا۔

۶۲۔ دیگر۔ بینگن صاف اور سات کانٹے ببول (کیکر) کے لے اور ہر کانٹے پر ۳-۳ بار سورۂ قریش پڑھ کر دم کرے بعد ۶ کانٹے بینگن کے بیچ میں رکھے اور ایک کانٹا اس کے اوپر چبھو کر مریض کے اوپر لٹکا دے یعنی جہاں مریض سوتا ہو اور گیارہ روپیہ کی نیاز حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دلاوے۔

۶۳۔ برائے مرگی مجرّب ہے۔ اس طرح اس نقش کو لکھ کر بروز [illegible] ایک نقش لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے بازو پر باندھے، اسی طرح ہر بدھ کو ایک ایک نقش لکھ کر جدا جدا بازو پر باندھتے رہیں، جب ساتواں بدھ آئے تو ساتواں نقش لکھ کر اور ۶ پچھلے چھ نقش جو مریض کے بازو پر باندھے ہیں سب کو یکجا کرے اور سب کو موم جامہ کر کے ایک ہی کر مریض کے بازو پر باندھے بفضل شافی حقیقی شفا ہو۔

ح	۷۸۶	ع
۷	۵	۹
د	د	ح

۶۴۔ مرگی یا مرگی کی طرح کے دورہ کا مجرّب نقش خاص کر اُم صبیان کے لئے۔ نیز ایک ٹکڑا بیخ مرجان کا اور ایک گرہ عود صلیب کر دونوں چیزیں دوا فروشوں کی دوکان سے مل سکتی ہیں، لیکر اسی نقش کے ہمراہ ایک تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ مرگی سے نجات ہو یہ نقش مہینے کی چاندرات کو خاص غروب آفتاب کے وقت لکھے جائیں اور صبح یعنی پہلی تاریخ کو خاص طلوع کے وقت کندہ کئے جائیں۔

ایک طرف	دوسری طرف
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا مخلص لہ الدین	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا مذل کل جبار عنید بقہر عزیز سلطانہ یا مذل

نوٹ۔ یاد رکھیے کہ طلوع اور غروب کا وقت صرف ۲۰ منٹ کا ہے۔ اسی کے اندر تیار ہوں گے۔ یہ نقش اور اس کے علاوہ جملہ نقوش کندہ شدہ روحانی پبلشر سے ہر وقت تیار مل سکتے ہیں۔

۶۵۔ امتحان وقت دورہ۔ چوراہے میں پڑا ہوا ٹھیکری کا ٹکڑا لا کر محفوظ رکھے، جس وقت دورہ پڑے یہ ٹھیکری مریض کے سینے پر رکھے اگر مریض ہنسے خلل دیو یا آسیب وغیرہ ہے ورنہ مرض تصور کرے اور حکیم کا علاج کرے۔ خلل کی صورت میں نقش تکبیر جنہ بھی اس اوپر والے نقش کے ساتھ پہنائے انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہو۔

۶۶۔ برائے مرگی مجرب ہے۔ اس شکل کا تعویذ بنائے اور ۱۴ مرتبہ درود شریف شفاء پڑھکر دم کر کے مریض کی ناف پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو مجرب ہے۔

۶۷۔ برائے سنگِ مثانہ و گردہ اور نقش درود شفاء۔ یہ نقش چاندی کے پتر پر کندہ کرے۔ دوسری طرف نقش درودِ شفاء اور روزانہ اس کو دھو کر مریض کو پلائے، انشاء اللہ چند روز میں پتھری پیشاب کے ساتھ گھل کر نکل جائے گی۔

۷۸۶، نقش درود شفاء

۶۵۴	۶۶۷	۶۶۴	۶۶۱
۶۶۵	۶۶۰	۶۵۵	۶۶۶
۶۵۹	۶۶۲	۶۶۹	۶۵۶
۶۶۸	۶۵۷	۶۵۸	۶۶۳

نقش سنگ مثانہ

	۱	
۶	۱۰	۴
	۹	

نوٹ:۔ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر بھی پلایا جاسکتا ہے۔

۶۸۔ دردِ گردہ کا مجرب نسخہ سونف۔ تخم خربوزہ۔ چھوٹا گوکرو تینوں دوائیں ایک ایک تولہ لیکر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں پھر سل پر پانی ڈال کر داؤوں کو باریک پیس کر شیرہ نکالیں اور چھان کر قدرے شکر ملا کر شربت بنالیں۔ پہلے ایک عدد بڑی ہرڑ کا مربہ کھائیں۔ اس کے دس منٹ بعد یہ شربت نیم گرم پی لیں۔ انشاء اللہ ۳ دن اور زیادہ سے زیادہ ۷ دن میں پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستہ خارج ہو جائیگا۔ اور درد کافور ہو جائے گا۔ یہ نسخہ حضرت شاہ جی محمد شیر میاں صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بتایا ہوا اور بارہا کا آزمودہ ہے۔ نوٹ۔ گردہ اور مثانہ کے مریض کو چاول ہمیشہ نقصان کرتا ہے۔

۶۹۔ بواسیر کے لئے نقش۔ بروز اتوار پہلی ساعت میں یہ نقش لکھکر زوال کے بعد کمر میں باندھے نقش یہ ہے۔

۷۰۔ برائے بواسیر مفید و کار آمد عمل۔ استنجا کرنے کے بعد مسّے کو پکڑ کر یہ دعا پڑھے اور ہاتھ پر دم کرے اور ہاتھ کو مسّے پر پھیرے۔ دعا یہ ہے خواجہ عبداللہ برزنجی تازی سوار دلیوان بیابانی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ۔

۷۱۔ برائے دفع بواسیر خونی و بادی۔ ہر روز دو رکعت نماز پڑھے اوّل رکعت میں بعد الحمد و سورہ کے اَستَغفِرُ اللہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ ایک بار پڑھے چند روز

پیا کرے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔ پڑھنے کا وقت بعد طلوعِ آفتاب بہتر ہے۔

شوالات:- درودِ شفاء یا نقش درود شفاء چینی کی پلیٹ پر لکھ کر خونی و بادی بواسیر کے لئے پلائے اور اوپر کی عبارت بھی سات میں لکھیں دن میں کم از کم ۲ پلیٹ پلائی جائیں فقیر نے اس سے بڑے بڑے کام لئے ہیں۔ بس یوں سمجھ لیجئے کہ میرے عمل میں ہے یعنی نقش درودِ شفاء ہر مرض کے لئے مجرب المجرب ہے۔ اب یہ کام حکیم کا ہے کہ کسی نسخہ میں کوئی دوا بڑھا دی اور کسی میں کوئی دوا گھٹا دی۔ یک من علم را دہ من عقل باید کا مضمون ہے۔ اگر کسی مریض پر آسیب وغیرہ کا خلل ہو تو اسی نقش کے ساتھ یا پشت پر نقش سیفی کندہ کرا کر مریض کو پلایا جائے بلکہ ہر نقش کے ساتھ درودِ شفاء دی جائے تو نورٌ علیٰ نور کیا کہنا۔

نوٹ:- نقش سیفی کی تعریف آگے ملاحظہ کیجئے۔

۷۲۔ناف کا ٹلنا۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۝۔ اس آیت کو لکھ کر ناف پر باندھے موم جامہ کرلے۔

۷۳۔دیگر منیدرہ کا نقش۔ یہ نقش ہر کام کے لئے مجرب ہے خاص کر ناف کے لئے بہت ہی مفید ہے چاہیئے کہ لکھ کر اگر مرد ہو تو سیدھے بازو پر اور عورت ہو تو الٹے بازو پر باندھے اور اگر درد سر ہو اور اس سے پریشان ہو تو چاہیئے کہ شروع ماہ کے پہلے اتوار کو لکھے پھر ۳ بار درود ۳ بار قل ہو اللہ پڑھ کر تعویذ پر دم کرے اگر سر میں درد ہو تو سر میں اور ناف ہٹی ہو تو بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت درد سے نجات ہو۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

۷۴۔برائے استقرار حمل۔ بعد غسلِ حیض تین دن روٹی پر لکھ کر عورت کو کھلائے پھر شب کو ہم بستری کرے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَا ذَا الْعَرْشِ وَالْمُلْكِ الْقَدِيمِ يَا رَحْمٰنُ يَا سَتَّارُ يَا غَفَّارُ يَا أَحَدُ يَا صَمَدُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ أَجْمَعِيْنَ ۝۔

مربع مضمر
۷۸۶

۱	۴۴	۴۱	۸
۴۲	۷	۲	۴۳
۶	۳۹	۴۶	۳
۴۵	۴	۵	۴۰

۷۵۔دیگر برائے استقرار مشک اور زعفران سے جو گلاب میں حل کیا ہوا ہو یہ نقش لکھے۔ اس طرح کہ ۶ نقش مربع مضمر لکھے اور ایک مثلث

۷۸۶ مثلث

یا مصور ۶	یا مصور ۱	یا مصور ۸
یا مصور ۷	یا مصور ۵	یا مصور ۳
یا مصور ۲	یا مصور ۹	یا مصور ۴

یا مصور کا لکھے جس میں م ص و کا منہ کھلا ہوا ہو یہ بعد طہارت گلے میں ڈالے اور مصور کا زیر ناف اور بقیہ پانچ پانی سے دھو کر روزانہ ۵ یوم تک پلائے صحبت کرے۔ صبح کو دونوں غسل کریں انشاءاللہ استقرار حمل ہو۔ اگر پہلے ماہ نہ ہو تو دوسرے اور تیسرے ماہ بھی یہی عمل کریں۔ نوٹ۔ اس نقش میں جو اعداد دیئے گئے ہیں وہ صرف چال بتانے کے لئے ہیں۔

۷۶۔ بانجھ عورت کے لئے۔ اچھی قسم کا انار لے کر ۲۰ ٹکڑے کر کے سورۂ یٰسٓ شریف پڑھے اور ہر مبین پر دم کرتا جائے۔ پھر سورۃ ختم کر کے پاؤ بھر کشمش اور پاؤ بھر چنے کی دال بھنی ہوئی یا بھنے چنے لیکر فاتحہ ہفت سلطان کی دے کر بچوں میں تقسیم کردے اور انار عورت کو بعد طہارت کھلائے۔ شب کو ہمبستری کرے انشاءاللہ فرزند ہو۔

کتاب تدبیر النساء العقیم

۷۷۔ بانجھ عورت کا علاج۔ مثلث مضمر و مظہر مستخرج فقیر غفرلہٗ تعالیٰ انشاءاللہ تعالیٰ لڑکا دراز عمر کا صالح و جامع الفضائل جسمانی و روحانی پیدا ہو۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

۱ نقش ۷۸۶ مثلث مضمر

۱۱۵	یا علی	یا کافی
یا حق	۱۱۲	یا قوی
یا باقی	یا جامع	یا حنان

اجب یا فلاں وفلاں بحق منصور

مجموعۂ اعمال کی من و عن نقل ہے۔

۷۸۔ دیگر از مفتاح القلوب۔ عورت کو چاہیئے کہ بروز جمعرات روزہ رکھے۔ افطار کرتے وقت اتنا دودھ کہ پی سکے سات بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دودھ پر دم کرے پھر اسی دودھ سے روزہ افطار کرلے اگر دودھ ہضم ہو جائے پس یہ نقش و نقوش اس بارے میں لکھے ہوئے ہیں عمل میں لائے انشاءاللہ عورت حاملہ ہو گی اور اگر دودھ ہضم نہ ہو تو صبر کرے۔ (در نصیبۂ او فرزند نیست)

(۹) **عمل استقرارِ حمل از اعداد آیۂ کریمہ۔** یٰاَیُّھَا النَّاسُ تا رَقِیْبًا (سورۂ نساء کی اول آیت) در نقش گلاب و زعفران نوشتہ یکے بخوردن دہد و دیگر بر زہدان (بچہ دان) زن بندد بکرم الٰہی حاملہ گردد۔ اما باید کہ این جملہ اعمال بعد پاک شدن از حیض نہ کند تا ہفت روز لیکن عمل این است وچون عمل کند زن و شوہر آن شب بہم آیند و صبح غسل پاک کرده۔

نقش این است

ب ج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			
٨	۴۳۰۱	۴۳۰۵	١
۴۳۰۴	۲	۷	۴۳۰۲
۳	۴۳۰۷	۴۲۹۹	۶
۴۳۰۰	۵	۴	۴۳۰۶

ایضاً دیگر۔

(۵) چہار نقش نویسد یکے بر بچہ دان بندد و سہ در سہ روز بآب شستہ خوراند و ہر شب جماع کند۔

۷۸۶ ۵۵

۸	۳۰	۳۳	۱
۳۲	۲	۷	۳۱
۳	۳۵	۲۸	۶
۲۹	۵	۴	۳۲

(ف) این دعا نوشتہ بآب شستہ خوراند نرینہ آید۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ - اعوذ بکلمات التامات من کل ھامات و من اعین اللامات و من اوجاع و اسقام و امراض و ان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر و یقولون انہ لمجنون و ما ھو الا ذکر للعٰلمین بحق حمٓعسٓقٓ اھیا اشراھیا بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی۔

بسم اللہ المعافی بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیءٌ فی الارض ولا فی السماء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل اعوذ برب الناس ملک الناس الٰہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس ط سہ روز این تعویذہا بخورد و ہر شب باشوہر جمع شود بکرم اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ پیدا شود۔

(ا) روز اول بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ تا الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ربِّ ابراھیم و موسیٰ و عیسیٰ علیھم السلام۔
سورۂ حشر پوری آیت

(۲) روز دوم۔ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْمَلِکُ تا عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ربِّ ابراھیم و اسمٰعیل و اسحٰق و یعقوب علیھم السلام۔
سورہ حشر کی سالم آیت

(ط) روزسوم۔ هُوَاللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ تاآخری آیت سورۂ حشر رَبّ مُوسٰی وعیسٰی صلوات اللّٰہ و سَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْن ٥

ترکیب نہایت قابلِ غور (۱)، عورت جب حیض سے فارغ ہوکر غسل کرے، اسی دن یا دوسرے دن شوہر ایک خرما لاکر خود اس پر گیارہ بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر باحتیاط رکھ چھوڑے اور عورت سے کہے کہ نہانے کا سامان ایک ساتھ گوشۂ تنہائی میں پردے کے مکان میں لے جائے اور تھوڑا گڑ بھی لیجائے اور ایک لڑکا خوردسال دایہ کی گود میں گوشہ میں بٹھائے رکھے۔ اب عورت ایسے گوشہ میں کہ کوئی اُسے نہ دیکھے بسم اللّٰہ کہکر کپڑے اتارے اور بالکل برہنہ ہوکر نہائے جب نہا چکے اس لڑکے کو بلاکر گڑ اسے دیدے پھر اپنے شوہر کو بُلاکر اس کا منہ دیکھے مگر اس وقت ہمبستر نہ ہوں۔ بعدہٗ، تعویذ جس پر الف لکھا ہے صفحہ ۲۱ پر ہے موم جامہ کرکے ناف پر باندھے۔

(۲)۔ پھر نقش جس کی پُشت پر بَ لکھی ہے پانی میں گھول کر پی لے۔

(۳)۔ پھر تعویذ جس پر ج لکھا ہے ص۲۳ کے نیچے موم جامہ کرکے ناف کے نیچے پیڑو پر باندھ لے۔

(۴)۔ پھر نقش جس کی پشت پر دؔ لکھی ہے گھول کر پی لے۔

(۵)۔ پھر نقش جس کی پُشت پر ہؔ لکھی ہے خاص رحم یعنی بچہ دان پر باندھ لے۔

(۶)۔ پھر دعا جس کی پُشت پر وؔ لکھی ہے گھول کر پیئے

(۷)۔ پھر نقش جس کی پُشت پر زؔ لکھی ہے پیئے۔

یہ سب کام اسی جلسے میں کرے، پھر رات کو جب مرد و عورت سونے لگیں، شوہر وہ خرما عورت کو کھلائے پھر مرد و عورت دونوں ساتھ ساتھ اکیس ۲۱ اکیس ۲۱ بار یا مُصَوِّرُ کہیں اول آخر ۳-۳ بار درود شریف ضرور پڑھیں پھر صحبت کریں، یہ پہلے دن کے کام ہیں۔

دوسرے دن علی الصبح نماز سے پیشتر مرد و عورت دونوں غُسل کریں اور عورت غُسل کرکے نقش جس کی پشت پر ھ ہے پیئے، جب رات ہو تو پھر بدستور مرد و عورت ۲۱-۲۱ بار یَا مُصَوِّرُ کہیں اول و آخر درود شریف ۳-۳ بار پڑھے اور ہم صحبت ہوں۔

تیسرے دن نماز سے قبل غُسل کریں اور عورت نہاکر جس نقش پر ج ہے پیئے جب رات ہو اسی طرح

یا ممتنو، پڑھ کر ہم صحبت ہوں یہ تین دن ہوئے صبح پھر اسی طرح نہالیں، اس میں اگر حمل رہ جائے تو بہتر ورنہ دوسرے مہینے بعد حیض ایسا ہی کریں۔ انشاءاللہ گوہر مراد سے مالا مال ہوں۔

۸۰۔ **دیگر برائے استقرار حمل۔** یہ عبارت ہرن کی جھلی پر لکھ کر عورت کو پہنائے خدا چاہے صاحب اولاد ہو۔ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۗ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۗ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ۗ

۸۱۔ **اسقاط حمل کی حفاظت کیلئے مجرّب ہے۔** اگر کسی عورت کے کچے حمل گر جاتے ہوں تو سیاہ مرچ اور اجوائن پر ۷ بار ثُمَّ خَلَقْنَا (پارہ ۱۸ رکوع پہلا) پوری آیت پڑھے پھر سورۂ کافرون و سورۂ مزمّل ۷ بار۔ اَلَمْ نَشْرَحْ ۱۱ بار پڑھ کر دم کرے۔ ۷ دانہ مرچ سیاہ اور تھوڑی اجوائن بانجھ عورت کو کھلائے اور حاملہ تا وضع حمل کھاتی رہے۔ نہایت مجرّب ہے

۸۲۔ **یہ عمل استقرار حمل کیلئے نہایت مجرّب ہے۔** یہ نقش لکھ کر بہتر ہے کہ چاندی کے پتر پر کندہ کرا کے عورت کے زیر ناف باندھے اور اسی کو روزانہ دھو کر پیتی رہے، صاحب اولاد ہو۔

ایک طرف ۷۸۶

۲۴	۲۸		۳۱	۱۷
	۱۴ ی د		ب م ۳۴	
۳۰	م ب	یاحیّ یاقیوم	د ی	۲۹
۱۹	د ی		م ب	۲۳
	۳۲ ب م		ی د ۲۶	
۲۷	۲۱		۲۰	۳۲

واصبر وما صبرك الا بالله ولا تحزن عليهم ولا تك فى ضيق مما يمكرون

یہ دونوں نقش دوسری طرف

۷۸۶

یا باقی	یاحق	۱۱۵
یاجامع	۱۱۲	یا علی
یاحنان	یاقوی	یاکافی

۷۸۶

۸	۴۴	۴۷	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۴	۴۸

الٰہی بحرمت مراجی سید شاہ ابراہیم عبدالحی لیسن بابا حسام حضرت شاہ نور قطب عالم پنڈوہ مساۃ فلانیہ بنت فلانیہ را فرزند تولد شود

نوٹ:۔ اس نقش پر کپڑا اس طرح چڑھالیں کہ روزانہ اس میں سے نکال کر پی سکیں اور بے ادبی بھی نہ ہو سکے اور نہایت ہی مجرّب ہے۔

۸۳۔ حمل خام کی روک تھام ۔ یہ آیت لکھ کر کمر میں باندھے کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ مِمَّ خُلِقَ خُلِقَ مِن مَّاءٍ دَافِقٍ يَخْرُجُ مِن بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ ط فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝

۸۴۔ دیگر حمل خام کی روک تھام کیلئے مجرب ہے ۔ (غیر مسلم کے لئے)

۷۰۸۶

۱۷۷۱	۱۷۷۳	۱۷۷۷	۱۷۶۴
۱۷۷۶	۱۷۶۵	۱۷۷۰	۱۷۷۵
۱۷۶۶	۱۷۷۹	۱۷۷۲	۱۷۶۹
۱۷۷۳	۱۷۶۸	۱۷۶۷	۱۷۷۸

اہل اسلام کے لئے صفحہ ۲۵ - ۸۱ نمبر پر جو آیات کریمہ لکھی ہوئی ہیں دیں اور اگر غیر مسلم کو دینا ہو تو اسی آیت کا یہ مربع کر کے دے اعداد اس کے ۷۰۸۶ ہیں نقش یہ ہے ۔

۸۵۔ تسہیل ولادت ۔ مؤلف ۔ مہر نبوۃ شریف اور نعلین شریف کے باریک تعویذ دردزہ کے وقت اگر زیادہ تکلیف ہو تو مٹھی میں دابے ورنہ بازو پر باندھے ۔ انگشتری مقطعات کی بھی دردزہ کے لئے سیدھے ہاتھ میں دینا مفید ہے ۔ ۵ منٹ میں وضع حمل ہوگا ۔

۸۶۔ خلاصی حمل باسانی ۔ ایک مرتبہ شیخ یحییٰ منیری قدس سرہٗ سفر میں تھے ۔ بارش کثرت سے ہوئی گاؤں میں کسی نے جگہ نہ دی اس گاؤں کے رئیس کی عورت تین روز سے دردزہ میں مبتلا تھی آپ کو خبر ہوئی ایک تحریر بطور تعویذ یہ لکھکر دے دیا ۔ "منم جا نشد خرم را نیز جا نشد زن دہقاں زاید یا نزاید دہائی شیخ یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ کی " جیسے ہی تعویذ باندھا فوراً خلاصی ہوئی ۔ جب سے بزرگوں میں یہ عمل بہت مقبول ہے ۔ نوٹ ۔ گڑ پر دم کر کے کھلاتے بھی ہیں ۔ بہت زود اثر اور مجرب ہے (مؤلف)

نقش سوزن برائے حفاظت حمل مجرب ہے ۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ وَإِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ الٰہی بحرمۃ سورۃ یونس ۔ الٰہی بحرمۃ سورۃ ھود ۔ الٰہی بحرمۃ سورۃ یوسف الٰہی بحرمۃ سورۃ یٰسٓ الٰہی بحرمۃ سورۃ مزمل الٰہی بحرمۃ سورۃ والضحیٰ الٰہی بحرمۃ سورۃ الم نشرح الٰہی بحرمۃ سورۃ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدتُّمْ وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ط الٰہی بحرمت ایں آیاتہا آنچہ مسان و مسانی کہ در بدن طفل فلاں بنت فلاں باشد دور شود فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ۝

ترکیب :۔ یہ نقش استقرار حمل کے فوراً بعد یعنی تین ماہ کا حمل نہ ہونے پائے کہ یہ نقش حاملہ کو پہنا دیا جائے چاہیئے کہ سات سوئیاں لے کر جب یہ نقش مرتب ہوجائے تو ہر سوئی پر ۷۔ ۷ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھکر نقش میں پھونا جائے بعدہٗ لپیٹ کر موم جامہ کرکے تانبے کے تعویذ میں رکھیں اور اتنا لمبا ڈورا ڈال کر گلے میں پہن لیں کہ تعویذ ناف سے بھی دو انگل نیچا رہے ۔ بعد بچّہ پیدا ہونے کے فوراً بچہ کو غسل دیں اور اذانیں کانوں میں کہلوا کر فوراً یہ تعویذ ماں کے گلے سے اتار کر بچّہ کو پہنا دیں ۔ اور حمل کی حفاظت کے لئے جو ہدایات صفحہ ۲۸ نمبر ۹۳ پر لکھی ہیں اُن کا خاص طور سے خیال رکھیں۔

۸۸۔ آسانی کے ساتھ بچّہ پیدا ہو۔

آسانی ولادت کے لئے یہ نقش ناف پر باندھے یا سیدھے ہاتھ میں دیدے انشاء اللہ بچہ بہت جلد پیدا ہوگا۔

بعد ولادت تعویذ کو علیحدہ کردے اور حفاظت سے رکھ لے مجرب المجرب ہے۔

۸۹۔ برائے دفع استحاضہ۔ مربع ۷۲۵ کسر ۹/۲ اور چاروں طرف آیت بایں طور کسر ۹/۲ کا مطلب یہ ہے کہ اس کے اعداد کو پُر کرتے وقت نویں خانہ میں ایک زیادہ کرکے لکھے بہت مجرب ہے۔

باذن اللہ ۷۸۶ بسم اللہ الرحمن الرحیم

۷۳۲	۷۳۶	۷۲۹	۷۲۵
۷۳۸	۷۲۶	۷۳۱	۷۳۷
۷۲۷	۷۴۱	۷۳۴	۷۳۰
۷۳۵	۷۲۹	۷۲۸	۷۴۰

۹۰۔ برائے دفع مسان ۔ سورۃ الطارق ۴۱ بار پڑھکر سوت کے کچا دھاگہ پر دم کریں اور ہر بار گرہ لگاتے جائیں سوت کے بھی ۴۱ تار ہوں ۔ رنگ کی قید نہیں ۔ یہ گنڈہ حاملہ تا وضع حمل گلے میں پہنے رہے اور جیسے ہی بچہ پیدا ہو فوراً بچے کو نہلائیں دیر ہرگز نہ کریں اور فوراً اسی وقت سات اذانیں ۴ سیدھے کان میں ۔ ۳ اُلٹے کان میں دیکر وہ گنڈہ ماں کے گلے سے اُتار کر بچہ کو پہنا دیں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ

بچہ مسان سے محفوظ رہے گا۔

نوٹ:۔ اس کے لئے نقش سیفی دوسری طرف حفاظت جان کندہ شدہ گلے میں ڈالنا بھی بہت مفید ہے۔ روحانی پبلشر نورانی جامع مسجد مین بازار شام نگر چوبرجی لاہور

۹۱۔ برائے دفعِ مسان و آسیب مجرب ہے۔ کاغذ پر یا رکابی پر لکھکر پلائے انشاء اللہ مسان و آسیب سے محفوظ رہیں گے۔

العظیم	العلی	یااللہ	بحق
۵ھ	۱۱	۱۱	۱

۹۲۔ برائے دفع ام صبیان۔ ۴ عدد نئی سکوری پر اس نقش کو لکھ کر اپلوں سے چاروں طرف پُر کر کے آگ جلائے جب خوب سرخ ہو جائیں تو چاروں سکوریوں کو بچہ کے پلنگ کے پایوں کے نیچے رکھے" مولا تعالیٰ چاہے دورہ دفع ہو۔

۷۸۶

۱۰۳۰	۱۰۲۴	۱۰۱۰	۱۰۳۶
۱۰۱۲	۱۰۳۴	۱۰۳۲	۱۰۲۲
۱۰۴۰	۱۰۱۴	۱۰۲۰	۱۰۲۶
۱۰۱۸	۱۰۲۸	۱۰۳۸	۱۰۱۶

۹۳۔ مجرّب ارشادات۔ ایک صاحب نے حضور قبلہ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی حضور ۱۳ تیرہ سال میں میری اہلیہ کے چار لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ جن میں سے پانچ اولادیں انتقال کر گئیں کسی کی عمر ۳ سال کی کسی کی دو سال کی کسی کی ایک سال کی ہوئی اور سب کو ایک ہی بیماری لاحق ہوئی یعنی پسلی اور ام الصبیان فی الحال صرف ایک لڑکی ۳ سالہ حیات ہے حضور دعا فرمائیں اور ان امراض کے واسطے کوئی عمل جو مناسب ہو ارشاد فرمائیں۔ تب

ارشاد فرمایا۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی رحمت فرمائے۔ اب جو حمل ہوا سے دو مہینے نہ گزرنے پائیں کہ یہاں اطلاع دی جائے (اطلاع آنے پر سوئیوں کا تعویذ دیا جائے گا۔) اور زوجہ اور ان کی والدہ کا نام بھی معلوم ہونا چاہیئے۔ اس وقت سے انشاء اللہ بندوبست کیا جائے گا۔ اپنے گھر میں پابندی نماز کی تاکید شدید رکھیے اور پانچوں نمازوں کے بعد آیۃ الکرسی ایک ایک بار پڑھا کریں اور علاوہ نمازوں کے ایکبار سورج نکلنے سے پہلے اور شام کو سورج ڈوبنے سے پہلے اور سوتے وقت جن دنوں میں عورتوں کو نماز کا حکم نہیں، ان میں بھی ان تین وقت کی آیۃ الکرسی نہ چھوٹے مگر ان دونوں میں آیت قرآن مجید کی نیت سے نہ پڑھیں بلکہ اس نیت سے کہ اللہ تعالےٰ کی تعریف کرتے ہیں اور جن دنوں میں نماز کا حکم ہے، ان میں اس کا بھی التزام رکھیں کہ تینوں قل ۳-۳ بار صبح و شام اور سوتے وقت پڑھیں۔ صبح سے مراد یہ ہے کہ آدھی رات ڈھلنے سے

سورج نکلنے تک اور شام سے مراد یہ ہے کہ دوپہر ڈھلنے سے غروب آفتاب تک اور سوتے وقت اس طور پر چت لیٹ کر دونوں ہاتھ دعا کی طرح پھیلا کر ایک ایک بار چاروں قل پڑھ کر ہتھیلیوں پر دم کر کے سارا منہ اور پیٹ اور پاؤں آگے اور پیچھے جہاں تک ہاتھ پہنچ سکے سارے بدن پر پھیریں تین بار ایسے ہی کریں اور جن دنوں میں عورتوں کو نماز کا حکم نہیں، ان میں آپ اسی طرح پڑھ کر تین بار ایسے ہی کریں یعنی تین بار پڑھ کر ان کے بدن پر ہاتھ پھیر دیا کیجئے۔ بڑا چراغ یہاں ایک صاحب بناتے ہیں وہ بنوا لیجئے اور ایام حمل میں اور بچہ پیدا ہونے کے بعد جس ترکیب سے بتایا جاوے، روشن کیجئے اور یہ لڑکی جو موجود ہے اس کو اگر ناسازی لاحق ہو تو اس کے لئے بھی روشن کیجئے وہ چراغ باذنہٖ تعالیٰ سحر و آسیب و مرض تینوں کے دفع کے لئے مجرب ہے۔ بچہ جو پیدا ہو پیدا ہوتے ہی معاً سب سے پہلے اس کے کانوں میں ساتؐ بار اذانیں دی جائیں ۴ بار اذان سیدھے کان میں اور تین بار تکبیر بائیں کان میں، اس میں ہرگز دیر نہ کیجائے۔ دیر کرنے میں شیطان کا دخل ہوتا ہے۔ چالیس روز تک بچہ کو کسی اناج سے تول کر خیرات کیا جائے پھر سال بھر تک ہر مہینے پھر دو برس کی عمر تک ہر دو مہینے پر، تیسرے سال ہر تین مہینے پر، چوتھے سال ہر چار مہینے پر پانچویں سال بھی چار مہینے پر، چھٹے سال ہر چھ ماہ پر تو رے مکان میں سات دن تک مغرب کے وقت ۷ بار اذان بلند آواز سے کہی جائے اور تین شب کسی صحیح خواں سے پوری سورۂ بقر ایسی آواز سے تلاوت کرائی جائے کہ مکان کے ہر گوشہ میں پہنچے۔ شب کو مکان کا دروازہ بسم اللہ کہہ کر بند کیا جائے اور صبح کو بسم اللہ کہہ کر کھولا جائے۔ جب پاخانہ کو جائیں اس کے دروازے سے باہر بسم اللہ اعوذ باللہ من الخبث والخبائث پڑھ کر بایاں پیر پہلے رکھ کر جائیں اور جب نکلیں تو داہنا پاؤں پہلے نکالیں۔ اور الحمد للہ کہیں اور کپڑے بدلنے اور نہانے کے لئے جب کپڑے اتاریں پہلے بسم اللہ کہہ لیں اور قربت کے وقت نہایت اہتمام کے ساتھ یاد رکھے کہ شروع فعل کے وقت آپ اور وہ دونوں بسم اللہ کہیں۔!

ان باتوں کا التزام رہے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ کوئی خلل نہ ہونے پائے گا

۷۸۶

یااسرائیل — یاجبرائیل — یاعزرائیل — یامیکائیل — یاکاکائیل — یاتنکفیل — یاسرخائیل — یاوردائیل

۸	۲۰۴۳۴۹	۲۰۴۳۵۴	۱	۹۰۳۲۲۳۹	۹۰۳۲۲۳۱	۹۰۳۲۲۳۲	۹۰۳۲۲۳۸	۱۳۹۸	۱۵۰۱	۱۵۰۵	۱۳۹۱
۲۰۴۳۵۱	۲	۷	۲۰۴۳۵۰	۹۰۳۲۲۳۴	۹۰۳۲۲۳۳	۹۰۳۲۲۳۶	۹۰۳۲۲۳۰	۱۵۰۳	۱۳۹۲	۱۳۹۶	۱۵۰۲
۳	۲۰۴۳۵۲	۲۰۴۳۴۸	۶	۹۰۳۲۲۳۵	۹۰۳۲۲۴۱	۹۰۳۲۲۲۸	۹۰۳۲۲۲۷	۱۳۹۳	۱۵۰۴	۱۳۹۹	۱۳۹۷
۲۰۴۳۴۷	۵	۴	۲۰۴۳۵۳	۹۰۳۲۲۳۰	۹۰۳۲۲۳۸	۹۰۳۲۲۳۴	۹۰۳۲۲۳۹	۱۵۰۰	۱۳۹۵	۱۳۹۴	۱۵۰۶
۹	۱۲۴ و	۱۲۵۰ و	ب ۱	۱۲۸۴۰۶	۱۲۸۴۰۹	۱۲۸۴۱۲	۱۲۸۴۰۸	۲۶۶۰۸۸۴	۲۶۶۰۸۸۶	۲۶۶۰۸۸۹	۲۶۶۰۸۸۴
ر ۱۴۹	۵ ۴	و ۷	ح ۱۴۸	۱۲۸۴۱۱			۱۲۸۴۱۰	۲۶۶۰۸۸۹	۲۶۶۰۸۸۸	۲۶۶۰۸۸۳	۲۶۶۰۸۸۸
و ۳	۱۵۲	ب ۱۲۵	۵ ۶	۱۲۸۴۰۰			۱۲۸۴۰۴	۲۶۶۰۸۸۵	۲۶۶۰۸۹۲	۲۶۶۰۸۸۵	۲۶۶۰۸۹۳
۵ ۱۴۶	ب ۵	ح ۴	۵ ۱۵۱	۱۲۸۴۰۸	۱۲۸۴۰۳	۱۲۸۴۰۱	۱۲۸۴۱۳	۲۶۶۰۸۸۹	۲۶۶۰۸۸۱	۲۶۶۰۸۸۰	۲۶۶۰۸۸۹
۲۱۶۸۰۸	۲۱۶۸۱۱	۲۱۶۸۱۴	۲۱۶۸۰۶	۱۴۲۳۴	۱۴۲۳۵	۱۴۲۳۹	۱۴۲۲۵	۲۱۶۶۰۸	۲۱۶۶۱۱	۲۱۶۶۱۴	۲۱۶۶۰۱
۲۱۶۸۱۳	۲۱۶۸۰۳	۲۱۶۸۰۲	۲۱۶۸۱۲	۱۴۲۳۸	۱۴۲۳۲	۱۴۲۳۱	۱۴۲۳۶	۲۱۶۶۱۳	۲۱۶۶۰۲	۲۱۶۶۰۷	۲۱۶۶۱۲
۲۱۶۸۰۳	۲۱۶۸۱۶	۲۱۶۸۰۹	۲۱۶۸۰۶	۱۴۲۲۴	۱۴۲۴۱	۱۴۲۳۳	۱۴۲۳۰	۲۱۶۶۰۳	۲۱۶۶۱۶	۲۱۶۶۰۹	۲۱۶۶۰۶
۲۱۶۸۱۰	۲۱۶۸۰۵	۲۱۶۸۰۴	۲۱۶۸۱۵	۱۴۲۴۴	۱۴۲۲۹	۱۴۲۲۸	۱۴۲۴۰	۲۱۶۶۱۰	۲۱۶۶۰۵	۲۱۶۶۰۴	۲۱۶۶۱۵

یاکیطائیل — یاوردائیل — یارفضائیل — یاموائیل — یاوردائیل — یاطاطائیل

یااسرافیل — یالوکائیل — یاتوماائیل — یاروکائیل — یاهمزائیل — یاانجمائیل

یاعزرائیل — یاطرائیل — یاهمائیل — یالوحائیل — یالوفائیل — یالوزائیل — یاسمائیل — یاعتکائیل

بڑا چراغ روشن کرنے کی ترکیب

اعلیٰحضرت عظیم البرکۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک صاحب نے عرض کیا کہ بڑا چراغ روشن کرنے کی ترکیب کیا ہے ، ارشاد فرمایا۔

(۱) یہ چراغ معلق روشن کیا جائے گا۔ کسی چھینکے یا قندیل میں۔

(۲) روشن کرتے وقت لُو کے پاس سونے کا چھلّہ یا انگوٹھی یا بالی ڈال دیا کریں، چلّہ کے ختم ہونے پر وہ مسکین مسلمین پر تصدّق کریں۔

(۳) چراغ باوضو نمازی آدمی روشن کرے اگرچہ عورت ہو اور مرد بہتر ہے۔

(۴) مرض ہلکا ہو تو چراغ روز ڈیڑھ گھنٹہ روشن ہو اور سخت ہو تو دو گھنٹے ۳ گھنٹے اور بہت سخت ہو تو شب بھر۔ ۵ــ مریض اس کی روشنی میں بیٹھے خواہ لیٹے مگر منہ اس کی طرف رکھے اور اکثر اوقات اس کی

بڑے چراغ کی پشت پر یہ کندہ کیا جائے

حق حق از بندہ ابوالحسین اعلام آنکہ اگر دانی نمانی واگر مانی بدانی خبر شرط ست خبر شرط ست

جان
خیریت ________

ایمان
وجمعیت ________

ابدان
وصحت ________

برائے جملہ انسان از زنان ومردان خاطر خواہ

شود بکرمک العمیم بجاہ منہ

النبی الامی الرحیم بربک الکریم

بلطفک الخفی بمنہ وکمال کرمہ

بفضلک العظیم بلطفک الجسیم

حق حق حق از بندہ عبد الجلیل اعلام آنکہ اگر دانی نمانی واگر مانی بدانی خبر شرطاست خبر شرط ست

کتاب سلیمان بن داؤد علیہما السلام

اللھم احرق وادفع کل البلاء والمرض

(۶) جتنی دیر تک جلانا منظور ہو اسی حساب سے اعلیٰ درجہ کا پھلیل (عطر) اس میں ڈالیں اور اسے ڈال کر چراغ کے سب طرف پھیر ڈالیں کہ تمام نقوش پر دورہ کر آتے پھر بھا کر رکھدیں اور جس طرف بتی کا نشان ہے بسم اللہ کہہ کر اس طرف روشن کریں ۔ (۷) اگر مرض نہایت شدید ہو تو چاروں گوشوں میں چار بتیاں جلائیں اور چراغ سیدھا رکھیں اور ہر لو کے پاس سونا رکھیں (۸) جس مکان میں یہ چراغ روشن ہو وہاں نہ کوئی تصویر ہو نہ کتا آنے پائے سوا مریضہ کے کوئی عورت حیض[۱] یا نفاس والی یا کوئی ناپاک مرد یا عورت (۹) اس جگہ بیٹھ کر سب ذکر الٰہی درود شریف میں مشغول رہیں جو بات ضرورت کی ہو بقدر ضرورت آہستگی سے کہہ دیں چپقلش نہ کریں ، نہ کوئی لغو وبیہودہ بات وہاں ہونے پائے ۔ (۱۰) جتنی عورتیں وہاں بیٹھیں یا آئیں جائیں سب رنگین کپڑے پہنے ہوں ۔ نماز کی طرح سوائے چہرہ یا ہتھیلیوں کے سر کا کوئی بال یا گلے یا کلائی یا بازو یا پیٹ یا پنڈلی کا کوئی حصہ اصلاً نہ کھلا رہنے پائے ۔

---

(۱) ۔ مریضہ حیض ونفاس کی حالت میں بلا تکلف بیٹھے

(۱۱) چراغ پہلے دن جس وقت روشن ہو وہ گھنٹہ منٹ یاد رکھیں کہ کسی دن اس سے زیادہ دیر روشن نہ ہونے پائے، اس کے مؤکل اپنی حاضری کا وہی وقت مقرر کر لیتے ہیں جس وقت پہلے دن روشن ہوا تھا۔ پھر اگر کسی دن آئے اور چراغ اس وقت روشن نہ پایا تو ان کو تکلیف ہوتی ہے۔ لہٰذا چاہیئے کہ پہلے دن قصداً کچھ دیر کر کے روشن کریں کہ اگر کسی دن اتفاقیہ دیر ہو جائے تو اس وقت سے زیادہ دیر نہ ہونے پائے، مگر پہلے دن اتنی دیر بھی نہ کریں کہ کسی دن چراغ روشن اس وقت کے آنے سے پہلے ختم ہو جائے۔ (۱۲)۔ چراغ بجھانے کا وقت آئے تو کوئی باوضو شخص بجھائے اور اس وقت یہ کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اِرْجِعُوْا مَاجُوْرِیْنَ۔ (۱۳) روز نیا پھلیل ڈالیں کل کا بچا ہوا آج مریض کے سر اور بدن پر مل دیں۔ (۱۴) جس کے لئے چراغ روشن ہوا ہو اس کے سوا اور مریض بھی بہ نیّت شفاء ان شرائط کی پابندی سے بیٹھ سکتے ہیں (الملفوظ حصہ سوم)

سوال۔ چند ضروری سوالات متعلق چراغ مع جوابات ______ جواب

سوال	جواب
۱۔ چلہ بھرنے کے لئے ۴۰ چھلے ہوں یا ایک ہی۔	صرف ایک چھلہ یا ٹکڑا سونے کا کافی ہے۔
۲۔ مقدار چھلّہ کیا ہے۔	حسب حیثیت کافی ہے۔
۳۔ بتی روئی کی ہو یا کپڑے کی۔	کوری روئی ۔ دُنی کا پُس
۴۔ مرض بانجھ کیلئے چار بتیاں جلائی جائیں یا ایک۔	چار بتیاں جلائی جائیں۔
۵۔ اگر چار بتیاں جلائی جاتیں تو شب بھر یا ۲۔۳ گھنٹے۔	صرف دو گھنٹے کافی ہے۔
۶۔ ہر چار لَو کے پاس چار چھلے ہوں یا ایک۔	ہر لَو کے پاس، گویا چار چھلّے یا سونے کے چار ٹکڑے ہوں۔
۷۔ چھلّے سے مراد کیا ہے۔	چھلّہ یا سونے کا ٹکڑا۔
۸۔ بڑے چھوٹے چراغ کی ایک ترکیب ہے یا دو	دونوں کی ایک ہی ترکیب نہیں (اسکی ترکیب فہرست میں دیکھیں
۹۔ ایام حیض میں بھی مریضہ روشنی میں بیٹھے یا اس چلہ کو چھوڑ دے	ہر حالت میں مریضہ بیٹھ سکتی ہے۔
۱۰۔ چراغ متواتر ۴۰ روز تک روشن کرے۔	اگر ۴۰ روز کی نیّت کی ہے تو ۴۰ دن جلائے ناغہ نہ کرے۔
۱۱۔ ہلکے مرض کیلئے بھی ۴۰ دن جلانا پڑے گا۔	نہیں ہلکے مرض کے لئے ۲۱ دن کافی ہیں۔
۱۲۔ دیہات میں جب گھڑی نہ ہو تو چراغ ٹھیک وقت پر کیسے جلائے۔	وہاں صحیح تخمینہ کر لیا جائے جس سے زیادہ تاخیر دوسرے دن نہ ہو۔
۱۳۔ مریضہ تخلیہ کا وقت چراغ روشن کرنے سے قبل کرے یا بعد میں۔	جس وقت سے چراغ جلائے اسوقت سے تخلیہ کرے۔
۱۴۔ مرض ام صبیان اور مرض بانجھ پن کی ایک ہی ترکیب ہے یا علیحدہ علیحدہ۔	ہاں۔ دونوں کی ایک ہی ترکیب ہے۔
۱۵۔ مرض عقم سخت مرض ہے یا ہلکا۔	مرض عقم یعنی بانجھ ہونا بہت سخت مرض ہے۔

۴۸۶

۲۴	۲۸		۲۱	۱۷
۳۰	۱۷ ۲۰	۲۰	۲۳ ۲۵	۲۹
۱۹	۲۲	۲۴	۲۶	۲۲
	۲۳ ۲۴	۲۸	۲۱	
۲۷	۲۱		۲۰	۳۲

حمعسق کھیعص

نقش حفاظت حمل۔ یہ نقش حضرت قبلہ صاحب ... صاحب محدث کچھوچھوی نقش تکسیر حبسہ کی پشت ... کرا دیتے۔ فقیر نے اس کا تجربہ کیا بحمد اللہ بڑا ... پایا جس کے بچے نہ جیتے ہوں یا ہوتے ہی نہ ... کے حمل گر جاتے ہوں ہر ایک کے لیئے مفید ہے۔

امراضِ اطفال

۴۸۶

۲	مسح	ع	هو
و	۲	و	ط
سا	س	وط	د
ده	ح	سی	حد

دانت بے تکلیف نکلنے کا نقش۔ جب بچہ کا ... پڑ جاتا ہے بچہ کو بڑا اضطراب ہوتا ہے۔ ماں کو ... بڑی کشمکش کا سامنا ہوتا ہے یہ دعا لکھکر دھو کر بچہ کو پلائے ... تعالیٰ تسکین عطا فرمائے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

... اَلَّذِیْ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِقُوَّةِ الْمَتِیْنِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ مندرجہ بالا نقش لکھکر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے۔

عمل ہر بلا و مصیبت سے بچنے کیلئے نہایت نفیس ہے۔ یہ چار بزرگوں جو سلاطین اربعہ کہلاتے ہیں (۱) خواجہ عبدالکریم مغربی (۲) خواجہ عبدالرحیم مشرقی (۳) خواجہ عبدالرشید شمالی (۴) خواجہ عبدالجلیل جنوبی ہر ماہ نوچندی جمعرات کو ان چاروں سلاطین کی ملیدے یا حلوے پر یا کسی مٹھائی پر حسب حیثیت با اہتمام تمام نیاز دلاتے اور بچے اس وقت موجود ہوں۔ ان سلاطین کے وسیلے سے ان بچوں کی سلامتی کی اور وسعت رزق کی ہر بلا سے امن و امان کی دعا مانگے اور چونکہ ۱۴ تاریخ ان سلاطین کے وصال کی ہے اس روز زیادہ اہتمام کرے۔ یہاں تک کہ بچہ کی عمر ۱۲ سال ہو پھر چاہے ترک کرے چاہے عمر بھر کا ورد رکھے یہ عمل ان کے لئے نہایت کارآمد ہے۔ جن کے بچے پیدا ہونے کے بعد طرح طرح کی بیماریوں یا خلل آسان یا نمونیہ یا سوکھا میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہیں۔ ماں باپ اپنی اولاد کے جینے کے لئے اکثر ناجائز کام کر گزرتے ہیں فقیر نے بعض بچوں کے سر پر چوٹی دیکھی جیسی کہ اہل ہنود کے ہوتی ہے۔ دریافت کیا کہ کیوں ایسا کیا

کہنے لگے بچے جیتے نہیں تھے۔ چار بچے دو دو، ڈھائی ڈھائی برس کے ہوکر مر گئے۔ جب سے یہ فلاں بز
کے نام کی چوٹی رکھی ہے اللہ رکھے اب دیکھیے اس کی عمر ۴ سال کی ہے اور کیسا تندرست ہے کہنا یہ
کہ اولاد کی خاطر آدمی اپنے دین و ایمان تک کا پاس لحاظ نہیں کرتا۔ یہ عمل اس کام کے لئے انشاءاللہ بہتر
ثابت ہوگا۔ نیز نقش حفاظت جان کو بھولنا چاہیئے اور ایک نقش مُہرِ نبوّۃ دوسرا نعل اقدس کا نقش ا
گھر میں لگا لینا چاہیئے۔ (مؤلف)

۹۸۔ گریہ اطفال۔ بعض بچے ساری ساری رات روتے ہیں جس سے سارے گھر کو پریشانی ہو جاتی ہے اور رونے کا کوئی خاص سبب بھی سمجھ نہیں آتا یہ دونوں نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے انشاءاللہ بچہ آرام سے رہے گا۔

۷۸۶

ط	ی	د	ه
ه	ح	ی	ط
ی	ط	ه	ح
ح	ه	ط	ی

۷۸۶

۴	۱۴	۱۵	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۲	۳	۱۳

۹۹۔ برائے ضد اطفال۔ بعض بچے بڑے ضدی ہوتے ہیں۔ اُن کے لیے یہ نقش لکھ کر چارپا
کے نیچے جس پر بچہ سوتا ہے دفن کر دے انشاءاللہ بچہ ضد نہ کرے گا۔

۱۰۰۔ دیگر:۔ روز یکشنبہ وقت طلوع آفتاب یہ آیت مع مربع نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے انشاءاللہ دودھ چھڑانے کی تکلیف اور رونا اور ضد کرنا وغیرہ وغیرہ سب سے نجات ہو اور بچہ چین و آرام سے رہے آیت یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵
⨯	⨯	⨯	⨯

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

۱۰۱۔ دیگر۔ یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے انشاءالمولیٰ الکریم بچہ رونے سے باز رہے۔ نقش یہ ہے

۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی

۱۰۱۔ نقش حفاظت اطفال۔ سوا تولہ چاندی کی تختی پر یہ دونوں نقش مسلم باوضو نمازی سے کندہ کرا کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے۔

پشت پر رہیگا ۷۸۶

۵۷۹	۵۷۸	۵۸۳
۵۸۴	۵۸۰	۵۷۶
۵۷۷	۵۸۲	۵۸۱

سامنے رہیگا ۷۸۶

۳۲۲	۳۲۷	۳۳۴
۳۲۳	۳۲۱	۳۲۹
۳۲۸	۳۳۵	۳۳۰

۱۰۲۔ نقش حفاظت جان۔ یہ نقش ہر بڑے چھوٹے مسلم و غیر مسلم کو دیا جاتا ہے۔ ہر بلا و بیکاری سے بچاتا ہے۔ چاندی یا تانبے کے پتر پر کندہ ہوتا ہے۔ آسیب یا جادو کا اثر ہو یا دشمن جان ہوں تو اس کی پشت پر نقش سیفی کندہ کرا کے دیں مجرب ہے۔

۷۸۶

۳۲۲ / ۱۲۵۰	۳۳۶ / ۱۲۵۳	۳۳۰ / ۱۲۵۶	۳۱۶ / ۱۲۴۳
۳۲۹ / ۱۲۵۵	۳۱۷ / ۱۲۴۴	۳۲۳ / ۱۲۳۹	۳۲۴ / ۱۲۵۲
۳۱۸ / ۱۲۴۵	۳۳۲ / ۱۲۵۸	۳۲۴ / ۱۲۵۱	۳۳۱ / ۱۲۳۸
۳۳۵ / ۱۲۵۴	۳۲۰ / ۱۲۴۷	۳۱۹ / ۱۲۴۶	۳۲۱ / ۱۲۵۷

۱۰۴۔ بچہ دودھ پینے لگے گا۔ اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو یہ نقش شیر مادر یا آب دریا سے دھو کر

قیوم قیوم قیوم قیوم
قیوم قیوم قیوم قیوم

پلائے انشاء اللہ العزیز بچہ دودھ پینے لگے گا۔

نوٹ:۔ ق۔و۔م۔ ان حروف کے دہانے کھلے رہیں۔

۱۰۵۔ دق الاطفال یعنی بچے کا سوکھا۔ ہفتہ کے روز ارتھان یعنی جو نیلے رنگ کا ہوتا ہے ترکاری کے کام آتی ہے لے کر اس پر یہ نقش بروز اتوار پہلی ساعت میں لکھے (طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ تک پہلی ساعت رہتی ہے۔) انشاء اللہ العزیز سوکھا جاتا رہے گا۔

۷۸۶

ط	دلا	دی
لا	د	و
مس	ق	ای

۱۰۶۔ برائے سوکھا مجرب ہے۔ بنگلہ پان ایک عدد۔ برگ مکو ساڑھے تین عدد۔ ہفتہ میں تین پان پنجشنبہ، شنبہ، سہ شنبہ باریک پیس کر ریڑھ کی ہڈی پر مالش کر کے ۱۵ منٹ تک بعد گرم پانی سے روئی کے ذریعے دھو کر ہر روز کرتا بدل دے۔

۱۰۷۔ دودھ بڑھانے کیلئے۔ اگر ماں کا دودھ ہی کم ہو یا بالکل نہ ہو تو آیت کریمہ تانبے کی رکابی پر کندہ کرا کے مریضہ کو دے اور ہدایت کر دے کہ جو چیز کھائے اور بہتر ہوگا کہ اسی میں کھائے۔ سب سے اچھا طریقہ ہے کہ بتھوے کی کھیر پکا کر اسی رکابی میں کھائی جائے۔ مغز خربوزہ کی کھیر بھی فائدہ پہنچاتی ہے،

سورۂ الحجر سے شروع جوکہ تیرھویں پارہ کے آخر میں ہے اور چودھویں پارہ کے اوّل رکوع میں ختم ہوئی ہے لکھیے یعنی الٓر تا لحٰفظون رکابی میں کندہ کی جاتی ہے۔

۱۰۸۔ شناخت مرض سوکھا۔ اکثر بچہ مہینوں سے مرض سوکھا میں مبتلا ہو جاتا ہے جس کو دق الاطفال کہتے ہیں مگر جب بالکل سوکھنے لگتا ہے تب کہیں سمجھ میں آتا ہے کہ سوکھا ہے۔ شناخت یہ ہے کہ بچہ کو جب کوئی عارضہ لاحق ہو تو بچہ کی گدیا، کان کی لَو خوب زور سے دباکر دیکھیں اگر تکلیف کا احساس نہ ہو تو جان لینا چاہیئے کہ بچہ کو مرض سوکھا ہوگیا ہے بس پھر تدبیر مذکورۂ بالا عمل میں لانا چاہیئے۔ اور بینگن پر مذکورہ بالا نقش نمبر ۱۰۵ لکھکر بچّہ کے پلنگ کے اوپر لٹکا دینا چاہیئے، جیسے جیسے بینگن سوکھتا جائے گا، بچہ تندرست ہوتا جائے گا

یہ دوسرا نقش لکھکر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالا جائے۔

۴۲۳	۴۲۶	۴۳۰	۴۱۶
۴۲۹	۴۱۷	۴۲۲	۴۲۷
۴۱۸	۴۳۲	۴۲۴	۴۲۱
۴۲۵	۴۲۰	۴۱۹	۴۳۱

امراض مردانہ

بحق ابابکر صدیق	بحق عمر فاروق
بگریزد شیطان لعین	از ہیبت عثمان نیاید پیش من بر ہیبت علی خیر خدا

۱۰۹۔ امراض مردانہ:۔ احتلام کو روکنے کا بہترین عمل و نقش جس کو احتلام کثرت سے ہوتا ہو چاہیئے کہ سوتے وقت اپنے دل پر انگشت شہادت سے لکھ لیا کرے۔ "عمر فاروق اعظم" انشاءاللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔ بارہا کا مجرب و آزمودہ ہے اور یہ نقش لکھکر بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

۲۱۵	۲۲۸	۲۲۵	۲۲۲
۲۲۶	۲۲۱	۲۱۶	۲۲۷
۲۲۰	۲۲۳	۲۳۰	۲۱۷
۲۲۹	۲۱۸	۲۱۹	۲۲۴

۱۱۰۔ دفع احتلام مربع یا حافظ مع عبارت۔ یہ نقش لکھکر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے، انشاءاللہ تعالیٰ احتلام نہ ہوگا۔ اگر بیمار ہے تو نقش درود شفاء دھوکر پیئے اور یہ نقش گلے میں ڈالیئے۔

یا قدوس الطاهر من كل سوء فلا شئ من العادضة
جميع خلقه يا قدوس ۔ يا زاكي الطاهر من كل آفة
لقدسه يا زاكي يا علام الغيوب فلا يفوت شئ من حفظه
يا علام الغيوب

۱۱۱۔ برائے عرق النساء۔ یہ درد ایک کو لہے یعنی کمر سے شروع ہوتا ہے اور پاؤں کے ٹخنہ تک ہوتا ہے اور ہفتوں اور مہینوں اور بعض اوقات برسوں رہتا ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَ كُلِّ شَيْءٍ وَّخَالِقَ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَخَلَقْتَ عِرْقَ النِّسَاءِ فِيَّ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ وَلَا تُسَلِّطْنِيْ عَلَيْهِ بِقَطْعٍ وَّاشْفِنِيْ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سُقْمًا لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ ۳ بار یا ۷ بار روزانہ لکھ کر گلے میں باندھے یا کمر میں باندھے۔ باذن اللہ تعالیٰ شفا ہو۔ تا شفاء ہر روز یہ عبارت ایک ہی جگہ باندھتا رہے بعد شفا سب کو کھول کر اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کی نذر دلا کر سب کو دریا میں ڈال دے۔

۱۱۲۔ دیگر۔ نابالغہ کا کاتا ہوا سوت لے کر غسل کرکے۔ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۞ پڑھ کر گرہ لگاتا جائے یونہی ۷ بار پڑھکر ۷ گرہ لگائے پھر بائیں ہاتھ پر مریض کے باندھے انشاءاللہ بہت جلد شفا ہو۔

عمل درارسال ہواتف دعمل لکنجن آثار ای محل اختفا ازیں حاصل میشود منقول ست از ابوحامد غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ۔ ۱۱۳

جب کسی کو کوئی حاجت پیش آئے اور کوئی وسیلہ نہ رکھتا ہو ۔ اس عمل کو اس طریقے سے بجالائے ۔ اسکے علاوہ یہی عمل اعلیٰ درجہ کا استخارہ بھی ہے ۔ طریقہ یہ ہے کہ قمر یا مشتری کی ساعت میں جملہ شرائط کی پابندی کرتے ہوئے تنہائی اختیار کرے اور صبح سے قبل کھیعص سو مرتبہ پڑھ کر ایک مرتبہ یہ عزیمت پڑھے تَمَثَّلُوا خُدَّامُ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الشَّرِيْفَةِ وَادْخُلُوْا عَلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ (یہاں اپنا اور اپنی والدہ کا نام لے) بِالْخَوْفِ وَالْفَزْعِ وَالْحَرْبِ مِنَ النَّاسِ وَاَوْرَادَهُ صِفَتِيْ وَلِقَائِيْ وَاقْضُوْا حَاجَتِيْ عِنْدَهٗ لِمُدَّعًا ذِكْرُهَا ۔ اسی طرح بعد ظہر و بعد عصر و بعد مغرب بھی پڑھے اور عشاء کے بعد ہزار مرتبہ پڑھے کھیعص اور ہر سو مرتبہ کے بعد یہ عزیمت ضرور پڑھے بعدہ دو رکعت نماز نفل پڑھے کسی سے بات نہ کرے اور اس نقش کو الٹے ہاتھ سے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر سیاہ روشنائی اور نیزہ کے قلم سے لکھے اور باوضو سیدھے رخسار کے نیچے ہاتھ رکھ کر سو جائے یعنی لکھا ہوا نقش رخسار کے نیچے رہے ۔ جو کچھ خواب میں دیکھے کسی سے نہ کہے ۔ صبح کو اٹھ کر نقش کو ہتھیلی سے دھو کر پانی کسی گوشے میں ڈال دے ۔ اور نماز فجر ادا کرے ، بس بفضلہ تعالیٰ مولیٰ مؤکل اس اسم کا مطابق معنے عزیمت اسی روز حاضر کو عامل سکے کام مدد کرے گا ۔ ورنہ ۳ یا ۷ بار یہ عمل کرے اور جب تک کام پورا نہ ہو گوشہ نشینی اختیار کرے ۔

ی	ع	ص	ك	ہ
ص	ك	ہ	ی	ع
ہ	ی	ع	ص	ك
ك	ہ	ی	ع	ص
ع	ص	ك	ہ	ی

نوٹ :۔ اس قسم کے اعمال ، مجموعہ اعمال میں بکثرت ہیں جن میں سے بعض کتاب میں چن لئے ہیں مگر ان کا کرنا اور عمل میں لانا ہر ایک کا کام نہیں (جائے استاد خالی است) لہٰذا ضرورت ہے کہ پہلے سوچ سمجھ لے کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کا سب سے بڑا سوال درپیش ہے ۔ اس کے لیے بہتر یہ ہے کہ دن کو روزہ رکھے اور جو کی روٹی یا پھلوں پر قناعت کرے ۔ مرچ بالکل نہ کھائے ۔ دریا کا پانی پیئے ۔ نیت نیک ہو اللہ اللہ و رسول جل و اعلیٰ و صلی اللہ علیہ وسلم پر پورا پورا بھروسہ اور یقین رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً کامیاب ہو ۔

۱۱۴ دیگر۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ بروز دوشنبہ یا پنج شنبہ مع شرائط یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ منزل مقصود کو پہنچے۔ طریقہ یہ کہ قبل صبح دو رکعت نماز تحیۃ المسجد ادا کرے، پھر نماز فجر پڑھے پھر ۴۴ مرتبہ یہ عزیمت پڑھے پھر اسی طرح ہر نماز کے بعد ۴۴ مرتبہ یہ عزیمت پڑھے مگر بعد نماز عشاء سو بار پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ اسی روز کام پورا ہو ورنہ ۳ روز یا سات روز اسی طرح پڑھے۔ عزیمت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اِنِّی اَسْتَعِیْنُكَ وَاسْتَھْدِیْكَ وَاُؤْمِنُ بِكَ وَاَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْمَلَكَیْنِ الشَّفِیْقَیْنِ الرَّفِیْقَیْنِ الْمَلِكِ طَیْنُوْشُ بَلْھُوْشُ یَلْھُوْشُ لَشْرَاكُشْ اَنَایِیْشُ اَنَایِشُ اَنَایِلُ تَیْنُوْنَشُ تَنُوْنَشُ لَایُوْشُ لَایُوْشُ اَجِیْبُوْا اَیُّھَا الْمَلَكَیْنِ الشَّفِیْقَیْنِ الرَّفِیْقَیْنِ اَلْمَلِكُ جَھْمَرُ ذُوالْمُلْكِ بِھَارٍ دَاوٗدَ اُدْخُلُوْا عَلٰی فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ بِالْخَوْفِ وَالْفَزَعِ وَالْحَرْبِ مِنَ النَّارِ دَاوٗدُ رُدُّوْا عَلَیْكُمْ وَلِقَائِیْ وَاقْضُوْا حَاجَتِیْ عِنْدَهٗ طَوْعًا اَوْ كَرْھًا بِحَقِّ اَھْیًا اَشْرَاھِیًا اَصْبَاؤُتَ اٰلِ شَدَّائِیْ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُرْسَلَ عَلَیْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ۔

۱۱۵۔ دیگر۔ یہ دعا عجیب و غریب ہے ہر مطلب کے لئے کافی ہے۔ چاہیئے کہ بروز جمعہ بعد نماز عصر کسی سے بات نہ کرے اور اسی طرح قبلہ رو بیٹھا رہے اور آنکھیں بند کرکے بحضور قلب و زبان و دل بے تعداد یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم پڑھتا رہے۔ جب آفتاب غروب ہو دعا مانگ کر نماز مغرب ادا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کام پورا ہو مجرب المجرب ہے۔

۱۱۶۔ دیگر۔ ابوسعید ابوالخیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے تو یہ رباعی ۱۰۰۱ مرتبہ مع درود شریف اول آخر ۱۱-۱۱ بار پڑھے۔ اگر کام نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہو۔ رباعی

اے آنکہ بذاتِ خویش پائندہ توئی ۔ وز دامن شب صبح نمائندہ توئی ۔

کار من دل خستہ قوی بستہ شُد ۔ بکشائی خدایا کہ کشائندہ توئی

۱۱۷۔ ختم قادریہ ہر کام کیلئے مجرّب ہے ۔ دو رکعت نماز قضائے حاجت پورے اخلاص کے ساتھ پڑھے، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف ۱۱ بار۔ سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام درود غوثیہ

اللھم صلی علیٰ سید نا محمد معدن الجود والکرم وعلیٰ اٰل سید نا محمد وبارک وسلم

۱۱۱ بار کلمہ طیبہ ۱۱۱ - بار - سورۂ اخلاص ۱۰۱۱ بار - یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ ۱۱۱ - بار - پھر یہ اسماء گیارہ بار پڑھے - یا شیخ محی الدین یا ولی یا سید یا سلطان یا بادشاہ یا مخدوم یا مولینا - یا خواجہ یا محبوب یا محب الفقراء والمساکین یا غوث الثقلین اغثنی وامددنی فی قضاء حاجتی اشفع یا ولی اللہ کن واسطۃ بینی وبین اللہ پھر یا سید محی الدین اغثنی الاثنان ۱۱ بار پھر اس ترتیب سے فاتحہ پڑھے اول گیارہ بار درود غوثیہ شریف پھر سات بار الحمد شریف پھر سات بار سورۂ اخلاص پھر گیارہ بار درود غوثیہ شریف پڑھے اور یہ عمل بروز اتوار بعد طلوع آفتاب کرے یا شب جمعہ میں پاک و صاف جگہ سفید چٹائی بچھائے اور حسب استطاعت - ۱۱ اشرفی یا ۱۱ روپیہ یا ۱۱ آنہ کی نیاز یا حلوہ بناکر پاس رکھے اور خوشبو عطر وغیرہ ملے پھر پڑھنے میں مشغول ہو اور جس ترتیب سے اوپر بتایا ہے فاتحہ دے اور پھر اپنے مقصد کے لئے دعا کرے - (فقیر اس عمل کی تعریف نہیں کرسکتا ، درود غوثیہ وہی ہے جو اوپر مذکور ہوئی -

۱۱۸ - توشہ حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ - برائے قضائے حاجات وحلِ مشکلات تیر بہدف ہے چاہیئے کہ توشہ اگر مولیٰ تعالیٰ توفیق دے تو قبل از حصول مقصد کرے یا نصف پہلے اور نصف بعد میں کرے - سوجی گندم ۵ بار شکر ۵ بار روغن زرد ۵ بار - مغز بادام ا بار پستہ ا بار - کشمش ا بار - ناریل ا بار - لونگ ا بار دار چینی ۵ بار - الائچی خورد ۵ بار سب کو حلوے میں شامل کرے اور جو طریقہ فاتحہ کا نیچے لکھا ہوا ہے ، اسی طرح فاتحہ دے کر حتی الامکان سادات کرام پھر نیک اور نمازی لوگ باوضو کھائیں -

ترکیب فاتحہ - اوّل درود غوثیہ ۷ بار - الحمد شریف ایک بار - آیۃ الکرسی ایک بار - قل ہو اللہ شریف ۷ بار - پھر درود غوثیہ ۳ بار پڑھکر حضور پُرنور تاجدار انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو نذر کرے - پھر تمام انبیاء کرام علیہم السلام پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اہل بیت و آئمہ کرام پھر حضور پُرنور سیدنا غوث اعظم وجملہ مشائخ کرام پھر حضور پُرنور اعلیٰ حضرت اور سب بزرگانِ دین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ارواح طیبہ کو بخشے پھر خصوصاً جن بزرگوں کی نیاز کی ہے ان کی روح پاک کو بخشے -

۱۱۹ - وظیفہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ - اللہ الصمد ایک ہزار ایک بار اوّل و آخر درود شریف ۱۱ - ۱۱ بار پڑھے انشاء اللہ العزیز منزل مقصود تک ضرور پہنچکر کامیاب و بامراد ہوگا -

۱۲۰ - دیگر قضائے حاجت - کھیعص حمعسق - ۲۰۵۰ مرتبہ ایک جلسہ میں ختم کرے بہت جلد مراد کو پہنچے - (مولف) اگر روزانہ اسی طرح چالیس دن پڑھ کر اکتالیسویں دن سے ۱۴۱ بار پڑھتا رہے تو ہر کام کے لئے مجرب ہے - اگر کف دست پر لکھ کر کسی کے سامنے جائے اگر دشمن بھی ہو تو محبت سے پیش آتے اور دوسرے کا کام ہو تو اپنے ہاتھ سے اس کی ہتھیلی پر لکھ دے انشاءاللہ بامراد واپس - اگر کہیں شادی کرنا ہو اور وہ لوگ انکار کرتے ہوں تو ایسا ہی کرے مولا تعالیٰ ضرور کامیاب کرے - صرف کھیعص ۱۹۵ بار اسی مذکورہ طریقہ سے عمل میں لائے وہی وصف اس میں بھی ہے مگر ۴۰ یوم کے بعد ۴۱ بار پڑھا کرے اور پوری ہی تعداد پڑھتا رہے تو زیادہ بہتر ہے - اول آخر ۲۱ بار درود شریف

۱۲۱ - استخارہ - ۱۵ بار درود شریف پڑھیئے اور ثواب حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح کو بخشئے بروز جمعرات یہ عمل کرے کہ غسل کر کے لباس تبدیل کرے، خوشبو لگائے، دن میں روزہ رکھے تو زیادہ بہتر ہوگا ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر یا بدیع العجائب یا کاشف الغرائب ۱۱ سو بار پڑھے پھر بغیر کلام کئے سو جائے - جو مقصد ہو انشاء اللہ خواب میں معلوم ہو جائے -

۱۲۲ - دیگر - اول دوگانہ نماز پڑھے ثواب حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پاک کو بخشئے بعدہٗ سورہٗ کوثر پڑھے ایک مرتبہ پھر یا رشید ارشدنی یا علیم علمنی من الحال ۳۶۰ مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھ پر دم کر کے سو جائے - انشاءاللہ تعالیٰ جو مقصد ہو خواب میں معلوم ہو -

۱۲۳ - عمل خاص در خواب - یہ نقش ۴ عدد لکھ کر چارپائی کے پایوں کے نیچے ایک ایک رکھے اور ۱۴۱ بار کہے (کالی چیڑی بس بھری انت فی امری) پھر کہے اے ہمزاد اگر خواب میں آگاہ نہ کیا تو قیامت کو دامنگیر ہوں گا -

یہاں اپنا نام مع والدہ لکھے

یہاں اپنا مطلب لکھے

۱۲۴ - برائے افشائے راز - یہ نقش لکھ کر نیچے یہ آیت لکھے اور سوئی ہوئی عورت کے سینے پر رکھے - عورت سب راز کہہ دے گی آیت یہ ہے - وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ط -

فلاں بنت فلانہ

۱۲۵ - **برائے قضائے حاجات** - وقت ظہر ۳۱۳ بار پڑھے انشاء اللہ حاجت پوری ہو مع بسم اللہ پڑھے
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ اِنِّیْ مُشْتَاقٌ بِنُوْرِ جَمَالِكَ وَرَسُوْلِكَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

۱۲۶ - **دیگر** - چار رکعت اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد اَللّٰھُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ دوسری رکعت میں سورہ کوثر، تیسری میں سورۂ کافرون۔ چوتھی رکعت میں سورہ اخلاص - ۱۵۔۱۵ مرتبہ پڑھے بعد فراغت یہ دعا ۳۱۲ بار پڑھے - اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ط رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ؕ وَیَا مَنْ ذِكْرُهٗ شَرَفٌ لِلذَّاكِرِیْنَ انشاء اللہ فوراً کام بنے اگرچہ کیسا ہی مشکل ہو مجرب و آزمودہ ہے

۱۲۷ **دعاء حل المشکلات** - حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم } حضور نے یہ دعا ایک نابینا کو تعلیم فرمائی تھی۔ اس کے پڑھنے سے فوراً آنکھیں روشن ہو گئیں - اس مبارک دعا کا بارہا تجربہ ہوا، دوبارہ پڑھنے کی نوبت نہیں آئی کہ بڑی سے بڑی مشکلیں حل ہو جاتی ہیں - طریقہ یہ ہے کہ اول تازہ وضو کرے پھر دو نفل پڑھکر سو بار یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتَقْضِیَ لِیْ حَاجَتِیْ ط یہ دعا مسجد میں جس جگہ نفل پڑھے، اسی جگہ پر پڑھے۔

کتاب الفتوح وسعت رزق میں

۱۲۸ - **برائے وسعت رزق و جمیع مطالب مجرب** - شب سہ شنبہ یا شب یک شنبہ کو بعد آدھی رات گزرنے کے وضو کرے اور جاء نماز پر کھڑے ہو کر تین بار کہے فریاد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم و بدوستی، علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ و حسن مجتبیٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب محاوارم بانصرام رساں لبعدہ اسی جگہ کھڑے کھڑے ۳ بار آیۃ الکرسی چاروں قل ۳-۳ بار پڑھکر اپنے گرد حصار کرے - بعدہٗ تسبیح یا اللہ چار ہزار مرتبہ کھڑے کھڑے پڑھے بعدہٗ تمام ہونے کے جاہے تو وہیں

[illegible] کا جلہ کرے یا جہاں چاہے جائے۔ اسی طرح تین روز یہ عمل کرے تیسری شب موکل اس اسم کا [illegible] خوب ظاہر ہوگا۔ چاہیے کہ جب تک اپنی تعداد پوری نہ کرے کلام نہ کرے۔ جب ختم کرے اس سے قول عہد کرے کہ جب میں بلاؤں حاضر ہو۔ جب وہ عہد کرے تو جانے کی اجازت دے۔ جب اس موکل کو بلانا ہو [illegible] بار خلوت میں اسم اللہ پڑھے، موکل حاضر ہوگا، جو کام ہوگا انجام دے گا۔۔ نوٹ:۔ اگر تین روز میں موکل حاضر نہ ہو تو ناامید ہو کر عمل مذکور کو ترک نہ کردیں۔ بلکہ برابر ۱۲ روز پڑھتے رہیں انشاءاللہ ضرور کامیاب ہوں گے۔

۱۲۹۔ از خزانۂ غیب روزی پہنچے۔ جہاں سے وہم و گمان نہ ہو کر خود حیران رہ جائے۔ اول درود مستغاث یکبار پڑھے بعد ازاں آیۂ کریمہ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ؕ۔ ایک ہزار ایک بار پڑھے خواہ صبح، خواہ شام پھر ایک بار درود مستغاث پڑھے اسی طرح چالیس یوم کا لحاظ رکھے کہ ہر روز وقت مقررہ پر پڑھے خواہ صبح، خواہ شام مگر بعد عشاء بہتر ہے۔ انشاءاللہ [illegible] اس کا اثر پانچویں چھٹے دن ہی ظاہر ہوگا کہ غیب سے ایک چیز پہنچے گی مگر لانے والے سے کسی قسم کی مزاحمت [illegible] نہ دریافت کرے کہ تم کون ہو، یہ کیا چیز ہے۔ کچھ نہیں۔ بس نہایت خوشی و خاموشی سے وہ چیز لے [illegible] سے رکھ لے۔ جب ۴۰ دن کی دعوت ختم ہو تو چاہیے کہ ہر روز بعد ہر نماز اول آخر درود شریف اور دس مرتبہ آیۂ مذکورہ پڑھتا رہے تاکہ عمل قائم رہے۔ اگر ہر نماز کے بعد ممکن نہ ہو [illegible] بعد نماز فجر ہی پڑھ لیا کرے اور چاہیئے کہ یہ عمل در برج ثابت و عروج ماہ میں کرے۔

۱۳۰۔ ترکیب شجر زر یعنی سونے کا درخت۔ (یہ عمل لاکھ روپیہ کو بھی ملے تو مفت ہے)

[illegible]	یا اجیب یا عدیل یا حق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم			[illegible]
	۳۰۴	۲۹۱	۲۹۸	۳۰۱
	۲۹۷	۳۰۲	۳۰۳	۲۹۲
	۲۹۹	۲۹۶	۲۹۳	۳۰۶
	۲۹۴	۳۰۵	۳۰۰	۲۹۵
[illegible]				[illegible]

[illegible] اللہ الرحمٰن الرحیم برائے حصول نعمت و دولت کہ کبھی [illegible] ہو جتنا چاہے خرچ کرے، چاہیئے کہ یہ مربع ساعت سعید [illegible] کر اسے سونے کی یا چاندی کی تختی کرالے اور اسکو مثل چراغ [illegible] کے چاروں طرف سے تی کا نشان بنالے۔ بعدہٗ

چار نقش کاغذ پر لکھ کر نئی روئی میں لپیٹ کر چار بتی بنائے اور چراغ کے ہر گوشہ میں رکھ کر گھی اور قدرے شہد ملا کر روشن کرے - اور یہ عمل ایک خلوت خانہ میں کرے، اسی کی روشنی میں بیٹھے اور بخور سلگائے، غسل کر کے بغیر سلا ہوا کپڑا بطور احرام پہنے اور دو رکعت نماز دوگانہ ہدیۃ الروح جمیع پیران عظام وارواح اولیائے کرام و موکلات و عامل عمل ہذا ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد الحمد ۳-۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے فاتحہ پڑھے اور سب کا ثواب مذکورہ بالا کی ارواح کو بخشے۔ پھر الحمد شریف اور آیۃ الکرسی ایک ایک بار اور ہر چہار قل ایک ایک بار مگر سورۂ اخلاص ۳ بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کر کے یہ عزیمت رجب یا عقصیائیل بحق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم ۱۹۴ بار پڑھ کر پھر دوسری عزیمت یا کلکائیل یا جیوئیل بحق یا علی وائیل اجیبو ادعائی یا عزیز یا ملیک ۱۱۹۴ بار پڑھے اور اگر اتنا نہ ہو سکے ۴۱ بار کافی ہے۔ مگر تعداد کا لحاظ رکھے کہ کم و بیش نہ ہو۔ پہلے تسبیح کے دانے شمار کر لئے جائیں، یاد رہے کہ جس وقت بتی پر روئی لپیٹے - اس وقت آیۂ کریمہ قل اللّٰھم مٰلک الملک تا بغیر حساب پڑھے اور جس وقت نقش فتیلوں کے واسطے لکھے اس وقت عزیمت پڑھتا جائے۔ اسی طرح چالیس شب یا بیس شب کرے اور ان ایام میں خلوت میں مثل اعتکاف بیٹھے - (۱) چاہے روزہ رکھے چاہے نہ رکھے اور گوشت مچھلی انڈا اور ہر قسم کی مٹھائی سے پرہیز رکھے۔ (۲) کوئی عورت اس چراغ کو ہاتھ نہ لگائے۔ (۳) گھی اتنا ڈالے کہ عمل ختم ہونے سے پہلے بتیاں گل ہو جائیں - (۴) ہر روز بعد ختم عمل جو روغن و شہد بچے اس کو آٹے سے صاف کر کے خود اس کی روٹی پکا کر ورنہ کوئی دوسرا اور بدرجۂ مجبوری کوئی بوڑھی عورت پکائے پھر اس روٹی کو خود کھائے یا اپنا لڑکا یا محرم مرد مگر عورت ہرگز نہ کھائے (۵) چاروں فتیلے یکساں روشن ہوں، چراغ بالکل سیدھا رہے عامل کا جب چلہ ختم ہو تو ہر مہینے یہ عمل کر لیا جائے۔ یعنی ہر مہینے ۳ شب بامجرد غسل کرے - بغیر سلا ہوا کپڑا پہنے، لوبان سلگائے اور اسی طرح دوگانہ ادا کرے اور ثواب اس کا اسی طرح ارواح طیبہ کو بخشے اسی طرح عمل مذکور پڑھے مگر اب اعتکاف کی ضرورت نہیں۔ بہتر ہوگا کہ ۲۰-۲۱-۲۲ تاریخ کی شب میں پڑھ لیا کرے اور ہر روز ایک نقش لکھ کر اپنے پاس رکھ لیا کرے تا در ایام ثلثہ جس قدر نقوش ہوں۔ وہ جب کوئی غریب حاجتمند آئے تو اسے ایک نقش دے دیا کرے کہ موم جامہ کر کے گلے میں پہنے جب تک وہ نقش اس کے پاس رہے گا، غیب سے روزی پہنچے گی اور بہتر ہوگا کہ یہی عزیمت ۱۱۴ بار پڑھنے کو

اور فتیلوں کی راکھ حفاظت سے رکھی جائے وہ راکھ جس مریض کو بھی کھلائی جائے گی، انشاء اللہ شفائے کامل بھی حاصل ہوگی۔ خوراک ایک ڈرم چاول ہمراہ ملائی یا مکھن۔ یہ عمل شیخ محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نوادر سے بہت ہی نادر اور نایاب بلکہ معدوم اور حضور پرنور میاں صاحب الرحمن پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے منقول ہے کہ ہر روز یہ عزیمت ۱۱۴ مرتبہ پڑھے دورہ کے لئے بہتر ہے۔

۱۳۰۔ عمل یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ برائے تجارت و ترقی روزگار۔ یہ عمل تجارت و ترقی روزگار کے لئے عجیب اثر رکھتا ہے۔ ترکیب بعد نماز عشاء ۵۰۰ مرتبہ ایسی جگہ کھڑے ہوکر برہنہ سر کہ سایہ کسی چیز کا سر پر نہ ہو۔ شروع اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف پڑھے انشاء اللہ غیب سے رزق ملے۔ پہاڑ کے برابر بھی قرضہ ہو انشاء اللہ جلد ادا ہو جائے۔

۱۳۱۔ دیگر برائے وسعت رزق۔ عروج ماہ میں شروع کرے اور ہر روز بعد نماز عشاء مع درود شریف اول و آخر ۱۱-۱۱ بار اور درمیان میں ۲۷ بار یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کا دست نگر نہ ہو۔ غیب سے روزی ملے۔

۱۳۲۔ دیگر۔ بعد نماز عشاء وتر سے قبل دو رکعت نفل پڑھے بعدہٗ یَا لَطِیْفُ سو بار اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھے۔ اور اپنے ہاتھوں پر دم کرکے سینے پر گردن کے نزدیک دائیں سے بائیں ہاتھ پھیر لیا کرے۔ فراخی رزق کے لئے یہ تینوں عمل مجربات میں سے ہیں جو چاہے کرلے۔

۱۳۳۔ برائے نفع تجارت۔ چاہیئے کہ یہ نقش بایں طور نہایت خوشخط لکھ کر دوکان میں سامنے کے رخ میں آئینے کے اندر لگائیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کی دکان میں گاہک آئیں گے اور کافی منافع ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔ نوٹ: بنقش اکسیر اعظم میں یہ نقش بھی چھپ گیا ہے جو نہایت خوبصورت رنگین اور ۲۵ نقوش کا مجموعہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اللہ الذی سخر لکم البحر لتجری الفلک فیہ بامرہ

۳۰۷۳	۳۰۸۷	۳۰۸۴	۳۰۸۰
۳۰۸۵	۳۰۷۹	۳۰۷۴	۳۰۸۶
۳۰۷۸	۳۰۸۲	۳۰۸۹	۳۰۷۵
۳۰۸۸	۳۰۷۶	۳۰۷۷	۳۰۸۳

ولتبتغوا من فضلہ ولعلکم تشکرون ط وسخر لکم

ما فی السموات وما فی الارض جمیعا منہ ان فی ذالک لآیات لقوم یتفکرون

۱۳۵- عمل دستِ غیب کشائش رزق آزمودہ حضرات بزرگان - دعوت اسم رزاق بنا بر کشودن رزق ایں است باید کہ تا ۲۲ یک روز در ہر روز شانزدہ نقش اسم رزاق بنویسد و بر ہر یک نقش مذکور اسم یا امو اکیل بحق یا رزاق سی صد ہشت ۳۰۸ بار جدا جدا خواندہ باشد و ہر روز جوب نقش ہا در آرد گندم بستہ در دریا انداز و چوں دعوت تمام شود روزانہ دو نقش نوشتہ بر ہر ایک ہماں عمل بہ تعداد مذکورہ علیحدہ علیحدہ خواندہ و میدہ باشد و یک نقش ازاں ہر دو پیش خود در سر دار دو دیگرے نہ معتی نگہدار و خرچ روزمرہ بر سلہ در خانہ شانزدہم کہ خالی ست عدد شش زیر او نویسد و در آں خانہ خرچ روزمرہ کار آمدنی خود نویسد نقش معظم و مکرم آزمودہ بزرگان ایں است۔

۷۸۶

۷۹	۸۲	۸۵	۷۲
۸۴	۷۳	۷۸	۸۳
۷۴	رقم خرچ نویسد	۸۰	۷۷
۸۱	۷۶	۷۵	۸۶

۱۳۶- عمل بے نظیر دستِ غیب - اگر کوئی خرچ سے بے خرچ ہو تو یہ دونوں نقش لکھ کر نئی روئی میں لپیٹ کر بتی بنائے اور نئے چراغ میں خوشبودار روغن ڈال کر بعد نمازِ عشاء روشن کرے اور اس کی روشنی میں یہ چاروں اسم اول و آخر سات سات مرتبہ درود پڑھ کر سو بار پڑھے - پھر چاروں طرف یعنی چراغ اپنے سامنے رکھے - پہلے کعبہ کو یعنی پچھم کی طرف منہ کرکے سو بار پڑھے - پھر پورب کی طرف پھر شمال کی طرف، پھر جنوب ہر چہار جانب سو سو بار اور ہر سو بار کے ساتھ سات سات بار درود اور اسی طرح ۲۱ روز متواتر پڑھے، چاروں نام یہی ہیں جو کہ نقش میں لکھے ہوئے ہیں -

۷۸۶

۳۸۳	۳۸۶	۳۸۹	۳۷۴
۳۸۸	۳۷۶	۳۸۲	۳۸۷
۳۷۷	۳۹۱	۳۸۴	۳۸۱
۳۸۵	۳۸۰	۳۷۸	۳۹۰

۷۸۶

عبد الکریم مغربی رحمۃ اللہ علیہ
عبد الکبیر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ
[illegible]
عبد الرشید [illegible] رحمۃ اللہ علیہ

شرائط: یہ ہیں - اس قسم کے عملیات شروع کرنے سے پہلے خوب اچھی طرح سوچ سمجھ کر لیجئے کہ میں اپنے نفس پر قابو بھی رکھ سکتا ہوں - کہ میں ترک حیوانات جلالی و جمالی مع شرائط ادا کرتے ہوئے اتنے عرصہ تک چلہ میں بیٹھ سکوں گا - اگر ہاں تو شوق سے ارادہ کیجئے - فقیر کی رائے ہے کہ استخارہ کرکے اجازت لے لیجئے تاکہ کسی قسم کا احتمال نہ رہے -

۱۲۷۔ واسطے غنی اور دولتمند ہونے کیلئے مجرّب ہے (جہاز العروسی)۔ اول غسل کرے پھر تازہ وضو بناکر دو رکعت نماز بعجز و انکساری ادا کرے پھر سو مرتبہ یالطیف یاطاطائیل پڑھے۔ بعدہٗ یہ کلمات کہے۔ یالطیفُ اُلطُفِی بِلُطفِکَ یالطیفُ اور پڑھتے وقت اس پالار رکھے یہ نقش لکھ کر اپنے سامنے رکھے چند روز مداومت کرنے سے تمام مرادات دلی حاصل ہوں گی۔ یہ عمل نہایت آسان اور مجرب و آزمودہ ہے چاہیئے کہ ہمیشہ پابندی کرے انشاءاللہ بہت جلد غنی ہو۔

۷۸۶

ل	ط	ی	ف
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ل	ط

۱۲۸۔ روزانہ پورب کی طرف منہ کرکے طلوع آفتاب کے وقت یامُنعِمُ یاجَامِعُ ۱۱۴ مرتبہ پڑھے۔ اور عصر کے بعد دونوں کو ملاکر یامُنعِمُ یاجَامِعُ ۲۱۴ مرتبہ پڑھے مگر یہ بہت کم ہے اگر زود اثر ہونا چاہیے اور قوی تر کرنا چاہیں تو دس گنا کردیں (یعنی ۹۹۰) مرتبہ۔ یامنان اور یامنعم ۲۰۰۰ اور یاجامع ۱۱۴ مرتبہ۔ کس وقت اور بعد عصر ۲۱۴۰ مرتبہ یامُنعِمُ یاجَامِعُ ملاکر پڑھنا چاہیئے۔

نوٹ:۔ دیگر کتابوں کی طرح کسی عمل کی تعریف میں کچھ نہیں لکھا، صرف اشارات ہیں ورنہ یہ تمام اعمال ایسے ہیں کہ اگر ان کی تعریف اور تجربات مکمل طریقے سے درج کئے جائیں تو ایک ایک عمل کے لئے علیحدہ علیحدہ ایک رسالہ مرتب ہو جائے۔ بروقت حاجت جو عمل چاہیں کریں اور عمر بھر کے لئے وہی ایک عمل کافی ہے۔

۱۲۹۔ برائے وسعت رزق و حصول زر نقش یامَنّانُ مجرب ہے۔

یہ نقش چاندی کی پتر پر شرف آفتاب میں کندہ کرکے انگوٹھی میں رکھ کر اوپر سے کوئی خوبصورت نگینہ لگاکر انگلی میں پہنے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
یامنان ذالاحسان
تدعم کل الخلائق منہ

نوٹ:۔ یہ اور اس کے علاوہ جملہ نقوش وقت مقررہ پر کندہ شدہ درکار ہوں تو کتب خانہ سے طلب فرمائیں۔

۱۳۰۔ نقش معظم تسخیر خلائق و مقبول القول ہونے کیلئے۔

یہ نقش مبارک مشک و زعفران سے ساعت زہرہ میں لکھ کر اپنی ٹوپی میں رکھے، حاکم قوم ہو۔ مراتب بلند ہوں اور خلائق ہو۔ محتاج نہ رہے مقبول القول رہے

۷۸۶

فسیکفیکهم	الله وهو	السمیع	العلیم
العلیم	السمیع	الله وهو	فسیکفیکهم
الله وهو	فسیکفیکهم	العلیم	السمیع
السمیع	العلیم	فسیکفیکهم	الله وهو

۱۴۱ دستِ غیب اور کیمیا کے متعلق اعلیٰحضرت قدس سرہٗ کا مبارک ارشاد ایک صاحب نے عرض کیا دست
غیب اور کیمیا حاصل کرنا کیسا ہے۔ ارشاد فرمایا دستِ غیب کے لئے دعا کرنا محال عادی کے لئے دعا کرنا
جو مثل محال عقلی و ذاتی کے حرام ہے اور کیمیا تضیع مال ہے اور حرام ہے۔ آبتک کہیں ثابت نہیں ہوا
کسی نے بنائی ہو۔ کَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهِ ترجمہ:۔ جیسے کوئی دونوں ہا
پھیلائے پانی کی طرف بیٹھا ہو اور وہ پانی یوں اسے پہنچنے والا نہیں۔ دست غیب جو قرآن مجید میں ارشا
ہے۔ اس کی طرف لوگوں کی توجہ ہی نہیں کرنا ہے۔ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ
مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ اور جو اللہ سے ڈرے اس کے لئے نجات کی راہ نکال دے گا اور اسے وہاں سے
روزی دے گا جہاں اس کا گمان نہ ہو، تو لوگوں کا عمل یتق اللہ پر نہیں ورنہ حقیقتاً سب کچھ حاصل ہو سکتا
میرے ایک دوست مدینہ طیبہ کے رہنے والے تھے، ان کا مدینہ منورہ سے بھیجا ہوا ایک خط اتوار کے روز مجھ
ملا جس میں پچاس روپے کی طلب تھی۔ بدھ کے روز یہاں سے ڈاک جاتی تھی، جو ہفتہ کو ڈاک کے جہاز
روانہ ہو جاتی تھی۔ پیر کے دن تو مجھے خیال ہی نہ رہا، منگل کے روز یاد آیا دیکھا تو اپنے پاس ۵ پیسے بھی
نہیں وہ دن بھی ختم ہوا۔ نماز مغرب پڑھ کر اور یہ فکر کہ کل بدھ ہے اور ابھی تک روپیہ کی کوئی سبیل نہیں
ہوئی۔ میں نے سرکار میں عرض کی کہ حضور یہاں بھیجنا میں عطا فرمائیں کہ اتنے میں باہر سے حسنین میاں (اعلیٰ
قدس سرہٗ کے بھتیجے) نے آواز دی سیٹھ ابراہیم بمبئی سے ملنے آئے ہیں۔ میں باہر آیا اور ملاقات کی چلتے وقت
اکیاون روپیہ انہوں نے نذر کئے، حالانکہ ضرورت پچاس روپیہ کی تھی۔ یہ اکیاون روپے یوں تھے کہ ایک
فیس منی آرڈر بھی تو دینا پڑتا۔ غرض صبح کو فوراً منی آرڈر کر دیا۔ (از ملفوظ)
(مؤلف) یہ ہے دستِ غیب اور کیمیا اور یہ ہے يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ پر عمل۔

۱۴۲۔ نقش دفینہ معلوم کرنے کا۔

اس نقش معظم کو سیاہ روشنائی سے لکھکر دھو کر جہاں جہاں دفینہ کا گمان ہو وہ پانی چھڑک دے۔ دوسرا نقش کاغذ پر لکھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اذ یرفع ابراھیم القواعد	من البیت و اسماعیل ربنا	تقبل منا انک انت	السمیع العلی
السمیع العلیم	تقبل منا انک انت	من البیت و اسماعیل ربنا	اذ یرفع ابراھیم القو
من البیت و اسماعیل ربنا	اذ یرفع ابراھیم القواعد	السمیع العلیم	تقبل منا انک انت
تقبل منا انک انت	السمیع العلیم	اذ یرفع ابراھیم القواعد	من البیت و اسماعیل

مرغ کی گردن میں باندھکر چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مرغ دفینہ پر جاکر کھڑا ہو جائے اور اگر مال ہو تو اس تعویذ کو سر کے نیچے رکھ کر لیٹے اور کاش اس وقت اسے نیند آجائے۔ تو عالم الغیب اسے خوب اس واقف فرمادے گا اور وہ اپنے مقصد کو پہنچے گا۔

۱۲۴ نادِ علی کے پندرہ فوائد از امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّ غَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَا اللہُ وَ بِنُبُوَّتِکَ یَا رَسُوْلَ اللہِ وَ بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

۱۔ کیسی ہی بڑی مہم و دشواری ہو ہر روز ۴۱ بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آسان ہو۔

۲۔ برائے حصولِ مقاصد ۶۶ مرتبہ ہر روز تا حصول مراد پڑھے بہت جلد منزلِ مقصود کو پہنچے۔

۳۔ برائے مریض جو زندگی سے مایوس ہو چکا ہو ۷ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کرکے تا صحت پلائے، انشاء اللہ تعالیٰ شفا پائے۔

۴۔ خلل جن آسیب وغیرہ کے لئے ۱۵ مرتبہ پانی پر دم کرکے چھینٹا دے۔ انشاء اللہ دفع ہو۔

۵۔ حب کے لئے ۷۰ مرتبہ پڑھکر اپنے ہاتھوں پر دم کرکے سارے بدن پر پھیر لیا کرے جس سے بات کرے مطیع و مسخر ہو۔

۶۔ کیسا ہی رنج و غم ہو ہزار بار روزانہ باطہارت پڑھے فضلِ خدا سے سب غم کافور ہو۔

۷۔ اگر کسی کو کوئی پیغام دیکر بھیجے اور امر دشوار ہو کہ نہ معلوم میرا پیغام منظور ہوگا یا نہیں تو چپکے سے ۳ بار پڑھکر اس کے کان میں دم کرے انشاء اللہ کامیاب واپس آئے۔

۸۔ اگر کسی پر کوئی تہمت لگائے یا کوئی ملزم کسی الزام میں پکڑا گیا ہو۔ تو تا صفائی ۴۰ مرتبہ ہر روز پڑھکر اپنے اوپر دم کرلیا کرے انشاء اللہ تہمت سے بری ہو۔

۹۔ اگر کہیں سے کسی بات کا یا خط وغیرہ کا جواب منگانا ہو، اور نہ آتا ہو تو قبل نمازِ عشاء اس طرف کو منہ کرکے ۶۵ بار پڑھ کر دم کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تین روز میں جواب آئے یا خبر آئے۔

۱۰۔ برائے حصول دولت و غنا جاہ و حشم ۹۱ مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کرے۔ چند روز میں کچھ سے

پکھ ہو جائے۔ چاہیئے کہ نماز زندگی ترک نہ کرے اور وقت اور جگہ کی پابندی رکھے۔ بدرجہ مجبوری اگر کہیں جلے تو مصلّیٰ ضرور ساتھ لے جائے۔

۱۱۔ مزید دولت و جاہ و حشمت کے ۵۰۰ بار وقت وجائے معین پر پڑھے بہت جلد کامیابی ہو۔

۱۲۔ دشمن کو مطیع کرنا ہو تو اس کا تصوّر کر کے ۱۸ بار پڑھ لیا کرے۔

۱۳۔ کسی مہم کو جلد آسان کرنا ہو تو نماز قضائے حاجت کی نیت سے ہر رکعت میں بعد الحمد ۳-۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے اور ثواب اس کا بروح پاک حضرت علی مرتضیٰ مشکلکشا شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کو بخشے بعدہٗ ۷۰ بار نادِ علی پڑھے انشاء اللہ اسی دن کامیاب ہو ورنہ تین دن یہ عمل کرے۔

۱۴۔ دشمنوں اور بدخواہوں کی زبان بند کرنے کی نیت سے بعد ہر نماز کے دس بار پڑھ لیا کرے۔

۱۵۔ حضور پُرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیدار کرنے کے لئے کامل طہارت کے ساتھ بعد نماز عشاء اوّل آخر درود شریف سو سو بار اور ۵۰۰ بار نادِ علی پڑھے اور باوضو سو جائے انشاء اللہ العزیز اسی شب میں دولت دیدار سے مشرف ہو۔

نوٹ:۔ درود شریف ہر ہر عمل کے ساتھ ۳ یا ۷ یا ۹ یا ۱۱ بار اپنے مقدور بھر پڑھنا چاہیئے۔

۱۴۴۔ نقش سیفی۔ یہ نقش مکرم حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے۔ جن آسیب سحر وغیرہ ام صبیاں اور دشمن کو ہلاک کرنے دشمن کو زیر کرتے ہیں اپنی نظیر آپ ہے جس شخص کے پاس ہو اس پر کسی قسم کا جادو وغیرہ اثر نہ کرے۔

۱۶۵۱۸	۱۶۵۲۱	۱۶۵۲۵	۱۶۵۱۱
۱۶۵۲۴	۱۶۵۱۲	۱۶۵۱۷	۱۶۵۲۲
۱۶۵۱۳	۱۶۵۲۷	۱۶۵۱۹	۱۶۵۱۶
۱۶۵۲۰	۱۶۵۱۵	۱۶۵۱۴	۱۶۵۲۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لک فی النوائب کل ھم و غم سینجلی بعظمتک یا اللہ بنبوتک یا رسول اللہ بولایتک یا علی یا علی یا علی

۱۴۵۔ دعائے حیدری برائے ہلاکی دشمن۔ دعائے حیدری روزانہ وقت مقررہ پر ۱۱ بار روزانہ پڑھے دشمنوں سے حفاظت رہے، ان پر ہر طرح غلبہ حاصل ہو۔ فقیر کا تجربہ ہے کہ بڑے سے بڑا گروہ دشمن کا ایڑی چوٹی تک زور لگاتے مگر اس کے پڑھنے والے کا بال بیکا نہیں کر سکتا۔ اس کا نقش تلبند کے پتھر پر کندہ کرا کر چاندی کی قلعی کرا کے پڑھتے وقت سامنے رکھے۔ نیز اگر دشمن ہلاک کرنا چاہے تو نقش پر کلمہ کی انگلی ۱۱ بار

...روزے مار یا جائے - ۱۱ دن نہ گزریں گے کہ دشمن ہلاک ہوگا - انشاء اللہ تعالیٰ -

دعائے حیدری: - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - اللّٰھم صل علیٰ محمد بعدد من صلی علیہ وصل علیٰ محمد بعدد من لم یصل علیہ وصل علیٰ محمد کما تحب وترضیٰ ان تصلی علیہ وصل علیٰ محمد کما ینبغی الصلوٰۃ علیہ یہاں حضرت علی کا چہرۂ مبارک مثل آفتاب تصور کرے - حق حق حق بحق اسرائیل بحق یا معروف یا مفتح الابواب ویا مسبب الاسباب ویا مقلب القلوب والابصار ویا دلیل المتحیرین ویا غیاث المستغیثین ویا مفرح المحزونین - اغثنی توکلت علیک یا ربی قضیت فوضت امری الیک یا رزاق یا فتاح یا باسط وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین - تین بار یہ پڑھے - اللّٰھم اکشف علی حقائق الاشیاء کما ھی انک الحق المبین ط سبحٰن الملک الحق المبین ط حق حق حق یا اللہ المحمود فی کل فعالہ یا اللہ - پوری عبارت تین بار پڑھے اللّٰھم صل علیٰ محمد بعدد من صلی علیہ وصل علیٰ محمد بعدد من لم یصل علیہ وصل علیٰ محمد کما تحب وترضی ان تصلی علیہ وصل علیٰ محمد کما ینبغی الصلوٰۃ علیہ وصل علیٰ محمد کما امرتنا بالصلوٰۃ علیہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الجلیل الجبار القاہر القہار اللّٰھم صل علیٰ محمد سید الطاہرین علیٰ اعداء رب العالمین ط یا حیدر یا حیدر یا حیدر یا ابا تراب یا علی یا اسد اللہ یا ولی اللہ یا رجال اللہ یا مقبول اللہ یا محبوب اللہ یا ظہور اللہ یا سلام الغالب بالقہر انی مغلوب فانتصر یا حق یا حق یا حق تحققت بالحق والحق بی علیٰ عدوک یا حق یا فتاح یا فتاح یا فتاح یا حی یا قیوم یا اللہ اللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پھر خوفزدہ ہو کر عظمت الٰہی کا دل میں تصور کرکے پڑھے - تعظمت العظمۃ والعظمۃ فی عظمت عظمتہ یا عظیم یا رب یا قدیر یا قدیر یا قدیر یا خالق یا کریم یا رحیم یا مسخر السموٰت والارض وما بینھما یا حلیم یا محی یا ممیت یا نافع یا ضار یا جلیل المتکبر علیٰ کل شئ فالعدل امرہ والصدق وعدہ یا جلیل یا جلیل یا جلیل حسبی عدوی مقھور اس جگہ دشمن کو ذلیل وخوار تصور کرے وعدوی مقتول بقہرک یا ... سو بار پڑھے تقہرت بالقہر والقہر فی قہر قہرک یا قہار یا قہار یا قہار

قَہْرِ اَعْدَائِیْ یَاجَبَّارُ یَااُوْرِیَائِیْلُ بِحَقِّ عَدُوْ مَوْنِیْ یَاخُوْلَائِیْلُ بِحَقِّ رَنِیْوُنِیْ
یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَامُذِلُّ یَانَقِیًّا مِّنْ کُلِّ جَوْرٍ
لَمْ تَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہُ فَعَالُہٗ یَانَقِیُّ فَقَتَلْتُ بِسَیْفِ اللّٰہِ اس جگہ دشمن کو مُردہ تصوّر کرے
لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اٖلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ وَمَارَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی اس
جگہ عزرائیل علیہ السلام کو حاضر جان کر دشمن کو مردہ تصوّر کرے یَاقَوِیُّ یَاقَاھِرُ یَا
ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَاقَاھِرُ اِقْھَرْ وَادْفَعْ اَعْدَائِیْ
مِنْ قَھْرِکَ وَاَنْتَ اَشَدُّ الْقَاھِرِیْنَ حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی
عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ
عَلَیْہِ وَصَلِّ علی مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ یَاتَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ مُجْرَاۃِ یَاحَمِیْدُ اِنْفِعَالٍ ذَاالْمَنِّ
عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَاحَمِیْدُ یَاتَنْکَفِیْل سے یاحمید تک تین تین بار پڑھے یَاخُوْلَائِیْلُ بِحَقِّ
وَحْشِیْ کَلِیْخٍ یَاغِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ
وَمُوْنِسِیْ وَحْشَتِیْ وَرَجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَاغِیَاثِیْ نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ
عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَبِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ
یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَااَللّٰہُ یَاسَمِیْعُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَاجِبْرَئِیْلُ بِحَقِّ یَامَظْھَرَ
الْعَجَائِبِ یَاظَاھِرُ یَابَاطِنُ یَااَوَّلُ یَااٰخِرُ اَنْتَ اَجِبْ دَعْوَتِیْ یَامُجِیْبَ الشَّانِ یَاتُوْتَامِیْلُ
تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِوَلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ۔

دمؤلف، یہ عمل دشمنوں کو زیر کرنے میں عجیب الاثر ہے فقیر کو اس کا کافی تجربہ ہے اور اس کا نقش جو سیفی کے نام سے موسوم ہے کندہ کر کے کام لیا گیا۔ ظاہر و باطن ہر قسم کے دشمن کے شر سے نجات اور ان پر فتح اور غلبہ حاصل ہوا۔ بحمدہ تعالیٰ۔

۱۴۶ نقش سورۂ اخلاص منقول ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ سورۂ اخلاص اسی ترتیب سے لوح محفوظ میں لکھی ہے۔ اس کے ۲۵ فوائد ہیں

(۱) یہ کر لکھکر دریا کے پانی سے دھو کر درد شکم والے کو پلائے انشاء اللہ شفا پائے (۲) یہ کر لکھ

کر مسجد کے بیچ دفن کرے غائب حاضر ہو (۳) بخار والے کے بازو پر باندھنے سے شفا ہو۔ (۴)۔ یہ کر لکھکر دیوانہ یا پاگل کے گلے میں باندھے صحت ہو (۵) کسی کو دیو یا جن کا خلل ہو یہ نقش باندھے سے نجات ہو۔ (۶) لکھ کر کلام پاک میں رکھے جو آرزو ہو خواب میں معلوم ہو جائے۔ (۷) یہ لکھ کر دریا میں ڈالے جو مراد ہو مولا تعالیٰ پوری فرماتے (۸)۔ دردِ سر کے واسطے سر میں باندھے درد رفع ہو جائے۔ (۹) شرفِ آفتاب یا مشتری یا شرفِ قمر میں لکھکر کسی میٹھی چیز پر پھر مطلوب کو کھلادے یک لحظہ جُدا ہونا نہ چاہیئے۔ (۱۰) لکھکر پرانی قبر میں دفن کرے دشمن مقہور ہوں۔ (۱۱) اگر لکھکر گونگے بچے کو کھلائے بولنے لگے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لـه	کفواً	احد

(۱۲) ہر قسم کے درد والا اسکو دیکھتا رہے۔ دیکھتے دیکھتے درد کافور ہو۔ (۱۳) لکھکر اپنے پاس رکھے رزق میں فراخی ہو (۱۴) اگر لکھکر بازو پر باندھے اور جنگ میں جائے بلا تنہ نصرت لوٹ آتے۔ (۱۵) جو لکھے اس کے دشمن دوست ہوں۔ (۱۶) اگر مُردے کے کفن پر لکھے عذابِ قبر سے نجات ملے۔ (۱۷) جس کے پاس یہ نقش ہوگا وہ خلق کی نگاہوں میں عزیز ہو۔ (۱۸) اگر شوہر لکھکر عورت کو کھلائے اس کا دل کبھی کسی مرد کی طرف مائل نہ ہو (۱۹) جو اپنے پاس رکھے دنیا سے با ایمان جاتے۔ (۲۰) اگر مرد یہ نقش لکھکر عورت کے سینے پر رکھے جو اس کے دل میں اپنے مرد کی جگہ دے۔ (۲۱) اگر لکھ کر دریا کے پانی سے دھو کر پیے ابلیس کے مکر و فریب و شر سے نجات ہو۔ (۲۲) اگر ہرن کی کھال پر لکھکر پاس رکھے ہرگز معصیت میں گرفتار نہ ہو۔ (۲۳) اگر لکھ کر نامہربان عورت کے گلے میں یا بازو پر باندھے مہربان ہو۔ (۲۴) جو اپنے پاس رکھے تمام عالمِ علوی و سفلی مطیع و فرمانبردار ہو۔ (۲۵)۔ یہ کر خللِ بسان کے لئے بروز جُمعہ لکھے اور بچے کے گلے میں ڈالے، انشاءاللہ دفع ہو۔

اعمال تفریق وہلاکی اعدا ومغلوبی دشمناں

ہر مہینے کی چوتھی شب کو یہ چراغ خوشبودار روغن اور چار بتی ڈال کر اس طرح روشن کرے کہ چراغ کا رُخ سمتوں کی طرف رہے یعنی چراغ میں جہاں مشرقی لکھا ہے وہ رخ پورب کی طرف اور جہاں مغربی لکھا ہے وہ رخ پچھم کی طرف اور جہاں جنوبی لکھا ہے وہ رخ دکھن کی طرف اور جہاں شمالی لکھا ہے وہ رخ اتر کی طرف رہے اور جب روشن کرچکیں تو اس کی روشنی میں اپنے سب بچوں کو بٹھائیں اور بہتر یہ ہے کہ ہر روز اپنے کھانے میں سے ایک مٹھی آٹا نکال کر علیحدہ رکھتے جائیں جتنا آٹا مہینے پر جمع ہو اسکی روغنی روٹی پکائیں اور کچھ حلوا پکائیں اس پر فاتحہ دے کر ان چاروں بزرگوں کی جن کے اسماء گرامی چراغ میں کندہ ہیں ان کی ارواح کو بخشیں تاکہ رزق میں برکت ہو، پھر کعبے کی طرف منہ کرکے اس طرح بیٹھ کر چراغ اپنے سامنے

رہے۔ ۵۷ بار یا غنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھے اول و آخر ۱۰۔ ۱۰ بار درود شریف پھر گیارہ بار یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للّٰہ پڑھے پھر سولہ مرتبہ یا سادا تنا عبد الکریم المغربی وعبد الجلیل الجنوبی وعبد الرحیم المشرقی وعبد الرشید الشمالی اغیثونی بحق غوثنا وغوثکم الشیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنھم۔ پڑھ کر بچوں پر اور سب گھر والوں پر دم کر کے ایک ایک گھونٹ پیئے اور سب کو پلائے ہر مہینے اسی طرح کرے اور ہر سال رجب کی چار تاریخ کو ان چاروں سلاطین کے عرس کی تاریخ فاتحہ وغیرہ میں خاص اہتمام کرے اور پھر برکت اس چراغ کی دیکھے۔ زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں عمل کر کے دیکھ لیجئے اور اسی چراغ کی بدولت باذن اللہ تعالےٰ ایسے مریضوں کو شفاء ہوئی ہے جن کو اطبا جواب دے چکے تھے۔ برائے شفاء امراض :۔ اگر بیمار کی صحت کے لئے روشن کرے اور جس طرح پڑھنے کو لکھا ہے اسی طرح پڑھے، جب پڑھ چکے تو ۵۴۴۵ بار کہے شافی شفا شافی اول و آخر درود شریف۔ پڑھتے وقت مریضوں کا اس چراغ کی روشنی میں بیٹھنا ضروری ہے اگر نہ بیٹھا جا سکے تو لیٹ سکتے ہیں۔ جب پڑھ چکے تو ایک مریض ہو یا دو، جتنے بھی ہوں سب پر دم کرے اور جو دوا حکیم کی ہو اس پر بھی دم کرے مولیٰ تعالیٰ کے فضل سے شفا پائے گا۔

بتی کا نشان

پچھم

اغثنی یا عبد الکریم المغربی بحق غوثنا وغوثکم

یا غنی

عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ

عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ

اغثنی یا عبد الرشید الشمالی بحق غوثنا وغوثکم

یا منعم

۳۸۵	۳۸۸	۳۹۲	۳۷۸
شافی	۳۷۹	۳۸۴	۳۸۹
۳۸۰	۳۹۴	۳۸۶	۳۸۳
۳۸۷	۳۸۲	شفا	۳۹۳

یا کریم

اغثنی یا عبد الجلیل الجنوبی بحق غوثنا وغوثکم

یا احد

بتی کا نشان

۲۴۴ - **برائے وسعتِ رزق و حصولِ دولت و غنا** - چاہیئے کہ بماہ ثابت عروج ماہ بعد نمازِ مغرب تازہ وضو کرے پھر شافی تشفا شفا شافی بے گنتی پڑھے پھر دو رکعت نفل پڑھے صلاۃ الاسرار کی طرح اس طرح سے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ اخلاص ۱۱ بار پڑھے بعد سلام ۱۱ بار درود غوثیہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھکر یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدِدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ ایک بار پڑھے پھر ۳ یا ۷ یا ۱۱ بار اپنے مقصد کے لئے دعا کرے پھر چراغ اسی ترکیب سے روشن کرے اور اسی طرح چراغ کے سامنے بیٹھ کر خود کو چراغ کے سامنے رکھے اور گیارہ بار درود غوثیہ اور ۱۶ بار یاساداتنا پوری عبارت صفحہ ۸۴ اور ۱۱ بار یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ پڑھے اور ۵۴۳ بار یَا غَنِیُّ یَا کَرِیْمُ یَا اَحَدُ یَا مُنْعِمُ پڑھے پھر گیارہ بار درود غوثیہ پڑھے ۴۱ رات تک ایسی جگہ پڑھے کہ وہاں پر کوئی دوسرا نہ رہے اور لوبان سلگائے پھر شب چہارم ہر ماہ خالی مقام پر عمل بدستور جاری رہے مگر چلہ ختم ہونے کے بعد (۵۴۳) بار نہ پڑھے بلکہ ۱۰۵ بار پڑھے لیکن ہر سال ۴ رجب کو فاتحہ ان بادشاہ سلاطین کی جن کے اسماء اس چراغ میں کندہ ہیں، خاص اہتمام کے ساتھ کرنا چاہیئے۔ ترکیب اوّل درود غوثیہ ۷ بار۔ الحمد شریف ایک بار۔ آیۃ الکرسی ایک بار قل ہو اللہ شریف ۷ بار۔ پھر درود غوثیہ ۷ بار پڑھکر حضور پُرنور تاجدار انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روحِ پاک کو نذر کرے پھر تمام انبیاء کرام علیہم السلام، صحابۂ کرام اہلبیت و آئمہ کرام پھر حضور پُرنور سیدنا غوث اعظم و جملہ مشائخ کرام پھر حضور اعلیٰ حضرت اور سب بزرگان دین رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ارواح طیبات کو بخشے پھر خصوصاً جن بزرگ کی نیاز کی گئی ہے ان کی روحِ پاک کو بخشے، چاہیئے کہ باادب کھڑے ہو کر نیاز دے۔ چراغ کا ورد کا بیان مکمل ہوا۔

عامل کے لئے ایک عجیب و غریب تحفہ - ذیل کی دعا صبح قبل طلوع آفتاب اور شام کو غروب آفتاب سے پہلے صرف ایک بار یہ دعا پڑھ لیا کریں۔

فائدہ: جس سے کسی دن سب وظائف رہ جائیں تو یہ تنہا ان سب کی جگہ کافی ہے نیز رات اور دن کے نقصان کی تلافی ہے فَسُبْحٰنَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَہُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْہِرُوْنَ ط یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ

وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ط　عامل کیلیے یہ مثل آب حیات کے ہے چاہیئے کہ اس کو حفظ کر لیں۔

٢٤٥۔ اعلیحضرت مجدد دین و ملت قدس سرہٗ کا ایک خط جو ہر مسلمان کے لئے ایک نعمت ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔
نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم۔

برادر دینی ویقینی سنی مستقل باذن المولیٰ الکریم سلمہ بعد سلام مسنون سید ضمیر الحسن سلمہ کی زبان حال پر ملال زبانی انتقال برخوردار معلوم ہوا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ط اللہ کا ہے جو اس نے لیا اور اسی کا ہے جو اس نے دیا اور ہر چیز کی اس کے یہاں عمر مقدر ہے اس سے کمی بیشی نامتصور ہے، بے صبری سے گئی، چیز واپس نہیں آسکتی ہاں اللہ کا ثواب جاتا ہے۔ جو ہر چیز سے اعزو اعلیٰ ہے اور محروم تو وہی ہے جو ثواب سے محروم رہے صحیح حدیث میں ہے جب فرشتے مسلمان کے بچے کی روح قبض کرکے عرض کرتے ہیں ہاں اے رب ہمارے فرماتا ہے۔ کیا تم نے اس کے دل کا پھل توڑ لیا۔ عرض کرتے ہیں۔ ہاں اے رب ہمارے۔ پھر اس نے کیا کہا۔ عرض کرتے ہیں تیری حمد بجالایا اور الحمد للہ کہا فرماتا ہے۔ گواہ رہو میں نے اسے بخش دیا اور جنت میں اس کے لئے ایک مکان تیار کرو اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے تین بچے نابالغی میں مرجائیں گے آتش دوزخ سے اس کے لئے حجاب ہو جائیں گے۔ کسی نے عرض کیا، کہ اگر دو مرے ہوں، فرمایا دو بھی۔ اُم المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی کہ اگر کسی کا ایک ہی مرا ہو فرمایا ایک بھی۔ اسے نیک سوالوں کی توفیق دی گئی۔ اس حکم میں ماں باپ دونوں شامل ہیں۔ آپ اور آپکے گھر میں دونوں صاحب یہ دعا پڑھیں انشاء اللہ العزیز اللہ عزوجل نعم البدل عطا فرمائے گا۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَسٰى رَبُّنَا اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَا ط اِنَّا اِلٰى رَبِّنَا رَاغِبُوْنَ ط اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاخْلُفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا۔

صحیح حدیث میں ہے جب حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی زوجہ مقدسہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یہ دعا تعلیم فرمائی اور ارشاد ہوا کہ جو چیز فوت ہوتی ہے اس سے بہتر ملتی ہے۔ حضرت اُم سلمہؓ نے دُعا پڑھی مگر اپنے دل میں کہتی تھیں کہ ابو سلمہ سے بہتر کون ملیگا عدت کے دن گزرنے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے نکاح فرمایا۔

۲۲۰ دعا حل المشکلات ۔ جو اس دعا کو روزانہ بعد نماز فجر و بعد نماز عصر ۱۱-۱۱ بار (مع اول و آخر ۱۱ بار درود شریف پڑھے گا۔ اس کو گیارہ فائدے ہوں گے یعنی ہر مشکل آسان ہو۔ سب پریشانیاں دور ہوں۔ ایمان سلامت رہے اللہ تعالیٰ ہر جگہ مدد فرمائے دشمن برباد ہوں۔ حاسد اپنی آگ میں جلیں۔ نزع آسان ہو۔ [illegible] آساں ہو۔ نیکیوں کا پلہ بھاری ہو۔ قرض سے سبکدوشی ہو اگرچہ پہاڑ برابر ہو۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ ط اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ کُلَّ مُھِمٍّ مِنْ حَیْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَیْنَ شِئْتَ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدِیْنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدُنْیَایَ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَا اَھَمَّنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ حَسَدَنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ کَادَنِیْ بِسُوْءٍ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَسْئَلَۃِ فِی الْقَبْرِ حَسْبِیَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

۲۲۱ عمل تسخیر خلائق جمیعاً ۔ در عروج ماہ موافق نظر سعد مشتری از نحوست ہو، یہ نقش لکھے اور اپنی نظر کے سامنے رکھے اور آیۂ کریمہ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط تا ۴۱ روز بلاناغہ ۲۱۵۱ بار پڑھے اور ہر روز ایک نقش لکھ کر سامنے رکھ لیا کرے، بعد فراغت جملہ نقوش دریا میں ڈال آئے۔ پڑھنے کی جگہ اور وقت مقرر کر کے کہ اسمیں فرق نہ پڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا کا ہجوم ہوگا اور عجیب و غریب کرشمے دیکھے گا۔ چاہیئے کہ چلہ ختم ہونے کے بعد ۱۰۱ بار مع درود اول و آخر ۱۱-۱۱ بار آیۂ مذکور پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے تا عمل قائم رہے فوٹ یہ عمل عجیب و غریب ہے [illegible] را اشارہ کافی است۔

۷۸۶

۲۲۱	۲۲۴	۲۲۷	۲۱۳
۲۲۶	۲۱۴	۲۲۰	۲۲۵
۲۱۵	۲۲۹	۲۲۲	۲۱۹
۲۲۳	۲۱۸	۲۱۶	۲۲۸

۲۲۲ دریافت مرض سحر یا آسیب وغیرہ ۔ ۳ عدد مٹی کی پلیٹ یعنی سکوری پر ۳ نقش لکھ کر ۷ مرتبہ [illegible] سے اتارے پھر آگ میں رکھ کر آگ خوب روشن کرے، جب آگ میں تپ جائے تو دیکھے اگر [illegible] سفید ہو جائیں تو جادو ہے، سرخ ہو جائیں تو چڑیل وغیرہ اور غائب ہو جائیں تو جن وغیرہ تصور

کرے، سیاہ رہیں تو مرض بدنی ہے اور تینوں مختلف رہیں تو نظر بد ہے نقش یہ ہے۔

۱۱ ۸۳ ۵ ع ۹ ح ۲ ۱۱۱ ۳۴

۲۴۹۔ برائے دیدار سید ابرار احمد مختار حبیب پروردگار۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ۔ بعد نماز عشا ۱۴۱ یا ۱۰۱ یا ۱۰۰۱ مرتبہ غرض روزانہ طاق بار جتنا نبھ سکے حصول زیارت اقدس کے لئے اس سے بہتر صیغہ نہیں مگر خالص تعظیم شان اقدس کے لئے پڑھے اس نیت کو بھی جگہ نہ دے کہ مجھے زیارت نصیب ہو آگے ان کا کرم بے حد و انتہا ہے۔ ع

فراق و وصل چہ خواہی رضائے دوست طلب ۔ کہ حیف باشد از غیر او تمنائے موبنھ مدینہ طیبہ کی طرف ہو اور دل حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف، دست بستہ پڑھے یہ تصور باندھے کہ روضۂ انور کے حضور حاضر ہوں اور یقین جانے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے دیکھ رہے ہیں میری آواز سن رہے ہیں میرے دل کے خطروں پر مطلع ہیں۔

۱۔ یعنی فقیر اگر کوئی صلی اللہ ان دعاؤں کو روزانہ ورد میں رکھے یقیناً دل ہو جائے۔ ج ۔ زبان

۲۵۰۔ دیگر الوظیفۃ الکریمہ۔ الوظیفۃ الکریمہ میں وہ دعائیں ہیں جو اعلیحضرت عظیم البرکۃ قدس سرہٗ کے ورد زبان سے کہدے وہی ہو کر رہے اور اعلیحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سب وظائف کی تمام سنی بھائیوں کو اجازت عطا فرمادی ہے۔

دیگر دلائل الخیرات۔ دلائل الخیرات شریف جس میں درود ہی درود ہے۔ اس کا ایک حزب روزانہ پڑھنا اور ہمیشہ پابندی کرنا حصول مقاصد دینی و دنیاوی کے لئے کافی ہے۔

۲۵۱۔ برائے نامردی۔ بعد نماز صبح روزانہ چینی کی رکابی پر مشک و زعفران سے حسب ذیل عبارت لکھکر پلائیں، پھر خدا کی قدرت کا منظر دیکھیں۔ اول روز:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

وسلم وعلیّ رضی اللّٰہ عنہ والحسنؓ والحسینؓ رضی اللّٰہ عنہما ان تعافنی من العنّۃ وتقدرنی علی الجماع العنّۃ وصلّی اللّٰہ علی محمّدٍ وآلہٖ اجمعین ط۔ روز دوم:۔ حم عسق یا صمد یا فرد یا ذا الجلال والاکرام لا الٰہ الّا انت سبحٰنک انی کنت من الظّٰلمین ان تعافنی من العنّۃ وتقدرنی علی الجماع العنّۃ وتقدرنی علی الجماع العنّۃ وصلّی اللّٰہ علی محمّدٍ وآلہٖ اجمعین۔ روز سوم کٓھٰیٰعٓصٓ یا حیّ یا قیّوم یا احد یا صمد یا فرد ان تعافنی من العنّۃ وتقدرنی علی الجماع العنّۃ وصلّی اللّٰہ علی محمّدٍ وآلہٖ اجمعین۔

۲۵۱۔ **الخضاب من دون الاختضاب**:۔ بہ نسخہ اعلیحضرت۔ برادہ آہنی ایک سیر سیسہ خالص مجموعہ اعمال کا پوشیدہ خزانہ ایک سیر۔ پارہ عمدہ ۱۶ تولہ ۱۰ ماشہ آم کچا جس میں جالی نہ پڑی ہو ۲۰۰ عدد۔ ترکیب:۔ اول سیسہ کو خوب پگھلاؤ اور اس میں پارہ ڈالیں جب سرد ہو جائے تو لوہے کا برادہ اس میں ملا کر سب کو مثل سرمہ کے باریک پیس لیں یہاں تک کہ برادہ سیسہ اور پارہ ایک جنس ہو جائیں پھر آموں کا سر اس طرح کاٹیں کہ انہیں تتلی نکل آئے پھر ہر ایک انبہ میں اس قدر دوا بھریں کہ ان میں آ جائے اور سب دوا دو سو امبیہ کو کافی ہو پھر امبیہ کی ٹوپی اس کے اوپر رکھ اس کے لب ملا کر اس پر ببول کے کانٹے یا لوہے کی کیلیں مضبوطی کے لئے ٹھونک دیں کہ انہیں سے دوا نکلنے نہ پائے۔ پھر امبیوں کو چکنے گھڑے یا مٹکے میں بھر کر اس میں تل کا تیل اور گائے کا مساوی الوزن دودھ اسقدر ڈالیں کہ آموں سے چار انگل دودھ اور تیل اوپر کھڑا ہو جائے، بعدہٗ گھڑے کا منہ اچھی طرح بند کر کے زمین میں دفن کر دیا جائے بعد دو ہفتہ کے دیکھیں اگر آم سیاہ ہو گئے ہوں تو گھڑا نکال لیا جائے ورنہ پھر دفن کر دیا جائے اور کچھ عرصہ کے بعد گھڑا ابھر نکال لیں اور ہر روز شام کو سوتے وقت ایک امبیہ نکال کر اس کے اندر کا مصالحہ پھینک دیں اور ایک آم دانہ الائچی اور زعفران کے ہمراہ کھائیں۔ انشاء اللّٰہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں اتنی قوت پائیں گے کہ کبھی نہ دیکھی ہو گی۔ آنکھوں کی روشنی تیز اور حافظہ بہت اچھا ہو جائے گا۔ چہرے کا رنگ اور جھریاں نہ پڑیں گی جب تک زندہ رہے گا۔ سفید بال چھ ماہ کے اندر گر جائیں گے اور ان کی جگہ سیاہ بال اُگ جائیں گے انشاء اللّٰہ۔ اور جب بھی یہ دوا کھائی جائے تو ترشی اور کثرت جماع سے پرہیز کیا جائے۔ اگر فیرنی کا استعمال زیادہ کریں پھر اللّٰہ کی قدرت کا نظارہ دیکھیں۔ اللّٰہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے۔

فقیر کے پدر بزرگوار عالیجناب مولانا الحاج صوفی حکیم شاہ عزیز احمد صاحب مداح الرسول رضوی مدظلہم العالی کے عطا کردہ

بعض مجرب نسخے جن سے بہت سے مریض صحت یاب ہو گئے ہدیۂ ناظرین ہیں مخلوقِ خدا کو فیض پہنچا کر دعائیں لیجئے!

خارش خشک ہو یا تر انشاءاللہ تین دن میں آرام ہوگا۔ | برگ نیم سبز ایک تولہ۔ برگ حنا (مہندی) سبز ایک تولہ چند قطرے پانی ڈال کر باریک پیس لیں اور پھر کپڑے میں رکھکر نچوڑ لیں کہ کم از کم ایک تولہ عرق نکل آئے، نہار منہ پی لیں صرف تین روز مگر پرہیز شرط ہے وہ یہ کہ صرف بیسنی روٹی بغیر نمک کے گھی میں چور کر کے کھائیں اس کے سوا کچھ نہ کھائیں۔ اگر دس برس کی کھجلی ہوگی تو بھی انشاءاللہ تین دن سے زائد کی ضرورت نہ پڑے گی۔ عرق سے منہ کڑوا ہو جائے گا۔ کالے چنے بھنے ہوئے ذرا سے کھا کر منہ صاف کر لیں۔

لقوہ کا تجربہ شدہ نسخہ سو فیصدی کامیاب۔ جیسے ہی لقوہ کی شکایت ہو فوراً بلا تاخیر مریض کو خالص شہد نیم گرم پانی میں ملا کر دیں۔ اور غذا میں جنگلی کبوتر کا شوربہ صبح و شام پلائیں۔ بس اس کے سوا اور کچھ نہ دیں کم از کم پاؤ بھر شہد روزانہ صبح و شام پلایا کریں۔ گیارہ دن اور زیادہ سے زیادہ پندرہ دن میں انشاءاللہ بالکل آرام ہوگا۔ کسی دوسری دوا کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

درد گردہ کا مجرب نسخہ، گردہ اور مثانہ کی پتھری کا بلا اپریشن مجرب علاج۔ سنگ سرماہی ایک ماشہ۔ حجر الیہود ایک ماشہ ان دونوں کو خوب باریک پیس کر جوارش زرعونی ۷ ماشہ میں ملا کر کھلائیں اور پر سے یہ دوائیں سونف کے ۷ عرق میں پیس کر پلائیں۔ تخم خربوزہ ۵ ماشہ۔ گوکھرو خوردہ ۵ ماشہ۔ دو قو ۴ ماشہ کاکنج ۴ ماشہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ شیرہ نکال چھان لیں اور شربت بزوری ملا کر پی لیں مجرب المجرب ہیں۔ درد گردہ انشاءاللہ پیتے ہی کافور ہو جائے گا۔ مگر چونکہ درد گردہ میں پتھری پیدا ہو جاتی ہے۔ پتھری کا کوئی ریزہ گردہ میں چبھتا ہے اور گردہ ایک نازک چیز ہے جب تک وہ ریزہ نکل نہ جائے درد کو سکون نہیں ہوتا۔ اکثر مریض اس درد میں ڈاکٹری علاج کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور ڈاکٹر صاحبان مارفیا (افیون) کا انجکشن دیدیتے ہیں جو گردوں کو سن کر دیتا ہے درد میں فوراً سکون معلوم ہوتا ہے مگر اس سے عارضی اور وقتی فائدہ حاصل کر کے بہت زیادہ نقصان گردوں کو پہنچتا ہے۔ یہ نسخہ گردہ کے مریض کے لئے

آب حیات ہے۔ کم سے کم ایک ہفتہ اور پتھری بڑی ہو گئی ہو تو ۱۵ دن استعمال کریں اور مولیٰ تعالیٰ کی قدرت کا تماشہ دیکھیں ساری پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گی اور انشاءاللہ ہمیشہ کے لیے اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔ غذائیں ۔ بکری کے گوشت کا شوربہ۔ چپاتی۔ مولی کی بھاجی۔ شلجم استعمال کریں۔ اور ایسے مریض چاول سے ہمیشہ پرہیز کریں۔

عرق النسا یعنی رنگین کا درد۔ یہ مرض بعض مردوں کو گردوں کی کمزوری اور دائمی قبض کے باعث اور اکثر عورتوں کو رحم کی خرابیوں کے باعث ہوا کرتا ہے۔ سیدھی طرف کم اور اُلٹی طرف زیادہ دیکھنے میں آیا ہے۔ کولھے سے شروع ہوتا ہے اور پوری ٹانگ میں ہوتا ہے اور اکثر رینگتا ہے اسی وجہ سے رنگین کا درد کہلاتا ہے۔ فقیر کے خود بھی دو سال رہا ہے جتنا علاج کرتا مرض بڑھتا جاتا آخرکار ایک درویش کامل سے یہ نسخہ ہاتھ آیا۔ صرف آٹھ روز کے استعمال سے شفا ہوئی۔ عجب ہے بہت سے مریضوں کو دیا بفضلہ تعالیٰ سب کو شفا ہوئی۔ اسگند۔ ستاور سینبھل کی موصلی۔ سونٹھ۔ بدھارا سب ایک ایک تولہ۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں اور ہموزن کچی شکر ملا کر پاؤ بھر شیر گاؤ سے نہار موہنہ ایک تولہ کھایا کریں اور سوتے وقت معجون سورنجان ۱ تولہ گرم پانی سے کھایا کریں انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں اس موذی مرض سے نجات ہو گی۔ نیز یہ نسخہ مقوی باہ اور مغلظ بھی ہے۔ غذا۔ شوربا۔ چپاتی یا گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکا کر استعمال کریں۔ باہ اور جریان میں پرہیز لازم ہے تا استعمال دوا جماع سے بچیں۔

احتلام و قوت اور دافع جریان کیلئے مجرب ہے۔ چھوہارا ۵ عدد۔ مغز بادام شیریں ۵ عدد۔ مغز کدو ۶ ماشہ نارئیل ۲ تولہ ہر چہار اشیا کچل کر نصف سیر دودھ گاؤ میں خوب پکا کر ٹھنڈا کر کے بطور ناشتہ صبح کو ناشتہ کریں اگر گرمی کا زمانہ ہو تو تخم کاہو ۶ ماشہ کا شیرہ نکال کر پکاتے وقت شامل کر لیا کریں۔

حلوا موسم سرما برائے جریان و رعت۔ چنے کی دال پاؤ سیر۔ گائے کا دودھ آدھا سیر میں خوب پکاؤ۔ جب سب دودھ جذب ہو جائے سل پر پیس کر پاؤ سیر گھی خالص میں بگھار کر پاؤ سیر شکر ملا کر حلوا بنا کر رکھ لیں اور ایک چھٹانک روزانہ بطور ناشتہ استعمال کریں۔

حب آواز کشا۔ مغز بادام شیریں ۷ عدد۔ مغز تخم کدو شیریں ۶ ماشہ۔ گوند ببول بریاں ۶ ماشہ۔ گوند کتیرہ بریاں ۴ ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ۹ ماشہ۔ گلنار فارسی ۴ ماشہ۔ عناب ولایتی ۹ دانہ۔ رُب السوس ۴ ماشہ تخم کتان

۶ ماشہ۔ ست گلو ۴ ماشہ۔ ادرک ۹ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۱۵ دانے۔ نشاستہ ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی سُرخ۔ تخم میتھی ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر بقدر ضرورت شہد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ کالی کھانسی والے کو صبح اور رات سوتے وقت ایک ایک گولی دینا چاہیئے۔ میلاد خواں، نعت خواں، مقررین اور واعظین تقریر کرتے وقت اس گولی کو منہ میں رکھکر چوستے رہیں یا پان میں رکھکر کھائیں۔ جتنا آواز سے کام لیں گے انشاء اللہ تعالیٰ اتنی ہی آواز کھلنے لگے گی آواز اور سُریلی ہو جائے گی۔ نیز یہ گولیاں ہر قسم کی کھانسی خصوصاً کالی کھانسی کے لئے بھی اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔

پُرانے زہریلے زخم خصوصاً سرطان کا لاجواب مرہم۔ سنگ جراحت ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی ۳ ماشہ۔ سفید کافور ۶ ماشہ۔ سفید کاشغری ۵ ماشہ۔ پرانا ٹاٹ سوختہ کی راکھ ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ ۵ ماشہ۔ انزروت ۳ ماشہ کسی حلال جانور کے جلے ہوئے بالوں کی راکھ۔ ۳ ماشہ۔ مردار سنگ ۴ ماشہ۔ کمیلہ ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۱ ماشہ جند بیدستر ۳ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ موم خالص ۵ تولہ۔ ترکیب:۔ پہلے افیون کو سرسوں کے روغن میں حل کرلیں، پھر موم پگھلائیں اور یہ حل کیا ہوا روغن اس میں ملائیں، پھر باقی دوائیں جو پہلے خوب باریک پیس کر رکھ لی گئیں ہوں ملادیں بس مرہم تیار ہے۔ اور پھایہ بناکر زخم پر لگائیں۔ یہ مرہم کنٹھ مالا کے لئے بھی اکسیر ہے۔

ضروری ھدایات:۔ کنٹھ مالا کے مریض کو مرہم کے ساتھ ۵ عدد منڈی صبح اور ۵ عدد شام کو پانی کے ساتھ تین ماہ تک کھلاتے رہنا۔ کنٹھ مالا کے اثر کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیتا ہے اور ہلکے بخار میں جو کنٹھ مالا کے سبب سے قائم ہو جاتا ہے، جاتا رہتا ہے اور مریض بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔

اکسیر شکم:۔ یہ گولیاں ہیضہ۔ دردِ شکم۔ باؤ گولہ۔ بدہضمی۔ ضعف معدہ۔ بھوک کی کمی میں اسم بامسمیٰ ہیں بناکر مریضوں پر استعمال کیجئے اور دعائیں لیجئے۔ نسخہ یہ ہے۔ مدار کا منہ بند پھول۔ سہاگہ بریاں۔ پودینہ خشک۔ فلفل سیاہ۔ لونگ۔ سونٹھ۔ نمک سیاہ سب ایک ایک تولہ، سب کو باریک پیس لیجئے اور پیستے وقت چند قطرے پانی ڈالتے جائیے۔ یہ دوا جتنی باریک پسے گی اتنی ہی زود اثر ہو گی۔ اتنا پیسے کہ شکل میدہ کے ہو جائے لیس پیدا ہو کر گولی باندھنے کے قابل ہو جائے چنے کے برابر بنالیں۔ بعد غذا یا جب ضرورت ہو گرم پانی سے کھلائیں۔

پیٹ کے کیڑے:۔ پیٹ کے کیڑے مارنے کا بے نظیر نسخہ۔ پلاس پاپڑا ۳ ماشہ۔ تخم کرنجوا ۳ ماشہ اجوائن پوربی ۳ ماشہ۔ کمیلا ۳ ماشہ۔ بابڑنگ ۳ ماشہ۔ ان سب دواؤں کو خوب باریک پیس کر قند سیاہ ۳ تولہ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالی جائیں، مریض کو ایک گولی روزانہ شکر کے شربت کے ہمراہ کھلائیں۔ پیٹ کے سب کیڑے مرکر نکل جائیں گے اور آئندہ کیلئے ان کی پیدائش بند ہو جائے گی۔ دوا کم از کم ۱۵ روز تک بلاناغہ سوتے وقت کھلائی جائے۔

برائے استحاضہ:۔ گیرو ایک تولہ مصطگی رومی ۸ ماشہ۔ کہربا شمعی ۴ ماشہ تینوں کو باریک پیس کر ۴ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ۔ شربت الجبار ایک تولہ کے ہمراہ پلائیں۔ کیسا ہی خون جاری ہو خواہ حلق سے خواہ ناک سے یا رحم سے انشاء اللہ اس سے رک جائے گا۔ بہت مجرب المجرب ہے۔

بعض تجربہ شدہ مجرّب اعمال

ناجائز دوستی اور محبت چھڑانے کا تجربہ شدہ عمل اگر کوئی چاہے کہ دو آدمیوں کے درمیان جدائی اور عداوت پیدا ہو جائے تو یہ تعویذ لکھکر کسی بزرگ یا شہید کے مزار پر جائے اور کسی اینٹ میں مزار یا متصل مزار یا چبوترے میں اس تعویذ کو جو موم جامہ کیا ہو عطر خوشبو لگا کر اینٹوں کے اندر رکھدے اور بعد فاتحہ کے صاحب مزار کی طرف متوجہ ہو کر کہے کہ یہ امانت آپ کے پاس رکھے جاتا ہوں جس وقت میری حاجت پوری ہوگی تو میں آپکے مزار پر شرینی و عطر و ہار پھول حاضر کرکے فاتحہ دلاؤں گا۔

جب دونوں کے درمیان جدائی ہو جائے مزار پر جائے نذر و نیاز کرے اور تعویذ نکال لے اور آٹے کے گلے میں رکھ کر دریا میں ڈالدے۔ نقش یہ ہے۔

ذالبطش الشدید	یا قاھر	لایطاق
انت الذی	انتقام	انت الذی
لایطاق	یا قاھر	ذالبطش الشدید

الٰہی بحرمت غضب و غصہ و قہر خود مابین فلاں بن فلاں و مابین فلاں بنت فلاں جدائی و عداوت شود۔ والقینا بینھم العداوت والبغضاء الیٰ یوم القیمۃ بحق یا قہار تقہرت والقہر فی قہرک یا قہار۔

دشمن کو دوست بنانے کا عمل۔ تسمیہ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ بسم خواب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ اَلَمْ يَجْعَلْ بسم الخ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ بسم الخ

...تَلْ نُجْعَلْهُم بستم الخ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ الخ۔ یہ سورت ۷ بار پڑھکر شکر پر دم کریں ... کھلائیں تو چیونٹیوں کو ڈالدیں۔

...ن و شوہر۔ بروز جمعہ لکھے۔ اگر بیوی ...عنت ہو تو مرد اور مرد تشدد کرے تو عورت اپنے بازو پر باندھے۔

۱۵۳۸۱	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۷	۱۵۳۷۴
۱۵۳۸۶	۱۵۳۷۷	۱۵۳۸۰	۱۵۳۸۵
۱۵۳۷۵	۱۵۳۸۹	۱۵۳۸۲	۱۵۳۷۹
۱۵۳۸۳	۱۵۳۷۸	۱۵۳۷۶	۱۵۳۸۸

مرد و عورت ہر دو کی محبّت کیلئے۔

(از اعلیٰحضرت) مرد کو مطیع کرنا ہو تو عورت باندھے اور عورت کو مطیع کرنا ہو تو مرد باندھے۔

لا الٰہ الا اللہ	۱۱
عـــہ اللہ مرد اللہ	اللہ

ساعت نکالنے کا نہایت آسان طریقہ جو کسی کتاب میں نہیں ملے گا!

نمبر ۱ و نمبر ۲ وغیرہ جو ساعت سیارگان میں دیا ہوا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ بعد طلوعِ آفتاب پہلی ساعت یعنی پہلا گھنٹہ مثلاً دو شنبہ یعنی پیر کے دن طلوعِ آفتاب صبح ۶ بجکر ۳۰ منٹ پر ہے تو ۶ بجکر ۳۰ سے ۷ بجکر ۳۰ منٹ تک۔ قمر کی ساعت پھر ۷ بجکر ۳۰ منٹ سے ۸ بجکر ۳۰ منٹ تک زحل کی ساعت پھر ۸ بجکر ۳۰ سے ۹ بجکر ۳۰ منٹ تک مشتری کی ساعت پھر اسی طرح ترتیب وار مریخ۔ آفتاب۔ زہرہ۔ عطارد۔ قمر اور پھر وہی زحل مشتری وغیرہ لیوئیں۔ ۲۴ گھنٹہ ہر روز ساعتوں کا چکر رہتا ہے۔ چونکہ ساتویں آسمان پر زحل۔ چھٹے آسمان پر مشتری۔ پانچویں پر مریخ۔ چوتھے پر آفتاب۔ تیسرے پر زہرہ۔ دوسرے پر عطارد۔ پہلے پر قمر ہے اور ہر ستارہ ہر دن سے منسوب ہے اس کو اس نقشہ میں دیکھیئے۔ مع شرف و ہبوط۔ نمبر ۱ اسی حساب سے ساعات بدلتی ہیں۔

نقشہ نمبر ۲ میں ہے ملاحظہ کیجئے!

ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	پیر
شنبہ	پنجشنبہ	سہ شنبہ	یکشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ	دوشنبہ
زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر
ساتویں آسمان پر	چھٹے آسمان پر	پانچویں آسمان پر	چوتھے آسمان پر	تیسرے آسمان پر	دوسرے آسمان پر	پہلے آسمان پر
زحل یعنی سنیچر کو	مشتری برہسپت کو	مریخ یعنی منگل کو	آفتاب یعنی سورج کو	زہرہ یعنی شکر کو	عطارد یعنی بدھ کو	قمر یعنی چندرماں کو
شرف برج میزان یعنی تلا میں ہبوط برج حمل یعنی میکھ میں	شرف برج سرطان یعنی کرک میں ہبوط برج جدی یعنی مکر میں	شرف برج جدی یعنی مکر میں ہبوط برج سرطان یعنی کرک میں	شرف برج حمل یعنی میکھ میں ہبوط برج میزان یعنی تلا میں	شرف برج حوت یعنی مین میں ہبوط برج سنبلہ یعنی کنیا میں	شرف برج سنبلہ یعنی کنیا میں ہبوط برج حوت یعنی مین میں	شرف برج ثور یعنی برکھ میں ہبوط برج عقرب یعنی برچھک میں

باب

نقشہ ۲ ساعت سیارگاں

ساعت	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
روز یکشنبہ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب
شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر
شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ
روز چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنجشنبہ	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شب شنبہ	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ
شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	[illegible]

۳۱ یوم	دسمبر ۱۹۵۲ء عیسوی	ربیع الاول ۱۳۷۲ ہجری	پوس ۱۸۷۴ شاکھا	مگھر سمت ۱۳۶۰ فصلی	مگھر سمت ۲۰۰۹ بکرم	مگھر شدی سمت ۲۰۰۹ — تتھ نام	پل گھڑی	قیام نچھتر روزانہ — نچھتر نام	پل گھڑی	قیام یوگ روزانہ — یوگ نام	پل گھڑی	داخلہ اوقات راس چندرماں — راس نام	پل گھڑی
سوموار	۱	۱۲										متھن	۳۲ ۲۱
منگلوار	۲	۱۳											
بدھوار	۳	۱۴											
ویروار	۴	۱۵										کرک	۵۵ ۲۶
شکروار	۵	۱۶											
سنیچروار	۶	۱۷											
اتوار	۷	۱۸										سنگھ	۲۳ ۲۳
سوموار	۸	۱۹											
منگلوار	۹	۲۰										کنیا	۵۲ ۴۴
بدھوار	۱۰	۲۱											
ویروار	۱۱	۲۲											
شکروار	۱۲	۲۳										تلا	۱۹ ۵
سنیچروار	۱۳	۲۴											
اتوار	۱۴	۲۵										برچھک	۳۹ ۵۳
سوموار	۱۵	۲۶											
منگلوار	۱۶	۲۷										دھن	۵۴ ۳۷
بدھوار	۱۷	۲۸											
ویروار	۱۸	۲۹											
شکروار	۱۹	[illegible]										مکر	۴۲
سنیچروار	۲۰	۲											
اتوار	۲۱	۳										کنبھ	۷ ۴۸
سوموار	۲۲	۴											
منگلوار	۲۳	۵										مین	۱۶ ۲۹
بدھوار	۲۴	۶											
ویروار	۲۵	۷										میکھ	۲۳ ۴۰
شکروار	۲۶	۸											
سنیچروار	۲۷	۹										برکھ	۲۳ ۴۰
اتوار	۲۸	۱۰											
سوموار	۲۹	۱۱										متھن	۵۰ ۵۹
منگلوار	۳۰	۱۲											
بدھوار	۳۱	۱۳											

بھدرا	پل گھڑی ابتدا	
	پل گھڑی انتہا	
مقدار دناں	پل گھڑی	
طلوع و غروب آفتاب	منٹ گھنٹہ طلوع	آفتاب کا طلوع یہاں سے دیکھئے
	منٹ گھنٹہ غروب	آفتاب کا غروب یہاں سے دیکھئے ۔
جدول چاندنی و اندھیرا		
تہوار اور طلوع و غروب ستارگاں	برت پورنماشی / بار وفات	یہ خانہ بڑا کارآمد ہے ۔ اس خانہ میں سے ستاروں کی رفتار معلوم کریں کہ کونسا ستارہ کب بدل کر دوسرے برج میں آیا اور کب طلوع ہوگا، کب غروب ہوگا ۔ اس کا صحیح وقت اس جدول سے معلوم کریں ۔ ۱۲

جنتری کے نقشہ کو بغور دیکھیے

یہ صرف اس لیے دیا گیا ہے کہ آپ کو ہر مہینہ میں قمر یعنی چندرماں کے ہبوط میں داخل ہونے
وقت اور تاریخ معلوم کرنے میں آسانی ہو جس کو قمر در عقرب کہتے ہیں. لیکن اس کے لئے آپ کو ہر
کی مشہور عالم جنتری کی ضرورت ہوا کرے گی جس سے اور بھی بہت سے کام نکلیں گے۔ یہ جنتری
قریب قریب ہر شہر میں مل جاتی ہے ۔

قمر در عقرب دیکھنے کا طریقہ

سب سے پہلے بروج کے نام عربی اور ہندی میں معلوم کرنا چاہئیں وہ یہ ہیں۔

عربی	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حو
ہندی	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برچھک	دھن	مکر	کنبھ	می

اب آپ نقشے کو دیکھیے جہاں داخلہ اوقات راس چندرماں لکھا ہے جس پر ۲ بنا دیا گیا ہے
قمر کس تاریخ کو کس بُرج میں ہوگا۔ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ منگل کے دن ۲ دسمبر ۱۹۵۲ء برج متھن
میں ہوگا اور ۵ دسمبر تک رہے گا اور ۵ دسمبر کو کرک میں آئے گا اور ۷ دسمبر کو سنگھ میں اور
۹ دسمبر کو کنیا میں اور ۱۲ دسمبر کو تلا میں وغیرہ وغیرہ۔

اب آپ کو دیکھنا ہے کہ برج عقرب یعنی برچھک میں کس تاریخ اور کس دن آئیگا تو معلوم ہوا کہ
۱۴ دسمبر کو بروز اتوار ۲۹ گھڑی ۵۲ پل پر برچھک میں آئے گا یاد رکھیئے کہ ۶۰ پل کی ایک گھڑی اور ۲½
گھڑی کا ایک گھنٹہ ہوتا ہے لہذا ۴۰ گھڑی کے ۱۶ گھنٹے ہوئے اب طلوع آفتاب سے ۱۶ گھنٹے جوڑ دیجے
مثلاً ۱۴ دسمبر کو طلوع کے خانہ میں جس پر ۲ دو ۴۴ بنا دیئے ہیں۔ دیکھا تو ۶ بجکر ۵۴ منٹ پر طلوع آ
لہذا رات کے قریب قریب ۱۱ بجے چاند برج عقرب یعنی برچھک میں داخل ہوگا۔ اب آپ
دیکھنا ہے کہ اس برج میں کب تک رہے گا تو چاند ہر برج میں تقریباً ڈھائی دن رہتا ہے۔ دیکھیے ۱۶ دسمبر
بروز منگل دھن میں ۵۴ گھڑی ۳۷ پل پر آیا ۵۴ گھڑی کے گھنٹے بنائے تو تقریباً ۲۲ گھنٹے ہوئے ۔

کچھ منٹ کم تو کچھ منٹ کی کمی بیشی یا پل وغیرہ کا شمار میں لانا آپکے لئے ضروری نہیں ہے۔ صبح ۶ بجے سے دوسرے دن صبح ۴ بجے تک ۲۲ گھنٹے ختم ہوتے ہیں۔ جس کے معنی یہ ہوں گے کہ چاند دوسرے دن صبح یعنی ۱۷ دسمبر بروز بدھ قبل طلوع آفتاب برج عقرب سے نکل کر برج قوس یعنی دھن میں صبح ۵ بجے آئے گا۔ اسی طرح ہر تاریخ کو چاند کی رفتار کا پتہ لگا سکتے ہیں کہ کس برج میں ہے مگر نظرات سعد و نحس دیکھنے کے لئے اس کی بھی ضرورت ہے کہ دیگر سیاروں کی رفتار معلوم کی جائے کہ وہ کس کس برج میں ہیں۔ اس کے لئے مشہور عالم جنتری سے دوسرے کالم کا نقشہ بنا کر پیش کیا جاتا ہے تاکہ آپ ہمیشہ جنتری سے ہر ستارے کا حال معلوم کر سکیں کہ کون ستارہ کس برج میں ہے۔ طلوع ہے یا غروب، رفتار ستارے کی الٹی ہے یا سیدھی وغیرہ وغیرہ۔ اس نقشہ کو صہ ۹۳ پر ملاحظہ فرمائیے۔

یہ نقشہ بھی ضرورت کے وقت بہت کارآمد ثابت ہوگا کہ کون ستارہ کس ستارہ کا دوست ہے اور کون کس کا دشمن ہے اور کون ستارہ کس کس گھر کا مالک ہے۔

ستاروں کے نام	زحل یعنی سنیچر	مشتری یعنی برہسپت	مریخ یعنی منگل	آفتاب یعنی سورج	زہرہ یعنی شکر	عطارد یعنی بدھ	قمر یعنی چندرماں
ستارے کن کن برجوں کے مالک ہیں	برج جدی و دلو	برج حوت و قوس	برج حمل و عقرب	برج اسد	برج ثور و میزان	برج جوڑا و سنبلہ	برج سرطان
دوست ستارے	زہرہ عطارد	آفتاب قمر و مریخ	آفتاب قمر و مشتری	قمر مریخ مشتری	زحل عطارد	آفتاب و زہرہ	عطارد و آفتاب
دشمن ستارے	آفتاب قمر و مریخ	عطارد و زہرہ	عطارد	زحل زہرہ	آفتاب قمر	قمر	زحل زہرہ

اس نقشہ میں صرف ضروری چیزیں بنادیگئیں غیر ضروری قصداً نہیں لیگئیں یہ نقشہ ہر ماہ کا مشہورِ عالم جنتری میں موجود ہے

تقویم سیارگان

نوٹ:- جو ستارہ شرف میں ہوتا ہے وہ بہت قوی ہوتا ہے اور جو ستارہ ہبوط میں ہوتا ہے گویا وہ دشمن کے گھر میں قید ہے۔ اگر غروب بھی ہے گویا بیمار ہے اور اگر بکری یعنی الٹی رفتار ہے تو انتہائی تکلیف میں ہے عقلمند کیلیے یہ اشارات کافی سے زیادہ ہیں ایک من علم کو دس من عقل کی ضرورت ہے ذیل میں حاشیہ نمبر ۱ ملاحظہ ہو

ط سے مراد طلوع اور غ سے مراد غروب ہے۔ ب سے مراد بکری یعنی الٹی رفتار، م سے مراد مارگی یعنی سیدھی رفتار ہے۔

۳ اس میں جو ہندسے بنے ہیں اس سے درجہ مراد ہے کہ کون ستارہ کس برج میں کتنے درجہ پر ہے۔

۴ اس میں نام راس یعنی جو ستارہ جس برج میں ہے اس کا نام لکھا ہے۔

۵ اس نمبر میں ستاروں کے نام لکھے ہیں۔

۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰ ان سب نمبروں میں جو کنڈلیاں یعنی زائچہ بنے ہیں ان کے ذریعہ سوائے قمر یعنی چندرماں کے باقی تمام ستاروں کا مقام معلوم کر سکتے ہیں کہ کن کن تاریخوں میں کون کون ستارہ کس کس برج میں ہے۔ یہ زائچہ تقریباً ایک ایک ہفتہ کا ہے۔ مگر جب آپ زائچہ بنائیں تو اس کے حساب سے ستارے زائچہ میں لکھ لیا کریں۔ ہاں چاند کو دوسرے نقشہ میں جو اس سے پہلے بنایا جا چکا ہے، دیکھا کہ کس برج میں ہے لکھ لیا کریں کیونکہ چاند ہر ڈھائی دن کے بعد اپنی راس بدل دیتا ہے۔

مشہورِ عالم جنتری میں اسی طرف سیدھے ہاتھ کو ہر مہینہ کا ایک نقشہ دیا ہے وہ بھی بہت کارآمد ہے۔

بابُ النجوم

راس اور نچھتر معلوم کرنے کا طریقہ جو بہت کارآمد ہے۔

ناظرین! دنیا کی تمام موجودات کو جیوتشیوں نے اس نقشے پر تقسیم کر دیا ہے پس اپنی راس اور نچھتر معلوم کرنیوالے کو چاہیے کہ اپنے نام کا حرف اس نقشہ میں دیکھے۔ پس اس حرف کے اوپر جو راس لکھی ہے وہی اس شخص کی راس ہوگی اور جو نچھتر اس کے جانب راست لکھا ہے اس کا وہی نچھتر ہوگا مثلاً ایک شخص رحیم بخش کی راس نچھتر معلوم کرنا ہے۔ حرفِ اوّل "ر" زیریں تلا راس اور جانب راس اُس کے نچھتر چیترا لکھا ہے۔ پس رحیم بخش کی راس تلا اور نچھتر چیترا ہے۔

۱ حمل میکھ		۲ ثور برکھ		۳ جوزا متھن		۴ سرطان کرک		۵ اسد سنگھ		۶ سنبلہ کنیا		۷ میزان تلا		۸ عقرب برچھک		۹ قوس دھن		۱۰ جدی مکر		۱۱ دلو کنبھ		۱۲ حوت مین	
نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف	نام نچھتر	حروف
	چھو	کرتکا	ای	مرگ‌شر	کا	پربس	ہی	مگھا	ما	اترا پھاگنی	ٹو	چیترا	را	بشاکھا	تو	ہولا	یے	اترا اکھاڑا	بھو	دھنشٹا	گو	پوربا بھادرپد	دی
		۳	او	۴	کی	پکھ ۱	ہو	۲	می	۳	پا	۴	ری	انرادھا	نا	۲	یو	۲ ۳	جا جی	۴	گے	اترا بھادرپد	دو
			ے		لو	۲	ہے	۳	مو	۴	پی	اسواتی	رو	۲	نی	۳	بھا	بہیت	جو	بھا منت	گو	۱	تھا
			او	۲	گھا	۳	ہو	۴	مے	۱	پو	۲	رے	۳	نو	۴	بھی	۱ ۲ ۳	جے جر	۲	سا	۲ ۳	جھا
۱	ی	۲	دا با	۳	انگا	۴	ڈا	۱	مو	۲	شا	۳	رو	۴	نے	۱	بھو	۴	کھا	۳	سی	۴	انجان
۲	لو	۳	وی بی	۴	چھا	۱	ڈی	۲	ٹا	۳	اناں	۴	تا	جیشٹا ۱	نو	۲	دھا	تروں	کھی کھو	۴	سو	۱	دے
۳	ے	۴	بو دو	۱	کے	۲	ڈو	۳	ٹی	۴	ٹھا	۱	تی	۲	یا	۳	پھا	۳ ۴	کھے بھو	۱	سے	۲	دو
۴	بو	۱	وے بے	۲	کو	۳	ڈے	۴	ٹو	۱	پے	۲	تو	۳	یی	۴	ڈھا	۱	گا	۲	سو	۳	چا
آ	آ	۲	دو بو	۳	ہا	۴	ڈو	پھاگنی اترا	ٹے		پو	۳	تے	۴	یو	۱	بھے	۲	گی	ند	دا	۴	چی

نچھتر جنم کنڈلی بناتے وقت دیکھنا ہوتا ہے اور گھری معلومات میں کارآمد ہے۔ ہمارے احباب اس نقشہ کو دیکھ کر صرف راس یعنی سائل کا طالع معلوم کر کے زائچہ بنا لیا کریں۔ زائچہ بنا کر ساتوں ستارے جس جس برج میں ہوں وہاں وہاں لکھ کر ہر ہر ستارے کی سعادت اور نحوست کے ذریعہ بہت سی باتیں معلوم کر کے حکم لگا سکتے ہیں اور چیزیں ضرورت کے وقت عامل کو بہت کام دیں گی۔ مگر یہ بھی معلوم ہونا ضروری ہے کہ بارہ خانے کس کس کام سے منسوب ہیں۔ اس کو اگلے صفحہ پر دیکھیے۔

عامل کے لئے اس علم کا جاننا فی زمانہ بہت ضروری ہے

اس کتاب میں مختصراً آسان طریقہ سے جو اصول سمجھائے گئے ہیں گویا وہ سمندر در کوزہ ہیں۔ مگر یک من علم را دہ من عقل باید کا مضمون ہے۔ اگر آپ اس کے اہل ہیں تو اسی سے بڑے بڑے کام ہو سکتے ہیں۔

نام کی راس۔ معلوم کرنے کا جو طریقہ نقشہ بنا کر بتایا گیا ہے۔ یہ نقشہ مشہور عالم جنتری میں بھی ملے گا۔ اب اس کے فوائد ملاحظہ ہوں۔

پہلا فائدہ:۔ اگر آپ نے کوئی عمل بطور زکوٰۃ پڑھنا ہے اور اس عمل کا عامل ہونا ہے تو ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ میں عمل کس تاریخ کو شروع کروں جس کے شرائط نمبروار دیکھئے۔

۱:۔ عروج ماہ ہو جو یکم سے تقریباً دس تاریخ تک معتبر مانا جاتا ہے۔

۲:۔ قمر برج عقرب میں نہ ہو ورنہ بجائے فائدے کے نقصان کا احتمال ہے۔

۳:۔ قمر اپنے طالع میں ہو یا کسی اپنے گھر میں یا شرف میں ہو اور کسی نحس ستارہ کی جیسے زحل اور مریخ جن کو ہندی میں سنیچر اور منگل کہتے ہیں کہ یہ ستارہ نحس اکبر ہیں۔ چوتھی یا آٹھویں نظر نہ پڑتی ہو بلکہ دو سعد ستارہ مثل مشتری و زہرہ میں سے کوئی ستارہ تیسری یا پانچویں یا نویں نظر سے دیکھتا ہو کہ یہ نظریں سعد اکبر ہیں۔ تو انشاء اللہ بلا تکلف کامیابی ہے۔ ان باتوں کی معلومات کے لئے سب سے پہلے آپ کو عروج ماہ اور شرف قمر کی تلاش ہوگی۔ جس کی مثال ذیل میں ملاحظہ ہو۔

ماہ دسمبر ۱۹۵۲ء کا جو نقشہ دیا ہے۔ اس میں دیکھا کہ ۲۷ دسمبر مطابق ۹ ربیع الثانی کو قمر ۳۴/۴۰ یعنی ۳۴ گھڑی ۴۰ پل پر برج ثور یعنی برکھ میں آئے گا اور یہ قمر کے شرف کا گھر ہے۔

نوٹ:۔ ۳۰ پل سے زائد ہو تو اس کو ایک گھڑی مان لیں اور ۳۰ پل سے کم ہوں تو چھوڑ دیا کریں۔ اس اعتبار سے ۳۵ گھڑی جس کے ۱۴ گھنٹے ہوئے گویا ۹ ربیع الثانی مطابق ۲۷ دسمبر ۱۹۵۲ کو بعد غروب آفتاب آئیگا۔ اب نام کی راس نکالی مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے راس کے پہلے حرف سے میری

راس برکھ ہوتی ہے۔ اسی راس سے زائچہ اس شکل کا بنایا۔

برکھ دوسرا برج ہے۔ ۲ سے زائچہ پُر کر کے ستارے جنتری سے دیکھ کر لکھے تو یہ شکل ہوتی ہے قمر کا حال تو معلوم ہے کہ وہ اس تاریخ میں برکھ میں ہے۔ وہاں لکھ دیا باقی ستاروں کا مقام دوسرے نقشے میں جس میں ۵ کنڈلیاں ایک ایک ہفتہ کی بنا کر بتایا گیا ہے۔ دیکھا تو ۲۴ دسمبر سے ۳۰ دسمبر تک کی کنڈلی کے حساب سے اپنے زائچہ میں دیگر ستاروں کے نام لکھے تو یہ شکل ہوئی۔ اس کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ سنیچر کی آٹھویں اور مریخ کی چوتھی نظر طالع پر پڑ رہی ہے اور یہ دونوں نظریں دشمنی کی ہیں اور ستارے بھی نحس ہیں۔ ادھر قمر شرف میں ہے۔ برکھ راس کا مالک شکر پانچویں یعنی دوستی کی نظر سے اپنے گھر کی حفاظت کر رہا ہے۔ لبعد عشاء سے سمجھا جاسکتا ہے کہ اس تاریخ کے بعد عشاء عمل شروع کرنا مساوی ہے اگرچہ کچھ تکالیف رہیں گی۔ دشواریاں پیش آئیں گی۔ مگر انجام کار انشاء المولیٰ الکریم کامیابی ہوگی عمل پورا ہوگا۔

دوسرا فائدہ یہ کہ جب کوئی ضرورت مند عامل کے پاس آکر اپنی حاجت پیش کرکے عمل یا تعویذ کا خواہش مند ہو تو اس کے نام سے راس معلوم کرکے اس گھر کے مالک ستارے کو دیکھے تو ضرور یا تو وہ ہبوط میں یعنی دشمن کے گھر میں ہوگا اور عجب نہیں کہ رجعت میں ہو یعنی اُلٹا چل رہا ہو جس کو بکری بھی کہتے ہیں۔ اور کیا عجب کہ غروب بھی ہو تو عامل اگر اس علم کا اہل ہے تو وقت تکلیف کہ کب شروع ہوئی اور کب تک رہے گی معلوم کرسکتا ہے۔ اور اس کا تدارک کر سکتا ہے کہ نماز کی پابندی کرو توبہ و استغفار کرو۔ وغیرہ وغیرہ۔

تیسرا فائدہ محبت اور عداوت عشق و محبت و مقدمات۔ دشمنوں کا مقابلہ وغیرہ میں یہ علم سب سے زیادہ کارآمد ثابت ہوگا۔ مثلاً کوئی آتا ہے اور کہتا ہے کہ میری اہلیہ میکے جاکر بیٹھ گئی یا بیوی کہتی ہے کہ شوہر اتنے عرصے سے روٹی کپڑا نہیں دیتا تو سائل کے نام کی راس معلوم کرکے اس کے ستاروں کو دیکھے تو پایا تو دونوں کے ستاروں میں دشمنی ہوگی کہ اگر یہ چیز شادی کے چند ماہ یا سال کے بعد ظہور میں آئی تو ستاروں

کی رفتار میں نظریں دشمنی کی پڑتی ہوں گی یا جس کو شکایات ہے اس کا ستارہ بکری ہوگا یا غروب ہوگا یا ہبوط میں ہوگا ۔ یہ تینوں خرابیاں موجود ہوں گی تو یہ دیکھنا ہوگا کہ یہ خرابیاں کب تک دور ہوں گی ۔ ستارہ کی حالت کب تک درست ہوگی وغیرہ وغیرہ اس کے لئے نقش تکسیر حبنہ ، نقش محیط الاسرار اور دیگر محبت کے نقوش جو وقت مقررہ پر کندہ کئے جاتے ہیں کام لینے سے مقصد حاصل ہو سکتا ہے انشاءاللہ تعالیٰ اور ستاروں کی رفتار درست ہونے تک کا وقت بتایا جا سکتا ہے کہ انشاءاللہ اتنے عرصہ میں تمہارا کام ہو جائے گا ۔

مگر ایسی حالت میں دونوں کے ستاروں کے نام سے نہ دیکھنا چاہیئے بلکہ جو عامل کے پاس آئے اس کے نام کا زائچہ بنا کر دیکھ لے اگر بیوی ہے تو شوہر کا اور شوہر ہے تو بیوی کا ساتواں خانہ جو طالع کے بالمقابل ہوتا ہے ۔ اُس گھر کے مالک کو دیکھے کہ وہی خانہ بیوی یا شوہر کا ہے دشمن کا مقابلہ ہو ۔ تب بھی ساتواں ہی خانہ دیکھنا ہوگا ۔ اور پہلے اور ساتویں خانہ کے مالک ستاروں کی کمزوری اور قوت معلوم کر کے ہر بات اکون غالب اور کون مغلوب ہے ۔ یہ سب بارہ خانوں کے منسوبات میں بالتشریح درج ہے ۔ مثلاً اب اگلے صفحہ کے نقش کو دیکھنے کے بعد بھی آپ بارہ خانوں کے منسوبات کو خوب سمجھ کر یاد نہ کریں تو فقیر کے پاس اس کا کوئی علاج نہیں ۔

نوٹ : بچھتر اور راہ اور کیت کے چکر میں آپ نہ پڑیں ان سے گھر کے معاملات میں کام لیا جاتا ہے ۔

۱ سائل کی ذات کا خانہ تن وجان وغیرہ
۲ خانہ مال وغیرہ
۳ قریب کے رشتہ دار نزدیک کا سفر وغیرہ
۴ خانہ سائل کے باپ کا وغیرہ
۵ اولاد اور محبوب وغیرہ وغیرہ
۶ بیماری سحر جادو وغیرہ
۷ بی بی یا شوہر غائب مسافر وغیرہ
۸ چوری کا حال اور پوشیدہ خزانہ وغیرہ
۹ سفر دور کا خلل حج تعبیر خواب کی وغیرہ
۱۰ مال کا روزگار کا نوکری ملنا یا نہ ملنا وغیرہ کے حالات اس خانہ سے معلوم کرے
۱۱ آمدنی دولت راحت وغیرہ
۱۲ دشمنان وحاسدان و بیماری قدیم وغیرہ

دوسرے سائل کی راس کچھ بھی ہو یہ منسوبات کے خانہ اپنی جگہ قائم رہیں گے ۔ مثلاً سائل کی راس تلا ہے اور یہ ساتواں برج ہے تو ے کے ہندسہ کو طالع سے لکھنا شروع کریں گے اور اسی کے متقابل میکھ راس سے بی بی سے دسواں خانہ روزگار اور گیارھواں خانہ آمدنی کا مانا جائے گا ۔

سائل کے سوالات کیلئے یہ بارہ[12] خانوں کی خاصیتیں ذہن نشیں کر لیں۔

منسوبات خانہ اوّل جسکو طالع یا لگن کہتے ہیں۔ سوال سائل کا اگر اپنی ذات سے متعلق ہے تو زائچہ بنا کر طالع کے ستارہ کو دیکھئے اور وہ ستارہ جس حال میں ہو یعنی اگر اپنے گھر میں ہے تو اچھا ہے اور اگر اپنے دوست کے گھر میں ہے تو بھی اچھا ہے اور اگر شرف میں ہے تو بہت ہی اچھا ہے گویا سسرال میں ہے اور مثل دولہا یا نواب کے ہے اور اگر ہبوط میں ہے یا رجعت میں یعنی اُلٹا چل رہا ہے یا غروب ہے تو کمزور ہے۔ اسی پر قیاس کر کے سائل کے حالات معلوم کر سکتے ہیں مثلاً تن و جان، بیماری و تندرستی یا کوئی نیا کام مثل تجارت کا شروع کرنا۔ دکانداری۔ نفع نقصان خیر یا شر راحت یا رنج یا نصیبے کی بلندی یا شرف یا بزرگی چاہتا ہے تو اول خانہ کو دیکھے اور اس کے ستارہ کی قوت یا کمزوری معلوم کر کے جواب دیں۔

منسوبات خانہ دوم۔ اگر سائل کا سوال دوسرے خانہ سے تعلق رکھتا ہو تو مثل مال اور معاشش اور کسب و دکانداری اور قرض دینا اور لینا اور وصیت کرنا اور امانت رکھنا اور وصیّت نامہ لکھنا اور فرمان شاہی اور غائب اور مسافر کا شہر میں آنا۔ اور حال غنا اور فقیری اور طعام نوش کرنا اور طالع طفل شیر خوار کا دیکھنا اور حال سخاوت و بخل کا معلوم کرنا۔ یہ احوال خانہ دوم سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر سائل کا سوال ان باتوں سے ہو تو اس گھر کے کواکب اور طالع کو ملاحظہ کر کے حکم خیر اور شر کے اوپر کرے۔

منسوبات خانہ سوم۔ اگر سائل کا سوال اس خانہ سے متعلق ہووے مثلاً نقل و حرکت، نزدیک اور دُور اور ملاقات کرنا، دوستوں اور آشناؤں سے اور شہر و بازار میں جانا واسطے خرید و فروخت کے اور کوئی جنس رہن رکھنا اور تعبیر خواب کی نیک اور بد معلوم کرنا۔ اور علم و عبادت کا حاصل کرنا اور یہود و آتش پرست کو اس خانہ سے نیک اور بد معلوم کرنا اور ضعف اور شرف اور ہبوط اور وبال اور حضیض اور اوج جس حال میں وہ ستارہ ہووے یا خانۂ دوست اور دشمن میں سعد اور نحس یا ہمراہ راس کے یا ذنب لے یا قران مریخ یا زحل ہوئے یا احتراق میں یا رجعت میں ہوئے ان سب کو ملاحظہ کر کے جو کچھ کہ خیر و شر ہو اس پر حکم کرے تو ہرگز خطا نہ کریگا۔ اور جو اپنی عقل کی خطا ہو تو مطابق نہ ہوگا۔

منسوبات خانہ چہارم۔ اگر سائل کا سوال اس خانہ کا ہو مثلاً زراعت اور کاشت کار اور عمارت اور حال باپ سائل کا اور زمین اور باغ کے کرنا اور دفینہ اور تعلیم کودک اور بنائے شہر اور قلعہ اور بنیاد مکان کی رکھنا اور احوال خزانے کا معلوم کرنا۔ اور خیر و شر دریافت کر کے احکام بیان کرنا۔

منسوبات خانہ پنجم۔ اگر سائل کا سوال پانچویں خانہ سے تعلق رکھتا ہو تو مثلاً فرزند اور رسولاں اور خطوط اور نامہ اور ہنڈی اور طلب امید زنان سے اور دوستوں سے اور عشق اور محبت معشوق اور حال مردمان شہر کا اور سوال طلب حاملہ عورت کا واسطے فرزند کے اور شادی اور محفل اور تحفہ اور ھدیہ اور محاصل زمین و باغ اور زراعت اور نہر اور تالاب اور پل اور مالگزاری سرکار کی کرنا اور ملبوس اور پوشاک تیار کرنا مہمانی کرنا طلاق دینا وغیرہ وغیرہ۔

منسوبات خانہ ششم۔ اگر بیماری سحر جادو اور کنیز و غلام کی خرید و فروخت اور حالات حمل اور دوسری زوجہ کے متعلق سوال ہو تو اس خانہ کے ستارے کو دریافت کرے کہ کون سے خانہ میں اور کس حال میں ہے ویسا ہی حکم کرے۔

منسوبات خانہ ہفتم:۔ اگر نکاح کرنے اور شوہر و زن اور خصوصیت ان کے درمیان اور حسد ہمسائیگان اور لڑائی اور مقابلہ اور قصد عورتوں کا طرف مرد کے اور شادی اور محفل اور دشمنی اور مباحثہ اور میدان جدال و قتال اور سفر میانہ دو سو کوس سے کم ہووے اور زفاف اور مباشرت اور مواصلت با زنان و معشوقہ اور شکار اور قمار بازی ان سوالات سے متعلق ہو تو ساتویں گھر کے ستارے پر حکم کرے۔

منسوبات خانہ ہشتم۔ اگر میراث اور موت اور دہشت اور خوف و ہراس اور مال اور میراث اور گنج اور خزانہ پوشیدہ پانا اور مال چوری کا اور غرق کشتی اور فقیری اور محتاجی اور دشواری حاجات سے سوال ہو تو آٹھویں گھر کے ستارے پر حکم کرے۔

منسوبات خانہ نہم۔ اگر دور و دراز سفر اور حج اور زیارات اور علم دین اور فقہ اور حدیث اور مکان اور مدرسہ اور مساجد اور نکاح کا خطبہ اور کار ثواب اور دیکھنا خواب کا اور تعبیر اور اس کی راست ہے یا دروغ سے سوال ہو تو نویں گھر کے ستارے پر حکم کرے۔

منسوبات خانہ دہم ۔ اگر ملک اور بادشاہ اور ولیعہد اور مجتہد العصر اور قاضی اور حاکم وقت کے آگے جانا اور گفتگو کرنا اور رجوع مقدمات کی کرنا اور شرف اور بزرگی اور روزگار طلب کرنا یا کوئی پیشہ اختیار کرنا اور احوال ماں باپ کا معلوم کرنا اور نوکری سے معزول ہونا پھر بحال ہونا اور احوال آسمان اور کواکب سے مطلع ہونا اور زلزلا اور بارش کا حکم معلوم کرنا اور احوال خاص و عام خلائق کا معلوم کرنا چاہے تو دسویں گھر کے ستارے پر حکم کرے ۔

منسوبات خانہ یازدہم ۔ اگر امید کسی جگہ ہو اور سعادت اور نیک بختی اور دولت اور راحت ہوگی یا نہیں اور دوستی بزرگان اور حرمت اور عشق و دوستی اور حشمت اور تجارت سے فائدہ ہوگا اور خرید فروخت میں فائدہ ہوگا اور رشوت اور وکالت اور مقدمہ عدالت اور خرچ کرنا اور خانہ دشمن قدیم کا ہے اور اس کی سعادت اور نحوست کا ملاحظہ کرنا ہو تو گیارھویں گھر کے ستارے پر حکم کرے ۔

منسوبات خانہ دوازدہم ۔ اگر دشمنان اور حاسدان اور بدبختی اور احوال قید خانہ یعنی محبوس اور قیدی کا اور رنج و مشقت اور خدمتگاری گونہ گونہ اور خرید و فروخت چارپایان بڑے مثل ہاتھی اور اونٹ اور گھوڑا اور بیماری قدیم ان سوالات سے ہو تو سعادت اور نحوست معلوم کر کے حکم کرے ۔

بارہ برجوں میں کون کون سے بروج ثابت ہیں اور کون سے منقلب اور کون سے ذوجسدین ہیں اس نقشے سے معلوم کریں ۔

بروج منقلب	بروج ثابت	بروج ذوجسدین
حمل .... یعنی میکھ	ثور .... یعنی برکھ	جوزا .... یعنی متھن
سرطان .... یعنی کرک	اسد .... یعنی سنگھ	سنبلہ .... یعنی کنیا
میزان .... یعنی تلا	عقرب .... یعنی برچھک	قوس .... یعنی دھن
جدی .... یعنی مکر	دلو .... یعنی کنبھ	حوت .... یعنی مین

سبعہ سیّاروں کا شرف

شرف شمس ایک سال میں ۳۰ دن رہتا ہے۔ برج حمل میں شرف ہوتا ہے جب ۱۹ درجہ پر شمس برج حمل میں ہوتا ہے وہ شمس کی زیادہ قوت کا وقت ہے اور بعض برج حوت کے ۱۹ درجہ پر شرف بتاتے ہیں۔ فقیر کے نزدیک یہی معتبر ہے۔ منجم اور جفاران ان ایام میں جو زمانہ شرف کا کہا جاتا ہے۔ اپنے اپنے نقوش اور طلسم مرتب کر رکھتے ہیں اور سال بھر تک ان نقوش سے کام لیا کرتے ہیں۔ بعض اس زمانہ میں قل ھو اللّٰہ کا نقش یا حروف مقطعات قرآنی کندہ کرا کر پہنا کرتے ہیں یا کسی عقیق پر کتبہ د کندہ کراتے ہیں خواہ اس عقیق کو طلائی انگشتری پر اسی اوقات میں نصب کراتے ہیں۔ یہ کتبہ جات اور نقوش وغیرہ بنا بر عزت اور فتوح دنیوی و خوشنودی امراء و اکابر و تلاش معاش و ترقی مدارج کو از مفید ہیں۔ نوٹ، فقیر اس کے شرف میں صرف نقش محیط الاسرار و تکسیر جفیہ کندہ کیا کرتا ہے۔

شرف قمر۔ ایک ماہ میں سوا دو دن شرف رہتا ہے۔ برج ثور میں شرف ۱۳ درجہ پر زیادہ ہوتا ہے۔ اسی طرح برج سرطان میں عروج ہے یہ ہر دو وقت نہایت اچھے ہیں۔ اس میں کوئی وقت استخراج کر لیا جاوے تو وہ وقت نہایت اچھا ہے۔ اس وقت کوئی کام شروع کیا جاوے یا کوئی کتبہ مرتبہ مرتب کیا جاوے یا اس وقت میں کوئی تکسیر جفیہ منقش کی جاوے یا با ضابطہ کوئی نقش مرتب کیا جائے یا کوئی وظیفہ خواہ عمل شروع کیا جاوے۔ بہت نافع اور مناسب ہے۔ اسی طرح قمر برج ہبوط یعنی قمر در عقرب ہو اور برج جدی یعنی برج وبال میں قمر سیر کرتا ہو تو بہت منع ہے ایسے عمل اور نقش وغیرہ کا اثر کالعدم ہو جاتا ہے۔

شرف زحل۔ ۲۷ برس میں ڈھائی برس کو شرف رہتا ہے۔ دو درجہ پر زیادہ شرف رہتا ہے اس زحل کا شرف ۲۷ برس کے بعد آتا ہے۔ اس کے شرف میں آنکھوں کا سرمہ اور حب کے نقوش مرتب کئے جاتے ہیں۔ اس وقت کے نقوش بہت جلد اثر دیتے ہیں۔ یہ ستارہ نحس اکبر ہے۔ نحوست بدرجہ غایت ہے مگر جب شرف میں ہوتا ہے تو سعد اکبر بن جاتا ہے۔ جن زائچہ پیدائش میں زحل خراب پڑ گیا ہے اس خرابی کو شرف زحل کا نقش نہایت کارآمد تجربہ میں آیا ہے گویا کایا پلٹ ہے (نقش اکسیر اعظم بھی مجرب ہے)

شرفِ مشتری۔ بارہ برس میں ایک سال کو شرف رہتا ہے۔ اس مشتری کا شرف ۹ برس بعد آئے گا۔ برج سرطان میں ۱۵ درجہ پر شرف ہوتا ہے۔ یہ ستارہ سعد اکبر ہے اس کی سعید نظر ہر ستارہ پر پڑنا اچھی ہوتی ہے۔ خراب ستارہ کا اثر شرف والی مشتری سے بدل جاتا ہے۔ چونکہ مشتری قاضی فلک ہے، اہل معاملہ اور عدالتوں سے متعلق ہے۔ جس کسی کے زائچہ پیدائش میں مشتری خراب گھر اور خراب حالت میں پڑی ہے وہ ہمیشہ غریبی اور پریشانی میں رہے گا۔ اور سنیچر کی نحوست کو مشتری میں تبدیل کیا کرتا ہے۔ برج قوس اور برج حوت میں مشتری کو عروج ہے، یہ زمانہ بھی اچھا ہے۔

شرفِ مریخ۔ ڈیڑھ برس میں ۴۵ دن کو شرف مریخ آتا ہے۔ اس کے شرف میں نقش سیفی یا مثل اس کے دیگر نقوش کندہ کئے جاتے ہیں۔ افسران پولیس کو یا جن لوگوں کے دشمن بہت ہیں مریخ ستارہ کے شرفی نقوش بہت ہی زیادہ کارآمد ہیں۔ برج جدی میں ۲۸ درجہ پر مریخ کو شرف اور برج حمل اور برج عقرب میں عروج ہوتا ہے۔

شرف زہرہ۔ ایک سال میں ایکبار ۲۷ یوم کو شرف آتا ہے۔ برج حوت میں ۲۸ درجہ پر اس کو شرف ہوتا ہے۔ جب زہرہ برج حوت میں ۲۸ درجے پر ہوتی ہے یہ زمانہ زیادہ شرف کا ہے۔ درمیان دو اشخاص کے بابت محبّت اور بیاہ شادی اور کار خوشی اور سامان عیش وغیرہ میں اسی ستارہ کا اثر رہتا ہے۔ جب زہرہ ستارہ برج ثور اور برج میزان میں پہنچ جاتا ہے یہ زمانہ بھی بابت امور مذکور الصدر اچھا ہے۔ جب زہرہ ستارہ برج سنبلہ اور برج عقرب اور برج حمل میں پہنچ جاتا ہے اس وقت پر کوئی کار خوشی نہ کرنا چاہیئے اور طلسم اور نقوش بابت حُبّ اور محبّت وغیرہ نہ مرتب کرنا چاہیئے، یہ وقت نہایت خراب ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ اس زمانہ میں جن دو شخصوں میں میل و محبّت ہے خود بخود ان میں شکر رنجی پائی گئی جن کے سامان حب ادھورے ہیں۔ وہ اس زمانہ میں بالکل ختم سی ہو جاتی ہے۔ جب بنانے میں ان اوقات مذکور الصدر یعنی جب زہرہ ہبوط اور زوال میں ہو اس وقت محبت کے نقوش نہ لکھے جائیں بالکل الٹا اثر پڑے گا۔ یہ بھی تجربہ ہوا کہ جب زہرہ کو شرف ہوتا ہے تو خود بخود دو شخص کی آپس کی عداوت ذرا سے اشارہ اور کنایہ میں محبت سے بدل جاتی ہے۔

شرف عطارد۔ سال میں ایک بار ۲۷ یوم کو شرف آتا ہے۔ برج سنبلہ میں شرف رہتا ہے

میں نقوش حروف مقطعات و نقش یاعزیز او

کریگے کثرت سے یہ نقوش تیار کرتا ہے تاکہ سال

فرمائشات تینوں نقوش کے ساتھ آتی ہیں۔ ف

کردیتا ہے۔

خاص نوٹ : دست بستہ گزارش ہے کہ ج

پوری ہونے پر اس میں کامیابی نظر نہ آئے تو دا

رہیں۔ آپ کو یقین ہے کہ زمین کے نیچے پانی

کھودو پانی نکل آئے گا۔ کھودنے والا سات

بلکہ کھودے ہی جاتا ہے آخر کار پانی نکال

ارشادات پر کتنا یقین ہونا چاہیے۔

ختم

ور نقش یا منشان تیار رہتے ہیں۔ فقیر اس کا خاص اہتمام
ں بجر تک کفایت کر سکیں اور اب عرصہ دو سال سے اکثر
قیر ان تینوں نقوش کو ایک ہی انگشتری میں فٹ کر کے ارسال

عمل پڑھا جائے یا کیا جائے اگر خدانخواستہ ضروری ہدایت
سطے خدا کے اسے ترک نہ کیا جائے بلکہ یقین کے ساتھ پڑھتے
ہے اور بتانے والا اپنے تجربہ کی بنا پر بتاتا ہے کہ سات ہاتھ
ی ہاتھ کھودتا ہے اور اگر پانی نہیں نکلتا تو وہ ناامید نہیں ہوتا
ں لیتا ہے تو مسلمان کو اللہ کے کلام اور بزرگان دین کے

تصحیح شدہ
مرتب
علامہ اقبال
تصحیح کنندہ: عبدالعزیز

مجموعہ
دوم
محمد نوری
مخدوم چشتی

ناظرین شمع شبستانِ رضا سے راز و نیاز کی باتیں

شمع اوّل سے متعلق جہاں تعریف کے سینکڑوں خطوط آئے کہ اس کتاب کا ہر عمل کامیاب ہر نقش تیر بہدف ثابت ہوا وغیرہ وغیرہ۔ اسی سلسلے میں کچھ خطوط ایسے بھی آئے کہ ہم نے فلاں عمل کیا کامیابی نہ ہوئی میں ماہنامہ "نوری کرن" میں ایسے خطوط اور ان کے جوابات ہماری ڈاک کے تحت چھپتا رہا۔ اس سلسلے میں چند باتیں عرض کرنی ہیں۔

نمبر ۱۔ بغیر اجازت عامل کو کوئی عمل نہ کرنا چاہیئے۔ اعمالِ روحانیت میں اجازت شرطِ اوّل ہے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ایک کافر سے فرماتے ہیں کہ اس درخت سے کہہ تجھ کو اللہ تعالیٰ کے رسولؐ بلاتے ہیں۔ وہ جاکر کہتا ہے اور درخت زمین کو چیرتا ہوا سرکار کی بارگاہ میں حاضر ہو کر سلام عرض کرتا ہے پھر حضورؐ واپسی کا حکم فرماتے ہیں چلا جاتا ہے۔ وہ درخت یہ نہیں دیکھتا کہ کہنے والا کون ہے۔ مسلمان ہے یا کافر۔ آج میں آپ و دیگر کروڑوں مسلمان ہیں کسی درخت کے پاس جاکر ایک دو بار نہیں چالیس روز ایک پاؤں پر کھڑے رہ کر ان الفاظ کو مسلسل رات دن رٹتے رہیں کوئی نتیجہ فراہم نہیں ہوگا۔ اس کافر نے ایک بار کہا اور درخت نے اس کے حکم پر عمل کیا، بات صرف وہی ہے حکم اور اجازت لہٰذا بغیر اجازت کوئی عمل نہ کیا جائے شمع شبستان کی اجازت اور اس کے شرائط حصہ "اوّل میں درج ہیں۔ پہلے ان شرائط کو ملاحظہ فرمائیں پھر اسی کے مطابق اجازت حاصل کریں یا کسی عمل کی اجازت بطریقِ روحانیت لیں پھر عمل کریں اس کے لئے استخارہ بہتر ہے۔

نمبر ۲۔ یقین کامل ضروری ہے اجازت اور اعتقاد کامل کسی عمل کے اظہار اثر کے لئے روحانی برقی تار ہیں جو قلب و زبان کے ذریعہ متحرک ہو کر الیکٹرک تاروں کی طرح اثر انداز ہوتے ہیں۔

ہدایات برائے عاملین شمع شبستان رضا۔ یہ ہدایات حضرت قبلہ الحاج صوفی عزیز احمد صاحب مداح الرسولؐ رضوی بریلوی "مدظلہ" کو حجۃ الاسلام مولانا شاہ محمد حامد رضا خان صاحب خلف اکبر امام اہلسنت اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیعت و خلافت سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ اور جملہ تعویذات و عملیات کی اجازت عطا فرماتے وقت فرمائی تھیں کہ خلاف شرع کے لئے نہ خود استعمال کریں نہ کسی اور کو دیں نہ بتائیں۔ مثلاً اگر اجسطرح عورتیں اکثر تسخیر شوہر چاہتی ہیں کہ ہمارے کہنے میں ہو جائے جو ہم کہیں وہی کرے

حرام ہے حدیث میں اسے شرک فرمایا اللہ عزّوجل نے شوہر کو حاکم بنایا نہ کہ محکوم ۔ ۲ یا یہ چاہتی ہیں
کہ شوہر اپنی ماں بہن سے جُدا ہو جائے ۳ یا ان کو کچھ نہ دے ہم کو دے یہ سب مردود خواہشات ہیں ۔
۴ ۔ مقدمات فوجداری میں مسلمانوں کو نقوش حفاظت دیئے جائیں ۵ دیوانی و مال کے مقدمات میں
جب تک معلوم نہ ہو کہ یہ حق پر ہے نہ دیں کہ ظالم کی اعانت حرام ہے ۶ ۔ حب و تسخیر عورت کے لئے نقش و
عمل کسی کو نہ دیا جائے اس میں معاضد اکثر وجہ فاسد ہوتا ہے ، اگر فی الواقع نکاح کا طالب ہو جب بھی صریح
اندیشہ معصیت ہے کہ اجنبی کی محبّت دل عورت میں پیدا ہونا سم قاتل ہے ممکن ہے کہ نکاح میں تعویق ہو
یا اولیاء زن نہ مانیں اور محبت طرفین سے پیدا ہو چکی تو اس کا نتیجہ بُرا ہوگا ۷ یونہی تسخیر زن نہ چاہے
بلکہ اولیائے زن کی تسخیر کردہ اس سے نکاح کر دیں اور یہ ان کا کفو نہیں یعنی ایسا کم ہو کہ اس سے اس کا
نکاح اولیائے زن کے لئے مطعونی یا معصیت شرعی ہو جب بھی ہرگز نہ دیں کہ یہ مسلمان کو مضرت رسانی
ہے ۔ ۸ ۔ بلکہ بہتر یہ ہے کہ اس مقصد کے لئے مطلقاً دیا ہی نہ جائے ۔ نکاح خصوصاً ہندوستان میں
عمر بھر کا ساتھ ہوتا ہے اور انجام کا علم اللہ عزّوجل کو ہے ۔ ممکن ہے کہ یہ رشتہ اس کے لئے شر ہو تو شر
کا سبب بننا نہ چاہیئے ، ایسوں کو ہمیشہ یہ ہدایت کیجاتی ہے کہ استخارہ شرعی اور دعا کریں کہ عزّوجل
وہی کرے جو بہتر ہو ۔ ۹ نہ خود کسی مسلمان کی ضرر رسانی کا کوئی عمل کریں نہ کسی کو بتایا جاوے ۔
اگرچہ وہ اپنی مظلومی اور اس کا ظالم و موذی ہونا ظاہر کرے ، ہاں اگر ثبوت شرعی سے ثابت ہو جائے کہ وہ
عام طور پر موذی و ظالم ہے تو اس کے لئے اس قدر ضرر کی خواہش روا ہے جس قدر کہ وہ حقدار ہے ۔
اس سے زیادہ حرام ہے اور اس کا صحیح معیار پر اندازہ خصوصاً اپنے معاملہ میں بہت دشوار ہوتا ہے لہٰذا
ایسے موقع پر ہمیشہ سپر ہی ہاتھ میں رہنی چاہیئے اور تلوار سے کام نہیں لینا چاہیئے ۔ فقیر اس کا سختی
سے پابند ہے ۱۰ ۔ مسلمانوں کو لوجہ اللہ تعویذات و اعمال دیئے جائیں ۔ دنیوی نفع کی تمنا نہ ہو جیسا کہ
آجکل بحمد اللہ یہاں کا دستور ہے ۔ ۱۱ ۔ کفار کو اگر نقوش دیئے جائیں تو پوشیدہ طور پر علانیہ دینے کی
اجازت نہیں اور وہ بھی ایسا نہ ہو جس سے کسی مسلمان کا نقصان ہو اور اس سے معاوضہ لینے میں کوئی
مضائقہ نہیں ۱۲ ۔ جو لوگ اسلام کے کھلے دشمن ہوں یا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شاتم ہوں انہیں

میں سے جو لوگ اپنی کم علمی کی وجہ سے ان کے پیروکار رہوں ان کو اگر تعویذات دیئے جائیں تو ان سے معاوضہ
لے لینا چاہیئے، یہ بارہ باتیں حسب ہدایت شہزادہ اعلیٰحضرت قدس سرہ بغرض ہدایت تحریر ہیں۔ اللہ
عزوجل عمل کی توفیق دے۔ آمین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تسخیر و محبّت کا بے مثل تحفہ

عاملین، علماء و مقررین، حق پرست حق پسند حق گو حضرات کے اکثر نفس پرست، شر پسند افراد دشمن
بن جاتے ہیں اور دور حاضر میں اسلام دشمن عناصر کلمہ اور نماز کی آڑ میں اسلام کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے
والے صلح کلی قسم کے سُنّی عوام کی ہمدردیاں حاصل کر کے انہیں کے ذریعہ علمائے حق کو بدنام کرنے
اگر سوال کرے کہ غائب واپس آئے گا یا نہیں؟ مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر ۲ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے تو نہ آئے اور ۲ بچیں تو واپس آئے۔

اگر سوال کرے کہ یہ امید پوری ہوگی یا نہیں؟ نام روز اور نام سائل کے اعداد جمع کرکے ۲ پر تقسیم کرے اگر باقی بچے تو برآئے گی ۲ بچیں تو نہیں اور کس تدبیر سے برآئے گی۔ اس کے لئے مندرجہ بالا اعداد کو ۱۲ سے ضرب دے کر ۴ سے تقسیم کرے، اگر ایک بچے تو تجارت پارچہ سے ۲ بچیں تو چاندی کی تجارت سود مند ہوگی، اگر ۳ بچیں تو حیوانات کی تجارت سے اور ۴ بچیں تو سب بے سود۔

اگر سوال کرے کہ اس دوا سے فائدہ ہوگا یا نہیں؟ چاہیے کہ سب دواؤں کے نام اور دن کے اعداد نکال کر جمع کرکے ۳ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے تو فائدہ مند ہے ۲ بچیں تو حکم میانہ یعنی نہ مضر نہ مفید اور ۳ بچیں تو اس دوا سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔

اگر سوال کرے کہ سفر کروں یا نہ کروں؟ عدد نام سائل اور عدد یوم سب کو جمع کرکے ۲ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے سفر نہ کرے اور ۲ بچیں تو کرے۔

اگر سوال کرے کہ اس سفر میں فائدہ ہوگا یا نہیں؟ سائل اور دن کے اعداد جمع کرکے ۳ سے تقسیم کرے ایک بچے تو نقصان ۲ بچیں تو نفع ۳ بچیں تو حکم اوسط ہے۔

اگر سوال کرے کہ گریختہ کس سمت گیا ہے؟ مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر تین گنا کرے یعنی ۳ سے ضرب دیکر حاصل اعداد کو ۴ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے تو جانب مشرق ۲ بچیں تو شمال یعنی اُتر، ۳ بچیں تو جانب مغرب اور ۴ بچیں تو جنوب یعنی دکھن کی سمت گیا ہے۔

اگر سوال کرے کہ مال مسروقہ ملیگا یا نہیں؟ مندرجہ بالا طریقہ سے عدد نکال ۲ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو نہیں اور ۲ بچیں تو ہاں۔

اگر سوال کرے کہ چور مرد ہے یا عورت؟ سائل اور دن کے اعداد جمع کرکے ۲ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو مرد ہے اور ۲ بچیں تو عورت۔

اگر سوال چور کے رنگ وغیرہ کا ہے؟ تو مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر ۳ سے تقسیم کرے

اگر ایک بچے تو رنگ سفید مائل بہ زردی، اگر ۲ بچیں تو رنگ سرخ بہ مائل سبزی اور ۳ بچیں تو رنگ گندمی سانولا ہے۔

اگر سائل پوچھے کہ فلاں سے رنجش ہے اور مقدمہ چل رہا ہے انجام کیا ہوگا؟ چاہیئے کہ عدد نام اس روز کے اور دونوں مدعی مدعاعلیہ کے ناموں کے اعداد سب جمع کرکے ۴ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو سائل غالب آئے ۲ بچیں تو اس کے برعکس ۳ بچیں تو صلح کی اُمید ہے۔ ۴ بچیں تو رنجش در خصومت زیادہ ہونے کی علامت ہے۔

اگر سوال کرے کہ کونسا کام کروں جس سے فائدہ ہو؟ عدد نام سائل اور دن کے اعداد نکال کر ۴ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے تو تجارت زمین سے پیدا ہونے والی اشیاء کی دو ۲ بچیں تو کھیتی اور زراعت وغیرہ اور اگر ۳ بچیں تو تجارت پارچہ اگر ۴ بچیں تو نوکری اور ملازمت سے مال ہاتھ آئے گا۔

اگر سوال کرے کہ فلاں کے ساتھ شرکت کرنا مفید ہوگا یا نہیں؟ نام سائل اور دن کے اعداد کو جمع کرکے ۲ سے تقسیم کرے اگر ایک ۱ بچے تو شرکت بُری ہے اور ۲ بچیں تو مفید ہے۔

خصوصی نوٹ بابت استخارہ علم الاعداد۔ (از اقبال احمد) علم اعداد کے استخارے اکثر دیکھنے میں آئے عموماً اس علم کے ماہرین اس کے خصوصی اشارے مخفی رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ علم الاعداد سے لوگ کماحقہ، فائدہ نہیں اُٹھاتے۔ اس استخارہ میں بھی ایک امر مخفی نظر آتا ہے وہ یہ کہ سائل کے نام اور دن کے اعداد کے ساتھ اس کے سوال کے اعداد بھی شامل کرنا ہوں گے۔ یعنی سائل کے نام اور اس دن کہ جس دن سوال کیا جارہا ہے دونوں کے اعداد اور سائل کا پورا سوال جو اس کی زبان سے الفاظ ادا ہوں لکھ لے اور اس پوری عبارت کے اعداد نکالے انشاءاللہ جواب صحیح نکل آئے گا۔

۶۵:۔ **نقش بنانے کا طریقہ** عام طور پر دو قسم کے نقوش زیادہ تر کام میں لئے جاتے ہیں۔ مربع اور مثلث نقش مربع ۱۶ خانے کا ہوتا ہے اور مثلث ۹ خانے کا جس آیت یا اسم کا نقش بنانا ہو تو اس کے اعداد نکال کر جمع کرلیں۔ پھر قانون کے ۳۰ عدد کم کرکے ۴ سے تقسیم کردیں اور حاصل عدد سے نقش پُر کریں۔ مثلاً بسم اللہ شریف کے اعداد ۷۸۶ ہوتے ہیں ۷۸۶ میں سے ۳۰ کم کئے تو باقی ۷۵۶۔ اب ان کو ۴ سے تقسیم کیا تو ۴) ۷۵۶ (۱۸۹ حاصل عدد ۱۸۹ ہوئے اب ۱۸۹ ہی سے مربع نقش بھر اجائے گا۔

۶۶:۔ نقش مربع بھرنیکا طریقہ

۸ آٹھواں	۱۱ گیارھواں	۱۴ چودھواں	۱ خانہ اول
۱۳ تیرھواں	۲ دوسرا خانہ	۷ ساتواں	۱۲ بارھواں
۳ تیسرا خانہ	۱۶ سولھواں	۹ نواں خانہ	۶ چھٹا خانہ
۱۰ دسواں خانہ	۵ پانچواں خانہ	۴ چوتھا خانہ	۱۵ پندرھواں

خانہ اوّل میں ۱۸۹ اور خانہ دوم میں ۱۹۰ اسی ترتیب سے نقش بھرلیں ۔اب اس کے اعداد کو جس طرف سے بھی جوڑیں گے ۷۸۶ ہو جائیں گے اسی طرح ہر آیت اور ہر اسم کا نقش بنایا جاسکتا ہے۔

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

نوٹ :۔ اگر کسی کے اعداد پورے تقسیم نہ ہوں تو نقش بھرتے وقت کسر دینا پڑتی ہے اگر ایک بچے تو تیرھویں خانہ میں ایک بڑھائیں ۔اگر دو بچیں تو نویں خانہ میں ایک بڑھائیں اور ۳ بچیں تو پانچواں خانہ میں ابڑھائیں ۔ مثلاً اسم باری تعالیٰ حلیم کے عدد نکالے تو ۸۸ ہوئے ۳۰ قانون کے کم کئے ۵۸ بچے اب چار سے تقسیم کیا ۴)۵۸(۱۴ ۵۶ ۲ اس تقسیم میں دو بچے اب اسم یا حلیم کا نقش ۱۴ سے بھرنا ہے اور نویں خانہ میں ایک بڑھانا ہے ۔یعنی نویں خانہ میں بجائے ۲۲ کے ۲۳ لکھیں گے۔

۲۱	۲۵	۲۸	۱۴
۲۷	۱۵	۲۰	۲۶
۱۶	۳۰	۲۳ نویں خانہ میں ایک بڑھائیں	۱۹
۲۴	۱۸	۱۷	۲۹

۶۷۔ مفتاح النقوش یعنی کلیدِ رازِ سربستہ

از سیّدی امام اعلیٰحضرت عطا کردہ۔ ڈاکٹر محمد صدّیق صاحب

۱ برائے حفاظت جان و صحت از بیماری	۱۴ برائے تسخیر از دد لئے و محبت و تسخیر عوام	۱۱ برائے حصول از دیاد دولت و صحت از تجارت	۸ برائے محفوظی خوف مفسدین و متعصبین
۱۲ برائے دفع اعداء و مغلوبی اعداء	۷ برائے دفع مرض و امان از غرق آب	۲ برائے حفاظت مال و زر چور و دشمن سے	۱۳ برائے جدائی و عداوت و بربادی دشمنان
۶ برائے حفاظت از سانپ بچھو و حاسدین۔	۹ برائے گریہ طفلاں و دردِ شکم و امراضِ شکم	۱۶ برائے فتحیابی مقدمات و تعلقات ازدواج و روحانیاں	۳ برائے اصلاح و صلح دوست و برادران
۱۵ برائے فراخی زراعت و دفع کرم از کھیتی	۴ برائے زبان بندی و عقد النوم	۵ برائے عشق فراواں اور محبوب کو حاضر لانے کا	۱۰ برائے تسخیر افسران و حاکمان و امیران

• جس مقصد کے لئے نقش دینا ہو اسی خانہ سے شروع کریں۔ مذکورہ بالا طریقہ نقش پُر کرنے کا جو درج ہو اس پر عمل کرکے آپ کسی ایک اسم باری تعالیٰ سے ہر کام لے سکتے ہیں۔ خانہ مقصد سے صحیح بھرنے کا طریقہ درج ذیل ہے۔

۱ — برائے حفاظت جان و صحت از بیماری

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

۲ — برائے حفاظت مال از چور و دشمن

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

۳ — برائے اصلاح و صلح دوست و برادران

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

۴ — برائے زبان بندی و عقد النوم

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

۵
برائے عشق فراواں اور
محبوب کو حاضر کرنے کا

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

۶
برائے حفاظت از سانپ
و بچھو و حاسدین

۳	۱۶	۵	۱۰
۶	۹	۴	۱۵
۱۲	۷	۱۴	۱
۱۳	۲	۱۱	۸

۷
برائے دفع مرض و امان
از غرق آب

۹	۴	۱۴	۷
۶	۱۵	۱	۱۲
۳	۱۰	۸	۱۳
۱۶	۵	۱۱	۲

۸
برائے محفوظی خوف مفسدین
و متعصبین

۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴
۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰

۹
برائے گریۂ اطفال از درد
شکم و امراض شکم

۱۶	۳	۱۰	۵
۹	۶	۱۵	۴
۷	۱۲	۱	۱۴
۲	۱۳	۸	۱۱

۱۰
برائے تسخیر افسران
حاکمان و امیران

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

۱۱
برائے حصول مراد و دولت
و صحت از زحمت

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

۱۲
برائے دفع اعداء
و مقہوری اعداء

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

۱۳
برائے جدائی و عداوت
و بربادئ دشمناں

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۱	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

۱۴
برائے جائز دوستی
و محبت و تسخیر عوام

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۱۵
برائے فراخی زراعت
و دفع کرم از کھیتی

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

۱۶
برائے فتحیابی مقدمات
و ملاقات ارواح روحانیاں

۵	۱۰	۳	۱۶
۴	۱۵	۶	۹
۱۴	۱	۱۲	۷
۱۱	۸	۱۳	۲

نقشہ
اسمائے باری تعالیٰ مع اعدادِ قمری

هُوَاللّٰهُ	رَحْمٰنٌ	رَحِيْمٌ	مَلِكٌ	قُدُّوْسٌ	سَلَامٌ
۱۱ ۶۶	۲۹۸	۲۵۸	۹۰	۱۷۰	۱۳۱

مُؤمِنٌ ۱۳۶	مُهَيمِنٌ ۱۴۵	عَزِيزٌ ۹۴	جَبَّارٌ ۲۰۶	مُتَكَبِّرٌ ۶۶۲	خَالِقٌ ۷۳۱
بَارِئٌ ۲۱۳	مُصَوِّرٌ ۳۳۶	غَفَّارٌ ۱۲۸۱	قَهَّارٌ ۳۰۶	وَهَّابٌ ۱۴	رَزَّاقٌ ۳۰۸
فَتَّاحٌ ۴۸۹	عَلِيمٌ ۱۵۰	قَابِضٌ ۹۰۳	بَاسِطٌ ۷۲	رَافِعٌ ۳۵۱	خَافِضٌ ۱۴۸۱
مُعِزٌّ ۱۱۷	مُذِلٌّ ۷۷۰	سَمِيعٌ ۱۸۰	بَصِيرٌ ۳۰۲	عَدلٌ ۱۰۴	لَطِيفٌ ۱۲۹
خَبِيرٌ ۸۱۲	رَقِيبٌ ۳۱۲	مُجِيبٌ ۵۵	وَاسِعٌ ۱۳۷	حَكَمٌ ۶۸	وَدُودٌ ۲۰
عَظِيمٌ ۱۰۲۰	غَفُورٌ ۱۲۸۶	شَكُورٌ ۵۲۶	عَلِيٌّ ۱۱۰	كَبِيرٌ ۲۳۲	حَفِيظٌ ۹۹۸
مُقِيتٌ ۵۵۰	حَسِيبٌ ۸۰	جَلِيلٌ ۷۳	كَرِيمٌ ۲۷۰	مَجِيدٌ ۵۷	بَاعِثٌ ۵۷۳
شَهِيدٌ ۳۱۹	حَقٌّ ۱۰۸	قَوِيٌّ ۱۱۶	وَكِيلٌ ۶۶	مَتِينٌ ۵۰۰	وَلِيٌّ ۴۶
حَمِيدٌ ۶۲	مُحصِيٌ ۱۴۸	مُبدِئٌ ۵۶	مُعِيدٌ ۱۲۴	مُحيِيٌ ۶۸	مُمِيتٌ ۴۹۰
حَيٌّ ۱۸	قَيُّومٌ ۱۵۶	وَاجِدٌ ۱۴	مَاجِدٌ ۴۸	وَاحِدٌ ۱۹	اَحَدٌ ۱۳
صَمَدٌ ۱۳۴	قَادِرٌ ۳۰۵	مُقتَدِرٌ ۷۴۴	مُقَدِّمٌ ۱۸۴	مُؤَخِّرٌ ۸۴۶	اَوَّلٌ ۳۷
آخِرٌ ۸۰۱	ظَاهِرٌ ۱۱۰۶	بَاطِنٌ ۶۲	وَالِيٌّ ۴۷	مُتَعَالِيٌ ۵۵۱	بَرٌّ ۲۰۲
تَوَّابٌ ۴۰۹	مُنتَقِمٌ ۶۳۰	مُنعِمٌ ۲۰۰	عَفُوٌّ ۱۵۶	رَؤُفٌ ۲۸۶	مَالِكُ المُلكِ ۲۱۲

ذُوالجلالِ ۸۰۱	وَالاِکرام ۲۹۹	رَبٌّ ۲۰۲	مُقسِطٌ ۲۰۹	جَامِعٌ ۱۱۴	غَنِیٌّ ۱۰۶۰
مُغنِیٌ ۱۱۰۰	مُعطِیٌ ۱۲۹	مَانِعٌ ۱۶۱	ضَارٌّ ۱۰۰۱	نَافِعٌ ۲۰۱	نُورٌ ۲۵۶
هَادِیٌ ۲۰	بَدِیعٌ ۸۶	بَاقِیٌ ۱۱۳	وَارِثٌ ۷۰۷	رَشِیدٌ ۵۱۴	صَبُورٌ ۲۹۸
دَیَّانٌ ۶۵	بَصِیرٌ ۳۰۲	اَکبَرٌ ۲۲۳	دَافِعٌ ۱۵۵	دَلِیلٌ ۷۴	دَائِمٌ ۴۶
قَدِیمٌ ۱۵۴	شَافِیٌ ۳۹۱	حَلِیمٌ ۸۸	حَنَّانٌ ۱۰۹	مَنَّانٌ ۱۴۱	سَرِیعٌ ۳۴۰
مُقِیمٌ ۱۹۰	سُبُّوحٌ ۷۶	حَافِظٌ ۹۸۹	سَتَّارٌ ۶۶۱	صَانِعٌ ۲۱۱	مُسَبِّبُ الاَسبَاب ۲۰۱
اَحکَمُ الحَاکِمِین ۲۲۹	مُحتَسِبٌ ۵۱۰	کَافِیٌ ۱۱۱	وَافِیٌ ۹۷	عَادِلٌ ۱۰۵	حَکِیمٌ ۷۸
ثَابِتٌ ۹۰۳	زَکِیٌّ ۳۷	مُعَظَّمٌ ۱۰۵۰	نَصِیرٌ ۳۵۰	مُتَکَلِّمٌ ۵۳۰	سُبحَانٌ ۱۲۱
قَدِیرٌ ۳۱۴	مَحمُودٌ ۹۸	صَدُوقٌ ۱۹۴	نَقِیٌّ ۱۶۰	تَقِیٌّ ۵۱۰	قَائِمٌ ۱۴۲
اِلٰهٌ ۳۶	مَخفِیٌّ ۸۳۰	بُرهَانٌ ۲۵۸	سُلطَانٌ ۱۵۰	سَلَمٌ ۱۳۰	حَامِدٌ ۵۳
شَاهِدٌ ۳۱۰	جَمِیلٌ ۸۳	مَالِکٌ ۹۱	مَلِیکٌ ۱۰۰	حَاکِمٌ ۶۹	عَالِمٌ ۱۴۱
اَعلٰی ۱۱۱	وَحِیدٌ ۲۸	مُغِیرٌ ۱۲۷	مُعِینٌ ۱۷۰	مُستَبِینٌ ۵۶۲	قَرِیبٌ ۳۱۲
ابجد هوز ۱،۲،۳،۴،۵،۶،۷	حطی کلمن ۸،۹،۱۰،۲۰،۳۰،۴۰،۵۰	سعفص ۶۰،۷۰،۸۰،۹۰	قرشت ۱۰۰،۲۰۰،۳۰۰،۴۰۰	ثخذ ۵۰۰،۶۰۰،۷۰۰	ضظغ ۸۰۰،۹۰۰،۱۰۰۰

اپنی ذات کے لئے اسمِ اعظم استخراج کرنے کا طریقہ اپنے نام کے اعداد نکال کر اتنے ہی اعداد کا اسمِ باری تعالےٰ تلاش کیجئے اگر ایک اسم نہ ملے تو دو اسمائے باری ملاکر اپنا اسمِ اعظم بنا لیجئے مثلاً میرے نام کے اعداد ۱۸۷ ہیں کوئی ایک اسم جس کے ۱۸۷ اعداد ہوں نہیں ملا اس لئے دو اسم ملاکر اپنا اسمِ اعظم بنایا۔ **یا سبحان** کے اعداد ۱۲۱ اور **یا اللہ** کے ۶۶ دونوں کے اعداد ملاکر ۱۸۷ ہو گئے اب اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرمان کے مطابق یا سبحان یا اللہ کے اعداد کو دگنا کر کے یعنی ۳۷۴ بار ورد میں رکھے تو اسم کی تلاوت اسم اعظم کا کام دے گی۔ جس کا خلاصہ اسی حصّہ اور ۲۱ پر ملاحظہ فرمایئے

اسمِ اعظم شریف کی تلاش

اکثر عاملین۔ عابدین۔ زاہدین بلکہ عام مسلمین صدیوں سے اسم اعظم کی تلاش و جستجو میں سرگرداں ہیں۔ کتنی ہی کتابیں تصنیف کی گئیں اور اکثر نے اس تلاش میں کتب و تفسیر و احادیث کے مطالع میں زندگیاں وقف کر دیں مگر کسی ایک نقطے پر سب کی نگاہیں مرکوز نہ ہو سکیں۔ عوام تو عوام، خواص اور عالمِ علم روحانیات بھی اس امر پر متفق نہ ہو سکے کہ فلاں اسم ہی اسم اعظم ہے۔ اعلیٰحضرت قدس سرہٗ کے والدِ ماجد مولانا نقی علی خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف لطیف احسن الدعاء میں نو بشارتوں میں اسم اعظم شریف کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ اور امام اہلسنت والجماعت اعلیٰحضرت قدس سرہٗ نے ان گیارہ بشارتوں کا اور اضافہ فرماکر ۲۰ کا عدد پورا کر دیا جو کہ ہدیۂ قارئین ہے۔

اسم اعظم کی تحقیق

از قلم امام اہلسنت اعلیٰحضرت قدس سرہٗ اور آپ کے والد ماجد مولانا نقی علی خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ قال الرضا۔ یہاں بیس ۲۰ بشارتیں ہیں۔ نو حضرت مصنف علام قدس سرہٗ نے ذکر فرمائیں اور گیارہ فقیر سگ کوئے قادری غفرلہٗ تعالیٰ لہٗ نے بڑھائیں۔

بشارت ۱:۔ حدیث میں آیۂ کریمہ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ کی نسبت فرمایا یہ اسم اعظم ہے جو اس کے ساتھ دعا کرے قبول ہو۔ علماء فرماتے ہیں آیۂ کریمہ قبول دعاء

خصوصاً دفع بلا میں تمام تر رکھتی ہے۔ قَالَ الرَّضَا۔ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم نہ بتادوں کہ جب اس کو پکارا جائے، اجابت کرے اور جب اس سے سوال کیا جائے عطا فرمائے وہ دعا یہ ہے جو حضرت یونس علیہ السلام نے تین تاریکیوں میں کی تھی۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۞ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ خاص حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے تھا یا سب مسلمانوں کے لئے ہے۔ فرمایا۔ مگر تو نے خدا تعالیٰ کا ارشاد نہ سُنا کہ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ، یعنی پس ہم نے یونس علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی اور اُسے غم سے نجات دی اور یوں ہی نجات دیں گے ایمان والوں کو رواہ احمد والترمذی والنسائی والحاکم مطولاً واللفظ لہ والبیھقی والضیاء فی المختارۃ۔

بشارت ۲:۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہتے سُنا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۞

ارشاد فرمایا خدا کی قسم تو نے اللہ تعالیٰ سے وہ اسم اعظم لیکر سوال کیا کہ جب اس سے سوال کیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے اور جب اس سے دعا کیجاتی قبول فرماتا ہے

قال الرضا۔ رواہ احمد وابن ابی شیبۃ وابوداؤد والترمذی والنسائی و ابن ماجۃ وابن حبان والحاکم امام ابوالحسن علی مقدسی وامام عبدالعظیم منذری وامام بن حجر عسقلانی وغیرہم ائمہ رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اس حدیث کی اسناد میں کوئی طعن نہیں اور در بارۂ اسم اعظم یہ سب احادیث سے جیّد و صحیح تر ہے۔

بشارت ۳:۔ ایک حدیث میں آیا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اور الٓمّٓ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ قَالَ الرَّضَا۔ رواہ ابن ابی شیبۃ وابوداؤد والترمذی وابن ماجۃ عن اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

بشارت ۴:۔ بعض علماء یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کو اسم اعظم کہتے ہیں ۔ قَالَ الرِّضَا سری بن یحیٰ قدس سرہٗ بعض اولیاء سے راوی ہیں ۔ دعا کرتا تھا اللہ تعالیٰ سے کہ مجھے اسم اعظم دکھا دے، مجھے آسمان میں ایک ستارہ نظر پڑا جس پر لکھا تھا ۔ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔

بشارت ۵:۔ بعض علماء نے یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ کو اسم اعظم کہا ۔

بشارت ۶:۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یوں دعا کرتے سنا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۔

فرمایا یہ اللہ کا وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس سے پکارا جائے ۔ اجابت کرے اور جب مانگا جائے عطا فرمائے اخرجہ احمد وابن ابی شیبۃ والاربعۃ وابن حبان والحاکم عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔

بشارت ۷:۔ حدیث میں ہے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یوں دعا کی :۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللّٰہَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الْبَرَّ الرَّحِیْمَ وَاَدْعُوْکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ ۔

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ ان میں سے اسم اعظم ہے رواہ ابن ماجہ ۔

بشارت ۸:۔ ابو درداء وابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں ۔ اسم اعظم رَبِّ رَبِّ ہے ۔ رواہ الحاکم حدیث میں آیا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ جب بندہ یَا رَبِّ یَا رَبِّ کہتا ہے ۔ رب عزوجل فرماتا ہے لَبَّیْکَ اے میرے بندے مانگ کہ تجھے دیا جائے ۔ رواہ ابن ابی الدنیا عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۔

بشارت ۹:۔ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اسم اعظم اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہے ۔

بشارت ۱۰:۔ ابو امامہ باہلی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد قاسم بن عبدالرحمٰن شامی کہتے ہیں

اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

بشارت ۱۱:۔ امام قاضی عیاض نے بعض علماء سے نقل فرمایا اسم اعظم کلمۂ توحید ہے۔

بشارت ۱۲:۔ امام فخر الدین رازی و بعض صوفیاء کرام نے کلمہ ھو کو اسم اعظم بتایا۔

بشارت ۱۳:۔ جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اللہ اسم اعظم ہے کذا رواہ الیھم القاری حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں شرط یہ ہے کہ تو اللہ کہے اور اس وقت تیرے دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہ ہو۔

بشارت ۱۴:۔ بعض علماء نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم کہا۔ حضور غوث الثقلین رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے منقول کہ بسم اللہ زبان عارف سے ایسی ہے۔ جیسے کُنْ کلام خالق ہے۔

بشارت ۱۵:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو ان پانچوں کلموں سے دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ سے جو مانگے اللہ تعالیٰ عزوجل عطا فرمائے:۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

بشارت ۱۶:۔ اوپر گزرا کہ جو شخص یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ تین بار کہے فرشتہ کہتا ہے۔ مانگ کہ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ نے تیری طرف توجہ فرمائی۔

بشارت ۱۷:۔ پانچ بار یَا رَبَّنَا کہنے کا فضل امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے گزرا۔

بشارت ۱۸:۔ یہی خاصیت اسمائے حسنیٰ کی ہے۔ قال الرضا

بشارت ۱۹:۔ نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کہتے سنا فرمایا، مانگ کہ تیری دعا قبول ہوئی۔

بشارت ۲۰:۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبرائیل میرے پاس کچھ دعائیں لائے اور عرض کی جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کوئی حاجت پیش آئے انہیں پڑھ کر دعا مانگے۔ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا صَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا کَاشِفَ السُّوْءِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یَا مُجِیْبَ

الدَّعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا اِلٰہَ الْعٰلَمِیْنَ بِکَ اُنْزِلُ حَاجَتِیْ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِھَا فَاقْضِھَا۔

۷۱ - ۴۶ - اسم اعظم شریف کا مجموعہ :- ظفر جلیل شرح حصن حصین میں لکھتے ہیں کہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے (اسم اعظم کی تحقیق میں) ایک رسالہ علیحدہ تحقیق میں تصنیف کیا ہے کہ بر سبب خوف ضخامت کے اس پر اکتفاء کیا جاتا ہے کہ بعض محققین نے کہا کہ یہ دعا جامع سب اقوال کی ہے کہ سب اسم اعظم جو بزرگوں سے منقول ہیں، اس میں آجاتے ہیں، دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَنَّانُ[۱] یَا مَنَّانُ[۲] یَا بَدِیْعَ[۳] السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا[۴] الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ[۵] یَا خَیْرَ الْوَارِثِیْنَ[۶] یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ[۷] یَا سَمِیْعَ[۸] الدُّعَاءِ یَا اَللّٰہُ[۹] یَا اَللّٰہُ[۱۰] یَا اَللّٰہُ[۱۱] یَا عَالِمُ[۱۲] یَا سَمِیْعُ[۱۳] یَا عَلِیْمُ[۱۴] یَا حَلِیْمُ[۱۵] یَا مَالِکَ[۱۶] الْمُلْکِ یَا مَلِکُ یَا سَلَامُ یَا حَقُّ[۱۷] یَا قَدِیْمُ[۱۸] یَا قَائِمُ[۱۹] یَا غَنِیُّ[۲۰] یَا مُحِیْطُ[۲۱] یَا حَکِیْمُ[۲۲] یَا عَلِیُّ[۲۳] یَا قَاھِرُ[۲۴] یَا رَحْمٰنُ[۲۵] یَا رَحِیْمُ[۲۶] یَا سَرِیْعُ[۲۷] یَا کَرِیْمُ[۲۸] یَا مُحْیِیْ[۲۹] یَا مُعْطِیْ[۳۰] یَا مَانِعُ[۳۱] یَا مُحْیِیْ[۳۲] یَا مُقْسِطُ[۳۳] یَا حَیُّ[۳۴] یَا قَیُّوْمُ[۳۵] یَا اَحَدُ[۳۶] یَا صَمَدُ[۳۷] یَا رَبِّ[۳۸] یَا رَبِّ[۳۹] یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا وَھَّابُ[۴۰] یَا غَفَّارُ[۴۱] یَا قَرِیْبُ[۴۲]۔ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ[۴۳] اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ[۴۴] وَاسْمُ اللّٰہِ تَعَالٰی الْاَعْظَمُ الَّذِیْ اِذَا سُئِلَ بِہٖ اَعْطٰی وَاِذَا دُعِیَ بِہٖ اَجَابَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

فوائد :- اس دعا کو پڑھ کر جو دعاء مانگی جائے اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے اور ہر مقصد بھی پورا فرماتا ہے۔

ہر اسم - اسم اعظم ہے۔ فقیر (اقبال احمد) اسم اعظم کی تحقیق جدید تو کر سکتا تھا مگر بزرگوں کی بیاضوں اور اکابرین کی تصنیفات کا مطالعہ ضرور کیا ہے جس سے میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ ہر اسم باری تعالیٰ جل شانہٗ اسم اعظم ہے، اور اسمائے باری تعالیٰ کے متعلق بزرگوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ اسمائے حسنیٰ کا انحصار ۹۹ پر نہیں جیسا کہ مشہور ہے لوامع النجوم میں لکھا ہے کہ ایک ہزار نام اللہ تعالیٰ کے وہ ہیں جن کو سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا اور ہزار نام وہ ہیں جن کو فرشتوں کے سوا کوئی

کوئی نہیں جانتا اور ایک ہزار نام وہ ہیں جو مسلمانوں کی زبانوں پر جاری ہیں جن میں سے تین سو توریت میں اور تین سو زبور میں اور تین سو انجیل میں اور سو کلام اللہ شریف میں مذکور ہیں ———— عام طور پر مشہور ہے کہ قرآن میں ۹۹ نام ایسے ہیں جو سب پر ظاہر ہیں اور ایک پوشیدہ کہاں رہا۔ ساتھ ہی غور طلب یہ امر بھی ہے کہ مختلف صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اسم اعظم کی جو نشاندہی فرمائی ہے وہ کسی ایک اسم سے متعلق نہیں جدا جدا اسم باری کو اسم اعظم بتایا جس سے اس نتیجہ پر پہنچنا آسان ہے کہ ہر اسم، اسم اعظم ہے اور اسمائے باری تعالیٰ کی کثرت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہر اسم کسی کی ذات سے منسوب ہو کر وہ اسم خاص اس کے لئے اسم اعظم کا کام دیتا ہے۔

آپ کا اسم اعظم

اس سربستہ راز کو بھی امام اہلسنت اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ظاہر فرما کر ہماری مشکل آسان فرما دی، ایک سائل کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں۔

عرض:۔ حضور میرے بھتیجا پیدا ہوا ہے اس کا کوئی تاریخی نام تجویز فرما دیں۔

ارشاد:۔ تاریخی نام سے کیا فائدہ نام وہ ہوں جن کے احادیث میں فضائل آئے ہیں۔ میرے اور میرے بھائیوں کے جتنے لڑکے پیدا ہوئے ہیں۔ میں نے سب کا نام محمد رکھا یہ اور بات ہے کہ یہی نام تاریخی بھی ہو جائے۔ حامد رضا خان کا نام محمد ہے اور ان کی ولادت کی تاریخ ۹۲ھ میں ہوئی اور نام مبارک عدد بھی بانوے ہیں۔ ایک دقت تاریخی نام میں یہ ہے کہ اسماء حسنیٰ سے ایک یا دو کے اعداد موافق عدد نام قاری ہوں عدد نام دو چند کر کے اگر پڑھے جاتے ہیں تو وہ قاری کو اسم اعظم کا فائدہ دیتے ہیں۔ تاریخی نام سے مقدار بہت زیادہ ہو جائے گی۔ مثلاً اگر کسی کی ولادت ۱۳۲۹ھ میں ہوئی تو اس کے مطابق اسماء حسنیٰ ۲۶۵۸ بار پڑھے جائیں گے۔ اور محمد نام ہوتا تو ایکسو چوراسی ۱۸۴ بار، دونوں میں کسقدر فرق ہوا (پھر اس نام اقدس کے فضائل میں یہ چند حدیثیں ذکر فرمائیں) ایک حدیث میں ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو میری محبت کیوجہ سے اپنے لڑکے کا نام محمد یا احمد رکھے گا اللہ تعالیٰ باپ اور بیٹے دونوں کو بخشے گا۔ ایک اور روایت میں ہے جن مشوروں میں

کسی کا نام محمدؐ یا احمدؐ ہے شریک ہو اس میں برکت رکھی جاتی ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ تمہارا کیا نقصان ہے کہ تمہارے گھروں میں دو یا تین محمدؐ ہوں۔

مختصر فوائد اسمائے باری تعالےٰ۔

۷۴۔ یَاھُوَ۔ اسم ذات باری تعالیٰ ہے۔ صاحب تنویر الاسماء تحریر فرماتے ہیں کہ اہل تحقیق نے اسم اعظم کہا ہے اور یہ خاص ترین اسم ہے۔ اسمائے باری تعالےٰ سے اور اسمائے حسنیٰ میں سب سے پہلے واقع ہوا ہے اگر کوئی شخص ۲۹ مرتبہ ھُوَ کہے تو آتش دوزخ اس پر حرام ہو۔ جس کا دل آخرت کے انجام سے لرزاں و ترساں ہو اللہ کا ذکر کرے حشر میں مطمئن ہوگا۔ تنویر الاسماء میں ہے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر کوئی شخص روز پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور چینی کے پیالے پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لکھ کر آب باراں یا آب چشمہ سے دھو کر روزہ افطار کرے مرض نسیان ختم ہو جائے جو یاد کرے کبھی نہ بھولے مسحور کو بلائے سحر دفع ہو اگر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے۔ دشمنوں پر مظفر و منصور ہو ہر اچھے برے کی نظر میں مقبول القول ہو ہر دلعزیز ہو۔ تنویر میں ہے کہ ایک مجلس میں بارہ ہزار مرتبہ یَا اَللہُ یَا ھُوَ کہے کہ جن و انس، وحوش و طیور و جملہ مخلوقات مسخر و مطیع ہو، پرند و چرند، درند و انس کرنے لگیں۔ خواص اشیاء و علوم مخفیات منکشف ہوں۔

۷۵۔ یَا اَللہُ یہ نام اسم ذات ہے اور تمام صفات الٰہیہ کا جامع ہے تنویر میں ہے۔ اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ یا اللہ پڑھے تو مستجاب الدعوات ہو جائے۔ صاحب دلائل تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی بعد ہر نماز سو بار پڑھتا رہے صاحب باطن اور کشف ہو جو کوئی تین ہزار ایک سو پچیس ۳۱۲۵ بار اسم کو لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے، خدا چاہے چالیس روز میں مراد حاصل ہو (اگرچہ تخت شاہی کی تمنا ہو) دیگر اعمال و وظائف کتاب ہذا میں بھی ملیں گے اور حصہ اوّل نمبر ۱۱۵ و ۱۱۹ اور ایک خاص عمل دست غیب کا نمبر ۱۲۸ پر درج ہے کیونکہ وہ عمل صرف تین یوم کا ہے اس لئے اکثر نظر انتخاب اسی پر ٹھہرتی ہے، چاہیئے کہ اس عمل کو موکل کی حاضری کی نیت سے نہ پڑھے کہ اس زمانہ میں

عمل با موکل کرنا بہت دشوار ہے اس لئے بہتر طریقہ یہ ہے کہ عمل تین یوم اسی ترکیب سے بغیر ترک جلالی و
جمالی کے پڑھے صرف جھوٹ و دیگر ممنوعات شرع سے بچتا رہے بعد تین یوم ۴۰۰ مرتبہ روزانہ ورد
میں رکھے انشاءاللہ روزانہ جس چیز کی خواہش ہو ضرورت ہو غیب سے پہنچتی رہے اس اسم کے موکل غائبانہ
اس کی اطاعت کرتے رہیں گے۔ مجرب و آزمودہ ہے (اقبال احمد) نقش اسم اللہ کا سونے کی تپر کندہ
کرا کے انگشتری میں پہنے معزز ہو۔

۷۶۔ **یارحمٰنُ** :۔ جو لوگ امور دینی و دنیوی کاہلی و غفلت کیوجہ سے اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں
انہیں چاہیئے کہ بعد ہر نماز سو مرتبہ مداومت کریں تنویر میں ہے کہ اس کے دل کو ظلمت و غفلت و سستی
سے پاک کرے۔ جو بچے پڑھنے سے بھاگتے ہوں اور دل نہ لگتا ہو۔ ان کو پنج وقتہ پانی پر دم کرکے
پلائیں۔ صاحب دلائل فرماتے۔ مرگی والے کے کان میں ۴۰ مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے۔ فوراً ہوش
میں آئے۔ **کشف**۔ اگر ۴۰ روز دو ہزار پانچسو مرتبہ باشرائط تلاوت کرے تمام اسرار مشاہدہ کرے (تنویر)

۷۷:۔ **یارحیمُ**۔ امام علی رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اسم کو ۲۵۸ مرتبہ روزانہ تلاوت
کرے تو اس کا انجام بخیر ہو۔ مرتے وقت با ایمان جائے۔ سکرات و قبر و پل صراط کی منزلیں آسان ہوں برائے
قضائے حاجات اسم یااللہ یارحمٰن یارحیم۔ شمع شبستان رضا حصہ اول نمبر ۱۱۵ پر عمل مرقوم ہے۔ بہت
زود اثر اور مجرب ہے۔ ہر روز ۵۰۰ مرتبہ پڑھے تو دولت مند ہو خلق اللہ مہربان ہو۔

۷۸۔ **یامالکُ یاملیکُ یاملکُ** :۔ یہ اسمائے ہم معنی اور ہم صفات ہیں ان تینوں
اسماء میں سے جو بھی ۹۱ اسم اعداد کے لحاظ ۹۰ آپ کے نام کے مطابق ہوں تو ان کو اسی تعداد یعنی
قاعدہ اول کے مطابق پڑھیں۔ امام علی رضا رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ اسما بہت ہی سریع
الاجابت ہیں مگر (ان میں سے کسی) اسم کو آٹھ ہزار ایک سو ۸۱۰۰ مرتبہ پڑھکر دعا مانگے ضرور قبول
ہو انشاءاللہ (تنویر الاسماء) تنگ دستی، بیروزگاری کے لئے یاملک ۹۰ بار یاملیک
۱۰۰ بار یامالک ۹۱ بار روزانہ پڑھے تو خلق سے بے نیاز ہو اور دولت دنیا اس کی جانب
رجوع کرے (تنویر) اگر اس اسم کو اسم قدوس سے ملا کر پڑھے یعنی (الملک القدوس ۲۶۰ بار)
تو اگر صاحب ملک یعنی صاحب عزت و اقبال ہو یا کاروبار اور ملازمت یا جس عہدہ پر فائز ہو) تو مولیٰ تعالےٰ

اس کے ملک یعنی نسب کو قائم و دائم رکھے اور عزت و حرمت ملے اگر ۹۰ بار ہی پڑھے تو دل منور ہو۔ (دلائل الخیرات شریف)

دیگر حصہ اوّل بنمبر ۱۲۰ میں عمل شجر زریں اسم کے پڑھنے کا طریقہ مرقوم ہے اس نقش کو سونے کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے اور اس کے گرد آیۃ (قل اللّٰھم مالک الملک تا بغیر حساب) لکھے تو لوگوں میں ہیبت والا ہو یہ نقش افلاطون نے ذوالقرنین کے لئے تیار کیا تھا جس کے اثر سے کانپتے تھے۔ (تنویر)

۳۷	۱۳	ھ
۳۳	ل	۲۷
ك	۴۷	۲۳

۷۹۔ **یَا قُدُّوْسُ**:۔ اگر اس اسم کو وقت زوال ۱۷۰ مرتبہ پڑھتا رہے اس کا دل معصیت سے صاف ہو کر روشن ہو جائے) اور جو کوئی اسم سبّوح کے ساتھ بعد نماز جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھکر کھائے ملکوتی صفات پیدا ہو جائیں جب دشمن کے خوف سے بھاگنے کے سوا چارہ نہ ہو تو بکثرت پڑھے۔ (اس کے اور دشمنوں کے درمیان حصار قائم ہو جائے یا ان کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے۔ ظفر جلیل)

سَبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ اگر کوئی تعداد حروف کہ ۲۲ ہے اتنے سو مرتبہ یعنی ۲۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے تو کبھی کسی کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے اور اتنے ہزار مرتبہ یعنی ۲۲ ہزار مرتبہ چالیس یوم با احتیاط ممنوعات شرح پڑھکر بعدہٗ ۱۷۰ بار پڑھتا رہے تو خود کیمیا بن جائے۔ (نقش از منقول تنویر)

سبوح	قدوس	رب الملئکۃ	والروح
والروح	رب الملئکۃ	قدوس	سبوح
قدوس	سبوح	والروح	رب الملئکۃ
رب الملئکۃ	والروح	سبوح	قدوس

۸۰۔ **یَا سَلَامُ یَا سَلٰمُ**:۔ یہ اسم بغیر الف کے بھی لکھا گیا ہے اور الف کے ساتھ بھی صرف اعداد میں فرق ہے جس کی وجہ سے دو جگہ لکھا گیا ہے اس اسم پاک کا پڑھنے والا افعال رذیلہ اور کردار قبیحہ سے محفوظ ہو جاتا ہے (ظفر جلیل) بعد نماز فجر ایک ہزار بار پڑھنے سے علم اور جودت (یعنی ذہن میں تیزی اور قوّت حافظہ) زیادہ ہو (دلائل) اس اسم کا ذاکر بوجہ علم و سخا مشہور ہو جاتا ہے اور شہر بشہر

عوام و خواص اس کی مدح و ثناء کرنے لگیں۔ (تنویر)

۸۱۔ **یَاسَلَامُ یَا اَللّٰہُ** شفائے امراض کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ مرض شدید میں مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس طرح پڑھے کہ تسبیح سرہانے میں مریض کے سر سے مس کرتی رہے۔ جب تسبیح ختم ہو اس تسبیح کو مریض کے تکیہ کے نیچے رکھدے، دوسرے دن وقت مقررہ یا کچھ قبل پھر تسبیح نکال کر اسی طرح پڑھے اور تسبیح سرہانے رکھدے اسی طرح تین دن یا تین شب یہ عمل کرے اور تسبیح مریض کے سرہانے تا شفاء ہی رکھی رہنے دے انشاءاللہ پہلے دن سے افاقہ ہو اور جلد شفاء حاصل ہو۔ (تنویر)

برائے قضائے حاجات۔ گوشۂ خلوت یا گوشۂ مسجد میں نصف شب میں دو رکعت نماز ادا کرے اور حضوری قلب کے ساتھ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ کھڑے ہو کر پڑھے جو حاجت ہو پوری ہو اور اگر ۴۰ دن اسی طرح پڑھے تو علم ظاہر و باطن حاصل ہو اور کل مخلوق مسخر ہو۔ (تنویر)

۸۲ **یَامُؤْمِنُ**۔ امام ہشتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو کوئی روزانہ ایک سو چھتیس ۱۳۶ بار پڑھے تو قلب میں ایمان کی لہریں موجزن ہو جائیں۔ شیخ مغربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا اگر ایک ہزار ایکسو بتیس ۱۱۳۲ مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ رکھے۔ شیخ عبدالمجید المغربی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ شہوت نفس اور غضب سے خالی ہو کر خلوت میں باستقلال بہ زبان و قلب ذکر میں محو ہو کر نفس کا بھی وجود نہ رہے عمل پڑھے بعد ۴۱ یوم گزرنے کے دیوار پر ایک خاص نور ظاہر ہوگا جس کا اظہار زبان سے ناممکن ہے، ذاکر قلب انوار معرفت سے منور ہو جائے گا اور ذاکر خود اپنے آپ کو بحر انوار میں جلوہ گر دیکھے گا۔ اس کے بعد اس ذاکر میں ایسی لطافت پیدا ہو جائے گی کہ جو اسے دیکھ لے باایمان ہو جائے اور گنہگار تائب ہو جائے گا۔ (تنویر)

۸۳۔ **یَامُھَیْمِنُ**۔ اس اسم مبارک میں ہیبت و عظمت کی بہت بڑی خاصیت ہے اور دشمنوں کے قلب کو مرعوب کرنے اور رعب و وجاہت سے مسخر کرنے کی تاثیر ہے۔ اس اسم کے ذاکر پر سخت دل موم ہو جاتے ہیں، کارہائے مشکل آسان ہو جاتے ہیں، ناقابل برداشت بوجھ اٹھانے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ (تنویر) نہ مخلوق سے اس کو برائی پہنچے نہ کوئی اسے برائی و نقصان پہنچا سکے۔ (ظفر جلیل) شیخ مغرب علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جو شخص ۴۰ یا ۷ روز بوقت صبح بعد غسل ختم عمل تک کسی سے بات نہ کرے۔

اچھا لباس پہن کر ۱۸۴۹۶ مرتبہ اس اسم کو پڑھے، ایسی تسخیر پیدا ہو کر خود متحیر ہو جائے (تنویر)

۸۴ یَاعَزِیْزُ یَامُعِزُّ۔ یہ دونوں اسماء ہم معنی اور ہم صفات ہیں۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ یہ اسم اذکار متوکلین سے ہے اس لئے اس اسم کے ساتھ اور کسی اسم کو نہ ملائے (تنویر) اور امام اہل سنت اعلیٰحضرت قدس سرہٗ نے پنج گنج قادریہ میں بعد نماز فجر یَاعَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ سو بار تحریر فرمایا ہے جو کہ خاندان قادریہ کا معمول رہا ہے اور مجربات سے ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ کسی دوسرے اسم کے ساتھ پڑھنے میں اس کے فوائد کبریٰ میں کمی نہ ہوگی بلکہ مثل دوسرے اسماء کے زود اثر و قوی تر ہو جائے گا۔ (اقبال احمد) اگر اس کے نقش چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے تو دشمن پر غلبہ و تفوق حاصل ہو پیش حکام و سلاطین معزز ہو۔ اشرار و خرافات عالم سے مامون رہے۔ اسرار عزت سے آراستہ ہو (تنویر) اگر اسم پاک کو اسطرح پڑھیں۔ یَاعَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ تَعَزَّزْتُ بِعِزَّتِكَ یَامُعِزُّ۔ نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۱۱۱ بار پڑھیں تو عوام و خواص حکام و رعایا بلکہ ہر شے مسخر ہو اور اپنے گرد ہجوم دیکھے مگر شرط یہ ہے کہ ہر مومن کے ساتھ اخلاق حسنہ سے پیش آئے۔ دیگر عمل شجر زر شبستان رضا حصہ اول نمبر ۱۳۳ پر مرقوم ہے جو کوئی شخص عمل یا عزیز کا اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا کسی اور طریقے پر پڑھے۔ تو اس کے آخر میں لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ تا وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ایکبار اوّل آخر درود مندرجہ ذیل دس بار پڑھے (فوائد کبریٰ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ فضائل آخر میں درج ہیں۔

۸۵۔ یَاجَبَّارُ یَاقَهَّارُ۔ یہ دونوں اسم جلالی اور مقہوری اعدا کے لئے بہت زود اثر ہیں۔ ان کے عاملین کو چاہئے کہ اگر کسی کے اسم اعظم میں یہ اسماء یا ان میں کا ایک آئے تو وہ بادشاہ و حاکم یا ان کے مثل رعب و ہیبت، عزت و عظمت پائے۔ مگر کسی اور طریقے پر دشمنوں کے لئے پڑھے تو یہ خیال رکھے کہ دشمن مومنین میں سے ہوں تو ذلیل و خوار اور ان کی ہلاکی کی نیت سے ہرگز نہ پڑھے بلکہ اس لئے کہ دشمن نقصان نہ پہنچا سکیں تو اتنا ہی کافی ہے باقی مرضی مولا پر چھوڑ دیں کیونکہ کسی مومن کو ذلیل و خوار برباد یا ہلاک کرنا جائز نہیں اگرچہ وہ اس کا ظلم برداشت سے باہر ہو۔ اپنا مقصد تو اسی سے حاصل کرے کہ دشمن کی دشمنی کا اثر نہ ہو۔ وباللہ التوفیق، دیگر عمل مقہوری اعداء و فتح بر دشمنان۔ شبستان رضا اول نمبر ۱۴۵۔

۱۴۷ اور نقش یَا قَاهِرُ نمبر ۱۵۲ پہ درج ہے۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کی دعوت ۴۰ روز کی ہے، دس ہزار مرتبہ روزانہ بہ پابندی شرائط خلوت میں پڑھے نفس میں پاکیزگی، طبیعت میں انکساری اور نیک نیتی پیدا ہو۔ مقاصد میں کامیابی اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو عظیم القدر اور جلیل القدر و جلیل المرتبت گردانا جائے۔ (تنویر) شیخ ابوالعباس احمد فرماتے ہیں کہ مریدوں اور اہل ریاضت کے لئے مناسب ہے کہ نفس مغلوب اور شہوت سے محفوظ رہے (تنویر) اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے اسم یا جبار یا اللہ پنج گنج قادریہ میں نماز عصر کے بعد ۱۰۰ بار تحریر فرمایا ہے۔

۸۶- یَا کَبِیْرُ یَا اَکْبَرُ یَا مُتَکَبِّرُ۔ امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اکثر مباشرت سے پہلے اس اسم کو دو مرتبہ پڑھ لے تو پروردگار عالم فرزند صالح عطا فرمائے گا۔ (تنویر) شیخ عبدالمجید مغربی نے فرمایا ہے کہ یہ ذکر صالحین اور عابدین کے اذکار سے ہے۔ اس اسم کے ذاکر میں شائستگی اور امور میں باقاعدگی پیدا ہو جاتی ہے اور نظرِ عوام و خواص میں عزت و حرمت پیدا ہوتی ہے اور ہر سرکش ذلیل و سرنگوں ہو جاتا ہے۔ ۶۲۶ مرتبہ یا متکبر بعد نماز صبح تلاوت کرنی چاہیئے۔ اگر کوئی شخص دو سو بتیس ۲۳۲ مرتبہ روزانہ اس اسم کبیر کو پڑھے بزرگی حاصل ہو۔ شیخ ابو العباس ابن علی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں۔ اسم یا کبیر کا ذکر اذکار جلیلہ سے ہے اور جو خواص اسم متکبر کے ہیں وہی اس اسم مبارک کے ہیں۔ ان اسماء کے ذکر سے ہر سرکش اور بادشاہ مطیع ہو جاتا ہے (تنویر) دعائے حیدری شمع شبستان رضا حصہ اول نمبر ۱۴۵ پر مرقوم ہے جس میں ۴۵ اسماء باری تعالیٰ مذکور ہیں، ان میں اکبر اور متکبر بھی ہے۔ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے دعائے حیدری قوی تر اور مجرّب ہے۔ اکبر کو اسم اللہ کے ساتھ ملا کر پڑھے یعنی اللہ اکبر۔

۸۷- یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ۔ امام علی رضا ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص دستکاری یا کار نازک اور مشق کتابت یا صاحب قلم ہو (یعنی لکھنے کا کام زیادہ کرتا ہو) اور انہیں کسی وجہ سے خلل پڑتا ہو وہ ان اسماء کی تلاوت کرے سب تکالیف دور ہوں اور سہولت حاصل ہوں یا سلاطین (حکام بالا) سے تعلقات ہوں اور کوئی درمیان میں فساد کرتا ہو یعنی ان تعلقات میں مخل ہو یا حکام کو برگشتہ کرتا ہو یا اندیشہ ہو تو اسم یا خالق کی تلاوت کی برکت سے تمام درمیانی نقصانات دور ہوں اور جملہ حالات بہتر ہو جائیں (تنویر) شیخ مغربی علیہ الرحمتہ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص اولاد فرزند سے محروم ہو یا تنگیٔ رزق کا شکار ہو وہ ان اسماء کا

ورد کرے کامیاب ہو (تنویر) جو کوئی اسم خالق کا ورد کرے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرے اور وہ اس کے لئے قیامت تک عبادت میں مشغول رہے اور پڑھنے والے کا چہرہ نورانی کر دے اور جو کوئی ہفتہ میں سو بار اسم یا باری پڑھے حق تعالیٰ اس کو قبر میں نہ چھوڑے بلکہ ریاض قدس میں لے جائے اور بے اولاد ہو، سات دن روزہ رکھے اور نزدیک افطار ۲۱ بار یا مصور پڑھے اور پانی پر دم کر کے بیوی کو پلا دے فرزند نیک ہو (ظفر جلیل)

۸۸- یَا غَفُوْرُ یَا غَفَّارُ یَا عَفُوُّ۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب انسان پر روزی تنگ ہو یا پریشانی دامن گیر ہو یا کوئی مصیبت پیش آئے یا اولاد کی تمنا ہو یا زیادتی مال و متاع چاہتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ خلوص دل سے پروردگار عالم کی درگاہ میں توبہ کرے اس نیت کے ساتھ کہ آئندہ ان خطاؤں کا مرتکب نہ ہوگا تو وہ جس شے کو طلب کریگا۔ حاصل ہوگی اور ہر شدّت و سختی دور ہو ظالم و موذی کی ایذا اور ظلم سے محفوظ رہے اِن امور میں یہ اسماء سریع التاثیر ہیں (تنویر) :گنج قادریہ میں یا غفار یا اللہ کا عمل بھی مرقوم ہے سو بار بعد نماز عشاء پڑھے یہ سب فوائد حاصل ہوں۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

۸۹- یَا وَهَّابُ۔ جو کوئی فقر و فاقہ میں مبتلاء ہو، اس اسم کو پڑھے اور لکھکر پاس رکھے، حق تعالےٰ اس کو اتنا دیتا ہے کہ حیران رہ جائے اور اگر نماز چاشت کے بعد بھی سجدے میں ۷ بار کہے اللہ تعالےٰ خلقت سے بے پرواہ کر دیتا ہے۔ اگر کوئی حاجت اہم ہو تو نصف شب کو وضو کر لے اور تین سجدے کرے اور ہر سجدہ میں سو بار یا وہاب کا ورد کرے اسطرح کہ ہاتھ کی ہتھیلیاں اوپر رہیں مثل دعا کے، انشاء اللہ تعالیٰ پہلی شب میں ہی حاجت پوری ہو ورنہ تین شب کرے کامیاب ہو (ظفر جلیل) اور شیخ مغربی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مہم پیش آئے یا کسی چیز کا طالب ہو یا کوئی مراد حاصل کرنا ہو یا کسی دوسرے کے ہاتھ میں قید ہو یعنی مقروض ہو یا محنت سخت برداشت کرنی پڑتی ہو یا رزق میں تنگی ہو یا طالب راہ حقیقت ہو یا دنیا کا مال حاصل کرنا ہو یا دوست سے ملاقات کی تمنّا ہو یا اعلیٰ درجہ کی حکومت (یا ملازمت) حاصل کرنا یا دشمن کو دفع کرنا ہو، اس کے علاوہ کوئی سی بھی مراد رکھتا ہو تو بوقت نیم شب وضوئے کامل کر کے دو رکعت نماز بجالائے، شب جمعہ ہو تو بہتر ہے اور مسجد میں یا خانۂ خلوت میں اس عمل کو کرنا چاہیئے، بعد نماز سر برہنہ کر کے دست بدعا ہو کر سو مرتبہ یا وہاب کہے بعدہٗ حق تعالےٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ اس عمل کو متواتر

تین شب کرے انشاء اللہ الوہاب مقصد پورا ہو (تنویر) عمل دعوت یا وہاب شمع اوّل نمبر ۱۸۳ پر بھی مرقوم ہے۔ ہمت اور استقلال درکار ہے۔

۹۰۔ یَارَزَّاقُ:۔ رزق ضروریات زندگی کا نام ہے اور اسم رزاق کے پڑھنے والے خزانۂ غیب سے روزی ملتی ہے جو کوئی طلوع صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں پر کھڑے ہو کر دس دس بار اسم یا رزّاق تلاوت کرے کبھی اس کے گھر میں ضعف اور مفلسی نہ ہو طریقہ اس کا یہ ہے کہ گھر میں قبلہ رُخ کھڑا ہو اور داہنے ہاتھ کے گوشے سے شروع کرے اور اس کونے سے دوسرے کونے تک اس طرح جائے کہ قبلہ سے رُخ نہ پھرے اور ہر گوشے میں قبلہ رُخ ہی کھڑا ہو کر یہ اسم پڑھے بہت مجرب ہے (ظفر جلیل) ۳۰۸ شمع اوّل نمبر ۱۲۹ پر بھی اس کا عمل درج ہے۔ جناب امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص تین سو آٹھ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کرے تو رزق کشادہ ہو اور شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ جو نصف شعبان میں کثرت سے پڑھے اور انگشتری میں کندہ کر کے پہنے تو پروردگار عالم سال بھر کا رزق عطا فرمائے (تنویر)

۷۸۶ ـــــــ عـــہ

ان اللہ ۵۵۲	ھوالرزاق ۵۶۶	ذوالقوۃ ۵۶۳	المتین ۵۶۰
المتین ۵۶۴	ذوالقوۃ ۵۵۹	ھوالرزاق ۵۵۳	ان اللہ ۵۶۵
ھوالرزاق ۵۵۸	ان اللہ ۵۶۱	المتین ۵۶۸	ذوالقوۃ ۵۵۴
ذوالقوۃ ۵۶۷	المتین ۵۵۵	ان اللہ ۵۵۷	ھوالرزاق ۵۶۲

یہ نقش مسلمان کو حروف میں اور غیر مسلم کو ہندسوں میں لکھ کر دو۔

۹۱۔ یَافَتَّاحُ۔ یہ اسم مبارک ہر کار مشکل جس کا حل دشوار ہو، اس اسم مبارک اور پاک کی برکت سے آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ ظفر جلیل میں ہے جو بعد نماز فجر دونوں ہاتھ سینے پر رکھکر ستر بار یا فتاح کا ورد کرے اس کے آئینہ دل سے زنگ و میل دور ہو اور نور و صفائی کی ارزانی ہو۔ یہ اسم پاک امتحان دینے والوں اور وکیلوں، مناظروں نئی نئی ایجادات کرنے والوں، مفکّروں، مبلغوں اور مقرروں کے لئے شمع شبستان کا کام دیتا ہے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، یہ اسم سالکوں کے لئے مناسب ہے جو کثرت سے اس کا ورد کرے تو پروردگار ابواب فتح و نصرت کشادہ فرما دے اور جو شخص دو رکعت نماز ادا کرے رکعت اوّل میں بعد فاتحہ، یٰسین شریف اور دوسری میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ تبارک الذی پڑھے،

بعد نماز ۴۸۹ مرتبہ یا فتاح پڑھے تمام مشکلات آسان ہوں ہر حاجت برآدے۔ غیبی امداد شامل ہو (تنویر)
اس اسم کا پڑھنے والا تسخیر اور مقدمات میں کامیابی کے لئے نقش محیط الاسرار شریف سامنے رکھے اور نگاہ اس
پر رہے۔ آنکھ میں تسخیر پیدا ہو۔

۹۲۔ یَاعَالِمُ یَاعَلِیْمُ۔ امام ہمام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اگر کوئی اپنے دل میں
اسم کی کثرت کرے تو پروردگار، اپنے خزانۂ علم سے سرفراز فرمائے (تنویر)
یہ اسم پاک، استخارے اور اسرار مخفی کے اسرار کے اظہار کے لئے مخصوص ہے۔ اگر یہ جاننا چاہے کہ
اس مقدمہ کا انجام کیا ہوگا۔ لڑائی میں کس کی فتح ہوگی۔ تجارت میں نفع ہوگا یا نقصان، شرکت مفید ہوگی،
سفر اچھا ہوگا۔ اسی قسم کے دیگر امور مخفی جو قبل از وقت معلوم کرنا چاہتے ہوں۔ تو تین شب جمعہ، بعد نصف
شب باوضوئے تازہ دو رکعت نماز ادا کرے اور بعد نماز ایک سو پچاس مرتبہ اس اسم کو پڑھے اس کے
بعد بستر خواب پر جائے۔ اور درود میں مشغول رہے۔ یہانتک کہ سو جائے۔ بس انشاء اللہ خواب میں بتا دیا جائیگا۔
اور جو کچھ معلوم ہوگا اس میں بغیر کسی ولی کامل کی دعاء کے ردّ و بدل نہ ہوگا یعنی جو معلوم ہوگا ویسا ہی ظہور
میں آئے گا (تنویر)

۹۳۔ استخارہ سے متعلق خصوصی ہدایت۔ اگر استخارہ سے کسی عظیم نقصان کی خبر ملے تو پریشان نہ ہو
کر یہ ہوکر رہے گا مگر بعض عمل ایسے ہیں جن کے کرنے سے قضائے مبرم ٹل سکتی ہے۔ دعا جامع المطلوب و
دافع الکروب اور عمل تسخیر دعقد المحبت جو ابتدائے کتاب میں مرقوم ہے اس کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ اکثر
بزرگان دین اسمائے حسنیٰ کے ورد کو بھی مجرب فرماتے ہیں۔ اگر اس اسم مبارک کو چار سو پچاس مرتبہ اور پانچ
سو ۵۰۰ بار درود شریف پڑھے تو ہر مشکل آسان ہو (تنویر)

عمل یَاحَلِیْمُ شمع اوّل نمبر ۱۳ پر درج ہے اور بھی کئی عمل مرقوم ہیں۔

۹۴۔ یَاقَابِضُ۔ اگر دشمن قوی ہو یا جان و مال کا خطرہ ہو، اس اسم کو تین شب متواتر بہ نیت آوارگی
دشمن پڑھے، دشمن مقہور ہو اور مقصد حاصل ہو، یہ وہ اسم ہے کہ اس کی قوت سے فرشتۂ موت، روح قبض
کرتا ہے اگر کوئی شخص اس کا ورد کرے تو اس کی مشکلیں آسان ہوں اور قوت و ہیبت زیادہ ہو۔ اس اسم کا
نقش خون اور خون بواسیر کے روکنے کیلئے اکثیر ہے (تنویر) یہ نقش شمع اوّل نمبر ۳۵ پر درج ہے۔ جو شخص

پیسے کے لین دین کے وقت یہ اسم پڑھے کبھی نقصان نہ ہو

۹۵۔ **یَا بَاسِطُ** :۔ امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں اگر بوقت صبح دس مرتبہ ہاتھ پھیلا کر یا باسط کہے اور ہاتھ چہرے پر مل لے تو حق تعالیٰ کسی کا محتاج نہ کرے، رزق کشادہ ہو، غم والم دور ہوں، تنگدست اور مبتلائے قحط نہ ہو۔ (تنویر) شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اگر طالب صادق اس اسم کو اس طرح پڑھے کہ اپنے نفس کو شہوت سے جسم کو حرام سے زبان کو کلام بد سے نظر کو محرمات سے کان کو غیبت سے، ہاتھ کو ممنوعات سے، دل کو معاصی سے، عقل کو خواہش سے، روح کو کرامت کی طرف التفات کرنے سے اور سر کو غیر کی جانب خمیدہ ہونے سے روکے تو کامل ہو جائے۔ تسخیر کے لئے اسم یا باسط یا ودود کا ورد کرے۔ برائے وسعتِ رزق عمل یا باسط شمع اول ۱۳۲ پر درج ہے عاملین فرماتے ہیں کہ اسم یا ودود یا باسط کے اعداد میں اپنے نام کے اعداد شامل کر کے اسطرح کے نقش بنائے کہ اللہ لطیف بعبادہ یرزق من تشاء کا مربع حصار کئے ہو تو اس کے پہننے یا گلہ یا غلہ میں رکھنے اور دوکان پر لگانے سے ایسی برکت ہو کہ حیران رہ جائے (مگر اللہ کے نام پر یومیہ آمدنی سے کچھ نکالنا ضروری ہے)

۴۵۶

<table>
<tr><td>اللہ لطیف</td><td>بعبادہ</td><td>یرزق</td><td>من یشاء</td></tr>
<tr><td>من یشاء</td><td colspan="2" rowspan="2">بعبادہ · یرزق · اللہ لطیف · من یشاء
۱۵ ۲۷ ۴۰ ۳۰
۴۹ ۲۱ ۳۲ ۱۸
۳۶ ۱۹ ۳۱ ۱۹
۲۲ ۲۸ ۱۷ ۷۵</td><td>اللہ لطیف</td></tr>
<tr><td>بعبادہ</td><td>یرزق</td></tr>
<tr><td>یرزق</td><td>من یشاء</td><td>اللہ لطیف</td><td>بعبادہ</td></tr>
</table>

۹۶۔ **یَا خَافِضُ** :۔ یہ اسم پاک دشمنوں کی شقاوت و عداوت سے محفوظ و مامون رہنے کے لئے خاص ہے۔ شیخ بزرگ فرماتے ہیں جو شخص حیوانی فضائل سے اپنے نفس کو پاک کر کے اس اسم کو پڑھے اس پر اس کے اسرار منکشف ہو جائیں اور اس اسم کا عامل جب حاکم و ظالم کے سامنے جائے حاکم اس کی ہیبت سے ذلیل و ضعیف ہو۔ (تنویر)

۹۷۔ **یَا رَافِعُ** :۔ جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے روز اگر چودھویں شب ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ ستر ہزار مرتبہ پڑھے۔ دشمن پر فتح ہو اور مخلوق برگزیدہ اور مالدار رہو۔ (ظفر جلیل) اگر اسم یا خافض یا رافع کے اعداد میں اپنے نام کے اعداد شامل کر کے نقش ریشمی کپڑے یا چاندی پر کندہ کرا کے اپنی ٹوپی کے اندر سی لے تو ضعف و غم دور ہو۔ تحصیل علم میں آسانی ہو امتحان میں امتیازی نمبر حاصل ہوں۔

۹۸- یَامُذِلُّ :- شیخ جلال الدین محمود تبریزی فرماتے ہیں اگر دشمن قوی ہو جابر و ظالم ہو جس سے خوف جان لاحق ہو تو وضوئے کامل کرکے دو رکعت نماز ادا کرے بعد نماز سجدے میں ۷۷ مرتبہ یہ اسم بتضرع و زاری پڑھے، حق تعالیٰ امان میں رکھے دشمن ذلیل ہوں (تنویر) یہ علم تسخیر عطارد کے لئے ہے۔ شیخ شہاب الدین سہروردیؒ فرماتے ہیں کہ اگر تسخیر عطارد کی تمنا ہے تو ساٹھ روز کی خلوت اختیار کرے اور دس ہزار مرتبہ روزانہ یَامُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِهٖ یَامُذِلُّ کی تلاوت کرے اور ان ایام میں دوسرا کوئی وظیفہ یا عمل ہرگز نہ پڑھے۔ بید انجیر سے چوکی سہ پایہ تیار کرکے اور ہر پایہ پر اسم مذکور تحریر کرے اور بالائے چوکی اسم یااللہ تحریر کرے اور زیرین چوکی بخور روشن کرے اور سوائے ضروریات ضروریہ کے خلوت سے باہر ہرگز نہ آئے نہ کسی کو اندر آنے دے آخر دعوت ملک عطارد بصورت مرد پیر حاضر ہوگا اور مژدہ مبارک کے ساتھ اطاعت و تسخیر قبول کرے گا۔ اس کے بعد عامل کو اختیار کہ جس وقت چاہے ملک عطارد کے بتلائے ہوئے قاعدے مطابق اس سے ملاقات کرے (تنویر)

اس کے عامل میں بہت سی خوبیاں پیدا ہوں گی۔ زبان سے علم و ہنر کی باتیں ادا ہوں جن کو سنکر عقلاء زمانہ تعجب کریں، حق سبحانہ تعالیٰ اعزیز و محترم گردانے، ذلت و خواری دور ہو اور عامل کے اک اشارے پر ذلیل عزیز اور عزیز ذلیل ہوں۔ گدا مسند بادشاہی کرے اور بادشاہ گدا ہو جائے (تنویر)

۹۹- یَاسَمِیْعُ :- امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اہل تحقیق لکھتے ہیں کہ اس کے عامل کو چاہیئے کہ فحش غیبت سے اپنی زبان و کان کو بچائے۔ محمد احمد تمیمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ اگر روزانہ بعد نماز فجر سات مرتبہ فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ پڑھے تمام دن مہمات سے کفایت فرمائے اور مشکلات سے محفوظ رہے (تنویر) اگر اسکا نقش لکھکر اپنی ٹوپی میں رکھے مراتب بلند ہوں عزیز الخلائق ہو۔ (مجموعۂ اعمال) شمع اول نمبر ۱۴۰، دوسرا عمل دشمن و بدگو۔ بدخواہ کو مسخر کرنے کا شمع اول ۱۶۳ پہ درج ہے۔ اگر اس کے نقش کو شرف قمر میں کندہ کرا کے انگشتری میں پہنے اور اس اسم کو بکثرت پڑھے تو مقبول القول اور مستجاب الدعوات ہو جائے، فتوح بیشمار حاصل ہوں۔ (تنویر)۔ اس کا نقش دھوکر دردِ سر والے کو پلائے شفاء ہو۔ اگر آٹھ یوم چار سو اڑسٹھ ۴۶۸ مرتبہ جس نیت سے پڑھے وہ مراد حاصل ہو۔ (تنویر)

۱۰۰۔ یَا بَصِیْرُ: اہل تحقیق فرماتے ہیں اسم کا ورد کرے اور اپنی چشم کو عیوب خلق اور امر خلاف شرع سے روکے تو اللہ تعالےٰ اسے بینائی ظاہر و باطن عنایت فرمائے اس اسم مبارک کی برکت سے انبیاء علیہم السلام کو معراج حاصل ہوئی اور اولیاء مقرّب بارگاہ الٰہی ہوئے اگر روز جمعہ نماز سُنت اور فرض کے درمیان ایک سو مرتبہ اسم کی تلاوت کرے تو عنایات و مکاشفات و اسرار اسمائے الٰہی سے مشرف ہو (تنویر) ظفر جلیل میں روز پنجشنبہ لکھا ہے بہتر ہے کہ روز پنجشنبہ اور جمعہ دونوں دن نماز فجر کی سنت و فرض کے درمیان پڑھے یا عصر کی سنتیں پڑھکر اس اسم کی تلاوت کرے پھر فرض باجماعت ادا کرے (اقبال احمد)

۱۰۱۔ یَا حَاکِمُ یَا حَکَمُ یَا حَکِیْمُ۔ اس اسم میں صفات ہائے عجیب و غریب ہیں کوئی مہم پیش آئے قید و مجبوری، قرض و غربت، تنگیٔ معیشت و دوراندیشی یا مثل اس کے۔ تو اس اسم کا ورد کرے۔ شیخ بونی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اس اسم کی مداومت کرتا ہے اس پر امور حقیقیہ اور مواہب الٰہیہ کھول دیئے جاتے ہیں اور اگر کوئی اس اسم کے اعداد کے موافق روزانہ بعد ہر نماز کے تلاوت کرے تو پروردگار عالم، فہم و حکمت عطا فرمائے اور اس مشکل کو سلجھانے میں دشواری نہ ہو۔ (تنویر) اس اسم کا عامل جس مشورے میں شریک ہو بہتر اور مفید رائے دے۔ اور اس کی رائے علم و حکمت فہم و دانش پر مبنی ہو جس مشکل کا حل بڑے بڑے مفکر اور اہل دانش نہ نکال سکے ہوں اس کا حل اس کا عامل تلاش کرے گا۔ اس لئے حکیم و ڈاکٹر اور وکیلوں کے لئے اس اسم اعظم کی تلاوت مفید ہے۔

۱۰۲۔ یَا عَادِلُ یَا عَدْلُ:۔ جو مرد مومن قبر و حشر کی ہولناکیوں سے ڈرتا ہو اور یہ خوف ہو کہ میرے ماتحت اور محکوم افراد کو میری ذات سے کوئی اذیت یا دکھ پہنچ گیا تو قبر و قیامت میں اس کی سزا کیا ہوگی۔ کیونکہ ارشاد باری ہے کہ میں اپنے رحم و کرم سے اپنے قصور تو معاف فرما دوں گا مگر میرے کسی بندے کے حقوق کسی پر ہوں تو وہ میں معاف نہ کروں گا وہ بندہ خود معاف کردے تو اسے اختیار ہے، لہٰذا آخرت کی باز پرس سے ڈرنے والے، افسران، مجسٹریٹ، جج اور کارخانوں کے منیجر و مالکان وغیرہ کو اس اسم کا ورد کرنا چاہیئے۔ یَا عَادِلُ کے عدد ۱۰۵ ان اعداد کو ۴ سے اور یَا عدل کے ۱۰۴۔ اعداد کو ۳ سے ضرب دے کر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنی صفت عدل کا پرتو اس پر ڈال دے ۱۲۔ اگر ہر شب جمعہ کو ۱۲ روٹی کے ٹکڑوں پر تحریر کر کے کھائے تو نور ایمان زیادہ ہو، خامیاں اور برائیاں دور ہوں گی اگر بعد نماز صبح بغیر

کسی سے بات کئے ہا پانچہزار تین سو سولہ (۵۳۱۶) مرتبہ پڑھے تو پروردگار عالم جمیع ظالمان کو دفع فرمائے اور امن و سکون حاصل اور نماز سے پہلے چار مرتبہ **العدل** کہے تو دعا مستجاب ہو (تنویر) جو شخص بروز جمعہ روٹی کے ۲۰ ٹکڑوں پر لکھ کر کھائے تو اللہ تعالےٰ اس کے لئے خلق کو مسخر کردے (ظفر جلیل)

۱۰۳۔ یَا لَطِیْفُ :۔ اس اسم کی برکت سے حق تعالیٰ طالبان کو علم عنایت فرماتا ہے اور عابدین و مومنین کے اعمال کو اس کے صدقہ میں ملائکہ آسمان پر لے جاتے ہیں جو شخص اس اسم کی مداومت کرے اس کو چاہیئے کہ خلق خدا سے بہ لطف و شفقت پیش آئے تاکہ حق تعالےٰ ذاکر کو مظہر لطف بنا دے (تنویر) جو ملازمت یا روزگار سے محروم ہو یا فقر و فاقہ میں مبتلا ہو، یا کم آمدنی کی وجہ سے پریشان ہو یا بوجہ غربت کوئی مونس نہیں یا بیمار ہے اور غمخوار نہیں یا لڑکیاں ہیں اور شادی نہیں ہوتی یا کثیر العیال ہے تو وضو کامل کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور اس اسم کو حصول مقصد کیلئے سو بار پڑھے اللہ تعالےٰ اس کے کام کو سرانجام فرمائے گا۔ انشاء اللہ۔ (ظفر جلیل) عمل یالطیف مجرّب وسعتِ رزق کا شمع اول نمبر ۱۳۷ پر دیکھئے۔

۱۰۴۔ یَا خَبِیْرُ :۔ اس اسم کا عامل عالم خواب و بیداری میں پوشیدہ حالات سے باخبر ہو جاتا ہے۔ (تنویر) یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ دو رکعت نماز ادا کرے اور اس کا ثواب سیّدنا غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پاک کو بخشے اور بعد نماز ۱۲۱ بار یہ عزیمت پڑھے جو معلوم کرنا ہو عالمِ خواب یا نیم خواب، نیم بیداری یا عالم بیداری میں دیکھ لے (مجموعۂ اعمال) جو کوئی اپنے نفس کے تابع ہو چکا ہو اور احکام الٰہی سے غافل ہو اس اسم کو کثرت سے پڑھے نکوکار ہو جائے (ظفر جلیل)

۱۰۵۔ یَا حَلِیْمُ :۔ اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کی برکت سے مخلوق کا آب و تمام مرتب کیا گیا ہے اور اسی کی برکت سے عالم قائم ہے۔ اگر کوئی ۸۸۲ بار روزانہ تلاوت کرے تو خلقت مہربان ہو (تنویر) اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر وقت آبپاشی کھیت میں چھڑکے، زراعت میں برکت ہو اور کھیتی آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گی (ظفر جلیل) شیخ حاجی ناصر الدین اور شیخ عبد المجید مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہما متفق ہیں کہ اگر بیمار کے سرہانے ایک بار سورہ فاتحہ اور دس بار **یاحلیم** پڑھے تو مرض کے ہیجان اور شدت میں فوراً تخفیف ہو اور مریض شفایاب ہو (تنویر)

۱۰۶۔ یَا عَظِیْمُ :۔ شیخ مغرب علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر جس کی جانب نگاہ اٹھاوے وہ بیساختہ

تعظیم کے واسطے کھڑا ہو جائے (تنویر) جس شخص کو لوگ بہ نظر حقارت دیکھتے ہیں بوجہ غربت و افلاس، تنگیٔ رزق و بے روزگاری یا جو شخص اپنے علم اور خاندانی افتخار کے مطابق عہدہ یا ملازمت حاصل کرنے میں ناکام رہے وہ شرفِ آفتاب نقش مربع چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھے اور اس اسم کا ورد کرے، معظم و مکرم ہو۔

۱۰۷۔ **یَا شَکُوْرُ**۔ اہل تحقیق فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر مستجاب الدعوات ہو جائے اور پروردگار عالم اپنے انعامات کے لئے مخصوص فرمائے اور مقام کشف حاصل ہو، دنیا و آخرت کی نیکیاں اور بھلائیاں حاصل ہوں۔ (تنویر) اگر آنکھوں کی روشنی کم ہو جائے یا بصارت ختم ہو جائے اس اسم کو ۴۱ بار پڑھکر دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر دم کرے اور منہ پر ڈالے اور آنکھوں پر ملے مولیٰ تعالےٰ آنکھوں کی روشنی واپس فرما دے ۔ افطر جلیل

۱۰۸۔ **یَا عَلِیُّ**۔ جو شخص اس اسم کی تلاوت کرے اگر ذلیل ہو تو عزّت دار ہو، ادنیٰ ہو تو اعلیٰ مرتبے پر پہنچے فقیر ہو تو مالدار ہو جائے۔ غریب الوطن ہو تو وطن کی واپسی کا سامان مہیّا ہو جائے، دشمن پر تسلط ہو، ملوک و سلاطین میں تقرّب حاصل ہو۔ اگر اس اسم کا نقش انگشتری میں پہنے اور اس کا ورد کرے تو ایسے عجیب و غریب اثرات ملاحظہ فرمائے کہ خود حیران رہ جائے۔ اگر حاکم یا بادشاہ ہے تو لشکر و رعایا اطاعت میں سر تسلیم خم کر دے اور اگر وہ انگشتری لڑکی کو پہنائی جائے جس کی شادی نہ ہوتی ہو تو برکت اسم معظم کی ہوگی کہ پیغام آنا شروع ہو جائیں (تنویر)۔ بہتر ہے کہ علی العظیم کو ملا کر پڑھے یا اسم علی اور عظیم کے پڑھنے کے بعد آیۃ الکرسی شریف کو تین بار پڑھے۔

۱۰۹۔ **یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ**۔ اس اسم کا عامل خوف حاکم، ظلم ظالمین، شرِ شیاطین سے محفوظ رہتا ہے، چرند و پرند حشرات الارض سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔ جنگلات کا کام کرنے والوں فوجی جوانوں جہاز رانوں کو اس کا ورد ضرور کرنا چاہیئے ساتھ ہی بچوں کو خلل و آسیب و بیماری سے محفوظی کیلئے اس نقش کا دینا چاہیئے امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ تعداد اسم کے مطابق کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے تو وسوسۂ شیطان و خیالات فاسدہ، خوف سلاطین، سانپ، بچھو کے گزند سے محفوظ رہے، لاعلاج مریض کے باندھے شفایاب ہو۔ (تنویر)

۱۱۰۔ **یَا مُقِیْتُ**۔ یہ اسم نفس کو مطیع اور روح کو مسخر کرنے میں یکتا ہے، یعنی جو شخص نفس کو تابع کر لیتا ہے وہ پانی پر مثل زمین چلتا اور فضائے بسیط میں پرواز کرتا ہے اور روح مسخر ہو جاتی ہے۔

تو جسم روح کی مانند لطیف ہو جاتا ہے اس کے لئے قرب و بُعد سب یکساں ہو جاتے ہیں روح کی طرح جسم آ! ان کی سیر کرتا ہے اور یہ اسم بے سہاروں کا سہارا ہے۔ اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے دریائے معرفت میں غرق ہو کر پڑھے اور اپنا زیادہ وقت خدمت خلق میں صرف کرے اور ہر دوست و دشمن پر شفقت و جود و سخا کرنے میں دریغ نہ کرے تاکہ حق تعالے نفس کو مطیع اور روح کو مسخر فرمادے۔ (تنویر)۔

۱۱۱۔ یَاحَسِیْبُ :۔ اس اسم کی برکت سے کراماً کاتبین اور ملائکہ مقربین بندوں کے اعمال پر مطلع ہوتے ہیں۔ شر و خوف دشمناں اور بدمزاج بدکار عورت، اسی طرح بیوی اپنے عیاش اور بدکار مرد کے لئے، ملازم اپنے جابر و ظالم حاکم جس سے ہر وقت عزت و آبرو کا خطرہ ہو تو چہار شنبہ یا پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور بعد ہر نماز ۷۰ مرتبہ کہے حَسْبِیَ اللّٰہُ انشاءاللہ جیند ہی بار عمل کرنے سے عادات بد افعالِ قبیحہ سے نجات حاصل ہو (تنویر) اگر اعداد اسم کے مطابق بغیر صوم ورد کرے تو اسکی برکت سے حاجات بر آویں، مال و اہل فرزند آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہیں۔ شریر، کند ذہن، کام اور پڑھنے سے بھاگے۔ خوف و ڈر سے رونے یا نظر سے بیمار ہونے والے بچوں کو مٹی کے پیالے یا آبخورے پر یاحسیب دیا مقیت سات بار پڑھکر دم کرے، بعدہ، پانی اس میں سے خود پیئے اور بچا ہوا پانی بچے کو پلائے (ظفر جلیل)

۱۱۲۔ یَاجَلِیْلُ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ :۔ یہ دونوں اسم خواص میں یکتا ہیں۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ (ان میں سے کوئی) اسم اگر سات روز تک روٹی کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر خود کھائے باقی روٹی صدقہ کردے تو تمام مخلوق مسخر ہو اور باکرام پیش آئے۔ اس اسم کا پڑھنے والا خدا اور بندگان خدا کے سامنے معزز و مکرم ہو اور جمیع مقاصد و مرادات حاصل ہو۔ اگر کاغذ سفید پر لکھکر مکان میں رکھے برکت ہو۔ لوگ اس کی جانب رجوع کریں (ظفر جلیل)

حاملہ عورت باندھے تو حمل اسقاط سے محفوظ رہے اور بچہ جن و آسیب، ام صبیان۔ سوکھا ل سے مامون رہے۔ اگر کھانے یا پانی پر دم کرکے طرفین کو کھلائیں یا پلائیں تو صلح ہو، سیسہ کی تختی پر لکھکر مطلوب کی صورت بناکر لکھ کر اس کے مکان میں رکھدیں، نکسیر جاری ہو اور مٹی کا پتلا بناکر لکھکر سکھا کر برادہ بنا

کر ظالم کے گھر میں ڈالے برباد ہو جاوے۔

۱۱۳۔ **یَا مُقْسِطُ**:۔ یہ اسم قوی باہیبت ہے۔ اس کے پڑھنے والے سے لوگ خوفزدہ رہتے ہیں بڑے سے بڑا جابر و مفسد اس سے آنکھ ملانے سے گریز کرتا ہے۔ اس کے عامل میں یہ صفت اس وقت تک باقی رہتی ہے کہ جبتک وہ کسی کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک نہ کرے اگر کسی کا حق کسی نے داب رکھا ہے۔ اگر شوہر بے انصافی سے عورت کا حق غصب کرتا ہے تو اس اسم کے اعداد کے مطابق پڑھے اگر چالیس روز تک اسکا اثر شوہر کے فعل سے ظاہر نہ ہو یعنی شوہر اس کا حقِ محبت اور حق زوجیت ادا نہیں کرتا تو یہ ہرگز نہ سمجھے کہ اس کا اثر نہیں ہوا بلکہ اپنی خامی تصور کرے کہ مجھ پر بھی شوہر کا حق باقی ہے اور میں اس کو ادا نہیں کر پاتی، یہ خیال کر کے ہر تکلیف برداشت کرتے ہوئے شوہر کی خدمت کرے اور اس اسم کا ایک چلہ کرے اس نیت سے کہ اگر مجھ میں خامی ہے تو میری اور میرے شوہر کی اصلاح فرماوے اپنے عدل سے (اقبال احمد)۔

اہلِ تحقیق نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم کا ورد کرے، یقین رکھے کہ اللہ تعالےٰ عادل ہے کسی پر ظلم نہیں فرماتا۔ (تنویر)

۱۱۴۔ **یَا جَامِعُ**۔ اس اسم کی برکت سے جمیع مخلوقات جناب سلیمان علیہ السلام کی مسخر تھی (تنویر) اگر کوئی شخص پریشان حال ہو، اعزہ و احباب سے دُور ہو، محبوب کی جدائی میں بے قرار ہو تو بروز یکشنبہ بوقت چاشت غسل کرے اور دو رکعت نماز ادا کر کے منھ آسمان کی طرف کرے، دونوں ہاتھ پھیلا کر دس مرتبہ یا جامِعُ کہے اس طرح کہ جب پہلی بار جامع پڑھے داہنے ہاتھ کی ایک انگلی بند کرے، دوسری پر دوسری اسطرح دس بار میں دسوں انگلیاں بند کرلیں۔ پھر بے شمار اس اسم کا ورد کرے بعدہٗ ہاتھ کھول کر منہ پر پھیرلے محبوب حاضر ہو (ظفر جلیل)۔ یہ عمل ہرگز ہرگز غیر عورت یا غیر مرد کے کے لئے نہ کیا اس کے لئے بھی نہ کرے جس سے منگنی ہوچکی ہو نکاح نہ ہوا ہو صرف قرار شدہ یا میکے بیٹھ جانے والی کے لئے اسی طرح کرے وہ عورت اپنے شوہر کے لئے بھی کرے جس کا شوہر غائب ہو یا لڑ کر چلا گیا ہو۔

۱۱۵۔ **یَا کَرِیْمُ**۔ شیخ ابو العباس احمد بن علی بونی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کی مداومت کرے تو مدتِ حیات تک معزز و مکرم رہے اور مستجاب الدعوات ہو جائے، تنگدستی و مفلسی دُور ہو دولت اور

وسعت رزق حاصل ہو۔ (تنویر) اس اسم کی برکت سے علم و دولت و عزت اور شہرت جو بھی نعمت حاصل ہو وہ کریم وسخی دے کر واپس نہ لے اس یقین کے ساتھ عمل کرے۔ اگر سوتے وقت بستر پر لیٹنے کے بعد پڑھے اور پڑھتے پڑھتے سو جائے تو شب بھر فرشتے اس کے لئے دعا کریں (ظفر جلیل) تیغ گنج قادریہ میں یا کریم یا اللہ بعد نماز ظہر سو بار مرقوم ہے۔ (ابو ظیفتہ الکریمیہ)

۱۱۶۔ **یَا رَقِیْبُ**۔ یہ اسم پاک محافظت حسن و جمال اولاد۔ زر و مال۔ کاروبار کھیتی، ملازمت وغیرہ کے لئے ہے۔ یہ اسم معانی و اوصاف میں بہت وسیع ہے۔ اگر کسی کے حسن و جمال، اولاد، اموال۔ عزت و مال کے حاسد و رقیب زیادہ ہوں، یا کسی منگنی ہو چکی ہو اور حاسدین درمیان میں حائل ہو جائیں اور کشیدگی پیدا کر دی گئی ہو تو اس اسم کا ورد کرنا چاہیے جو مال و ملکیت بوجہ دشمنی و حسد چھین لی گئی ہو اس کے حصول کے لئے بھی اس کا عمل بہتر ہے۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس دشمن کے مقابلہ کی طاقت نہ ہو اس کے لئے سات بار ہر نماز سے پہلے پڑھ لیا کرے (تنویر) گھر بار کھیتی وغیرہ کو تنہا چھوڑتے وقت دشمن کے نقصان پہنچانے کا خطرہ ہو تو اس اسم کو سات بار پڑھکر جس کی حفاظت مقصود ہو اس کے گرد دم کر دے واپسی تک کوئی نقصان نہ پہنچا سکے۔ (ظفر جلیل)

۱۱۷۔ **یَا مُجِیْبُ**۔ اس اسم کی برکت سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے گلے پر چھری کُند ہو گئی تھی (تنویر) امام علی رضا رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ اس اسم کو ایکہزار مرتبہ پڑھکر جو دعا مانگی جائے قبول ہو۔ اگر کسی دعا و عمل کے آخر میں ۲۶ مرتبہ یا سریع یا مجیب پڑھے تو فوراً ظہور ہو۔ (تنویر) شیخ شہاب الدین سہروردی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے نقش کو اپنے پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے، اگر کوئی سخت مہم در پیش ہو یا کسی امر میں مضطرب ہو تو ایک مجلس میں نوے ہزار مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ حاجت پوری ہو بغایت مجرب ہے (تنویر) شیخ بونی علیہ الرحمتہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی حاکم یا بادشاہ کو مسخر کرنا ہو تو اس کی تصویر کو خلوت میں اپنے سامنے رکھے اور اس اسم کے نقش کو نئی ٹھیکری پہ لکھکر اپنے پاس رکھے اور خلوت میں اس اسم کو پڑھنا شروع کرے مقصد حاصل ہو۔ اگر اس کا نقش چاندی پر کندہ کرا کے پاس رکھے قبولیت دعا کی برکت حاصل ہو۔ (ظفر جلیل)

۱۱۸۔ **یَا وَاسِعُ**۔ اہل طریقت نے فرمایا ہے کہ جو شخص حریص ہو تو اس کے لئے یہ اسم نافع ہے اگر

۱۴۷ بار روزانہ ورد میں رکھے حق تعالے اُسے اپنے انفصال کی بارش فرمائے، اگر کوئی ۱۰۲۵ مرتبہ پڑھے علو مرتبہ منزلت عالی تسخیر قلوب سلاطین و امراء رفعت و جاہ و منزلت، احوال عجیب و حالات غریب اور وسعت رزق کے مفاد حاصل ہوں اگر اس کے نقش کو لکھکر کسی مکان یا دوکان یا ذخیرہ، تجوری میں رکھیں برکت حاصل ہو۔ (تنویر) تسخیر کے لئے، یوم روزانہ ستر ہزار مرتبہ پڑھے تو عالی مرتبت ہو۔ تمام مخلوق مطیع و مسخر ہو وسعت رزق کے لئے ۱۵۰ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے (تنویر)

۱۱۹- یَاوَدُوْدُ :- یہ اسم حُبّ کے لئے عاملین میں بہت مشہور ہے اہل تحقیق فرماتے ہیں اگر اس کا عامل اپنے بیگانے ہر ملنے والے سے اخلاق و محبت سے پیش آئے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنا محبوب بنالے (تنویر) امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اگر کوئی خواہشات نفسانی میں مبتلاء ہو، شرابی یا زانی ہو، کذاب اور ایذائے اہل اسلام میں کوشاں رہتا ہو تو ۹۶۰ مرتبہ اسم یَاوَدُوْدُ اور اول و آخر ۵۳ بار یہ آیۃ کریمہ اِنَّہٗ ھُوَ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ وَھُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ۔ پڑھے پھر دعا کرے انشاء اللہ نیک انسان بن جائیگا اسی طرح فاحشہ عورتوں کو سدھارنے کیلئے بھی یہ عمل کرنا چاہیئے (تنویر)

۱۲۰- یَامَاجِدُ یَامَجِیْدُ :- جو شخص صاحب عزت و بزرگی ہونا چاہیئے اس اسم کا ورد کرے۔ اگر کوئی شخص ذلیل و رسوا ہو یا کسی وجہ سے یہ گمان ہو کہ ذلیل و رسوا ہو جائے گا۔ مثلاً کسی کی امانت رکھی تھی خرچ کر چکا، یا مالدار تھا اب مفلس ہے اور لڑکے یا لڑکی کی شادی کرنا ہے، جس میں پردہ فاش ہونے کا اندیشہ ہے تو اس اسم کا ورد کرے۔ مولیٰ تعالیٰ اسکی برکت سے ایسا ذریعہ عطا فرمادے گا کہ ذلت و رسوائی سے محفوظ رہے گا۔ (تنویر) امانت میں خیانت، رشوت یا مزدور و ملازم کا پیسہ کوئی الزام رکھکر کاٹنا یا کسی کی بھول سے فائدہ اٹھانا اس کی رقم مار لینا حرام ہے۔ ایسا کرنے والا اپنے پچھلے فعل سے توبہ کرے اور آئندہ کے لئے عہد کرے، پھر عمل کرے، شیخ ابو العباس فرماتے ہیں، یہ عمل امراء اور بادشاہوں کے حسب حال ہے۔

۱۲۱- یَابَاعِثُ :- اس اسم کو برائے صفائے باطن و دفع وسوسہ شیطان و تزکیہ نفس اگر کسی شخص پر شہوت، غفلت و حرص، بخل بہت ہو تو اس اسم کو بوقت خواب لیٹ کر سینے پر ہاتھ

رکھکر یا پنجتوں۵ بار پڑھنا چاہیئے (تنویر) - شیخ عبدالمجید مغربی فرماتے کہ پریشانیوں کو پیدا کرنے والے اسباب کو دفع فرماتا ہے - اس اسم میں سِرِّ اکبر ہے اس کا ذکر اس فرد کیلئے بہت مناسب ہے جس کی ہمت پست ہو چکی ہے زندگانی اور صحت وحفظ قوائے جسمانی و روحانی کی عجیب وغریب تاثیر اس اسم میں موجود ہے (تنویر)

۱۲۲ - یَا شَہِیدُ یَا شَاہِدُ ، - اہل حقیقت نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے ذاکر کو بیہودہ کلاموں اور دروغ گوئی سے بچنا ضروری ہے جو شخص روزانہ اعداد اس اسم کے مطابق ورد میں رکھے، اس کے اہل وعیال ہر بلا اور برائی سے محفوظ رہیں - اگر کسی کی بیوی یا بچہ نافرمان شریر ہو تو روزانہ صبح کو اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھکر ۲۱ مرتبہ یہ اسم پڑھکر دم کرے مطیع وفرمانبردار ہو - (ظفر جلیل) اگر ہر نماز کے بعد اعداد اسم کے مطابق پڑھے تو قلب ذاکر سے حجاب اُٹھ جائیں (تنویر) -

۱۲۳ - یَا حَقُّ ، کسی سے لڑائی ہو جائے یا کسی قسم کا لین دین کا معاملہ ہو یا مقدمہ ہو پنچایت کے طور پر فیصلے کے لئے کچھ لوگ جمع ہونے والے ہوں اور خود کا حق پر ہونے کا یقین ہو، ساتھ ہی یہ بھی گمان ہو کہ فیصلہ شرعی طور اس کے خلاف ہوگا تو اس اسم کا ورد کرے (تنویر)

شیخ مغرب رحمتہ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا کہ گمشدہ شے کے حصول کے لئے ایک کاغذ کے کونوں پہ گمشدہ کا نام اور درمیان میں یَا حَقُّ تحریر کرے دستیاب ہو (تنویر) اور ظفر جلیل میں اتنا اضافہ کیا ہے کہ اس کاغذ کو اپنی ہتھیلی پر رکھے اور ہاتھوں کو مثل دعا اٹھائے اور نظر آسمان کی جانب ہو پھر اس اسم کو شفیع لائے یعنی اس کا ورد اعداد اسم کے مطابق کرے یا وہی شے ملے یا اس سے بہتر، اگر قیدی نصف شب کو سر ننگا کرکے ایک سو آٹھ بار پڑھے رہائی پائے -

۱۲۴ - یَا وَکِیلُ ، - اس اسم کے ذاکر کو یہ یقین کرنا چاہیئے کہ حق تعالیٰ جمیع مخلوقات کی کفایت کرنے والا ہے - اس اسم کا ذاکر تمام خوف سے مامون رہے - اگر مقام خوف پر تلاوت کرے خواہ خوف بہائم ہو یا خوف برق ورعد یا خوف زلزلہ سے پروردگار محفوظ رکھے (تنویر) شیخ بونی رحمتہ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں اس اسم میں حصول مرادات کی تاثیر کلی موجود ہے - جو شخص اس اسم مبارک کی تلاوت کرے اگر مسافر ہے بخیریت وطن واپس آئے - قید ہے تو نجات پائے، مقروض ہو تو قرض ادا ہو اگر بہ نیت دفع دشمن پڑھے مقہور ہوں - (تنویر)

۱۲۵- یَا قَوِیُّ :- یہ اسم بہت قوی الاثر ہے۔ اس کی تلاوت کا اثر فوراً ظاہر ہوتا ہے۔ اس کے عامل پر ایک دو نہیں ہزاروں دشمن بلکہ پوری فوج بھی غلبہ حاصل کر کے ظلماً نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ دفع بیماری کے بعد کی کمزوری کے لیئے یا وقت سے پہلے بوڑھے یا کمزور اور چلنے پھرنے سے معذور ہو جانے والے یا معذور ہو جانے کا خطرہ ہو تو یَا قَادِرُ یَا قَوِیُّ یَا قَائِمُ یَا دَائِمُ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پینا چاہیئے (اقبال احمد)

شارحین کرام نے مستند طریقہ دشمن سے محفوظ رہنے کا بتایا ہے کہ آٹا خمیر کر کے ایک ہزار گولیاں بنالے اور ہر گولی پر اسم مذکورہ ایک بار پڑھ کر دم کرتا جائے اور پرندوں کو کھلاتا جائے اور دشمن کا تصوّر رکھے، اس کے شر سے محفوظ رہیں گے (تنویر)

۱۲۶- یَا مَتِیْنُ. اس اسم کا عامل اگر اپنی چشم کو نامحرم سے محفوظ رکھے تو اس کی محبت و ہیبت دوست و دشمن ہر ایک کے قلب میں خون کی گردش کے ساتھ دوڑنے لگے اگر کسی خاص ذات کو مسخر کرنا ہو تو خوشبودار پھول یا میوہ پر دم کر کے دے وہ خوشبو سونگھے یا میوہ کھائے تو مہربان ہو (تنویر) جو بچہ چلنے سے معذور ہو اس اسم کا نقش باندھے چلنے لگے۔ بچے کی ماں کے دودھ نہ ہو اس اسم کو لکھ کر ماں کو پلائے دودھ بہت ہو۔ (ظفر جلیل)

۱۲۷- یَا حَامِدُ یَا مَحْمُوْدُ یَا حَمِیْدُ - اس اسم پاک کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے، اس اسم کا عامل عالم محویت میں گم ہو کر پڑھے اور خالص حمد و ثناء ہی کی نیّت رکھے تو صفات محمودہ سے متصف ہو جاتا ہے اس اسم کے قاری کی حاضر و غائب تعریف ہوگی۔ یہ اسم تسخیر و محبّت اور افعالِ بد سے بچانے میں بہت زود اثر ہے ان میں سے کوئی اسم یا تینوں اسماء اگر لکھ کر پلائے جائیں تو تمام بُری عادات چھوٹ جائیں (تنویر) شریر بدچلن نافرمان بچّوں کے لئے پیالے پر یہ عبارت کندہ کرا کے رکھ لیں اسی میں پانی پلائے (ظفر جلیل) یَا حَمِیْدُ الْفَعَّالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا حَمِیْدُ -

۱۲۸- یَا مُحْصِیُ - اس اسم کا پڑھنے والا عذاب قبر و حشر سے امان پاتا ہے اگر روز جمعہ یا شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے حساب عاقبت آسان ہو (تنویر) یہ اسم اکاؤنٹنٹ اور کلرکوں کیلئے آبحیات کا

حکم رکھتا ہے، کتنا ہی کام کرنا ہو، آسان ہو جائے اور حساب کتاب میں اگر غلطی ہو تو فوراً محسوس ہو جائے۔ جو علم حساب پڑھتا ہو یا امتحان دیتا ہو یا جس کے حساب میں غلطیاں زیادہ ہوں وہ اس کا ورد کرے (تنویر)

۱۲۹ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ :۔ جس امر مشکل۔ یا امکان، دوکان کی تعمیر۔ کارخانہ وغیرہ غرض کسی بھی کام کی ابتدا کرتا ہے اس وقت اس اسم کا ۵۶ مرتبہ پڑھکر آغاز کیا جائے، بحسن وخوبی انجام کو پہنچے (تنویر) شیخ عبدالمجید مغربی فرماتے ہیں۔ اگر طالب فرزند قبل صحبت ۵۶ مرتبہ مرد و عورت پڑھ لیں، مولا تعالےٰ اپنی قدرت کاملہ سے فرزند عطا فرمائے اگر زن حاملہ ورد میں رکھے، بچہ صحیح وسالم پیدا ہو اور وقت پیدائش تکلیف نہ ہو۔ (تنویر)

۱۳۰۔ یَا مُحْیِیْ یَا حَیُّ :۔ یہ اسم مبارک مورچہ پر جانے والے فوجی سپاہیوں، سمندر میں غوطہ لگانے والوں، بس، ٹیکسی، رکشہ ڈرائیوروں، خصوصاً پہاڑی علاقوں میں سفر کرنے والوں یا پہاڑی علاقوں میں کام کرنے والوں پل اور سرنگیں بچھانے والے، غرض ہر وہ کام جس میں موت کا خطرہ ہو، یہ اسم پاک ۹۵ مرتبہ پڑھکر گھر سے نکلے سلامت گھر واپس آئے جو لوگ دریاؤں کے قریب رہتے ہیں سیلاب یا زلزلوں کا خطرہ رہتا ہو وہ اس کا ورد رکھیں جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہیں۔

(تنویر وظفر و فوائد کبریٰ وغیرہ)

۱۳۱۔ یَا مُمِیْتُ : یہ اسم پیران طریقت اور رہنمایان شریعت کے لئے ضروری ہے کہ اس اسم کی برکت سے نفس امارہ مطیع و مسخر ہو جاتا ہے۔ امام جعفر الصادق رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں کہ بوقت خواب اپنے دونوں ہاتھ سینے پر رکھکر ۹۰۴ مرتبہ یا ممیت پڑھے، اس کے بعد سو جائے، حق تعالےٰ اس کے نفس کو مطیع و مسخر فرما دے (تنویر) دیگر ہلاکی وبربادی دشمن کے لئے بھی یہ اسم مخصوص ہے، شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ پانچ اسم یا محصی یا مبدی یا معید یا محی یا ممیت اگر طالب علم ان اسماء کا ورد کرے تو عالم ہو جائے، پروردگار عالم فہم و ادراک عقل و ذہن لطیف عطا فرمائے۔ تمام مشکلات میں آسانیاں پیدا ہوں (تنویر)

۱۳۲۔ یا قیوم ۔ اس اسم کی مداومت کی برکت سے عمر دراز ہوتی ہے ۔ مرادات میں کامیابی دشمنوں پر غلبہ اور دلوں پر تصرف حاصل ہوتا ہے۔ سیدنا امیرالمومنین حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے

روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ دیکھا میں نے بوقت شدت جناب رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہا اور فوراً راحت حاصل ہوئی۔ جو شخص طالب عزت وجاہ اور ترقی کاروبار ہو برائے قدرت و سرعت واجابت وقضائے حاجات وحصول مقاصد وفتح مقدمات اس اسم مبارک میں سب تاثیرات موجود ہیں۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں وقت سحر اس کا ورد کرے تو خلق مسخر ہو، اکثر اکابرین نے اسم یاحی یاقیوم کو اسم اعظم فرمایا ہے۔ (تنویر)

۱۳۳۔ یَا وَاجِدُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ ۔ یہ اسمائے الٰہیہ حصول دولت وغنا کے لئے امتیازی شان رکھتے ہیں۔ یاواجد حصول کشف کے لئے عاملین کا معمول رہا ہے۔ جو شخص حلال ذریعہ معاش کا متلاشی ہو یا تاجر جس کی تجارت حسب منشا نہ چلتی ہو یا اولاد کثیر ہو خورد ونوش کا انتظام قلیل ہو یا بالکل نہ ہو، ایسلئے حرام وناجائز ذرائع معاش تلاش کرنے سے بہتر ہوگا کہ ان میں سے کوئی ایک اسم منتخب کرکے ورد کرے یا ایسی دعائیں جن میں یہ اسماء بھی شامل ہوں عمل میں لائے اللہ تعالیٰ غیب سے طیب وطاہر رزق کثیر عطا فرمائے اور وہ بے نیاز اس قدر دے کہ خرچ سے بچ رہے۔ ان اسماء کو اپنے اعداد اسم کے مطابق ورد کرے۔

۱۳۴۔ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا وَحِیْدُ ۔ ان اسماء سے کسی اسم کے ذکر سے ذاکر کا دل ایسا بےخوف اور مطمئن ہو جاتا ہے کہ بڑے سے بڑے خطرے اور لرزا دینے والے واقعے، ہراساں کر دینے والے ماحول میں بھی بے فکر رہے اور خوف قریب نہیں آتا، یہاں تک کہ پھانسی کے تختے پر بھی اس کے قلبی اطمینان وسکون کا وہ نورانی جلوہ ہوتا ہے کہ جس کو دیکھ کر نمرود وشداد دوراں بھی کانپ کر اپنے آپ کو اس کے قدموں میں ڈال دیتے ہیں، گویا اس واحد ویکتا کی واحدانیت کے جلوے اس اسم کے ذاکر کو اپنی آغوش میں لے لیتے ہیں۔ اس لئے عاملین اور اہل تحقیق اس اسم کو شاہان وذمہ داران مملکت اور فوجی افسران کے لئے تحفۂ قدرت بتاتے ہیں (از شارحین اسماء باری) اگر کوئی شخص سخت مہم یا بیماری میں مبتلاء ہو خطرناک راستوں میں بوجہ تنہائی کسی مقام پر خوف ہو تو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے مہم آسان، بیمار شفایاب ہو اور خوف وہراس دور ہو۔ (تنویر)

۱۳۵۔ یَا صَمَدُ ۔ اس اسم کا ذاکر اہل اللہ میں سے ہوتا ہے اور اس اسم کا پڑھنے والا بھوکا نہیں رہتا۔

یا بھوک پیاس کی شدت سے محفوظ رہتا ہے۔ اکثر عاملین وکاملین نے یَا اَحَدُ یا صمد کو اسم اعظم بتایا ہے۔ شیخ مغرب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، اسم یا صمد کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو رزق میں وسعت اور کاروبار میں برکت ہو۔ (تنویر) کتاب مفتاح الجنان میں مذکور ہے کہ اگر شب جمعہ بعد از نصف شب میں باوضو ایک ہزار مرتبہ حضور قلب سے پڑھے تو قاری میں عظیم اثرات پیدا ہوں، اگر کوئی فسق وفجور میں مبتلا ہو تو اس کے لئے تین روزے رکھے اور ہر روز ساعت مشتری میں ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے اور اس کے لئے دعا کرے، وہ شخص فسق وفجور سے تائب ہو۔ محبت کے لئے چینی کی پلیٹ پر لکھکر پانی سے دھو کر پہلے طالب پیئے پھر وہ پانی مطلوب کو پلادے، محبت میں بے چین ہو۔ (تنویر)

۱۳۶۔ یَاقَادِرُ یَاقَدِیْرُ یَامُقْتَدِرُ:۔ یہ اسماء ہر بڑے سے بڑے، اہم سے اہم اور مشکل سے مشکل امور میں مشکلکشائی فرماتے ہیں، جب اپنے اور بیگانے، دوست واحباب سب الگ ہوجائیں، اور کوئی ہمدرد، حامی ومددگار تو کیا بات پوچھے، کوئی بھی پوچھنے والا نہ ہو تو ایسے نفسا نفسی کے موقع پر ان اسماء سے کسی اسم کا بھی ذکر اس کی کشتی حیات کو ساحل مراد پر لگنے کے لئے کافی ہے، خصوصاً نجومی جس وقت وحشت انگیز خبریں دیں اور انسانوں کو مبتلائے وحشت کردیں ان کے خود ساختہ دعووں کو جھٹلانے اور ستاروں کے اثرات بد سے محفوظ رہنے کے لئے ان اسماء سے کسی اسم کا ذکر بہتر ہے (شرح اسمائے باری)

۱۳۷۔ یَامُقَدِّمُ:۔ اس اسم کی برکت سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے طور پر کلام کیا۔ امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بوقت خواب اس اسم کو پڑھے، دشمنوں کے حملے، چوری کے خوف، مکان کے گرنے، جہاز کے ڈوبنے کے خوف سے محفوظ رہے۔ (تنویر)

۱۳۸۔ یَامُؤَخِّرُ:۔ شیخ بونی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جب انسان کی عمر قریب اختتام پہنچے اور عمل خیر کچھ بھی نہ ہوں، گناہوں کی کثرت ہو، قبر وحشر کا خوف دامن گیر ہو۔ تو اس اسم کی مداومت کرے حق تعالیٰ گناہوں کو معاف فرمائے اور عمر کو دراز کرے تاکہ نیک اعمال کرسکے (تنویر) اسی لیے عاملین اس اسم کو مایوس مریضوں کو کثرت سے پڑھنے کو بتاتے ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی رحمت سے شفا دیتا ہے۔ چاہیئے کہ بعد شفاء عبادت الٰہی سے غافل نہ ہو۔

۱۳۹- یَا اَوَّلُ :۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص طالب فرزند ہو یا دفینہ حاصل کرنا چاہتا ہو یا فتوحاتِ غیبی کا طالب ہو تو چاہیئے کہ چالیس جمعہ بعد نمازِ جمعہ مداومت کرے مقصد حاصل ہو، شیخ بونی رح فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذکر اپنے کل مقاصد میں سابق رہے گا اور اگر اسم کو یا آخر کے ساتھ ذاکر کرے تو مقام کشف حاصل ہو۔ (تنویر)

۱۴۰- یَا اٰخِرُ :۔ شیخ بونی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس نام کی قرأت کرے اسکو قوت و نصرت بے اندازہ حاصل ہو، اور جو بھی دشمنی کرے ہلاک ہو، مقابلہ کرے مغلوب ہو، جو شخص اس اسم کے اور دشمن کے نام کے اعداد شامل کر کے نقش بنائے اور ہفتہ کی پہلی ساعت میں لوہے پر کندہ کرے اور اسی تعداد کے مطابق پڑھے اور اس نقش کو آگ میں داب دے، دشمن ہلاک ہو۔ (تنویر)

یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ : یہ دونوں اسمائے باری تعالیٰ اصلاح اور نورانیت کے لئے خاص ہیں۔ یہ اسماء ظاہر و باطن کی اصلاح فرما کر ذاکر میں روحانیت پیدا کر دیتے ہیں۔ کشفِ قبور اور استخارہ کے لئے عاملین میں مشہور ہیں۔ شیخ مغرب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعد نماز چاشت پانچ سو مرتبہ پڑھے تو حق تعالیٰ دیدۂ دل کو ظاہر و باطن میں نورانی کر دے۔ بخواب غفلت سے بیداری عنایت فرماتے اور تاریکی دل سے دفع ہو (تنویر)
جس کے دوستوں، ساتھیوں یا اہلِ معاملہ میں سے جو بھی ایسا ہو کہ دل میں کچھ اور زبان پر کچھ ایسے دوستوں سے کافی نقصان پہنچ جاتا ہے لہٰذا ان کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس اسم کے ذکر کی برکت سے اس کے دوستوں کی بھی اصلاح فرما دیتا ہے اور اس اسم کے ذاکر کے دوست احباب یا غیر سب اسی طرح پیش آئیں جو ان کے دل میں ہو۔

۱۴۲ یَا وَالِیُ :۔ یہ اسمِ پاک دست کار محنتی حضرات کے لئے خاص ہے کہ اس اسم کی برکت سے کم وقت میں زیادہ کام انجام پاتا ہے۔ اس اسم کا عامل اگر ٹھیکیدار ہو یا مزدور وہ کبھی خالی نہ رہے۔ اس کے کام کی قدر بہت ہو جو مزدوری مانگے ملے۔ مالکان اس سے کام کرانے کے لئے ہر قیمت پر تیار رہیں اگر اسی اسم کو برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر مکان یا دکان کے گوشوں نیز بالا خانہ پر چھڑکیں تو چوری، بجلی، آندھی، طوفان، بارش، سیلاب، زلزلہ و جملہ آفات سے محفوظ رہے۔ (تنویر)

۱۴۳۔ **یَا مُتَعَالِیُ** :۔ اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اسم کو بہ عجز و انکساری پڑھنا چاہیئے اور خلق خدا میں خود کو حقیر سمجھے تاکہ حق تعالٰی مرتبہ بلند فرمائے اور غیب سے ہر کام سرانجام فرمائے اگر کوئی عورت بعد فراغت حیض و نفاس میں اسم کی تلاوت کرے تو جملہ آفات سے محفوظ رہے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذکر کر کے کسی بادشاہ کے پاس جائے (وہ عزت سے پیش آئے) اور جو حاجت ہو پوری ہو۔ (تنویر)

۱۴۴۔ **یَا بَرُّ** :۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر نابالغ بچہ کو یہ اسم یاد کرا دے اور وہ اس کو پڑھتا رہے یہاں تک کہ سن بلوغ کو پہنچے، تمام عمر آفات روزگار سے محفوظ رہے۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر جس چیز کا طالب ہو حاصل ہو۔ شیخ ابو العباس احمد بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کا ذکر کرے انعاماتِ الٰہیہ کی فراوانی ہو۔ (تنویر)

۱۴۵۔ **یَا تَوَّابُ** :۔ جو شخص بہ سبب گناہوں کے تکلیف و مصیبت یا زر کی تنگی میں مبتلا ہو اس اسم کی برکت سے اس کے گناہ مغفور ہوں رحمت و کرم کی بارش ہو۔ ۴۰۹ بار روزانہ ورد میں رکھے اور بعد فراغت جو دعاء کرے اس کی دعا قبول ہو۔ جو شیر خوار بچہ بہت روتا ہو اس پر ستر مرتبہ پڑھکر دم کرے ہر مرض و آفات و بلیات سے محفوظ رہے (تنویر) اس اسم کا ذاکر جو اس کی معانی و صفات میں غرق ہو کر پڑھے اولیائے کاملین میں شمار ہو گناہ و فواحش سے اس کا دل متنفر ہو جائے۔ (شرح اسماء)

۱۴۶۔ **یَا مُنْتَقِمُ** : برائے فتح و ظفر خصوصاً جن لوگوں کے کاروبار، کارخانوں، دکانوں کو بوجہ حسد سفلی کے ذریعہ باندھ دیا جاتا ہے یا جو لوگ بُرے دوستوں یا نفس کے فریب میں آکر اپنی عزت و دولت کو قمار بازی، سٹہ، ریس میں برباد کر چکے ہوں اور اپنی کھوئی ہوئی دولت و عزت کو حاصل کرنا چاہتا ہو تو سچے دل سے تائب ہو کر یا تواب یا منتقم کا ورد کرے، انشاء اللہ تعالیٰ پھر وہی دن ہوں گے اور وہی راتیں (شرح اسماء)

۱۴۷۔ **یَا رَؤُفُ** : یہ اسم مبارک تسخیر و محبت اور دشمن کے پنجۂ ظلم سے رہائی کے لئے پڑھنا چاہیئے۔ اس کے عامل کو ہر فرد انسیت و محبت سے دیکھے اگر اس کے عامل کے پاس ایک پیسہ نہ ہو اور وہ بڑے سے بڑا کاروبار کرنا چاہے تو لوگ اسے بخوشی قرض دیں اور تقاضا نہ کریں، کیونکہ عامل کے قرض دینے والے کو اللہ تعالٰی بڑی برکت دیتا ہے اگر کوئی بہ نیت خیانت اس عمل کو کرے تو ذلیل و خوار ہو، ورنہ عظمت و وقار اس کے قدم چومے۔ (شرح اسماء)

۱۴۸۔ یَامُعْطِیُ یَامُنْعِمُ یَانَافِعُ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ ۔ یہ اسمائے الٰہیہ حصول دولت وغنا کے لئے مخصوص ہیں، برائے نفع تجارت وسعتِ رزق حلال میں امتیازی شان رکھتے ہیں، بڑے بڑے وظائف و عملیات اور چلہ کشی اور محنت شاقہ کے بعد جو چیز حاصل نہیں ہوتی وہ چند یوم میں ان اسمائے الٰہیہ میں سے کسی بھی اسم مبارک کی برکت سے حاصل ہوجاتی ہے۔ اگر کسی کو روپیہ پیسہ دیتے وقت یامعطی کا ورد دل میں کرے تو اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے اس سے زیادہ عطا کرے۔ اگر دستکار اپنا کارخانہ یا دکان کھولتے وقت یامنعم کا ورد کرے تو کام زیادہ اور اچھا اور جلد بکنے والا تیار ہو اور دکان پر بکری زیادہ ہو، یاحنان بعد نماز فجر اور یا منان بعد نماز عشاء اعداد اسم کے مطابق پڑھا جائے خیر کثیر اور دولت برکت والی حاصل ہو۔ (ظفر جلیل تنویر)

۱۴۹۔ یَامَانِعُ ۔ اہل تحقیق فرماتے ہیں جو شخص اس کا ورد کرے تو لازم ہے کہ کسی فرد کو اذیّت نہ پہنچائے تاکہ حق تعالیٰ ذاکر سے بلائے دُنیا و آخرت کو دور فرما دے۔ اگر کسی کی زوجہ نافرمان ہو تو بستر خواب پر اس اسم کو پڑھے موافقت پیدا ہوجائے۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ یہ اسم خوفزدہ کرنے کیلئے بہت بہتر ہے۔ (تنویر)

۱۵۰۔ یَاضَآرُّ اس اسم کا ذاکر ہر ضرر سے محفوظ رہتا ہے خواہ عزّت و مال یا اہل و عیال سے متعلق ہو۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں اگر کوئی شخص طالب عزت و مال جاہ و بزرگی ہو تو ہر شب پڑھے۔ اور امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شب جمعہ سو بار پڑھنے کو فرمایا ہے۔ (تنویر)

۱۵۱۔ یَانُوْرُ ۔ اس اسم پاک کی برکت سے جسم و قلب منوّر ہوجاتا ہے۔ انوار الٰہیہ کا نزول ہوتا ہے امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ۲۵۶ مرتبہ اس اسم کو روزانہ ورد میں رکھے تو قلب نورانی ہو اور آنکھیں نورِ الٰہی سے منور ہوں۔ اس کے قاری سے ہر شخص عزت و احترام سے پیش آئے، شیخ بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو اس کا ورد کرے نور ایمان سے اس کا دل منوّر ہوجائے۔ (تنویر)

۱۵۲۔ یَاهَادِیُ ۔ اس اسم پاک کو عاملین کا ہرکارہ کہتے ہیں یعنی ہر کام اس اسم پاک کی برکت سے انجام پاتا ہے۔ شیر خوار بچوں کا رونا، شریر و نافرمان بچوں، کج خلق بدکردار مرد و عورتوں کے سدھارنے کے لئے خاص طور پر اس کے عمل کئے جاتے ہیں اور نقش دیئے جاتے ہیں۔ سیّدی مرشدی حضور مفتی اعظم ہند مدظلہ، ہر غیر مسلم کو خواہ وہ کسی بھی ضرورت و حاجت کو لیکر آیا ہو دیگر نقوش کے ساتھ اعداد میں اس نقش کو ضرور دیتے تھے (اقبال احمد)

۱۵۳۔ یَابَدِیْعُ: اگر اس اسم کو بوقت دُعا ستّر مرتبہ پڑھے تو دعاء مستجاب ہو جس شخص سے اس کی کوئی محبوب شے چھین لی گئی ہو یا کسی امر مشکل میں سرگشتہ ہو یا کسی معاملہ میں پریشان ہو یا کوئی والی یا حاکم اپنے عہدے سے معزول کردیا گیا ہو تو غسل کرکے جامۂ پاک پہنے اور رزقِ حلال سے صدقہ دے اور بعد تصدّق دو رکعت نماز ادا کرے اور ستر مرتبہ یَابَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ اور ایک ہزار مرتبہ یَابَدِیْعُ پڑھے انشاء اللہ مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔ (تنویر)

۱۵۴۔ یَابَاقِیُ۔ اسی اسم کی برکت سے حضرت جُنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ جب کہ پہلوانی کیا کرتے تھے کسی نے آپ کو چت نہیں کیا اور اسی کی برکت سے منصب ولایت سے سرفراز فرمائے گئے۔ شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذاکر کبھی بیمار نہیں ہوتا، اگر بادشاہ ذکر کرے تو ملک پر زوال نہ آئے۔ شیخ مغربیؒ فرماتے ہیں کہ اگر ہر شب سَو مرتبہ اور شب جمعہ ایکہزار مرتبہ پڑھے تو مستجاب الدعوات ہو جائے۔

۱۵۵۔ یَاوَارِثُ۔ اس اسم پاک کی برکت سے اس کا ذاکر اپنی قوم میں سردار و معظّم ہو۔ صاحبِ اولاد ہو۔ اموال میں برکت ہو، روزی فراخ ہو، شیخ بونی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ وسعتِ رزق کیلئے اسکی تلاوت مفید ہے اور کوئی شخص اس اسم کے دریائے وسعت معانی میں غرق ہو کر یعنی صاحبِ حال ہو کر پڑھے تو قبیلہ کی سرداری حاصل ہو، اولاد میں کثرت، اموال میں برکت ہو۔ (تنویر)

۱۵۶۔ یَارَشِیْدُ:۔ اس اسم کا عامل کسی قوم کا لیڈر یا رہنما ہو تو وہ قوم سرفراز ہو، اس کے مشورے اور اس کے حکم کی تکمیل سے وہ قوم یا قبیلہ ترقی کی منازل پر گامزن ہو۔ علو مرتبت، عظمت و شہرت کا چرچا ہو۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس کا ورد کرے اس کے تمام امور نہایت سہولت اور حُسن و خوبی سے انجام پائیں اور شیخ احمد فرماتے ہیں کہ بعد نمازِ صبح و مغرب کھڑے ہو کر ایکہزار مرتبہ پڑھے تو مہمات میں بلاسعی کامیابی نصیب ہو۔ اگر بہ نیت استخارہ پڑھے تو ہر کام کا انجام اور نفع و ضرر کا حال عالمِ خواب یا حالاتِ بیداری میں معلوم ہو۔ (تنویر)

۱۵۷۔ یَاصَبُوْرُ:۔ اس اسم پاک کے ذکر سے سختیوں پر صبر حاصل ہوتا ہے اور اس اسم کا ذاکر کوئی سخت کام کرنے سے عاجز نہیں ہوتا، اگر کسی عظیم صدمے اولاد یا کسی عزیز و محبوب کے انتقال کیوجہ سے خللِ دماغ، حافظہ کی خرابی وغیرہ امور لاحق ہو جائیں تو اس اسم کے نقش کو دھو کر پلائے (تنویر)

اگر کسی رنج و غم اور درد و مشقت کے موقع پر، خوف و دہشت کے وقت یا دشمنان و حاسدان کی زبان اپنی بدگوئی سے بند کرنا ہو تو ایک ہزار تیس بار پڑھے (ظفر جلیل)

اسمِ اعظم سے متعلق ضروری نوٹ

۱۵۸- چند اسمائے باری تعالیٰ جل شانہٗ کے مختصر خواص جو کتب سے حاصل کر سکے برائے افادہ عوام اہل اسلام نقل کر دیئے گئے ہیں جو اسمائے باری تعالیٰ لکھنے سے رہ گئے یا جو لکھے تو گئے مگر ان کے خواص ان صفحات میں درج نہ ہو سکے ان کے لیے صرف اتنا کافی ہے کہ آپ کے نام کے اعداد کے مطابق ایک یا دو اسمائے الٰہی جو آپ کا اسم اعظم ہے۔ اگر آپ کے اسم اعظم میں کوئی ایسا اسم آئے جس کے اوصاف اس کتاب میں درج نہ ہوں تو مایوس نہ ہوں بلکہ جن اسمائے ذات و صفات کی شرح درج ہے ان کو پڑھ کر یقین کامل رکھیں کہ میرے اعداد کے مطابق میرا جو اسم اعظم ہے اس میں تمام وہ اوصاف موجود ہیں جو دیگر اسماء کے تحت بیان ہوئے۔

جس طرح کہ اسم یا سُبحان کہ اس کی شرح درج نہیں مگر میرا اسم سبحان اللہ ہے۔ یہ اسی اسم اعظم کی برکت ہے کہ شمع شبستانِ رضا کا دوسرا حصہ جو آپ کے سامنے ہے۔ صرف سترہ روز کی محنت کا نتیجہ ہے میں مسودہ تیار کرتا جا رہا ہوں اور کاتب صاحب کتابت کر رہے ہیں، اسی اسم پر بھروسہ کرتے ہوئے کاتب صاحب سے وعدہ کر لیا ہے کہ آپ کا ہاتھ رُکنے نہ پائے گا۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ

اسمائے باری تعالیٰ کے جُدا جُدا خواص لکھنے کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ کسی فرد کو اسم اعظم کی تلاش نہ ہو یا اس کے نام اعداد اتنے زائد ہوں کہ اس سے دو چند بروزانہ ورد میں رکھنے کا اس کے پاس وقت نہ ہو تو وہ کسی اہم ضرورت پر اپنے حسب حال کسی اسم کا انتخاب کر کے اس سے فائدہ اُٹھا سکے۔

زکوٰۃ کی قسمیں

یہ ایک ایسا راز پنہاں ہے جس سے ہزاروں عاملین واقف نہیں صرف کاملین کے ارشاد کیمطابق عمل کرتے رہے اور اسی کی تعلیم دوسروں کو دیتے رہے زیادہ سے زیادہ کسی سائل کے جواب میں یہ فرما دیتے کہ کسی آیت یا اسم کی زکوٰۃ سوالاکھ ہے جو اکتالیس ۴۱ یوم میں پوری کرنی چاہیئے، اس کے سوا یہ علم نہیں کہ سوالاکھ کی تعداد ہر آیت یا اسم کی ہے اور وہ زکوٰۃ کی قسموں میں سے کس قسم کی زکوٰۃ ہے۔ آیا سوالاکھ کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس عمل سے عمر بھر کام لے سکتے ہیں یا وقتی طور پر اگر عمر بھر کے لئے عامل ہو جائے گا تو ہر روز کسی مخصوص تعداد میں پڑھنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

قسم اوّل: عامل اپنے نام کے اعداد کے مطابق ۴۱ یوم روزانہ پڑھے تو وہ عمل ایک دفعہ کام دے گا، ہمیشہ نہیں۔

قسم دوم: جو عمل پڑھنا ہو اس کے حروف کی تعداد جتنی ہو اتنی ہزار مرتبہ روزانہ ۴۱ یوم پڑھے تو ہمیشہ کے لئے عامل ہو جائے گا۔ عامل اسکا سیف زبان ہو جاتا ہے بھر وقت ضرورت صرف ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہوتا ہے۔

قسم سوم: عمل کے جتنے حروف ہوں اتنے سو مرتبہ روزانہ پڑھے یہ زکوٰۃ بھی ایک ہی بار کام دیتی ہے مگر قسم اوّل سے بہتر ہے۔

قسم چہارم: زکواۃ صغیر عمل کے اعداد جتنے ہوں اتنے ہی بار روزانہ پڑھے، یہ زکواۃ عمل ہے اور بہتر و معتبر بھی۔

قسم پنجم: زکوٰۃ کبیر: عمل کے اعداد قمری کو حروفِ عمل سے ضرب دو اور حاصل ضرب کو روزانہ پڑھو، یہ زکوٰۃ صغیر سے زیادہ قوی ہے۔ ہمیشہ کے لئے عامل ہو جائے گا۔

قسم ششم: زکوٰۃ اکبر: عملِ کبیر کے اعداد کو پھر حروف کی تعداد سے ضرب دیکر روزانہ پڑھیں یہ کبیر سے بھی زیادہ قوی ہے کہ اس اسم کے موکل سامنے آ کر عامل سے ملاقات کریں گے۔

قسم ہفتم :۔ زکواۃ کبائر :۔ عملِ اکبر کی تعداد کو پھر حروف کے اعداد سے ضرب دے کر پڑھیں یہ اکبر سے بھی زیادہ قوی ہے اس اسم کے مؤکل خادم ہو کر ہر وقت ساتھ رہیں گے ۔

قسم ہشتم :۔ زکواۃ اکبر الکبائر : یہ آخری زکواۃ ہے یعنی عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف کے اعداد سے ضرب دے کر پڑھیں اس کو کبریت احمر یا لعل سپید کہتے ہیں ، اسی تعداد کو اسم نصاب کہتے ہیں ۔

نوٹ :۔ ان اقسام میں تعداد عمل کثیر ہو جاتی ہے ، اسماء باری تعالیٰ کی تلاوت تو ممکن ہے مگر آیات قرآنی کی زکواۃ صغیر بھی ادا کرنا ممکن نہیں ۔ اس کے لئے اکابرین نے یہ طریقہ درج فرمایا ہے جس کی ۵ قسمیں ہیں

قسم اوّل :۔ عشر : نصاب کی نصف تعداد کو کہتے ہیں ۔

قسم دوم : دور مدور : عشر کے نصف کو کہتے ہیں ۔

قسم سوم : قفل :۔ دورِ مدور کے نصف کو کہتے ہیں ۔

قسم چہارم : بذل :۔ قفل کے نصف کو کہتے ہیں ۔

قسم پنجم : ختم :۔ بذل کے نصف کو کہتے ہیں ۔

بالکل معمولی طریقہ پر زکواۃ کی قسمیں اور بھی ہیں مگر ان میں یہ خطرہ رہتا ہے کہ عمل کبھی فائدہ کرتا ہے ، کبھی نہیں یا صرف ایک دفعہ ہی عمل کام دیتا ہے ہاں یہ ایک فائدہ یقیناً ہے کہ کسی عمل کے اعداد اتنے زیادہ ہیں کہ زکواۃ صغیر ہی ادا کرنا مشکل ہو تو وہاں یہ طریقہ کام دے گا ۔

اصغر :۔ یعنی تعداد صغیر کا نصف کر کے پڑھے اس کو اصغر کہتے ہیں ۔

صغائر :۔ اگر اصغر کی تعداد بھی پڑھنا دشوار ہو تو اصغر کا نصف کر کے پڑھیں اس کو صغائر کہتے ہیں ۔

اصغر الصغائر :۔ صغائر کے نصف کو اصغر الصغائر کہتے ہیں ۔

یہ زکواۃ ادنیٰ قسم کی ہے ۔ اس سے کمتر نہیں واللہ سبحانہٗ تعالیٰ اعلم (کاشف الاسرار شریف)

زکواۃ کبیر اور اکبر ، کبائر اور اکبر الکبائر ، ان اقسام کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ایک ہی نشست میں یہ تعداد پوری کی جائے یا ہر روز اتنی تعداد میں عمل پڑھا جائے بلکہ اسم سے تقسیم کر کے حاصل عدد کے مطابق اتنے دن میں اس تعداد کو پورا کیا جا سکتا ہے ۔

عہدنامہ معہ اسناد و فوائد

۱۶۰۔ اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعْھَدُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذِہِ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فَاِنَّکَ اِنْ تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ تُقَرِّبْنِیْ اِلَی الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِیْ مِنَ الْخَیْرِ وَاِنِّیْ لَآ اَتَّکِلُ اِلَّا بِرَحْمَتِکَ فَاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَکَ عَھْدًا تُوَفِّیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط ۔

اسناد و فوائد عہدنامہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اس عہدنامہ کو ساری عمر میں ایک بار پڑھے خدا چاہے تو ساتھ ایمان کے جاوے اور اس کے جنتی ہونے کا میں ضامن ہوں۔

۱۶۱۔ **جملہ امراض سے محفوظی** حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آدمی کے بدن میں تین ہزار بیماریاں ہیں، ایک ہزار کو حکیم جانتے ہیں اور دو ہزار کی دوا کوئی نہیں جانتا جو کوئی عہدنامہ کو اپنے پاس رکھے خدا تعالیٰ اس کو تین ہزار بیماریوں سے محفوظ رکھے۔

۱۶۲۔ **سانپ بچھو سحر جادو اور بدگویوں کی بدگوئی سے محفوظ رکھے۔** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جو کوئی عہدنامہ کو اپنے پاس رکھے وہ سانپوں اور بچھوؤں سے امن میں رہے اور سحر، جادو اس پر کارگر ثابت نہ ہوں اور بدگویوں کی زبان بند ہو جائے۔ اور اگر چینی کی پلیٹ پر لکھکر پانی میں گھول اور دھو کر پانی کسی دردمند کو پلائے اور کاغذ پر لکھ پانی میں دھو کر مریض کو پلائے تو انشاء اللہ شفائے کامل پائے۔

۱۶۳۔ **عہدنامہ کے توسل سے جملہ حاجات کی ضمانت ہے۔** حضرت سیدہ خاتون جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جو کوئی عہدنامہ کو شفیع لائے اور اس کے وسیلہ سے دعا کرے حاجت اس کی اللہ تعالیٰ پوری کرے اور اگر مشک و زعفران سے لکھکر

بارش کے پانی سے دھوکر جس کو ۳ یا ۷ روز پلادے عقل وفہم زیادہ ہو اور جو کچھ یاد ہو ہرگز نہ بھولے یعنی حافظ تو ی ہو۔

۱۶۴۔ **قبر کی کشادگی اور نورانی اور منکر نکیر کے سوال وجواب میں آسانی کیلئے مجرّب ہے۔** حضرت امیرالمؤمنین مولیٰ علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے کہ مَیں نے سُنا سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جو کوئی اس عہد نامہ کو ۷ بار پڑھ کر مُردے کے نام بخشے قبر اس کی مغرب سے مشرق تک کشادہ ہو اور پُرنور ہو۔ اور اگر مُردے کی قبر میں رکھے تو اس مردہ کو سات پیغمبروں کا ثواب ملے اور سوال منکر نکیر آسان ہو اور اللہ تعالیٰ ایک لاکھ گز داہنے سے اور چالیس ہزار گز بائیں سے اور چالیس ہزار گز پاؤں سے عذاب کو دُور کرے اور قبر اس کی ایسی کشادہ ہو کہ آنکھ کام نہ کر سکے یعنی اس کا احاطہ نہ کر سکے۔

۱۶۵۔ **عہد نامہ کا ورد متشکل ہو کر قبر میں انیس ہو۔** عہد نامہ کی اللہ تعالیٰ نے ایک صورت بنائی ہے کہ قبر میں پاس رہے گی اور جب قیامت کو صاحب قبر اٹھے گا۔ تو یہ فرشتہ بن کر سامنے آئے گی اور حلّہ بہشت لاکر پہنائے گی اور براق پر سوار کرے گی۔ حق تعالیٰ فرمائے گا! اے بندۂ مومن تیرے ساتھ عہد نامہ ہے تو خوش ہو کہ دنیا میں تو نے ہر روز پڑھا ہے، آج میں اس عہد کو وفا کرتا ہوں تاج سر پر رکھ، حلّہ بہشتی پہن، براق پر سوار ہو اور بغیر حساب وعذاب کے بہشت میں جا اور جس کی شفاعت کرے، اسے بخشوں، جب اس شخص کو اس طرح تاج وخلعت پہنے قیامت کے دن لوگ دیکھیں گے کہ منہ چودھویں کے چاند کی طرح ہوگا۔ یہ کرّ وفر دیکھ کر میدان محشر میں غل مچا ہوگا کہ یہ کوئی پیغمبر یا کوئی صدّیق یا کوئی بزرگ ہے کہ ایسی شان وبزرگی سے آتا ہے۔ فرشتہ نگہبان بہشت کا کہے گا کہ کوئی پیغمبر نہیں ہے بلکہ ایک بندۂ خدا اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اُمّتی ہے۔ دنیا میں عہد نامہ اپنے ساتھ رکھتا اور ہر روز اس کا ورد کرتا تھا، اسی کا یہ سارا فیض ونور اور برکت ہے۔ تب خلقت کف افسوس ملے گی اور کہے گی کہ اتنی مدّت ہم دنیا میں رہے، مگر افسوس کہ عہد نامہ سے غافل رہے واللہ اعلم بالصواب۔

۱۶۶۔ **برائے وسعت رزق عمل سورۂ مزّمل شریف۔** اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے رزق میں فراخی ہو، پیسے سے جیب کبھی خالی نہ رہے دینی اور دنیاوی جائز ضروریات حسب منشا پوری ہوتی رہیں اور کبھی کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا نہ پڑے بلکہ وقت آنے سے پہلے غیب سے سامان ہو جایا کرے تو سورۂ مزّمل

شریف ہمارے بتائے ہوئے طریقہ سے روزانہ بعد از نماز فجر صرف ایک بار پڑھ لیا کرے۔ تقریباً ۱۰۔ ۱۱ سال
سے والد ماجد حضرت قبلہ صوفی صاحب مدظلہٗ رسول کے بھی عمل میں ہے اور والد صاحب قبلہ کی طرف
سے عام سُنّی حضرات کو ان کے پڑھنے کی اجازت ہے پڑھنے کا خاص طریقہ اور ترکیب حسب ذیل ہے۔
اوّل درود شریف ۱۰ بار۔ آیۃ الکرسی ایک بار۔ اَسْتَغْفِرُ اللہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ
اِلَیْہِ ط ۷۰ بار یا ۷ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ (ایک سانس میں
۷ بار) زَمِّلْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ ۳ بار قُمِ اللَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ نِّصْفَہٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْہُ قَلِیْلًا ۝
اَوْ زِدْ عَلَیْہِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ۝ (وَمَنْ یَّتَّقِ اللہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا ۝ وَّ
یَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللہَ بَالِغُ
اَمْرِہٖ ط قَدْ جَعَلَ اللہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ط) ۵۰ بار یا ۵ بار۔ اِنَّا سَنُلْقِیْ
عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا اِنَّ نَاشِئَۃَ اللَّیْلِ ھِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا ۝ اِنَّ لَکَ
فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ۝ وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلًا ۝
رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ۝ (۱۰۰ بار یا ۱۰ بار)
رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً
مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ط (۳۰ بار یا ۳ بار) وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ
وَاھْجُرْھُمْ ھَجْرًا جَمِیْلًا ۝ وَذَرْنِیْ وَالْمُکَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَۃِ وَمَھِّلْھُمْ
قَلِیْلًا ۝ اِنَّ لَدَیْنَآ اَنْکَالًا وَّجَحِیْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّۃٍ وَّعَذَابًا اَلِیْمًا ۝ یَوْمَ تَرْجُفُ
الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَکَانَتِ الْجِبَالُ کَثِیْبًا مَّھِیْلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاھِدًا
عَلَیْکُمْ کَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰہُ اَخْذًا
وَّبِیْلًا ۝ فَکَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ کَفَرْتُمْ یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبًا ۝ السَّمَآءُ
مُنْفَطِرٌ بِہٖ ط کَانَ وَعْدُہٗ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ ھٰذِہٖ تَذْکِرَۃٌ ج فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ
اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا ۝ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا
وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ (۳۰ بار یا ۳ بار) اِنَّ رَبَّکَ

يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ نِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ط وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ط عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى لا وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ لا وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ط اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ط (۲۱ بار ایک سانس میں) وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ط وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ؏

درود شریف۔ ا بار پھر سجدے میں جا کر یہ دعاء ۷ بار پڑھے اَللّٰهُمَّ يَا مُفَتِّحُ فَتِّحًا يَا مُسَبِّبُ سَبَبًا يَا مُفَرِّجُ فَرِّجًا يَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ يَا مُيَسِّرُ يَسِّرْ وَيَا مُدَبِّرُ دَبِّرْ وَيَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ بِالْخَيْرِ ط بہتر ہوگا کہ اوّل ۴۰ روز تک پہلی تعداد سے پڑھ لیں۔ ۴۰ روز کے بعد کم والی تعداد سے ہمیشہ ورد میں رکھیں، اگر اب بھی کوئی بات دریافت کرنا ہو تو جوابی خط سے معلوم کر سکتے ہیں۔
(اقبال احمد نوری)

۱۶۷۔ روزانہ خرچ کرے مگر جیب کبھی جیب خالی نہ رہے۔ یہ نقش مشک و زعفران سے بہتر پر لکھے اگر دستیاب نہ ہو تو بوجہ مجبوری کاغذ پر لکھے اور بیچ کے خانہ میں خرچ یومیہ لکھے اور موم جامہ کر کے بازوؤں پر باندھ لے اس عمل کے بعد عمل منزل شریف شروع کرے۔ اگر اس نقش کو چاندی کے پتّر پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے ایک طرف یہ نقش دوسری طرف

۳۰۰۲۶	۳۰۰۲۹	۳۰۰۳۲	۳۰۰۱۹
۳۰۰۳۱	۳۰۰۲۰	۳۰۰۲۵	۳۰۰۳۰
۳۰۰۲۱	۳۰۰۳۴	۳۰۰۲۷	۳۰۰۲۴
۳۰۰۲۸	۳۰۰۲۳	۳۰۰۲۲	۳۰۰۳۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط
الٰہی بحق هو الغفور الودود ذو العرش المجيد فعال لما يريد حسب ضرورت خرچ روزمرّہ از خزانہ غیب رساں اللّٰہ برسد

تکسیر جنّہ تو اس نقش سے بہت سے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں، فرمائش آنے پر تیار کر کے بھیجا جا سکتا ہے

یہ چراغ خورد برائے وسعتِ رزق وحصولِ دولت وغنا۔

۱:۔ ماہ ثابت یا ہر عروجِ ماہ میں بعد نماز مغرب تنہائی میں عمل شروع کیا جائے گا اور ۴۱ یوم کا چلّہ ہوگا

۲:۔ چراغ کو ایسی جگہ رکھیں کہ چراغ اور کعبہ کی طرف آپ کا منہ رہے اور چراغ کسی میز یا اسٹول پر رکھیں کہ سینے کے مقابل رہے، چاروں کونوں میں روئی کی بتیاں رکھیں اور خوشبودار تیل یا عمدہ گھی ڈالیں۔

۳:۔ چراغ کی بتی کے ایک نشان پر پچھم کھڈا ہوا ہے خیال رہے کہ وہ بتی پچھم ہی کی طرف رہے۔

۴:۔ بعد نماز مغرب تازہ وضو کرکے یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ یَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ بے گنتی چند بار پڑھے پھر دو رکعت نماز نفل صلاۃ الاسرار کی نیت سے پڑھے جس کی ترکیب صـ۸۴ پر درج ہے۔

۵:۔ بعد نماز چراغ کے سامنے بیٹھکر ۱۱ بار درود غوثیہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

۶:۔ ایک بار یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاَمْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پڑھے۔ (۷)،۔ ۳ بار اپنا مقصد بیان کرکے بارگاہِ الٰہی میں دعا کرکے چراغ روشن کرے پھر ۱۱ بار درود غوثیہ (۸):۔ ۱۶ بار یَا سَادَاتِنَا عَبْدَ الْکَرِیْمِ الْمَغْرِبِیْ وَعَبْدَ الْجَلِیْلِ الْجُنُوْبِیْ وَعَبْدَ الرَّحِیْمِ الْمَشْرِقِیْ وَعَبْدَ الرَّشِیْدِ الشِّمَالِیْ اَغِیْثُوْنِیْ بِحَقِّ غَوْثِنَا وَغَوْثِکُمُ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمْ پڑھے (۹)۔ ۱۱ بار یا شیخ عبدالقادر الجیلانی شیئاً للّٰہ پڑھے

۱۰:۔ ۵۴۳ بار یا غنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھے پھر درود غوثیہ ۱۱ بار الحمد شریف ایک بار، آیۃ الکرسی ایک بار، سورۂ اخلاص ۷ بار، درود غوثیہ ۳ بار پڑھکر سیّد الانبیاء صلی اللّٰہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء علیہم السلام وصحابہ کرام اہلبیت اطہار سیدنا غوث اعظم اور سلاطین اربعہ رضوان اللّٰہ علیہم اجمعین کی ارواح پاک کو ثواب نذر کرے۔ (۱)، بعد ۴۱ یوم چلہ پورا ہونیکے بعد ہر روز بعد نماز مغرب درود غوثیہ ۳ بار دعا ۲-۴ ایک بار دعا ۶-۱ ایک بار دعا ۸-۲ ایک بار ۱۰-۱ ۵ ۱۷ بار درود غوثیہ ایک بار پڑھتا رہے اور ہر سال رجب کی ۴ تاریخ کو فاتحہ سلاطین اربعہ اہتمام کے ساتھ کرتا رہے کبھی مفلس

اور کسی کا دست نگر نہ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ العزت فراخ روزی عطا فرمائے گا، کاروبار ترقی کرے گا، ملازم ہے تو تنخواہ اور عہدہ میں ترقی ہوگی یہ عمل بوڑھے مفلس بے سہارا مجبور حضرات کیلئے بیش قیمت خزانہ ہے۔

قضائے حاجات کے لئے تیر بہدف نمازیں

(از احسن الوعا)

۱۶۹۔ ترکیب اول :۔ وضو تازہ اچھی طرح کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ بعد سلام عرض کرے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فَیَقْضِیْ حَاجَتِیْ اور اپنی حاجت کا ذکر کرے۔ یہ دعا صحیح حدیث میں تعلیم فرمائی۔ قَالَ الرِّضَاءُ ایک نابینا خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر اپنی نابینائی کا شاکی ہوا۔ حضور نے یہ نماز و دعا ارشاد فرمائی۔ انہوں نے مسجد میں جا کر پڑھی۔ کچھ دیر نہ گزری تھی کہ دونوں آنکھیں کھل گئیں تو گویا کبھی اندھے نہ تھے، اس دعا کے اول و آخر حمد الٰہی و درود رسالت پناہی صلوات اللہ وسلامہ علیہ اور آمین پر ختم۔ اور شروع میں اللہ تعالیٰ کو اسمائے طیبہ سے ندا کرے۔ (احسن الوعا) بہتر ہے کہ ذکر اسمائے حسنیٰ میں جو دعا صفحہ ۴۲ پر لکھی ہے اول آخر پڑھیں۔

۱۷۰۔ ترکیب دوم ۔ نمیری و ابن بشکوال وہیب بن ورد سے روایت کرتے ہیں۔ جو بندہ بارہ رکعت ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ و آیۃ الکرسی و سورۂ اخلاص پڑھے پھر سجدے میں یہ کلمات کہے، سُبْحَانَ الَّذِیْ لَبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ ط سُبْحَانَ الَّذِیْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِهٖ ط سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَهٗ ط سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالْفَضْلِ ط سُبْحَانَ ذِی الْعِزِّ وَالْكَرَمِ ط سُبْحَانَ ذِی الطَّوْلِ وَالنِّعَمِ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَی الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰی وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ كُلِّهَا الَّا یُجَاوِزُهُنَّ

بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ط ۔ پھر خدا تعالیٰ سے وہ سوال کرے جس میں گناہ نہیں مثلاً یہ کہے اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ اور اس حاجت کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ روا فرمائے۔ وہب کہتے ہیں ہمیں پہنچا ہے کہ یہ ترکیب اپنے بے وقوفوں اور ابلہوں کو نہ سکھاؤ کہ گناہوں پر دلیری نہ کریں۔

۱۷۱:۔ ترکیب سوم:۔ عبدالرزاق نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خدا سے حاجت رکھتا ہو، تنہا مکان میں باوضوئے کامل چار رکعت پڑھے، پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ دس بار، دوسری میں بیس بار، تیسری میں تیس بار اور چوتھی میں چالیس بار پڑھے پھر پچاس بار قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور ستر بار لاحول پڑھے اگر اس پر قرض ہو، ادا ہو جائے اور جو وطن سے دور ہو خدا تعالیٰ اسے گھر پہنچا دے اور آسمان کے برابر گناہ رکھتا ہو تو اور استغفار کرے خدا اس کے گناہ بخش دے اور جو اولاد نہ رکھتا ہو، خدا اسے اولاد دے۔ اور جو دعا کرے خدا اس کی دعا قبول فرمائے اور جو خدا سے دعا نہیں کرتا خدا اس سے ناراض ہوتا ہے۔ عبداللہ رضی فرماتے ہیں، اپنے احمقوں کو یہ دعا نہ سکھاؤ کہ اس پر نافرمانی سے استعانت کریں گے۔

۱۷۲:۔ قَالَ الرِّضَا ۔ ترکیب چہارم ۔ حضرت امام احمد اپنی مسند میں ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں میں نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا جو وضو کامل طور پر کرے یعنی بمراعات و سنن و آداب اور پھر دو رکعتیں پورے طور پر پڑھے یعنی باستجماع سنن و مستحبات و حضور قلب پھر جو کچھ اللہ تعالیٰ سے مانگے۔ عاجل یا آجل اللہ تعالیٰ اسے عطا فرماتے ہیں۔ امام حافظ ابن حجر عسقلانی پھر امام جلال الدین سیوطی فرماتے ہیں اس کی سند حسن ہے۔

۱۷۳:۔ ترکیب پنجم ۔ ترمذی و نسائی و ابن خزیمہ و ابن حبان و حاکم حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ ان کی والدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا ایک دن صبح کو خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور عرض کی کہ حضور مجھے کچھ کلمے ایسے تعلیم فرما دیں کہ میں نماز میں پڑھا کروں۔ ارشاد فرمایا۔ دس بار اللہ اکبر، دس بار سبحان اللہ، دس بار الحمد للہ کہہ پھر جو چاہے رب العزت سے مانگ، اللہ عزوجل فرمائے گا۔ نَعَمْ نَعَمْ۔ اچھا اچھا، امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حسن

ابن خزیمہ وابن حبان التزاماً فرماتے ہیں صحیح ہے۔ کو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اقول۔ اس کا طریقہ یوں ہو کہ دو رکعت نفل بوضوئے تازہ وحضور قلب پڑھے۔ قعدے میں بعد درود شریف اللہ اکبر سبحان اللہ والحمد للہ دس دس بار کہہ کر دعائے مقصود ایسے لفظوں سے کرے جو نماز میں مخل نہ ہوں مثلاً اَسْئَلُكَ اَنْ تَقْضِیَ لِیْ حَاجَاتِیْ كُلَّهَا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ مَا كَانَ مِنْهَا اِلٰی خَیْرٍ وَّلَكَ رِضًا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ اٰمِیْنَ۔

۱۷۴۔ ترکیب ششتم۔ ترمذی وابن ماجہ وحاکم حضرت عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ سے راوی ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، جسے اللہ تعالیٰ یا کسی آدمی سے حاجت ہو، چاہیئے کہ اچھی طرح سے وضو کرے، دو رکعت پڑھے پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر کہے۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِیْمُ الْكَرِیْمُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ٥ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط۔

۱۷۵۔ ترکیب ہفتم۔ اصبہانی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا۔ اے علی! کیا میں تمہیں وہ دعا نہ بتا دوں کہ جب تمہیں کوئی غم یا پریشانی ہو، اسے عمل میں لاؤ تو باذن اللہ تعالیٰ تمہاری دعا قبول اور غم دور ہو، وضو کے بعد دو رکعت نماز پڑھو اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود خوانی اور اپنے سب مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں کے لئے استغفار کرو پھر کہو۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَحْكُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اَللّٰهُمَّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُفَرِّجَ الْهَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ اَدْعُوْكَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِیْمَهُمَا فَارْحَمْنِیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ بِقَضَائِهَا وَنَجَاحِهَا رَحْمَةً تُغْنِیْنِیْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ط

۱۷۶۔ ترکیب ہشتم۔ حاکم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں رات یا دن میں بارہ رکعتیں ہر دو رکعت پر التحیات پڑھ کر پچھلی التحیات کے بعد اللہ تعالیٰ کی ثناء اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بجالاؤ، پھر سجدے میں فاتحہ سات بار آیۃ الکرسی سات بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ دس بار پڑھ پھر کہہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّکَ الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِکَ التَّامَّاتِ پھر اپنی حاجت مانگ کر، پھر سر اٹھا کر دائیں بائیں سلام پھیر دا اور اسے بیوقوفوں کو نہ سکھاؤ کہ وہ اس کے ذریعہ سے دعا مانگیں گے تو قبول ہوگی۔ احمد بن حرب وابراہیم بن علی والبوذکریا وحاکم نے کہا ہے کہ ہم نے اس کا تجربہ کیا تو حق پایا، فقیر کہتا ہے، غفر اللہ تعالیٰ لہٗ فقیر نے بھی چند بار تجربہ کیا تیر بے خطا پایا، یہانتک کہ بعض اعزّہ کے مرض کو امتداد شدید اشتداد مدید ہوا حتیٰ کہ ایک روز بالکل نزع کے آثار طاری ہو گئے سب عزیز واقارب رونے لگے، فقیر ان سب کو روتا چھوڑ کر دروازہ کریم پر حاضر ہوا، یہ نماز پڑھی، اس کے بعد مریض کی طرف چلا، وسوسہ کہ شاید خبر نوع دگر سننے میں آئے، وہاں گیا تو بحمد اللہ تعالیٰ مریض کو بیٹھا پایا، مرض جاتا رہا چند روز میں قوت بھی آگئی وللہ الحمد۔ اس کی کامل ترکیب نبخ سورہ رضویہ میں مرقوم ہے۔

۱۷۷۔ ترکیب نہم۔ حافظ ابوالفرج ابن الجوزی بطریق ابان بن ابی عباس انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے راوی کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جسے اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت دنیا وآخرت کی ہو، وہ پہلے کچھ صدقہ کرے، پھر بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ اور پھر جمعہ کو مسجد میں جا کر بارہ رکعتیں پڑھے۔ دس رکعتوں میں الحمد ایک بار آیۃ الکرسی دس بار اور آخر کی دو رکعت میں الحمد ایک بار قل ھو اللہ پچاس بار، پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے تو کوئی حاجت ہو دنیا و آخرت کی اللہ تعالیٰ اسے پوری فرمائیں۔

۱۷۸۔ ترکیب دہم۔ امام نور الحسن علی بن جریر لخمی شطنوفی قدس سرّہ العزیز بہجۃ الاسرار شریف میں بسند صحیح حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہے کہ ارشاد فرماتے ہیں۔ من استغاث بی فی کربۃ کشفت عنہ جو کسی سختی میں میری دہائی دے وہ سختی دور ہو جائے۔

وَمَنْ نَادَانِیْ بِاسْمِیْ فِیْ شِدَّۃٍ فُرِجَتْ عَنْہُ اور جو کسی مشکل میں میرا نام لیکر ندا کرے وہ مشکل آسان ہوجائے وَمَنْ تَوَسَّلَ بِیْ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ فِیْ حَاجَۃٍ قُضِیَتْ لَہٗ اور جو کسی حاجت میں اللہ عزوجل کی طرف مجھ سے توسل کرے وہ حاجت روا ہوجائے اور جو شخص دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ اخلاص گیارہ بار پھر بعد سلام نبی علیہ الصلوٰۃ والتسلیم پر درود بھیجے وَیَذْکُرُنِیْ ثُمَّ یَخْطُوْا اِلٰی جِھَۃِ الْعِرَاقِ اِحْدٰی عَشَرَۃَ خُطْوَۃً وَیَذْکُرُ اِسْمِیْ وَیَذْکُرُ حَاجَتَہٗ فَاِنَّھَا تُقْضٰی بِاِذْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی، اور مجھے یاد کرے پھر عراق شریف کی طرف گیارہ قدم قدم چلے اور میرا نام لیتا جائے پھر اپنی حاجت کا ذکر کرے تو بیشک وہ حاجت باذن اللہ تعالیٰ وہ پوری ہو۔ یہ مبارک نماز اس سلطان بندہ نواز اکابر دین مثل امام جہضم و امام یافعی و مولینا علی قاری و مولینا شیخ محقق محدث دہلوی وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم نے نقل و روایت فرمائی اور اعلیٰ حضرت نے ایک مبسوط رسالہ اس کی تحقیق و اثبات و ردّ شکوک و شبہات میں مسمّٰی بنام تاریخی انھار الانوار من یم صلوٰۃ الاسرار مقلب بہ العجب البھیۃ لمحب الصلوٰۃ الغوثیہ اور دوسرا رسالہ ۱۳۰۵ھ عربی مختصر اس کی ترکیب و کیفیت و طریقہ حضرات مشائخ قدست اسرارہم میں مسمّٰی بنام تاریخی ازھار الانوار من صبا صلوٰۃ الاسرار لکھا۔

۱۷۹۔ **ترکیب صلاۃ الاسرار شریف۔** جسے دینی یا دنیوی حاجت ہو بعد سُنّن مغرب صلاۃ الاسرار کی نیت سے قرب الٰہی کے لئے اور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہدیہ پیش کرنے کے لئے دو رکعت نماز پڑھیں۔ اگر تازہ وضو کرلیں تو بہتر ہے نیز اگر پہلے کچھ صدقہ دے دیں تو جلد مطالب حل ہو اور ردّ بلا کا سبب ہو۔ نماز میں بعد فاتحہ جو قرآن یاد ہو وہ پڑھیں اگر قل ھو اللہ شریف گیارہ بار پڑھے تو بہتر ہے حسب دستور نماز پوری کرے پھر قبلہ رو کھڑے ہو کر سورۂ فاتحہ ایک بار۔ آیۃ الکرسی ۷ بار بعدہٗ درود شریف۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبِنْتِہِ الْکَرِیْمِ وَاُمَّتِہِ الْکَرِیْمَۃِ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ پڑھے، پھر اپنے دل کو مدینہ کی طرف متوجہ کرکے گیارہ بار کہے یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ۔ پھر گیارہ قدم عراق کی طرف چلے

(معتدل) خضوع وآداب ملحوظ رہے اور یہ خیال کرے کہ گویا بغداد میں حاضر ہوں اور روضۂ پاک میرے سامنے ہے اور سرکار اس میں قبلہ رو آرام فرما ہیں اور چاہیئے کہ ان کے کرم پر اعتماد رکھے اور یہ سمجھے کہ وہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیکھ رہے ہیں اور ہر قدم پر یہ کہتا جائے یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ یَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پھر اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سے عرض کرے یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۳ بار یَا بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِجَاہِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَبِجَاہِ اِبْنِہٖ ھٰذَا السَّیِّدِ الْکَرِیْمِ غَوْثِنَا الْاَعْظَمِ رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ، اب مطلب کہے پھر تین بار آمین کہے پھر درود شریف ۳ بار پڑھے بہتر یہ ہے۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پر ختم کرے اور بکوشش روئے اور رونا نہ آئے تو رونے جیسا منہ بنائے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرمادے گا۔

۱۸۰- **عمل بے نظیر قضائے حاجات** - جس کا پڑھنے والا کبھی اپنے مقصد میں ناکام نہیں رہتا۔ اُجِیْبُ یَا جِبْرَئِیْلُ بِحَقِّ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۷۸۶ مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء ۴۰ روز تک بلا ناغہ پڑھتے رہیں اور یہ نقش بسم اللہ شریف کا چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے پڑھتے وقت سامنے رکھیں اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور ہر روز جب یہ عمل ختم کریں تو اسی نقش کو روزانہ زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پی لیا کریں، جب چلہ پورا ہو جائے تو ایک نقش روزانہ کاغذ پر لکھ کر رکھیں تاکہ عمل قائم رہے، یہ نقش ہر حاجت مند کو دے سکتے ہیں اور کندہ شدہ نقش عامل ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ الکریم اس عمل کا پڑھنے والا بے شمار فوائد دیکھے گا۔ اس کے سینکڑوں دشمن کیوں نہ ہوں ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔ ہر شخص مسخر ہو، دولت قدم چومے، باعزت رہے، ہر دلعزیز

ہو۔ جو زبان
سے کہہ دے
وہ پتھر کی لکیر
ثابت ہو۔

۱۹۶	۲۴ ع	۶۶
۱۳۲	۲۶۲	۳۹۲
۸ع۴	اجیب یاجبرئیل بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم جملہ حاجات رواگردانی ومقصود مارا حسب المدعا برآوردہ خیز گردانی جملہ مشکلات حل گردانی	۳۲۸

۱۸۱۔ ہر مہم کی آسانی کیلئے صرف ایک رات کا عمل تیر بہدف

دن کو روزہ رکھے رات کو بعد نماز عشاء تازہ وضو کرکے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ایک ہی جگہ میں بارہ ہزار مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد ۲ رکعت نماز نفل پڑھتا جائے۔ اس طرح گویا ۲۴ رکعت نماز نفل اور بارہ ہزار بار بسم اللہ شریف پڑھی جائیگی۔ جب یہ عمل ختم ہو تو ۹۰ بار مندرجہ ذیل قسم آخر تک پڑھے، انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ الکریم بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو۔ دعائے قسم یہ ہے ۹۰ بار پڑھے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ يَا حَلِيۡمُ يَا عَلِيۡمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيۡمُ يَا قَيُّوۡمُ يَا دَائِمُ يَا طَنۡبَهُوۡحُ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِفَضۡلِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَبِحَقِّ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَبِمَنۡزِلَةِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اِرۡفَعۡ قَدۡرِیۡ يَا اَللّٰهُ وَيَسِّرۡ اَمۡرِیۡ يَا اَللّٰهُ وَاشۡرَحۡ صَدۡرِیۡ يَا اَللّٰهُ وَاجۡبُرۡ كَسۡرِیۡ وَاَغۡنِ نَقۡرِیۡ وَطَوِّلۡ فِیۡ طَاعَتِكَ عُمۡرِیۡ وَلۡيَسِّرۡ اَمۡرِیۡ وَمَتِّعۡنِیۡ بِسَمۡعِیۡ وَبَصَرِیۡ يَا مَنۡ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ الٓرٰ حٰمٓ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَيُّوۡمُ بِاِسۡمِ الۡهَيۡبَةِ وَالۡقُدۡرَةِ وَالۡقُوَّةِ بِاِسۡمِ الۡجَبَرُوۡتِ وَالۡعَظَمَةِ وَاَنۡ تَجۡعَلۡنِیۡ مِنۡ عِبَادِكَ الۡمُتَّقِيۡنَ ط وَاَهۡلِ طَاعَتِكَ الۡمُحِبِّيۡنَ وَاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا ۔ وَانۡصُرًا مُّعِيۡنًا وَمَخۡرَجًا فِی الدَّارَيۡنِ يَا رَبَّ الۡعٰلَمِيۡنَ ط اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِيۡرٌ ط بِفَضۡلِكَ وَبِرَحۡمَتِكَ يَا اَرۡحَمَ

الرَّاحِمِینَ ۝ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝۔

۱۸۲۔ **نماز قضائے حاجت** ۔ یہ وہ نماز ہے جس کو نمازِ اشراق کہتے ہیں۔ اس کے لئے شرط یہ ہے کہ نماز فجر کے بعد وہیں بیٹھکر ذکرِ الٰہی کرتا رہے اور جب طلوعِ آفتاب کو ۲۰ منٹ گزر جائیں تو اپنے مقصد کے لئے ۴ رکعت نماز اشراق کی نیّت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۂ والشمس دوسری میں واللیل، تیسری میں والضحٰی چوتھی میں الم نشرح پڑھکر رکعات پوری کرے۔ اور سلام پھیر کر اپنے مقصد کی دعا کرے۔

۱۸۳۔ **عمل حل المشکلات** ۔ یَا فَتَّاحُ الَّذِیْ فَتَّحَ کُلَّ اَبْوَابٍ ایک سو گیارہ بار اوّل و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ بار پڑھے ۳ یا ۷ دن میں ورنہ زیادہ سے زیادہ ۲۱ روز میں مقصد پورا ہو اس کے لئے وقت بعد نماز عشاء بہتر ہے۔

۱۸۴۔ **بیس[۲۰] کا نقش ہر کام کیلئے مجرّب ہے**

یا دردائیل — یا بدوح — یا جبرئیل

۲	۷	۱۱	
	۱۰	۴	۶
	۸	۹	۳

دہیہیوخ — یا تنکفیل

دائرہ سلیمانی حاصل کرنیکا مجرّب عمل : یہ عمل ہر مطلب براری کے لئے بذریعہ غیبی امداد مفید اور مؤثر ہے۔ چاہیئے کہ جس عزیمت کو جس کے اعداد ۱۰۹۳ ہیں اسی تعداد سے یہ عزیمت ۴۰ روز تک ترک حیوانات کے ساتھ پڑھے جب چالیسواں دن آئے تو اس دن خالی حجرہ میں خوب لوبان وغیرہ سلگائے اور اس عزیمت کو حسب معمول پڑھے۔ پڑھتے پڑھتے ناگاہ اس کا موکل صفرائیل جو دائرہ سلیمانی کا محافظ ہے اس عزیمت کا تابع ہو کر اچھی صورت میں حاضر ہوگا اور سلام کرے گا۔ چاہیئے کہ سوائے سلام کے جواب دینے کے اور کوئی کلام نہ کرے جب تک کہ ۱۰۹۳ بار عزیمت کی تعداد پوری نہ ہوجائے۔ یہانتک کہ وہ خود کلام کرے گا۔ اور پوچھے گا کہ تیرا کیا مقصد ہے مجھ سے طلب کر۔ اس سوال کا جواب عزیمت کی تعداد ختم کرنے کے بعد دے یعنی

یہ کہے کہ میرا مقصد تیری تسخیر ہے۔ مجھ سے کلمہ محمدیؐ کی قسم کے ساتھ یہ عہد کرو کہ جب میں تم کو طلب کروں فوراً حاضر ہو جاؤ گے۔ جب یہ عہد مکمل ہو جائے تو اس مؤکل کو رخصت کر دے اور اس عزیمت کو روزانہ ۳۹۰ بار ورد میں رکھے تاکہ عمل قائم رہے۔

عزیمت یہ ہے:۔ اَجِبْ یَا صَفْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَاصَمَدُ یَاقَیُّوْمُ یَارَبُّ اگر ایک چلہ میں مؤکل حاضر نہ ہو تو تین چلہ تک برابر حسب معمول یہ عمل پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تیسرے چلہ میں ضرور ضرور مسخر ہوگا اور عہد و پیمان کریگا۔ بعدہٗ اگر چاہے کہ کسی مطلب کے لئے مؤکل کو بلائے یا دانۂ سلیمانی طلب کرنا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ گوشۂ تنہائی میں خوب لوبان سلگائے اور غسل کرکے پاک جامہ پہنے اور اس عزیمت کو ۳۹۰ مرتبہ پڑھے جب وہ حاضر ہو اور سلام کرے تو سلام کا جواب دینے کے بعد اپنا مطلب بیان کرے یا دانہ سلیمانی طلب کرے فوراً اس دانہ کو لانے کے لئے مؤکل غائب ہو جائے گا۔ اس کے واپس آنے کے وقت تک اسی جگہ عامل ٹھہرا رہے، یہاں تک کہ وہ حاضر ہو کر مطلوبہ دانہ عامل کے رُوبرُو پیش کرے گا۔ چاہیئے کہ تعظیم کرے اس دانہ کی اور اس کو سر آنکھوں پر رکھے اور حیض و نفاس والی عورت اور جنب والے مرد کی نظر سے پوشیدہ رکھے اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس دانہ کو خلاف شرع کام کے لئے ہرگز طلب نہ کرے، کیونکہ اگر ایسی نیت سے عمل کیا گیا تو مؤکل ہرگز مسخّر نہ ہوگا بلکہ نقصان پہنچائے گا۔ اس کے ذریعہ ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے جسکا طریقہ وہ مؤکل خود بتائے گا۔

تنبیہ:۔ یہ عمل مجرّبات میں سے ہے مگر اسمیں ترک حیوانات جلالی ضروری ہے جس کی تشریح طویل ہے بہتر ہوگا کہ لوکی کی ترکاری بغیر مرچ کے اور جو کی روٹی خود پکا کر کھاتا رہے اور روزانہ پانی دریا کا کسی نمازی آدمی سے منگا کر رکھ لے اور تا اختتام عمل اسی کو پیتا رہے۔ مخلوق خدا اور دین کی خدمت کی نیت سے اس عمل کو پڑھتا رہے تو انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہی چلّے میں سَو فیصدی امید ہے، اگر یہی نیت رہی تو عامل کی ضروریات زندگی امید و خیال سے زیادہ قدرتاً پوری ہوں گی کہ عامل خود حیران رہ جائے گا۔

۱۸۶۔ **دعوتِ یا وہاب** :۔ نوچندی جمعرات کو بشرطیکہ اس روز قمر در عقرب نہ ہو بعد نمازِ صبح یعنی آفتاب نکلنے کے فوراً بعد دو رکعت نماز حاجت ایسے مکان میں پڑھے کہ کوئی اسے نہ دیکھے، پھر ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد بحضورِ قلب قبلہ رو چودہ ہزار مرتبہ اسم مبارک یَا ھَیُبَتُ پڑھے (اعلیحضرت قدّس سرہٗ کے پیر و مرشد نے اسی طرح لکھا ہے اور اس میں کنایہ ہے یا وہاب) اور اس تعداد کو ختم کرنے کے بعد بھی ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے اور کوشش کرے کہ شمار میں فرق نہ ہونے پائے (شروع کرنے سے پہلے تسبیح کے دانوں کو گِن لے کہ پورے ۱۰۰ ہیں یا کم یا زیادہ ہیں اگر زیادہ ہوں تو نکال دے اور کم ہوں تو پورے سو کرے تاکہ تعداد میں بھول نہ ہو) بعدہٗ روزانہ بعد طلوعِ آفتاب کے درمیان یعنی سورج طلوع ہونا شروع نہ ہو ۱۴ مرتبہ یَا ھَیُبَتُ سیدھے ہاتھ کی انگلیوں کی گرہوں میں پڑھے۔ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ چودہ مرتبہ اس طرح پڑھے کہ سیدھے ہاتھ کی چھنگلیا کے نیچے سے اوپر کو ہر گرہ پہ یہ اسم پڑھنا شروع کرے یہاں تک کہ انگوٹھے کے برابر والی انگلی تک ۱۲ مرتبہ ہو جائے گا۔ جب ۱۲ مرتبہ اس طرح پورا کر چکے تو انگوٹھے کے دو گروہوں پر دوبارہ پڑھے تاکہ ۱۴ مرتبہ پورا ہو جائے، ہر روز جس حال میں بھی ہو وضو یا بے وضو یہاں تک کہ اگر یہ ڈر ہو کہ آفتاب نکل آئے گا تو بحالتِ غسل ہی پڑھے تاکہ قبل طلوعِ آفتاب کی قید میں فرق نہ پڑے۔ ۱۵ یا ۲۱ دن اسی طرح پڑھتا رہے تاکہ عمل میں قوت اور اثر پیدا ہو جائے۔ کسی حاجت کے لئے پڑھنا ہو تو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء خلوت و تنہائی میں ۲ رکعت نماز حاجت پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے ۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد سلام پھیرنے کے ۳ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد خاموش بیٹھا رہے اور دل میں اس اسم کی تکرار کرتا رہے جب نصف شب گزرے وضو کر کے پھر دو رکعت نماز حاجت پڑھے بعدہٗ قبلہ رُو اُلٹے پاؤں پر کھڑا ہو اور سیدھے پاؤں کے تلوے اُلٹے پاؤں کے زانوں پر رکھے اور چودہ مرتبہ سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر اسم مذکور حسب معمول پڑھے اور اُلٹے ہاتھ کی انگلیوں کی گرہوں پر شمار کرتا جائے، یہاں تک کہ چودہ مرتبہ چودہ چودہ بار ہو کر کل تعداد ۱۹۶ بار ہو جائے پھر فوراً ھَبْ لِیُ رِزُقًا وَّاسِعًا ۱۴ مرتبہ پڑھ کر ۳ بار درود شریف پڑھے اور اسی جگہ سو جائے، اگر صبح کو اثر مرتب نہ ہو تو دوسری اور تیسری رات کو بھی اسی طرح پڑھے۔ انشاءاللہ کیسا ہی مشکل کام کیوں نہ ہو پورا ہوگا۔ پھر عمل کے برقرار رکھنے کے لئے ۱۰۰ مرتبہ اوّل و آخر ۳-۳ بار درو:

شریف برابر روزانہ اسم یَاهَیُبَتُ پڑھتا رہے، یہ عمل مجربات میں سے ہے اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ بعض کا کام فوراً ہوا اور بعض کا کام دوسرے دن اور بعض کا تیسرے دن، بہرحال اس عمل کا پڑھنے والا محروم ہرگز نہیں رہا ہے۔

۱۸۸۔ الحمد شریف کا عمل برائے ہر حاجت مجرب ہے:۔ ام القرآن یعنی سورۂ فاتحہ کو ایک ہی جلسہ میں عشاء کی نماز کے بعد سے صبح کی نماز تک پانچہزار مرتبہ مع اوّل و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھے لامحالہ حاجت پوری ہو انشاء اللہ تعالیٰ و بکرم حبیبہ گوہر مراد حاصل ہو۔

۱۸۹۔ بڑی سے بڑی مشکل حل ہونیکا لاجواب عمل:۔ منقول از سید جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بعد نماز عشاء وضو تازہ کرکے دو ہزار مرتبہ مع بسم اللہ شریف یہ بیت ایک ہی جلسہ میں پڑھے فوراً مشکل حل ہو فَسَہِّلُ یَا اِلٰہِیُ کُلَّ صَعُبٍ ؛؛ بِحُرُمَتِہٖ سَیِّدِ الۡاَبُرَارِ سَہِّلُ ۔ اگر چند مسلمان بیٹھ کر ایک ہی جلسہ میں سوا لاکھ دفعہ اس کا ختم پڑھیں بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو۔

۱۹۰۔ لاجواب استخارہ۔ یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للّٰہ ایک ہزار مرتبہ اوّل و آخر ۱۰-۱۰ بار درود شریف پڑھکر سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کرکے سر کے نیچے رکھکر سو جائے انشاء المولی الکریم اپنی ہر مشکل کا حل اسی شب میں معلوم ہو جائے گا اور جو بھی جائز مقصد ہوگا یقیناً حاصل ہوگا۔

۱۹۱۔ نقش دفع جن و آسیب

یہ نقش معظم چاندی کے پتر پر کندہ کر کے مریض اپنے پاس رکھے اور روزانہ اسکا پانی دھو کر خود پیئے یا کسی بھی مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ العزیز فی الفور شفاء پائے۔

بحق یا جبرئیل	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			بحق یا میکائیل
لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ	ش ف	اع	ل ہ	ورحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظلمین الا خسارا
	ال	دہ	اف	
	ک ہ	ال	ط ا	
بحق یا اسرافیل	[illegible]			بحق یا عزرائیل

۱۹۲- **نقش دافع سحر آسیب، دیو، پری مجرب ہے**: یہ تعویذ کاغذ پر لکھکر مریض کو دکھائیں بحکم خدا تعالیٰ آسیب، دیو، پری وغیرہ فی الفور بھاگ جائے۔ اور مریض کو شفاء ہو، اگر کسی مکان میں اس قسم کا اثر ہو تو نہایت خوشخط لکھکر مکان یا دوکان میں لٹکائیں فوراً آسیب جن و پری وغیرہ دفع ہو مجرب ہے۔

بسم اللہ

ابابیل

بحق ایاک

نعبد و ایاک نستعین

الرحمٰن عیسیٰ محمد مصطفیٰ

۱۹۳- **برائے بواسیر خونی**:- یہ نقش پان پر لکھکر گڑ میں لپیٹ کر مریض کو چالیس روز کھلائے انشاء اللہ خاطر خواہ شفاء ہو۔ یہ نقش مجربات سے ہے چاہیئے کہ بدھ کے دن سے یہ عمل شروع کرے۔

۱۵۲	۶۶	۲۹۳	۲۸۹
۱۵۲	۶۶	۲۹۳	۲۸۹
۱۵۲	۶۶	۲۹۳	۲۸۹

۱۹۴- **نقش جامع الکمالات**:- یہ نقش سونے کے پتر پر اور بدرجہ مجبوری چاندی پر شرف آفتاب یعنی جب آفتاب برج حمل میں ہو اور قمر سعد نظر سے ناظر ہو کندہ کرکے جو اپنے پاس رکھے بے حد نفع دینی و دنیوی سے بہرہ یاب ہو اس نقش کی تعریف و خاصیت لکھنے سے قلم عاجز اور زبان قاصر ہے۔

س	ل	ا	م
سلام ۱۳۱	قولا ۱۲۷	من رب ۲۹۲	رحیم ۲۵۸
۲۹۳	۲۵۷	۱۳۲	۱۳۶
۲۵۶	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۲۸	۱۳۴	۳۵۵	۲۹۱

۱۹۵- **برائے صرع یعنی مرگی مجرب المجرب**:- مرگی کا مرض بڑا موذی مرض ہے۔ اس سے بچنے کے لئے ہزاروں تدابیر اختیار کرنے کے باوجود کما حقہ، کامیابی نہیں ہوتی مگر آپ یقین رکھیں کہ اس نقش معظم کی برکت سے مکمل شفاء ہوگی، انشاء اللہ تعالیٰ۔ ترکیب:- ہفتہ یا منگل کے روز سفید مرغ کے خون سے

نقش کاغذ پر لکھا جائے گا اور مریض کے گلے میں موم جامہ کرکے پہنایا جائے گا۔ مرغ کا رنگ مکمل طور پر سفید ہو کوئی داغ دھبہ دوسرے رنگ کا نہیں ہونا چاہیئے، تعویذ لکھنے سے پہلے غسل کریں اور دو رکعت نماز دوگانہ پڑھ کر ۱۱ عدد شیرینی لڈو ہوں یا امرتی یا بالوشاہی یا پیڑہ وغیرہ جو بھی اچھی اور پسند ہو کسی مسلمان کی دوکان سے لاکر پہلے سے رکھ لیں۔ نماز دوگانہ پڑھکر فاتحہ دیں اور نفل و فاتحہ و شیرینی کا ثواب حضور بابا سین اور حضور غوث اعظم اور حضور اعلحضرت و دیگر مشائخ کرام بسلسلہ قادریہ کی ارواح پاک کو نذر کریں، اس کے بعد تعویذ لکھیں اور شیرینی غرباء کو خصوصاً بچوں کو تقسیم کردیں (آیۃ الکرسی اور چاروں سورتیں پوری لکھی جائیں اور بالکل صحیح ہونی چاہئیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بحق کھیعص

قل یاایہا الکافرون لا اعبد ما تعبدون ولا انتم عٰبدون ما اعبد ولا انا عابد ما عبدتم ولا انتم عٰبدون ما اعبد لکم دینکم ولی دین ۞ یا مخلص لہ الدین یامذل

کل جبار عنید بقہر عزیز سلطنہ یا مذل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۞ اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تأخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیہم وما خلفہم ولا یحیطون بشیٔ من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السمٰوٰت والارض ولا یؤدہ حفظہما وھو العلی العظیم

بحق کھیعص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد ۞ یا مخلص لہ الدین یامذل کل جبار عنید بقہر عزیز سلطنہ یا مذل

بحق کھیعص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل اعوذ برب الناس ملک الناس الٰہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس ۞ یامذل کل جبار عنید بقہر عزیز سلطنہ یامذل

۱۹۶۔ نقش حفاظت تیر و تفنگ وغیرہ

رمضان کے آخر مہینہ میں بروز جمعہ عصر و مغرب کے درمیان یہ نقش لکھے اور آخر خانہ میں اس کا نام معہ والدہ کے لکھا جائے۔ یہ نقش جس کے پاس رہیگا اس پر تیر و تفنگ نیزہ و شمشیر وغیرہ اثر نہ کریگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد و الہ

الم	الم	المص	الر	المر
الر	المر	الر	کھیعص	طہ
طس	طسم	الم	المر	الم
یس	ص	حم	حم	حمعسق
حم	حم	حم	ق	ن

الر
طسم
الم
حم
فلاں بن فلاں

اور کسی قسم کا سحر جادو وغیرہ اس پر کارگر نہ ہوگا، جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔ خوشی و شادمانی میسر ہوگی۔ ہر شخص مطیع و مسخر رہے گا۔ مجرّب ہے۔

۱۹۷۔ **نقش سورۂ جن** ۔ اس نقش کا عامل ہر قسم کے جن، آسیب، سحر اور جادو وغیرہ کو دفع کر سکتا ہے۔ (یک من علم را دہ من عقل باید)

۲۳۳۵۲	۲۳۳۴۵	۲۳۳۵۰
۲۳۳۴۷	۲۳۳۴۹	۲۳۳۵۱
۲۳۳۴۸	۲۳۳۵۳	۲۳۳۴۶

نمبر ۱۔ چاہیے کہ ایک نقش لکھکر گلے میں ڈالے۔
نمبر ۲۔ پلیٹ پر لکھکر تازہ پانی سے دھو کر مریض کو پلائے
نمبر ۳۔ آسیب یا جن زیادہ سرکش ہو تو چراغ میں اس کو کندہ کر کے مریض کے سامنے رکھے اور روشن کرے کہ مریض اس کی روشنی میں بیٹھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء کامل ہو۔

۱۹۸۔ **برائے جمیع مہمات ختم صغیر حضور** اول ۱۱۱ بار درود شریف کلمہ تمجید ۱۱۱ بار سیدنا عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، یا شیخ عبد القادر شیئاً للّٰہ ۱۱۱ بار بعدہٗ سورہ الم نشرح ۱۴۱ بار پھر سورۂ یٰسین ایک بار پڑھے عروج ماہ میں جمعرات سے شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ پڑھنے سے جملہ مہمات حسب منشاء حل ہوں گے مجرّب اور آزمودہ ہے۔

۱۹۹۔ **در حصول ایمان و وسعت رزق مجرّب است** ۔ بعد ہر نماز فرض فوراً بغیر کلام کئے آیۃ الکرسی پڑھکر یہ آیۃ کریمہ ایک بار پڑھے

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ط

پھر ایک بار سورۂ فاتحہ ۳ بار سورۂ اخلاص ۳ بار درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف دم کرے فائدہ: ۔ حق تعالیٰ اس کی روح بغیر توسط ملک الموت قبض فرماتے اور اسی وقت داخل جنت فرمائے گا۔ اور زندگی میں روزی اس کی فراخ ہوگی، سکرات موت میں آسانی اور قبر میں کشادگی و راحت ہوگی۔ ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

۲۰۰ **برائے وصل دوست اور بھاگے اور بچھڑے ہوئے سے ملاقات کے لئے صرف ایک دن کا تجربہ شدہ عمل** — چاہیئے کہ یہ اسم اعظم ایکہزار بار برائے ملاقات و وصل دوست ایک ہی نشست میں پڑھے بلاتوقف وصل دوست ایک ہی عمل میں ہو جائے آزمودہ ہے اسم اعظم یہ ہے۔ اَلْجَیِّمُ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ الْجَیِّمِ یَا جَامِعَ کُلِّ شَیْءٍ عَنْ صِفَاتِہٖ یَا جَامِعُ۔ بعد تمام اس عمل کے ۱۰۰ مرتبہ یا جَامِعُ پڑھے۔

۲۰۱ **قید سے خلاصی کیلئے مجرب و آزمودہ گیارہ روز کا عمل** — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْقَاھِرِ اَلْقَوِیِّ الْکَافِیْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ روزانہ بعد نماز فجر ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اور آخر ۳-۳ بار درود شریف۔ پڑھنے کے دوران کسی سے بات چیت نہ کرے۔ انشاءاللہ ۱۱ روز نہ گزرنے پائیں گے کہ رہائی کی چھٹی مل جائے گی۔

۲۰۲ - **ہر وہ بیماری جس سے اطباء اور مریض عاجز آچکے ہوں شفاء پانے کا مجرب عمل** — سورۂ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ مع بسم اللہ ایکہزار بار پڑھ کر سرسوں کا تیل ایک بوتل پر دم کر کے محفوظ رکھے۔ جب کوئی مریض کسی قسم کے درد یا دیگر تکالیف کا عامل کے پاس آئے تو ذرا سا تیل اس میں سے دے دیا جائے اور کہہ دیا جائے کہ ایک ایک قطرہ سوتے وقت مریض کے کان میں ڈال دیں اور درد کی جگہ مالش کریں۔ اس سے ہر قسم کی تکلیف رفع ہو گی۔ اگر سوتے میں طرح طرح کی ڈراؤنی خوابیں نظر آتی ہوں اس سے نجات ہو گی اگر کسی قسم کا خطرہ آسیب وغیرہ کا ہو گا، اس سے نجات ہو گی اور جو دوا مریض کے استعمال میں آرہی تھی اور اثر نہیں کرتی تھی، انشاءاللہ اثر کرے گی۔

۲۰۳ - **بسم اللہ شریف کے پڑھنے کا ایک خاص طریقہ جس کے پڑھنے سے زندگی میں کسی دوسرے عمل کی ضرورت نہ پڑیگی** — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ ہر روز فجر کی نماز پڑھ لیا کریں اوّل و آخر درود شریف ۳-۳ بار پڑھکر اپنے جملہ مقاصد کی دعا کر لیا کریں، ناغہ نہ کریں نیز طلوع و غروب و زوال کے وقت ۹۰ بار روزانہ کا ورد معمول

آخر درود شریف ۲۲-۲۲ مرتبہ ہر وظیفے سے بے نیاز کردے گا۔

۲۰۴۔ برائے وسعت رزق و ادائے قرض و وصولیابی یہ عمل صرف تین روز اس ترکیب سے پڑھ لیں کہ

قرض کے لئے مجرّب عمل

تین روز روزہ رکھیں اور ہر روز بعد نماز عشاء یہ دونوں آئیتیں بارہ ہزار مرتبہ پڑھیں تاکہ سحری تک عمل پورا ہو جائے بعد میں سحری کھائیں، انشاء اللہ غیب سے روزی پہنچے قرضدار ہو تو باسانی ادا ہو جائے اور اگر کسی پر اپنا پیسہ آتا اور وہ نہ دیتا ہو تو باسانی وصول ہو جائے۔ بعد تین روز کے ہر روز بعد نماز فجر ۱۰۱ بار معہ اوّل و آخر درود ۳-۳ بار پڑھتے رہیں تاکہ عمل رہے، آیتیں دونوں یہ ہیں۔ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَائِنُ رَحْمَتِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ط اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ط اوّل آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار

۲۰۵۔ معشوق خود عاشق ہو جائے۔ یہ دعا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر چائے یا شربت میں یا ویسے ہی محبوب کو پلاویں نیز اگر شوہر بیوی سے محبت نہ کرتا ہو تو کاغذ پر لکھ کر چاندی کے تعویذ میں رکھ کر عورت اس نقش کو چوٹی میں باندھے اور اگر مرد سے اس کی بیوی نفرت کرتی ہو تو شوہر اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ کسی دوسرے نقش کی ضرورت نہ پڑے گی، دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ يَا سَيِّدُ يَا سَيِّدُ يَا سَيِّدُ، اَللّٰهُمَّ مَوَدَّتْ، مَحَبَّتْ بَيْنَ فُلَاں بن فلاں عَلٰى حُبِّ فُلَان بِنْتِ فُلَان كَمَا بَيْنَ اٰدَمَ وَحَوَّا كَمَا بَيْنَ اِبْرَاهِيْمَ وَسَارَا كَمَا بَيْنَ يُوْسُفَ وَزُلَيْخَا كَمَا بَيْنَ مُحَمَّدٍ وَعَائِشَةَ وَمَارِيَةَ وَكَمَا بَيْنَ عَلِيٍّ وَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَا وَبِحَقِّ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ وَ بِحَقِّ الرَّحْمٰنِ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ط وَبِحَقِّ بست نه حروف ابجد وَبِحَقِّ اِیں اِسْمِ اعْظَمْ يَا حَيُّ وَيَا قَيُّوْمُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

۲۰۶۔ برائے محبّت زن و شوہر۔ یہ نقش لکھ کر اگر مرد سے بیوی متنفر ہے تو مرد اپنے الٹے بازو پر باندھے اور اگر بیوی سے شوہر متنفّر ہے تو عورت اپنے سیدھے بازو پر باندھے، موم جامہ ضرور کر لیا جائے۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

۷۸۶

۱۴	۲۰	۲۶	فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں
۲۴	۲	۱۲	۲۲
۴	۳۰	۱۶	۱۰
۱۸	۸	۶	۲۸

۲۰۷۔ برائے الفت و محبّت زوجین مجرّب است ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ فَجَمَعَهُمْ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ یُحِبُّهُمْ وَیُحِبُّوْنَهُمْ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَیْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ اِبْرَاهِیْمَ وَسَارَا اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَیْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ مُحَمَّدٍ وَّخَدِیْجَةَ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَیْنَهُمَا كَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ عَلِیٍّ وَّفَاطِمَةَ الزَّهْرَا صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا یَا سَیِّدِیْ یَا سَیِّدِیْ یَا سَیِّدِیْ اَلْحُبُّ فُلَانٌ بِنْ فُلَانٍ

۲۰۸۔ آسیب دیو پری جن وغیرہ کا علاج اسمائے باری تعالیٰ جل شانہٗ سے :۔ آسیب، دیو پری جن اور جو کچھ بھی اثر ہو اس کے دفعیہ کے لئے تجربہ شدہ آسان عمل، پہلے دھاگہ سرخ ایک عدد قدِ مریض کے برابر لیکر گنڈہ بنائے اور تین گرہ لگائے ہر گرہ پر یہ عزیمت ایک بار پڑھکر دم کر کے گرہ لگاتا جائے اور نگاہ رکھے ۔ عزیمت یہ ہے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ بِسْمِ اللّٰهِ ط اِصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَلَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ ط اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ط پھر بوقت شام ایک محفوظ جگہ کو صاف کر کے گنڈہ کو مریض، اگر مرد ہے تو اس کی ٹوپی یا دستار میں پیچھے کی طرف لپیٹے اور اگر عورت ہے تو سر کی چوٹی میں لپیٹ دے اور صاف کی ہوئی زمین پر مریض کو بٹھائے اس کے سامنے ایک مٹی کا برتن کورا، جس پر پانی نہ پہنچا ہو خواہ ہانڈی ہو یا ٹھلیا رکھے اور اس کے اوپر ایک چراغ مٹی کا بالکل نیا رکھے اور فلیتہ پر نئی روئی لپیٹ کر روغن کنجد یعنی تل کا تیل ڈال کر فلیتہ روشن کرے اور مریض اس کی روشنی کی طرف دیکھتا رہے لیکن اس عمل سے قبل حصار پڑھکر مریض پر دم کرے ۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ۔ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ

اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ط ہر کس کہ درد جو کہ در اندام و آنچہ در شکم و آنچہ در گوش و بینی و چشم (نام مریض) فلاں بن فلاں (ماں کا نام) (اور عورت ہو تو فلاں بنت فلاں کہے) سایہ سخت شدہ است یا بنظر سخت شدہ است آمدہ زود بسوزد و بسوزد بسوزد بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام ۔ و بحق اھیًا اشراھیًا و بحق علیقا ملیقا تلیقا انت تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِہِمْ و بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ و بحق مُؤْمِنُ یَا مُہَیْمِنُ

پڑھکر مریض پر دم کرے پھر فتیلہ روشن کرے اور مریض سے کہے کہ اس کی روشنی کو بغور دیکھے پس جو کچھ آسیب ہوگا مریض کے سر پر حاضر ہوگا یا اس کے سامنے آکر جل جائیگا ۔

(دائرہ کے اندر)

ابلیس تلبیس
شداد فرعون نمرود
ہامان تلبیس شداد فرعون
تلبیس نمرود ہامان

ہر چہ درد جود فلاں آسیب ست حاضر شدہ سوختہ گردد بحق علیقا ملیقا تلیقا انت تعلم ما فی قلوب و بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام علیقا ملیقا تلیقا !

(پٹیوں میں)

ابلیس تلبیس شداد فرعون نمرود ہامان

ابلیس تلبیس شداد فرعون نمرود ہامان

اس فلیتہ کو سیدھی طرف سے لپٹیا جائے اور الٹی طرف سے جلایا جائے ، اِدھر سے لپٹیا جائے ، اس طرف سے روشن کرے

۲۰۹ ۔ **برائے دفع جنون و پاگل پن ۔** بر روغن کنجد آیہ کریمہ قُلِ اللّٰہُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ مع بسم اللّٰہ ۷ بار پڑھکر دم کریں اور اس روغن کو سر سے لیکر بالائے ناف تک روزانہ ۱۴ روز مالش کریں ، انشاء اللّٰہ جنون اور پاگل پن دفع ہو ۔

۲۱۰ ۔ **خود اپنی روح کو حاضر لانیکا خاص عمل ۔** جو کوئی اس ذکر کی مداومت کرے اپنے مرشد کی اجازت سے پس بحکم ایزدی اس کی روح حاضر ہوگی جو مقصد ہو دریافت کرے پڑھنے کا یہ طریقہ ہے کہ چار زانو بیٹھے اور دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے اور ۲۱ بار یارب کہے بعدہٗ یا روح آسمان کی طرف ضرب کرے اور یا روح الروح دل پر ضرب کرے یہاں تک کہ محویت طاری ہو بعدہٗ مراقبہ کرے اور متوجہ بقلب

ہوقلب و روح خود را لبھے روح مطلوب کند امید قوی ست کہ ملاقی شود و بر سد چیزے کہ مراد دارد

۲۱۱ - نقش خلاصی جن و آسیب وغیرہ - اگر کسی دکان یا مکان میں کوئی دیو یا جن یا آسیب یا کوئی ایسی شے جو تکلیف پہنچاتی ہے اس کو دفع کرنے کے لئے ذیل کا نقش لکھکر مکان کی دیوار میں لگائیے انشاء اللہ اس کے شر سے خاطر خواہ نجات ہو اور بے شمار برکات کا ظہور رہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بحق یا جبرئیل	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ	بحق یا عزرائیل
[illegible]	اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوات وما فی الارض من ذالذی یشفع عندہٗ الا باذنہ ط یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیءٍ من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السمٰوات والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم ابوسا سبرسا سلمرسا سارسا	ملیقا حی علیقا خالقا طر ان شافیا
بحق یا میکائیل	[illegible]	بحق یا اسرافیل

۲۱۲ برائے صبر طفل از جدائی شیر:- اکثر بچوں کا جب دودھ چھڑایا جاتا ہے تو وہ بہت روتے اور انتہائی ضد کرتے ہیں کہ بچے کے والدین پریشان ہو جاتے ہیں اور بچہ بھی کمزور ہو جاتا ہے۔ یہ دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْمَتِیْنُ الَّذِیْ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ ط بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

۲۱۳:- برائے تسخیر خلق از حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ: یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ رَاحِمَہٗ ایک ہزار مرتبہ روزانہ مع اوّل و آخر درود شریف ۳-۳ بار ورد میں رکھے خلقت کا ہجوم ہو۔

۲۱۴ نقش دوسرے کو اپنی محبّت میں مبتلاء کرنیکا - اگر کسی کو جائز امور کے لئے مسخر کرنا ہو مثلاً اپنے خاندان میں کوئی لڑکی ہے جس سے زید شادی کرنا چاہتا ہے اور وہ لڑکی یا لڑکی کے ورثاء راضی

نہیں ہوتے تو چاہیئے کہ اس لڑکی اور اس کی ماں کے نام کے اعداد نکالے اور اس آیۃ کریمہ کے اعداد مع بسم اللہ ۱۹۹۶ - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ہ کے اعداد میں جمع کرکے کہ اعداد اس آیہ کریمہ کے ۱۹۹۶ ہیں اور اس لڑکی اور لڑکی کی ماں کے نام کے اعداد اس میں شامل کرکے نقش مربع ایسے وقت میں مرتب کرے کہ قمر برج ثور یا برج سرطان میں ہو اور زہرہ یا مشتری پانچویں یا نویں نظر سے قمر کو دیکھتا ہو اور موم جامہ کرکے پھر شب یکشنبہ میں آدھی رات گزر جانے کے بعد وضو کرکے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور سورۃ فاتحہ کے بعد دونوں رکعتوں میں ۲۰ - ۲۰ مرتبہ وضو کرکے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور سورۂ فاتحہ کے بعد دونوں رکعتوں میں ۲۰ - ۲۰ مرتبہ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ سے وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ تک پڑھے بعد سلام سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے سر کو سجدے میں رکھے اور ۲۰ مرتبہ اس طرح دعا مانگے یا رحیم فلاں را برمن مہربان گرداں بعد فراغت انشاء اللہ تعالےٰ اس کا دل مہربان ہو اس عمل کی تعریف تحریر میں نہیں آسکتی، مجرب مجرب مجرب۔

۲۱۵ عمل برائے بغض وجدائی۔ اگر کسی شخص کی عورت یا مرد، لڑکے سے ناجائز دوستی و تعلق ہو اس کو چھڑانے اور دونوں میں جدائی اور بغض ڈلوانے کے لئے اس عمل کو کام میں لائے اس کے سوا کسی دوسرے کام میں ہرگز ہرگز نہ لائے ورنہ نقصان ہوگا۔ چاہیئے کہ کچی اینٹ لائے اور اس پر ذیل کا نقش اور آیت لکھے اور دریا میں جاکر ڈال دے خاطر خواہ جدائی ہو مجرب و آزمودہ ہے نقش و آیت یہ ہے:۔

۱۹ لا ۱۱۱ م م لا ۱۱۱ ۷ ۱۱ ۱۱ ک م ططط ۱۱۸۸ ۱۱ طط ۱۱ فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بنت فلاں و ۱۱۱ ۸ ط ۳۳ ۱۱ ۵ م اَلْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ وَمَا اَدْرٰكَ مَا الْقَارِعَةُ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ط فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ط وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ وَمَا اَدْرٰكَ مَا هِيَهْ نَارٌ حَامِيَةٌ ط بحق اهيا اشراهيا وبحق محمد وآله اجمعين برحمتك يا ارحم الراحمين ہ

۲۱۶ عمل برائے محبت مجرب و آزمودہ:۔ ہر دو عمل مجرب و آزمودہ است باید کہ ایں آیہ کریمہ را درمیان بر سر خوردنی بخواند و شخصے را کہ از وے محبت باشد او را خوردن وہد انشاء اللہ درمیان ہر دو محبت تمام

پیدا شد آیۂ مذکور اینست ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یُحِبُّوۡنَھُمۡ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا فلاں علی الفلاں عاشق زار و بیقرار گردد اشد حبا للّٰہ بعدہٗ صد مرتبہ یا دو دو اوّل آخر درود ۳-۳ بار ہفت مرتبہ آیت مذکور را بمع اسم مذکور بر خوردنی بخواند و وقت خوانده باید کہ در دہان خود نبات یا قند یا از قسم شیرنی دیگر خورده باشد۔

۲۱۷ دیگر ۔ لَااِلٰہ اینہس الّا اللّٰہ اعلہس محمد رسول اللّٰہ بین باج فلاں ابن فلاں در اقرار و آرام مدہش دو ہائی حضرت شیخ فریدالدّین گنج شکرؒ کی یہ افسوں کسی کھانے کی چیز پر سو مرتبہ پڑھکر مطلوب کو کھلائے اور اگر کھلانا ناممکن ہو تو کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنائے اور اس کا رُخ جانب مکان مطلوب رکھے اور شہد اور گھی سے چراغ روشن کرے چاہیئے کہ یہ دونوں عمل بعد نماز عشاء کرے ۔

۲۱۸- استخارہ برائے خلاصی محبوس وصحت بیماران و معلوم کردن دفینہ وغیرہ چاہیئے کہ وقت خواب تنہائی اختیار کرے کہ اس شب میں کوئی عورت قریب نہ آنے پائے تازہ وضو کرے لباس و بستر پاک ہو۔ سورہ والشمس و اللیل مع بسم اللّٰہ ۷ - ۷ بار پڑھے بعدہٗ کہے۔ اَللّٰھُمَّ اَجۡعَلۡنِیۡ فَرَجًا مِنۡ اَمۡرِیۡ پس شب اوّل یا دوم یا ہفتم میں کوئی آ کر خبر دے گا کہ قیدی کی خلاصی کس طرح ہوگی یا اس بیمار کے لئے کونسی دوا اور کون سی تدبیر کارآمد ہوگی۔ اس عمل کے ذریعہ بہت سے قیدیوں نے خلاصی پائی لاعلاج بیمار شفایاب ہوئے۔ غائب کا حال کہ کہاں ہے، زندہ ہے یا مُردہ و مال مدفون اس سے معلوم ہوا ہے۔ دوسری روایت میں سورۂ والشمس و سورۂ اخلاص کا پڑھنا بتایا گیا ہے، چاہیئے کہ منہ بقبلہ سیدھے پہلو پر سوئے اگر پہلی دوسری پانچویں یا ساتویں شب بھی خواب میں کچھ نظر نہ آئے تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ یا تو وضو صحیح طور سے ادا نہ ہوا یا پڑھنے میں صحّت کا خیال نہ رکھا یا لباس و بستر یا مقام خفتن میں نجاست کا احتمال ہے ورنہ کوئی وجہ نہیں کہ اس عمل سے مقصد براری نہ ہو۔

۲۱۹ چوری کا مال واپس ملنے کا عمل و نقش

یا سیّدی احمد بن علوان رُدَّ عَلَیَّ ضَالَّتِیۡ وَاِلَّا نَزَعۡتُکَ مِنۡ دِیۡوَانِ الۡاَوۡلِیَاءِ یمن کی سمت بلند مقام پر کھڑے ہو کر کہے گم شدہ چیز مل جائے گی اور یہ نقش بھی لکھدے ۔ اس کو کسی پتھر کے نیچے دبا دیا جائے ۔ نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں۔

خواجہ عبدالکریم مغربی

۷۸۶

بستم راہ مغرب دساد

خواجہ عبدالجلیل جنوبی — بستم راہ جنوب دارا

خواجہ عبدالرشید شمالی — بستم راہ شمال درو

۳۸۵	۳۸۸	۳۹۲	۳۷۸
۳۹۱	۳۷۹	۳۸۴	۳۸۹
۳۸۰	۳۹۴	۳۸۶	۳۸۳
۳۸۷	۳۸۲	۳۸۱	۳۹۳

بستم راہ مشرق ۲۷ ... بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۲۰۔ تسخیر کا بے نظیر مجرّب نقش یہ نقش ۷ عدد ذیقعدہ کے مہینے کے شروع چاند میں پہلے یکشنبہ یعنی اتوار کے روز صبح بعد طلوع لکھے جائیں اور ہر روز ایک نقش روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر مٹی کے چراغ میں تل کا تیل اور تھوڑے چنبیلی کا تیل ڈال کر روشن کریں اور بتی کا رخ محبوب کے گھر کی طرف رکھیں ہر روز نیا نقش بنا کر روشن کریں انشاءاللہ تعالیٰ ۷ روز نہ گزرنے پائیں گے کہ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ فلاں بن فلاں کی جگہ محبوب کا نام معہ نام والدہ لکھا جائے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

الحب
فلاں بن فلانہ علی
حب فلاں بن فلاں
بحق یا بدوح

۲۲۱۔ دلوں کو مسخر کرنے کا مجرّب عمل۔ یَا عَطُوْفُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ ط اَعْطِفْ عَلَیَّ قَلْبِ فُلَانٍ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ ہر روز ۲۱۳ بار پڑھیں مطلوب کا تصوّر رکھیں اور اول آخر ۱۱۔۱۱ بار درود شریف پڑھیں۔ ۱۱ یا ۲۱ ورنہ ۴۰ روز میں مطلوب حاضر ہوگا۔ جتنا تصوّر قوی ہوگا اتنا ہی جلد اثر ہوگا۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ محبوب کا نام لے۔

۲۲۲ - **طریق ملاقات ارواح مرشداں** :- اگر آپ اپنے مرشد یا کسی ولی اللہ سے ان کے وصال کے بعد ملاقات کے خواہشمند ہیں تو ان کی قبر کی پائنتی کھڑے ہو کر یہ شعر ایک ہزار بار پڑھیں، اگر صفائے باطن ہے تو فوراً ملاقات ہوگی ورنہ تعداد پوری کر کے مراقبہ کریں کہ غفلت طاری ہو جائے اس وقت ضرور ملاقات کا وقت شرف ہوگا، شعر یہ ہے۔ تَقَلَّبْتِی وَلَا تَرْدُدْ سُؤَالِی ؛ اَغِثْنِی مُرشِدِی عِنْدَ اَبْحَالِی

۲۲۳ - **بدکاری کی عادت چھڑانے کیلئے یٰسین شریف کا مجرّب عمل** - عام طور سے دیکھا جاتا ہے کہ بعض نوجوان طرح طرح کی بدکاریوں میں مبتلا ہیں۔ بی بی شوہر سے نالاں ہے کہ میرا شوہر جوا کھیلتا ہے۔ شراب پیتا ہے۔ جتنا پیسہ کماتا ہے سب جوئے اور شراب میں برباد کر دیتا ہے کہیں یہ شکایت سننے میں آتی ہے کہ دوسری غیر عورت سے ناجائز تعلقات ہیں وغیرہ وغیرہ پس مندرجہ ذیل نقش سلور پکنڈہ کرا کے اس کا پانی پینے کو دیا جائے اور اگر یہ کسی وجہ سے ممکن نہ ہو۔ یعنی یہ کہ جس کی یہ بری عادت چھڑانا ہو وہ پردیس میں ہو یا نقش کا پانی پینے سے گریز کرے تو یہ ترکیب عمل میں لائیں کہ ۷ جمعرات برابر قبرستان میں جائیں اور اپنے ہمراہ پاک چکنی مٹی کے ۷ ڈھیلے لیجائیں اور کسی ٹوٹی ہوئی قبر کے پاس اسطرح بیٹھیں کہ منہ قبلہ کو رہے اور یٰسین شریف ایک بار پڑھ کر ایک ڈھیلے پر دم کرے اور یہ کہہ کر قبر میں ڈال دیں کہ الٰہی

فلاں ابن فلاں کا دل شراب یا جوئے یا زنا سے ایسا ہی مُردہ ہو جائے جیسا کہ یہ مردہ پڑا ہے (یعنی جس قسم کی بری عادت چھڑانا ہو، اسی بدکاری کا نام لیں) اسی طرح پھر دوسری بار پڑھیں اور ایسا کرتے وقت دوسرے ڈھیلے پر دم کرتے جائیں اور وہی پھر اوپر والا فقرہ کہہ کر قبر میں ڈال دیں، تیسری بار بھی عمل دہرائیں اور ڈھیلے قبر میں ڈالتے جائیں، جب سات بار یہ عمل کر چکیں تو اٹھ کر چلے آئیں اور پھر دوسری جمعرات کو اسی طرح ۷ ڈھیلے لیکر جائیں اور اسی طرح ۷ بار پڑھیں اور ڈھیلوں پر دم کر کے عمل کریں۔ پھر تیسری بار، چوتھی یعنی متواتر ۷ جمعرات یہ عمل کرنا ہوگا، انشاء اللہ تعالیٰ اس مبارک عمل کی برکت سے بری سے بری عادت چھوٹ جائے گی۔ یہ عمل اور یہ نقش حضور مفتی اعظم ہندوستان دامت برکاتہم القدسیہ کا بتایا اور عطا کیا ہوا ہے اور تجربہ کرنے پر بہت مجرّب ثابت ہوا ہے۔ یہ مبارک نقش بدکار کو نیک و صالح بنانے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے، نیز دق و سل کے مریضوں کو اس کا پانی دھو کر پلانا اور مریض کے گلے میں رہنا انشاء اللہ شفاء کامل کا ضامن ہے۔ نقش

اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم

ایک طرف یہ نقش دوسری طرف عبارت ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ دل ما راکن مُسْتَقِیْم ط بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ
نَسْتَعِیْنُ یَا لَطِیْفُ یَا نُوْرُ یَا حَقُّ یَا هَادِیُ یَا مُبِیْنُ یَا صَبُوْرُ بِحَقِّ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا
اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ط یَا حَمِیْدُ الْفِعَالُ ذَا الْمَنِّ عَلٰی
جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا حَلِیْمُ یَا رَشِیْدُ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا
وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ اِلٰهِیْ عَقْلِیْ مَغْلُوْبٌ وَنَفْسِیْ مَعْیُوْبٌ وَقَلْبِیْ مَحْجُوْبٌ وَلِسَانِیْ مُقِرٌّ بِالذُّنُوْبِ
فَکَیْفَ حِیْلَتِیْ یَا سَتَّارَ الْعُیُوْبِ یَا غَفَّارَ الذُّنُوْبِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ۔ یہ نقش دق اور سل کے لاعلاج مریضوں کو دھو کر پانی پلائیں اور
مریض کے گلے میں پڑا رہے، انشاء اللہ شفائے کامل ہو۔

نقش ہرکارہ یعنی یہ نقش ہر ضرورت میں دیا جا سکتا ہے مثلاً کہیں درد ہو تو درد کی جگہ باندھے
درد رفع ہو بخار میں لکھکر موم جامہ کر کے بازو پر باندھے بخار سے نجات ملے جو شخص اپنے پاس رکھے

ہر دلعزیز ہو چاندی کے پتر پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھکر پہنے بیشمار برکتیں اور فضیلتیں ظہور میں آئیں یہ نقش ۳۴ کا ہے اور ۳۴ عدد چونکہ اسم باری کے نہیں بڑے غور کرنے پر بھی یہ عقدہ کُھل نہ سکا۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے مزار مبارک پر مراقبہ کرنے سے اچانک القا ہوا کہ دو اسموں کا مرکب نقش ہے۔ بدوح اور دہاب کا سبحان اللہ کیا کہنا۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش چیچک جدید بے نظیر

نمبر ۲۰ صفحہ ۔۔ پر درج ہے اگر چیچک نکل آئی تو یہ نقش باندھے جس کی برکت سے بآسانی ڈھل جائے گی اگر قدرت کی طرف سے وقت پورا نہیں ہوا ہے تو بہ صحت وسلامت رہے کیونکہ اکثر بچے چیچک میں اپنی آنکھیں کھو بیٹھتے بعض کے ہاتھ پاؤں بیکار ہو جاتے ہیں۔ انشاءاللہ اس سے محفوظ رہیں گے۔ بہتر ہے کہ نقل کرکے دھو کر پلائیں۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	بلایاہ	تدعون
اللہ	الرحمن	الرحیم	بلایاہ	تدعون	فیکشف
الرحمٰن	الرحیم	بلایاہ	تدعون	فیکشف	ما تدعون الیہ
الرحیم	بلایاہ	تدعون	فیکشف	ما تدعون الیہ	انشاء
بلایاہ	تدعون	فیکشف	ما تدعون الیہ	انشاء	وتنسون
تدعون	فیکشف	ما تدعون الیہ	انشاء	وتنسون	ما تشرکون

تمّت بالخیر!

عمل باموکل کے متعلق خصوصی ہدایات

یوں تو ہر عمل باموکل ہوتا ہے کیونکہ ہر آیت اور اسم بلکہ ہر حرف کے موکل ہوتے ہیں جس کی تلاوت کرنے سے وہ موکل جو اس حرف یا اسم کے تابع ہوتے ہیں اللہ کے حکم سے عامل کے کام کو سر انجام دیتے ہیں مگر اصطلاح عاملین میں عمل باموکل اسے بولتے ہیں جس کے ذریعہ موکل کو عامل اپنے تابع بناتا ہے اور موکل عامل کے سامنے بذریعہ عمل اچھی یا خوفناک شکل میں ظاہر ہو کر عامل کی اطاعت کا وعدہ کرتا ہے اور آئندہ کے لئے اس کو بلانے کا طریقہ دریافت کیا جائے تو وہ طریقہ بھی خود ہی بتاتا ہے

موکل کی قسمیں :۔ ہر قسم کے پانچ موکل ہوتے ہیں۔ موکل علوی جمالی۔ موکل علوی جلالی، موکل سفلی جمالی۔ موکل سفلی جلالی۔

موکل قدسی ۔۔۔۔ اہل تقویٰ یا اہل اللہ ہی تابع کر سکتے ہیں، ہر ایک کی حفاظت سے باہر ہے۔

موکل علوی جلالی و جمالی ۔ اہل تقویٰ ۔ اہل اسلام یا بالفاظ دگر صحیح العقیدہ اہلسنت کے سوا بد عقیدہ، بد مذہب مرتد تو کیا صلح کلی قسم کے متذبذب سنی بھی اسمیں کامیاب نہیں ہوتے بلکہ کتب اعمال سے کوئی عمل کریں بھی تو نقصان پہنچنے کا ہے۔

موکل سفلی جلالی و جمالی میں کسی کی قید نہیں ہر ایک فرد کر سکتا ہے ۔ مگر عام طور پر عمل سفلی موکل میں عامل ناجائز امور کی طرف زیادہ مائل رہتا ہے اور موکل سے بھی ایسے ہی کام لیتا ہے جس کے ساتھ عقل و خرد کے ساتھ جانی و مالی نقصان بھی اٹھانا پڑتا ہے۔ اگر صرف جائز امور میں ان سے کام لیا جائے تو کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ نہیں عمل باموکل علوی جمالی و جلالی کرتے وقت نیت صادق ہے تو اس کا عامل امور خیر ہی کی طرف مائل ہوتا چلا جائے گا۔ یہاں تک کہ موکل اس سے مانوس ہو کر تابع ہو جاتے ہیں۔

ہدایات عمل باموکل۔ عام طور سے عمل باموکل کی طرف زیادہ نظریں اٹھتی ہیں، ختم اول میں اسم یا اللہ کا عمل باموکل درج ہے، جو صرف تین یوم کا ہے۔ اکثر حضرات کی نظر انتخاب اسی پر پڑی بعض نے تو بغیر اجازت ہی عمل شروع کر دیا نتیجہ یہ ہوا کہ عمل پورا ہی نہیں کر سکے اور با اجازت کیا اور کما حقہ کامیاب نہ ہوئے

ہدایت نمبر ۳:۔ پاکیزگی و طہارت کے ساتھ اچھی خوشبو

خوشبو کو بہت پسند کرتے ہیں۔

ہدایت نمبر ۴:۔ جسم و لباس کی پاکی کے ساتھ قلب

نہ دیں ورنہ نقصان کا خطرہ ہے۔

عمل باموکل کا احسن طریقہ:۔ ان شرائط و ہد

قدرت ہو جب بھی فقیر کی رائے یہ ہے کہ عمل باموکل

سے نہ کرے۔ عامل کا مقصد یہ ہو کہ ہمارا فلاں کام خت

ہے حاضر ہو، فلاں شخص کی بیوی میکے میں بیٹھ گئی ہے

حاضری کے بغیر بھی پورے ہو سکتے ہیں تو پھر کیا ضرورت

میں کسی عمل باموکل کو تین یوم یا حسب ہدایات جتنے

کام ہو جائے یا جب بھی میرا کوئی کام ہو اور میں اس کام

انشاء اللہ وہ کام انجام پاتا رہے گا اور آپ عمل کے متعلق

سے بھی بچ رہیں گے۔ اسطرح یہ بھی ممکن ہے کہ موکل خود سا

یہ عمل کیا تیرے دن خواب میں فرمایا گیا کہ تیرے کام سرانجام

و میں بسا ہونا ضروری ہے کہ موکلین پاکی وطہارت اور

ے دنیت کی پاکی بھی شرط ہے کسی ناجائز خیال کو دل میں جگہ

رایات پر عمل کرنے کی صلاحیت وقابلیت اور اہلیت

عمل کرے تو موکل کو تابع یا سامنے حاضر ہونے کی نیت

ا ادائیگی قرض، ملازمت کا ملنا، فلاں شخص جو غائب

شوہر کے گھر آجائے وغیرہ وغیرہ یہ تمام امور موکل کی

ہے کہ موکل کو اپنے تابع کیا ہی جائے، ایسی صورت

دونوں کا ہو با شرائط کریں اور نیت صرف یہ ہوں کہ ہمارا فلاں

کے لئے اسم پاک کا ورد کروں تو میرا کام انجام دیا جائے۔

طلع ہونے، رجعت ہونے، تکلیف ونقصان اٹھانے

منے آجائے فقیر نے اسم یا اللہ کا عمل تین بار کیا پہلی بار جب

ہم ہوتے رہیں گے۔ موکل کو تابع کرکے کیا کرے گا۔ دوسری بار،

تصحیح شدہ
شمع
مرتب
علامہ اقبال احمد
تصحیح کنندہ: عبدالعزیز
ناشر

سوم

۱

بعض شبہات اور غلط فہمیوں کا ازالہ

۱۔ شمع شبستان رضا حصہ دوم عمل نمبر ۱۹۵۔ والا نقش سفید مرغ کے خون سے لکھنے کے متعلق ہمارے بعض احباب کو اعتراض ہوا کہ خون ناپاک شے ہے اس سے کوئی شے لکھنا کیونکر جائز ہو سکتا ہے۔ بات بالکل درست "جائے استاد خالی است" والا مضمون ہے۔ سب سے پہلے یہ سوچنا چاہیئے کہ خون انسان کا ہو یا جانور کا جسم سے خارج ہوتے ہی جم جاتا ہے اس سے کوئی حرف لکھا ہی کب جا سکتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جب یہ نقش مرغ یعنی مرگی کے لئے لکھنا ہو تو بطور صدقہ ایک سفید مرغ بسم اللہ اکبر کہہ کر جیسے ہی ذبح کیا جائے تو فوراً مشک و زعفران سے کاغذ پر لکھنا شروع کرے۔

۲:۔ شبستان رضا حصہ دوم (استخارہ از علم الاعداد) دیا ہوا ہے اسمیں نام سائل اور اس کی ماں کے نام کے اعداد اور اس دن کے اعداد جس دن سوال ہوا ہو جمع کر کے کہیں ۲ سے تقسیم کو لکھا ہے اور کہیں ۳ سے اور کہیں ۳ سے تقسیم کرنے کو لکھا ہے۔ تو ثمرہ ایک نہ بچے تو یہ ثمرہ ایک بچے گا۔ تو یہ ثمرہ مگر چونکہ ۳ سے تقسیم کرنے پر ۳ بچنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اس لئے بعض بلکہ اکثر احباب چکر میں پڑ گئے۔ ان کو معلوم ہونا چاہیئے جہاں ۳ سے تقسیم ہو وہاں ۳ بچنے کا مطلب یہ ہے کہ اگر کچھ نہ بچے تو ۳ کا ثمرہ دیکھ لیں و علیٰ ہذا القیاس۔

۳:۔ اکثر نقوش مشک و زعفران سے لکھنے کی ہدایت کیجاتی ہے، مگر فی زمانہ مشک ناپید ہے اور زعفران بھی اصلی نہیں ملتی، ہمارے حضور مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم العالیہ ہمیشہ رائے بریلی شریف کی بنی ہوئی سیاہی جو خاص طور پر بنائی جاتی ہے آپ بھی وہ سیاہی استعمال کریں اور کام میں لانے کے لئے اس میں پانی کی جگہ روح کیوڑا یا گلاب استعمال کریں۔

۴:۔ بعض نقش میں یا عمل میں لکھا ہوتا ہے فلاں بن فلاں تو عامل بھی پڑھتا اور لکھتا ہے فلاں بن فلاں جبکہ اس جگہ سائل کا نام اور اس کی والدہ کا نام پڑھنا چاہیئے تھا۔ اسی طرح نقش یا وظیفہ کے آگے سہ بار یا اربع لکھا ہوتا ہے تو عامل اس لفظ کو وظیفہ کے ساتھ وظیفہ کے طور پر پڑھتا ہے جبکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ تین بار یا چار بار پڑھے اور جتنا لکھا ہو اتنی بار تکرار کرے۔

اقبال احمد نوری

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمْ ط

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَا نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَا

اللہ ربّ العزت جل وعلا اپنے کلام پاک میں ارشاد فرماتا ہے وَمَا اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ۔ ترجمہ:۔ تم پر جو مصیبت آتی ہے وہ تمہارے ہاتھوں کی کمائی ہے اور اہل کشف صوفیائے کرام کا ارشاد ہے کہ کسی درخت کا پتہ نہیں توڑا جاتا جب تک اس سے گناہ نہ ہو۔

لہٰذا جب ہم پر کوئی مصیبت آئے، جب ہر طرف ناامیدی و مایوسی کے بادل چھا جائیں، دوست بھی دشمنی پر آمادہ ہوں۔ اپنا سایہ بھی ساتھ چھوڑ چکا ہو، جان و مال اور عزت آبرو پر بن آئی ہو، کوئی مونس و غمخوار چارہ گر و دم ساز نہ ہو تو ایسے وقت میں اپنی تمام عمر کے گناہوں، نافرمانیوں اور بدکاریوں کو یاد کر کے اپنے ربّ کے حضور گریہ وزاری کریں سر خم، نگاہیں جھکی جھکی، دل خوف خدا سے لبریز اور اس رؤف و رحیم کے رحم و کرم پر یقین کامل رکھتے ہوئے، قلب کی گہرائیوں میں حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و عقیدت، الفت و محبت کی شمع فروزاں کئے اس عالم تاریکی میں اپنے لئے ہر سو اجالا بکھیریں۔ داغ غلامی مصطفےٰ کا اجالا جو ہر آنکھ کا نور اور ہر دل کا سرور ہے، وہ اجالا جو مہد سے لحد تک اور قیام قیامت سے جنت الفردوس تک ساتھ دینے والا ہے بمصداق فرمان اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ ؎

لحد میں عشق رخ شہ کا داغ لیکے چلے　　　اندھیری رات سنی تھی چراغ لیکے چلے۔

بعد نماز فجر طلوع آفتاب سربسجود مندرجہ ذیل مناجات کو ہمیشہ کے لئے حرز جان بنالیں خود میرے والد محترم الحاج صوفی عزیز احمد صاحب کا معمول رہا ہے اور بہت سے احباب اس سے فیض حاصل کر چکے ہیں۔ اگر عامل اس طریقہ کو اپنالے تو یقین ہے قدم قدم پر کامیابی قدم چومے، مناجات از اعلیٰحضرت امام اہل سنّت قدس سرہٗ

مناجات

۲

اللہ! اللہ کے نبی سے	فریاد ہے نفس کی بدی سے
دن بھر کھیلوں میں خاک اڑائی	لاج آئی نہ ذرّوں کی ہنسی سے
شب بھر سونے ہی سے غرض تھی	تاروں نے ہزار دانت پی سے

ایمان پہ موت بہتر او نفس | تیری ناپاک زندگی سے
او شہد نمائے زہر در جام | گم جاؤں کدھر تری بدی سے
گہرے، پیارے، پرانے دل سوز | گذرا میں تیری دوستی سے
تجھ سے اُٹھائے جو میں نے صدمے | ایسے نہ ملے کبھی کسی سے
اُف رے خودکام بے مروّت | پڑتا ہے کام آدمی سے
تو نے ہی کیا خدا سے نادم | تو نے ہی کیا خجل نبی سے
کیسے آقا کا حکم ٹالا | ہم مرمٹے تیری خودسری سے
آتی نہ تھی جب بدی بھی تجھ کو | ہم جانتے ہیں تجھے جبھی سے
حد کے ظالم، ستم کے کٹّر | پتھر شرمائیں تیرے جی سے
ہم خاک میں مل چکے ہیں کب کے | نکلا نہ غبار تیرے جی سے
ہے ظالم میں نباہوں تجھ سے | اللہ بچائے اس گھڑی سے
جو تم کو نہ جانتا ہو حضرت | چالیں چلئے اس اجنبی سے
اللہ کے سامنے وہ گن تھے | یاروں میں ہو کیسے متقی سے
رہزن نے لوٹ لی کمائی | فریاد ہے خضر ہاشمی سے
اللہ کنوئیں میں خود گرا ہوں | اپنی نالش کروں تجھی سے

ہیں پشت پناہ غوث اعظم رح
کیوں ڈرتے ہو تم رضاؔ کسی سے

نوٹ:- اس مناجات کو حفظ کرلیں اور اس طرح ربّ کے حضور روئیں اور گڑگڑائیں جس طرح بچہ روٹھی ماں کو سناتا ہے، پھر دیکھیں کس طرح رحمتِ الٰہی تمہیں اپنی آغوش میں لیتی ہے۔

۳ عامل کیلئے عمل پڑھتے وقت یکسوئی اشد ضروری بغیر اس کے عمل بے اثر ثابت ہوگا

جب کسی حاجت کیلئے کوئی عمل پڑھا جاتا ہے تو اکثر کامیابی نہیں ہوتی، اس کی سب سے بڑی وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ دماغ میں انتشار رہتا ہے، دل میں بے چینی، طرح طرح کے اوہام، وسواس کا آنا اور عمل کے پڑھنے میں دل کا نہ لگنا وغیرہ۔ اس کے اسباب پر غور کیا گیا تو تجربہ ہوا کہ یہ معدہ کے اندر خشکی اور قبض کے سبب گیس بن کر اوپر کو چڑھتا ہے جس سے دل و دماغ میں انتہائی بے چینی رہنے لگتی ہے، نہ نماز میں دل لگتا ہے، نہ کسی کام کرنے کو جی چاہتا ہے۔ خصوصاً ایسے وقت میں جبکہ تفکرات کا غلبہ ہو۔ اگر رائی کے برابر فکر ہے تو ایک پہاڑ بن کر تمام کاموں میں رکاوٹ کا سبب بن جاتی ہے اور دل و دماغ کے انتشار کے سبب عمل بے اثر ثابت ہوتا ہے، جیسا کہ مولانا رومؒ نے فرمایا ہے ؂

برزبان تسبیح و در دل گاؤ خر　　ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

عمل کے ذریعے سے یکسوئی حاصل کرنے اور دلوں کے راز معلوم کرنیکا مجرب نسخہ

فجر کی اذان سے قبل یعنی جیسے ہی صبح صادق شروع ہو، بستر سے اٹھ بیٹھئے اور حوائج ضروری سے فارغ ہو کر وضو کر کے خاموش مصلے پر بیٹھ جائیے اور زور سے سانس لیکر روک لیجئے اور دل کی دھڑکن کی طرف دھیان لگائیے کہ وہ اللہ اللہ کہہ رہا ہے اور جب سانس ٹوٹے تو تین چار سانسیں اوپر نیچے اس طرح لیجئے کہ اوپر کو سانس جائے تو اللہ اور نیچے کو جائے تو اِلّا اللہ کی آواز آپ کو سنائی دے۔ پھر ایکدم سانس روک لیجئے۔ اور یہی عمل دہرائیے، پہلے روز کم از کم پندرہ منٹ یہ عمل دہرائیے، پھر ہر روز پانچ منٹ اندازے بڑھاتے جائیے یہانتک کہ کم از کم ایک گھنٹہ روزانہ یہ عمل جاری رہ سکے اور عہد کر لیجئے کہ جب تک زندہ ہیں یہ عمل ترک نہ کریں گے۔ اس عمل کے کرنے سے نہ صرف یکسوئی حاصل ہوگی، بلکہ جب کوئی ضرورت مند آپ کے سامنے آکر بیٹھے اور آپ اسی طرح سانس روک کر اپنے دل کی طرف غور کریں اور اپنے قلب کی توجہ دوسرے کے دل پر ڈالیں گے کہ کس مقصد سے آیا ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے قلب میں انکشاف ہو جائیگا جو سو فیصدی صحیح ہوگا۔ یہ عمل تجربہ شدہ ہے کر کے دیکھ لیجئے اور جو لوگ اس عمل کے کرنے سے مجبور و معذور ہوں وہ ذیل کے نسخے کو استعمال کریں تاکہ کم از کم نماز اور دیگر درود و وظائف پڑھنے کے لئے یکسوئی حاصل ہو جائے۔ اطریفل زمانی ۶-۶ ماشہ صبح نہار منہ

اور رات کو سوتے وقت گرم پانی سے کھالیا کریں، بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔

۴۔ ترجمہ اعلیٰ حضرت کے کلام پاک سے فال نکالنے کا طریقہ

ہمارا تجربہ شدہ جو اپنی نظیر آپ ہے!

جو شخص چاہے کہ فال کلام پاک سے کھولے تو اس کو چاہئے کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کا ترجمہ والا کلام پاک لے اور باوضو پہلے فاتحہ پڑھکر جملہ بزرگانِ دین خصوصاً اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی ارواح طیبات کی نذر کرے اور صبح سے ۱۰ بجے تک کے اندر فال کھولنا ہو تو پہلے دس پارے کے اندر اور دس بجے سے دو بجے دوپہر تک سے غروب آفتاب تک فال نکالنا ہو تو بیسویں پارے سے اخیر کلام پاک کھولے پھر سات ورق گن کر جو صفحہ اس کی ساتویں، آٹھویں اور نویں سطر کا ترجمہ پڑھ لے، انشاءاللہ آپ کے سوال کا جواب موجود ہوگا۔

دوسرا طریقہ:۔ اگر مندرجہ بالا طریقہ میں کوئی دشواری پیش آئے کیونکہ ترجمہ پڑھکر اپنے سوال کا جواب پالے گا۔ اور سوال کا حل کر لینا بالکل ایسا ہی جیسے خواب کی تعبیر بیان کرنا اور ہر ایک اس کا اہل نہیں تو آپ کی آسانی کیلئے ہر حرف کا ثمرہ اگلے صفحات میں درج کر دیا گیا ہے، بالکل مندرجہ بالا طریقہ سے ساتویں ورق کی ساتویں سطر پر جو سب سے پہلا حرف ہو وہی حرف اگلے صفحات سے نکال کر اپنے سوال کا جواب پڑھ لیں۔ اگر آپ کے پاس اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کا ترجمہ والا کلام پاک نہیں ہے تو بدرجہ مجبوری اس جدول پر آنکھ بند کر کے انگشتِ شہادت رکھے جس حرف پر انگلی پڑے وہ حرف نکال کر اپنا جواب پڑھ لے۔ انشاءاللہ جواب باصواب پائیں گے۔

فاتحہ کا طریقہ یہ ہے۔ اوّل گیارہ بار درود شریف، ایک بار الحمد شریف ایکبار آیۃ الکرسی تین بار قل ھو اللہ شریف، پھر گیارہ بار درود شریف پڑھکر دونوں ہاتھ اٹھا کر بارگاہ الٰہی میں عرض کریں۔

یا اللہ! تیرے اس عاجز بندے نے یہ جو کچھ کلام پڑھا ہے تیری بارگاہ بیکس پناہ میں نذر ہے، اسے تو اپنے فضل و کرم سے بطفیل اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم قبول فرما اور اپنی رحمت سے اس پڑھنے کا ثواب جو تو مجھکو عطا فرمائے، اسے میری طرف سے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روحِ پاک کو تمام انبیاء

کرام علیہم السلام کی ارواح پاک کو صحابۂ کرام رضی، اہل بیت اطہار رضی آئمۂ عظام، اولیائے کرام در جملہ بزرگان
دین اور مسلمان زندہ و مردہ بوڑھے، بچے مرد و عورت سب کی ارواح کو ثواب عطا فرمائیے، خصوصاً میرے
میرے آقا و مولا مدنی تاجدار صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ پاک و حضور پاک سیدنا غوث اعظم و حضور سیدنا
اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ارواحِ پاک کو عطا فرمائے اور انہیں کے طفیل اس فال کے ذریعے
مجھے میرے مقصد میں کامیاب فرما اور پھر آنکھ بند کر کے نیچے دی ہوئی جدول پر انگشت شہادت
رکھے، جس حرف پر انگلی پڑے اس کا ثمرہ اگلے صفحات میں دیکھیں۔

	ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز
س	س	ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ك	ل
م	ن	و	ه	لا	ی	ا	ب	ت	ث	ج	ح
خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع
غ	ف	ق	ك	ل	م	ن	و	ه	لا	ی	

الف ۔ قولہ تعالیٰ ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۔ اے صاحبِ فال جان اور
آگاہ ہو کہ حرف (الف) فال تیری میں آیا ہے تجھ کو خوشی اور فیروزی کی بشارت ہے اور غم اندوہ سے
نکلنے کی اشارت ہے۔ یہ فال صاحب دولتوں کی ہے، کسی وجہ سے پشیمانی تیرے کام میں نہ ہوگی۔
جو کچھ خدائے تعالیٰ سے طلب کریگا بے انتظار تجھ کو مل جائے گا۔ اور روز شنبہ کو اپنے دل کے بھید
تجھ کو واقفیت ہوگی اور تمام کام تیرے اچھے ہو جائیں گے۔ اگر نیت تیری سفر کرنے کی ہے تو چلا جا۔
بہت فائدہ ہوگا، اگر کوئی غائب ہوا ہو تو اس کی ملاقات جلدی ہوگی۔ اگر نیت شادی نکاح کی ہے
کرلے، مبارک ہوگا۔ ان دنوں میں تیرے دل میں کسی طرح کی دلگیری تھی وہ بھی بخیر گزر گئی ہے۔ اپنی
خواب کسی سے مت کہو اسی میں فلاح ہے اور اپنا راز ہر کسی سے پوشیدہ رکھا جانا چاہیئے اور کام میں یقین
رکھ قدم مردانہ رکھ اور درود حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر بھیج اور دشمنوں سے امن میں رہ کر
مراد پائے اور غم سے بے غم ہو۔

ب - قولہٗ تعالیٰ - بَرَآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖٓ اِلَی الَّذِیْنَ عٰھَدْتُّمْ - اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ تمام کام بستہ تیرے جلدی سرانجام ہو جائیں گے اور دوشنبہ کو اپنے رازدوں سے تم کو خبر ہوگی اور مدت سے تم کو ایک چیز کی طلب تھی خوش ہو کر بے انتظار مل جائیگی اور تم کو ایک پریشانی تھی وہ بھی بخیر گذر جائے گی - اب خدا کے فضل وکرم سے تم کو دولت منہ دکھائے گی، دل قوی رکھ اور یہ فال تمام حاجت روائی پر دلالت کرتی ہے اور رزق روزی تمکو بہت ملے گی اور غم واندوہ سے تمکو نجات ملے گی اور سفر کی نیت ہے تو جا بہت مال حاصل ہوگا - اگر کوئی غائب ہے تو آجائے گا - اگر آدمی تیرا بیمار تو شفاء پائے گا - اگر نیت نکاح وخرید وفروخت کی ہو تو کرو - رازِ دل اپنا کسی سے نہ کہو کہ تیری بہبودا اسی میں ہے - انشاء اللہ تعالیٰ -

ت - قولہٗ تعالیٰ - یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰہِ تَوْبَۃً نَّصُوْحًا - اے صاحبِ فال! جان اور آگاہ ہو کہ اس نیت میں چند روز صبر کرنا چاہیئے تا جملہ کام تیرے بخوبی ہو جائیں کیونکہ یہ فال حضرت یعقوب علیہ السلام کی تیرے طالع میں نکلی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم کو کسی چیز کا خوف ہے اس سے مت ڈر، خدائے تعالیٰ تجھ کو خوش کرے گا - اگر تیرا کوئی شخص بیمار ہے - چاہیئے کہ ایک بکری صدقہ دے اگر مفلس ہو تو ایک مُرغ تصدّق کرے تاکہ جلدی صحت پائے اگر کوئی غائب ہوا ہے جان کہ وہ دور چلا گیا ہے اور کسی زحمت میں مبتلا ہے اُس کی ملاقات تم کو محال ہے توکل بخدا ہو - اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے، معلوم ہوتا ہے کہ کسی بدذات کے ہاتھ میں آگئی ہے اُس کو تم کو ملنا دشوار ہے - اب صبر کرنا ہر کام میں بہتر ہے اور زبان کو بُرا کہنے سے نگاہ رکھنا اچھا ہے تاکہ مضرت نہ پہنچے اور سفر کرنا بھی نیک نہیں ہے سفر کرنے میں نقصان کلّی ہے اور کسی دشمن سے تم کو کچھ پہنچے گا کہ اس سے خوشی حاصل ہوگی اور جو خواب پریشان نظر آئیں کسی سے نہ کہو اور یقین اپنا درست کرو اور درود سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بکثرت بھیجنا احسن ہے - تا جملہ مُرادات بخوبی وصول ہو جائیں - انشاء اللہ تعالیٰ -

ث - قولہٗ تعالیٰ - اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا - اے صاحبِ فال حرف ث دلالت کرتا ہے کہ تمام کام انجام ہو کر خوشی اور عیش اور عزت اور حرمت حاصل ہوگی اور کسی نوع کی پریشانی اور پشیمانی نہ آئے گی - اور چھ دن کے بعد اپنے راز سے تمکو آگاہی ہوگی اور مدت سے جس چیز کی طلب تم کو

طلب تھی وہ اب ہاتھ آئے گی اور بادشاہان اور امیران اور بزرگان سے تمکو راحت پہنچے گی۔ اگر کوئی صاحب تیرا غائب ہے تو اس کی خبر ایک لڑکا لائے گا اور بہ سلامت ملاقات اس کو میسّر ہوگی، اگر بیمار ہے تو صحّت پائے گا اور بہ سلامت اگر کوئی چیز گم ہوئی ہے تو وہ بھی مل جائے گی، لیکن ایک شخص بلند قد دبلا پتلا ہے اُس سے دُور رہنا چاہیئے تاکہ وہ کوئی مکر تیرے ساتھ نہ کرے اور ایک دوست کی طرف سے تم کو ہدیہ ملے گا۔ اور تمام مرادیں حاصل ہوں گی۔ طاعت خداوندی میں کاہلی نہ ہونی چاہیئے اور ذکر خدا میں مشغول رہنا باعث بہبودی کا ہے، رازِ دل اپنا کسی سے نہ کہو، دشمنوں پر تمکو ظفر ملے گی، انشاء اللہ تعالیٰ۔

ج - قولہ تعالیٰ - فَلَمَّآ اَضَاءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ - اے صاحب فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف ج فیروزی حال اور سعادت اور دولت پر تم کو دلالت کرتا ہے، لیکن اس نیت میں کوشش اور طلب از حد مفید ہے تاخیر نہ کرنی چاہیئے اور بعد چار روز کے تم کو اپنے راز کی خبر ہو جائے گی اور امید بر آئے گی اور ایک شخص سیاہ چشم بلند قد دُبلے پتلے سے خبردار ہوشیار رہنا چاہیئے تاکہ تیرے ساتھ مکر نہ کرے اور مُدّت تین ماہ سے ایک چیز کی طلب میں تم کو حیرانی و پریشانی تھی، دل قوی رکھو۔ اب نحوست سے تم کو رہائی ہو جائے گی اور ستارہ سعید تیرے طالع میں طلوع ہو گیا اور قوت پذیر ہو گیا ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہو تو کریئے، غائب تیرا دور چلا گیا ہے اگر نوروز تک نہ آئے گا تو اس کے آنے میں دیر ہوگی۔ اگر کوئی شخص تیرا بیمار ہے حسب حال صدقہ دینا بہتر ہے تاکہ اِس زحمت سے شفاء پائے گا، امیروں بادشاہوں کے پاس جانا اچھا ہے۔ کہ کسی طرح کی تم کو منفعت ہوگا اور یہ سال تم کو کئی سالوں سے بہتر آیا ہے اور ایک دوست سے تم کو ہدیہ پہنچے گا۔ اس سے خوشی ہوگی اور نماز میں ہمیشہ مقیم رہو۔ تم کو تمام مرادوں پر کامیابی حاصل ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ح - قولہٗ تعالیٰ:- وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ - اے صاحب فال جان اور معلوم کرکے حرف ح طالع تیرے میں نکلا ہے خوشی اور فیروزی پر تم کو بشارت ہے ظفر یابی دشمنوں پر بشارت ہو اور غائب کے سلامت آنے پر دلالت ہے۔ اور درمیان خویشوں اور بھائیوں کے مژدہ فقط ہوا ہے اور مطلب تیرے باآسانی انجام ہوں گے اور حلال کا مستحق ہونا تیرا اس فال سے ظاہر ہوتا ہے اور بزرگوں اور امیروں سے تجھے خوشی پہنچے گی۔ سفر کرنا مبارک ہے۔ مراد حاصل ہے اور اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے۔

دستیاب ہو جائے گی، اگر بیمار ہے جلدی صحت پائے گا کچھ صدقہ دینا چاہیئے اور ہر کام میں استقلال ضروری ہے۔ ایک صاحبِ علم سے تمکو راحت پہنچے گی اور ایک بزرگ سے بھی دروازہ فتح اور دولت کا تیرے مُنہ پر کھُلے گا اور دشمن تیرے مقہور رہوں گے۔ اپنے دل کا راز کسی سے نہ کہنا۔ درود بر روحِ سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچاتا رہ، ہمیشہ خوشی سے دین اور دنیا میں راحت پائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

خ: قولہ تعالیٰ:۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۝ اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف خ ستارہ عطارد سے تعلق رکھتا ہے، سخاوت کا ہاتھ کشادہ رکھو اور صدقہ حسب مقدور تاکہ حال تیرا بخیر گذرے اور فائدہ تجھ کو پہنچے اور فکر و اندیشہ کو دل میں راہ نہ دینا چاہیئے کیونکہ اب تیری نحوست دفع ہو جائے گی اور چہار شنبہ کے دن اپنے راز سے آگاہی ہو گی اور اس کی تجھے تیس دن کے اندر اسکی خبر مل جائے گی اور توکل پر خدا رہنا اچھا ہے تاکہ تمام کام بخوبی انجام آور ہو جائیں گے اور ۲۵ روز اگر تیرا غائب نہ آئے گا تو پھر اسکا آنا بے حد دشوار ہے۔ سفر کرنا، نکاح کرنا، ناطہ کرنا فی الحال نیک نہیں ہے اور بھیدوں کا کسی سے مت کہو نقصان کا اندیشہ ہے، نماز کی پابندی کر تاکہ جملہ مرادیں پوری ہوں، انشاء اللہ تعالیٰ۔

د- قولہ تعالیٰ:۔ إِذْ جَعَلْنَا خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ قَالُوا سَمِعْنَا۔ اے صاحبِ فال جان اور آگاہ ہو کہ حرف د تیری فال ہے جو جمعیتِ دل اور کشادہ کار کے اور جس کار کے اور جس کام کی تیرے دل میں طلب ہے اس کے درپے ہو مبارک ہوگا اور ہرگز اس سے مت ہاتھ اٹھا بخوبی انجام ہو گا۔ اور بادشاہان و امیران اور بزرگان تم پر مہربان ہوں گے اور عمر اور دولت تیری بڑھے گی۔ اگر بیمار ہے تو شفا پائے گا۔ اگر سفر کا قصد ہے چلا جا کہ فائدہ ہو گا۔ اگرچہ خرید و فروخت یا شادی کی نیت ہے تو کر لے بہت مبارک ہے۔ دل کا راز کسی سے نہ کہو کہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ اگر کوئی شخص غائب ہے وہ بھی آ جائے گا، گم ہوا ہے وہ بھی مل جائے گا، انشاء اللہ تعالیٰ۔

ذ- قولہ تعالیٰ: فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مِّنْهُمْرٍ وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا ۝ اے صاحبِ فال، جان اور آگاہ ہو کہ حرف ذ دلالت کرتا ہے عیش اور عشرت پر اور جس چیز کو تم کو طلب ہے وہ جلدی دستیاب ہو جائے گی اور کام تمام دستیاب ہو جائیں گے اور جس کا تمکو خوف ہے

اس سے بے خوف رہو، گیارہ روز کے بعد تیرا راز دل ظاہر ہو جائے گا اور مستحکم رہ کر صحت اور تندرستی تیرے طالع میں نمایاں ہیں، ایک بزرگ یا دوست سے تم کو ہدیہ ملے گا۔ جو باعث خوشی کا ہوگا۔ اگر نیت سفر کی نیت ہے، تو چلا جا کہ مبارک ہے اور غائب بھی آجائے گا، گمشدہ اور بھاگے ہوئے کا پتہ مل جائے گا اگر شادی کی نیت ہے تو بیشک کرلے نیک ہوگا اور بُرا کہنے سے زبان روک رکھو کہ تم کو منفعت ہوگی۔ دل کا بھید کسی سے مت کہو تاکہ تم کو کامیابی ہو، انشاءاللہ تعالیٰ

س :۔ قولہ تعالیٰ :۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰھِدِیْنَ ۔ اے صاحب فال کہ حرف س فال تیرے طالع میں آیا ہے، دلالت کرتا ہے دولتمندی اور سعادت پر تمام کام تیرے حسب دلخواہ سرانجام ہو جائیں گے اور اس قدر خوشی تم کو پہنچے گی کہ اس کا بیان تحریر سے باہر ہے اور دوست تیرے خوش اور دشمن غمناک ہوں گے۔ اگر کوئی چیز تیری تلف ہوئی ہے تو پھر مل جائے گی اور قرض بھی ادا ہو جائے گا۔ اگر سفر کی نیّت ہے جا فائدہ ہوگا۔ اور مدت سے غائب جو تیرا گیا ہے جلدی اس کی خبر آجائے گی اور بزرگوں سے تجھے نفع پہنچے گا اور جملہ کام تیرے بخوبی سرانجام ہوں گے، اپنے مال سے کچھ صدقہ کرنا چاہئے اگر کوئی بیمار ہے تو شفا و یاب ہوگا، خرید و فروخت تم کو نیک ہے اور ایک لڑکا خدائے تعالیٰ تم کو کرامت کرے گا جو تیری خوشی کا باعث ہوگا اور وہ مبارک قدم ہوگا۔ اور ایک مقام سے تم کو ملامت پہنچی تھی وہ بھی بخیر گذری، چاہیئے کہ یاد خدائے تعالیٰ میں مشغول رہو۔ بھید اپنا کسی سے نہ کہو تاکہ تمام دشمن تیرے مقہور رہوں۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

ش :۔ قولہ تعالیٰ :۔ عَبَسَ وَتَوَلّٰىٓ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰىٓ

اے صاحب فال حرف ش فال دلالت کرتا ہے کہ ان دنوں میں تجھکو کسی قسم کی پریشانی تھی، چند روز اور صبر اور حوصلہ کرنا چاہیئے تمام کام تیرے حسب مراد ہوں گے اور آٹھ روز تک اپنے راز دل سے تم کو خبر ہو جائے گی، ایک آدمی زرد رنگ میانہ قد پشت خم سے خوف رکھنا چاہیئے تاکہ تیرے ساتھ مکر و فریب نہ کرے اور ایک سفر تم کو درپیش ہے اس سے تم کو نفع بہت ہوگا اگر کوئی بیمار ہے صحت یاب ہوگا لیکن امام جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بہت اندیشہ نہ کر اور متوکل رہو اگر غائب بیس دن تک نہ آئے گا تو اس کی خبر ایک ماہ کے بعد آئے گی اور خرید و فروخت میں بھی تم کو نفع نہ ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

س: قولہ تعالیٰ: یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۝
اے صاحب فال حرف س دلالت کرتا ہے کہ تمام حاجتیں تیری روا ہوں گی اور جو نیّت تیرے دل میں ہے بر آئے گی اس میں کاہلی نہ کرنی چاہیئے، اگر شادی کی تیری جو نیّت تیرے دل میں ہے بر آئے گی اس میں کاہلی نہ کرنی چاہیئے، اگر شادی کی تیری نیت ہے مبارک ہو سرانجام ہوگا اور عورتوں کے ساتھ مشورت نہ کرو۔ امام جعفر صادق و ابنِ عباس (رضوان اللہ علیہم اجمعین) فرماتے ہیں کہ تجھ کو سفر کرنا بہت خوب ہے تیرے واسطے اس سے بہتر کوئی کام نہیں کیونکہ اب ستارہ تیرا نحوست سے نکل آیا ہے، انشاء اللہ۔

ش: قولہ تعالیٰ: وَاِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ۔ اے صاحب فال حرف ش، شقاوت پر دلالت ہے، پستگی اور پریشانی اور سرگردانی پر تم کو اشارت ہے۔ اس فال میں جو نیّت تیرے دل کی ہے اس سے باز رہ کیونکہ آخر نتیجہ اس کا پریشانی ہے اور جس کے ساتھ دوستی کرتا ہے وہ دشمنِ جان ہو جاتا ہے، تین دن تک اپنی زبان کو روک کر رکھنا تاکہ پریشانی تیری کا باعث نہ ہو اور خدا پر توکّل رکھ تاکہ مقصود تیرا حاصل ہو اور امام جعفر صادق رضی اللہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو چاہیئے کہ اندیشوں سے توبہ کرے تاکہ بلاؤں اور خوفوں سے بخوف ہوئے۔ اگر کوئی آدمی تیرا بیمار ہے اس کو خطرہ بہت ہے، حسبِ مقدور صدقہ دے تاکہ شفاء پائے، انشاء اللہ تعالیٰ۔

ص: قولہ تعالیٰ: فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِیْلًا۔ اے صاحب فال حرف ص دلالت کرتا ہے کہ کہیں سے تمکو مال ملے گا اور گم شدہ اور بھاگا ہوا تیرے ہاتھ آئے گا، کسی بات سے دل تیرا بہت پریشان ہے صبر کر، صبر سے مراد تیری حاصل ہوگی، اور غائب تیرا رنج میں گرفتار ہے توکل بر خدا کر کہ سلامت آجائے گا۔ اگر کوئی شخص بیمار ہے اس کی بیماری دراز ہوگی، صدقہ دے تو شفاء پائے، تم کو نکاح کرنا بہت اچھا ہے کہ خداوند تعالیٰ فرزند صالح عطا کرے گا۔ اور ایک آدمی تجھ کو تکلیف دیتا ہے تو نصیحت اس کی نہیں سنتا ہے۔ چاہیئے کہ اس کی بات سے معتقد ہو تاکہ اس کے سبب فائدہ کا ہو جائے اور امام جعفر صادق و ابنِ عباس رضوان اللہ علیہم اجمعین فرماتے ہیں کہ صاحبِ فال کو صبر کرنا بہتر ہے کیونکہ یہ فال حضرت یعقوب علیہ السّلام کی ہے، انشاء اللہ تعالیٰ۔

ض۔ قولہ تعالیٰ:۔ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِىْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِىْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ط
اے صاحبِ فال حرف ض خوشی اور دولت پر بشارت ہے کسی بات کے سننے سے تجھے خوشی حاصل ہوگی۔ کوئی چیز تیرے ہاتھ سے چلی گئی ہے وہ بھی دستیاب ہو جائے گی جو فکر و تردد تیرے دل میں ہے انجام اس کا نیک ہوگا اور عبادت میں کاہلی نہ چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ط:۔ قولہ تعالیٰ:۔ طٰهٰ مَا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰى ط اے صاحبِ فال حرف ط دلالت کرتا ہے کشاکش کا لیکن نماز میں سستی نہ چاہیئے جو دین و دنیا میں تیری بہتری ہو جائے اور نماز کی برکت سے تمام کام تیرے بخوبی سرانجام ہوں گے اور اگر تیرا غائب ہے چند دن تک آ جائے گا اور عنقریب اس کو ایک مرد میانہ قد دو سال لے کر آئے گا۔ کوئی بیمار ہے تو شفاء پائے گا۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس سال میں سفر کرنا خوب ہے اور گناہوں سے توبہ کرنا افضل ہے اور یہ سال تمام سالوں سے بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ظ: قولہ تعالیٰ۔ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا۔ اے صاحبِ فال حرف ظ خوشی، عیش اور عشرت پر بشارت ہے۔ اگر کوئی بیمار ہے تو بیماری اس کی دور ہو۔ کچھ صدقہ دینا چاہیئے اور اگر کوئی غائب ہے جان کر وہ دور چلا گیا ہے، اس کی خبر ایک لڑکا لائے گا۔ پریشان خواب کسی سے نہ کہو کہ صلاحیت تیری اس میں نہیں ہے، ان دنوں میں تم کو ملامت تھی وہ بخیر گذر گئی ہے، اور سوائے خدا کے کسی سے طمع نہ کرنا چاہیئے تاکہ تمام کام تیرے بہتر ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ع:۔ قولہ تعالیٰ: اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ۔
اے صاحبِ فال حرف ع دلالت کرتا ہے، فتح و نصرت پر اور نیت جو کہ تیرے دل میں ہے ایک بزرگ کی طرف سے تم کو راحت پہنچے گی اور روز دوشنبہ کو بھید ضمیر اپنے سے تم کو آگاہی ہو جائے گی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس نیت میں کچھ صدقہ دے تاکہ مراد تیری حاصل ہو جائے اور سفر کرنا تم کو اچھا ہے منفعت سے خالی نہ ہوگا۔ ایک حاکم اور بزرگ کا جو وہم ہے اس سے مت ڈر اور اگر کوئی چیز کھو گئی ہے، ہاتھ آئے گی۔ اگر دعوے کرنے کی نیت ہے تو غلبہ حاصل ہوگا۔ خرید و فروخت حیوانات کی تیرے واسطے بہتر نہیں ہے، بذکرِ خدا مشغولی ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ

غ - قولہ تعالیٰ :- اِذْ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ یٰعِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ ؕ - اے صاحب فال! اگر تو کسی سے نکاح کرنا چاہتا ہے کر لے تجھے فائدہ پہنچے گا - اور تمام کام مشکل تیرے آسان ہونگے کہ جیسا لوہا حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں نرم ہو جاتا تھا - بدھ کے روز تم کو اپنے بھید سے آگاہی ہوگی ، جس چیز کی تم کو طلب ہے جلدی مل جائے گی مگر بھید اپنا کسی سے نہ کہنا اگر کوئی غائب ہے وہ بھی آ جائے گا - اور ایک شخص زرد ریش میانہ قد گندم گردن کوتاہ سے عرف کرنا چاہیئے تاکہ تیرے ساتھ مکر نہ کرے اور سفر کرنا بھی تیرے مبارک ہے اور ہمیشہ باوضو رہنا تیرا سب سے بہتر ہے اور خدا کا ذکر کرنا اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا اس فال میں تیرے واسطے اکسیر اعظم ہے - انشاءاللہ تعالیٰ -

ف :- قولہ تعالیٰ :- فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا ؕ اے صاحب فال حرف ف عیش و عشرت ، خوشی اور دولت کی بشارت ہے ، غائب تیرا آئے گا اور بیمار شفاء پائے گا - غم نہ کر جلدی کام تیرے اس فال میں اچھے ہو جائیں گے - یکبھت مردانہ وار ثابت قدم رہنا تیرے واسطے بہتر ہے اور جو شخص تیرے ساتھ بدی کرے عوض اس کے نیکی کرتا کہ اجر عظیم تجھ کو ملے گا ، بیس روز تک اپنے بھیدوں سے باخبر ہوگا ، اور سفر کرنا تمکو اچھا نہیں ، انشاءاللہ تعالیٰ

ق : قولہ تعالیٰ : قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ۚ بَلْ عَجِبُوْا اَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْکٰفِرُوْنَ هٰذَا شَیْءٌ عَجِیْبٌ ۚ اے صاحب فال ! حرف ق دلالت کرتا ہے کہ تم کو خلق میں قبولیت حاصل ہوگی اور جو کوئی تم کو دیکھے گا دوست رکھے گا - بقول ابن مسعود فخر رازی صاحب فال کو کئی فتوح حاصل ہوں گی اور جو کوئی تم کو دیکھے گا ، دوست رکھے گا - اور خوش ہوگا اور امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو سخاوت کرنی چاہیئے ، بہتری اسی میں ہے ، انشاءاللہ تعالیٰ -

ک : قولہ تعالیٰ - کَذٰلِکَ کِدْنَا لِیُوْسُفَ - اے صاحب فال تجھ کو اپنی نیت میں پرہیز کرنی بہت بہتر ہے اور دشمنی کسی کے ساتھ بھی اچھی نہیں - حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو خرید و فروخت کرنا اور قرض دینا نہ چاہیئے کہ نفع نہ ہوگا - اگر صبر کرے تو مراد پائے گا ، انشاءاللہ تعالیٰ -

ل ۔ قولہ تعالیٰ:۔ اَللّٰہُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ ۔ اے صاحب فال! حرف ل دلالت کرتا ہے یہ فال نہایت نیک اور مبارک ہے ۔ تمام کام تیرے حسب دل خواہ میسّر ہوں گے۔ اور طالع تیرے قوت پکڑ گئے ہیں ۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو مناسب ہے کہ نیکوئی اختیار کرے تاکہ دشمن اس کے دوست ہو جائیں اور امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال جس کام کا ارادہ کرے گا، آسان ہو گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

م ۔ قولہ تعالیٰ ۔ اِذَا الشَّمۡسُ کُوِّرَتۡ ۝ وَاِذَا النُّجُوۡمُ انۡکَدَرَتۡ ۝ اے صاحب فال حرف م دلالت کرتا ہے ملامت پر اس نیت سے شیخ بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو چاہیئے کہ کسی کے ساتھ خصومت کا دعویٰ نہ کرے، اگر اپنی نیت سے درگزر نہ کرے گا ۔ زیاں دیکھے گا ۔ اور اگر صبر کرے گا راحت پائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

ن : قولہ تعالیٰ : نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ ۔ اے صاحب فال جو نیّت تیرے دل میں ہے مبارک ہو، سرانجام ہو گا ۔ عورتوں کے ساتھ مشورت نہ کر اور نیت کے درپے ہونا چاہیئے کہ جملہ کام تیرے سرانجام ہو جائیں گے، حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز میں سستی نہ کرو، رزق کا دروازہ تم پر کشادہ ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

و :۔ قولہ تعالیٰ :۔ ہَلۡ جَزَآءُ الۡاِحۡسَانِ اِلَّا الۡاِحۡسَانُ ط یہ فال بے نیازی کی ہے ، امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال بلا سے بیخوف ہو گا اور مراد پائے گا ۔ حضرت شیخ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آدمی کئی تیرے محتاج ہوں گے اور منفعت پائیں گے اور درمیان خلق کے تم کو قبولیت ہو گی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

لا : قولہ تعالیٰ :۔ لَاۤ اُقۡسِمُ بِیَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ :۔ اے صاحب فال ۔ حرف لا دلالت کرتا ہے کہ جس عمل اور شغل کے درپے ہے اس کو چھوڑ دینا چاہیئے کہ حاصل نہ ہو اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کی نیّت اور اندیشہ میں شروع ہونا چاہیئے جو اچھا ہے، ایسے کام سے پرہیز کرنی چاہیئے ۔ اگر پرہیز نہ کرے گا زیاں دیکھے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

ل ۔ قولہ تعالیٰ ؛ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۔ اے صاحب فال نیت مبارک ہو تمام کاروبار تیرے بخوبی انجام ہو جائیں گے اور کچھ فکر نہ کر کر مراد تیری حاصل ہوگی اور اس نیت سے درگذر کرنا چاہیئے ، امام فخر رازی فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو اپنی نیت کا ثمر مل جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

ی ۔ قولہ تعالیٰ : لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۵ؕ اے صاحب فال حرف ی اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس نیت میں تم کو بہت خوشی حاصل ہوگی اور امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب فال کو چاہیئے کہ اس نیت سے درگذر نہ کرے کہ جلدی مراد حاصل ہوگی ، انشاء اللہ تعالیٰ ۔

۵ راس یعنی طالع معلوم کر کے زندگی کے مختصر حالات جاننے کا طریقہ

جس کا طالع دیکھنا ہو اس کے اور اس کی ماں کے نام کے اعداد جمع کر کے ۱۲ سے تقسیم کریں جو عدد حاصل ہو اس کا ثمرہ ذیل میں پڑھیں اور اگر برابر سے تقسیم ہو جائے تو نمبر (۱۲) کا ثمرہ دیکھیں ۔

نوٹ :۔ ہر مرد و عورت کے لیے جن نقوش کا نام لکھا ہے اگر منگانے میں تکلیف ہو تو ہر ایک کے نیچے جو نقش عبارت میں لکھا ہوا ہے وہ ہاتھ سے لکھ کر دے سکتے ہیں ، ہماری طرف سے اجازت ہے ۔

۶ خواص طالع مرد میں

۱ ۔ برج حمل (میکھ) ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے (اس طالع کا مرد خوش طبع ، خوش خلق ہوگا ۔ دو عورتیں اس کی قسمت میں ہیں ، مگر آرام ایک ہی پائے گا ، اولاد بہت ہوگی ، سیاہ لباس اس کے نامناسب ہے ، اکثر بُرے کام کر کے شرمندہ ہوگا ۔ آگ و پانی سے بچنا بہتر رہے گا ۔ نظر بد سے اکثر و بیشتر نقصان پہنچے گا ۔ عقیق کی انگوٹھی اس کو پہننا خوب ہوگا ۔ خرید و فروخت یعنی تجارت سے نفع ہوگا ۔ اگر کچھ نقصان بھی ہو تو جلد بدل ہو جائے گا ۔ زندگی کا پہلا دور تکالیف میں دوسرا دور متوسط تیسرا دور آرام سے گذرے گا ۔ عبادت خدا میں کاہلی ہرگز نہ کرے ۔ اکثر بیماری سردی دبائی سے ہوا کرے گی ۔

اگر عمر چالیس برس سے گذر گئی تو نوے برس کی عمر تصور کی جائے۔ نیا چاند دیکھتے وقت درود شریف پڑھنا بہتر ہے۔ چوپایہ نسل گائے بھینس بیل بکری وغیرہ پالنا مبارک ہے، مندرجہ ذیل تعویذ زندگی بھر کے لئے مفید ہوگا انشاءاللہ تعالیٰ، یعنی نقش جامع المطلوب۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا اَللّٰہُ سَیَعۡطُوۡنَ الَّذِیۡ لَہُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی بِغِنَآءِ الۡعُلٰی وَالتَّسَاوِیۡ وَلِیَایِیۡ یَسۡتَجِیۡبُ یَا قَیُّوۡمُ یَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا رَؤُفُ یَا دَیَّانُ یَا سُبۡحَانُ یَا سُلۡطَانُ یَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَا اَهۡیَا یَا اَشۡرَاهِیَّا یَا هُوۡطُ تکسیر جنتر معہ محیط الاسرار نقش مفید ہے۔ روحانی پبلشرز سے دستیاب ہے۔

۲۔ **بُرج ثور** (برکھ) ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر ہے، نشانی دولتمندی وعیش وکامرانی ہے، نکاح بہت کی خواہش کریگا لیکن عمدہ عورت ایک ہی سے کارروائی ہوگی۔ شرع کے خلاف کام نہ کرے تاکہ اس کا کام مرضی کے مطابق پورا ہو، چارپایوں سے اکثر نقصان ہوتا رہے گا جس کے ساتھ وفا کرے گا، جفا پائے گا، جو کچھ کمائے گا اڑا دے گا، اولاد بہت ہوگی، اکثر آنکھ کی بیماری مبتلا رہے گا۔ شعبان کا مہینہ طلب حاجت کے لئے بہت مناسب ہے بیماری اکثر معدہ وصفرا اور درد سینہ اور درد کمر سے ہوگی۔ پہلے اور چوتھے سال خیریت سے گذر جائیں تو عمر اسی برس تصور کرنی چاہیئے، سفر میں بہت فائدہ ہوگا لیکن خرچ کر ڈالے گا۔ حج کعبہ اس کے نصیب میں ہے آخیر عمر میں دولت ہاتھ آئے گی، انشاءاللہ تعالیٰ! مندرجہ ذیل تعویذ اس کے لئے بہتر ہے نقش جامع المطلوب مع عبارت، بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا حَلِیۡمُ یَا کَرِیۡمُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا بَاقِیُ یَا بَاقِیُ یَا دَالِیُ یَا دَالِیُ یَا عَلَّامُ الۡغُیُوۡبِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَنۡتَ اَهۡیَا شَرَاهِیَا مُرۡسَطِبَهَا وَحِفۡظُہٗ هٰذَا الۡکِتَابِ ۔۱۱ ۱۸ ۱۹ ۹۰۸۹ طط یا اکبر اعظم معہ سیفی۔

۳۔ **بُرج جوزا** (متھن) ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کا مرد بامروت، خوش عادت ہوشیار، اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گا لیکن بدلہ برائی سے پائے گا، بزرگوں کی صحبت اس کے حق میں مفید ہے، حرام مال سے پرہیز کرے ورنہ ایک روپیہ حرام کا تین لے کر جائے گا۔ سفر میں تکلیف اٹھائے گا، مال بہت ہاتھ آئے گا۔ یا تو حج کرے گا یا کوئی ایسا کام کرے گا جس سے حج کا ثواب پائیگا۔ جناب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہوگی، باغ وکھیتی سے فائدہ ہوگا، اولاد

بہت ہوگی، مگران کی طرف سے دُکھیا رہے گا۔ بلغمی امراض، درد سینہ اور درد سر کی اکثر تکلیف رہے گی۔ شہد اور کلونجی صبح نہار منہ کھانا مفید ہوگا۔ زرد اور نیلی آنکھوں والے سے خطرہ رہے گا۔ قبلہ کی طرف سفر کرنا مبارک ہے، دوسری اور پانچویں برس کی تکالیف سے بچ گیا تو انشاءاللہ تعالیٰ عمر اس کی نوے۹۰ برس کی ہوگی مندرجہ ذیل تعویذ انشاءاللہ تعالیٰ اس کو بہت مؤثر ہوگا یعنی نقش جامع المطلوب مع عبارت۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا وَالِیُ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اِهیًا شَرَاهِیًا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

مَعْصُوْمٌ مِّنْ کُلِّ هَیْکَلٍ ادکا اھا ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۹۴ ۱۱ ۹۴ ۱۱ ۲۷۲ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ عـ عـ

۴ برج سرطان (کرک) ستارہ اس کا قمر (چندرما) ہے اس طالع کے مرد کی دو صورتیں ہیں اول سانولے رنگ کا مضبوط اور طاقتور، دوسرا گورا چٹا نحیف اور کمزور لیکن دونوں صورتیں دولت مندی کی نشانی ہیں۔ سفر بہت کرے گا اور فائدہ بھی کمائے گا۔ البتہ وفا کا بدلہ جفا سے پائے گا۔ اس کے بدگو بہت ہوں گے۔ زندگی کا ابتدائی حصہ پریشانی میں گزرے گا اور بقیہ حصہ آرام و راحت میں، انجام بہر حال بخیر ہوگا، اگر رنج و غم میں گھبرائے نہیں اور یقین رکھے کہ خدا کارساز ہے تو سب کام انشاءاللہ آسان ہو جائیں گے۔ سینہ اور اعضاء پر ایک تل ہے، وہ مبارک ہے، بھائیوں اور دوستوں سے محبت کرے گا، دغا پائے گا۔ ماں باپ سے جدا ہو جائے گا۔ نکاح کئی کرے گا۔ لیکن کارروائی ایک ہی سے ہوگی اور اولاد بہت ہے لیکن اوپری خلل کا اندیشہ رہے گا۔ بیماری اکثر درد کمر اور سرد ہواؤں سے ہوگی حاسد بہت ہوں گے، لیکن کوئی کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ سفید لباس پہننا مناسب ہوگا۔ اس کے لئے ماہ ربیع الاول دن سنیچر ہر کام کے لئے بہت مبارک ہوگا۔ نیا چاند دیکھ کر پانی پر نظر کرنا بہت بہتر ہوگا۔ اگر کسی سے کچھ لینا ہو تو داہنی طرف کھڑا ہو۔ ساتویں اور اٹھارویں برس خیریت سے گزرے تو نوے۹۰ برس کی عمر تصور کرنا چاہیئے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ نقش جامع المطلوب بہتر رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا مَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا غُفْرَانُ یَا بُرْهَانُ یَا سُبْحَانُ یَا سُلْطَانُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَهْیًا اَحْیًا الْعَجَلُ

السَّاعَۃُ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱۵ ۱۱ ۳۳ سوحے۔

۵۔ **برج اسد** (سنگھ) ستارہ اس کا شمس یعنی سورج ہے اس طالع کا مرد سفید خوش رو
خوش سخن، ابرو کشیدہ، بزرگوں کے حضور چرب زبانی اور تند خوئی سے پیش آئے گا اور خیال نہ کرے گا
میں نے کیا کہا۔ لہو و لعب کھیل کود کو دوست رکھے گا۔ ایک بڑا بھاری رنج بھی اس کو پہنچے گا، کسی کی
ضمانت کرنا اچھا نہیں، اعضاء پر نیک بختی کا نشان ہے۔ بزرگ لوگ اس کی بات کو معتبر سمجھیں گے مال اسباب
بہت کمائے گا لیکن خرچ کر ڈالے گا۔ اپنی سادگی کے سبب دشمنوں کو بھی دوست جانے گا۔ دشمن بہت ہوں گے
چاہیئے کہ کسی سے اپنے دل کا بھید نہ کہے۔ ماں باپ اس سے پہلے انتقال کر جائیں گے۔ اولاد، بیماری اکثر
دردسر، درد شکم وغیرہ سے ہوگی۔ ایک مدت تک اس کا کام اندھیرے میں پڑا رہے گا، پھر بعد کو سب
کام درست ہو جائیں گے، اس کو چاہیئے کہ دشمنوں کی نصیحت قبول نہ کرے، عمر چار برس یا طبعی ہوگی،
جمعرات کا دن سرخ و سبز لباس، گائے بیل بکری اس کے لئے مبارک ہیں۔ انشاءاللہ نقش جامع المطلوب
مع عبارت اس کے لئے بہتر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا فَتَّاحُ اللّٰہُ الَّذِیْ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ
یَا وَدُوْدُ یَا بَاسِطُ یَا بَاقِیْ ملحے محمود حرمت سائل فانک معصوو

۱۱۹ ۷۷ ۱۱ ۶۹ ۵۵۱ ۱۴ ۱۱ ۳ ۱۱۳ ۲۴ ۲۲ ۱۱
عطیف

۶۔ **برج سنبلہ** (کنیا) ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کا مرد میٹھی زبان والا ہوگا۔
مگر اس کو جھوٹ بولنا ہرگز سزاوار نہیں۔ راست گوئی اور سچائی سے فائدہ دیکھے گا، نماز میں سستی و کاہلی
نہایت مضر ثابت ہوگی۔ غصہ کو ضبط کرنا بہتر ہوگا، کسی سے شرکت کرنا بہتر نہیں۔ اکثر کاموں میں غصہ
جلد آئے گا لیکن فوراً اتر جائے گا۔ مال بہت جلد بات کہنے میں پیدا کریگا لیکن صرف کر ڈالے گا۔ بدن
میں ایک نشان ہوگا جو دولت و اقبال کی نشانی ہے، دشمن اور بدگو بہت ہوں گے، لوگ اس کے سامنے
تو نیکی سے پیش آئیں گے اور پیٹھ پیچھے برائی کریں گے۔ لیکن کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ چارپائے قسمت میں
بہت زیادہ ہیں، ماں باپ سے میراث کم ملے گی۔ بہن بھائی سے جدائی اختیاری کرے گا۔ دو عورتوں سے
نکاح کریگا اولاد ہوگی لیکن کم جیئے گی، زندگی کا پہلا دور قدرے تکلیف میں اور آخری دور نہایت
اچھا گزرے گا۔ عمر پانچ برس یا طبعی۔ رجب کا مہینہ سبز لباس۔ چارپائے نرینہ مبارک ہوں گے۔ آبی

خلل سے اکثر بیماریوں میں مبتلا رہنے کا امکان ہے۔ انشاء اللہ نقش جامع المطلوب معہ عبارت بہتر رہے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَ بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَاحِدٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ اَھْیًا اَھْیًا اَشْرَاھِیًا اَدُوْنَیْ اَصْبَاوُت بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

۷۔ **برج میزان** (تلا) ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر ہے۔ اس کی تین صورتیں ہیں اول سرخ وسفید ابرو کشیدہ۔ دوسرے بلند قامت، تیسرے غمگین چہرہ خوش خلق۔ اگرچہ کسی پر اپنی جان بھی قربان کردیگا تب بھی کوئی اس کی قدر و منزلت نہ کرے گا۔ کسی کی ضمانت نہ کرے۔ تجارت سے نفع پائے گا۔ گردن یا بازو پر ایک تل ہے جو نیک بختی کی علامت ہے، اپنا خواب ہرگز کسی سے نہ کہے رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو خواب میں دیکھے گا، اپنا مطلب و مراد پائے گا، خدا کا شکر بجالانا چاہیئے۔ اس کا ستارہ نیک ہے، عبادت خدا میں کاہلی نہ کرے۔ اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔ حرام مال اپنے مال میں نہ ملائے اور نہ اس کی طرف توجہ کرے کہ سزاوار نہیں، اگر ایک پیسہ حرام کا پیدا کریگا، دس پیسے حلال کے جاتے رہیں گے۔ اپنے کسی کام میں ہمت نہ ہارے، خدا کے نام سے ہر کام شروع کرے، زندگی خوب گزارے گا۔ ماں باپ اس سے پہلے مرجائیں گے، قسمت میں اولاد بہت ہے، چھوٹے لڑکے سے آرام پائے گا۔ بہن بھائی سے وفا کم۔ عمر اٹھتر برس یا نوے برس، رمضان کا مہینہ سبز لباس مبارک نقش جامع المطلوب معہ عبارت انشاء اللہ ہر طرح مفید ثابت ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّ غَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ بِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ لَا فَتٰی اِلَّا عَلِیٌّ لَا سَیْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَار لِعج العجل۔

۸۔ **برج عقرب** (برچھک) ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے، اس طالع کا مرد سفید پوست بلند قامت حاکموں کے سامنے چرب زبان، خوش نصیبی کا یہ حال کہ اگر مٹی میں مٹی ملے گا تو سونا ہو جائے گی۔ بیوی اور اولاد سے بہت فائدہ پائے گا۔ حج کرے گا یا کوئی ایسا کام کرے گا کہ اس سے حج کا ثواب ہوگا۔ زندگی بہت ہوگی، لوگوں میں عزیز و بزرگ ہوگا۔ بے غم و اندوہ عمر گذارے گا۔ عزیزوں سے فائدہ ہوگا،

ماں باپ سے نفع کم پائے گا۔ بیماری اکثر دردِ شکم، دردِ ناف اور دردِ قولنج سے ہوگی۔ میٹھے آثار کا کثرت سے استعمال مفید ہوگا۔ نماز شرع کی پابندی قسمت میں چار چاند لگا دے گی۔ لڑکپن میں آگ پانی سے خوف ہے۔ دشمن اگرچہ بہت ہیں مگر غالب نہ ہوں گے، البتہ ایک شخص دبلا پتلا اس کا دشمن ہے۔ ۱۱ سال کے قریب بخار رہا ہے۔ عمر میں ایک سخت مصیبت پیش آئے گی لیکن عاقبت بخیر ہوگی۔ عمر تیس برس یا طبعی ہوگی، تحفۂ نوری انشاء اللہ اس کے لئے مفید ہوگا۔ واللہ اعلم۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَيَا الْقَدُ مَنَّ اللّٰهُ وَاَتٰى اللّٰهُ وَاللّٰهُ غَالِبٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاَلَا اِلَى اللّٰهِ الْقَلْبُ اَهْيَا اَشَرَاهِيَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ۔ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

۲۲ ۱۱۸ ۹۱۹ ۶۶۰۰۰ ۳۳۹ ــــــــ ۵ مجح

۹۔ **برج قوس** (دھن) ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس طالع کا مرد خوش رو، خوش مزاج، خوش لباس، فراخ روزی، اول عمر میں پریشانی اور ابتری ہے آخر میں درستی اور بہبودی ہوگی۔ مال بہت جمع کرے گا، چوپائے جانوروں سے نفع پائے گا۔ حرام سے نقصان پہنچے گا۔ دوستوں سے راحت آرام، ماں باپ سے روزی کم۔ بھائی بہنوں سے ناموافقت۔ اولاد کی طرف سے خوشحال، دنیا کے رنج و غم سے فارغ البال۔ بیماری اکثر آسیب سے پائے گا۔ دریا کا سفر مبارک ہوگا، کوئی کام بند نہ ہوگا۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔ دین و دنیا کی سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ ایک شخص کرنجی آنکھوں والے سے ڈرتا رہے اور اس سے بچنے کی تدبیر کرتا رہے۔ انشاء اللہ کوئی دشمن غالب نہ ہوگا، نیا چاند دیکھ کر کسی نمازی کا منہ دیکھنا بہتر رہے گا۔ عمر تیس ۳۰ یا طبعی ہوگی۔ نقش جامع المطلوب انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح مفید ہوگا۔ واللہ اعلم۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَهْيًا۔ شَرَاهِيًا يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا بُرْهَانُ يَا شَافِيْ يَا كَافِيْ۔

۱۲ ۱۸ ۱۴ ۸۱ ۲۳ ۲۲ ۹۸ عـــــــ مجح

۱۰۔ **برج جدی** ۔ (مکر) ستارہ اس کا زحل یعنی سنیچر ہے، اس طالع کا مرد نیک خلقت، سخن گو، چرب زبان ہوگا، اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔ نماز میں کاہلی نہ کرے۔ حرام اور ناجائز مال کی طرف ہرگز توجہ نہ کرے ورنہ بہت نقصان اٹھائے گا۔ راستی سچائی سے فائدہ مند ہوگا۔ حصولِ دنیا کے لئے

بہت کوشش کریگا لیکن ملے گا نہیں جو نصیب میں ہوگا ۔ لوگوں پر اپنی جان بھی فدا کر دے تب بھی اس کی کوشش کی کوئی قدر و منزلت نہ سمجھیں ۔ جسم میں ایک تل ہوگا جو دولت و اقبال کی نشانی ہے آخر عمر میں بہت مال ہاتھ آئے گا ۔ اور کچھ چیز زمین سے پائے گا ۔ چارپایوں سے نقصان اٹھائے گا ۔ حاکم وقت سے کبھی کبھی کچھ فائدہ پہنچے گا پچھم کی طرف سفر مبارک ہوگا ، اولاد نصیب میں بہت ہے مگر جیئے گی کم ، زندگی دراز ، قرض دینا اچھا نہیں شرکت کرنا بہتر ہے مگر خیانت نہ کرے ، ماں باپ سے جدائی میراث کم ۔ بہن بھائی خدمت گذار رہوں گے ۔ بیماری اکثر درد زانو سے ہوگی ۔ نیا چاند دیکھ کر قرآن پاک کا دیکھنا بہتر ہے ، ہر حاجت برآری کے لئے ربیع الاوّل کا مہینہ مبارک ہوگا ، چار اور اٹھارہ برس کی بیماری سے اگر محفوظ رہا تو عمر اس کی سو برس تصوّر کی جائے ۔ نقش مخمس اور یہ عبارت انشاءاللہ تعالیٰ مفید ہوگا ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ یَا کَرِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا اَحْمَدُ یَا حَمِیْدُ یَادَانَا یَا بِیْنَا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۱ ۱۱۱ ۱۲۹ ۲۴ ۱۱ ۱۱

۱۱۔ برج دلو (کنبھ) ستارہ اس کا زحل یعنی سنیچر ہے ۔ اس طالع کا مرد دولت مند ، پاک دامن جس قدر بزرگ ہوتا جائے گا اس کا کام نیک ہوتا جائے گا ۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں ۔ ایک بڑا بھاری رنج اٹھائے گا لیکن انجام بہتر ہوگا ۔ کسی کی ضمانت نہ کرے اس پہ افترا و بہتان بہت اٹھیں گے ۔ چاہیئے خدا پر بھروسہ رکھے اور صبر کرے ، قبلہ کی طرف سفر کرنا بہتر رہے گا ۔ خرید و فروخت اور زراعت اس کے حق میں مفید ہے ، کسی طرح حرام مال سزاوار نہیں ، زندگی عیش و عشرت سے گذرے گی ، مال بہت ہاتھ آئے گا ۔ ماں باپ سے راحت پائے گا ۔ لیکن ان سے جدائی اختیار کرے گا ۔ دو عورتوں سے نکاح کرے گا ۔ بعض کام ناشائستہ کرے گا ۔ لیکن فوراً توبہ کرے گا ۔ جو اہم کام پیش آئے گا ، جلد انجام کو پہنچے گا ۔ علم میں حریص ہوگا ۔ کسی قدر آتش مزاج ہوگا ۔ لیکن دل میں کینہ نہ رکھے گا ۔ عمر ۶ برس یا ۸۰ یا ۹۲ برس تصور کرے ۔ جامع المطلوب مع عبارت نقش انشاءاللہ تعالیٰ اس کے لئے بہت مفید ہوگا ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطَانٍ اَهِیًا شَرَاهِیًا ادونی صبادت اشدی وحلمو سہسم کنج محم مج

۱۱ ۵۱ ۶ ۷۷ ۹۸ ۱۱ مجے ۔

۱۱۔ **برج حوت** (مین) اس کا ستارہ مشتری یعنی برہسپت ہے اس طالع کا مرد بلند قامت خوش کلام گندم گوں، ابرو کشیدہ، ظریف طبع، خوش سخن، خوش خلق ہوگا۔ نوادرات (یعنی عجیب و غریب چیزوں پر) جان فدا کرے گا۔ دشمن بہت ہیں۔ اکثر غیبت کریں گے لیکن غالب نہ ہوں گے۔ اپنی بات میں سے جو بات یہ کہیگا لوگ قبول کریں گے۔ اپنی سادہ لوحی کے سبب دوست دشمن میں فرق نہ کر سکے گا۔ خلق کی نظروں میں عزیز اور اپنے کام میں باتمیز۔ بری صحبت سے پرہیز کریگا۔ دینے میں خوش، لینے میں ناخوش۔ درمیان عمر میں نحس ستارے کے سبب کریگا، کچھ ہوگا۔ نظر بد سے نقصان پائے گا۔ چاہیئے کہ کوئی دعا چشم بد سے بچنے کی اپنے پاس رکھے۔ پڑوسیوں سے نیکی کرے گا عوض میں بدی پائیگا، شاید عورتیں نکاح میں کئی ہوں گی۔ دو ۲ اور تیرہ ۱۳ برس خیر سے گذر گئے تو عمر طبعی ہوگی۔ رجب کا مہینہ جمعہ کا دن ہر کام کے لئے مبارک ہے۔ ہر کام کے لئے محیط الاسرار مع نقش تکسیر جنتہ نہایت مفید ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا۔ عٓ عٓ ۱۱ ۲۲ ۲۲ ۹۴ ۶۵ مج

۷۔ یہ فالنامہ صرف عورتوں کیلئے ہے

جس عورت کے واسطے دیکھنا ہو اس کا اور اس کا ماں کے نام کے اعداد جوڑ کر بارہ سے تقسیم کریں جو عدد حاصل ہو اس کا ثمرہ ذیل میں پڑھ لیں اور اگر کچھ نہ بچے تو نمبر ۱۲ کا ثمرہ دیکھیں۔

۱۔ **برج حمل** ۔ (میکھ) ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے۔ اس طالع کی عورت خوش رفتار، خوش گفتار، عقلمند اور ہوشیار ہوگی، سینہ گردن یا بازو پر ایک تل ہوگا۔ جو نیک بختی کا نشان ہے جھوٹ بولنا اور امانت میں خیانت کرنا اس کو سازگار نہیں۔ جلد غضبناک ہونا اور جلد ہی غصہ کا فرد ہونا اس کی عادت میں داخل ہوگا۔ پڑوس میں ایک شخص اس کا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے۔ اول عمر میں بہت رنج و مصیبت اٹھائے گی۔ آخر عمر آرام سے گذرے گی۔ والدین سے راحت پائے گی۔ شوہر اکثر مہربان رہے گا اولاد ہوگی، مگر جیئے گی کم۔ ام صبیان (مسان) کا فساد رہے گا، دوا و دعا کرنے سے انشاء اللہ جاتا رہے گا۔ اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے ورنہ نقصان اٹھائے گی، تیسری اور چوتھی سال خیریت سے

گذر گئی تو ستر برس کی عمر تصوّر کرنا چاہیئے، سبز لباس اس کے لئے مبارک وبہتر ہے۔ تکسیر جنبہ مع محیط الاسرار ایک طرف اور دوسری طرف مندرجہ ذیل آیات کا نقش ہمیشہ گلے میں پڑا رہنا اور اسی کا پانی دھو کر پینا نہایت مفید رہے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔

۲۔ **برج ثور** ۔ (برکھ) ستارہ اس کا زہرہ ہے یعنی شکر ہے۔ اس طالع کی عورت خوش خلق، نیک سیرت عقلمند، خوش سخن، دستکار ہوگی۔ چاہیئے کسی کے ساتھ کتنا ہی سلوک کیوں نہ کرے بدلہ برائی سے پائے گی اس کے حق میں یہ بات اچھی نہیں کہ جو کچھ دل میں آتا ہے بے سوچے، بجھے زبان پر لے آتی ہے۔ چاہیئے کہ اپنا بھید کسی سے نہ کہے۔ ایک نیلی آنکھوں والا، کوتاہ قد اس سے دشمنی رکھتا ہے لیکن غالب نہ ہوگا، کسی کو قرض دینا پسند کرے گی، مگر قرض لینا پسند نہ کرے گی۔ کبھی کبھی مثل آتش کے گرم اور غصّے سے اپنے آپ سے باہر ہو جانا لیکن جلد ہی ٹھنڈا پڑ جانا عادت میں داخل ہوگا۔ ماں باپ سے اتنی راحت پائے گی، کہ دیگر بہن بھائی اسے دیکھ دیکھ کر خار کھائیں گے۔ شوہر مہربان ہوگا۔ کبھی آزردہ خاطر بھی ہوگا۔ تھوڑی دیر کے لئے، درمیانی عمر میں تنگدستی چند روز کے لئے آئے گی۔ عمر کا آخری حصّہ بہتر گذرے گا۔ کبھی کبھی کمر میں شدت کا درد اور شانہ کا کانپنا اور یہ شکایت رحمی خرابی کے سبب ہوگی۔ اولاد بہت ہوگی مگر بچے کی کم اس کو چاہیئے کہ اپنے سر کی کنگھی کسی کو نہ دے۔ اپنے خاص بدن کا کپڑا کسی کو نہ دے اور تہوار کے دن سر نہ دھوئے، ۲۷ اور ۳۶ برس کی عمر خیر سے گزر جائے تو عمر ساٹھ برس تصوّر کرنا چاہیئے، شعبان کا مہینہ، جمعرات کا دن ہر کام کے لئے مبارک ہے ایک طرف نقش سورۂ اخلاص اور دوسری طرف اکسیر اعظم اس کے لئے انشاء اللہ تعالیٰ بہت مفید ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ اثنو ثایا سقیا حیا قویا یا اللہ اللّٰهُ حَسْبِيَ اللّٰهُ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

۳۔ **برج جوزا** (متھن) ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کی عورت گندم گوں۔ بلند قد نیک زبان، رحمدل، خوش گفتار اور ہر دلعزیز ہوگی۔ کسی عضو میں ایک تل یا نشان رکھتی ہے وہ نیک بختی کی نشانی

اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گی۔ عوض میں بدی پائے گی۔ اسے چاہیئے کہ اپنے دل کا بھید کسی کو نہ دے، دشمن بکثرت ہیں خاص کر جس نے دو شوہر کیے ہیں، کوتاہ قد سیاہ چشم اس سے بہت بغض رکھتی ہے، مگر یہ دوست دشمن کو نہیں پہنچانتی جو کچھ دل میں آتا ہے کہہ ڈالتی ہے، ہمیشہ اس کے کام ابتر رہیں گے۔ چاہیئے کہ خدا تعالیٰ سے دعا مانگتی رہے اور نماز میں کاہلی نہ کرے تاکہ ستارے کی نحوست دفع ہو اور اپنی مراد کو پہنچے اکثر سردی اور خشکی کے سبب زانوؤں اور پیٹرو میں درد ہونے کا امکان ہے ہر ڑ کا مربہ یا گلقند دو تولہ سوتے وقت گرم پانی سے کھانا مفید ہوگا۔ کسی سے عداوت پیدا ہو جائے گی، بارہ اولادیں قسمت میں ہیں مگر جیئیں گی کم۔ اور آسیب سے مضرت پہنچے گی۔ بدھ کے دن سر نہ دھویا کرے نیا چاند دیکھ کر پانی کو دیکھے۔ اگر دو برس یا سولہ برس کی عمر کی بیماری سے محفوظ رہی تو عمر اسی برس تصور کی جائے۔ تکسیر حزب بحر سیفی اسکے لئے انشاء اللہ نہایت مفید ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ یاحیُّ یاقیومُ یاحافظ یانافعُ یامعینُ۔ یامالکِ یومِ الدین بحق اِیاکَ نعبُدُ وَاِیاکَ نستعینُ وحفیظُ صاحبِ ھٰذالکتاب بحقِ ھٰذا تقدیراً اھیا شراھیا اصولی صیادت صباوث ۱۱ ۷۱ ۲۲ ۲۴ ۱۱ ۱۱ ۵۵ ۳۳ ہ مج

برج سرطان ۔ (کرک) ستارہ اس کا قمر یعنی چندرما ہے۔ اس طالع کی عورت میانہ قد، ابرو کشیدہ، چالاک ہوگی۔ سینہ پر یا اور اعضاء پر نیک بختی کا نشان ہے، جس قدر بزرگ ہوگی، کام بھی بزرگ ہوگا۔ عمر بھر میں دو مرتبہ نحس ستارے کے سبب سے پریشانی میں مبتلا ہو جائے گی۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے۔ ظاہر میں لوگ دوستی کریں گے، باطن میں دشمنی، بدنظر سے مال اولاد کا نقصان اٹھائے گی۔ اپنی بات میں سچی ہوگی، جھوٹ کو دشمن سمجھے گی۔ کسی قسم کا حرام مال اس کو سزاوار نہیں۔ ایک بڑی بھاری مصیبت قسمت میں ہے۔ دشمنی اور بدگوئی اس کے حق میں پہلے اس کے اپنوں کی سنے گی والدین سے نفع کم پائے گی۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔ اس پر تہمت اور افتراء بہت ہوگا۔ رنج بہت اٹھائے گی اولاد ہوگی مگر جیئے گی کم۔ بیماری اکثر سردی خشکی اور درد کمر سے ہوگی چھاچھ اور کھٹائی سے پرہیز کرے۔ گل سرخ شہد کے معجون کر کے کھائے۔ ایک شخص نیلی آنکھ والا اس کے شوہر کے درمیان دشمنی کرا دے گا۔ کبھی کبھی شوہر کے ساتھ زبان درازی بھی کرے گی۔ چاہیئے کہ

اس کو ترک کرے، نمازمیں کاہلی نہ کرے، عمر تیس ۳۰ برس یا اسّی ۸۰ برس تک، اس کے لئے شوال کا مہینہ منگل دِن ہر کام کے لئے مبارک ہوگا۔ گائے بھینس کا ہونا اور سبز رنگ کے لباس کے لئے مبارک ہوگا۔ نقش جامع المطلوب انشاءاللہ اس کے لئے بہت مفید ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ مِنْ زَوَالِ الْاِيْمَانِ وَشَرِّ الشَّيْطَانِ اَللّٰهُمَّ يَاقَدِيْمَ الْاِحْسَانِ يَاغَفُوْرُ يَارَحِيْمُ يَارَحْمٰنُ حمعسق اهيا اشراهيا ازدفی اصاوت الوفی يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

۱۱۱ ۲۲ ۵۵ ۴۳ ۵۵۴ ۶ ۶۶ مح

۵۔ برج اسد (سنگھ) ستارہ اس کا شمس یعنی سورج ہے۔ اس طالع کی عورت، بلند قامت نیک خو، خوبصورت، خوش خلق، روزی فراخ ہوگی، زندگی ہنسی خوشی سے گذارے گی۔ مگر اوّل میں رنج بہت اٹھائے گی۔ اس کے ہاتھ میں گُن نہیں ہوگا۔ بدلہ نیکی کا بدی سے پائے گی، پہلے کچھ تکلیف اٹھائے گی بعد میں سب بگڑے کام بن جائیں گے۔ آتش مزاج ہوگی، کبھی کبھی شوہر سے زبان درازی بھی کرے گی نمازمیں کاہلی ہرگز ہرگز نہ کرے گی۔ ایک شخص اس کے مال میں خیانت کرے گا۔ ہوشیار رہے والدین سے اوسط نفع رہے گا۔ اولاد ہوگی مگر شاید کم جئے گی۔ درد کمر، خشکی، درد زانو وغیرہ سے بیمار رہے گی قند کھایا کرے۔ سُم چیرے ہوئے جانور مبارک ہیں۔ نیا چاند دیکھ کر سنہری رد پیلی چیز دیکھے۔ عمر طبعی ہوگی نقش جامع المطلوب اپنے پاس رکھے انشاءاللہ کارآمد ہوگا واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۲ ۸۱ ۱۱ ۲۹ ۲۲۸ ۸۲ ۱۱ ۲۳ ۱۱ ۶

۶۔ برج سنبلہ۔ (کنیا) ستارہ اس کا عطارد یعنی بُدھ ہے۔ اس طالع کی عورت خوش شکل، ابرو کشیدہ، رنگ سرخ یا سفید، اعضاء پر ایک تل عزت و اقبال کی نشانی ہے۔ اپنے بعض عزیزوں سے جدا ہوجائے گی۔ دوست بہت ہوں گے۔ ایک شخص بلند قد، سانولا رنگ سبزی مائل اس کا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے، جھوٹ بولنا اس کو سزاوار نہیں ہوگا۔ لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ جاہل آدمیوں کے پاس نہ بیٹھے۔ کچھ دنوں کسی ایسی چیز کی تمنا میں دل بستگی رہے گی جس کا ترک و حصول دونوں غیر ممکن ہوں گے۔ بھید اپنا کسی سے نہ کہے تو مرادیں حاصل ہوں گی۔ والدین نہایت محبت کریں گے۔ بہن و بھائی اذیت و تکلیف پہنچائیں

۔ اس کا قدم شوہر کے لئے مبارک ہوگا ۔ طاق اولاد قسمت میں ہے عمر طبعی ہے نقش جامع المطلوب
انشاءاللہ اس کو بہت مؤثر ہوگا ۔ واللہ تعالیٰ اعلم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ یا حمید یا دائم یا قائم یا علیم یا حکیم یا شکور یا
غنا یا بینا وھو الحق ۔

۔ برج میزان ۔ (تلا) ستارہ اس کا زہرہ یعنی شکر ہے ۔ اس طالع کی عورت کے اعضاء
ایک تل ہے یا کوئی نشان ہوگا وہ اقبال کی نشان ہے ، روزی فراخ ہوگی ۔ زندگی عیش و شادمانی سے
گزرے گی ۔ ایک زمانہ سختی کا اس کے سر پر گذرنے والا ہے ۔ دشمن اور بدگو بہت ہیں لیکن کوئی غالب
نہ ہوگا ۔ ایک مدت تک کسی ایسی چیز کی تمنا میں دلبستگی رہے گی، جس کا چھوٹنا اور ملنا ممکن نہ ہوگا
چاہیئے کہ عفت اور پاکدامنی اختیار کرے تو بگڑے کام سنور جائیں گے ۔ اول مصیبت آخر کو عیش ہے
خوش مزاجی کیوجہ سے کفر کے کلمات کہہ بیٹھتی ہے ترک کرنا چاہیئے ۔ حرام چیز سے بالکل پرہیز کرے شوہر
مہربان رہے گا ۔ بیماری اکثر بلغم صفرا سے ہوگی ۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا معلوم ہونے لگے گا ۔ اگر کچھ
ایسی حالت رہے گی کہ نہ تو بیمار نہ تندرست ، دعا مانگنے سے سب مرادیں حاصل ہوں گی ، عمر تین برس
کم اسی برس یا طبیعی ہوگی ۔ رنگین کپڑے مبارک ہوں گے ۔ سورۂ اخلاص معہ سیفی انشاءاللہ اس کے لئے
بہت مؤثر ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ یا ھادی یا مھدی یا حمید
یا احد یا محمد یا حی یا قیوم یا دائم یا اللہ یا اللہ یا اللہ ۔

۱۳ ۳ ۱۱ ۳ ۴۴ ۲۲ ۱۷ ططط ۹ ۱۱

۔ برج عقرب ۔ (برچھک) ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے ۔ اس طالع کی عورت خوش مزاج ،
خوش رفتار سینے پر ایک تل یا اور کوئی نشان رکھتی ہوگی وہ نیک بختی کی نشانی ہے روز بروز اس کا ستارہ
ترقی پر ہے ، رنج و محنت بہت اٹھائے گی ، چاہیئے کہ بڑوں کی نصیحت قبول کر لیا کرے ۔ دل کا بھید کسی
سے نہ کہے ، ایک مرتبہ کچھ دھوکہ کسی سے اٹھائے گی ۔ جبر کرے اور غصہ کو ترک کرے ۔ زندگی ہنسی خوشی
گزار دے گی بادی اور سردی معدہ وغیرہ کے سبب اکثر بیماری ہوگی ۔ دردِ سر درد کمر دل کا کانپنا

بھی اس کے ساتھ ہے - جسم میں سستی اور بوجھ سا معلوم ہونے کی شکایت کثرت سے رہے گی - والدین سے فیض پائے گی، بہن بھائی سے وفا کم، اولادیں کئی ہیں لیکن ایک سے آرام پائے گی - عمر تیس ۳۰ سال یا طبعی ہوگی ذیل کا نقش انشاءاللہ تعالیٰ اس کو مؤثر ہوگا - واللہ تعالیٰ اعلم - نقش سورۂ نصر -

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا مُغِیْثُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

۱۱۱ ۱۱۲۰ ۱۱۹ ھف

۹ - برجِ قوس: (دھن) ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے اس طالع کی عورت کی تین صورتیں ہیں - اول - سفید رنگ، فراخ روزی، دوسرے خوش خلق، تیسرے غریب دوست اور مہربان - پہلو میں کوئی تل یا نشان ہے وہ دولت کی نشانی ہے وسیع القلب اور خدا کی طرف دل کو رجوع کرنے والی، بات کی سچی - جھوٹوں کی دشمن، اس کو ایک نقصان پہنچے گا - مگر اللہ تعالیٰ عوض فرمائے گا، کسی ایسی جگہ سے فائدہ پہنچے گا جہاں سے گمان بھی نہ ہوگا - خیانت نہ کرے - عبادتِ خدا میں غفلت برتے ہر مراد آسانی سے حاصل ہو جایا کرتی ہے اور اپنی موجودہ زندگی سے گھبرا کر موت کو ترجیح دینے لگتی ہے صبر کرنا چاہیئے، سارا کام بن جائے گا - والدین سے معمولی فائدہ پہنچے گا، بہن بھائیوں سے راحت و خوشی حاصل ہوگی - بیماری اکثر رطوبت صفرا معدہ اور اندرونی سے ہوگی - سونٹھ شہد ملا کر کھایا کرے عمر چار برس، سات برس یا اسّی ۸۰ برس ہے - نقش مخمس اس کے لئے انشاءاللہ تعالیٰ مفید ہوگا - واللہ تعالیٰ اعلم - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ یَا نُوْرُ یَا عَلِیُّ یَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا طمعوس یا طوطیا مقصا ۱۱۱ ۸۱۱۱ سحر سحر ۱۲ ۱۱۸ ط طالع لہ مجھ

۱۰ - برجِ جدّی: (مکر) ستارہ اس کا زحل یعنی سنیچر ہے - اس طالع کی عورت بامروّت، ہوشیار، فراخ روزی ہوگی - ایک آزار سخت اس کی قسمت میں ہے، دلی بھید کسی کو نہ بتلائے کسی کے لئے کتنی ہی مصیبت جھیلے مگر اس کی قدر و منزلت کوئی نہ ہو - سچائی پسند ہے - کچھ دنوں کسی ایسی شے کی محبت میں مبتلا رہے گی کہ نہ تو وہ شے مل سکتی نہ اسے یہ چھوڑ سکتی ہے، ہمیشہ فکر و اندیشہ میں رہتی ہے - اکثر مایوس ہو جایا کرتی ہے، تھوڑے دنوں بعد مراد دلی حاصل ہو جائیگی - پردیسیوں سے محبت کر کے بدی پائے

ی ۔کبھی کبھی شوہر سے رنجش ہو جایا کرے گی۔ اولاد زیادہ ہے لیکن جئے گی کم، اولاد کے نہ جینے کی وجہ یہ ہے
کہ شوہر اس کا قبرستان گیا تھا۔ وہاں کسی کو اس سے نقصان پہنچا تھا۔ رحم کے اندر ہوا کا خلل ہے۔ آنکھوں
کے تلے اندھیرا سا چھانے لگتا ہے اور دل میں رعشہ سا پھیل جاتا ہے۔ بدن میں سستی اور کاہلی رہتی ہے
کھٹائی وغیرہ سے پرہیز کرے۔ سونٹھ، جوتر، گگل کاسنی شہد میں ملا کر کھایا کرے۔ عمر طبعی ہے۔ ذیل کا نقش
انشاء اللہ تعالیٰ اس کو بہت مؤثر ہو گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ یعنی نقش سورۂ نصر معہ سورۂ اخلاص دو طرف
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بحق اھیا شراھیا اُدُونی بے اَصْباوُت اصاوُن اَلْعَجَل

۶۲ ۱۶ ۱۹ ۱۳ ۲ [illegible]

(۱۱) برج دلو (کنبھ) ستارہ اس کا زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کی عورت جاذب نظر بامروت
و کامران ہوگی۔ اس پر تہمت و بہتان بہت ہوگا لیکن عزت میں فرق نہ آئے گا۔ عمر اچھی کٹے گی البتہ درمیان میں
کچھ دن پریشانی میں گذریں گے والدین سے نفع اوسط، بھائی بہن سے بھی وفا کم۔ شوہر مہربانی کرے گا
بارہ لڑکی لڑکے قسمت میں ہیں۔ عمر طبعی ہوگی۔ نقش سورۂ فاتحہ ایک طرف اور دوسری طرف اکسیر اعظم
گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ پناہ میں رہے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔

(۱۲) برج حوت ۔ (مین) ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس طالع کی عورت ابرو
کشیدہ، ہر دلعزیز ہوگی۔ رنج و غم بہت سہے گی۔ آتش مزاج۔ ہاتھ میں کوئی گن خاص نہیں۔
جس سے نیکی کرتی ہے وہی غیبت کرتا ہے۔ دشمن بہت ہیں۔ شوہر سے کبھی خلاف نہ ہو۔ نماز میں کبھی
غفلت نہ برتے۔ شوہر کی فرمانبرداری کرے، سب بلائیں رد ہوں اور مراد دلی حاصل ہو۔ دشمن پامال ہوں۔
اس کی زندگی اوسط ہے، بیماری اکثر سر درد اور درد گردن سے رہے گی۔ عمر دو برس یا نوے برس یا
طبعی۔ رمضان کا مہینہ جمعہ کا دن ہر کام کے لئے مبارک ہے۔ انشاء اللہ ذیل کا نقش اس کے لئے
نہایت کارآمد ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ اکسیر اعظم مع سیفی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

یَاقَائِمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَادَیَّانُ یَا بُرْھَانُ یَا سُبْحَانُ یَا سُلْطَانُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

۲۰ ۴۴۴۴ ۱۱۱ھ ۱۱ھ ح

۸۔ عمل از سیّدنا شاہ ابوالحسین صاحب احمد النوری مارہروی قدس اللہ سرہ العزیز

یہ مبارک عمل تمام ضروریاتِ زندگی کے لئے بفضلہٖ ایک بیش بہا نعمت سے دولت قدموں میں ہوگی حاجت مندوں کا میلہ سا رہے گا۔ وہ اطباء جن کی طرف مریض متوجہ نہیں ہوتے یا وہ لوگ جن کا کاروبار اور جائز روزگار نہیں چلتا، اس عمل کو ضرور کریں۔

سَنَ الیوٗ۔ لَزَرع۔ نرُوشا۔ مَنوٗعا۔ عَالِمَا۔ بتصُوٗنَ۔ سَلِیخا مَلِیخا۔ مَلخوٗما۔ یاقیُّوما۔ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ

اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ اول گیارہ مرتبہ درود شریف بعدہٗ سورۂ اذا جاء نصر اللہ پوری سورت ۲۵ مرتبہ بعدہٗ اوپر والا عمل ۷۰ مرتبہ بعدہٗ گیارہ درود شریف طلوعِ آفتاب کے وقت مشرق کی طرف منہ کرکے روزانہ پڑھ لیا کریں اور اگر ابر ہو تو پورب کی طرف منہ کرکے جہاں چاہیں بیٹھ کر پڑھ لیا کریں، ناغہ کبھی نہ کریں۔ حتی الامکان نماز باجماعت کی پابندی اور کم از کم ہفتہ میں تین بار غسل ضرور کر لیا کریں۔ ہر سنّی کو اس عمل کی اجازت ہے۔

اب وہ خطوط پیشِ خدمت ہیں جو شبستانِ رضا حصّہ اوّل ودوم

۹ ۔ کی تعریف اور حصہ سوم کی خواہش وطلب میں ادارے کو موصول ہوئے!

خط نمبر ۱ :۔ از محمد اسحٰق خاں وارثی ایم ایم سی اینڈ ایم بی بی پوسٹ شنکر گنج بریلی۔ یوپی

مکرمی اقبال صاحب! سلام مسنون

کتاب مستطاب شمع شبستانِ رضا حصہ اوّل و دوم کے جس کسی بھی عمل یا تعویذ کو استعمال کیا تیر بہدف ۔ اس کتاب کا ہر نقش و ہر مجرّب عمل کارآمد ہے ۔ اس کتاب کو شائع کرکے جناب والا نے دنیائے سُنّیت پر احسانِ عظیم فرمایا ہے شمع شبستانِ رضا حصّہ سوم کا اعلان دیکھکر ازحد مسرت ہوئی، شدّت سے انتظار کر رہا ہوں، ربّ تبارک تعالیٰ آپ کو اجرِ عظیم عطا کرے ۔ آمین

خط ۲ از محمود میاں ابن کبیر میاں پٹیل موذن مسجد ۔ کاسارو ڈرولی ۔ جی بی روڈ تھانہ ۔ بمبئی

بخدمت جناب مولٰنا عزیز احمد صاحب قبلہ مداح الرسول رضوی بریلوی ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ ۔ شمع شبستانِ رضا حصہ سوم کی اشاعت کی اطلاع پاکر بے حد مسرور ہوا ۔ میرے حقیر خیالات سے اظہار حقیقت کو آپ کتاب مذکور ہ اشاعت کرکے ممنون فرمائیں گے شمع شبستانِ رضا حصہ اوّل دوم سے (۱)۔ حصہ اوّل نقشِ گریۂ اطفال آزمایا ۔ نقش باندھتے ہی رونے والے بچے فوراً چُپ ہو گئے اور آرام سے انہیں نیند آگئی (۲) نقش برائے گھینگھا بھولنا، بھینس پر یہ نقش باندھتے اور ساتھ ساتھ متعلقہ دُعا کا عمل بھی کیا بھینس کے تھن کی سوجن ختم ہوگئی اور خون کا آنا بھی بند ہو گیا ۔ (۳) نقش اختلاج قلب ایک صاحب عرصہ سے اختلاج قلب میں مبتلا تھے انہیں یہ نقش لکھ کر دیا گیا تو اللہ کے فضل سے شفایاب ہو گئے ۔

(۴)۔ نقش تطمئن القلوب مع تیزی ذہن ۔ ایک بچّہ علم سے بھاگتا تھا اور نہایت شریر تھا اس پر یہ نقش عظیم آزمایا تو وہ بے حد شریف اور نرم ہو کر علم کا شیدائی بن گیا ۔ بفضلہٖ تعالیٰ ۔ (۵) عمل عجیب شبستانِ رضا اول شہادت کی انگلی سے لکھنا لیُعَذِّبَھُمْ اس عمل کو کئی مریضوں پر آزمایا ۔ جو شخص روتا، تلملاتا ہوا آیا اس کو آرام ہوا، کئی اشخاص کو انگشتِ شہادت سے لکھکر دیا تو دردِ سر، بچھو کا ڈنگ اور دیگر کئی قسم کی شکایتوں پر تیر بہدف ثابت ہوا (۶) دیگر عملیات درد دنداں و تپ لرزہ آزمائے مؤثر پایا ۔ (۷) عمل دیگر برائے خاص

عداوت حصّہ اوّل عمل ۱۵۷ کو بے حد کامیاب پایا۔
فوری اثر ہوا اور مُراد بر آئی بہنوں کی ناجائز دوستی
اور ان کے ناجائز تعلقات چھڑانے میں بے حد
مؤثر اور مجرّب پایا (۸) عمل نمبر ۲۰۶ برائے محبّت
زن و شوہر۔ فی زمانہ اس عمل کی سخت ضرورت محسوس
کی گئی اور اس عمل نے بڑا اثر دکھایا کئی اجڑے
گھر بسائے بفضلِ خدا تعالیٰ۔

خط ۳: از عبدالرحمٰن خان بھائی۔ مادھوپور
(گھیڈ) ضلع جوناگڑھ (گجرات)

مکرمی جناب اقبال صاحب مدیر نوری کرن،
دام ظلکم۔ شمع شبستانِ رضا حصّہ سوم کی
اطلاع پا کر بہت خوشی ہوئی۔ جس طرح سے اس
حصّے اوّل و دوم کو مفید و مؤثر پایا۔ اُمید ہے کہ حصّہ
سوم بھی ویسا ہی کار آمد ثابت ہوگا۔ مرضِ وَجَع یعنی
درد گھٹیا کے لئے آپ نے نقش شفائے امراض اور
پڑھا ہوا تیل جو روانہ کئے تھے اس سے بے انتہاء
فائدہ ہوا۔ جو مرض ڈاکٹر نہ ٹھیک کر سکے وہ آپ
کے نقش کے استعمال سے اچھا ہو گیا اور مریض کا
اپاہج پن ۸۵ فیصد دور ہو گیا۔ براہ کرم حصّہ سوم
میں مرضِ وَجَع یعنی درد گھٹیا کے نقوش بھی شامل کر کے
ممنون فرمائیں تاکہ خلقت کو فائدہ حاصل ہو۔
ان کو جو نقش اور دم کیا ہوا تیل بھیجا گیا۔ اس کا
خلاصہ یہ ہے کہ دعائے حیدری جو کہ عرصہ دراز سے فقیر کے
وِرد میں ہے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھتا ہوں اس میں
چونکہ درود شریف خود موجود ہے لہذا اوّل و آخر
مزید پڑھنے کی ضرورت نہیں جب کبھی جسم کے کسی بھی حصّے
میں درد ہو یا سوتے میں ڈراؤنی خوابیں پریشان کُن
نظر آتی ہیں، یہاں تک کہ مریض پر کوئی آسیب، بھوت
چڑیل وغیرہ سوار ہو تو سرسوں کے تیل پر دم کر کے کانوں
میں ڈالنے اور جسم پر مالش کرنے سے اس قسم کی جملہ
شکایات رفع ہو جاتی ہیں، یہی تیل ان کو بھیجا گیا تھا یہ
دعا شبستانِ رضا حصّہ اوّل نمبر ۱۴۵ کے پڑھنے سے عام
دشمنوں پر ہر طرح غلبہ حاصل ہوتا ہے یہاں تک کہ ہر قسم
کا آسیب اس کے عامل سے گھبراتا اور ڈرتا ہے نقش
ان کو شفائے امراض بھیجا گیا تھا جو اب تک چھپا نہ
تھا اب تیسرے حصّے میں چھاپ دیا ہے۔

آسیب کی آزمائش کہ فی الواقع مریض پر آسیب ہے یا کہ محض ڈھونگ رچا رکھا ہے

اس کے لئے بھی یہی تیل مریض کے دونوں کانوں میں ۲-۲
قطرہ ڈال کر کانوں میں کلمہ کی انگلیاں لگا کر اتنا دبائیں
کہ سوراخ بند ہو جائیں اور مریض کو تکلیف بھی نہ ہو۔
اگر واقعی کوئی آسیب ہے تو فوراً واویلا کرے گی کہ ہائے
جلا، ہائے مرا وغیرہ وغیرہ تو اس کے قول و قرار لیکر
آئندہ نہ آئے انگلیاں ہٹالے اور فوراً اتّحی کا نقش

یعنی نقش ... موم جامد کیا ہوا مریض کے بازو پر باندھ دیں اور اگر مریض نے محض ڈھونگ رچایا ہوا ہے تو اس تیل کے ڈالنے سے اس پر کوئی اثر نہ ہوگا۔ جس سے آپ یقین کرلیں کہ یہ سب بناوٹ ہے اور اپنی حکمت عملی سے آسیب کا پتہ لگائیں اور جو تدابیر مناسب ہوں عمل کیلئے بروئے کار لائیں اس سلسلہ میں ہمارا تجربہ صہ پر ملاحظہ فرمائیں۔ آسیبی خلل کی آزمائش اور اپنی حسن تدبیر۔

خط ۴۔ از ابراہیم فتح محمد پانچ کنواں ہرن والی پول۔ مکان نمبر ۲۰۰۳۔ احمد آباد نمبر ۱

مخلصی و محبی جناب مختار نسیم صاحب مینجر صاحب مکتبہ نوریہ رضویہ۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

میں نے ماہ رجب کی چاند کی ۱۳ تاریخ کو عمل اسم یا اللہ شروع کیا تھا۔ سہ شنبہ کا دن تھا دوسرے روز مؤکل سفید پوشاک پر لگے ہوئے شکل میں حاضر ہوئے، تیسرے دن سیاہ پوش پر لگے ہوئے ہاتھ میں زنجیریں بجاتے ہوئے حاضر ہوئے۔

چوتھے روز نماز مغرب میں چار مؤکل حاضر ہوئے پھر چلے گئے کوئی قول و قرار یا بات نہ کی اسی طرح کبھی چار کبھی تین اور کبھی دو حاضر ہوتے رہے، اسی طرح اکیس ۲۱ دن پورے ہوئے بائیسوں رات انسانی شکل میں مؤکل پھر حاضر ہوئے مگر کوئی قول و قرار نہ کیا لہٰذا ان تمام باتوں کو مطلع کر کے یہ جاننا چاہتا ہوں کہ کس وجہ سے رکاوٹ پڑتی ہے۔ براہ کرم قبلہ صوفی صاحب کی صلاح اور ان کے مشورے آگاہ کریں تاکہ یہ عمل پایۂ تکمیل کو پہنچ سکے۔ شبستان رضا حصہ سوم کا بھی سے انتظار ہے۔

اس کے مفصل جواب کے لئے ترک حیوانات جمالی و جلالی والا مضمون بغور پڑھیں گے تو تمام باتیں آپ پر خود بخود منکشف ہو جائیں گی۔ والسلام

الفقیر عزیز احمد مداح الرسول رضوی عفی عنہ۔

خط ۵ ۔ از امیر احمد خان قادری رضوی موضع تلسیا پور ڈاک خانہ خاص۔ بریلی۔

محترمی مکرمی جناب الحاج صوفی اقبال احمد صاحب

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

۵۔ نقشوں والی انگشتری کی جتنی تعریف فہرست دپوشٹر میں ہے، اسے اس سے بھی زیادہ مؤثر اور کارآمد پایا۔ میرے ایک دوست مسمّی مسرور خاں ضلع ہردوئی کا بیان ہے کہ ان کے چند دشمنوں نے راستے میں بغرض قتل گھیر لیا وہ انگشتری کے اثرات پر بھروسہ کر کے اور اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے راستہ سے نہ ہٹے۔ دشمنوں کی ہمت نہ ہوئی کہ ان پر وار کر سکیں اور وہ سب چپ چاپ ہٹ گئے۔ نقش سیفی۔ نقش حفاظت جان۔ نقش تکسیر جنہ۔ نقش محیط الاسرار۔ نقش مخمس۔ نقش معاون حمل و استقرار حمل۔

نقش سورۂ اخلاص، نقش مرگی، تحفۂ نوری کا کیا کہنا،
جن مریضوں کو دیئے بحمد اللہ سو فیصدی فائدہ ہوا۔

خط ۶ - سید محمد غیور علی حسنی حسینی قادری رضوی
جھادوہ مدھیہ پردیش - (بھارت)

برادرِ طریقت عالی جناب اقبال احمد صاحب نوری
مدظلہ العالی۔ سلام مسنون! مزاج گرامی!
ایک نسخہ شبستانِ رضا حصّہ سوم کا فقیر کو ضرور
ارسال کریں۔ کب تک چھپے گا، جواب ضرور دیں۔
شمع شبستانِ رضا حصّہ اوّل و دوم کے نقوش و
عملیات کے متعلق کچھ تجربات بیان کر رہا ہوں اپنی
حصّہ سوم شائع فرمادیں (۱) نقش سیفی، اس مبارک
کو آسیب زدہ مریض کے ہاتھ میں دیتے ہی مریض
اچھلنے لگتا ہے اور فوراً ہی آسیب سے اسے چھٹکارا
مل جاتا ہے - دردِ شکم اور کسی عضو میں درد کیلئے
اس نقش کے اثر سے درد دُور ہو جاتا ہے۔ اس
نقش کی برکت آسیب کی جان گھبرانے لگتی ہے
(۲)۔ نقش دردِ استغاء۔ سبحان اللہ حیض و نفاس و
استحاضہ جیسے امراض میں بہت کامیاب ہے ایک مریضہ
جس کو ۳ ماہ سے مسلسل استحاضہ جاری رہا اور ڈاکٹر
وید اس کا علاج کرتے کرتے پریشان ہو گئے تھے
اس نقش کو دھو کر پلانے سے چوتھے یوم ہی مرض
رفع ہو گیا۔ برائے دفعِ استحاضہ صفحہ ۲۶ و نمبر ۵۴
حصہ دوم والا نقش بھی مفید پایا جبکہ بچہ شکم میں اور
خون جاری ہو گیا تھا اس کے باندھتے ہی خون بند
ہو گیا - (۳)- یا مجیب اور یا بدیع کا عمل، دعا کی
قبولیت میں ان کو زود اثر پایا (۴) نادِ علی شریف
بڑی مبارک دعا ہے ۷ بار اور دو رکعت نماز پڑھ
کر ثواب بروح مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ
وجہہ کی نظر کیا تین یوم میں کامیابی حاصل ہوئی۔ (۵)۔
عمل یالطیف: حصہ اوّل برائے وسعتِ رزق زود
اثر ہے۔ (۱) نقش الحمد شریف چیچک کیسا بھی ہو
اس میں اسے بیحد کامیاب پایا، بارہا کا آزمودہ ہے۔
علاوہ ان کے دیگر نقوش و عملیات استعمال میں
لایا سب کو مؤثر پایا، خصوصاً محیط الاسرار اور تکبیر جفر
کو بہت ہی زود اثر پایا۔ اُمید ہے کہ حصّہ سوم بھی ایسی
ہی کارآمد کتاب ہو گی۔

خط ۷ - از- عبد الحفیظ تمر ایڈیشنل اوتھ کمشنر
پٹنہ۔ ہائیکورٹ (بہار) بھارت۔

جناب من تسلیم ۵ نقوش والی انگشتری کو مفید و
بہت مؤثر پایا۔ اس انگشتری کی وجہ سے میرے ایک دوست
سانپ سے بچے اور بالآخر سانپ مارا گیا۔ اس انگوٹھی
کے استعمال سے میری صحت بہت اچھی رہتی ہے اور
بزنس میں بھی برکت ہے علاوہ اس کے استعمال سے
میرے گھر والے بھی اس کی برکت سے بڑے پُرسکون رہتے ہیں۔

شبستانِ رضا کے اکثر وظائف و عملیات میرے ورد اور عمل میں رہتے ہیں۔ سب ہی کو کارآمد پایا۔ عمل اسم یا اللہ کامیاب رہا (مگر اس کی تفصیل بتانے کی اجازت نہیں، معاف فرمائیں)۔ حصہ سوم چھپ چکا ہے تو مطلع کریں۔

خط ۸: از۔ شمشاد علی انسپکٹر آئی ٹی آئی
فوربس گنج۔ ضلع پورنیہ۔ بہار۔ بھارت

مکرمی! سلام مسنون۔ میری شادی کو آٹھ برس ہو گئے۔ تین بچے ہیں۔ اہلیہ اس وقت حمل سے ہیں، ان پر آسیب کا خلل بہت شدید ہے۔ بچپن ہی سے ان کو آسیبی شکایت ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ بال لمبے ہونے کی وجہ سے خبیث نے بچپن ہی سے ان کو پکڑ لیا ہے۔ تمام عامل و مولوی صاحبان دعا و تعویذ کر کے ہار گئے ہیں۔ بہار شریف درگاہ پر لے کر گیا اور کچھوچھہ شریف بھی گیا مگر کامیابی نہ ہوئی۔ خبیث ہر وقت بدن پر سوار ہے۔ جب تعویذ وغیرہ چلتا ہے اس وقت تو حالت اُن کی کچھ ٹھیک رہتی ہے ورنہ پھر دیوانگی طاری ہو جاتی ہے، رات میں بالکل چت سوتی ہیں اور ہاتھ دونوں سر سے اوپر رہتے ہیں۔ مجھے قطعی دیکھنا نہیں چاہتی، بچوں پر حملہ بھی کر بیٹھتی ہے اور سرخ گرم لوہے سے داغ دیتی ہے، کھانا پینا سب بند رہتا ہے۔ جب کبھی ہوش میں آتی ہے تو تکلیف بتاتی ہے۔ حاضرات وغیرہ بھی کرایا ہے مگر سب بے سود رہا۔ اکثر عاملوں اور مولوی صاحبان پر جو بغرض علاج و معالجہ آتے ہیں ان پر حملہ کر بیٹھتی ہے۔ سال بھر سے کافی شدت ہے گھر کا غلہ روٹی بھی غائب ہو جاتا ہے۔ سخت آفت اور مصیبت ہے آپ اس سلسلے میں ہماری مدد فرمائیں تاکہ ہمیں اس بلا سے نجات ملے۔

جواب ۔ محترم جناب ماسٹر صاحب وعلیکم السلام

ثمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

آپ کی اہلیہ کا حال اول تا آخر پڑھا۔ معاملہ سخت ہے مگر کلامِ خدا کے حضور سب ہیچ ہے، اسی پر بھروسہ کر کے یقین کامل رکھیے کہ وہ ربِّ کریم اس موذی شیطان اور اس کی ذریات سے نجات عطا فرمائے گا۔ ایک چراغ کندہ شدہ بھیج دیا گیا ہے جس میں ہر روز ایک فتیلہ نیا روز لکھ کر روشن کرنا ہوگا اور یہ عمل کم از کم ۴۰ روز متواتر کرنا ہوگا۔ مزید ترکیب ہمراہ چراغ روانہ ہوگی گھر میں ۴۰ روز بلا ناغہ ۷۔۷ بار اذانیں بلند آواز سے دینا شروع کریں۔ اپنی اہلیہ کے قد سے ناپ کر پیشانی کے بالوں سے پاؤں کے انگوٹھے تک نیلے سوت کے سات تار بھیج دیں تاکہ اس کا گنڈہ بنا کر آپ کو بھیج دیا جائے۔ علاوہ اس کے خود مجھے جو محنت کرنا ہوگی یہاں سے وہ کیجائیگی۔ والسلام۔ الفقیر عزیز احمد مداح الرسول رضوی۔

خط ۹ - محمد صدّیق قادری رضوی - کوٹھی باڑی پوسٹ نیتوڑیا - ضلع پورلیا - مغربی بنگال -

قبلہ و کعبہ عالی جناب حضرت صوفی صاحب والحاج اقبال احمد صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'

فقیر آپ کی کتاب شبستانِ رضا و دیگر نقوش و انگشتری سے کام لیتا رہتا ہے اور بفضلہٖ تعالیٰ کامیابی ہوتی ہے - (۱) - چار نقش کی انگشتری کو دھو کر پانی پلا دینے سے دل کی دھڑکن فوراً ٹھیک ہو جاتی ہے۔ (۲) نقش اکسیر اعظم شریف سے کام لیتا ہوں، اس سے قے، تلی، درد شکم وغیرہ میں فائدہ ہو جاتا ہے - روتے ہوئے بچوں اور ایسے بچّوں کو جو کہ دودھ نہیں پی پاتے ہیں - ان کو اس نقش کا پانی دھو کر پلانے سے ان کا رونا بند ہو جاتا اور دودھ پینے لگتے ہیں - (۲) نقش تحفۂ نوری کو ہر قسم کی طبیعت کی خرابی، بچے کے رونے میں، دودھ نہ پینے میں، نظر بد وغیرہ میں استعمال کیا اور کامیابی رہی -

خط ۱۰ - ابوالکلام احمد خطیب جامع مسجد کسم کھور - فرخ آباد - یوپی - بھارت -

محب و محترم جناب اقبال احمد صاحب زیدمجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' -

جب سے آپ کے یہاں سے اجازت حاصل کی ہے - اور شبستانِ رضا کے عملیات یا تعویذات کو کام میں لاتا ہوں اللہ کے فضل سے سب میں کامیاب رہا ہوں چند معلومات چاہتا ہوں کہ حضرت مطلع فرما دیں تاکہ خلق خدا کی خدمت کر سکوں اور ہر کام میں کامیابی حاصل ہو سکے - (۱) سانپ بچھو اور کتّے کے کاٹنے کے متعلق آسان و مجرّب عملیات (۲) گھر میں کھیتوں میں چوہے یا کیڑے وغیرہ لگ جانے کو ختم کرنے کے متعلق آسان و مجرّب عملیات یا جو بھی طریقہ ہو - (۳) جائز طور پر من پسند شادی اور بعد شادی اکثر لڑکی کے والدین اپنے بھیجتے نہیں یا وہ خود نہیں آتی تو اس کے متعلق تاکہ لڑکے آنے میں رکاوٹ نہ ہو - (۴) آسیب، بھوت، چڑیل وغیرہ کے دفیعہ کے متعلق عملیات وغیرہ (۵) - ناجائز تعلقات چھوڑانے کے متعلق کچھ عملیات وغیرہ -

دوسرا خط - مکرمی اقبال صاحب سلام مسنون!

تسخیر عوام و حکام کے متعلق عملیات بتا دیں - نقش تکسیر جنّ مع محیط الاسرار کام میں لایا اور بری عادت چھڑانے والا نقش بھی بے سود رہا (۱) ایک بات بہت اہم ہے، گھر میں آسیبی خلل ہے، بسا اوقات وہ لڑکوں اور لڑکیوں کے ساتھ آکر لیٹ جاتا ہے اور میاں بیوی جیسے تعلقات کرتا ہے پھر بچے بھی پیدا ہوتے ہیں اور وہ مر جاتے ہیں - براہ کرم اس معاملہ میں میری مدد فرمائیں اور کچھ عمل کر دیں - (۲) شبستانِ رضا

حصہ اول میں عمل اسم ذات کا ہے جس کی کم سے کم
معیاد تین دن اور زیادہ سے زیادہ معیاد اکیس روز
ہے اس کو کرنا چاہتا ہوں ۔ اجازت درکار ہے
اور خاص ترکیب بھی بتا دیں اور گھر مکان کو کیلئے
مکمل و مفصل ترکیب درکار ہے۔

جواب :۔ مکرمی سلام مسنون!

آپ کا جواب بذریعہ تحریر قریب ناممکن ہے کیونکہ آپ نے
اتنے کثیر سوالات کر ڈالے ہیں ۔ آپ خود تشریف لائیں اسم
یااللہ کے عمل کی آپ کو اجازت ہے مگر کسی دنیوی مقصد
اور موکل کو حاضر کرنے کی نیت سے نہ کریں ۔ آپ عامل بھی
بننا چاہتے ہیں اور وہ بھی ایک دو نہیں تمام عملیات کا
ایک ہی وقت میں اور ہر چیز میں آسانی ڈھونڈتے ہیں لوگوں
نے تو ایک ایک عمل کرتے کرتے پچھے عمریں خراب کر دیں۔ ہر عمل کے
واسطے پاکیزگی نفس اور تقویٰ بہت ضروری ہیں، اپنے اندر
روحانیت و نورانیت پیدا کریں تاکہ ہم خاکیوں سے نوری
موکل مانوس ہو سکیں ۔

آپ دعاء حیدری حصہ اول ۔ صبح سے شام تک پڑھ
کر عمل میں لے آئیں ۔ چالیس روز کے اندر صرف سادہ
کھانا ، سبزی ، ساگ وغیرہ استعمال کریں ۔ معمولی ترک
حیوانات کریں ، گوشت ، انڈا ، مچھلی ، پیاز ، لہسن ،
وغیرہ سے پرہیز کریں ، پھر بھی اگر آپ کے جملہ مطالبات
انشاء اللہ المولیٰ الکریم حل نہ ہو تو فقیر کا دامن اور
آپ کا ہاتھ ہوگا ۔ بھوت، چڑیل، جن ، آسیب سب آپ سے
پناہ مانگیں گے ۔ تسخیر کے واسطے جن کو اس کا نقش دیں گے
کامیاب ہوں گے نقش سیفی حصہ اول میں صفحہ ۵ پر درج ہے
وہ اسی دعا کا نقش ہے ۔ بغیر محنت کے کچھ بھی نہیں ہوتا
کپلوں کے متعلق جو آپ نے دریافت کیا ہے وہ چوکور ہوتی
ہیں اور ہر کپل پر چاروں طرف عبارات آیات کریمہ کندہ
ہوتی ہے ۔ لمبائی ایک بالشت اور ہر کپل کا وزن پاؤ سیر
ہوتا ہے ۔ تفصیل اسی حصہ سوم کے صفحہ ۴۰ پر خط ملاحظہ کریں۔

خط ۱۱ ۔ از۔ سید عبدالباسط رضوی کشور نگر ضلع کٹک اڑیسہ ۔

مکرمی جناب اقبال صاحب سلام مسنون!

آپ کے نقوش و انگشتری کے استعمال سے بیروزگاری
کو روزگاری ، عہدہ میں ترقی ، امتحان اور مقدمہ میں
کامیابی ملی ۔ یہ انگشتری درد زہ میں بڑی کارآمد ہے
دو بار اچانک سانپ میرے اوپر بیٹھ گیا لیکن انگشتری
کو دیکھ کر ہٹ گیا اور اس طرح مارا گیا ۔ دیگر نقوش سے اکثر
بیماریاں دور ہو گئیں اور ہر طرح فائدہ اٹھایا اور کامیابی
رہی ۔

خط ۱۲ ۔ از ۔ فضل حق اشرفی محلہ لکڑ گنج مسجد پیر عزیز
اتواری بازار ۔ ناگپور ۲ ۔ بھارت ۔

جناب اقبال صاحب قبلہ سلام شوق ۔ شمع شبستان
رضا حصہ سوم کی ترتیب کا پاکر بڑی مسرت ہوئی اللہ تعالیٰ
آپ کو کامیابی عطا فرمائے ۔

شبستانِ رضا حصہ اوّل بڑی کارآمد کتاب ہے اکثر نقوش
آسیب کے مریضوں، پاگلوں، دق و سل کے مریضوں
کے لئے استعمال میں لایا بفضلہ تعالیٰ کامیابی رہی۔
نقش اکسیر اعظم، نقش درد شفا و دیگر کندہ شدہ
نقوش شبستانِ رضا حصہ اوّل و دوم کام میں لایا اور
خدا کے فضل سے سب میں کامیابی ملی۔ حصہ دوم کے
بھی کچھ عملیات و نقوش کا تجربہ کیا اور کامیاب بھی رہا
نقش تکسیر جنتہ بھی بڑا کامیاب رہا اور کارآمد ثابت ہوا
نقش "جیب خالی نہ رہے" میرے پاس موجود ہے اسکی
برکت سے بڑا فائدہ ہے اور میری جیب خالی نہیں
رہتی۔ عملیات کے سلسلہ میں اب مجھے ان کتابوں کی
ضرورت اور موجودگی میں اور کسی کتاب کی ضرورت محسوس
نہیں ہوتی۔

خط ۱۳۱۔ قبلہ محترم معظم صوفی صاحب دست
بستہ سلام، بعد سلام کے گذارش ہے کہ۔ سید عبدالمنان
صاحب بستوی قصبہ دھنوری پوسٹ بڑھنی یار ضلع بستی
سے ۱۸ رفروری ۱۹۷۱ء کے خط میں تحریر فرمایا تھا
کہ ایک لڑکی سکھ کی ہے جو کبھی ہنستی ہے کبھی رونے
لگتی ہے، فحش گالیاں بکتی ہے اس کے لئے کوئی
نقش یا تعویذ مرحمت فرمائیں۔ اس وقت آپ نے
شبہ فرمایا تھا کہ اس لڑکی کی عمر زائد ہے اور ایام ماہواری
کی خرابی ہے۔ ان کو خط لکھ کر اس کی عمر اور حیض
کے بارے میں معلومات کریں اور ایک نقش تکسیر جنتہ معہ محیط
الاسرار العدادی کندہ شدہ بھیج رہا ہوں وہ لڑکی کے گلے
تھیلی کے اندر سی کر ڈال دیں اور صبح و شام اسکو دھو کر
پانی پلائیں اور ہاتھ منہ پر ملیں۔ آج ۱۶ رفروری ۷۱ء
کو ان کا خط پھر موصول ہوا ہے کہ جس سے ظاہر ہوتا کہ صوفی
صاحب کی تجویز صحیح تھی، لڑکی کی عمر ۲۵ سال ہے نام درشن کور
ماں کا نام درگا دیوی ہے دو سال پیشتر ۴، ۶ ماہ ماہواری
بالکل بند تھی، مگر اب دو سال سے تھوڑا تھوڑا ضرور آتا
ہے، جس کا رنگ گندگی لئے ہوئے کالا ہوتا ہے، حسب
ارشاد نقش گلے میں ڈال دیا گیا ہے اور اس کا پانی دھو کر
پلایا اور ہاتھ منہ پر ملا جا رہا ہے۔ لہٰذا حضور سے گذارش
گذارش ہے کہ غور فرما کر مزید علاج سے آگاہ فرماویں۔

تجویز:۔ جب ماہواری شروع ہونے کو ہو، ایک
دو روز پہلے سے یہ نسخہ بترکیب ذیل استعمال کرایا جائے۔
پرسیاؤشاں ۶ ماشہ، مویز منقیٰ ۱۰ دانہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔
سونف ۶ ماشہ۔ مکو خشک ۶ ماشہ۔ تخم خربوزہ ۶ ماشہ۔
گوکھرو خوردہ ۶ ماشہ۔ بادرنگ ۴ ماشہ۔ سونٹھ ۴ ماشہ
سنائے مکی ۶ ماشہ۔ گلسرخ ۶ ماشہ۔ پوست املتاس ۸ تولہ۔
سب دواؤں کو ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھکر ۲ سیر پانی
میں پکائیں جب پانی ڈیڑھ سیر کے قریب رہ جائے تھوڑا تھوڑا
نیم گرم پی لی کر شام تک ختم کر دیا کریں، متواتر سات روز
تک ہر روز نیا نسخہ پکایا جائیگا۔ پرہیز: اس دوا کے دوران

صرف گیہوں کا دلیہ۔ پستا یا نمکین پکا پکا کر کھائیں۔ روزے کے بعد سے روز روٹی شوربا کے ساتھ یا گاجر، شلجم چقندر کی ترکاریاں۔ مگر چاول۔ گول کدو۔ مسور، ارد چنے کی دال، ٹھنڈی اور ہر بادی چیز ہرگز نہ کھائیں۔ دوا کے استعمال کے پندرہ روز کے بعد اطلاع دیں کہ اب کیا کیفیت ہے۔

محمد یعقوب رجب محلہ اسمٰعیل گنج لہریا سرائے دربھنگہ سے تحریر فرماتے ہیں۔

قبلہ صوفی صاحب محلہ کے چند غریبوں کے یہاں آتشزدگی ہو جایا کرتی ہے یہ شیطانی حرکت ہے۔ محمد ابراہیم کی ایک بچی جس کی عمر دس سال کی ہے وہی بچی کہتی ہے کہ فلاں کے مکان میں وہ آگ لگی اور سب لوگ دیکھتے ہیں تو ٹھیک اسی کے مکان میں آگ لگی ہوتی ہے لوگ جاکر بجھا دیتے ہیں۔

قریب ۲ سال سے یہ حرکت ہو رہی ہے روزانہ اور کبھی کبھی دوبارہ آگ لگتی ہے۔ بہت سی تدبیریں کی گئیں تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہوئی مگر پھر ایک دو ماہ سے یہ حرکت روز ہو رہی ہے اب آپ سے استدعا ہے کہ جو ترکیب مناسب خیال فرمائیں تاکہ یہ بلا دور ہو اور غریبوں کی پریشانیاں و مصیبتیں دور جائیں۔

جواب :۔ آتشزدگی کے واقعات کو پڑھا عمل دفع ذیل ہے اس پر عمل فرمائیں۔

محلہ کے کچھ لوگ ایسے شخص کو لے کر جس کو یٰسین شریف صحیح حفظ ہو۔ بعد نماز عشاء ایک جگہ جمع ہو کر سب آذانیں کہیں پھر وہ شخص باآواز بلند سورۂ یٰسین شریف پڑھتا ہوا ایسے راستے سے چلے کہ محلہ کا حصار کرتا ہوا، اسی جگہ پر واپس آجائے جہاں سے چلے تھے اور یٰسین شریف میں مبین آجائے وہاں پر آذانیں کہیں، یٰسین شریف میں سات جگہ مبین آتی ہے۔ سات آذانیں اور یٰسین شریف پوری ہو جائے گی اور محلہ کا حصار بھی ہو جائے گا۔

دیگر ہر شخص فرداً فرداً اپنے اپنے مکان میں بھی بعد نماز مغرب مکان کے صحن میں کھڑے ہو کر سات بار باآواز بلند کہیں۔ اس عمل کو گیارہ یا ۲۱ دن متواتر کریں، انشاءاللہ تمام بلائیں دور اور دفع ہوں گی اور بستی والے چین سے رہیں گے۔ والسلام۔

مکرمی و محترمی قبلہ و کعبہ حضرت صوفی صاحب

السلام و علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ،

عرض یہ ہے کہ فدوی کے مکان میں ایک جن کا ٹھکانہ ہونے کے سبب سے مکان میں رہتے والوں کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اس مکان میں رہنے والے اولاد سے محروم رہتے ہیں۔

میں بھی اولاد سے محروم ہوں، بتایا جاتا ہے کہ یہ اثر اسی جن کا ہے اگرچہ کچھ علاج وغیرہ کے لئے تجاویز کی جاتی ہے تو حد سے زیادہ تکلیف شروع ہو جاتی ہے، جس کیوجہ سے پھر علاج کو ملتوی کرنا پڑتا ہے یا پھر بالکل چھوڑنا پڑتا ہے، مؤثر علاج و دعا سے مطلع کریں۔ اس کیوجہ سے میری والدہ جو مجھے گود میں لئے ہیں ان کو اکثر ڈکار آنے لگتے ہیں اور تمام جسم میں درد رہتا ہے اور پریشانی حد سے زیادہ رہتی ہے۔ کبھی ان کو خواب میں بھی وہ جن اگر خزانہ وغیرہ دکھاتا ہے۔ ہم کو اس کے خزانہ کی ضرورت نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ وہ جن مع خزانہ کے ہمارا مکان چھوڑ دے۔

اس کے متعلق آپ تجویز اور علاج پیش کریں اگر نقش وغیرہ ہو تو اس کا ہدیہ بھی تحریر فرما دیں اب اس فدوی کی یہ حالت ہے کہ اسی آسیب کے اثر سے پیٹھ کے نیچے اس حصہ میں پیٹ کے اوپری حصہ میں کلیجہ کے آس پاس ایک ایسی پکڑ ہے جس سے جکڑ سی محسوس ہوتی ہے اور پیٹ بھاری نظر آنے لگتا ہے، پورے جسم میں پھیل جاتا ہے جس کی وجہ سے نہ تو سکون نصیب ہوتا ہے اور نہ ہی کسی کام کی طرف دھیان رہتا ہے۔ میں ایک سرکاری ملازم پیشہ آدمی ہوں، غریب ہوں اور بہت پریشان حال ہوں، اسی آسیب کے سبب دفتر کے کام بھی بگڑ جاتے ہیں، اکثر لوگ خواہ مخواہ دشمن ہو جاتے ہیں اور میرے خلاف ناحق کام کرتے ہیں۔ دیگر عاملوں کو دکھایا لیکن کوئی مؤثر علاج نہ ہو سکا۔ آپ کا نام میرے ایک عزیز جناب ایل عبدالقادر صاحب کی زبانی سن کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں، ان کا کہنا ہے کہ آپ کا ادارہ واحد ہے جو اس قسم کے علاجوں میں ماہر ہے۔ اور ماشاء اللہ کامیابی ہو رہی ہے۔

بعض عاملوں کا کہنا ہے کہ مجھے جادو کے اثرات بھی ہیں جو کہ تقریباً ۲۵ سال پیشتر کیا گیا تھا اور ایک ضروری بات یہ بھی ہے کہ میں سرکاری ملازم ہونے کی وجہ سے تبادلہ، افسر جہاں چاہتے ہیں کر دیتے جن سے میرے فرائض یعنی نماز روزہ کی پابندی میں بیحد خلل پڑتا ہے۔ مجھے مذہبی فرائض سے بے حد اُنس ہے، اگر میں بروقت عبادت نہ کروں تو مجھے بہت ملال اور پریشانی ہوتی ہے۔ اسلئے مجھے ایک جگہ جہاں میری طبیعت لگتی ہے اور فرائض کے انجام دینے میں کوتاہی نہ ہوتی ہو ایسی جگہ مستقل طور پر تبادلہ ہو جائے اور پھر کوئی مجھے وہاں سے نہ ہٹا سکے۔ ایسا کوئی عمل یا تعویذ ہو تو

ارسال فرمائیں ، میں انشاءاللہ ہدیہ ضرور ادا کرونگا۔
میرا مؤثر علاج بھی تحریر فرمائیں ۔میں اولاد سے
بھی محروم ہوں شادی ہوئے ۱۲ سال کا عرصہ ہو
چکا ہے ۔ اور اولاد کی آرزو بھی پوری نہیں ہوئی
میرا نام عبدالرؤف اور میری والدہ کا نام قریشہ بی
صاحبہ ہے ، جوابی لفافہ منسلک ہے جواب سے
ضرور نوازیں فقط والسلام ۔ناچیز عبدالرؤف ۔

مشورہ مندرجہ ذیل ہے ۔

(۱) - اگر کسی مکان میں کسی قسم کا آسیبی خلل ہو ۔
یا مکان میں رہنے سے بال بچے بیمار اور ہر طرح
کی پریشانیوں میں مبتلاء رہتے ہوں اور ان آفتوں
اور بلاؤں کے دفعیہ کے لئے تمام تدابیر کرا کے
ہار گئے ہوں تو چاہیئے کہ چار کیلیں لوہے کی ایک
لمبی کہ ہر ایک کیل کا وزن ۵ چھٹانک یکا یعنی ۲۰ تولہ
ہو ، ان کو چوکور بنوایا جاوے اور کیل کے ہر پہلو
پر چاروں طرف یہ عبارت بالکل اسی طرح کندہ
کرائی جائے جس طرح کہ آپ کے سامنے موجود ہے
اس کے بعد کچا دھاگہ (سوت) ہر کیل پر اس طرح
لپیٹا جائے کہ تمام عبارت کندہ چھپ جائے پھر
ہلدی کو پیس کر رنگ نکالا جائے اور اسی رنگ
میں کپڑا رنگ کر اس کپڑے کو ہر کیل کے اوپر سے
لپیٹ کر رکھ لی جائیں اور بانس کی نلکی کے چار

والشمس والقمر والنجوم مسخرٰت بامرہ الا لہ الخلق والامر تبارک اللہ رب العٰلمین

گرد من و گرد خانہ من و گرد زن و فرزندان من و مال من حصار و حفاظت تو سبحو

ولو تجبر دار باتی بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام وبحق اھیا اشراھیا وبحق ملیقا ملیقا تلیخا

انت تعلم ما فی القلوب بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ وبحق یاموسیٰ یا مھیمن

ٹکڑے یا چھوٹی کوری ہانڈی ہم عدد میں نیچے سوراخ
کر کے اس میں ایک ایک کیل رکھ کر مندرجہ ذیل
طریقے سے گھر چاروں کونوں میں دفن کر دیئے
جائیں ۔کیلیں دفن کرنے کا طریقہ یہ ہے

کر کم سے کم ۱۵ روز کیلئے مکان کو خالی کر دیا جائے پھر ۷ روز تک ہر روز ۷-۷ بار اذانیں بعد نماز عشاء بلند آواز سے دی جائیں ۔ پھر آٹھویں، نویں، اور دسویں روز تینوں دن متواتر بلند آواز سے سورۂ بقرہ (زوال کے علاوہ) صبح و شام تک کسی وقت بھی ہر روز ایک بار پڑھی جائے اس کے بعد گھر کے تین کونوں میں تین کیلیں کم از کم آدھا گز زمین میں گڑھا کر کے دفن کی جائیں، چوتھا کونہ اسلئے خالی چھوڑ دیا جائے کہ جو بلائیں گھر میں ہوں ان کو بھاگنے اور فرار ہونے کا راستہ مل جائے ۔ ۲۴ گھنٹے کے بعد چوتھی کیل بھی دفن کر دی جائے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ گھر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہر قسم کے خطرات جن و شیاطین اور سحر و آسیب وغیرہ سے پاک و صاف ہو جائے گا ۔ نیا مکان بناتے وقت اس عمل کو ہرگز نہ بھولیں ۔

۱۲- بیٹے کو واپس بلانے کا عمل تا حصول مراد پڑھا جائے !

اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ فلاں بن فلاں (اس کا نام اور ماں کا نام) بِخَیْرٍ حُرْمَتِہٖ اِنَّہٗ ھُوَ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ ط ۱۹۳ بار روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بعد نماز عشاء، ماں یا باپ پڑھے ۔

۱۳- عمل مجرب واسطے لوٹانے بیٹے کو ماں یا باپ کی طرف ۔ یہ عمل سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے پڑھا تھا جبکہ آپ کئی سال کیلئے اپنی والدہ سے بچھڑ گئے تھے ۔ اس عمل کی بدولت خدا تعالیٰ نے ان کو فرزند کے دیدار سے مشرف فرمایا لہٰذا یہ عمل زیادہ بہتر ہے کہ ماں پڑھے ورنہ بدرجہ مجبوری باپ پڑھے ۔ اول و آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف، درمیان میں ۱۸۹۳ مرتبہ مندرجہ ذیل عمل پڑھا جائے۔

اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ وَلَدِیْ بِالْخَیْرِ بِحُرْمَۃِ فَرَجَعْنٰکَ اِلٰٓی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ ط

پڑھنے کا طریقہ ۔ ہر روز بعد نماز عشاء دو زانوں بیٹھکر بیٹے کا تصور لیئے ہوئے ماں یا باپ پڑھے ۔ انشاء اللہ العزیز ایک ہفتہ نہیں گزرے گا کہ گل مراد ہاتھ آجائے گا اور اگر روزانہ ممکن نہ ہو تو جمعہ کے روز بعد نماز عصر اس عمل کو پڑھا جائے اگر مغرب کی اذان ہو جائے اور عمل پڑھنے کو باقی رہ جائے تو بغیر بات چیت کئے ہوئے مغرب کی نماز ادا کر کے بقیہ تعداد پوری کرے ۔ انشاء اللہ سات جمعہ نہ گزریں گے کہ لڑکا حسب منشاء واپس آجائے گا ۔

نوٹ : ۔ جوان لڑکا یا لڑکی اگر اپنی مرضی سے کہیں چلے جائیں تو نقوش و تعویذات کے ذریعہ واپس بلایا

جا سکتا ہے مگر بعض معاملات یا حالات ایسے اُلجھے ہوئے ہوتے ہیں کہ جن کا واپس آنا خود ان کے بس میں نہیں ہوتا بلکہ دوسرے کے بس میں ہوتا ہے مثلاً کتنے ہی کیس ایسے ہیں کہ ۹ ، ۱۰ برس کی عمر کے بچوں کو کسی سفلی عمل کے ذریعہ بعض غنڈہ قسم کے لوگ بچوں کو لیجاتے ہیں اور ان سے طرح طرح کے ناجائز کام لیتے ہیں۔ بچے ہر طرح لاچار و مجبور ہوتے ہیں۔ دماغ ان کا اس قابل نہیں رہتا کہ وہ اپنے ماں باپ کو یاد کریں اور سوچیں کہ وہ کہاں ہیں اور کہاں تھے اور انہیں کیا کرنا چاہیئے اور کیا کر رہا۔ اسی طرح برسیں گذر جاتی ہیں اور ماں باپ طرح طرح کی تدابیر کر کے ہار جاتے ہیں اور اب سوائے رونے یا صبر کرنے کے کچھ چارہ نہیں۔ ان حالات اس عمل کے ذریعہ جو موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے پڑھا تھا سو فیصدی کامیابی ہو سکتی ہے۔

۱۴۔ عوام کی نظروں سے پوشیدہ ہونے کا عمل۔ دس بارہ سال کے اندر بہت سے خطوط اس عمل کے متعلق موصول ہوئے ہیں مگر فقیر نے کبھی اس قسم کے خطوط کو اہمیت نہ دی اب جب کہ تیسرا حصہ شبستانِ رضا کا مرتب ہو رہا ہے۔ یہ عمل بھی ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں یہ صفت یٰسین شریف میں ہے۔

ترکیب عمل یٰسین شریف:۔ ایک سال پرانا چنا جس کے اہم دانے لیکر ہر دانہ ایک ایک بار یٰسین پڑھ پڑھکر دم کر کے کسی اچھی محفوظ جگہ پر بو دیئے جائیں اور روزانہ پانی دیتے رہیں اور با وضو اسی جگہ بیٹھ کر روزانہ بلاناغہ ایک بار یٰسین شریف پڑھتے رہیں یہاں تک کہ شگوفہ نکلے اور اس میں دانے نکل کر پک کر تیار ہو جائیں۔ تقریباً چنے کی تیاری میں دو تین مہینے تو لگ ہی جائیں اور سب دانے ایک ہی جگہ زمین بو دیئے جائیں گے۔ بہرحال جب دیکھیں کہ چنا پک چکا ہے اس کو مع جڑ پتوں کے زمین سے اکھاڑ لیں اور مٹی وغیرہ جو اس کی جڑ میں لگی ہو، اُس کو پانی سے دھو کر صاف کرلیں۔ اور باوضو مصلّی پر بیٹھکر ایک آئینہ سامنے رکھیں اور جڑ اپنے ہاتھ میں پکڑ کر یٰسین شریف پڑھنا شروع کردیں اور آئینے میں اپنے آپ کو دیکھنا شروع کریں، اگر آپ کو اپنا چہرہ وغیرہ آئینے میں نظر نہ آئے تو سمجھ لیں کہ کام پورا ہو گیا۔ پھر جب کبھی آپ کو کوئی ایسی جائز ضرورت پیش آئے اُس جڑ کو ہاتھ میں لیں یا عمامہ میں رکھکر سر میں باندھ لیں۔ پتے شاخیں وغیرہ زمین میں دفن کردیں صرف جڑ کو حفاظت

سے رکھیں۔ اس کے لیے ترک حیوانات جلالی وجمالی اشد ضروری ہے جس کی تفصیل اگلے صفحات میں درج ہے
ہدایات ضروری ہے۔ اس عمل کا تذکرہ کبھی کسی سے ذکریں خواہ کوئی کتنا ہی بڑا دوست رفیق ہو۔ ورنہ
ساری محنت رائیگاں جائے گی۔ دوسرے کبھی کوئی ناروا اور ناجائز فائدہ اٹھانے کا خیال بھی دل میں آنے
نہ پائے ورنہ عمر بھر کامیاب نہ ہوں گے۔ اس عمل کے صرف اہل اللہ ہیں، جن کا سونا، جاگنا۔ کھانا پینا،
شادی کرنا یہاں تک کہ زندگی کا ایک ایک لمحہ صرف اللہ کے لیے وقف ہے، ساتھ ہی یہ بھی خیال رکھیں
کہ اس عمل کا اگر آپ ارادہ کریں تو ہم سے صلاح ومشورہ کریں اور کامیابی یا عدم کامیابی کے متعلق بھی
کبھی کوئی بات زبان پر نہ لائیں۔

نوٹ :۔ محترم حضرات! آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ شبستانِ رضا کے پہلے ہی حصّے میں عملیات کا اتنا بڑا
ذخیرہ موجود ہے کہ سینکڑوں کتابیں جمع کرنے کے بعد بھی یہ خوبیاں آپ کو ملنا مشکل ہیں۔ قدر دانوں
نے اس سے بڑے بڑے کام لیئے ہیں اور تعریفی خطوط کثیر تعداد میں موصول ہو چکے ہیں جن میں کے
بعض اس میں درج بھی کر دیئے ہیں۔ کہنا یہ ہے کہ مندرجہ بالا مقصد کی حصول کا عمل بھی شبستانِ
رضا حصہ اوّل میں موجود ہے مگر آجتک شاید ہی کوئی صاحب سمجھے ہوں ملاحظہ ہو صفحہ ۷۔ عمل نمبر ۱۱۳
عمل در ارسالی ہواتف و عمل لکنجن آنارا ے کحل اقتقا ازیں حاصل بیشود۔ یعنی عمل ہاتف غیب سے
آیا ہے اور یہ عمل لک الجن یا لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہونے کا سرمہ کہنا چاہیئے، بہر حال اللہ والوں
کے در سے سب کچھ مل سکتا ہے لینے والا اہل ہونا چاہیئے۔ ؎

عام ہیں اس کے تو الطاف شہیدی سب پر تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

۱۵۔ کرکٹ میچ جیتنے کا حیرت انگیز واقعہ! ۔ عرصہ ۲۰ سال کا ہوا حاجی احمد حسین صاحب رضوی
نے نجیب آباد میں اتفاقیہ ملاقات کے دوران ایک عجیب واقعہ بیان کیا کہ جب میں بریلی ہائی سکول میں پڑھ
رہا تھا اور وہیں بورڈنگ ہاؤس میں رہتا تھا اور ہفتہ میں دو تین بار اعلیٰحضرت قبلہ قدس سرہٗ کی خدمت
میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ میرٹھ کی ٹیم ہر جگہ سے جیت کر فائینل میچ کھیلنے بریلی آئی، ہیڈ ماسٹر
انگریز بھی ساتھ تھا۔ پہلے روز بریلی کی ٹیم کھیلی اور صرف ۲۰ رن بنا کر پوری ٹیم آؤٹ ہو گئی، جس کے سبب
بڑی سراسیمگی پیدا ہو گئی اور جیتنے کا کوئی امکان نہ رہا، اسی روز بعد مغرب میں اور غلام جیلانی ذکرہم

دونوں ہم سبق اور پیر بھائی تھے)۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے ارشاد فرمایا کہ میرٹھ اور بریلی ہر دو جگہ کے کھیلنے والے یہی اُمید لئے ہوئے ہیں کہ ہماری جیت ہو، پھر بریلی کے طلباء کی اگر کوئی امداد کی جائے جبکہ ہر دو فریق میں مسلم اور غیر مسلم طلباء موجود ہوں گے۔

عرض کیا! ہاں حضور، بات تو یہی ہے مگر ماسٹر قربُ محمد صاحب جو سید ہیں حضور انہیں خوب جانتے ہیں۔ فرمایا ہاں۔ عرض کیا، وہ لڑکوں کو گیند بلا بھی کھلاتے ہیں اور ڈرل ماسٹر بھی ہیں۔ ان کی ترقی اور تنخواہ میں ۱۵ روپیہ کا اضافہ اس شرط پر قرار پائی ہے کہ بریلی والے جیت جائیں۔ فرمایا یہ بات قابلِ غور ہے۔ ارشاد فرمایا! اگر میرٹھ والوں کے ۱۶ سولہ نمبر (رن) نہیں تو بریلی والوں کی جیت ہو گی؟ عرض کیا ہاں حضور! اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ کل صُبح جب بریلی والے لڑکے کھیلنے کے لئے چلیں تو ان میں جو مسلمان ہوں انہیں سکھا دیا جائے کہ وہ بسم اللہ پڑھکر قدم بڑھائیں اور سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر چھنگلیا سے شروع کریں اور کٓھٰیٰعٓصٓ یہ پانچ حرف ہیں، ہر حرف پڑھتے جائیں اور ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں۔ پھر اُلٹے ہاتھ پر حٰمٓ عٓسٓقٓ یہ بھی پانچ حرف ہیں۔ ہر ہر حرف پڑھتے جائیں اور ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں جب دونوں مٹھیاں بند ہو جائیں۔ تب سورۂ فیل اَلَمْ تَرَ کَیْفَ پڑھیں جب تَرْمِیْہِمْ پڑھنے میں دسوں انگلیاں کھُل جائیں گی پھر بقیہ سورۃ بِحِجَارَۃٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ فَجَعَلَہُمْ کَعَصْفٍ مَّاکُوْلٍ تک پڑھ کر اپنی جگہ پر جاکر کھڑے ہو جائیں اور لڑکا جو گیند پھینکے اُسے یہ سکھا کہ ہر مرتبہ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھکر گیند پھینکے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۶ رن بنا کر میرٹھ کی پوری ٹیم کے سب لڑکے آؤٹ ہو گئے بجو نا معلوم کہاں کہاں سے جیت کر آئے تھے۔ یہ تھی اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کی فن ریاضی کمال کہئیے یا کرامت کہ.... آپ نے ہمیشہ کے لئے ایک ایسا عمل عطا فرمایا کہ اس عمل کے ذریعہ ہر قسم کے مقابلوں میں فتح حاصل کی جاسکتی ہے۔ بعض عاملین نے اس پر یہ کہا کہ کسی بھی قیمت پر میرٹھ والوں کے سولہ رن سے زیادہ بن ہی نہیں سکتے تھے کیونکہ اس عمل بھی ایک عجیب فلسفہ ہے اور حکمت بھی۔ کٓھٰیٰعٓصٓ میں پانچ حروف ہیں حٰمٓ عٓسٓقٓ میں پانچ حروف ہیں اور ترمیھم میں چھ حرف ہیں۔ اسطرح کل ملاکر سولہ حرف ہوئے۔ پس اعلیحضرت نے اس عمل کے ذریعہ بندش کر دی تھی لہٰذا سولہ رن سے آگے بڑھنا ادھر

اس سے کم ہونا ناممکن تھا۔

۱۶۔ آسیبی خلل کی آزمائش اور اپنی حُسنِ تدبیر۔ ۲۰ سال ہوئے فقیر بمبئی میں کئی ماہ تک مقیم تھا۔ دو تین اشخاص نوعمر آئے، ان میں ایک مریضہ عورت کا شوہر تھا، دو بھائی تھے بتایا کہ جب ہماری بہن وطن میں رہتی ہے تو ٹھیک رہتی ہے اور مہینوں کے بعد جب بمبئی شوہر کے پاس آتی ہے تو نا معلوم کون سی بلا اس کے ساتھ آتی ہے کہ کھانا پینا چھوٹ جاتا ہے۔ کھیلتی ہے کبھی کہتی ہے ہم فلاں ہیں اور کبھی ڈراتی دھمکاتی ہے اور ہم لوگ جب چپکے بھی کوئی بات کہتے ہیں تو اسے خبر ہو جاتی ہے، چنانچہ ہم لوگ چپکے چپکے آپ کے پاس آنے کا مشورہ کر رہے تھے کہ وہ پکار اٹھی کہ بریلی والے صوفی صاحب کے پاس جا رہے ہو۔ جاؤ، وہ میرا کیا کر لیں گے۔ میں نے تمام کیفیت سن کر کہا کہ جس طرح ممکن ہو اس کو میرے پاس لے کر آؤ۔ وہ گئے اور تھوڑی دیر بعد ایک نوجوان لڑکی عمر تقریباً ۲۵ سال ہو گی لے آئے۔ میں نے کمرے میں بیٹھنے کو کہا، سب جا کر بیٹھ گئے۔ میں نے جب اس کی آنکھوں کو بغور دیکھا تو معمول کے مطابق پائیں۔ میں سمجھ گیا کہ بنتی ہے اور اسلیئے یہ ڈھونگ رچایا ہے کہ یہ لوگ عاجز آ کر مجھے وطن بھیج دیں۔ (کیونکہ آسیب زدہ کی آنکھوں سے پتہ چل جاتا ہے کہ قدرے سرخ ہو جاتی ہیں اور معمول سے زیادہ باہر کو نکل آتی ہیں) میں نے اس کے بھائی اور شوہر سے کہا کہ دو منٹ کیلیئے آپ لوگ ذرا باہر بیٹھیں، اور دُور سے دیکھتے رہیں۔ وہ باہر گئے تو میں نے لڑکی سے کہا کہ ہم سمجھ گئے ہیں کہ تم نے یہ روپ صرف اسلیئے اختیار کیا ہے کہ یہ لوگ مجبور ہو کر تمہیں وطن بھیج دیں اور وطن میں تم اس لئے رہنا چاہتی ہو کہ برسوں سے تمہاری ایک شخص سے محبّت ہے وہ تمہارے لئے اور تم اس کے لئے بے چین رہتی ہو، لیکن اگر تم ہمارا کہنا مان لو تو ہم تم کو وطن بھجوا دیں گے بلکہ اس شوہر سے اگر تم چاہو تو تمہارا قصہ ہی پاک کر دیں گے۔ میری گفتگو سُن کر وہ مسکرائی اور تمام باتوں کا اقرار بھی کیا اور یہ کہا کہ آپ جو کہیں گے میں ویسا ہی کروں گی۔ میں نے کہا کہ میرا کہنا صرف اتنا ہے کہ ۱۵ روز متواتر تم بالکل اس طرح رہو جس طرح میاں، بیوی ہنسی خوشی رہتے ہیں۔ سولہویں روز ہر کام تمہاری مرضی کے مطابق ہو جائے گا۔ ساتھ ہی میں نے اس کے شوہر سے کہا کہ تم اس کو گھر لیجاؤ اور جیسا میں کہوں گا تمہیں کرنا ہو گا، بولو اقرار کرتے ہو، اس نے کہا کہ مجھے منظور ہے۔ اس گفتگو سے پورا یقین ہو گیا اور میں نے ایک تعویذ دکھاوے کے طور پر کپڑے میں لپیٹ کر اس کے بازو پر باندھ دیا۔ پندرہ دن بڑی خیر خوبی

سے گزرے، مگر جب سولھواں دن ہوا تو اس نے پھر وہی مکر شروع کیا، بھائی اور شوہر بھاگے ہوئے آئے
میں نے انہیں سب راز سمجھا دیا اور کہدیا کہ اب صرف دو ایک مرتبہ زبان سے سمجھا دو، نہ سمجھے تو چوٹی سے
پکڑ کر دو چار جوتے خوب ٹکا کر مار دینا۔ بفضلہ اس کی ضرورت نہ پیش آئی، کیونکہ وہ سمجھ گئی کہ میرا راز فاش
ہوگیا ہے۔ ٹھیک ٹھیک رہنے لگی۔ اس قسم کے اور بھی کئی واقعات پیش آئے جن کو بوجہ طوالت
نظر انداز کرتا ہوں۔

متفرق عملیات و نسخہ جات

۱۷۔ عمل برائے حُبّ:۔ یَا وَدُوْدُ معہ درود شریف گیارہ مرتبہ اول اور گیارہ مرتبہ آخر میں اپنے
نام اور اپنی ماں کے نام اور مطلوب اور اس کی ماں کے نام کے عدد نکال کر اسی تعداد سے مطلوب کے گھر کی
طرف منہ کر کے صبح کے وقت گیارہ روز تک پڑھیں اور مطلوب کے مکان کی طرف پھونک دیں اور دعا
مانگیں بہت جلد اثر ہوگا اگر ظاہر نہ ہو تو چالیس روز تک پڑھیں۔

۱۸۔ برائے حُبّ۔ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ۔ ترکیب شروع ماہ شب جمعہ
یا شب دوشنبہ نماز عشاء کی فرض کے بعد اپنی اور اپنی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کے نام کے اعداد
کے مطابق پڑھے مطلوب کا تصوّر اول سے آخر تک رکھے اور پڑھنے کے بعد اس کا تصوّر باندھکر جانب
جانب قلب دم کرے اور اس کے مکان کی طرف پھونک دے، منہ مطلوب کے مکان کی طرف کر کے پڑھے
یہ درود شریف اوّل و آخر ۳-۳ بار ضرور پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکْشِفُ عَنَّا جَمِیْعَ الْھُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔
گوشت وغیرہ سے پرہیز رکھے (کپڑوں پر عطر ضرور لگائے)

۱۹۔ برائے حُبّ۔ شروع ماہ میں شب جمعہ یا شب دوشنبہ بعد نماز عشاء اوّل و آخر گیارہ
گیارہ بار درود شریف جو یاد ہو پڑھے پھر مندرجہ ذیل آیتہ کریمہ نوسو ۹ بار مطلوب کا تصوّر باندھ
کر پڑھے اور دعا مانگے منہ مطلوب کے مکان کی طرف ہو۔ اس عمل کو علی الصبح بھی کیا جاتا ہے مگر دو بجے
رات کا پڑھنا اسکے لئے بہت زیادہ مؤثر ہے، کپڑوں کو عطر ضرور لگائے آیت یہ ہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ

سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ط

۲۰۔ برائے حُبّ:۔ بعد نماز عشاء کنوئیں کے کنارے پر اس قاعدے سے بیٹھے کہ منہ کنوئیں کا داہنے ہاتھ کی طرف رہے۔ سب سے پہلے ۳ بار کوئی بھی درود شریف پڑھے پھر مطلوب کا تصوّر کر کے یہ آیت يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ حُبًّا حُبًّا حُبًّا ایکسو ۱۱۱ مرتبہ پڑھے بعدہٗ اس کے ۳ بار درود شریف پھر پڑھے اور مطلوب کا تصوّر کر کے سینے پر دم کر دے اور دعا مانگ لے۔ گیارہ روز تک اسی طرح کرے۔ مجرّب ہے۔

۲۱۔ برائے حُبّ:۔ مطلوب کے داہنے پاؤں اور بائیں پاؤں کی خاک لیکر ۷ مرتبہ قل ہو اللہ شریف پڑھکر خاک پر دم کر کے آگ میں ڈال دے محبت پیدا ہو گی، اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا ضروری ہے، مجرب ہے۔

۲۲۔ برائے حُبّ:۔ صبح کے وقت گیارہ دن تک مطلوب کے مکان کی طرف منہ کر کے ۳۷ مرتبہ سورت تَبَّتْ يَدَا پڑھے اور مطلوب کا تصوّر کر کے اس کے سینہ پر دم کر کے اوّل و آخر ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

۲۳۔ برائے حُبّ:۔ جو کوئی اپنے نام اور اپنی والدہ کا نام مطلوب بعدہٗ اس کی والدہ کے نام کے اعداد سب کو جمع کر کے کل اعداد کے مطابق مندرجہ ذیل آیت شروع ماہ میں تین روز تک بعد نماز فجر پڑھے اور روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر میں ڈال کر مطلوب کے سامنے جائے، محبت سے پیش آئے، آیت یہ ہے ۔ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَفْعَلُوْنَ ه۔

۲۴۔ **عملیات جُدائی کے** (۱) آخر ماہ میں سنیچر یا منگل کے دن دوپہر کے وقت قبرستان میں جاکر دو پرانی قبروں کے درمیان بیٹھے اور منہ میں نیم کی پتی رکھکر گیارہ سو مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ بعد اس کے دعاء مانگے کہ فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں میں عداوت عظیم پیدا ہو۔

ایضاً (۲) سنیچر یا منگل کے دن دوپہر کے وقت دو پرانی قبروں کے درمیان بیٹھ کر پانچسو ۵۰۰ مرتبہ سورۃ تَبَّتْ يَدَا پڑھے اور دعا کرے کہ فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں میں جدائی اور عداوت

سخت ہو جائے۔ مندرجہ ذیل آیت۔ (۳) سنیچر یا منگل کے دن دوات میں نیب (نیم) کے سبز پتوں کے عرق سے لکھے اور پرانی قبر میں ڈال دے یا کچی اینٹ پر لکھ کر اس کو ایسے کنویں میں ڈالے جس کا پانی دونوں پیتے ہوں آیت یہ ہے۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَ (یہاں دونوں کے نام مع والدہ فلاں ابن فلاں و فلاں بنت فلاں لکھے) ھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ ط

۲۵۔ عمل برائے تسخیر نامہربانوں کو مہربان ہونے کے لیئے۔ اس نقش کو رجب کی ۲۷ تاریخ بعد نماز صبح جس قدر چاہے لکھ لے اور اپنے بازو پر باندھ کر گلے میں ڈال کر بادشاہ یا وزیر یا اور کسی نامہربان کے پاس جائے کامیاب ہو اور وہ اس پر مہربان ہو نقش یہ ہے۔ اگر اس

۳۰۷۴	۳۰۸۸	۳۰۸۵	۳۰۸۱
۳۰۸۶	۳۰۸۰	۳۰۷۵	۳۰۸۷
۳۰۷۹	۳۰۸۳	۳۰۹۰	۳۰۷۶
۳۰۸۹	۳۰۷۷	۳۰۷۸	۳۰۸۴

نقش کو کندا کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے تو بے شمار فوائد حاصل ہوں۔

۲۶۔ عمل مسروقہ چیز کی واپسی کا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو یا حفیظُ ایک سو انیس مرتبہ پڑھے اور اسی تعداد میں یہ آیت یٰبُنَیَّ اِنَّھَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ جَمِیْعاً۔ ۳ روز یا ۷ روز ورنہ ۲۱ روز متواتر پڑھے۔ انشاء اللہ چوری گیا ہوا مال واپس مل جائے گا۔

۲۷۔ عمل بانجھ عورت کے واسطے۔ چالیس روز تک سورۂ مزمل شریف ہر روز ایک مرتبہ باوضو پڑھ کر کھلا دے شروع چاند سے بعد نماز صبح پڑھا کرے۔ انشاء اللہ مراد حاصل ہو وہ سات روزے رکھ اور افطار کے وقت اکیس ۲۱ بار یَا مُصَوِّرُ۔ پانی پر دم کر کے پی لیا کرے حق تعالیٰ فرزند نیک عطا فرمائے گا۔

۲۸۔ عمل دافع دُمبل۔ ۷ مرتبہ سورۂ لِاِیْلٰفِ مع بسم اللہ شریف باوضو پڑھے اور دُمبل کہ ہاتھ کی

۱۴۸۸ ۱	۱۵۰۲ ۱۴	۱۴۹۸ ۱۱	۱۴۹۵ ۸
۱۴۹۹ ۱۲	۱۴۹۴ ۷	۱۴۸۹ ۲	۱۵۰۱ ۱۳
۱۴۹۳ ۶	۱۴۹۶ ۹	۱۵۰۴ ۱۶	۱۴۹۰ ۳
۱۵۱۳ ۱۵	۱۴۹۱ ۴	۱۴۹۲ ۵	۱۴۹۷ ۱۰

ہتھیلی میں نکلتا ہے اور گرمول کے درد پر دم کرے بواسیر پیچش خون آلود اور پرسوت اور سرخباد

کے واسطے پانی پر کرم کر کے پلادے خداوند کریم صحت بخشے گا۔ اور نقش سورۂ مذکورہ لکھ کر بائیں ہاتھ میں باندھ دے۔

۲۹ **عمل تھنیلا کیلئے**:۔ جس عورت کی داہنی چھاتی میں درد ہو تو اپنی بائیں چھاتی میں سات مرتبہ پڑھکر دم کرے اگر بائیں چھاتی تھنیلا ہو تو اپنی دہنی چھاتی پر دم کرے اپنے گھر پر یہ عمل کرے یا دردمند کے مکان پر چلا جاوے۔ اگر راہ میں دریا ہو تو نہ جائے اپنے ہی گھر پڑھے جہاں لفظ فلانی ہے وہاں عورت کا نام ہر دفعہ لیتا رہے عمل یہ ہے۔ "عہدہ یہ عہدہ کہائے فلانی کا تھنیلا پانی پت ہو جائے"۔

۳۰ **عمل دریا سے بسلامت پار اُترنے کا**۔ جب کسی کو دریا اترنے کا اتفاق اور دل میں اندیشہ رکھتا ہو تو گیارہ مرتبہ یہ آیتہ پڑھکر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ دریا سے بسلامتی عبور کرے گا اور کچھ نقصان نہ پہنچے گا۔ آیتہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖیہَا وَمُرْسٰہَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ؕ

۳۱ **عمل حمل خام گرنے سے حفاظت کا**:۔ جس عورت کا حمل خام گرجاتا ہو تو اس کے قد کے برابر سات تار کچا ڈورا سُرخ لیکر نو گرہ دے اور ہر گرہ پر یہ آیت کریمہ پڑھکر دم کرے اور شکم پر باندھ دے بچہ ہونے سے پہلے ایک ساعت پہلے کھول ڈالے آیتہ یہ ہے۔ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْہِمْ وَلَا تَکُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْکُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ وَالَّذِیْنَ ھُمْ مُحْسِنُوْنَ ۝۔

۳۲ **غائب شخص کا حال معلوم کرنا یا کسی پوشیدہ مقصد کا معلوم کرنا** اگر دیکھنا منظور ہو کہ فلاں شخص غائب زندہ ہے مر گیا ہے یا کوئی کھوئی ہوئی چیز ملے گی یا نہ ملے گی یا جس امر کی اُمید رکھتا ہوں پوری ہو گی یا نہیں ہو گی یا اور جو مقصد ہو تو چاہیئے کہ خدائے رحیم و کریم پر یقین صادق کر کے اور اپنے مقصد کو خوب دل جما کر پاک جگہ با وضو لیٹ کر اس دعا کو پڑھتے پڑھتے سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں اپنے مقصد و مطلب کو دیکھ لے گا۔ دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی وَرَبَّ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَعِیْسٰی وَرَبَّ جِبْرِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ مُنْزِلَ التَّوْرَاۃِ

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

وَالْاِنْجِیْلَ وَالزَّبُوْرَ وَالْفُرْقَانَ الْعَظِیْمُ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا تَرَجَّا لِیْ فِیْہِ الْخَبِیْرُ اس کے بعد یہ کہے مَنَبِّانِیْ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ اس کے بعد یہ کلمات کہے یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ اتنا کہے کہ کہتے کہتے سو جائے اور چاہیئے اس نقش مبارک کو زعفران و گلاب سے لکھکر زیر بالیں رکھ کر سوئے۔

۲۳ - زمین کے اندر کی چیزیں معلوم کرنیکا طلسم:- اُلّو کی تین آنکھیں توڑ کر رکابی میں روئی کو تر کرلیں اور اس بتی کو بجائے تیل کے اسی آنکھ کی رطوبت میں تر کرکے بتی کو جلاکر کاجل بنائیں اور اس کاجل کو ایسے شخص کی آنکھ میں لگائیں جو اُلٹا پیدا ہوا ہو اور اسکی ہتھیلی میں چنبیلی کا تیل لگادیں اور اس کی آنکھوں کے سامنے رکھیں اور اوپر سے کمبل اوڑھادیں تو ہتھیلی میں سے ایک عجیب روشنی ٹپکتی معلوم ہوگی۔ جس سے زمین کے اندر کی چیزیں دکھائی پڑیں گی۔

۲۴ - نسخہ نسیان یعنی بھول جانے کا مرض ہو یا کُند ذہنی کا۔ اگر کسی کو بھول جانے کا مرض ہو تو چاہیئے کہ ہر روز ۳ ماشہ کلونجی کا سفوف، شہد ایک تولہ میں ملاکر ۲۱ روز کھائے۔

۳۵ - نقش جامع المطلوب یا تحفہ نوری ۲

نقش کے دوسری طرف

یا اللہ ۱۱ ۶۶ یالطیف ۱۱ ۱۲۹ یاروٗف ۱۱ ۲۸۷ یاعطوف ۱۱ ۱۶۵

یاحنان ۱۱ ۱۰۹ یامنان ۱۱ ۱۴۱ یاعزیز ۱۱ ۹۴ یاکریم ۱۱ ۲۷۰ یاعفو ۱۱ ۱۵۶ یاغفور ۱۱ ۱۲۸۶ یاحلیم ۱۱ ۸۸

یامومن ۱۱ ۱۳۶ یامھیمن ۱۱ ۱۴۵ یاودود ۱۱ ۲۰ یاھادی ۱۱ ۲۰ یابدوح ۱۱ ۲۰ بحق ۱۱۰ عیسیٰ ۱۴۰ اللہ ۶۶

ان يجعل بينكم وبين الذين عاديتم منهم مودّة والله

۵۱ ۱۱۳ ۱۲۲ ۶۲۶ ۷۹۱ ۵۲۵ ۱۳۵۰ ۵۵ ۷۲

قدير والله غفور رحيم اللّٰهم بحق قُل اللّٰهم ملك الملك توتي الملك

۳۱۴ ۷۲ ۱۵۴۴ ۱۰۶ ۱۱۰ ۱۳۰ ۱۰۶ ۲۱۲ ۹۳۷

من تشا وتنزع الملك ممّن تشاء و تعزّ من تشاء و تذلّ من تشاء

۷۹۱ ۶ ۶۴۸ ۸۲۱ ۶ ۴۷۷ ۷۹۱ ۶ ۱۹۲۱

بيدك الخير انّك على كلّ شيءٍ قدير تولج الليل في النهار

۸۷۷ ۷۱ ۱۱۰ ۵۰ ۳۱۰ ۳۱۴ ۵۴۰ ۳۷۷

وتولج النّهار في اللّيل وتخرج الحيّ من الميت وتخرج الميّت من الحيّ

۶ ۷۳۶ ۱۹۱ ۶ ۱۲۵۲ ۵۷۱ ۶ ۱۴۸۴ ۱۳۹

و ترزق من تشاء بغير حساب وصلى الله تعالىٰ على خير

۶ ۷۰۷ ۷۹۱ ۱۲۱۲ ۷۱ ۶ ۱۹۶ ۵۱۱ ۱۱۰ ۸۱۰

خلقه محمد وآله وصحبه وبارك وسلم

۷۳۵ ۹۲ ۶ ۳۶ ۶ ۱۰۵ ۶ ۲۲۳ ۶ ۱۳۰

نوٹ:- اگر یہ نقش مسلمان کو دیا جائے تو بلا تکلف عبارت والا نقش دیں اور اگر غیر مسلم کو دینا ہو تو اعداد میں دیا جائے، عبارت میں لکھا ہوا یا کندہ کیا ہوا ہرگز نہ دیا جائے۔ آرڈر دیتے وقت لکھنا نہ بھولیں کہ مسلم کے لئے ہے، یا غیر مسلم کے لئے۔

۳۶ خواص تحفۂ نوری ۲:- یہ نقش حضور پُر نور مفتیٔ اعظم ہند دامت برکاتہم العالیہ کا استخراج فرمایا ہوا ہے۔ اسکے فوائد لکھنے سے قلم عاجز ہے اور بیان سے زبان قاصر ہے۔ حصولِ دولت و غنا، لا علاج امراض سے شفا، تسخیرِ خلائق، ہر قسم دشمنوں سے حفاظت اور مقابلہ میں فتح و نصرت، مایوس امیدواروں میں کامیابی و کامرانی جس کسی کو کسی بھی مقصد سے اس کا دھویا ہوا پانی پلایا جائے وہ مقصد پورا ہو۔ مثلاً عورت مرد کو پلائے تو وہ کبھی کسی دوسری عورت کی طرف مائل نہ ہو، اور مرد عورت کو پلاوے تو وہ شوہر سے ایک منٹ جدا نہ ہو۔ عقلمند حضرات اس ایک ہی نقش سے ہزاروں کام لے سکتے ہیں، قدر دانوں کیلئے ایک بیش بہا تحفہ ہے جسکے ہوتے ہوئے کسی بھی دوسرے نقش کی ضرورت نہیں رہتی!

۳۹ نقش شفائے امراض: یہ نقش غیر مسلم کو صرف اعداد میں دیا جائے!

الله الکافی
۶۶ ۱۴۲
الله المعافی
۶۶ ۲۳۲
بعبادہ
۸۴
الذین
۷۹۱
من الظلمت
۱۴۹۱
الله
۶۶

۷۸۷

۴۷۰۱ ۸	۴۷۰۴ ۱۱	۴۷۰۷ ۱۴	۴۶۹۴ ۱
۴۷۰۶ ۱۳	۴۶۹۵ ۲	۴۷۰۰ ۷	۴۷۰۵ ۱۲
۴۶۹۶ ۳	۴۷۰۹ ۱۶	۴۷۰۲ ۹	۴۶۹۹ ۶
۴۷۰۳ ۱۰	۴۶۹۸ ۵	۴۶۹۷ ۴	۴۷۰۸ ۱۵

۷۸۷

الله الشافی
۶۶ ۵۲۲
الله لطیف
۶۶ ۱۲۹
الله ولی
۶۶ ۴۶
امنوا یخرجھم
۹۸ ۸۵۸
الی النور
۳۲۸
رب
۲۰۲

محمد صلی علیہ و اٰلہ وصحبہ وسلم بحق لاالٰہ الا الله
۹۲ ۱۳۰ ۱۱۵ ۶ ۳۶ ۶ ۱۰۵ ۶ ۱۳۰ ۱۱۰ ۱۶۵

محمد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم بحق ویشف
۹۲ ۲۹۶ ۶۶ ۱۹۶ ۵۱۱ ۱۱۵ ۶ ۳۶ ۶ ۱۳۰ ۱۱۰ ۶ ۳۹۰

صدور قوم مومنین شفاء لما فی الصدور یخرج من بطونھا
۳۰۰ ۱۴۶ ۱۹۶ ۳۸۱ ۴۹۲ ۸۱۳ ۹۰ ۷۳

شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس و ننزل من القرآن ماھو
۵۰۳ ۱۱۵۰ ۹۳ ۹۵ ۵۵۲ ۶ ۱۲۷ ۹۰ ۳۸۲ ۵۲

شفاء ورحمۃ للمومنین و اذا مرضت فھو یشفین قل ھوالذین امنوا ھدی
۳۸۱ ۶ ۹۰۴ ۶ ۲۳۴۲ ۹۱ ۴۵۰ ۱۳۰ ۸۰۲ ۹۸ ۹۹

و شفاء وبحق سلٰم علیٰ عبادہ الذین اصطفٰی سلٰم قول من رب الرحیم
۶ ۳۸۱ ۶ ۱۱۰ ۱۳۰ ۱۱۰ ۱۰۶۳ ۱۳۰ ۱۳۶ ۹۰ ۴۹۱

سلٰم علیٰ نوح فی العٰلمین سلٰم علی ابراھیم سلٰم علیٰ موسیٰ وھارون
۱۳۰ ۱۱۰ ۶۴ ۳۲۱ ۱۳۰ ۱۱۰ ۲۵۹ ۱۳۰ ۱۱۰ ۱۱۶ ۶ ۲۶۲

سلٰم علیٰ ال یاسین سلٰم علی المرسلین والحمد لله
۱۳۰ ۱۱۰ ۱۶۲ ۱۳۰ ۱۱۰ ۴۲۱ ۸۹ ۶۵

رب العٰلمین
۳۳۳

یہ نقش شبستانِ رضا حصہ دوم ص۔۔ پر آچکا ہے مگر چونکہ وہ صرف مسلمانوں کے لئے دیا جاسکتا ہے
یہ نقش اعداد میں اس لئے دے دیا کہ آپ بلا تکلیف غیر مسلم کو دے سکتے ہیں۔

۷۸۶

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم ۷۸۶
لاحول ۳۱ ۴۴ ولا قوۃ ۳۷ ۵۰۶ الا باللہ ۳۲ ۶۸ العلی ۱۴۱ العظیم ۱۰۵۱
یا اللہ ۱۱ ۶۶ یا رحمٰن ۱۱ ۲۹۸ یا رحیم ۱۱ ۲۵۸ دل ما واکن ۳۴ ۳۱۲

۱۰ / ۸۰ / ۰۱ ; ۷ ۶۰ ; ۸۴۸ ۲۴۶	۴ / ۱۰ / لہ۰ ; ۷ ۱۰ ; ۸۵۲ ۲۵۲	۱ / ۹ / ۷ ; غ ۶۰ ; ۸۵۵ ۲۵۵	۵ / ۳۰ / ۰ہ ; ۱۰ ف ; ۸۴۱ ۲۴۱
۵ / ۳۰ / ۰ہ ; غ ۶۰ ; ۸۵۴ ۲۵۴	۱ / ۹ / ۷ ; ۱۰ ف ; ۸۴۲ ۲۴۲	۳ / ۱۰ / لہ۰ ; ۷ ۶۰ ; ۸۴۷ ۲۴۷	۱۰ / ۸۰ / ۱۰ ; ۷ ۱۰ ; ۸۵۲ ۲۵۳
۴ / ۱۰ / لہ۰ ; ۱۰ ف ; ۸۴۴ ۲۴۳	۱۰ / ۸۰ / ۱۰ ; غ ۶۰ ; ۸۵۶ ۲۵۶	۵ / ۳۰ / ۰ہ ; ۷ ۱۰ ; ۸۵۰ ۲۵۰	۱ / ۹ / ۷ ; ۷ ۶۰ ; ۸۴۹ ۲۴۶
۱ / ۹ / ۷ ; ۷ ۱۰ ; ۸۵۱ ۲۵۱	۵ / ۳۰ / ۰ہ ; ۷ ۶۰ ; ۸۴۵ ۲۴۵	۱۰ / ۸۰ / ۱۰ ; ۱۰ ف ; ۸۴۴ ۲۴۳	۴ / ۱۰ / لہ۰ ; غ ۶۰ ; ۸۵۶ ۲۵۶

۷۸۶

مستقیم بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین یا لطیف
۶۵۰ ۱۱۰ ۳۲ ۱۲۶ ۶ ۳۲ ۶۴۰ ۱۱ ۱۲۹

یا نور یا حق یا ہادی یا مبین یا صبور بحق یا ایہا الذین
۱۱ ۲۵۶ ۱۱ ۱۰۸ ۱۱ ۲۰ ۱۱ ۱۰۲ ۱۱ ۲۹۸ ۱۱۰ ۱۱ ۸۰۸

اٰمنوا اصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا اللہ لعلکم تفلحون ط یاحمید
۹۸ ۲۰۰ ۶ ۳۰۰ ۶ ۲۱۹ ۶۰۹ ۱۹۰ ۵۷۴ ۱۱ ۶۲

انفعال ذالمن علیٰ جمیع خلقہ بلطفہ یا حلیم یا رشید رب اجعلنی
۲۳۲ ۸۲۱ ۱۱۰ ۱۲۳ ۷۳۵ ۱۲۶ ۱۱ ۸۸ ۱۱ ۵۱۴ ۲۶۶

مقیم الصلوٰۃ ومن ذریتی ربنا وتقبل دعاء الٰہی عقلی مغلوب
۷۴۷ ۶ ۹۰ ۱۳۲۰ ۲۵۳ ۶ ۶۰۷ ۴۶ ۲۱۰ ۱۰۷۸

ونفسی معیوب وقلبی محجوب ولسانی مقر بالذنوب فکیف
۶ ۲۰۰ ۱۲۸ ۶ ۱۴۲ ۵۹ ۶ ۱۵۱ ۳۴۰ ۷۹۱ ۱۹۰

حیلتی یا ستار العیوب یا غفار الذنوب وصلی اللہ علیٰ سیدنا
۴۵۸ ۱۱ ۷۸۰ ۱۱ ۲۰۷۰ ۶ ۱۹۶ ۱۱۰ ۱۲۵

محمد واٰلہ وصحبہ و بارک وسلم
۹۲ ۶ ۳۶ ۶ ۱۰۵ ۶ ۲۲۳ ۶ ۱۳۰

۴۱۔ ترکِ حیوانات کی ضرورت کیوں؟

کلام الٰہی میں کیا تاثیر نہیں، لیکن ضرورت ہے تاثیر اپنے اندر پیدا کرنے کی، صحابہ کرامؓ اگر کوئی دعا کسی کام کے لئے پڑھتے تو فوراً اس کا اثر ہوتا۔ آج ہم بھی وہی دعائیں اور قرآنی آیات پڑھتے ہیں مگر بے سود، ایسا کیوں؟ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا ایک مشہور واقعہ ہے کہ زمانہ جنگ میں اسلامی فوجیں ایک قلعہ کا محاصرہ کیئے ہوئے تھیں اور قلعہ ابھی فتح نہیں ہوا تھا۔ محاصرہ سے تنگ آکر قلعہ کا بڑا پادری کچھ ساتھیوں کے ساتھ باہر نکل کر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے ملنے آیا اور شرط یہ رکھی کہ اگر آپ اگلے اور قلعے فتح کرلیں گے تو ہم خود بخود یہ قلعہ آپ کو سونپ دیں گے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تک یہ قلعہ فتح نہیں ہو جاتا ہم آگے نہیں بڑھ سکتے، پادری کے ہاتھ میں زہر کی پڑیا تھی تو اس نے کہا کہ اگر آپ لوگ محاصرہ نہیں ہٹاتے تو میں یہ زہر کھا کر جان دیدوں گا۔ اس کا بار آپ کی گردن پر ہوگا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کس میں اتنی طاقت ہے کہ خدا کی مرضی بغیر کسی کو مار سکے۔ اس پر پادری بولا، لیجئے پھر یہ زہر آپ کھا لیجئے! حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے یہ دعاء - بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ پڑھکر زہر کھا لیا۔ چند منٹ آپ کے جسم سے پسینہ نکلتا رہا اس کے بعد حالت اعتدال پر آگئی اور زہر کا آپ پر کوئی اثر نہ ہوا.... تو کیا آپ اس دعا کے عامل تھے یا آپ نے کوئی چلہ کیا تھا؟ آج لوگ ہر عمل کی زکوٰۃ دیتے ہیں، چلہ کشی کرتے ہیں پھر بھی عمل کا اثر نہیں ہوتا، اور صحابہ کرامؓ، ائمہ عظام یا بزرگانِ دین اگر کوئی دعا بغیر کسی زکوٰۃ و چلہ کے جونہی پڑھتے فوراً اثر ہوتا تھا۔ ہاں! وہ سچے مومن تھے ان کے اندر سچائی اور پاکیزگی تھی، وہ صرف خدا پر بھروسہ رکھتے تھے، اور عبادت الٰہی اور طاعت ان کی زندگی تھی - پھر جس خود کو غلامیٔ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا طوق اپنی گردن میں ڈال کر اپنی زندگی کو عبادت و اطاعت ربّ کریم کے لئے وقف کر دیا ہو، اس پر کون مہربان کیوں نہ ہو۔ اور تمام مخلوقِ خدا اس کے زیرِ نگیں کیوں نہ ہو؟۔

ہمیں کوئی عمل پڑھتے وقت ترکِ حیوانات وغیرہ کی ضرورت کیوں پڑتی ہے، صرف اسلئے کہ ہم اپنے اندر پاکیزگی، روحانیت و نورانیت پیدا کر سکیں۔ تمام مُوکل نوری ہیں اور ہم خاکی۔ پھر جب تک ہمارے اندر نورانیت نہ ہوگی وہ کیسے ہم سے مانوس ہو سکتے ہیں۔ ہم، ہماری غذا، ہمارے افعال و اعمال بلکہ ہماری پوری زندگی گناہ و غلاظت اور ناجائز و غلط کاریوں کے کیچڑ سے لتھڑی ہوئی اور گرد و غبار سے آلودہ ہے۔ لہٰذا جب تک ہمارے ہر کام میں نیت بخیر نہ ہو اور رگ رگ میں مکمل پاکیزگی نہ ہو ہمارے عملیات مُوثر کیسے ثابت ہو سکتے ہیں۔ عامل کے لئے ہر طرح سے پابندِ شرع، متقی و پرہیزگار ہونا شرطِ اوّل ہے، پھر اس کے بعد کوئی بھی عمل پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ فوراً اُس کا اثر ایسا ہی ہوگا۔ جیسے سوئچ دبانے سے بجلی کا بلب جل اٹھتا ہے، کیونکہ اسمیں کرنٹ تو پہلے سے ہی دوڑتا ہوتا ہے۔ لیکن اگر ہم تمام کنکشن کر کے میٹر بھی لگا دیں مگر اس کا تعلق بجلی گھر کے اسٹور سے نہ ہو یا کہیں سے کنکشن صحیح نہ جُڑا ہو تو اس سے بجلی کیسے جل سکتی ہے، لاکھ بٹن دباتے رہیئے۔ لہٰذا ہر مسلمان کے لئے سب سے پہلے صحیح معنوں میں مؤمن صالح بننا اوّلین فرض ہے، پھر عمل پڑھنے کے لئے اسکی جملہ شرائط پوری کرنا ہے، پھر دیکھئے کیا اثر دکھلاتا ہے۔ ترکِ حیوانات میں پرہیز دو طرح کے ہیں۔

۱:- پرہیز جمالی ۲:- پرہیز جلالی۔

پرہیز جمالی - گوشت، مچھلی، سرکہ، پیاز اور لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں، جماع نہ کریں۔ دہی اور مٹھائی بھی نہ کھائیں، میوہ، سرسوں اور تلوں کا تیل استعمال کر سکتے ہیں مگر جبکہ اس کی پاکی میں ذرہ برابر بھی شک و شبہ نہ ہو۔

پرہیز جلالی اور ترکِ حیوانات - مچھلی، گوشت، انڈا، لہسن، پیاز، شہد، مشک، سرکہ۔ مولی، ہینگ، عنبر، چھوہارا و دیگر میوہ جات سے قطعی پرہیز کریں اور اگر کرنا چاہیں بھی تو صرف اس شرط پر کہ خود اپنے سامنے مسلمان تیلی سے تیل اسطرح نکلوائیں کہ تلوں یا سرسوں کو لے کر پانی میں ڈالیں اور جو اوپر رہے اسے دور کر کے باقی کا تیل نکلوا لے۔ یاں نمک کھانے کی ممانعت ہے۔ کوئی بھی نشہ کی چیز مثلاً سگریٹ۔ تمباکو، حُقہ، بیڑی کا استعمال بھی نہ کریں۔ چمڑے کے ڈول سے پانی نہ پئیں۔ دریا۔ ندی کا پانی مٹی کے برتن یا مٹکے میں سے استعمال میں لائیں، ریشمی اونی اور حیوانی کے کسی بھی

حصّے کے بنے ہوئے کپڑے کا استعمال نہ کریں۔ چاقو بھی ہاتھی دانت کا دستے کا اور بارہ سنگھے وغیرہ کا، چمڑے کا جوتا، موزہ قطعی استعمال میں نہ لائیں۔ خط نہ بنوائیں، ناخن نہ ترشوائیں، جماع نہ کریں۔ غیر کے بستر پر نہ لیٹیں۔ ملنا جلنا سب ترک کر کے خلوت اختیار کریں۔ ہر وقت باوضو رہیں، اور اگر طاقت ہو تو روزہ رکھیں۔ اگر کوئی خدمتگار بھی چلہ کے دوران ہو تو وہ شخص بھی پرہیزگار نمازی اور پابندِ شرع ہو، عمر پابندئ شرع میں گذاری ہو، روز غسل کریں۔ کپڑا بغیر سلا ہوا پہنیں اور یہ بھی خیال رکھیں کہ خون جسم کے کسی حصّے سے بھی باہر نہ نکلنے پائے اور وہ درخت جس میں سے دودھ نکلتا ہو، اس کے پتے نہ توڑیں نہ کاٹیں۔ البتہ وہ بال جن کا تراشنا سنت ہے مثل لب اور بغل وغیرہ ضرور بنائیں اور باقی بال نہ بنائیں، ہاتھی و گھوڑے پر سواری نہ کریں۔

اگر خدانخواستہ عامل کی زندگی کا کل یا بعض حصّہ ناجائز کاموں میں گزرا ہو یا نماز روزہ فرائض و واجبات ذمّہ باقی ہوں تو سب سے پہلے سچے دل سے توبہ و استغفار لازم و ضروری ہے۔ جس کا طریقہ اسی کتاب کے کسی صفحہ پر درج ہے عمل میں لائیں اور جتنی جلدی ہو سکے قضائے عمری یعنی نمازیں اور روزے جو ذمہ باقی ہیں حساب لگا کر پورے کریں۔ اگر ہمارے احباب نے یہی عمل کر لیا تو ہمارا دعویٰ ہے کہ پھر کسی مخصوص عمل کے پڑھنے کی ضرورت ہی محسوس نہ ہوگی۔ اور جائز کام میں کامیابی و کامرانی خود بخود حاصل ہوگی۔ مولیٰ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اور سب کے صدقہ میں اس عاصی گنہگار کو نیکی کی توفیق مرحمت فرمائے اور وہ کام لے جو اس کی اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا کا سبب بن جائے۔ آمین۔

نوٹ خاص:۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے "احسن الوعا فی آداب الدعا" میں تاکید فرمائی ہے کہ نماز یا کوئی بھی عمل پڑھا جائے تو اس طرح پڑھیں کہ اپنے کان تک آواز پہنچے ورنہ پڑھنا نہ پڑھنے کے برابر ہے اور کوئی نقش فاؤنٹین پین سے یا فاؤنٹین پن کی سیاہی سے ہرگز نہ لکھیں کہ اس میں الکحل یعنی شراب کی آمیزش ہوتی ہے۔

جس کاغذ پر نقش وغیرہ لکھیں اس کو دھوپ کے رُخ سے دیکھ لیں کہ اس میں اندرونی طور پر کوئی تصویر یا کسی قِسم کے حروف تو بنے ہوئے نہیں ہیں۔ ورنہ ایسے کاغذ پر نقش بے اثر ثابت ہوگا اور کارآمد نہیں ہوگا۔

۴۲- قرآنِ عظیم کی ایک سو چودہ ۱۱۴ سورتوں کے فضائل و فوائد معہ نقوش

۴۳- فضائل و فوائد بسم اللہ شریف } تمام سورتوں سے پہلے بسم اللہ شریف کے فضائل و فوائد مع تمام دینی و دنیوی حاجت کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے، } نقش دیئے جاتے ہیں۔

ا :- دوزخ کے ۱۹ فرشتوں سے نجات کیلئے : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو کوئی بسم اللہ شریف کا ورد ہر روز بکثرت رکھے ہر کام کیلئے مجرب ہے۔ اسے ۱۹ فرشتوں کے عذاب سے جو دوزخ پر موکل ہیں نجات ملے۔ کیونکہ بسم اللہ شریف کو حروف بھی ۱۹ ہیں۔

ب :- حاجت روائی و دفیعہ مشکل کے لئے۔ جب کوئی مشکل درپیش ہو تو بسم اللہ شریف کو بطہارتِ کامل ۷۸۶، بار سات روز تک پڑھے ہر مشکل آسان ہو اور اگر ہمیشہ ورد میں رکھے تو کسی دوسرے عمل کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ بعد نماز فجر ایک ہزار پانچسو مرتبہ جس مطلب کے واسطے پڑھے وہ برائے، کیونکہ اکابرین فرماتے ہیں کہ یہی اسم اعظم ہے۔

ج :- واسطے کشائش رزق :۔ ترک حیوانات کر کے بسم اللہ شریف کو دریا کے کنارے بعد نماز فجر بارہ ہزار بار اور بعد نماز مغرب بارہ ہزار بار پڑھے۔ اوّل آخر ۱۴۱ - ۱۴۱ بار درود شریف ضرور پڑھا جائے۔ یہ طریقہ ہر اہم سے اہم حاجت کے لئے مجرّب ہے

د :- تسخیر حکام و حصولِ دولت و منصب و عزّت کے لئے :۔ جمعرات کو روزہ رکھے اور چھوہارے سے افطار کرے بعد نماز مغرب بسم اللہ شریف ایک سو اکیس ۱۲۱ بار پڑھتے پڑھتے سو رہے۔ جب صبح ہو اور روز جمعہ ہو تو نماز فجر پڑھکر بسم اللہ شریف کو ایک سو اکیس بار پڑھے اور اس طرح سے بسم اللہ شریف کو زعفران اور گلاب وغیرہ سے لکھے۔ ب س م ال ل ہ ال ر ح م ن ال ر ح ی م اور موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھ لے۔ اس عمل شریف کو جو کوئی کرے گا لوگوں کی نظروں میں مثل چودھویں رات کے چاند کے ہوگا۔ اور وقار اس کا سب کے دلوں میں ہوگا۔ چاہیئے کہ نقش کی حفاظت اپنی جان سے زیادہ کرے تاکہ ضائع نہ ہو۔

۸ :۔ **کھیت و باغ کی شادابی کیلئے**۔ جو کوئی بسم اللہ کو کاغذ پر ایک سو ایک بار لکھ کر اسے کھیت یا باغ میں دفن کرے تو وہ کھیت یا باغ ہرا بھرا رہے گا اور غلّہ خوب ہوگا۔

۲/۴۴ **فضائلِ و فوائدِ سورۂ فاتحہ** (ا) **شفاء امراض کیلئے**۔ فرمایا حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ
شفاء امراض و جملہ حاجات کیلئے وسلم نے کلام القرآن شفاء ہے ہر درد اور بیماری کے لئے علماء فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص بیمار ہو تو اس پر ہاتھ رکھ کر سورۂ فاتحہ پڑھے اور سات بار یہ دعا بھی پڑھے ۔ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّيْ سُوْءَ مَا اَجِدُ وَفُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الْمُبَارَكِ الْاَمِيْنِ الْمَكِيْنِ عِنْدَكَ ٥
انشاء اللہ بیمار صحت پائے گا۔

(ب) **حاجت براری کے لئے** ، جب کوئی حاجت پیش آئے غسل کرے اور کپڑے پاک صاف پہنے ، بدن میں خوشبو ملے پھر مصلّے پر بیٹھ کر آیۃ الکرسی و آمن الرسول و چاروں قُل ہر ایک ۳-۳ بار پڑھے اور بدن پر دم کرے اور فاتحہ دے کر سورۂ فاتحہ کو اس طرح پڑھے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ روز اتوار ۵۸۲ بار الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پیر کے دن ۶۱۸ بار مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ منگل کے دن ۲۴۲ بار اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بدھ کے روز ۶۳۶ بار اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ جمعرات کے دن ۱۰۷۳ بار صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ جمعہ کے دن ۱۸۰۷ بار غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْن ہفتہ کے روز ۱۳۰۴ بار پڑھے، انشاءاللہ سات روز میں مراد بر آئے گی اور اسی ترتیب سے ہمیشہ ورد کرتا رہے تو ضروریاتِ زندگی میں کبھی کسی دوسرے عمل کی ضرورت نہ پڑے گی ہر مہم آسان ہوگی ۔ بڑے سے بڑے اخراجات کا غیب سے سامان ہوجایا کرے گا ۔ **نقش سورۂ فاتحہ** یہ ہے : اس کے کل اعداد ۹۴۶۱ ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے ۔ ہر کام کے لئے مجرّب ہے ۔

۷۸۶
۱/۴۵

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

۲/۴۶ **فضائل و فوائد سورۂ بقر** :۔ جو کوئی سورۂ بقر کو سات بار ہر روز پڑھا کرے وہ مرض صرع یعنی مرگی اور جنون اور جذام اور برص اور آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے گا ۔ جو کوئی شخص آیت الکرسی

۲۳۶۹۰۴	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۸۹۳
۲۳۶۹۰۷	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۹۰۶
۲۳۶۸۹۶	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۰۰
۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۹۰۹

تیرہ سو مرتبہ پڑھے گا ۔ سب حاجتیں بر آئیں گی اور حاکم جابر مہربان ہوگا اور اگر مرگی یعنی صرع پر گیارہ بار پڑھے صرع دُور ہو جائے اور اگر سورۂ بقر کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے جمیع آفات سے محفوظ رہے ۔

نقش سورۂ بقر درج بالا ہے ۔ اس کے کل اعداد ۹۴۷۶۰۹ ہیں اور چال خانۂ پنجم میں ہے ۔

۳ ۔ **خواص سورۂ آل عمران** ۔ جب کوئی شخص قرضدار ہو جائے تو تیرہ بار ہر روز سورۂ آلِ عمران پڑھا کرے ۔ بارِ قرضہ سے سبکدوش ہوگا جو کوئی الٓمّٓ ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ سے وَاَنۡزَلَ الۡفُرۡقَانَ ط تک کاغذ پر مشک و زعفران اور گلاب (مشک و عنبرہ نہ ملے تو کالی روشنائی گلاب میں حل کر کے) سے لکھے اور نرکل میں رکھے ، مگر نرکل قبل طلوع آفتاب کے کٹا ہو اور موم سے منہ بند کر کے لڑکے کے گلے میں ڈالے اُم الصبیان سے لڑکا محفوظ رہے گا ۔ اور جو کوئی ہرن کی جھلی پر لکھ کر انگوٹھی کے نگینے کے نیچے رکھ کر پہن لے گا ،

۷۸۶

۶۱۶۵۳	۶۱۶۴۸	۶۱۶۵۵
۶۱۶۵۴	۶۱۶۵۲	۶۱۶۵۰
۶۱۶۴۹	۶۱۶۵۶	۶۱۶۵۱

ہرگز مفلس نہ ہوگا بلکہ دولت مند ہوگا اور بہت سا مال ہاتھ آئے گا ۔ اور جو کوئی شخص آیۂ قُلِ اَللّٰھُمَّ مَالِکَ الۡمُلۡکِ کو پڑھا کرے گا حق تعالیٰ اس کو روزی حلال دے گا اور اگر حاکم پڑھے ملک اس کا زیادہ ہوگا اور جو اس سورہ کا نقش اپنے پاس رکھے وہ بھی کبھی محتاج نہ ہوگا

نقش درج بالا ہے اس کے کل اعداد ۱۸۴۹۵۶ ہیں ۔

۴ ۔ **خواص سورۂ نساء** : ۔ جو کوئی عورت فاحشہ ہو یا زوج یا زوجہ میں ناموافقت ہو اس سورت کو پانی پر دم کر کے سات مرتبہ اس عورت کو پلا دے ، پارسا ہو جائے ۔ اگر مرد و عورت کو پلا دے تو باہم موافقت

۷۸۶

۳۸۳۸۳۳	۳۸۳۸۲۶	۳۸۳۸۲۹	۳۸۳۸۱۵
۳۸۳۸۲۸	۳۸۳۸۱۶	۳۸۳۸۳۳	۳۸۳۸۲۷
۳۸۳۸۱۷	۳۸۳۸۳۱	۳۸۳۸۲۴	۳۸۳۸۲۱
۳۸۳۸۲۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ہو جائے اور اگر زعفران اور گلاب سے لکھکر دھو کر پلا دے خفقان دُور ہو جائے گا ۔ فاحشہ عورت اپنے خاوند کی فرمانبردار ہو جائے اور جو کوئی نقش اس لکھکر اپنے پاس رکھے گا جمیع مکروہاتِ دنیاوی سے محفوظ رہیگا اس کے

[illegible]

۴۹ ق: **فصل دوم** خواص سورۂ مائدہ۔ خواص سورۂ انعام و سورۂ اعراف، سورۂ انفال و سورۂ توبہ

۷۸۶

۲۱۲۱۳۶	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۴۲	۲۱۲۱۲۹
۲۱۲۱۴۱	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۴۰
۲۱۲۱۳۱	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۳۴
۲۱۲۱۳۸	۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۴۳

میں جو کوئی سورۂ مائدہ کثیر الفوائد کو ۴۱ بار پڑھے فقر و فاقہ سے محفوظ رہے اور اگر پانی پر دم کرکے استسقاء کے مریض کو پلائے شفاء پائے، سورۂ مائدہ ہر مرض و استسقاء کے لئے مجرب ہے۔ اگر اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی محتاج نہ ہو غیب سے روزی ملے۔ اس کے کل اعداد ۸۴۸۵۴۶ ہیں نقش مجرب و معظم یہ ہے۔

۵۰ ق **خواص سورۂ انعام**۔ جب کوئی حاجت اور دفع مشکل در رفع حاجت۔ کے واسطے ایک ہی جلسہ میں ۴۱ بار سورۂ انعام پڑھے جس مطلب براری کے واسطے پڑھے گا، حسب دلخواہ مطالب براری ہوگی اور جو مشکل ہوگی وہ آسان ہو جائے گی۔ جو کوئی سورۂ انعام کو لکھ کر اپنی سواری کے گلے میں ڈالے گا، جملہ آفات و بلیات سے بچا رہے گا اور واسطے حصول جاہ اور منصب کے نقش اس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اس کے کل اعداد ۹۳۵۳۲۹ ہیں، چال خانہ پنجم میں ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۳۸۳۳	۲۳۳۸۳۵	۲۳۳۸۳۱	۲۳۳۸۲۴
۲۳۳۸۳۸	۲۳۳۸۲۵	۲۳۳۸۳۷	۲۳۳۸۳۶
۲۳۳۸۲۶	۲۳۳۸۴۰	۲۳۳۸۳۳	۲۳۳۸۳۰
۲۳۳۸۳۴	۲۳۳۸۲۹	۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۳۹

۵۱ ق **نقش سورۂ اعراف**: جو کوئی تین بار پڑھے حاکم جابر مہربانی سے پیش آئے اور جملہ آفات سے محفوظ رہے اور نقش اس سورہ کا لکھ کر اپنے پاس رکھے، امن و امان سے رہے اس کے کل اعداد ۲۵۳۵۹۲ ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے

۷۸۶

۶۳۳۹۷	۶۳۴۰۱	۶۳۴۰۴	۶۳۳۹۰
۶۳۴۰۳	۶۳۳۹۱	۶۳۳۹۶	۶۳۴۰۲
۶۳۳۹۲	۶۳۴۰۶	۶۳۳۹۹	۶۳۳۹۵
۶۳۴۰۰	۶۳۳۹۴	۶۳۳۹۳	۶۳۴۰۵

۵۲ ق **نقش سورۂ انفال** جب کوئی حاجت درپیش ہو، سات بار سورۂ انفال پڑھے حاجت برآوے گی۔ کوئی ناحق قید ہو جائے سات مرتبہ روزانہ پڑھے، قیدی رہا ہو جائے اور نقش اس کا واسطے حل مشکلات و رفع حاجات کے لئے اپنے پاس

۷۸۶

١٠٣٠٨٦	١٠٣١٠٠	١٠٣٠٩٦	١٠٣٠٩٣
١٠٣٠٩٧	١٠٣٠٩٢	١٠٣٠٨٧	١٠٣٠٩٩
١٠٣٠٩١	١٠٣٠٩٤	١٠٣١٠٢	١٠٣٠٨٨
١٠٣١٠١	١٠٣٠٨٩	١٠٣٠٩٠	١٠٣٠٩٥

رکھے، جو مشکل پیش آئے گی آسان ہوگی۔ اسکے کل اعداد ۴۱۲۳۷۵ ہیں اور چال خانۂ سیزدھم میں ہے نقش سامنے ہے

۵۳ ۹ـ **خواص سورۂ توبہ**:- اس سورۃ کو گیارہ بار پڑھے اور حاکم کے سامنے جائے وہ اس سے نرمی کرے اور اس کا مطیع ہو جائے اور نقش اس سورۂ کا اپنے اسباب میں رکھے اسباب تلف نہ ہوگا اور مزید برکت ہوگی اور اس کے نقش کو پانی میں گھول کر باغ و زراعت کو پانی کے ساتھ دے گا تو پھل پھول خوب پیدا ہوں گے۔ اس کے علاوہ

۷۸۶

١٤٥٨٩٦	١٤٥٩١٠	١٤٥٩٠٦	١٤٥٩٠٣
١٤٥٩٠٧	١٤٥٩٠٤	١٤٥٨٩٧	١٤٥٩٠٩
١٤٥٩٠١	١٤٥٩٠٢	١٤٥٩١٣	١٤٥٨٩٨
١٤٥٩١١	١٤٥٨٩٩	١٤٥٩٠٠	١٤٥٩٠٥

بہت سے دیگر فوائد بھی حاصل ہوں گے، احتیاط شرط ہے اس کے کل اعداد ٥٨٣٦١٥ ہیں۔ اور چال خانۂ سیزدھم میں ہے۔ نقش مندرجہ بالا ہے۔

۵۴ ۱ـ **فصلِ سوم**۔ خواص سورۂ یونس و سورۂ ہود و سورہ یوسف و سورۂ رعد و سورۂ ابراہیم و سورہ حجر و سورۂ نحل میں جو کوئی سورۂ یونس کو ۲۱ بار پڑھے اپنے دشمنوں پر فتح پاوے اور غالب رہے اور اگر زعفران و مشک اور گلاب سے لکھکر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے، آسیب دور ہوگا اور اگر کوئی مہم درپیش ہو تو تیرہ مرتبہ پڑھے مشکل آسان ہو اور اگر نقش اس سورت کا لکھکر اپنے پاس رکھے قہر حاکم ظالم اور اعداء کے شر سے محفوظ رہے۔ اس کے کل اعداد ۵۵۰۱۰۸ اور چال خانۂ نہم میں ہے۔ نقش

۷۸۶

١٣٧٥١٩	١٣٧٥٣٣	١٣٧٥٣٠	١٣٧٥٢٦
١٣٧٥٣١	١٣٧٥٢٥	١٣٧٥٢٠	١٣٧٥٣٢
١٣٧٥٢٤	١٣٧٥٢٨	١٣٧٥٣٥	١٣٧٥٢١
١٣٧٥٣٤	١٣٧٥٢٢	١٣٧٥٢٣	١٣٧٥٢٩

۱۱/۵۵ - **خواص سورہ ہود** - جب کوئی مشکل پیش آئے تیرہ بار سورۂ ہود کو پڑھے۔ جب کوئی دشمنوں سے مغلوب ہو ہرن کی جھلی پر اس سورت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمنوں پر ظفریاب ہوگا اور نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے مشکل آسان ہوگی۔ اس کے کل اعداد ۵۱۴۷۸۱ اور خانۂ پنجم میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۶۹۵	۱۲۸۶۹۴	۱۲۸۷۰۴	۱۲۸۶۸۷
۱۲۸۷۰۰	۱۲۸۶۸۸	۱۲۸۶۹۳	۱۲۸۶۹۹
۱۲۸۶۸۹	۱۲۸۷۰۳	۱۲۸۶۹۶	۱۲۸۶۹۴
۱۲۸۶۹۷	۱۲۸۶۹۲	۱۲۸۶۹۰	۱۲۸۷۰۲

۱۲/۵۶ - **خواص سورۂ یوسف** - اگر کسی حاکم سے کوئی حاجت ہو تو سورۂ یوسف کو تیرہ بار پڑھے حسب دلخواہ کام ہوگا اور اگر اپنے عہدے سے معزول ہوگیا ہو تو پھر عہدۂ جلیلہ پر مامور ہوگا اور اگر کوئی شخص مفلس ہو تو اس سورت کو لکھ کر گھول کر پیئے اور پیتے وقت دعا مانگے، تھوڑے ہی دنوں میں غنی ہوجائے اور نقش اسکا اپنے پاس رکھے ترقی مناسب اور حصول عزت کیلئے مفید ہے۔ کل تعداد اعداد ۵۰۳۹۸۰ ہیں جال خانۂ نہم میں ہے۔

۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

۱۳/۵۷ - **خواص سورہ رعد** - اگر کوئی لڑکا بہت زیادہ روتا ہو انیس ۱۹ بار پڑھ کر سورۂ رعد دم کیا کرے۔ لڑکا خوش و خرم رہے گا۔ جب کسی ملک کا حاکم جابر رعایا کو ناحق ایذا پہنچاتا ہو تو اس سورۃ کو کاغذ پر لکھے اور مینہ کے پانی سے دھو کر اس کے گھر میں ڈالے حاکم معزول ہوجائے گا مگر بہتر ہے کہ جب لکھے تو گرج اور کڑک اور پانی برستا ہو تو جلد مؤثر ہوگا اور نقش اس سورہ کا لکھ کر گلے میں ڈالے جس کے گلے میں یہ نقش ہوگا وہ آسیب سے امن و امان میں رہے۔ اس کے کل اعداد ۶۹۲ ۴ ۴۲ ہیں۔ نقش درج بالا ہے۔

۸/۵۶۵	۸/۵۶۰	۸/۵۶۷
۸/۵۶۶	۸/۵۶۴	۸/۵۶۲
۸/۵۶۱	۸/۵۶۸	۸/۵۶۳

۱۴/۵۸ - **خواص سورۂ ابراہیم** - اگر کوئی مرد سحر سے نامرد ہوجائے تو تین بار روز سورۂ

۷۸۶

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

اگر کوئی شخص اس سورۃ کو سفید ریشمی کپڑے پر لکھ کر لڑکے کے بازو پر باندھے گا۔ لڑکا نظر بد اور رونے سے محفوظ رہے گا اور نقش واسطے دفع ہونے درد چشم اور حصولِ دولت کے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

اس نقش کے کل اعداد ۲۴۵۸۱۸ ہیں نقش درج بالا ہے۔

۱۵/۵۹ خواص سورۂ حجر:۔ جب کوئی شخص کچھ خریدے یا فروخت کرے سورۂ حجر پڑھ کر دم کرے اس میں برکت ہوگی۔ جو کوئی اس سورہ کو زعفران سے لکھے گا اور مرضعہ کو پلائے گا، دودھ بکثرت ہوگا اور اگر نقش لکھ کر اپنے مال و متاع میں رکھ دے چوری وغیرہ سے محفوظ رہے اس کے کل اعداد ۱۷۶۷۰۹ ہیں۔

۷۸۶

۶ ۵۸۹۰۴	۱ ۵۸۸۹۹	۸ ۵۸۹۰۶
۹ ۵۸۹۰۵	۵ ۵۸۹۰۳	۳ ۵۸۹۰۱
۲ ۵۸۹۰۰	۷ ۵۸۹۰۷	۴ ۵۸۹۰۲

۱۔ ۲۔ ۳ نمبر حرف چال بتاتے ہیں۔

کمر میں گردہ کے مقام پر درد ہوتا ہے۔ تکلیف کی شدّت سے مریض تڑپتا ہے۔ بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہے کبھی پیشاب بند ہوجاتا ہے اگر آتا ہے تو قطرہ قطرہ ٹپکتا ہے۔ کبھی خون ملا ہوتا ہے نبض کمزور چلتی ہے متلی اور قے بھی ہوتی ہے۔ گردہ کے مقام پر بوجھ معلوم ہوتا ہے۔ حجر الیہود ۱ ماشہ سنگ کرماہی ۱ ماشہ دونوں کا باریک سفوف کر کے جوارش زرعونی ۶ ماشہ ملا کر پہلے کھالیں۔

نسخہ درد گردہ جس کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہوجائے گی شیرہ آلو بالو ۳ ماشہ۔ شیرہ ددقو ۳ ماشہ۔ شیرہ کاکنج ۳ ماشہ۔ عرق انناس ۱۰ تولہ پیس کر شیرہ نکالیں اور شربت بزوری معتدل ۲ تولہ ملا کر پی لیں۔ بعد غذا۔ حب کبد نوشادری ۲ عدد دونوں وقت کھاتے رہیں۔ چاول سے قطعی پرہیز کریں ورنہ اس مرض سے چھٹکارا ناممکن ہے!

۱۹۰۔ **اکسیر الاثر سفوف ذیابیطس یعنی پیشاب میں شکر آنا** - گردوں کے مقام پر سوزش جلن معلوم ہوتی ہے۔ پیاس کی شدّت ہوتی ہے، پیشاب بار بار آتا ہے، مقدار میں زیادہ ہوتا ہے اور رنگ پیشاب کا سفید ہوتا ہے۔ بھوک کم ہوجاتی ہے، مریض کمزور اور دبلا ہوجاتا ہے۔ اگر یہ مرض زیادہ ہوجاتا ہے تو گردوں سے چربی پیشاب کے ساتھ خارج ہونے لگتی ہے۔

نسخہ ذیابیطس بے نظیر - صندل سفید ۳ ماشہ۔ گلنار ۳ ماشہ۔ اقاقیا ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ گوند کتیرا ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ گل مختوم ۳ ماشہ۔ بسد احمر ۳ ماشہ۔ رب السوس ۳ ماشہ۔ شادنج ۳ ماشہ

تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ۔ خار خسک ۳ ماشہ۔ ست گلو ۳ ماشہ۔ سلاجیت ۳ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۲ ماشہ۔ تخم خشخاش ۳ ماشہ۔ تخم خیارین ۳ ماشہ۔ مغز تخم کدّو شیریں ۳ ماشہ۔ کوفتہ بیختہ، سفوف سازند۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ بخورند) گرم اور میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔ کدّو، پالک۔ مونگ کی دال کھائیں۔

سوزاک ۔ پیشاب کی نالی میں خراش اور جلن ہوتی ہے، پیشاب درد کے ساتھ جل کر آتا ہے۔ بعض اوقات پیپ بھی خارج ہوتی ہے۔ کولہوں اور کمر میں درد شدّت کا ہو جاتا ہے بھوک کم ہو جاتی ہے، پیشاب رُک رُک کر آتا ہے، بعض وقت خون ملا ہوتا ہے۔

۱۹۱ **نسخہ دافع سوزاک** ۔ کتیرا ۱ تولہ۔ تالمکھانہ ۱ تولہ۔ رال سفید ۱ تولہ۔ شکر سفید ۳ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنا کر ۷ پڑیاں بنالیں، روزانہ صبح کو گائے کے دودھ کی لسّی کے ساتھ کھالیا کریں۔ ۷ روز میں انشاءاللہ آرام ہو۔ ترشی سے پرہیز کریں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ ٹھنڈی ترکاریاں بغیر مرچ کے استعمال کریں۔ (نوٹ) - اس مرض میں پچکاری کا استعمال کریں۔

۱۹۲ **جریان** :۔ اس مرض میں مادہ تولید بلا ارادہ خارج ہوا کرتا ہے۔ اکثر مجامعت کی کثرت سے بھی ہو جاتا ہے یا جلق کی عادت کے باعث بھی ہو جاتا ہے اور مقوی اور گرم اشیاء کی کثرت سے بھی یہ پیدا ہو جاتی ہے۔

نسخہ دافع جریان :۔ ستاور ۶ ماشہ، اسگند ناگوری ۶ ماشہ، موصلی سیاہ ۶ ماشہ، موصلی سفید ۱ تولہ، موصلی سنبھل ۱ تولہ۔ ثعلب مصری ۹ ماشہ۔ طباشیر سفید ۳ ماشہ۔ سبوس اسبغول ۹ ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنالیں، مقدار خوراک ۳ ماشہ گائے کے دودھ آدھ پاؤ کے ساتھ کھالیا کریں، گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

سیلان رحم :۔ کمر میں درد رہتا ہے پیڑو میں بوجھ ہوتا ہے۔ سفید پانی اندام نہانی سے ہر وقت خارج ہوتا رہتا ہے۔ کام کاج کو جی نہیں چاہتا۔ مریضہ کے اندام نہانی میں خارش ہوتی ہے مریض کمزور ہو جاتا ہے۔

۱۹۳۔ **نسخہ برائے سیلان رحم** :۔ سنگ جراحت ۲ تولہ۔ مائیں خورد ۱ تولہ۔ لودھ پٹھانی ۶ ماشہ۔ چنیا گوند ۶ ماشہ۔ مصری ۲ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور صبح و شام ۶ ماشہ گائے کے دودھ کے

ساتھ استعمال کریں۔

برائے سیلان رحم :۔ معجون سپاری پاک ۶ ماشہ بھی گائے دودھ کے ساتھ کھائیں تو مفید ہے۔

کثرت حیض :۔ اس مرض میں حیض کا خون زیادہ اور بے قاعدگی کے ساتھ آتا ہے، بدن کمزور ہوجاتا۔ نبض تیز چلتی ہے۔ پیاس کی شدت ہوجاتی ہے، چہرہ کی رنگت زرد ہوجاتی ہے۔

۱۹۴۔ **نسخہ کثرت حیض کو روک کر باقاعدہ ماہ بماہ ہوگا!** لعاب بہیدانہ ۳ ماشہ، شیرہ بیخ الجبار ۳ ماشہ شیرہ عناب ۵ دانہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ شیرہ تخم تربوز ۳ ماشہ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ سب کو پانی میں پیس کر چھان کر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پی لیا کریں کم از کم سات روز متواتر۔

یہ **نسخہ دل کی دھڑکن کو بھی نفع دیگا۔** مفرح بارد ۶ ماشہ اول کھا، عرق گاؤزبان ۵ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ اوپر سے پی لیں۔

حیض کی کمی یا بالکل بند۔ برائے حیض شبستان رضا حصہ اول صفحہ ۲۷ والا نسخہ بہت کارآمد اور ہمارا برسوں کا تجربہ شدہ ہے۔ اس مرض میں حیض نہیں آتا یا کچھ مدت آکر بند ہوجاتا ہے یا کم آتا ہے، شدت درد سے تکلیف ہوتی ہے اور اعضاء شکنی اور بے چینی ہوتی ہے، پیڑو کے مقام پر درد ہوتا ہے، جب خون کی کمی ہو تو رنگ پھیکا ہوجاتا ہے چہرہ پر زردی چھا جاتی ہے، جسم کمزور ہوجاتا ہے، سستی اور کاہلی بڑھ جاتی ہے۔

۱۹۵ **نسخہ ماہواری کھولنے کیلئے۔** حب خرطم ۵ ماشہ، بادیان ۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ پوست خربزہ ۵ ماشہ، پرسیاؤشان ۷ ماشہ پاؤ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھا رہ جائے صاف کرکے شربت بزوری ۴ تولہ معتدل ملا کر پلائیں۔ شربت بزوری کو دو حصے کرلیں، صبح کو ۲ تولہ ملا کر پی لیں پھوکس شام کو پکا کر پل چھان کر دو ۲ تولہ شربت ملا کر پی لیں۔

برص یا سفید داغ ۔ اس مرض میں بدن پر سفید داغ ہوجاتے ہیں جن کو اطباء برص کے نام سے پکارتے ہیں۔ یہ انتہائی خراب بیماری ہے جو انسان کے حسن و جمال کو ملیا میٹ کر دیتی ہے۔ یہ خون کی خرابی سے ہوتی ہے۔ اکثر یہ مرض موروثی ہوا کرتا ہے اور کبھی مچھلی کھا کر دودھ پی

لینے سے یہ ہو جاتا ہے۔

۱۹۶:۔ نسخہ سفید داغ دور کرنے کا:۔ چاکسو ۲ تولہ۔ انجیر ۲ تولہ، بکچی ۲ تولہ۔ تخم پنوار ۲ تولہ سب کو ایک مٹی کے برتن میں آدھ پاؤ پانی ڈال کر بھگو دیں۔ صبح کو بغیر ملے ہوئے نتھار کر شہد خالص ۲ تولہ ملا کر پی لیا کریں اور اس کا پھوکس پیس کر سفید داغوں پر ملیں عرصہ تک یہ عمل کرنے سے شکایت دور ہو جاتی ہے۔ کم از کم چالیس روز تک یہ نسخہ استعمال کریں۔ اگر کچھ باقی رہے تو مزید ۴۰ روز استعمال کریں۔ مچھلی۔ گڑ۔ کھٹائی سے پرہیز کریں۔

سوداوی، خارش، کھجلی وغیرہ: یہ مرض خون کی خرابی سے ہوتا ہے یہ سوداوی ہوتا ہے یہ شکایت خون کے احتراق اور سوداویت سے پیدا ہوتی ہے اور کبھی ہاضمہ خراب رہنے سے پیدا ہوتا ہے۔

۱۹۷:۔ نسخہ برائے خارش وغیرہ:۔ شاہترہ ۷ ماشہ۔ چرائیتہ ۷ ماشہ۔ سر پھوکا ۷ ماشہ۔ منڈی ۷ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۶ ماشہ۔ صندل سرخ ۵ ماشہ رات کو گرم پانی ۳ چھٹانک میں بھگو دیں، صبح کو مل چھان کر شربت عناب ۲ تولہ ملا کر کم سے کم ۱۱ روز ورنہ ۲۱ روز استعمال کریں۔

تپ یعنی بخار:۔ گرمی کے موسم میں دھوپ وغیرہ میں چلنے یا خاص مادہ رُک جانے سے بخار ہو جاتا ہے منہ کا مزہ خراب ہوتا ہے۔ زبان خشک ہوتی ہے۔ پیاس شدت کے ساتھ ہوتی ہے بخار سردی کے ساتھ چڑھتا اور بے چینی زیادہ ہوتی ہے بعض اوقات قے ہونے لگتی ہے ایسی حالت میں یہ نسخہ دیں۔

۱۹۸۔ نسخہ بخار ہر قسم:۔ گل بنفشہ ۷ ماشہ، گل سرخ ۷ ماشہ، گل نیلوفر ۷ ماشہ، گل خطمی ۷ ماشہ تخم خیارین ۷ ماشہ۔ آلو بخارا ۵ دانہ، شب در آب گرم تر داشتہ، صبح و شام شربت نیلوفر ۴ تولہ حل کردہ بنوشد۔

نسخہ جات متفرقات

۱۹۹۔ نسخہ برائے بیخوابی یعنی شب کو نیند نہ آتی ہو:۔ اگر کسی کو رات کے وقت نیند نہ آتی ہو سفید پیاز کا پانی دو تولہ اور ادرک کا پانی دو تولہ ملائیں اور دونوں کو ملا کر پلائیں چند روز بعد نیند

آنے لگے گی۔

۲۰۰۔ **بواسیر خونی ہو یا بادی دور ہونے کا مجرّب عمل۔** جس کو بواسیر ہو ایک دانہ لاکھ کا سوراخ دار لے کر تین مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھے اور ۲۱ مرتبہ یہ آیت صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ط۔ شروع چاند میں بعد نماز فجر پڑھے اور وہ لاکھ کمر میں باندھ لے ان شاء اللہ بواسیر دور ہو جائے گی۔

۲۰۱۔ **نسخہ سر کے گنج کا۔** (۱) انار کا چھلکا، خشک دھنیا۔ ہلدی، مردار سنگ، جلی ہوئی ہڑ ان سب کو باریک پیس کر اور چھان کر سر پر چھڑکیں۔ (۲) رائی نصف بھونی ہوئی اور نصف کچی باریک پیس کر تل کے تیل میں ملا کر دن میں کئی بار لگائیں۔ اوپر والی دوائیں ہموزن لیجائیں۔

۲۰۲۔ **سفید بالوں کو سیاہ کرنے کا خضاب:۔** ملتانی مٹی۔ مردار سنگ اور چونا برابر لے کر لوہے کے دستے سے آملہ کے پانی کے ساتھ خوب گھوٹیں کہ سب چیزیں ایک جان و ایک ذات ہو جائیں پھر دو روز تک رکھا رہنے دیں تاکہ چونے کی تیزی دور ہو جائے پھر دو روز تک رکھا رہنے دیں تاکہ بعد دو یوم کے استعمال کریں۔ سفید بال سیاہ ہو جائیں گے مگر مرد کے لئے ناجائز ہے۔

۲۰۳۔ **جوئیں اور لیکھیں مارنے کا نسخہ:۔** اگر کسی عورت مرد بچے بوڑھے کے سر میں جوئیں خواہ لیکھیں پڑ گئی ہوں اور جاتی نہ ہوں تو لیموں کے عرق میں کالی زیری پیس کر بالوں میں خوب طرح سے لگائیں تو سب جوئیں یا لیکھیں مر جائیں گی۔

۲۰۴۔ **سر خبادہ بچوں کیلئے نسخہ:** نیم کی پتیاں، ککر ونده کی پتیاں، چاکسو، مکو کے بیج۔ صندل سرخ، نرکچور، سب برابر وزن میں لے کر پیس کر دودھ پانی کے ہمراہ ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک ۷ روز کھلائیں۔

۲۰۵۔ **چیچک نکلنے سے آنکھ میں اگر دانے پڑ گئے ہوں۔** سماق (ایک قسم کا دانہ ہوتا ہے جو عطاروں کے پاس ملتا ہے) کو گلاب میں تر کر کے صاف کر کے تھوڑا سا کافور ملا کر رات دن میں چند بار ٹپکائیں۔

۲۰۶۔ **بال خورے یعنی جس کے بال نہ جمتے ہوں۔** اوّل آملہ کے پانی سے اس جگہ کو دھوئیں

پھر نوشادر باریک پیس کر مکھن میں ملا کر ملیں ایک ہفتہ تک انشاء اللہ بال پیدا ہوں گے۔

۲۰۷۔ **قے کو روکنا** ۔ پودینہ خشک ۲ ماشہ، لونگ ۲ عدد، الائچی خورد، ۳ ماشہ، مصری ۲ تولہ گلاب میں جوش کر کے فوراً پلائیں۔

۲۰۸۔ **جسم میں گرمی کا لگنا اور کھجلی کو دور کرنیکا نسخہ** ۔ صندل گھس کر سفید کافور، عرق لیموں میں ڈال کر جسم میں ملیں۔ شکایت گرمی کی رفع ہو اور کھجلی کا مرض دور ہو۔

۲۰۹۔ **منہ کا آنا خواہ پھنسیوں کا ہونا یا منہ سے خون کا آنا** ۔ گلاب کے پھولوں کو جوش دیکر کلیاں کریں یا خشک پھولوں کو خوب باریک سفوف کر کے منہ میں چھڑکیں۔

۲۱۰۔ **فالج کا مجرّب نسخہ** ۔ لہسن کا جوا پہلے روز ایک دوسرے روز دو[۲] تیسرے روز تین[۳]، چوتھے روز چار[۴] اسی طرح ہر روز ایک عدد بڑھائیں کر چالیسویں روز چالیس[۴۰] عدد ہو جائیں اور اسی ترکیب سے پانی سے نگل لیا کریں۔ اس کے بعد اسی طور سے گھٹانا شروع کریں یعنی اکتالیسویں روز ۳۹ پھر ۳۸ پھر ۳۷ پھر ۳۶ پھر ۳۵ یہاں تک کہ ایک تک نوبت پہنچے خدا چاہے مرض فالج جاتا رہے

۲۱۱۔ **برائے درد شکم** (۱) چنے کے برابر ہینگ لیکر بھون کر ۳ ماشہ گڑ کے ساتھ کھائیں درد شکم نہ ہوگا ۔ (۲) اگر اچانک کسی وجہ سے پیٹ میں درد پیدا ہو جائے تو ذیل کا نسخہ استعمال کریں درد پیٹ رفع ہوگا ۔ الائچی کلاں ۲ ماشہ۔ دار چینی ۳ ماشہ۔ تیز پات ۳ ماشہ جوش دیکر پلانے سے فائدہ ہوگا

۲۱۲۔ **آنکھ کی روشنی بڑھانے کیلئے** ۔ ایک تولہ ناریل چھلکا اتار کر ہمراہ مصری کے روزانہ کھائیں

۲۱۳۔ **دردِ زہ کی تکلیف کیلئے** ۔ اگر اندر خربوزے کا دودھ مقامِ رحم پر لگایا جائے تو فوراً بچہ کی پیدائش ہوگی۔

۲۱۴:۔ **جوئیں دور کرنا** ۔ اگر چقندر کے پانی سے سر دھو دیا جائے تو جوئیں نہ پڑیں

۲۱۵:۔ **چھچھندر یا اکوتہ کے لئے** ۔ بکری کے پہلو کی ہڈی جلا کر باریک پیس کر تھوڑے آٹے میں خمیر کر کے پھر ایک روٹی تیار کریں ایک رخ روٹی کا پکا کر اس رخ کو اکوتہ پر باندھیں۔

۲۱۶:۔ **سانپوں کا بھگانا** ۔ اگر نوشادر پسا ہوا جس جگہ چھڑک دیں۔ وہاں سے سانپ بھاگ جائیگا۔

اور یہی تاثیر رائی اور سرسوں میں بھی ہے۔

۲۱۷۔ **سانپ کے زہر کا دفعیہ:۔** لہسن کو دو ٹکڑے کر کے مقام پہ باندھنے سے زہر اتر جائے گا۔ اسی طرح مولی چھیل کر باندھنے سے زہر اتر جائے گا۔ انشاء اللہ

۲۱۸:۔ **نسخہ گٹھیا کے لئے نہایت مجرب ہے:** لونگ ۱ تولہ، طباشیر ۱ تولہ۔ سیاہ مرچ ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ بہمن سفید ۱ تولہ۔ بہمن سرخ ۱ تولہ۔ بالچھڑ ۱ تولہ۔ مصطگی ۱ تولہ۔ شقاقل ۱ تولہ۔ ناگر موتھا ۱ تولہ۔ چوب چینی ۱ تولہ۔ الائچی کلاں ۱ تولہ، جائفل ۲ عدد۔ اسطوخودوس ۱ تولہ۔ بسفائج ۱ تولہ۔ افتیمون ۱ تولہ۔ گلسرخ ۱ تولہ زنجبیل ۱ تولہ۔ دارفلفل ۱ تولہ، عقرقرحا ۱ تولہ۔ سورنجان ہلو ۱ تولہ۔ تودری عین ۱ تولہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ، مغز بادام ۱ تولہ، پستہ ۱ تولہ۔ چلغوزہ ۱ تولہ۔ کھوپرا ۱ تولہ۔ مغز خربوزہ ۱ تولہ۔ مغز خیارین ۱ تولہ۔ مغز تربوز ۱ تولہ۔ مصری کوزہ ۷ تولہ۔ بوراشکر ملا کے قوام میں معجون بنائیں۔ خوراک ۹ ماشہ تا ۱ تولہ اور کم و زیادہ مرضی طبیب پر موقوف ہے، انشاء اللہ بہت جلد گنٹھیا کو آرام ہوگا۔

دق کا بخار یا بلغمی بخار۔ دق جب شروع ہو تو فوراً اس کے علاج کی طرف توجہ کرنا چاہیئے یہ مرض مردوں کی بہ نسبت جوان عورتوں کو زیادہ دیکھا گیا ہے اور سبب اس کا اکثر رحم کی خرابی ہے۔ یہ مرض ورثہ میں بھی اکثر اولاد میں بھی پایا جاتا ہے۔ یعنی ماں باپ کو اگر دق ہوتی ہے اور اسی مرض میں انتقال ہوا ہو تو اولاد میں بھی دق کے اثرات ضرور پائے جاتے ہیں۔ شروع میں مرض پر توجہ نہ ہونے سے مرض بڑھ جاتے ہیں۔ اس کے تین درجے بیان کیے جاتے۔ درجہ اول میں خون جلتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک چراغ روشن ہے اگر مزید اس میں روغن نہ ڈالیں تو پہلے تیل جل کر ختم ہو کر دوسرا درجہ شروع ہوا۔ اب بتی میں جو تیل ہے وہ جلے گا۔ جب وہ بھی ختم ہو جائے گا تو بتی جلنا شروع ہو گی، یہ دق کا تیسرا درجہ ہے تقریباً یہ لا علاج ہے۔ لہذا جیسے ہی خفیف بخار شروع ہو فوراً مندرجہ ذیل تدابیر عمل میں لائی جائیں۔ صبح کے وقت منہ کا مزا کڑوا ہونا، بعد دوپہر کے وقت طبیعت کا گر جانا۔ بخار مستقل ہلکا اور تیز ہونا صبح کے وقت عموماً نبض کمزور ہوتی ہے۔

۲۱۹۔ ابتدائے دق میں یہ نسخہ نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اصلی ست گلو ۱ تولہ، طباشیر ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ خوب باریک پیس کر کپڑے میں چھان کر ۱۔ ۱ ماشہ کی پڑیاں بنالیں،

صبح و دوپہر شام شربت بنفشہ ایک ایک تولہ میں ملا کر چٹاتے رہیں، انشاءاللہ مولیٰ وتعالیٰ دوا کے اختتام تک بخار ختم ہو جائے گا۔ کھانسی بھی ہو تو شربت اعجاز ۱-۱ تولہ کے ساتھ دیں۔ غذا میں مونگ کی دال، پالک کا ساگ، چپاتی یا بکری کے گوشت کا شوربہ یا کلیجی کا شوربا وغیرہ۔

۲۲۰۔ **بلغمی بخار** یہ بخار اکثر نابالغ بچیوں کو ایسے وقت میں جبکہ وہ سن بلوغ کے قریب پہنچتی ہیں دیکھا گیا ہے۔ جوان العمر میں بھی ہوتا ہے، مردوں میں بہت کم دیکھنے میں آتا ہے۔ اس بخار کی نبض دق کے بخار سے اس قدر مشابہ ہوتی ہے کہ اکثر ڈاکٹر صاحبان اس بخار کو دق کا بخار سمجھ کر دق کا علاج شروع کر دیتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ علاج غلط کرنے سے دق نہیں تھی مگر ہو جاتی ہے حالانکہ دونوں کا علاج بالکل مختلف ہے۔ چونکہ میری خالہ زاد بہن جب بیمار ہوئی تو اس کے علاج میں کافی تجربہ ہوا۔ ڈاکٹری علاج شروع ہو چکا تھا اور دو ڈاکٹروں نے دق بتا دی تھی، جب میں نے دیکھا تو شدت کا بخار تھا۔ اور کان میں سخت درد۔ اس وقت میں نے خمیرہ مروارید کے ہمراہ حب شفاء کھانے کو دی کہ خمیرہ مروارید میں ایک گولی رکھ کر صبح و شام کھاتی رہے، ایک ہفتہ کے اندر کان کا پھوڑا پھٹ گیا مواد نکل گیا اور تکلیف تو گولی دیتے ہی کم ہو گئی بخار اتر گیا۔ آٹھویں روز میں نے نبض دیکھی تو کلمہ کی انگلی پر حرکت زیادہ اور نبض میں تیزی تھی، جس سے میں نے جانا کہ اس نبض سے ڈاکٹر صاحبان کو مغالطہ ہوا کہ انہوں نے اس کو دق کا بخار قرار دیا، فقیر نے اپنا مجرب نسخہ استعمال کرایا دو ہفتہ میں غسل صحت کرا دیا۔

۲۲۱۔ **بلغمی بخار کا مجرب نسخہ مع ترکیب:** خوبکلاں (خاکسی) ۷ تولہ لیکر ۱۴ پڑیاں بنالیں ایک پڑیا روزانہ آدھ پاؤ پانی میں پکا کر چھان کر شربت ۲ تولہ ملا کر نہار منہ پلائیں مگر ہر روز پکاتے وقت یہ خاص خیال رکھیں کہ پہلے روز ایک بار جوش دے کر پلائیں، دوسرے روز دو مرتبہ تیسرے روز تین بار، اسی طرح سات روز تک ہر روز ایک ایک جوش بڑھاتے جائیں یعنی ایک بار آگ پر رکھیں اور دوا کا پانی جوش کرنے لگے تو آگ سے اتار لیں اور آدھے منٹ کے بعد پھر آگ پر رکھیں پھر جب جوش آئے اب یہ دو مرتبہ کا جوش ہو گیا۔ بس اسی طرح ۷ روز تک ۷ بار اور آٹھویں بھی ۷ بار جوش کر کے پلائیں پھر نویں روز ۶ بار، دسویں روز ۵ بار، گیارھویں روز ۴ بار بارھویں روز ۳ بار تیرھویں

روز ۲ بار، چودھویں روز ایک بار یعنی پہلے روز سے ۷، ۸ روز تک ایک ایک جوش بڑھائیں ساتویں آٹھویں روز ۷۔ ۷ بار پھر ایک ایک جوش دیا جائے گا۔ یہ چودہ روز کا کورس ہے انشاءاللہ چھ مہینے کا بخار ہوگا تو اس نسخہ سے مکمل شفاء ہو جائے گی۔

۲۲۲۔ **حبِ شفاء**۔ یہ گولیاں بروقت انجکشن کا کام کرتی ہیں۔ کان کا درد، پیٹ کا درد، گردہ کا درد، قولنج کا درد، سر کا درد، غرض اس قسم کی کوئی بھی تکلیف ہو اور کوئی دوا وقت پر نہ ملے بلکہ دیگر دوائیں دینے سے بھی تکلیف بدستور رہے تو ایسے وقت میں ایک گولی خمیرہ مروارید ۴ ماشہ کے ہمراہ کھلائیں خمیرہ بھی نہ ملے تو گڑ میں لپیٹ کر کھلا دیں اور پھر قدرتِ الٰہی کے کرشمے دیکھیں۔ دیگر فوائد انشاءالمولیٰ الکریم (شبستانِ رضا حصہ چہارم المعروف بہ عزیز الخلائق) میں بالتفصیل ملاحظہ فرمائیں کہ کس کس مرض میں کس کس بدرقہ کے ساتھ ان گولیوں سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

۲۲۳۔ **نسخہ حبِ شفاء**۔ تخم جوز ماثل یعنی دھتورہ کے بیج ایک تولہ، سونٹھ ڈیڑھ تولہ، ریوند چینی ۸ ماشہ، گوند ببول ۱ تولہ۔ خوب باریک کوٹ چھان کر پانی ڈال ڈال کر اتنا باریک پیسیں کہ دانہ نہ رہے پھر چنے برابر گولیاں بنا کر اوپر سے چاندی کا ورق چڑھالیں اور وقت ضرورت کام میں لائیں۔

۲۲۴۔ **نسخہ امرت دھارا**:۔ ست پودینہ ۱ تولہ، ست اجوائین ۱ تولہ، کافور ۱ تولہ، روغن الائچی دو تولہ، روغن جائفل ایک ماشہ، روغن لونگ ۱ ماشہ، سب کو ایک عمدہ شیشی میں ملالیں سب عرق بن جائے گا۔ یہ دوا سر سے پاؤں تک ہر مرض کے کام آتی ہے گویا ایک حکیم ڈاکٹر گھر میں موجود ہے اور سچ پوچھئے کہ تو تمام ہی بیماریوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے، صرف ایک قطرہ پانی میں ملا کر پلایا جاتا ہے۔ ہیضہ، کالرا۔ بدہضمی وغیرہ میں ٹھنڈے پانی میں دیں۔ قبض ہو تو بعد غذا ایک قطرہ گرم پانی لیا کریں۔

درویشی اور فقیری نسخے!

۲۲۵۔ **نسخہ دافع جریان** ۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ، موصلی سفید ۱ تولہ، ثعلب مصری ۱ تولہ، شقاقل مصری ۱ تولہ، تالمکھانہ ۱ تولہ، بنسلوچن ۱ تولہ۔ ستاور ۱ تولہ، کرکس ۱ تولہ، گوکھرو خورد ۱ تولہ، گوکھرو کلاں ۱ تولہ، ہر خورد

اتولہ۔ ہرڑ کلاں اتولہ، الائچی خورد اتولہ، الائچی کلاں اتولہ، زیرہ سفید اتولہ، زیرہ سیاہ اتولہ، گوند ببول اتولہ، چینیا گوند، پودینہ خشک اتولہ۔ اجوائن ولیسی اتولہ، مصری یا چینی ۲۰ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ خوراک ۵ ماشہ ہمراہ دودھ آدھ پاؤ۔

۲۲۶۔ **نسخہ ماہواری جاری کرنیکا۔** بابڑنگ ۲ تولہ، باءکھمبہ ۲ تولہ۔ تخم گندر اتولہ، نرکچور ڈیڑھ تولہ، سونٹھ اتولہ سب کو کوٹ چھان کر تین حصے کر کے تین روز ہر روز ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکا کر چھان کر لقدر ضرورت شکر ملا کر پلائیں ۳ روز میں شفاء ہو انشاء اللہ۔

۲۲۷۔ **نسخہ از بُوعلی شاہ قلندرؒ اگر مورہ اور جگر کی خرابی سے بخار قائم ہو کر دق کے درجہ تک بھی پہنچ گیا ہو انشاء اللہ صحت ہوگی** } سنائے مکی ۸ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ انیسون ۲ تولہ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور تین ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ آب تازہ سے استعمال کریں۔ جگر پر ورم ہو تو عرق مکو کے ساتھ دیں، کھانے میں گیہوں کا دلیہ میٹھا یا نمکین جیسا اچھا لگے۔

۲۲۸۔ **نسخہ قبض کشا** از بابا فرید گنج شکرؒ۔ سنائے مکی ۲ تولہ، سونٹھ ۲ تولہ، کالی مرچ ۱/۲ ۲ تولہ، الائچی کلاں ۶ ماشہ، نمک لاہوری ۳۔ خوراک ۳ ماشہ سوتے وقت پانی سے۔

۲۲۹۔ **خواب میں نہ ڈرے آرام سے سوئے**، برائے دفع ڈر، خوف جو لڑکا یا کوئی خواب میں ڈرتا ہو، اس کے لیے یہ نقش نہایت مفید ہے اس کو لکھ کر ڈرنے والے کی گردن میں باندھ دے پھر وہ کبھی خواب میں نہ ڈرے گا اور ہر خطرے سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ سامنے درج ہے

یافتاح	یافتاح	یافتاح	یافتاح
یافتاح	یافتاح	یافتاح	یافتاح
یافتاح	یافتاح	یافتاح	یافتاح
یافتاح	یافتاح	یافتاح	یافتاح

۲۳۰۔ **نیند نہ آنے کا طلسم**: اگر کسی کو نیند زیادہ آتی ہو تو اُلّو کو ماریں اور مرنے کے بعد جو اس کی ایک آنکھ کھلی رہے گی اسے نکالے کر کپڑے میں باندھیں اور گردن میں لٹکالیں، جب تک وہ لٹکی رہے گی نیند نہیں آئے گی، جب اتارلیں گے تو نیند آئے گی۔ (اُلّو کی ایک آنکھ بند رہتی ہے اور ایک آنکھ کھلی رہتی ہے)۔ لہٰذا کھلی ہوئی آنکھ لیں تو نیند نہ آئیگی جب تک بازو سے جدا نہ ہوگی۔

الْاَرْوَاحِ کے بعد کو سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ

نہ ہو اور حصولِ مراد کی علامت یہ ہے کہ اہلِ قبر بالمن

ہے۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَةِ

۲۲۲ عمل سفر میں گئے ہوئے کے کامیاب واپ

اور چاہے کردہ کامیابی کے ساتھ واپس آجائے

نماز کے پڑھا کرے۔ انشاء اللہ وہ کامیاب واپس

ختم شد

رَّحِیْمِ ط بے تعداد کہتا رہے جب تک مقصد حاصل

شاہدہ سامنے آئے اور حکم کرے۔ ترکیب کشف روح کی یہ

وَالرُّوْحِ ط

س آنے کا۔ جس کسی کا کوئی عزیز یا دوست سفر کو گیا ہو

تو سورۂ فاتحہ اکتالیس (۴۱) بار درمیان سنت اور فرض فجر کی پڑھے

آئے گا اور مریض کی صحت کے واسطے بھی اسی طرح پڑھے۔

حصہ سوم

تصحیح شدہ
مرتب
علامہ اقبال
تصحیح کنندہ :

چہارم

سے جذبات بھی [illegible]

سے دامن بھر کر اُٹھے گا۔

یاالٰہی رحم فرما مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے
مشکلیں حل کر شہِ مشکل کشا کے واسطے

سیّدِ سجّاد کے صدقے میں ساجد رکھ مجھے
صدقِ صادق کا تصدّق صادق الاسلام کر

بہرِ معروف وسری معروف دے بے خود سری
بہرِ شبلی شیرِ حق دُنیا کے کتّوں سے بچا

بوالفرح کا صدقہ کر غم کو فرح دے حسن وسعد
قادری کر قادری رکھ قادریوں میں اُٹھا

اَحْسَنَ اللّٰہُ لَہٗ رِزْقًا سے دے رزقِ حسن
نصرِ ابی صالح کا صدقہ صالح و منصور رکھ

طورِ عرفان و علو و حمد و حُسنیٰ و بہاء
بہرِ ابراہیم مجھ پہ نارِ غم گلزار ہو

خانۂ دل کو ضیاء دے روئے ایماں کو جمال

...روں، انشاء اللہ تعالیٰ میسر ہے روزی تو ہر مراد

...رسول اللہ کرم کیجئے خدا کے واسطے

...ر بلائیں رد شہید کربلا کے واسطے

...م حق دے باقرِ علم ہدیٰ کے واسطے

...ے غضب راضی ہو کاظم اور رضا کے واسطے

...دِ حق میں گن جنیدِ باصفا کے واسطے

...ے کار کھ عبدِ واحد بے ریا کے واسطے

...حسن اور بوسعیدِ سعد زا کے واسطے

...عبدِ القادرِ قدرت نما کے واسطے

...دہ رزاق تاج الاصفیا کے واسطے

...ے حیاتِ دیں محیِ جانفزا کے واسطے

...ے علی موسیٰ احسن احمد بہا کے واسطے

...ک دے داتا جعفر بادشاہ کے واسطے

...ضیا مولیٰ جمال الاولیا کے واسطے

دو جہاں میں خادمِ آلِ رسولِ اللہ کر　　　حضرتِ آلِ رسولِ مقتدا کے واسطے
کر عطا احمد رضائے احمدِ مرسل مجھے　　　میرے مولیٰ حضرت احمد رضا کے واسطے

صدقہ ان اعیاں کا دے چھ عین عز و علم و عمل
عفو عرفاں عافیت احمد رضا کے واسطے

اللہ جل جلالہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سبحٰن اللہ وبحمدہ

طالب و مطلوب ملتے ہیں، غنچہ ہائے وصل کھلتے ہیں۔ اگر ایک طرف یکتائی و وحدت کی کلیاں کھل رہی ہیں تو دوسری طرف کثرت و جلوت کے پھول مہک رہے ہیں۔ مطلوب اپنے طالب کا طالب ہے، اور طالب اپنے مطلوب کا مطلوب۔ یہ اس کا پیارا وہ اس کا محبوب، اہل دل کو دعوتِ فکر ہے تاکہ وہ دیکھیں کہ جن محب و محبوب کے اسماء مبارکہ کے حروف و اعداد میں اتنی مناسبتیں ہیں تو ذوات کی حقیقت کا کیا عالم ہوگا۔ یعنی اسم اللہ جل جلالہ اور اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

پہلی مناسبت۔ اللہ کے حروف چار[۴]۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حروف بھی چار[۴]۔

دوسری مناسبت۔ اللہ کے چاروں حروف بے نقط، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چاروں حروف بھی بے نقط۔

تیسری مناسبت۔ اللہ جل جلالہ کے پہلے دو حروف چھوڑ کر تیسرے حرف پر تشدید ہے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے دو حروف چھوڑ کر تیسرے حرف پر بھی تشدید ہے۔

چوتھی مناسبت۔ اسم اللہ میں دو حرف احاد[۲] ہیں اور دو عشرات[۲] تو اسم محمد[۲] صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی دو حرف احاد ہیں اور دو عشرات۔

یہ تو تھیں حروف کی مناسبتیں آیئے اب اعداد کی مناسبتیں ملاحظہ فرمایئے!

پانچویں مناسبت:۔ اللہ کے عدد ۶۶۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے عدد ۹۲ = ۹۲ اور ۶۶

کی اکائی اور دہائی کے عددوں کو بغور دیکھیے تو اکائی میں بھی خاص نسبت اور دہائی میں بھی، یعنی جن اعداد میں مناسبت ہے وہ یہ ہیں۔ ۲-۴-۶-۸ اسی طرح۔ ۳-۶-۹ ایک کو سب سے نسبت ہے۔ اب دیکھیے کہ ۶۶ اور ۹۲ کی اکائی دہائی میں کیسی پیاری نسبت ہے۔ دونوں کی اکائی ۲ اور ۶ ہے۔ دو تیا ۶ اور دہائی ۶ اور ۹ یہ دونوں تین سے تقسیم ہو جاتے ہیں۔ تین دُونی چھ ۶ اور تین تیا نو ۹۔ سبحان اللہ وبحمدہٖ۔

چھٹی مناسبت۔ ۶۶ کے عدد کو اگر ۲ سے تقسیم کریں تو برابر سے تقسیم ہو جائے گا۔ ۲/۶۶ = ۳۳ اسی طرح محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے عدد ۲/۹۲ = ۴۶۔

ساتویں مناسبت۔ اسم اللہ کے اعداد ۶۶ کی اکائی دہائی کو آپس میں ضرب دیکر اکائی دہائی کو جمع کرلو تو حاصل عدد ۹ ہوگا۔ یعنی چھ چھنگ چھتیس ۳۶، چھ اور تین ۳ نو ۹۔ بالکل اسی طرح اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اعداد ۹۲ کی اکائی دہائی کو ضرب دے کر حاصل شدہ اکائی دہائی کو جمع کرو تب بھی حاصل عدد ۹ ہوگا۔ نو دونی ۱۸ — ۸ + ۱

ناظرین کرام آپ کو معلوم ہے کہ ۹ کے عدد میں کیا خوبیاں ہیں۔

سُنیئے! پہلی بات تو یہ ہے کہ چونکہ اسم اللہ اور اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اعداد کی اکائی دہائی ضرب دیکر پھر اکائی دہائی کو جمع کیا تو ۹ کا عدد کیوں آیا ۸ یا ۷ یا ۶ یا ۵ یا ۴ یا ۳ یا ۲ کیوں نہ آیا۔ کیسے آتا کہ یہ سب اعداد چھوٹے ہیں ۹ کا عدد سب سے بڑا اور اتنا بڑا کہ بڑے سے بڑا فلسفی بھی ۹ سے بڑا عدد پیش نہیں کر سکتا۔ اس ۹ کے عدد میں ایک ایسی خصوصیت بھی پوشیدہ ہے جو اور کسی عدد میں نہیں یعنی یعنی اس ۹ کے عدد کی کتنی ہی قلب ماہیت کی جائے کہ ظاہری طور پر دیکھنے والا اسے معدوم سمجھے لیکن اہل نظر کو اسی میں ۹ کے جلوے نمایاں نظر آئیں گے۔ مثلاً ۹ کا پہاڑہ ایک سے دس تک پڑھتے چلے جایئے۔

۱: یعنی اسم اللہ اور اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم، دونوں کے چاروں حرف بغیر نقطے کے ہیں۔ سبحان اللہ وبحمدہٖ۔

۲: احاد وہ حروف وہ کہلاتے ہیں جن کے عدد ۱۰ سے کم ہوں۔ ابجد سے حطی تک اب ج د ہ و ز ح ط ی یہ سب احاد ہیں۔

۳: عشرات وہ حرف کہلاتے ہیں جن کے عدد ۱۰۰ سے کم ہوں۔ کلمن سے سعفص تک ک ل م ن س ع ف ص یہ سب عشرات ہیں تو اللہ کے نام میں الف اور ا، احاد اور ۲ لام عشرات، اسم محمدؐ میں بھی ح اور د احاد اور ۲ م عشرات۔ سبحان اللہ وبحمدہٖ۔

۹ اکن ۹، ۹ دونی ۱۸ - ایک اور آٹھ ۹، ۹ تیئے ۲۷ - ۲ اور ۷ = ۹، ۹ چوک ۳۶ - ۳ اور چھ = ۹، ۹ پنجے ۴۵ - ۵ اور چار ۹، ۹ چھکے ۵۴ - ۴ اور ۵ = ۹ - ۹ ستے ۶۳، ۶ اور ۳ = نو - ۹ اٹھے ۷۲ - ۷ اور ۲ = ۹ - ۹ نیم اکیاسی ۸۱ ۸ اور ۱، نو - ۹ دسا دن ۹۰ = ۹ کے نو ہی صفر تو صفر ہے ہی۔ اسی طرح سو تک، ہزار تک، لاکھ تک ۹ کا پہاڑہ پڑھیں گے تو بظاہر اعداد کی شکلیں مختلف نظر آئیں گی مگر جب اعداد کو آپس میں جوڑیں گے تو حاصل عدد ۹ ہی ہوگا۔

آٹھویں مناسبت۔ اگر اسم اللہ کے حروف کو ملفوظی کرکے لکھیں اور پھر اُن کی تخلیص کرلیں یعنی مکرر حروف گرادیں اور باقی ماندہ حروف کے اعداد کبیر کو بسیط اور بسیط کو صغیر اور صغیر کو اصغر بقاعدہ جفر بنائیں تو حاصل عدد ۳ ہوگا، مثلاً الف۔ لام۔ ھا = ال ف ل + م ل + م ھ + باقی حروف تخلیص شدہ یہ ہیں۔ ال ف م ھ ان کے اعداد ہوئے ۱ - ۳۰ - ۸۰ - ۴۰ - ۵ + ۲۱ - ۲ + ۱ = ۳ - اسی طرح اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ملفوظی کیا تو میم حامیم دال - م ی م ح ا م ی م دال - تخلیص شدہ حروف یہ ہیں م - ی - ح - ا - د - ل ان کے اعداد ۴۰، ۱۰، ۸، ۱، ۴، ۳۰ + ۲۱ - ۲ + ۱ = ۳ -

ناظرین کرام! آپ مندرجہ بالا مضمون پڑھکر شاید یہ خیال فرمائیں کہ بھلا عملیات اور نقوش کی کتاب سے اور اس مضمون سے کیا تعلق ہے تو فقیر نے برکت کے لئے کتاب کی ابتدا جہاں اس مبارک مضمون سے کی وہاں اہل دل اور اہل محبت حضرات کے لئے ان کی روحِ ایمان میں ایک نئی روح کا اضافہ بھی ہوگا۔ رہا عوام کا فائدہ تو وہ بھی سُن لیجئے کہ جب پہلی بار یہ مضمون فقیر کے علم میں آیا تو فقیر نے اسی کسوٹی کو پیشِ نظر رکھ کر سب سے پہلے صوفی اقبال احمد کے اعداد کو اپنے نام یعنی عزیز احمد کے اعداد سے جانچا۔ اقبال احمد کا پیدائشی نام فقیر نے نثار احمد رکھا تھا جس کے اعداد ۶۰۴ اور عزیز احمد کے اعداد ۱۴۷ چونکہ اکائی میں اختلاف تھا اور ۷ - ۸ برس کی عمر کا گذرا ہوا زمانہ نظر کے سامنے آیا تو بجائے نثار احمد کے ان کا نام اقبال احمد رکھ دیا۔ اس نام کے اعداد ہیں ۱۸۷ اور فقیر کے نام کے اعداد ۱۴۷۔ اس طرح اکائی۔ دہائی۔ سیکڑہ سب میں مناسبت پیدا ہوگئی اور دیکھئے کہ اللہ عزوجل کے جتنے نبی و رسول آئے سب اللہ کے محبوب اور پیارے ہیں اور سب کے ناموں میں اللہ عزوجل کے

اسم مبارک کے اعداد سے ایک یا دو یا اس سے زیادہ مناسبتیں ملیں گی، مگر سیدنا آدم علیہ السلام کا ابتدائی ۳۰۰ برس کا زمانہ کس طرح گزرا، یہ خیال اچانک مندرجہ بالا مضمون لکھتے وقت آیا تو فوراً اعداد پر نظر گئی کہ ۶۶ اور ۴۵ جو حضرت آدم علیہ السلام کے نام کے اعداد ہیں، دونوں کی اکائی میں نسبت نہیں دہائی میں ہے۔ ساتھ ہی آدم۔ حوّا کے اعداد کی مناسبت دیکھئے کہ اکائی میں بھی مناسبت دہائی میں بھی مناسبت اور ہر دو کے اعداد ۳ سے برابر تقسیم بھی ہو جاتے ہیں۔ مزید تشریح ص۱۰۱ تا ص۱۰۷ بغور ملاحظہ فرمائیں۔

لہٰذا۔ آپ جب کسی نوزائیدہ بچے کا نام رکھیں تو مندرجہ بالا نسبت کو پیش نظر رکھ کر رکھیں اور کسی لڑکے لڑکی کی نسبت کرنا ہو تو جہاں اور تمام باتیں خاندانی حالات، چال چلن وغیرہ معلوم کئے جاتے ہیں ساتھ ہی دونوں کے ناموں کی اکائی کی مناسبت ضرور دیکھ لیا کریں۔

الفقیر

عزیز احمد مدّاح الرسول رضوی

عفی عنہٗ

گذارشِ احوالِ واقعی

تعویذ و عملیات پر مشتمل کسی کتاب کی تصنیف تو گیا اولیائے کرام کی بیاض اور کتب عملیات اور عاملین کے رموز و اشارات کو سمجھنا اور سمجھکر عوام کو سمجھانا اور اس کی حقیقت کو عوام پر تحریری طور پر واضح کرنا اور دلکش ترتیب سے کتاب کو زینت بخشنا آسان کام نہیں، بلکہ دشوار اور بہت دشوار ہے اور وہ بھی مجھ جیسے مصروف انسان کے لئے کتنا مشکل ہے، دن تو کارِ دنیا کے ساتھ ساتھ احباب کے ہجوم میں گذر جاتا ہے، رات کو تصنیف و تالیف۔ مضمون نگاری قدرے آسان ہے، مگر مسلسل تقاریر کے پروگرام۔ ایسی حالت میں اوراد و وظائف پر مشتمل کسی انمول کتاب کی ترتیب و تدوین اور تزئین کا ارادہ کرنا میرے بس سے باہر تھا۔ مگر احباب کی مسلسل فرمائشات اور اس پر والد ماجد حضرت قبلہ صوفی عزیز احمد صاحب مداح الرسول رضوی مدظلہ، کا اصرار جس کو ٹال دینا بھی مجھ ناتواں کے بس کی بات نہیں آخرش اس خالقِ یکتا کے بھروسے پر کام شروع کردیا۔ اب تکمیل بھی اسی کے یدِ قدرت میں ہے۔ مَیں کیا میرے علم و عمل کی بساط کیا۔ مگر سیدی و مرشدی حضور مفتی اعظم ہند قدس سرہ العزیز کے ذریعہ، امام اہلسنت اعلیحضرت محمد احمد رضا خان صاحب قدس سرہٗ کے فیوض و برکات کے جو آبشار جاری ہوئے اسی کا صدقہ ہے کہ اولیائے امت کے ذاتی بیاض، عاملین و کاملین کے مخصوص اوراد و وظائف خصوصاً مجموعہ اعمال اعلیحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ورق گردانی نصیب ہوئی۔ خدمتِ خلق جو ہمارے اکابر کا طرۂ امتیاز رہا ہے، اسی کے پیش نظر کتابی شکل میں شمع شبستانِ رضا کے تین حصے زیورِ طباعت سے آراستہ کر کے ہدیۂ ناظرین کئے گئے۔ یہ کتاب عزیز الخلائق بھی اسی زنجیر کی حسین کڑی ہے۔ مولیٰ تعالیٰ محبوبانِ بارگاہ کے صدقے میں میں شرفِ قبولیت کے تاجِ زریں سے سرفراز فرمائے آمین اکابرین کرام، علمائے عظام سے دست بدستہ گذارش ہے کہ اس کتاب کے مضامین میں اس فقیر حقیر سے کہیں فرو گذاشت ہوئی ہو فقیر کو مطلع فرمادیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اسے درست کردیا جائے۔ احسانِ عظیم ہوگا ——— اقبال احمد نوری

طلسمِ سیّارگان

زمانۂ سکندر ذوالقرنین میں قوم یاجوج ماجوج آدمیوں کو نہایت ہی تکلیف دیتی تھی۔ ہزارہا آدمی اس نواح کے وہ قوم کھا گئی۔ آخر عاجز ہو کر وہاں کے باشندے سکندر ذوالقرنین بادشاہ کی خدمت میں آکر عرض کیا کہ یہ قوم ہم کو نہایت تکلیف دیتی ہے۔ سکندر نے اپنے لشکر کو جمع کر کے اس قوم پر چڑھائی کی۔ بہت لڑائیاں ہوئیں مگر ہر بار فوجِ سکندر کو شکست ہوئی تب سکندر نے جو حکما اس کے ہمراہ تھے سب کو جمع کر کے کہا کہ کوئی طریقہ دفع نحوست فلکی کا تیار کرو کہ اس قوم پر فتح ہو۔ حکماء نے بموجب ارشاد بادشاہ کے بالاتفاق یہ سات طلسم ساتوں ستاروں سیّاروں کے تیار کیئے اور لکھکر بادشاہ کے بازو پر باندھے، بعدہٗ سکندر نے فوج کو آراستہ کر کے اس قوم پر پھر حملہ کیا، خداوند کریم نے ان طلسموں کی تاثیر سے فتح دی اور قوم مذکور نے شکست پائی۔

ساتوں ستاروں کی نحوست زائل کرنے میں یہ ساتوں طلسم اپنی نظیر آپ ہیں!

مگر ان کے متعلق انوارِ نجوم میں لکھا ہے کہ ہر طلسم جس ستارہ سے منسوب ہے اس کو اسی ستارہ کے شرف میں لکھا جائے۔ مثلاً زحل کا طلسم، شرف زحل میں، مشتری کا طلسم شرف مشتری میں۔ مریخ کا طلسم، شرفِ مریخ میں۔ آفتاب کا طلسم، شرفِ آفتاب، عطارد کا طلسم، شرفِ عطارد میں، زہرہ کا طلسم، شرفِ زہرہ میں، قمر کا، شرفِ قمر میں۔ یا ان میں کا ہر ستارہ اپنے گھر میں ہو یا اپنے دوست کے گھر میں ہو لیکن پھر بھی ہر ایک کے بس کی بات نہیں کہ اتنی معلومات ہونے کے ساتھ ہر طلسم کی تیاری میں پھر بھی برسیں لگ جائیں گی۔ حکماء نے جو یہ ساتویں طلسم ذوالقرنین کو لکھ کر دیئے تو کیا تمام سیارے اس وقت شرف میں تھے یا اپنے گھر میں تھے یا اپنے دوست کے گھر میں تھے، نہیں اور یقیناً نہیں۔ لہٰذا فقیر نے مناسب جانا کہ ساتوں طلسم سلاطین اربعہ کے وصال یعنی چار رجب شریف کو بلاک بنوا کر اور ساتھ ہی ان طلسموں کے آس پاس دعائے دافع الکروب جامع المطلوب بھی شامل کر کے طبع کرالی جائے تو عام حاجت مندوں کی دنیاوی تمام ہی مشکلات مثلاً لاعلاج

بیماریاں، ادائیگی قرض، مالی پریشانیاں، مقدمات میں فتح، دشمنوں پر غلبہ، تسخیر حکام۔ تسخیر خلائق۔ تسخیر زوجین وغیرہ وغیرہ سب کے لئے اکسیر ثابت ہوگا۔ مگر اس کے لئے ۴ رجب کا انتظار کرنا ہوگا۔ ہاں اگر آپ کاغذ پر لکھکر کام میں لائیں تو شوق سے فقیر کی طرف سے اجازت ہے۔

خصوصی ہدایات

تعویذات سے کماحقہٗ فائدہ حاصل کرنے کیلئے چند باتیں پیش نظر رکھیئے!

۱:۔ جن بزرگانِ دین نے خدمت خلق کے لئے تعویذات کو اختراع فرمایا، سمندر کو کوزہ میں تبدیل فرمایا ان پڑھ غریب کمزور انسان پر احسان عظیم فرمایا ہے کہ کتنی محنت شاقہ کے بعد بڑی بڑی دعاؤں،

سورتوں کے اعداد نکال کر تعویذ و نقوش کی شکل میں ترتیب دے کر ۴۰ دن کے چلے، ترکِ حیوانات و جلالی و جمالی زکواۃ وغیرہ سب کچھ اپنی ذات پر برداشت کرنے کے بعد غلامانِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو بخش دیا۔ صرف اتنا حکم فرمایا کہ حسبِ استطاعت تعویذ لکھکر روزانہ دریا میں ڈال دیں تاکہ موکل تم سے بھی مانوس ہو جائیں، اس کے بعد جس کو بھی یہ نقش دیا جائے گا فوراً اثر ظاہر ہوگا۔ غرض تعویذ لکھتے وقت اگر معلوم ہو کہ کس کا استخراج فرمودہ ہے تو ان کی فاتحہ دلائے یا تعویذ لینے والے کو تاکید کر دے کہ فلاں بزرگ یا تمام بزرگانِ دین کی فاتحہ دلا کر پہنیں۔

۲:۔ تمام بزرگانِ دین، اولیاء کرام کی عظمت و بزرگی اور ان کے کشف و کرامات، تصرّفات اور ان کے عطیات پر کامل یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ نے محبوبانِ بارگاہ کو عالم میں تصرّف کی قدرت عطا فرمائی ہے۔ جس طرح والدین کو اولاد پر، شوہر کو بیوی پر، حاکم کو محکوم پر، بادشاہ کو رعایا پر اختیارات عطا فرمائے ہیں۔ اسی طرح روحانی بادشاہوں کو ہم غلاموں پر اختیارات عطا فرمائے ہیں۔

۳:۔ تعویذ لکھتے وقت پاک ہونا کہ ناپاکی میں جادو اور سفلی کے عمل کئے جاتے ہیں اور علوی میں ہر نقش بلکہ ہر حرف کے تابع موکلین ہیں جو بحالتِ ناپاکی اس کی اطاعت سے بری الذمہ رہتے ہیں۔

۴:۔ جن نقوش میں آیاتِ قرآنی بھی لکھی جاتی ہیں ان کو بغیر وضو کے نہ لکھے اور جس کو دے پہلے دریافت کر لے کہ وضو ہے یا نہیں کہ بغیر وضو قرآن یا کسی آیتِ قرآن کو چھونا ناجائز ہے اگر موم جامہ کر لیا گیا ہے تو کوئی حرج نہیں۔

۵:۔ نقش ترتیب سے لکھا جائے کہ جو چال بزرگانِ دین نے مقرر فرمائی ہے اس میں بہت سی حکمتیں پوشیدہ ہیں۔

۶:۔ جن نقوش میں لکھنے کے اوقات درج ہوں، ان کو انہیں وقتوں میں لکھیں مگر اشد ضرورت کے تحت ان بزرگانِ دین کے کرم و شفقت عفو درگزر پر نظر رکھتے ہوئے جس وقت چاہیں لکھ سکتے ہیں

۷:۔ نقوش لکھتے وقت جائز ضروریات کو پیش نظر رکھیں۔ مثلاً عورتوں کو شوہر کی زبان بندی اور فرمانبرداری کا تعویذ ہرگز نہ دیں کہ شرعاً مرد عورت پر حاکم ہے (دوم) جو عورت شوہر کے ماں باپ، بھائی بہن میں نااتفاقی چاہے تو اسے بھی ہرگز تعویذ نہ دیں کہ جو مومنین میں نفاق پیدا کرنے کی

کوشش کرتا ہے اللہ اسے ذلیل و خوار کرتا ہے۔ ہاں جو مرد اپنی بیوی پہ نامہربان ہو، بے جا سختی کرتا ہو اس کو محبت کا نقش دیں جس میں ھادی کا نقش بھی شامل کر دیں۔

۱۰: **عاملین کے فرمان کے مطابق ہدایات۔** ہر وقت پاک رہے، ہر روز تازہ غسل کرے بہتر ہے کہ ختم عمل تک سونے کے سوا ہر وقت باوضو رہے، ہر روز روزہ رکھے، کسی سے بات نہ کرے جو کچھ کہنا ہو لکھ کر دے، بغیر سلا کپڑا پہنے، خوشبو لگائے، تنہائی اختیار کرے، دریا کا پانی پیئے۔ غذا میں دال چاول، پھل فروٹ دھو کر کھائے۔ شمار کا خیال رکھے۔

۱۱ **ترک جمالی۔** جسے عاملین جمالی اور ترک جلالی کے نام سے منسوب کرتے ہیں۔ گوشت، انڈا مچھلی، سرکہ، کچی پیاز۔ لہسن اور جماع سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

ترک جلالی۔ گوشت مچھلی، انڈا، شہد، سرکہ، مشک، کسی قسم کشتہ، پیاز، لہسن کا سالن، دال، وہ اناج جس میں کھاد دی گئی ہو، ہرگز نہ کھائے۔ کسی دھات کے برتن میں نہ پکائے، نہ کسی دھات کے چمچے سے ہلائے، لکڑی کی ڈوئی اور مٹی کی ہانڈی، سب برتن کھانے پینے کے مٹی کے ہوں، چھری، چاقو، استرا جس پر ہاتھی دانت یا کسی جانور کی ہڈی کا دستہ لگا ہو استعمال نہ کرے چمڑے کے جوتے، ٹوپی اور گھڑی کا تسمہ جس میں ہو نہ پہنے، جماع نہ کرے، بال اور ناخن نہ کاٹے دوسرے کے بستر پر نہ سوئے نہ اپنے بستر پر کسی کو سونے دے۔ گھی، تل اور سرسوں کا تیل نہ استعمال کرے۔ اگر خون نکلنے کا خوف ہو تو دانتوں میں خلال نہ کرے۔

۱۲: **اہل نجوم کی رائے:** تعویذ و عملیات میں تاثیر پیدا کرنے کے لئے کن ساعتوں اور کن تاریخوں میں کونسا عمل کرنا چاہیئے۔

ساعت مشتری میں کشائش رزق، ترقی مدارج و تسخیر و محبت، غائب کو حاضر لانے، رفع بیماریاں ترقی علم وغیرہ کے تعویذ و عملیات کرنا زود اثر ثابت ہوتے ہیں، مشتری اہل علم حضرات سے منسوب ہے

ساعت زہرہ میں زبان بندی، خواب بندی۔ وغیرہ کے تعویذات و عملیات کرنا مفید ہوتے ہیں زہرہ عورتوں سے منسوب ہے۔

ساعت عطارد میں محبت۔ خواب بندی۔ زبان بندی۔ تیغ بندی کے تعویذ و عملیات

سریع الاثر ثابت ہوتے ہیں۔ یہ عطارد اہل دیوان وکیلوں و محرروں سے منسوب ہے۔
ساعت شمس میں تسخیر سلاطین اور بادشاہان و صحت و امراض کے تعویذات و عملیات بہتر ثابت ہوتے ہیں۔ شمس حکام بالا، سلطان و بادشاہ سے منسوب ہے۔
ساعت قمر۔ میں محبت و اخلاص و شفائے امراض کے لئے تعویذ و عملیات بہتر مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔
ساعت زحل میں ہلاکی دشمنان عداوت اور دشمن کے گھر و کاروبار کو برباد کرنے کے تعویذات و عملیات تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔ زحل دہقانوں اور مشائخ حضرات سے منسوب ہے۔
ساعت مریخ میں عداوت و تفریق، مقہوری اعداء، جنگ و مقدمات میں مقابل کی شکست و ہلاکت کے تعویذ و عملیات کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔ مریخ فوج و اسلحہ جنگ سے منسوب ہے۔

۱۳۔ اوقات کی تقسیم۔ وقت صبح: محبت، تسخیر، ترقی روزگار و کشائش رزق وغیرہ کیلئے زود اثر ہے۔
وقت نیم چاشت: صحت از بیماری کے لئے زود اثر ہے۔
وقت ظہر: عداوت، بغض، ہلاکت، زبان بندی وغیرہ کے لئے زود اثر ہے۔
وقت عشاء: خواب بندی، استخارہ، ترقی مراتب وغیرہ کے لئے زود اثر ہے۔

۱۴۔ زوال و شرف سیارگان: مشتری، زہرہ، عطارد، شمس، قمر کے شرف میں تسخیر و محبت کشائش رزق کے تعویذ و عملیات۔ شمس و قمر کے شرف میں شفاء امراض۔ زوال زہرہ، عطارد میں خواب بندی وغیرہ۔ شرف زحل و مریخ میں فتح و ظفر و جنگ و مقدمات میں کامیابی وغیرہ۔
ہبوط قمر و زحل و مریخ میں بغض و عداوت، تفریق و مقہوری اعداء (دشمن) ہلاکت وغیرہ۔
خانہ شرف کی جانب رجعت میں واپسی، مفرور، میکے میں بیٹھی ہوئی عورت، بفتح و نصرت لشکر کی واپسی۔ خانۂ ہبوط کیجانب رجعت میں مفرور، قاتل، زانی، چور اور قیدی کی واپسی کے لئے۔

۱۵۔ تاریخ کا لحاظ۔ محققین کے نزدیک مندرجہ ذیل تاریخوں میں جو کام بھی شروع کیا جائے گا پورا نہ ہوگا۔ ۱۱، ۱۴ محرم، ۱-۲ صفر، ۱۰-۲۰ ربیع الاول، ۱-۸ ربیع الآخر، ۲-۱۱ جمادی الاول، ۲-۴ جمادی الآخر، ۱۳-۱۵ رجب، ۲-۴ شعبان، ۹-۲۰ رمضان، ۶-۷ شوال ۲-۵ ذیقعدہ، ۲-۷ ذی الحجہ۔

اہل نجوم کے نزدیک غرض مند کے طالع یعنی برج کے مطابق یہ تاریخیں نحس ثابت ہوتی ہیں ۔

برج حمل کے واسطے ۔ ۲-۶-۱۱-۲۰-۲۹ ۔
" جوزا " " ۴-۱۳-۱۷-۲۸-۳۰ ۔
" اسد " " ۶-۱۲-۱۹-۲۱-۲۵ ۔
" میزان " " ۲۲-۲۳-۲۸
" قوس " " ۲-۴-۹
" دلو " " ۲-۱۲-۱۷-۲۳

برج ثور کے لئے ۔ ۴-۹-۲۴-۲۵-۲۸ ۔
" سرطان " " ۲-۸-۱۳-۱۸-۲۸
" سنبلہ " " ۶-۱۲-۱۷ ۔
" عقرب " " ۴-۹-۱۳-۱۵-۲۴-۲۸
" جدی " " ۱۷-۲۲-۲۴-۲۵
" حوت " " ۱۳-۱۴-۲۹

---

۱۶ ۔ اپنا طالع یعنی بُرج معلوم کرنے کا طریقہ

اہل اسلام میں وقت پیدائش ستارے کی ساعت وغیرہ دیکھ کر نام رکھنے کا رواج نہیں، ایسے حضرات کو اپنا طالع معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد نکال کر ۱۲ سے تقسیم کریں جو باقی بچیں بُرج حمل سے اتنے ہی خانے گنتے چلے جائیں جہاں عدد ختم ہو وہی اس کا برج ہوگا ۔ مثلاً کسی کا نام نثار احمد ہے اور ماں کا نام حمیدن ہے، دونوں کے اعداد کا مجموعہ ہوا ۹۱۶، بارہ پر تقسیم کرنے سے ۴ بچے معلوم ہوا کہ نثار احمد کا طالع سرطان ہے، گویا ۱ بچے تو حمل، ۲ بچے تو ثور، ۳ بچے تو جوزا ۔ ۴ بچے تو سرطان علیٰ ہذا القیاس اور پورا تقسیم ہو جائے تو حوت ۔

۱۷ ۔ نقشہ بارہ ۱۲ بُروج مع عربی و ہندی

نام بُرج عربی	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
نام برج ہندی	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برچھک	دھن	مکر	کنبھ	مین

۱۸

فیضانُ الحُروف

تمام اوراد و وظائف سے قبل مفرد حروف کے فیضان و اثرات کا ذکر کرنا اشد ضروری ہے کہ عام طور پر دُنیا اس سے بے خبر ہے کہ مفرد حروف بھی کچھ اثرات اپنے اندر رکھتے ہیں۔ عوام کے خیال میں تو حروف مرکب ہو کر جب کوئی لفظ بامعنی بنتا ہے تو اس کے فوائد مرتب ہوتے ہیں، اگر وہ لفظ اچھے معنی پر مبنی ہو تو اچھا اثر اور بُرے معنی پر مبنی ہو تو بُرا اثر مرتب ہوتا ہے۔ انفرادی طور پر ان حروف کی کوئی حیثیت عوام کی نظر میں نہیں مگر حقیقت کچھ اور ہے۔

مفرد حروف کی حقیقت۔ اس سلسلے میں اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ عربی حروف جن شکلوں میں آج ہمارے سامنے ہیں اور جو آواز پیدا ہوتی ہے وہ خالق کائنات کی طرف سے ایک مبارک تحفہ ہے کہ آدم علیہ السلام کے قلب پر القا فرما دیا گیا تھا۔ آپ کی اولاد میں جن کو آپ کی صحبت و قربت جتنی رہی وہ اسی قدر حروف تہجی اور اس کے مخارج اور ان کی آواز اور ان کی تراکیب لفظی صوری و معنوی حقیقتوں سے واقف ہوئے اور جن کو آپکی صحبت جتنی مختصر حاصل ہوئی وہ اتنا ہی ان حروف کی حقیقت سے بیگانہ رہا۔ اکثر حسب ضرورت اپنے مافی الضمیر کی افہام و تفہیم کے لئے آوازیں نکالتے اور نقطوں، لکیروں کے ذریعہ ایک دوسرے سے بات کرتے، یہاں تک کہ دنیا میں مختلف (زبانیں) حروف کی شکلیں اور آوازیں وجود میں آگئیں۔ سیدنا آدم علیہ السلام کی اولاد کی مدت حمل صرف آٹھ یا نو گھنٹے ہوتی تھی، البتہ حضرت شیث علیہ السلام کی مدت حمل ۸ یا ۹ ماہ ہے اسلئے کسب فطرۃ کا موقع آپ کو زیادہ ملا اور صحبت بھی آپ ہی کو زیادہ ملی، اسی فطرت کا اثر ہے کہ حروف اصلی شکل تکوینی میں آج ہمارے سامنے ہیں۔

مسئلہ۔ اسی لئے حکم شریعت ہے کہ ان عربی حروف کا احترام کیا جائے۔ ان حروف کو مفرد یا مرکب زمین پر لکھنا جہاں لوگوں کے قدم پڑتے ہوں جائز نہیں اور جس کاغذ پر یہ حروف لکھے ہوں یا چھپے ہوں اس کاغذ کو پھینکنا جائز نہیں بلکہ ان کو اٹھا کر کسی حفاظت والی جگہ پر رکھ دینا ثواب ہے، اردو کے الفاظ چونکہ عربی کے ہمشکل ہیں اور حروف کی آواز بھی اس کے مثل ہے اسلئے انکا احترام

بھی اسی طرح کرنا چاہیئے۔

۱۹۔ **اللہ کا ولی۔** فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ زمین پر کتاب اللہ (یا اس کا جزء) گرے تو اس کی حفاظت کے لئے اللہ تعالیٰ فرشتوں کو بھیج دیتا ہے وہ فرشتے اپنے پروں سے اس کی نگرانی کرتے ہیں، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی ولی اسے اٹھا لیتا ہے اور جو زمین سے کوئی پرزہ اٹھالے جس پر اللہ کے ناموں میں سے کوئی نام ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے نام کو علیین میں بلند کرے گا اور اس کے ماں باپ کے عذاب میں کمی کرے گا۔ اگرچہ وہ کافر مرے ہوں۔ (رواہ الصغیر طبرانی)

۲۰۔ **عربی اُردو حروف۔** عربی میں کل حروف ۲۸ ہیں اور اردو میں یہ حروف زائد ہیں۔ پ، ٹ، چ، ڈ۔ ڑ۔ ژ۔ گ، اسی لئے اہلِ معرفت نے ان زائدہ شدہ حروف کی اعدادی قیمت لگائی ہی نہیں مگر اسلئے کہ یہ حروف ملکوتی کے مشابہ ہیں، ان کو انہی کے تابع قرار دیا۔

پ۔ ب کے مشابہ ہے کہ اس کے عدد ۲ ہیں۔ ٹ۔ ت کے مشابہ ہے اس کے اعداد بھی ۴۰۰ ہیں۔ چ۔ ج کے مشابہ ہے۔ اس کے اعداد بھی ۳۔ ڈ۔ د کے مشابہ ہے۔ اس کے ۴ اور ڑ۔ ر کے مشابہ ہے۔ اس کے ۲۰۰۔ ژ۔ ز کے مشابہ ہے۔ اس کے ۷، گ۔ ک کے مشابہ ہے اس کے ۲۰۔

۲۱۔ **جواہر خمسہ۔** میں استاد العالمین حضرت محمد غوث صاحب گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں یہ اٹھائیس حروف اصل میں اٹھائیس نام اللہ سبحانہ تعالیٰ کے ہیں۔ ہر حرف کا ایک موکل روحانی ہے جو ان اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول ہے۔ اصل حروف بسیط ہیں جس وقت حروف مذکور کی دعوت ادا کی موکلات حروف دریافت ہو گئے اور روحانیت ان کی مکاشفہ و مشاہدہ میں آئی۔ ان سے اٹھائیس اسماء الٰہی دریافت ہوئے اور ان اٹھائیس اسماء الٰہی سے اٹھائیس منازل قمر (جن کو ہندی میں نچھتر کہتے ہیں) دریافت ہوئیں۔

۲۲۔ **حرف سے فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ۔** ان اٹھائیس حروف کا عمل کشف باطن اور حصولِ مقاصد کا ذریعہ ہے اگر تمام حروف کے صفات پر جدا جدا روشنی ڈالی جائے تو اسی پر ایک ضخیم کتاب مرتب ہو سکتی ہے مگر یہاں تو ان کا ذکر صرف اس لئے کیا جا رہا ہے کہ جب

ان مفرد حروف میں یہ تاثیرات پنہاں ہیں تو ان حروف سے مرکب الفاظ اور بامعنی جملے جو آیات قرآنی اور اسمائے ربانی پر مشتمل ہیں اگر ان کو خزانۂ قدرت کی کنجی کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ ان حروف سے فائدہ حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

۲۳۔ **حروف کے ذریعہ علاج جسمانی**۔ یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں آپ بھی فائدہ حاصل کریں اور دوسروں کو بھی فائدہ حاصل کرنے میں امداد پہنچائیں اور اس احقر العباد (اقبال احمد نوری) کے لئے دعا کریں۔

جسم انسانی چار عنصر سے مرکب ہے۔ آب و خاک، باد و آتش۔ اور یہ اٹھائیس حروف ان چاروں عناصر پر حکمراں ہیں۔ گویا تمام جسم ان اٹھائیس حروف کے تابع ہے۔

۲۴۔ **نقشہ حروف**

سیارگان	آتشی	بادی	آبی	خاکی	تفصیل
زحل	ا	ب	ج	د	ان چاروں حروف کی حکمرانی سر پر ہے۔
مشتری	ہ	و	ز	ح	" " " " " داہنے بازو پر ہے۔
مریخ	ط	ی	ک	ل	" " " " " بائیں بازو پر ہے۔
شمس	م	ن	س	ع	" " " " " پشت پر ہے۔
زہرہ	ف	ص	ق	ر	" " " " " شکم پر ہے۔
عطارد	ش	ت	ث	خ	" " " " " داہنی ران پر ہے۔
قمر	ذ	ض	ظ	غ	" " " " " بائیں ران پر ہے۔
تفصیل	صفرا آگ	خون ہوا	بلغم پانی	سودا مٹی	

۲۵۔ **امراض سر خصوصاً پاگل پن**:۔ سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کیلئے مثلاً بالوں کا گرنا۔ بال خورا، گنج، کمزوری دماغ بھولنا، کمزوری حافظہ، دردسر، درد کان و دانت

امراضِ چشم ۔ آواز کا بند ہو جانا ۔ حلق میں درد ہونا، کُل امراضِ سر کے لئے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر سر میں باندھنے کو دیں ۔ دماغی امراض خصوصاً پاگل پن کے لئے ہر روز یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں ۔

اجب یا اسرافیل بحق الف

ا	ب	ج	د
د	ج	ب	ا
ب	ا	د	ج
ج	د	ا	ب

۲۶ ۔ امراضِ دستِ راست ۔ داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے شانے تک کسی قسم کا درد تکلیف داہنے طرف کا فالج وغیرہ کے لئے ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھکر پلائیں ۔

اجب یا دردائیل بحق ھا

ہ	و	ز	ح
ح	ز	و	ہ
و	ہ	ح	ز
ز	ح	ہ	و

۲۷ ۔ امراضِ دستِ چپ

اجب یا اسماعیل بحق طا

ط	ی	ک	ل
ل	ک	ی	ط
ی	ط	ل	ک
ک	ل	ط	ی

نصف شانے سینے سے اُلٹے ہاتھ کی انگلی تک کے ہر ہر مرض ہر ہر تکلیف بائیں طرف کے فالج شانے کا درد، جوڑوں کے درد ۔ دل کے امراض گھبراہٹ (ہارٹ اٹیک) یعنی دل کی تمام بیماریوں میں مریخ کی ساعت میں لکھ کر اُلٹے بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں ۔

۲۸ ۔ امراضِ پشت ۔ درد کمر، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ دق اور سل ۔ رقت منی، احتلام وغیرہ امراض میں ساعت شمس میں لکھکر پشت پر کمر میں باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر

اجب یا ڈویا ییل بحق میم

م	ن	س	ع
ع	س	ن	م
ن	م	ع	س
س	ع	م	ن

۲۹/۵ - امراضِ شکم :- دردِ شکم - ناف کا ٹلنا - آنتوں کی دق - گردے، مثانے کی کی تمام تکلیفات میں نقش ساعتِ زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر بندھوائیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا سرحائیل بحق فا

ف	ص	ق	س
س	ق	ص	ت
ص	ت	س	ق
ق	س	ف	ص

اجب یا اسماعیل بحق صاد

۳۰/۶ : امراضِ پائے راست :-

اجب یا ہمرائیل بحق شین

ش	ت	ث	خ
خ	ث	ت	ش
ت	ش	خ	ث
ث	خ	ش	ت

داہنی ران سے پاؤں تک انگلی میں ہر قسم کی تکلیف، عرق النساء، رانگن کے درد وغیرہ میں ساعتِ عطارد میں لکھکر ران پر بندھوائیں اور یہی نقش لکھ کر دھو کر پلائیں، انشاءاللہ فوراً آرام آجائے۔

اجب یا اھرائیل بحق دال

ذ	ض	ظ	غ
غ	ظ	ض	ذ
ض	ذ	غ	ظ
ظ	غ	ذ	ض

اجب یا عطکائیل بحق ضاد

۳۱/۷ - امراضِ پائے چپ - بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک، ہر قسم کی تکلیف، بائیں پاؤں میں رانگن کا درد، جوڑوں کا درد وغیرہ میں ساعتِ قمر میں لکھکر بائیں ران میں باندھنے کو دیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔

۳۲ دوسرا طریقہ علاج

حروفِ آتشی :- الف، ہا - طا - میم - فا - شین - ذال - یانار کونی برداً وسلاماً -

حروفِ آبی :- جیم - زا - کاف - سین - قاف - ثا - ظا - سلام علیٰ نوحٍ فی العلمین -

حروفِ بادی :- با - واؤ - یا - نون - صاد - تا - ضاد - سلام قولاً من ربٍ رحیم -

حروفِ خاکی ہ۔ دال۔ حا۔ لام۔ عین۔ را۔ خا۔ غین۔ سلام علیٰ موسیٰ دکھاردن۔
یہ حروف حکیم کے مشورے سے دینا زیادہ بہتر ہے کیونکہ وہ علاج بالضد کرتے ہیں کہ سردی اور تری میں
گرم اور خشک دوائیں استعمال کراتے ہیں اور گرمی و خشکی میں سرد و تر، اسی مناسبت کو پیشِ نظر رکھ کر حروف
سے فائدہ اٹھایا جائے ورنہ آپ کے لئے آسان تدبیر یہی ہے کہ بالمثل ہی علاج کریں یعنی بخار اور
گرمی کیوجہ سے تکلیف تو حروفِ آتشی دیں کہ آخر میں جو عبارت زیادہ کی گئی ہے وہ گرمی اور صفرا
کو مزید بڑھائے گی نہیں، بلکہ سلامتی کے ساتھ اعتدال پہ لے آئے گی۔

۴۳ حروف کے ذریعہ حصولِ کشف

ان مفرد حروف سے بیک وقت کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں اور ان سے فوائد حاصل کرنے کے
کئی طریقے ہیں تو جب ہم غور کرتے ہیں تو ہر حرف دو حیثیتوں سے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ پہلی حیثیت
مکتوبی، دوسری ملفوظی ۔ مکتوبی۔ ابجد اور ملفوظی یہ ۔ الف، با، جیم۔ دال۔ ہر حرف کے
دو موکل ہیں ایک ظاہری، دوسری باطنی ۔ موکل ظاہری کو صفاتی بھی کہہ سکتے ہیں اور موکل باطنی کو ذاتی۔
مکتوبی ۔ (ا) کا موکل باطنی اسرافیل اور موکل ظاہری آئیل ہے اور باعتبار ملفوظی "الف" کے
موکل چھ ہوں گے "ا" کے ۲ لام کے دو ف کے ۲ ہر ایک کا نام کئی کئی حروف سے مرکب ہوتا
ہے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔ اس میں ۹ حروف مکتوبی ہیں اس میں سے مکرر حرف الگ
کئے تو بچے ا، ق، ب، ل، ح، م، د تخلیص شدہ کل سات حروف ہیں۔ ان کے موکل ہوئے
۱۴۔ اور اگر اپنے نام کو ملفوظی کیا تو یوں ہوا۔ الف، قاف، با، الف، لام، الف، حا، میم،
دال۔ کل مجموعہ ہوا۔ ۲۵ اور مکرر حروف گرائے تو گنتے رہے۔ ا، ل، ف، ق، ب، م، ح
ی۔ د کل حرف جن کے موکل ظاہری و باطنی ۱۸ ہوئے۔

اور صاحبِ جواہر خمسہ نے دعوت حروف کے تین طریقے درج فرمائے ہیں۔ اوّل باعتبار مرکز
اور مدار حاصل کرے اور باعتبار بنیان اسمائے الٰہی استخراج کرکے ملا کر دعوت دے یہ سب سے
بہتر ہے۔ مگر یہاں تو صرف مفرد حروف کے فوائد سے متاثر ہو کر اہلِ اسلام کو اسمائے باری تعالیٰ اور

آیاتِ قرآنی و اعمال احادیث کا شوق دلانا ہے اور اعتقاد کی پختگی پیدا کر کے ان بیش بہا خزانوں سے مالا مال کرنا ہے۔ اسلئے آسان طریقے پر فائدہ حاصل کرنے کا ذریعہ بتا دینا چاہتا ہوں۔ اعدادِ ملفوظی اس طرح نکلتے ہیں مثلاً ا ہے اس کے نیچے میں تین حرف ہیں۔ ا، ل۲، ف۳۔ الف کا ایک لام کے تیس۳۰ ف کے اسی۔ کل ۱۱۱۔

مؤکل حروف ظاہری و باطنی

مفرد حروف ابجد	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
اعداد حروف مکتوبی ابجدی	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
اعداد حروف ملفوظی	۱۱۱	۳	۵۳	۳۵	۶	۱۳	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۰۱	۷۱	۹۰	۱۰۶
اسمائے مؤکل ظاہری	ائیل	بائیل	جائیل	دائیل	ہائیل	وائیل	زائیل	حائیل	طائیل	یائیل	کائیل	لائیل	مائیل	نائیل
اعداد حروف مکتوبی ابجدی	۴۲	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸	۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۶۲	۷۲	۸۲	۹۲
اعداد حروف ملفوظی	۲۴۶	۲۴۹	۲۹۹	۲۸۱	۲۵۲	۲۵۹	۲۵۴	۲۵۴	۲۵۶	۲۶۷	۳۴۷	۳۱۷	۳۳۶	۳۵۲
اسمائے مؤکل باطنی	اسرافیل	جبرائیل	کلکائیل	دردائیل	دوریائیل	رفتمائیل	نفائیل	تنکفائیل	اسماعیل	اسرطائیل	وزرائیل	طاطائیل	روبائیل	ہولائیل
اعداد حروف مکتوبی ابجدی	۳۸۲	۲۴۷	۱۱۲	۲۵۰	۲۶۲	۷۶۲	۶۱۲	۵۹۰	۱۴۳	۷۴۲	۴۴۵	۶۱	۲۵۸	۸۶
اعداد حروف ملفوظی	۷۰۶	۴۰۰	۴۶۶	۴۶۳	۴۵۳	۱۰۶۶	۸۲۵	۷۷۱	۵۱۴	۱۰۲۷	۵۱۰	۳۲۴	۴۱۸	۲۸۶

مفرد حروف ابجد	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
اعداد حروف مکتوبی ابجدی	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰
اعداد حروف ملفوظی	۱۲۰	۱۳۰	۸۱	۹۵	۱۸۱	۲۰۱	۳۶۰	۴۰۱	۵۰۱	۶۰۱	۷۳۱	۸۰۵	۹۰۱	۱۰۶۰
اسمائے مؤکل ظاہری	سائیل	عائیل	فائیل	صائیل	قائیل	رائیل	شائیل	تائیل	ثائیل	خائیل	ذائیل	ضائیل	ظائیل	غائیل
اعداد حروف مکتوبی ابجدی	۱۰۲	۱۱۲	۱۲۲	۱۲۶	۱۴۲	۲۴۲	۳۴۲	۴۴۲	۵۴۲	۶۴۲	۷۴۲	۸۴۲	۹۴۲	۱۰۱۲
اعداد حروف ملفوظی	۳۶۶	۳۷۶	۳۲۷	۳۴۱	۴۲۷	۴۴۷	۶۰۶	۶۴۷	۴۷۴	۸۴۷	۷۷۷	۱۰۵۱	۱۱۴۷	۱۳۰۶
اسمائے مؤکل باطنی	عموائیل	لوبائیل	سرحائیل	ابجائیل	عطرائیل	اموائیل	ازغائیل	ازرائیل	بنطائیل	بیرطائیل	امرائیل	عطکائیل	نورائیل	افغائیل
اعداد حروف مکتوبی ابجدی	۱۱۲	۱۵۸	۲۳۰	۱۳۱	۳۲۱	۸۸	۸۴	۳۱۹	۱۱۲	۱۰۷	۲۴۸	۱۴۱	۸۵	۱۵۸
اعداد حروف ملفوظی	۳۰۳	۳۶۷	۶۱۲	۴۰۲	۳۷۴	۵۰۸	۴۹۰	۵۳۲	۳۹۵	۳۹۰	۵۱۱	۴۳۴	۲۸۵	۳۵۸

موکل ظاہری جو حرف سے ظاہری نسبت رکھتا ہے مثلاً الف سے آئیل باسے بائیل جو نقشے میں حرف کے اوپر درج ہے اور موکل باطنی جو نقشے میں ہر حرف کے نیچے درج ہے

۳۵:۔ ہر لفظ کا موکل معلوم کرنیکا طریقہ: ہر شخص اپنے نام کے پہلے حرف کو مرکز تسلیم کرے اور آخر حرف کو محیط۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے تو میرے اسم کا مرکز الف اور محیط دال قرار پائے گا۔ اقبال احمد کا اگر موکل ظاہری باعتبار مرکز معلوم کرنا ہو تو آئیل اور باعتبار نقشے کے اسرائیل ہوگا۔ اور باعتبار مدار موکل استخراج کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس حرف یا لفظ یا جملے کا موکل مدار حاصل کرنا چاہے تو اس کو ملفوظی لکھکر عدد نکالے۔ مثلاً ا اس کو ملفوظی کیا تو الف ہوا، اقبال احمد کو کیا تو۔ الف۔ قاف با الف لام الف حا میم دال ۔ ہوا۔

۱۱۱ ۱۸۱ ۳ ۱۱۱ ۷۱ ۱۱۱ ۹ ۹۰ ۳۵

اب ان کے اعداد نکالے ان سب کو جوڑا تو مجموعہ ہوا-۷۲۲ -اب کل حروف کی تعداد ۲۸ ہے۔ اسلئے ۲۸ سے تقسیم کرے باقی بچے ۶ بحساب ابجد چھٹا حرف واؤ ہے۔ اقبال احمد کا موکل باعتبار مدار ظاہری وائیل موکل اور مدار باطنی رفتمائیل، اسی طرح حرف ا کو ملفوظی کیا تو الف ہوا عدد اس کے ۱۱۱ ہیں ۲۸ سے تقسیم کیا تو ۲۷ بچے گویا الف کا مدار ستائیسواں حرف ظا ہے اور ب کا ملفوظی با اور با کے اعداد تین ہیں، اس کا موکل "مدار اس کا موکل" مدار ج کے ملفوظی اعداد ۲۸ ہوں یا ۲۸ سے تقسیم کرنے پر کچھ نہ بچے جب بھی اس کا مدار اٹھائیسواں حرف غ ہوگا اور اس کا موکل ظاہری غائیل اور باطنی لوخائیل ہوگا۔

۳۶:۔ پہلا طریقہ موکل باطنی کے ساتھ پڑھنے کا یہ ہے:۔

اجب یا اسرافیل بحق الف	اجب یا اسمائیل بحق طا
اجب یا جبرائیل بحق با	اجب یا سرکیطائیل بحق یا
اجب یا کلکائیل بحق جیم	اجب یا هر دزائیل بحق کاف

اجب یا دردائیل بحق دال — اجب یا طاطائیل بحق لام

اجب یا دوریائیل بحق ھا — اجب یا رویائیل بحق میم

اجب یا رفتمائیل بحق واو — اجب یا حولائیل بحق نون

اجب یا شوفائیل بحق زا — اجب یا ھمواکیل بحق سین

اجب یا تنکفیل بحق حا — اجب یا لومائیل بحق عین

اجب یا سرحمائیل بحق فا — اجب یا میکائیل بحق تا

اجب یا ابجائیل بحق صاد — اجب یا ھکائیل بحق خا

اجب یا عطرائیل بحق قاف — اجب یا ھرائیل بحق ذال

اجب یا امواکیل بحق را — اجب یا عطکائیل بحق ضاد

اجب یا ہمرائیل بحق شین — اجب یا لوزائیل بحق ظا

اجب یا عزرائیل بحق تا — اجب یا لوخائیل بحق غین

۳۷۔ **دوسرا طریقہ**:۔ موکل ظاہری و باطنی دونوں کے ساتھ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔
اجب یا اسرافیل بحق ایا آئیل اجب یا جبرائیل بحق بایابائیل۔

اسی طرح تمام حروف کو ہر دو موکل کے ساتھ پڑھیں، آخر میں اسم موکل اضافہ حرف ندا "یا" کے ساتھ ہوگا اور حرف ندا "یا" کو چھوڑ کر اسم موکل کے مکتوبی حروف جوڑ کر پڑھیں مثلاً یا، آئیل، یا بائیل" حرف ندا کو بغیر شمار کئے "آئیل" میں چار حرف مکتوبی ہیں اور بائیل میں ۵ حرف مکتوبی ہیں جوڑ کر پڑھا جائے گا۔

۳۸۔ **تیسرا طریقہ**۔ ہر حرف کا ایک موکل ظاہری ہوتا ہے اس کا اثر نظر آنے والی تمام اشیاء پر مرتب ہوتا ہے۔ دوسرا موکل باطنی جس کا اثر تمام ان اشیاء پر مرتب ہوتا ہے جو نظر سے پوشیدہ ہوں یا عالم روحانیت سے جن کا تعلق ہو ہر دو موکل ظاہری و باطنی کو ملا کر پڑھنے سے ہر دو فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف یا آئیل	اجب یا اسمائیل بحق طا یا طائیل
اجب یا جبرائیل بحق با یا بائیل	اجب یا سرا کیطائیل بحق یا یائیل
اجب یا کلکائیل بحق جیم یا جائیل	اجب یا حرزائیل بحق کاف یا کائیل
اجب یا دردائیل بحق دال یا دائیل	اجب یا طاطائیل بحق لام یا لائیل
اجب یا دردیائیل بحق ھا یا ھائیل	اجب یا رومیائیل بحق میم یا مائیل
اجب یا رفتمائیل بحق واؤ یا وائیل	اجب یا حولائیل بحق نون یا نائیل
اجب یا شرفائیل بحق زا یا زائیل	اجب یا ھمواکیل بحق سین یا سائیل
اجب یا تنکفیل بحق حا یا حائیل	اجب یا لومائیل بحق عین یا عائیل
اجب یا سرحائیل بحق خا یا فائیل	اجب یا میکائیل بحق ثا یا ثائیل
اجب یا ہجمائیل بحق ص یا صائیل	اجب یا مہکائیل بحق خا یا خائیل
اجب یا عطرائیل بحق قاف یا قائیل	اجب یا اہرائیل بحق ذال یا ذائیل
اجب یا امواکیل بحق را یا رائیل	اجب یا عطکائیل بحق ضاد یا ضائیل
اجب یا ہمرائیل بحق شین یا شائیل	اجب یا لوزائیل بحق ظا یا ظائیل
اجب یا ھزرائیل بحق تا یا تائیل	اجب یا لوخائیل بحق غین یا غائیل

۳۹۔ چوتھا طریقہ - باعتبار بنیان اسمائے موکل کو حروف کی مناسبت سے اسمائے باری تعالیٰ کے ساتھ پڑھنے کا ہے اس طریقہ پر عمل کرنے سے موکل عامل سے جلد مانوس ہو جاتا ہے اور عامل نقصان سے محفوظ رہتا ہے کیونکہ انسان کا ازلی دشمن ابلیس اور اس کا رفیق نفس بہ شکل دوست ہر وقت ساتھ لگے رہتے ہیں جب انسان ان کی دوستی پر اعتبار کر لیتا ہے تو گناہ کی طرف مائل ہو جاتا ہے موکل جو عالمِ روحانیت سے تعلق رکھتے ہیں وہ ایسے انسان سے مانوس نہیں ہوتے مگر اسم باری تعالیٰ کے سبب جلد مانوس ہو جاتے ہیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف یا اللہ	اجب یا اسرافیل بحق الف یا احد

اجب یا اسرافیل بحق الف یا اوّل اجب یا اسرافیل بحق الف یا اکبر

اسی طرح کوئی بھی اسم باری تعالیٰ جو الف سے شروع ہوتا ہو ملا کر پڑھیں اگر عامل کا کوئی دنیاوی یا دینی مقصد بھی ہو تو کوئی ایک یا دو تین اسمائے الٰہی منتخب کر کے ایک ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔

صاحب جواہر خمسہ تحریر فرماتے ہیں:۔

جب یہ چاہے کہ دعوت حروف تہجی باعتبار بنیان ادا کرے تو ان حرفوں سے اسمائے حسنٰی نکالے لیکن ایک، یا تین یا پانچ سے زیادہ نہ ہوں۔ اس عمل کو کس تعداد کے مطابق پڑھا جائے یہ بھی عامل کی مرضی پر موقوف ہے چاہے اسم کو اسم موکل کے اعداد کے مطابق پڑھے یا اسم باری تعالیٰ کی برکت سے موکل جلد مانوس ہوگا۔ اور جب اسم باری تعالیٰ کے اعداد کے مطابق پڑھا جائے گا تو معنی اسم کے مطابق صفات الٰہی کا پر تو اس کی ذات پر ظاہر ہوگا۔ اور موکل مانوس ہی نہیں بلکہ اس کے تابع ہو جائے گا، جب اور جس کے حال کو معلوم کرنا ہوگا، اس پر منکشف ہو جائے گا۔ اور جس جائز کام کو کہے گا، انجام دے گا۔

۴:۔ **پانچواں طریقہ**:۔ باعتبار بنیان مفرد حروف اسمائے باری تعالیٰ کے ساتھ پڑھنے کے لئے موکل اپنے نام کے حرف مرکز یعنی پہلے حرف کی مناسبت کو ہر حالت میں محفوظ رکھنا ضروری ہے ہاں یہ اختیار ہے کہ حرف مرکز کا موکل خواہ ظاہری ہو یا باطنی یا دونوں بہر حال یہ ضرور ہونا چاہئے آگے باعتبار اپنے نام موکل حرف محیط ظاہری و باطنی دونوں کو شامل کر کے پڑھے، مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے میرے نام کا حرف مرکز الف اور حرف محیط دال ہے۔

باعتبار مرکز	باعتبار مرکز	باعتبار محیط	باعتبار محیط
موکل باطنی	موکل ظاہری	موکل باطنی	موکل ظاہری
اجب یا اسرافیل	یا آئیل بحق الف یا اللہ	اجب یا دردائیل	یادائیل بحق دال یا دیان
۳۸۲	۴۲	۶۶	۲۵۰	۴۶	۸۵

اگر تسخیر موکلین کیلئے پڑھنا ہے تو اعداد موکلان ۳۸۲ - ۴۲ - ۲۵۰ - ۴۶ جمع کرے ۷۲۰ بار چالیس دن پڑھکر ۱۶ بار تا حیات ورد رکھنا ہوگا اور اگر صفات الٰہی کے پرتو سے اپنی ذات کو

عزت بخشتا ہے تو اسمائے الٰہی کے اعداد کے مطابق چالیس یوم پڑھنا ہوگا یعنی ۶۵،۶۶ مجموعہ ان کا ۱۳۱ ہوا بعد ۴۰ یوم کے کل حروف کی تعداد کے مطابق ۶۱ بار تاحیات ورد جاری رکھنا ہے۔

اس فقیر نے ہر بات اپنے امکان بھر سمجھانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا اس پر بھی اگر سمجھ میں نہ آئے تو خط کے ذریعے سمجھانا میرے بس کی بات نہیں، کیونکہ میرے ذمہ بہت کام ہیں جن کا تعلق دینی خدمات سے ہے، البتہ اگر کوئی صاحب خود تشریف لے آئیں تو فقیر ان کی خدمت کے لیئے ہمہ وقت حاضر ہے۔

فقیر اقبال احمد نوری

بازار صندل خاں۔ بریلی شریف

۴۱۔ صرع یعنی مرگی کا مجرب المجرب مکمل نقش اور ایک خاص غلط فہمی کا ازالہ

صرع، مرگی کا بڑا موذی مرض ہے اس سے نجات کے لیئے ہر ممکن تدابیر اختیار کرنے پر بھی مکمل کامیابی نہیں ہوتی مگر آپ یقین رکھیں کہ اس نقش معظم کی برکت سے انشاء المولی الکریم مکمل شفا ہوگی۔

ترکیب:۔ ہفتہ یا منگل کے روز سفید مرغ کے خون سے یہ نقش کاغذ پر لکھکر موم جامہ کرکے گلے میں پہنا دیا جائے۔

غلط فہمی کا ازالہ۔ ناظرین کرام یہ نقش معظم شبستان رضا حصہ دوم میں برسوں پہلے دیا جا چکا ہے، مگر اکثر احباب اس سے مستفیض ہونے کی بجائے یہ اعتراض کرنے لگے ہیں کہ (خون حرام ہے) انکو سے کم انہیں یہ تو غور کرنا چاہیئے تھا کہ جانور کو ذبح کرنے سے جو خون نکلے گا وہ فوراً جم جائے گا قلم ڈبو کر اتنا بڑا نقش لکھنا تو درکنار ایک حرف بھی نہیں لکھا جا سکتا تو یہ دریافت کرتے کہ اس سے کون سا خون مراد ہے تو سنیئے اللہ عزوجل نے ہمارے لیئے حلال جانوروں کے دو منجمد خون حلال فرمائے ہیں تلی اور کلیجی۔ بس ان کو کسی سخت چیز سے دبا کر نچوڑ لیا جائے اور اسی سے یہ نقش لکھا جائے۔

نوٹ:۔ عوام کی آسانی کے لیئے ارادہ ہے کہ اس کو چھپوا لیا جائے تاکہ عوام الناس دیگر نقوش کی طرح اس کو بھی منگا کر فائدہ اٹھا سکیں۔ بہتر ہوگا کہ کندہ شدہ نقش مرگی کے ہمراہ اس کو بھی منگا

کرموم جامہ کرکے گلے میں پہنادیں اور بعد صحت حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ و حضور سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کی نیاز دلادیں۔

۴۲

باب الاستخارہ

کسی کام کو کرنے سے قبل استخارہ کرلینا بہتر ہے۔ حدیث۔ حاکم ترمذی نقل کرتے ہیں کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابۂ کرام کو استخارہ تعلیم فرماتے جس طرح آیات قرآنی کی تعلیم فرماتے۔ دوسری روایت جامع الاصول میں نقل کی ہے کہ ہرگز نقصان نہ اٹھائے گا۔ وہ شخص جس نے استخارہ کیا اللہ تعالیٰ سے اور ندامت نہ اٹھائے گا جو آپس میں مشورہ کرے گا۔ اور فقیر نہ ہوگا۔ جو میانہ روی اختیار کریگا۔

۴۳۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے انس جس کام کا بھی قصد کرے تو استخارہ کر اللہ تعالیٰ سے سات بار پھر جو کچھ تیرے دل پر القا ہو اس پر عمل کر کہ وہی بہتر ہے۔ مسئلہ: ظفر جلیل شرح حصن حصین میں لکھتے ہیں جب کسی مباح

کام کا ارادہ کرے۔ مثلاً سفر، تعمیرات، عمارت، نکاح اور مانند اس کے جیسے تجارت، کسی کی شرکت، سواری اور سواری کا جانور، پالنے والے جانور، مال تجارت، ملازمت وغیرہ کاموں میں استخارہ کرنا بہتر ہے۔ فرائض واجبات، مستحبات کے کرنے اور حرام و مکروہ افعال کو چھوڑنے پر استخارہ نہیں کرنا چاہیئے، اسی طرح روزانہ کی ضروری باتوں مثلاً کھانے پینے پہننے کے لئے استخارہ نہیں کرنا چاہیئے۔ آج کل استخارہ کی فکر سٹہ بازوں، چوروں، زانیوں کو زیادہ ہوتی ہے کہ کل کون سا نمبر آئے گا۔ آج مال ہاتھ آئے گا یا نہیں، فلاں عورت قابو آئے گی یا نہیں، اسی طرح مال غیر اور دوسرے کی زمین پر قبضہ جمانے۔ شریک کا دیوالیہ نکالنے والوں کو مجرّب استخارے درکار ہوتے ہیں۔ مگر سٹہ باز کو سب سے زیادہ اس بات کی دھن رہتی ہے کہ اسے کوئی استخارہ بتادے یا نمبر بتادے، ایسے لوگوں راہ چلتوں کو چھیڑ کر اس کی گالیوں سے نمبر نکالتے، جتنے تھپڑ، جوتے پڑتے گن کر حساب لگاتے ہیں اور ان سے نمبر بناتے ہیں۔ معاذ اللہ بے اعتقادی کی کیفیت کا یہ عالم ہو کہ قرآن و حدیث کے استخارے اور ذلیل و رذیل فاحشہ عورتوں کی گالیوں کو ایک ہی میزان میں تولیں وہ تو جس جرم کے مستحق ہیں اللہ ہی بہتر جاننے والا ہے مگر ان کی دینی اور دنیوی تباہی کے بڑے ذمہ دار سٹہ بازوں کے پیر ہیں جو استخاروں کے نام پر ان کو برباد کر رہے ہیں۔ چوری پر آمادہ کرتے ہیں، اکثر سٹہ بازوں کی بیویوں کو طلاقیں انہیں پیروں کی بدولت ہوتی ہیں کہ نمبر بتا کر اتنا یقین دلا دیتے ہیں کہ وہ چوری کرنے یا سود پر رقم لینے یا بیوی کا زیور کپڑے حاصل کرنے کی دھن میں لڑتے ہیں یہاں تک کہ طلاق پر نوبت پہنچ جاتی ہے۔ سٹہ باز یہ خیال کرتے ہیں کہ آج ہی ساری عمر کا گیا ہوا مال واپس آجائے گا۔ مگر سوائے بربادی کے آج تک کسی کو اس کام میں سنورتے نہیں دیکھا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کو خدا کی ذات پر بھروسہ اور کلام خدا پر اعتقاد جتنا کمزور ہوتا جاتا ہے اتنا ہی وہ حرام ذرائع کی طرف بڑھتا جاتا ہے۔ جن کو خدا پر کامل بھروسہ ہے وہ اس پر یقین رکھتے ہیں کہ رزاق مطلق قادر و معطی حلال ذرائع سے دینے پر قادر ہے۔ مولی الکریم ہدایت فرمائے۔

۲۴۔ تسبیح کے ذریعہ استخارہ:۔ تسبیح دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کی برابر والی انگلیوں سے پکڑ کر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سات بار نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ

فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ وَ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِیُّ بس یاعلی کی تکرار کرتا رہے اور دیکھے اگر تسبیح آگے پیچھے زور زور سے ہلے تو اس کام کو کرنے کی اجازت کا اشارہ ہے اور داہنے بائیں ہلے تو انکار یعنی اس کام نہ کرنے میں بہتری ہے

۴۵ - پانی سے استخارہ - ایک کاغذ پر اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ط لکھکر ایک طشت یا کونڈے میں پانی بھرے دل میں مستقل یہ خیال کرکے فلاں کام کریں یا نہیں اس کاغذ کو پانی کے بیچ میں ڈال دیں خواہ کھول کر ڈالیں یا گولی بناکر بہتر کھلا ہی ڈالنا ہے خود اس طرف بیٹھے کہ پانی کا برتن سامنے ہو اور تم قبلہ رُخ ہو اب مع بسم اللہ الحمد شریف چند بار پڑھنا شروع کرو، اگر کاغذ داہنے کنارے جا لگے تو کامیابی کی بشارت ہے، اگر قبلہ رُخ جائے کامیاب ہوگا مگر کوشش اور صبر و استقلال سے کام لینا ہوگا - اگر بائیں کو جائے تو انکار تصوّر کرے، نہ کرنا بہتر ہے، اگر آگے کو آئے تو کام بہت جلد پورا ہوگا، انشاء اللہ تعالیٰ - مگر استخارہ شروع کرنے سے قبل مٹھائی پر حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی نیاز دلا کر پاس رکھے بعد حکم ملنے کے تقسیم کریں یا خود کھالیں -

۴۶ :- نماز استخارہ - بعد از نماز مغرب تک سے طلوع فجر تک کسی بھی وقت میں کریں - تازہ وضو کریں اس کے بعد کسی سفید مٹھائی پر حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ دیں - اور ۱۵ بار يَا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ ۱۱ بار يَا كَاشِفَ الْغَرَائِبِ ۹ بار درود شریف پڑھکر آسمان کی طرف دم کریں اور دو رکعت نفل نماز بہ نیت استخارہ پڑھیں - پہلی میں بعد سُبْحَانَكَ کے الحمد شریف شروع کریں جب اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ط پر پہنچیں تو اس کی تکرار کریں جب تک تکرار کرتے رہیں کہ ۵۰۰ کی تعداد پوری نہ ہوجائے یا بدن گھوم نہ جائے - کبھی صرف چہرہ گھومتا ہے اور کبھی پورا جسم - بسا اوقات جسم اتنی طاقت سے گھومتا ہے کہ کوئی پہلوان بھی روکنا چاہے تو روک نہیں سکتا - اگر داہنے ہاتھ کی طرف گھومے تو کامیابی کی طرف اشارہ ہے اور بائیں کو تو ناکامی کا - جب تعداد ۵۰۰ کی پوری ہوجائے اور بدن نہ گھومے تو اس کام کو چند یوم کے ملتوی کردے اور کچھ دن بعد پھر یہ عمل کرے تو تعداد پوری ہونے پر الحمد پوری کرے اور سورۃ اخلاص ہر دو رکعت

پڑھکر نفل تمام کرے بعد کو شیرینی تقسیم کرے۔

۴۷۔ **نماز استخارہ حسنین کریمین**: بعد نماز عشاء تازہ وضو کرے اور لباس اجلا ہو اس کی ضرورت نہیں کہ نیا لباس پہنے، گھر کی بنی ہوئی یا مسلمان کے یہاں سے خریدی ہوئی مٹھائی پر نیاز حسنین کریمین اور جمیع شہیدانِ کربلا اور ان کے پسماندگان کی دلائے، پھر اسی مصلے پر کہ جس میں سبز سرخ رنگ بھی ہوں ورنہ بمجبوری سفید پر کھڑے ہوکر ۳ بار درود شریف ایک بار آیت الکرسی شریف ۳ بار سورۂ اخلاص اس کے بعد فریاد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدستی مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم و بدستی علی المرتضےٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ و حسن مجتبےٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم بانصرام رسان گیارہ بار پڑھکر دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھیں پہلی رکعت میں بعد الحمد سات بار سورۂ اخلاص پڑھیں اور دوسری رکعت کی الحمد شریف میں جب اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ پر پہنچیں تو ایک سو گیارہ بار اس کی تکرار کریں اس درمیان بدن گھومے گا جب بدن داہنے یا بائیں گھوم کر اپنی اصلی حالت پر آجائے فوراً الحمد کو پورا کر کے ایک بار سورۂ اخلاص پڑھکر نماز پوری کریں خواہ اس کی تکرار گیارہ ہی بار کی ہو۔ اب مزید تکرار نہ کرے اگر داہنے کو گھومے تو اس کام میں نفع ہوگا۔ اگر بائیں کو گھوما تو اس کام کرنے میں نقصان کا اندیشہ ہے اور اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کی تعداد پوری ہوگئی کوئی اشارہ نہ ہوا تو اس کے یہ معنی ہوں گے اس کام کو تمہاری مرضی پر چھوڑا جا رہا ہے کرنے نہ کرنے میں نقصان نہیں۔

۴۸۔ **روزانہ پیش آنے والی باتوں کا استخارہ**۔ امام اہلسنت اعلیحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خصوصی عطیہ ہے ہر روز تا حیات بعد نماز عشاء مدینہ کی طرف منہ کر کے دست بستہ کھڑے ہوکر ۹ بار یہ درود پڑھے صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ط پھر بستر پر بیٹھ کر ایک سو سات بار اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اِخْتِیَارِیْ اور لیٹ کر سوتے وقت درود شریف مندرجہ بالا پڑھتا رہے۔ اگر کسی رات نیند آتی غالب ہوکر پورا عمل نہ پڑھ سکے گا یا عمل پڑھنے کے

بعد کسی ضرورت کی وجہ سے بات کرنا پڑے تو تین تین بار درود شریف اوّل آخر اور سات بار درود مذکور پڑھ لے یہ رات دن کے پیش آنے والے واقعات کا استخارہ ہے خصوصاً جو کام آپ کرنے والے ہوں اور وہ نقصان کا سبب بن سکتا ہے یا فی الواقع وہ کام نقصان دہ نہیں مگر اس کے طریقہ کار میں خامی کی بنا کی بہ نقصان ممکن ہے تو اسے قبل از وقت آگاہ کر دیا جاتا ہے مگر اس کے بارے میں کسی سے ذکر نہ کرے کہ مجھے استخارہ کے ذریعہ اس بات کا علم ہوا ہے۔

۴۹ - استخارہ غوثیہ - بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء دو رکعت نفل بہ نیت استخارہ ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد الحمد سورۂ الم نشرح اپنے نام کے قلبی اعداد کے مطابق پڑھے بعد سلام سونے کی جگہ بیٹھ کر یَا شَیْخ عَبْدُ الْقَادِرْ جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ ۲۵ بار اول آخر درود غوثیہ ۵ بار پڑھ کر بغیر کلام کے سو جائے اگر ضرورتاً بات کی بھی جائے تو نفل پڑھنے کی حاجت نہیں صرف بعد کی دعا مع درود ۲۵ بار پڑھ لیں۔

۵۰ - اعداد قلبی نکالنے کا طریقہ - اپنے نام کے جتنے عدد ہوں ایک دوسرے میں جوڑیں، مثلاً اقبال احمد کے اعداد ۷، ۱۸ ہیں، ان کو آپس میں جمع کیا تو ۱۶ ہوئے۔ ۱۶ کو آپس میں جمع کیا تو ۷ ہوئے گویا جتنے بھی اعداد ہوں ان کو جوڑ کر اکائی میں تبدیل کر لیں وہ ہی آپ کا نام کا اعداد قلبی ہے۔ درود غوثیہ :- اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ط۔

۵۱ - استخارہ صحابۂ کرام - یہ استخارہ حضور نبی کریم علیہ الصّلوٰۃ والتسلیم نے صحابہؓ کو تعلیم فرمایا۔ یہ استخارہ تمام خوبیوں کا جامع ہے اور خوبیوں کے ساتھ ایک خوبی یہ بھی ہے کہ جب امر مشکل میں اسے پڑھا جائے۔ اگر اس میں دین و دنیا کا نقصان نہیں تو اس کے انجام سے بخبر دار کرنے کے ساتھ ہی اس کام میں اللہ تعالیٰ کی مدد بھی شامل ہو جاتی ہے اور وہ کار مشکل بڑی آسانی سے انجام پاتا ہے۔ دوسرے اس استخارے کے ذریعہ یہ ضروری نہیں کہ سوتے ہی میں بتایا جائے بلکہ تین دن کے اندر کسی دوست عزیز کے ذریعہ اس کام کی اچھائیوں یا برائیوں سے آگاہ کیا جاتا ہے۔

یا اہل غرض کے قلب پر القا فرما دیا جاتا ہے۔ اس عمل کے کرنے والے کا دل اسی طرف خود بخود مائل ہو جاتا ہے جس میں اللہ کی طرف سے بہتری ہوتی ہے۔ دن یا رات جس وقت بھی چاہے اگر وقت مکروہ نہ ہو تو مسجد جائے، اگر وضو ہو تو تحیۃ المسجد دو رکعت ادا کرے اس کے بعد تازہ وضو کر کے دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے۔ اگر وضو نہ ہو تو مسجد میں داخل ہو کر وضو کرے دو رکعت تحیۃ الوضو و تحیۃ المسجد دونوں کی نیت سے پڑھیں۔ علاوہ مسجد کے اگر پڑھیں تو صرف تحیۃ الوضو کی نیت سے دو رکعت ادا کریں۔ اس کے بعد تین بار درود شریف کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کریں، بہتر یہ ہے کہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ بلا شمار یعنی جتنی بار چاہیں پڑھیں یا بعد درود شریف تین بار الحمد شریف پھر درود شریف پڑھکر دو رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ و استعانت پڑھے، پہلی رکعت میں بعد الحمد، قل یا یھا الکافرون۔ دوسری رکعت میں قل ھو اللہ احد، بعد سلام یہ دعا اپنے نام کے قلبی اعداد قلبی کے مطابق پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَاَللّٰھُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ (یہاں اپنے مقصد کو بیان کرے کہ میرا مکان تعمیر ہو جائے یا سفر کامیاب ہو یا تجارت مبارک ہو یہاں ایسے جملے نہ کہیں کہ یہ کام ہوگا یا نہیں) عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ (یہاں پھر اپنا مقصد بیان کرے) عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

۵۲۔ **استخارۂ نکاح**۔ جب کوئی کسی عورت سے یا عورت کا سرپرست کسی مرد سے نکاح کرنا چاہے تو منگنی کو شہرت دینے سے قبل یہ استخارہ کرے۔ تازہ وضو کر کے دو یا چار یا اس سے زائد جتنی بھی استطاعت ہو یہ درود شریف بہ نیت استخارہ پڑھے اور اس کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ

والتسلیم اور جمیع صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ارواح طیبات کو بخشے اور اس کے بعد درود شریف اور الحمد شریف بہ نیت حمد و ثنا جتنی بار چاہے پڑھے۔ اس کے بعد یَا حَمِیْدُ تَحَمَّدْتَ بِالْحَمْدِ وَالْحَمْدُ فِیْ حَمْدِ حَمْدِكَ یَا حَمِیْدُ۔ ۳ بار یَا مَجِیْدُ مَجَّدْتَ بِالْمَجْدِ وَالْمَجْدُ فِیْ مَجْدِ مَجْدِكَ یَا مَجِیْدُ ۳ بار اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَاِنْ رَاَیْتَ اَنَّ فِیْ (فلانہ یہاں اس کا نام مع والدہ کے لیں جس کے ساتھ عقد کرنا ہو) خَیْرًا لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدِرْهَا لِیْ وَاِنْ كَانَ غَیْرُهَا خَیْرًا مِّنْهَا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدِرْهَا لِیْ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۳ بار پڑھے اور سو جائے۔ اس استخارے سے بھی پہلے استخارے کی طرح استعانت بھی ہے تین یوم پڑھنے کے بعد جو بہتر ہو گا اس کی صورت خود بخود سامنے آجائے گی (ظ)

۵۳۔ **استخارہ شب جمعہ**: شب جمعہ کو دو رکعت نماز نفل پڑھے اس کا ثواب تمام امت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشے اس کے بعد ۲۷ بار اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاغْفِرْ لِكُلِّ مُؤْمِنٍ وَّمُؤْمِنَةٍ پھر درود شریف ۵ بار پھر سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ۷ بار یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ ۱۰۰ بار، یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ ۱۰۰ بار، یَا مُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ ۱۰۰ بار، وَاشْرَحْ صَدْرِیْ ۱۰۰ بار پھر ۱۱ بار درود شریف اپنے مقصد کو تصور میں رکھ کر پڑھے اور بغیر کلام کئے سو رہے۔ اگر نیند نہ آئے تو کسی وعظ و میلاد شریف کی محفل میں چلا جائے یا جہاں چند مسلمان بیٹھے ہوں وہاں جا کر بیٹھے اور جلسہ میں اہل جلسہ کی گفتگو سے استخارہ کا جواب حاصل کرے۔ ناچ گانا، فسق و فجور کی مجلس یا جہاں سب ہی بدکار لوگ ہوں نہ جائے۔ (ت)

۵۴۔ **استخارہ سورۂ فاتحہ**۔ بروز جمعرات روزہ رکھیں اور شب جمعہ کو یہ عمل کریں اگر کوئی اہم ضرورت درپیش ہو تو کسی شب بھی کر سکتے ہیں۔ بعد نماز عشاء جب سونے کا ارادہ کریں تو تازہ وضو کر کے بستر پر

لیٹ کر سو جائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی دل پر رکھ کر درود شریف ۵ بار سورۂ فاتحہ ۲۳ بار پڑھیں ہر بار
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۳ بار، اسی طرح ہر بار ختم سورۃ پر آمین ۳ بار کہیں جب ۲۳ بار تعداد پوری
ہو جائے تو انگلی اٹھا کر دل پر دم کریں اور یہ دعا پڑھیں ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ
وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ ۔ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا
اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ٥ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا
الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ
بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ
اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ
پھر ۱۱ بار درود شریف اگر یہ دعا حفظ یاد نہ ہو تو پرچے پر لکھ لیں یا کتاب دیکھ کر پڑھیں اور داہنی کروٹ
پر لیٹ کر داہنے ہاتھ پر دم کر کے مٹھی بند کر کے سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں ۔ جب آنکھ کھلے دو نفل شکرانہ
کے ادا کریں ۔ اگر نماز فجر میں زیادہ وقت ہو تو پھر سو جائیں ورنہ نماز کے وقت تک ذکر و دعا میں
مشغول رہیں نماز فجر ادا کر کے کسی غریب مجبور کو گھر لا کر کھانا کھلائیں ۔

۵۵ ۔ استخارہ با مؤکل :۔ بہت ہی مشکل امر میں یہ استخارہ بہتر ہوتا ہے جس رات یہ
استخارہ کرنے کا ارادہ ہو تو پہلے غسل کرے، بعدہٗ صاف و پاک کپڑے پہنے اور چھ رکعت نماز
نفل ایک سلام سے اسطرح پڑھے کہ اول رکعت بعد سبحانک اور الحمد کے سورۂ والشمس ۷ بار
دوسری میں بعد الحمد کے سورۂ واللیل ۷ بار پھر رکوع و سجود کے بعد میں قعدے میں التحیات کے
بعد درود شریف و دعا پڑھ کر بغیر سلام پھیرے کھڑا ہو جائے ۔ پھر تیسری رکعت سُبحانک سے
شروع کرے بعد الحمد سورۂ والضحیٰ ۷ بار، دوسری میں بعد الحمد سورۂ الم نشرح ۷ بار پھر رکوع و سجود
کے بعد قعدے میں التحیات اور درود شریف و دعا کے بغیر سلام پھیرے کھڑے ہو کر سُبحانک اور
الحمد کے بعد سورۂ والتین ۷ بار، چھٹی رکعت میں بعد الحمد سورۂ قدر ۷ بار پھر رکعت پوری کر کے
سلام پھیر دے اور اپنے مقصد کو دل میں جما کر ۷ بار درود اور ۷ بار یہ دعا پڑھے ۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ
مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَرَبَّ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبَّ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ

وَرَبِّ اِسْحٰقَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبِّ یَعْقُوْبَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبِّ جِبْرَئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ رَبِّ مِیْکَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبِّ اِسْرَافِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبِّ عِزْرَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَمُنَزِّلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیَ اللَّیْلَۃَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ ط۔ صبح کو اٹھ کر فاتحہ دلائے۔

باب کشف و شرح صدر

۵۷ عملیات کشف باطن وکشف القبور وغیرہ

کشف کے عملیات شاذ و نادر ہی کتب عملیات میں ملتے ہیں یہ چیزیں سینہ بہ سینہ چلی آرہی ہیں اگر کہیں کہیں کسی کتاب سے اس کا کوئی عمل ملتا بھی ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی بیاض سے نقل کر دیا ہے اور عامل کے رموز و اشارات کو جب نقل کرنے والا خود نہ سمجھے تو وہ سمجھائے کیا اسلئے اکثر ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے مگر اس کتاب میں تقریباً ہر عمل مجرّب اور طریقۂ تفہیم بھی وہ اختیار کیا گیا ہے کہ بآسانی عمل کر کے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

کشفِ کسبی، جو ریاضت اور عبادت سے حاصل ہوتا ہے اور **کشفِ وہبی** جو اولیاء کرام میں سے بھی خواص کو عطا فرمایا جاتا ہے۔

۵۸ کشف اور استخارہ میں فرق استخارہ میں سکونِ قلب بخشا جاتا ہے اور جاگتے سوتے یا قرائن سے مطلع فرما دیا جاتا ہے غرض استخارہ میں بتایا جاتا اور کشف میں دکھایا جاتا ہے۔ کشف علم غیب کا جزو ہے۔

۵۹ کشف اور علم غیب۔ اللہ تعالیٰ کا علم لامحدود اور ذاتی ہے اور حضور سیّد الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا علم عطائی اور ما کان وما یکون اس کی حدود ہیں یعنی جو ہوا اور ہوگا اور اس علم محیط کا ایک دائرہ ہے اور علم ما کان وما یکون علم الٰہی کے سمندر سے ایک قطرہ کا کروڑواں حصہ اور جمیع انبیاء علیہم السلام و اولیاء کرام کا علم۔ علم سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے سمندر سے ایک قطرہ کروڑواں حصہ تصوّر کرنا چاہیئے۔

۶۰۔ اولیائے کرام کے کشف و علم کے متعلق ارشادات

حدیث :۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے : اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ ۔ مومن کی فراست سے ڈرو کہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے ۔ ملا علی قاری، شرح فقہ اکبر میں حضرت سلیمان درانی سے نقل کرتے ہیں :۔ اَلْفِرَاسَةُ مُكَاشَفَةُ النَّفْسِ وَمُعَايَنَةُ الْغَيْبِ وَهِيَ مِنْ مَقَامَاتِ الْاِيْمَانِ یعنی مومن کی فراست (کیا ہے) وہ روح کا کشف اور غیب کا معائنہ ہے اور ایمان کے مقاموں سے ایک مقام ہے۔

۶۱ :۔ ارشاد غوث پاک رضی اللہ عنہ :۔ ایک بار آپ نے فرمایا اگر میری زبان پر شریعت کی روک نہ ہو تو تم اپنے اپنے گھروں میں جو کچھ کھاتے اور جو کچھ جمع کرتے ہو میں ان سب کی خبر دے دوں تو تم سب میرے سامنے ان کانچ کی بوتلوں کی مانند ہو جن کا باہر بھی نظر آتا ہے اور جو کچھ ان بوتلوں کے اندر ہو وہ بھی دکھائی دیتا ہے (بہجۃ الاسرار ص ۲۴) ۔ کشفِ وَھبی جن اولیاء کرام کو دیا جاتا ہے ان میں سے اکثر کو اختیارات بھی مرحمت فرمائے جاتے ہیں، مگر کشفِ کسبی میں صرف مشاہدہ کرنے کی فراست و اہلیت عطا فرمائی جاتی ہے اس میں ردّ و بدل کا اختیار نہیں دیا جاتا۔

۶۲ :۔ عملیاتِ کشف کے لئے ضروری ہدایات

کشف علم باطن سے تعلق رکھتا ہے اور اس کے لئے آئینۂ دل کا مصفّا و مجلّٰی ہونا ضروری ہے اور ان چیزوں سے پرہیز لازم، جو زنگ و کثافت پیدا کرتی ہیں۔ ایمان اور اعتقاد کی درستگی کے ساتھ ہر گناہ سے بچنا ضروری ہے۔ زنا، لواطت، چوری، شراب خوری، سود، کذب، بُخل، تکبّر وغیرہ عیوب تو اپنی جگہ مگر غیبت جس کو آج عیب نہیں سمجھا جاتا اس عیب سے تقریباً عوام و خواص محفوظ نظر نہیں آتے (اِلّا ماشاءاللہ) جھوٹ دل کو زنگ آلود کرنے کے لئے کم نہیں اور جب اس میں حسد بھی شامل ہو جائے تو کیا حال ہوگا اور تکبر تو حضرت جو اپنے سوا کسی کی سچی تعریف بھی گوارا نہیں کرتا۔

۶۳ :۔ تکبّر :۔ اعلیحضرت رضی اللہ عنہ کے والد ماجد رحمۃ اللہ فرماتے ہیں ۔ تکبّر سے کوئی خصلت بدتر

نہیں کہ کسی گناہ سے انسان شیطان کی برابر نہیں ہوتا جب تکبر کیا ابلیس کا اور اس کا فعل ایک سا ہو گیا۔ (سردار القلوب)
امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ جو شخص متکبر کے دل پر نظر کرے کوئی سنڈا اس سے بدتر نہیں
قرآن مجید فرماتا ہے اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُتَکَبِّرِیْنَ ہ بیشک اللہ متکبروں کو دوست (سردار القلوب)
نہیں رکھتا اور کشف دوستوں پر عنایت اور عابدوں کے لئے امانت ہے۔
۶۴۔ حسد: فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حسد سے پرہیز کرتے رہو کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی یا گھاس کو کھا جاتی ہے۔ (ابوداؤد)
اور فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ انسان کے دل میں حسد اور ایمان دونوں اکھٹے نہیں ہو سکتے (مسلم ابوداؤد)
اور کشف نصیب مومن اور ایمان کے مقاموں میں سے ایک مقام ہے وباللہ التوفیق غرضیکہ حصول کشف کے لئے مومن سے سچی توبہ ضروری ہے۔ گناہ کبیرہ کے علاوہ صغائر سے بھی ہمیشہ کے لئے تائب ہو۔
نمبر ۱۔ عملیات کشف میں جو تعداد نوافل کی درج ہے اس کے سوا عمل کرنے سے قبل دو نفل جمیع اہل اسلام خصوصاً جن کے حقوق اس پر ہوں ان کی ارواح کو ثواب بخشنے کی نیت سے پڑھے اور ہر دو رکعت میں بعد الحمد شریف ۳-۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے، بعدہٗ اس کا ثواب جمیع اہل اسلام کی ارواح کو بخشے پھر عمل شروع کرے۔
نمبر ۲۔ اگر کوئی عمل کشف باطن کا دقت ضرورت کرنا ہو تو اکل حلال کا خیال رکھے یہ یاد رہے کہ ان عملیات کے ذریعہ جو انہیں منظور ہوتا ہے ظاہر کیا جاتا ہے، یہ ضروری نہیں کہ آپ جو چاہیں دکھایا جائے۔ اور یہ بھی ضروری نہیں کہ جاگتے ہی میں دکھایا جائے بلکہ اکثر سوتے میں دکھایا جاتا ہے۔ اگر اکل حلال کا خیال نہ رکھا یا کسی ہاں دعوت میں بغیر سوچے سمجھے چلے گئے، اگر اس کھانے میں حرام کی کمائی بھی شامل ہوئی تو جو کچھ مشاہدہ کریں گے وہ یاد نہیں رہے گا۔ اور اگر بغیر پابندئ شرائط کوئی عمل کرے اور اس کے ذریعہ کچھ علم ہو گا تو اپنی حرام کمائی بدکرداری پر مغرور نہ ہو کیونکہ اس حالت میں عمل کی کامیابی اس لئے ہے کہ بقدر حق ظاہر ہو جائے کہ اگر صحیح طور پر شرائط پر عمل کرتا تو مزید انعامات سے نوازا جاتا۔
۶۴۔ **حروف کے ذریعہ کشف حال** ۔ حروف کشف حال کا بہترین ذریعہ ہیں۔ حروف کی زکوٰۃ یا دعوت کے ذریعہ موکلین کو تابع کرنے میں خطرہ ہے مگر جبکہ کوئی شرط مقصود ہو جائے بغیر موکل تابع کئے وقت

ضرورت فائدہ حاصل کرنا بہت آسان ہے۔ اس کے دو طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ تو یہ ہے کہ آپ کے نام کا جو پہلا حرف ہو اسی حرف کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ اگر وہ زیادہ ہوں تو اسم موکل کے اعداد کے مطابق یا حرف کے ملفوظی اعداد کے مطابق یا مکتوبی حرف کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ یہ عمل پڑھنے والے کی طاقت پر چھوڑا جاتا ہے۔ سب سے کم تعداد ۲۸ ہے اس سے کم نہ پڑھے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تمام حروف جن کی تعداد ۲۸ ہے سب کو روزانہ ایک بار یا ۲۸ بار ورد میں رکھے، اس طرح موکل بھی مانوس ہو جائیں گے اور ان کے انکشافات حال بھی معلوم ہوتا رہے گا۔ اوّل و آخر درود شریف ۲۱ بار۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

اجب یا آئیل بحق الف	اجب یا سائیل بحق سین
اجب یا بائیل بحق با	اجب یا عائیل بحق عین
اجب یا جائیل بحق جیم	اجب یا فائیل بحق فا
اجب یا دائیل بحق دال	اجب یا صائیل بحق صاد
اجب یا ھائیل بحق ھا	اجب یا قائیل بحق قاف
اجب یا وائیل بحق واؤ	اجب یا رائیل بحق را
اجب یا زائیل بحق زا	اجب یا شائیل بحق شین
اجب یا حائیل بحق حا	اجب یا تائیل بحق تا
اجب یا طائیل بحق طا	اجب یا ثائیل بحق ثا
اجب یا یائیل بحق یا	اجب یا خائیل بحق خا
اجب یا کائیل بحق کاف	اجب یا ذائیل ذال
اجب یا لائیل بحق لام	اجب یا ضائیل بحق ضاد
اجب یا مائیل بحق میم	اجب یا ظائیل بحق ظا
اجب یا نائیل بحق نون	اجب یا غائیل بحق غین۔

۶۵۔ **کشف باطن کا سریع الاثر طریقہ:۔** پہلے عمل میں اگر اجازت اور دیگر شرائط کا پابند ہے تو کوئی خطرہ نہیں صرف خوف دلا کر آزمائش کی جاتی ہے تاکہ عامل میں موکل سے دوستی کی صلاحیت پیدا ہو جائے اور ماسوا کا خوف دل سے نکال کر خدا کے خوف سے بھر دیا جائے۔ پہلے عمل کو ایک ہفتہ کم از کم ۲۸ بار ورد میں رکھنے کے بعد اس عمل کو شروع کرے تاکہ آئینہ دل گرد و غبار سے صاف ہو جائے یہ عمل پہلے سے دس گنا سریع الاثر ہے۔ اس عمل کو ہمیشہ وقت مقررہ پر پڑھے، پہلے دن جس وقت عمل شروع کیا جائے کسی دن اس وقت سے ایک منٹ کی دیر نہ ہو خواہ چند منٹ قبل ہی شروع کر دے کہ اس میں حرج نہیں کیونکہ موکل وقت پر حاضر ہو جاتے ہیں اس کو ان کو انتظار کی زحمت نہ دی جائے۔ بعد مغرب یا بعد عشاء جو وقت بھی مقرر کرے، پہلے دو نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد الحمد ۳-۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے اور کچھ شیرینی پر فاتحہ دے کر اس کا ثواب جمیع اہل اسلام تمام بزرگانِ دین، انبیاء علیہم السلام خصوصاً سید الانبیاء صلی اللہ علیہ السلام اور ارواح موکلین کو بخشے پھر اس عمل کو شروع کرے اوّل و آخر درود شریف ۲۱ بار بہتر ہے کہ جمعہ کا دن گذار کر ہفتہ کی شب کو یہ عمل شروع کرے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اجب یا اسرافیل بحق الف
اجب یا ہمواکیل بحق سین
اجب یا جبرائیل بحق با
اجب یا لومائیل بحق عین
اجب یا کلکائیل بحق جیم
اجب یا سرحائیل بحق فا
اجب یا دردائیل بحق دال
اجب یا ہجمائیل بحق صاد
اجب یا دوریائیل بحق ھا
اجب یا عطرائیل بحق قاف
اجب یا رفتمائیل بحق واو
اجب یا امواکیل بحق راء
اجب یا اشرفائیل بحق زا
اجب یا ہمرائیل بحق شین
اجب یا تنکفیل بحق حا
اجب یا عزرائیل بحق تا
اجب یا اسمائیل بحق طا
اجب یا میکائیل بحق ثا
اجب یا سرکیطائیل بحق یا
اجب یا مھکائیل بحق خا

اجب یاحرورزائیل بحق کاف	اجب یااہرائیل بحق ذال
اجب یاطاطائیل بحق لام	اجب یاعطکائیل بحق ضاد
اجب یاروریائیل بحق میم	اجب یالوزائیل بحق ظا
اجب یاحولائیل بحق نون	اجب یالوخائیل بحق غین

۶۶- کشفِ قبور کا طریقہ

یہ طریقہ کشفِ باطن کے ساتھ کشفِ قبور میں بھی مجرب ہے اگر پہلے اور دوسرے طریقے کے مطابق تمام حروف کا عمل باموکل ایک ہفتہ کر لیا جائے تو یہ عمل ۲۸ بار پورا بھی نہ کر پائے گا کہ صاحبِ قبر کی زیارت سے مشرف ہو گا اور اگر کان حرام آوازیں سننے اور زبان بدکلامی سے محفوظ ہے یا خالص توبہ کر چکا ہے تو صاحبِ قبر سے ہمکلام بھی ہو گا۔ ہر اڑی مشکل کا حل دریافت کرے بتایا جائے گا۔ بہتر ہے کہ تازہ غسل کرے ورنہ تازہ وضو کرکے دو رکعت نماز نفل ادا کر کے ثواب بخشے اور صاحبِ قبر کے چہرے کے سامنے دو زانو اس طرح بیٹھے کہ قبلہ پُشت پہ ہو اور ایک تسبیح درود شریف کی پڑھکر عمل شروع کرے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اجب یا اسرافیل بحق اَلِفَ الْاَلِفُ اَسۡئَلُكَ بحق اَلِفَ الْاَلف

اجب یا جبرئیل بحق با البا اَسۡئَلُكَ بِحَقِّ بَا اَلْبَا

اجب یا کلکائیل بحق جیم الجیم اَسۡئَلُكَ بحق جیم الجیم

اجب یا دردائیل بحق دال الدال اَسۡئَلُكَ بحق دال الدال

اجب یا دوریائیل بحق ھا الھا اسئلك بحق ھا الھا

اجب یا رفتمائیل بحق واو الواو اسئلك بحق واو الواو

اجب یا شرفائیل بحق زَا اَلزَا اَسۡئَلُكَ بحق زَا اَلزَا

اجب یا تنکفیل بحق حا الحا اسئلك بحق حا الحا

اجب یا اسمائیل بحق طا الطا اسئلك بحق طا الطا

اجب یا سراکیطائیل بحق یا الیا اسئلك بحق یا الیا

اجب یا حرمزائیل بحق کاف الکاف اسئلك بحق کاف الکاف

اجب یا طاطائیل بحق لام اللام اسئلك بحق لام اللام

اجب یا رویائیل بحق میم المیم اسئلك بحق میم المیم

اجب یا حولائیل بحق نون النون اسئلك بحق نون النون

اجب یا ہمواکیل بحق سین السین اسئلك بحق سین السین

اجب یا لومائیل بحق عین العین اسئلك بحق عین العین

اجب یا سرحمائیل بحق فا الفا اسئلك بحق فا الفاء

اجب یا اہجمائیل بحق صاد الصاد اسئلك بحق صاد صاد

اجب یا عطرائیل بحق قاف القاف اسئلك بحق قاف القاف

اجب یا امواکیل بحق را الرا اسئلك بحق را الرا۔

اجب یا ہمرائیل بحق شین الشین اسئلك بحق شین الشین

اجب یا عزرائیل بحق تا التا اسئلك بحق تا التا

اجب یا میکائیل بحق ثا الثا اسئلك بحق ثا الثا

اجب یا مہکائیل بحق خا الخا اسئلك بحق خا الخا

اجب یا اہرائیل بحق ذال الذال اسئلك بحق ذال الذال

اجب یا عطکائیل بحق ضاد الضاد اسئلك بحق ضاد ضاد

اجب یا لوزائیل بحق ظا الظا اسئلك بحق ظا الظا

اجب یا لوخائیل بحق غین الغین اسئلك بحق غین الغین

۶۷۔ **حرف کی نسبت سے اسم اللہ کے عملیات** یہ طریقہ سب سے زیادہ زود اثر اور بے خطر ہے اس طریقے پر عمل کرنے سے جسم و روح، قلب و زبان، بصارت و سماع، گفتار و کردار غرض

ہر ایک شے خود بخود اصلاح کی جانب مائل ہو کر سنورنے اور نکھرنے لگتی ہے اور موکل حروف اسم اعظم کی برکت سے جلد مانوس ہو کر تابع ہو جاتا ہے اسلئے یہ طریقہ بالکل بے خطر و بے ضرر ہے اور زود اثر بھی ایسا کہ پہلے ہی روز سے فیوض و برکات کے کرشمے دیکھے جاتے ہیں اب عمل کرنے والے کے حال پر موقوف ہے کہ جو وقت کثافت کو لطافت سے بدلنے میں لگے گا اتنی ہی دیر ظہور الطاف میں ہو گی مگر یہ وقت بھی لذت روحانی سے خالی نہ رہے گا۔ ہر روز بعد دوگانہ ادا کرنے کے اپنے نام کے پہلے حرف کے مطابق کوئی اسم الٰہی منتخب کر کے ورد کریں، طریقہ یہ ہے:۔

الف	اعداد اسم باری تعالیٰ	اجب اسرافیل بحق الف یا ارحم الراحمین	۵۸۹
اجب اسرافیل بحق الف یا الٰہ	۳۶	اجب اسرافیل بحق الف یا اکرم الاکرمین	۶۱۳
اجب اسرافیل بحق الف یا اللہ	۶۶	اجب اسرافیل بحق الف یا الٰہ واحد	۵۵
اجب اسرافیل بحق الف یا احد	۱۳	اجب اسرافیل بحق الف یا اللہ یا اللہ باقی	۱۶۹
اجب اسرافیل بحق الف یا اکبر	۲۲۳	اجب اسرافیل بحق الف یا اولیٰ	۴۷
اجب اسرافیل بحق الف یا اوّل	۳۷	اجب اسرافیل بحق الف یا اعلیٰ	۱۱۱
اجب اسرافیل بحق الف یا آخر	۸۰۱	اجب اسرافیل بحق الف یا اعز	۷۸
اجب اسرافیل بحق الف یا اکرام	۲۶۲	اجب اسرافیل بحق الف یا اعظم	۱۰۱۱
اجب اسرافیل بحق الف یا اجمل	۵۴	با	اعداد
اجب اسرافیل بحق الف یا اکمل	۹۱	اجب جبرائیل بحق با یا باطن	۶۲
اجب اسرافیل بحق الف یا افضل	۹۱۱	اجب جبرائیل بحق با یا بدوح	۲۰
اجب اسرافیل بحق الف یا اقرب	۳۰۳	اجب جبرائیل بحق با یا بدیع	۸۶
اجب اسرافیل بحق الف یا امجد	۴۸	اجب جبرائیل بحق با یا باقی	۱۱۳
اجب اسرافیل بحق الف یا اللہ الصمد	۲۳۱	اجب جبرائیل بحق با یا بر	۲۰۲
اجب اسرافیل بحق الف یا احکم الحاکمین	۲۲۰	اجب جبرائیل بحق با یا باری	۲۱۳

با	اعداد
اجب جبرئیل بحق با یا بارُ	۲۰۳
اجب جبرئیل بحق با یا برُهانُ	۲۵۸
اجب جبرئیل بحق با یا بصیرُ	۳۰۲
اجب جبرئیل بحق با یا باسطُ	۷۲
اجب جبرئیل بحق با یا باعثُ	۵۷۳
اجب جبرئیل بحق با یا باصرُ	۲۹۳
جیم	**اعداد**
اجب کلکائیل بحق جیم یا جلیلُ	۷۳
اجب کلکائیل بحق جیم یا جمیلُ	۸۳
اجب کلکائیل بحق جیم یا جامعُ	۱۱۴
اجب کلکائیل بحق جیم یا جوادُ	۱۴
اجب کلکائیل بحق جیم یا جبارُ	۲۰۶
اجب کلکائیل بحق جیم یا جابرُ	۲۰۶
دال	
اجب دردائیل بحق دال یا دلیلُ	۷۴
اجب دردائیل بحق دال یا دائرُ	۲۰۶
اجب دردائیل بحق دال یا دیانُ	۶۵
اجب دردائیل بحق دال یا دافعُ	۱۵۵
اجب دردائیل بحق دال یا دائمُ	۵۵
اجب دردائیل بحق دال یا داورُ	۲۱۱
ھ	
اجب دوریائیل بحق ها یا هرُ	۵

ھ	اعداد
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ	۱۱
اجب دوریائیل بحق ها یا هادیُ	۲۰
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ اللہ احدُ	۹۰
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ الکافیُ	۱۵۳
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ الرحمٰنُ	۳۴۰
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ الرحمٰن الرحیمُ	۴۲۹
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ الاوّلُ	۷۹
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ الثانیُ	۴۲۳
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ الباطنُ	۱۰۴
اجب دوریائیل بحق ها یا هوُ العلی العظیمُ	۱۲۰۳
واوُ	
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا وافیُ	۱۰۶
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا واصلُ	۱۲۷
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا ودودُ	۲۰
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا واجدُ	۱۴
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا وهابُ	۱۴
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا ولیُ	۴۶
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا والیُ	۴۷
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا وکیلُ	۶۶
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا واسعُ	۱۳۷
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا وارثُ	۷۰۷
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا واحدُ	۱۹
اجب رفتمائیل بحق واوُ یا وترُ	۶۰۶

اسم	اعداد
اجب رفتمائیل بحق واؤ یا وَاصِفُ	۱۷۷
اجب رفتمائیل بحق واؤ یا وَاجِبُ	۱۲
اجب رفتمائیل بحق واؤ یا وَاجِبُ الوُجُودُ	۶۲
اجب رفتمائیل بحق واؤ یا وَحْدَةُ الوُجُودُ	۴۶۸
اجب رفتمائیل بحق واؤ یا وَحِیدُ	۲۸
زا	
اجب شرفائیل بحق زا یا زَکِیُّ	۵۸
اجب شرفائیل بحق زا یا زَاکِیُّ	۵۷
حا	
اجب تنکفیل بحق حا یا حَافِظُ	۹۸۹
اجب تنکفیل بحق حا یا حَفِیظُ	۹۹۸
اجب تنکفیل بحق حا یا حَیُّ	۱۸
اجب تنکفیل بحق حا یا حَمِیلَۃٗ	۶۲
اجب تنکفیل بحق حا یا حَامِدُ	۵۳
اجب تنکفیل بحق حا یا حَسِیبُ	۸۰
اجب تنکفیل بحق حا یا حَکِیمُ	۷۸
اجب تنکفیل بحق حا یا حَلِیمُ	۹۸
اجب تنکفیل بحق حا یا حَنَّانُ	۶۹
اجب تنکفیل بحق حا یا حَقُّ	۱۰۸
اجب تنکفیل بحق حا یا حٰمٓ عٓسٓقٓ	۲۷۸
اجب تنکفیل بحق حا یا حَکَمُ	۸۶
اجب تنکفیل بحق حا یا حَلِیماً غَفُوراً	۱۳۲۵

اسم	اعداد
اجب تنکفیل بحق حا یا حَیُّ القَیُّومُ	۲۰۵
اجب تنکفیل بحق حا یا حَمِیدُ مَجِیدُ	۱۱۹
اجب تنکفیل بحق حا یا حَیُّ لَایَمُوتُ	۵۲۵
اجب تنکفیل بحق حا یا حَاصِرُ	۲۹۹
اجب تنکفیل بحق حا یا حَاوِی	۲۵
اجب تنکفیل بحق حا یا حَاجِبُ	۱۴
طا	
اجب اسمائیل بحق طا یا طَاقُ	۱۱۰
اجب اسمائیل بحق طا یا طَالِبُ	۴۲
اجب اسمائیل بحق طا یا طَاهِرُ	۲۱۵
اجب اسمائیل بحق طا یا طَارِقُ	۳۱۰
اجب اسمائیل بحق طا یا طٰہٰ	۱۴
اجب اسمائیل بحق طا یا طٰسٓ	۶۹
اجب اسمائیل بحق طا یا طٰسٓمٓ	۱۰۹
اجب اسمائیل بحق طا یا طَیِّبُ	۲۱
اجب اسمائیل بحق طا یا طَهُورُ	۲۱۴
یا	اعداد
اجب سراکیطائیل بحق یا یٰسین	۱۳۰
اجب سراکیطائیل بحق یا یُحْیِی	۲۶
اجب سراکیطائیل بحق یا یُمِیتُ	۴۲۶
اجب سراکیطائیل بحق یا یُعْطِی	۹۹
اجب سراکیطائیل بحق یا یَتِیمُ	۳۵۰

ک	اعداد اسم باری تعالیٰ
اجب حروزائیل بحق کاف یاکریمُ	۲۷۰
اجب حروزائیل بحق کاف یاکبیرُ	۲۳۲
اجب حروزائیل بحق کاف یاکبریاءُ	۲۲۳
اجب حروزائیل بحق کاف یاکافیُ	۱۱۱
اجب حروزائیل بحق کاف یاکاظمُ	۹۷۱
اجب حروزائیل بحق کاف یاکھیعص	۱۹۵
اجب حروزائیل بحق کاف یاکاشفُ	۴۰۱
اجب حروزائیل بحق کاف یاکشافُ	۴۰۱
اجب حروزائیل بحق کاف یاکفیلُ	۱۴۰
اجب حروزائیل بحق کاف یاکلیمُ	۱۰۰
اجب حروزائیل بحق کاف یاکاسرُ	۲۸۱

لام	اعداد
اجب طاطائیل بحق لام یالطیفُ	۱۲۹
اجب طاطائیل بحق لام یالطفُ	۱۱۹
اجب طاطائیل بحق لام یالازوالُ	۷۵
اجب طاطائیل بحق لام یالایموتُ	۴۸۷
اجب طاطائیل بحق لام یالایزلُ	۷۹
اجب طاطائیل بحق لام یالاریبُ	۲۴۳
اجب طاطائیل بحق لام یالم یزلُ	۱۱۷

میم	اعداد اسم باری تعالیٰ
اجب رویائیل بحق میم یامحیطُ	۶۷
اجب رویائیل بحق میم یامجیدُ	۵۷
اجب رویائیل بحق میم یاماجدُ	۴۸
اجب رویائیل بحق میم یاملیکُ	۱۰۰
اجب رویائیل بحق میم یامالکُ	۹۱
اجب رویائیل بحق میم یامفصّلُ	۹۵۰
اجب رویائیل بحق میم یامجیبُ	۵۵
اجب رویائیل بحق میم یامبدعُ	۱۱۶
اجب رویائیل بحق میم یامحیُّ	۶۸
اجب رویائیل بحق میم یامنجیُ	۱۰۳
اجب رویائیل بحق میم یامبینُ	۱۰۲
اجب رویائیل بحق میم یامعزُّ	۱۱۷
اجب رویائیل بحق میم یامعیدُ	۱۲۴
اجب رویائیل بحق میم یامؤمنُ	۱۳۶
اجب رویائیل بحق میم یامنّانُ	۱۳۱
اجب رویائیل بحق میم یامہیمنُ	۱۴۵
اجب رویائیل بحق میم یامحصیُ	۱۱۸
اجب رویائیل بحق میم یامانعُ	۱۶۱
اجب رویائیل بحق میم یامقدّمُ	۱۸۴
اجب رویائیل بحق میم یامحاسبُ	۱۱۱

	اعداد
اجب رویائیل بحق میم یامنعم	۲۰۰
اجب رویائیل بحق میم یامقسط	۲۰۹
اجب رویائیل بحق میم یامنور	۲۹۶
اجب رویائیل بحق میم یامخرج	۲۲۴
اجب رویائیل بحق میم یامعبود	۱۷۲
اجب رویائیل بحق میم یامغیث	۱۵۵۰
اجب رویائیل بحق میم یامنتقم	۶۲۰
اجب رویائیل بحق میم یامجیر	۲۵۳
اجب رویائیل بحق میم یامتعال	۵۴۱
اجب رویائیل بحق میم یامونس	۱۵۶
اجب رویائیل بحق میم یامحسن	۱۵۸
اجب رویائیل بحق میم یامصور	۳۳۶
اجب رویائیل بحق میم یامصیر	۳۴۰
اجب رویائیل بحق میم یامشهود	۳۵۵
اجب رویائیل بحق میم یامتین	۵۰۰
اجب رویائیل بحق میم یامحتسب	۴۵۰
اجب رویائیل بحق میم یامتکبر	۲۶۶
اجب رویائیل بحق میم یامقیم	۴۹۰
اجب رویائیل بحق میم یامانع	۱۶۱
اجب رویائیل بحق میم یامظهر	۱۱۴۵
اجب رویائیل بحق میم یامقتدر	۷۴۴
اجب رویائیل بحق میم یامستعان	۶۲۱
اجب رویائیل بحق میم یامذل	۷۷۰
اجب رویائیل بحق میم یامغیث	۵۵۰
اجب رویائیل بحق میم یامسجود	۱۱۳
اجب رویائیل بحق میم یامعطی	۱۲۹
اجب رویائیل بحق میم یامغنی	۱۱۰۰

نون	اعداد
اجب حولائیل بحق نون یانقی	۱۶۰
اجب حولائیل بحق نون یاناصر	۳۴۱
اجب حولائیل بحق نون یانصیر	۳۵۰
اجب حولائیل بحق نون یانقیم	۲۰۰
اجب حولائیل بحق نون یانور	۲۵۶
اجب حولائیل بحق نون یاناسخ	۷۱۱
اجب حولائیل بحق نون یاناصب	۴۳
اجب حولائیل بحق نون یاناصح	۱۳۹
اجب حولائیل بحق نون یانافذ	۸۳۱
اجب حولائیل بحق نون یانافع	۲۰۱
اجب حولائیل بحق نون یانافی	۱۴۱
اجب حولائیل بحق نون یانذیر	۹۶۰
اجب حولائیل بحق نون یاناعم	۱۶۱
اجب حولائیل بحق نون یانعیم	۱۷۰
اجب حولائیل بحق نون یاناقد	۱۵۵

سین

اجب ہمواکیل بحق سین یا ستارُ	۶۶۱
اجب ہمواکیل بحق سین یا سُبحنُ	۱۲۰
اجب ہمواکیل بحق سین یا سُبحانُ	۱۲۱
اجب ہمواکیل بحق سین یا سَلمُ	۱۳۰
اجب ہمواکیل بحق سین یا سلامُ	۱۳۱
اجب ہمواکیل بحق سین یا سُبّوحُ	۷۶
اجب ہمواکیل بحق سین یا سمیعُ	۱۸۰
اجب ہمواکیل بحق سین یا سامعُ	۱۶۱
اجب ہمواکیل بحق سین یا سریعُ	۳۴۰
اجب ہمواکیل بحق سین یا سالقُ	۱۶۳
اجب ہمواکیل بحق سین یا سُلطانُ	۱۵۰
اجب ہمواکیل بحق سین یا ساترُ	۶۶۱
اجب ہمواکیل بحق سین یا سرمدُ	۳۰۴
اجب ہمواکیل بحق سین یا سیّدُ	۷۴

عین

	اعداد
اجب لومائیل بحق عین یا عزیزُ	۹۴
اجب لومائیل بحق عین یا عدلُ	۱۰۴
اجب لومائیل بحق عین یا عادلُ	۱۰۵
اجب لومائیل بحق عین یا علیُّ	۱۱۱
اجب لومائیل بحق عین یا عالیُ	۱۱۲
اجب لومائیل بحق عین یا عفُوُّ	۱۵۶
اجب لومائیل بحق عین یا علیمُ	۱۵۰
اجب لومائیل بحق عین یا عظیمُ	۱۰۲۰
اجب لومائیل بحق عین یا عالمُ	۱۴۱
اجب لومائیل بحق عین یا عجیبُ	۸۵
اجب لومائیل بحق عین یا عاجلُ	۱۰۴
اجب لومائیل بحق عین یا عارفُ	۳۵۱
اجب لومائیل بحق عین یا عاطفُ	۱۶۰
اجب لومائیل بحق عین یا عافیُ	۱۶۱
اجب لومائیل بحق عین یا عزّوجلّ	۱۱۶
اجب لومائیل بحق عین یا عطوفُ	۱۶۵
اجب لومائیل بحق عین یا علوُّ	۱۰۶

فا

اجب سرحمائیل بحق فا یا فاضلُ	۹۱۱
اجب سرحمائیل بحق فا یا فردُ	۲۸۴
اجب سرحمائیل بحق فا یا فتحُ	۴۸۸
اجب سرحمائیل بحق فا یا فاعلُ	۱۸۱
اجب سرحمائیل بحق فا یا فارضُ	۱۰۸۱
اجب سرحمائیل بحق فا یا فاخرُ	۳۸۱
اجب سرحمائیل بحق فا یا فاطرُ	۲۹۰

صاد

اجب اہجمائیل بحق صاد یا صمدُ	۱۳۴
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صدقُ	۱۱۹۴

	اعداد		اعداد
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صادق	۱۹۵	اجب عطرائیل بحق قاف قدوس	۱۷۰
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صبور	۲۹۸	اجب عطرائیل بحق قاف یا قابض	۹۰۳
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صدیق	۲۰۴	اجب عطرائیل بحق قاف یا قاصی	۲۰۱
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صریح	۳۰۸	اجب عطرائیل بحق قاف یا قاضی	۹۱۱
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صانع	۲۱۱	اجب عطرائیل بحق قاف یا قاطع	۱۸۰
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صابح	۱۰۱	اجب عطرائیل بحق قاف یا قدم	۱۴۴
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صاحب	۱۰۱	اجب عطرائیل بحق قاف یا قامع	۲۱۱
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صابر	۲۹۳	اجب عطرائیل بحق قاف یا قسط	۱۶۹
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صناح	۲۱۱	اجب عطرائیل بحق قاف یا قیم	۱۵۰
اجب اہجمائیل بحق صاد یا صواب	۹۹	اجب عطرائیل بحق قاف یا قہار	۳۰۶
قاف	**اعداد**	**را**	**اعداد**
اجب عطرائیل بحق قاف یا قادر	۳۰۵	اجب امواکیل بحق را یا رزاق	۳۰۸
اجب عطرائیل بحق قاف یا قیوم	۱۵۶	اجب امواکیل بحق را یا رازق	۳۰۷
اجب عطرائیل بحق قاف یا قدیم	۱۵۴	اجب امواکیل بحق را یا رب	۲۰۲
اجب عطرائیل بحق قاف یا قاسم	۲۰۱	اجب امواکیل بحق را یا رحیم	۲۵۸
اجب عطرائیل بحق قاف یا قاہر	۳۰۶	اجب امراکیل بحق را یا رحمٰن	۲۹۸
اجب عطرائیل بحق قاف یا قہر	۳۰۵	اجب امواکیل بحق را یا رقیب	۳۱۲
اجب عطرائیل بحق قاف یا قریب	۳۱۲	اجب امواکیل بحق را یا رفیع	۳۶۰
اجب عطرائیل بحق قاف یا قوی	۱۱۶	اجب امواکیل بحق را یا رافع	۳۵۱
اجب عطرائیل بحق قاف یا قدیر	۳۱۴	اجب امواکیل بحق را یا راشد	۵۰۵
اجب عطرائیل بحق قاف یا قائم	۱۴۱	اجب امراکیل بحق را یا رشید	۵۱۴

اسماء	اعداد
اجب امواکیل بحق را یا رابغ	۱۲۰۳
اجب امواکیل بحق را یا راحم	۲۴۹
اجب امواکیل بحق را یا رائم	۲۴۱
اجب امواکیل بحق را یا راجع	۲۱۱
اجب امواکیل بحق را یا راسخ	۸۶۱
اجب امواکیل بحق را یا رافد	۲۸۵
اجب امواکیل بحق را یا رافع	۳۵۱
اجب امواکیل بحق را یا ربنا	۲۵۳
اجب امواکیل بحق را یا رؤف	۲۸۶

شین	اعداد
اجب ہمزائیل بحق شین یا شکور	۵۲۲
اجب ہمزائیل بحق شین یا شافی	۳۹۰
اجب ہمزائیل بحق شین یا شاہد	۳۱۰
اجب ہمزائیل بحق شین یا شہید	۳۱۹
اجب ہمزائیل بحق شین یا شارع	۵۷۱
اجب ہمزائیل بحق شین یا شارح	۵۰۹
اجب ہمزائیل بحق شین یا شارق	۶۰۱
اجب ہمزائیل بحق شین یا شافع	۴۵۱
اجب ہمزائیل بحق شین یا شفیق	۴۹۰
اجب ہمزائیل بحق شین یا شفیع	۴۶۰

تا	اعداد
اجب عزرائیل بحق تا یا تام	۴۴۱
اجب عزرائیل بحق تا یا تواب	۴۰۹
اجب عزرائیل بحق تا یا تبارک اللہ	۶۸۳
اجب عزرائیل بحق تا یا تنور	۶۵۶

ثا	اعداد
اجب میکائیل بحق ثا یا ثابت	۹۰۳
اجب میکائیل بحق ثا یا ثواب	۵۰۹

خا	اعداد
اجب مہکائیل بحق خا یا خبیر	۸۱۲
اجب مہکائیل بحق خا یا خالق	۷۳۱
اجب مہکائیل بحق خا یا خاسر	۸۶۱
اجب مہکائیل بحق خا یا خاتم	۱۰۴۱
اجب مہکائیل بحق خا یا خافض	۱۴۸۱
اجب مہکائیل بحق خا یا خدا	۴۰۵

ذال	اعداد
اجب اھرائیل بحق ذال یا ذاکر	۹۲۱
اجب اھرائیل بحق ذال یا ذکر	۹۲۰
اجب اھرائیل بحق ذال یا ذوالجلال	۸۰۱
اجب اھرائیل بحق ذال یا ذاالجلال والاکرام	۱۱۰۰

ضاد	اعداد
اجب عطکائیل بحق ضاد یا ضار	۱۰۰۱
اجب عطکائیل بحق ضاد یا ضارب	۱۰۰۲
اجب عطکائیل بحق ضاد یا ضامن	۸۹۱

	اعداد		
اجب عطکائیل بحق ضاد یا ضارب	۱۰۰۳	اجب لوخائیل بحق غین یا غیاث	۱۵۱۱
اجب عطکائیل بحق ضاد یا ضامن	۸۹۱	اجب لوخائیل بحق غین یا غفور	۱۲۸۶
ظا	اعداد	اجب لوخائیل بحق غین یا غفار	۱۲۸۱
اجب لوزائیل بحق ظا یا ظاہر	۱۱۰۶	اجب لوخائیل بحق غین یا غوث	۱۵۰۶
اجب لوزائیل بحق ظا یا ظہور	۱۱۱۱	اجب لوخائیل بحق غین یا غالب	۱۰۳۳
اجب لوزائیل بحق ظا یا ظہیر	۱۱۱۵	اجب لوخائیل بحق غین یا غافی	۱۰۶۱
غین	اعداد	اجب لوخائیل بحق غین یا غفیر	۱۲۹۰
اجب لوخائیل بحق غین یا غنی	۱۰۶۰	اجب لوخائیل بحق غین یا غمخوار	۱۸۴۷
اجب لوخائیل بحق غین یا غافر	۱۲۸۱	اجب لوخائیل بحق غین یا غیور	۱۲۱۶

۶۸ عملیات برائے کشف مجرب و آزمودہ

ماخوذ از جواہر خمسہ

(ا) - اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اَلِفْ یَا اَللہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فَعَالِہٖ یَا اَللہُ - اور اگر فَعَالِہٖ کے ف کو زبر کے ساتھ پڑھے تو تمام افعال حسنہ اس کو حاصل ہوں گے، مستجاب الدعوات ہوگا یہاں تک کہ پانی کیلئے دعا کرے گا پانی برسے گا اور کسی مسلمان کی ترقی درجات کے لئے دعا کرے گا ترقی ہوگی اور کسی دشمن کی ہزیمت چاہے گا تو ہزیمت ہوگی۔ اگر فِعَالِہٖ کے ف کو زیر کے ساتھ پڑھے گا تو دشمن ہلاک ہوں۔ مگر دشمن حق پر ہے تو رجعت ہو اور خود کو نقصان پہنچے، بہتر ہے کہ ف کو زبر کے ساتھ پڑھے۔ ہر مقصد حاصل ہو اور روزانہ کے پیش آنے والے واقعات دکھلائے یا بتادیئے جاتے ہیں۔ ہر روز ۳۸۲ بار یا ۱۱۲ بار یا مجبوری ۶۶ بار، ۷ بار اول و آخر درود شریف ۷ بار۔

(ب) - اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ بَا یَا بَارِیُّ فَلَا شَیْءَ کُفُوَہٗ یُدَانِیْہِ وَلَا اِمْکَانَ لِوَصْفِہٖ یَا بَارِیُّ ـــ اگر بارِیُّ کو سا پر پیش اور لِوَصْفِہٖ کی ھ کو زیر کے ساتھ پڑھے، دل اس کا مصفّا آئینے کی شکل ہو حق تعالیٰ کے جلوے دیکھے جاسکیں اور فسق و فجور سے باز رہے اور صفات ملکی سے موصوف ہو۔

اور کسی صاحب ... کے چہرے پر نظر ڈالے اس کے دل میں عبرت پیدا ہو اور کبھی برائی اور معصیت کے پاس نہ پھٹکے۔ اور اگر یا مُبَاتَرَ یعنی رے پر زبر اور لِوَصُفِہ یعنی یہ پر جزم تو جس شہر یا قصبہ یا گاؤں میں صاحب عمل پڑھے گا وہ جگہ ویران و برباد ہو جائے اور تمام کھیت کھلیان، اور تمام درخت اور پھل اور باغات خشک ہو جائیں۔

ہر روز ۷۴۴ بار یا ۲۰۳ بار، بمجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف ۳ بار۔

(ج) اَجِبْ یا کلکائیلُ بِحَقِّ جِیْم یا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَنْ کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ یا جَلِیْلُ۔ یا جَلِیْلُ لام پر پیش اور صِدْق بغیر لام الف اور وَعْدُہٗ کو وَعْدُہٗ دال کو معجمہ پڑھے تو کچھ زمین کے ساتوں طبق کے نیچے سے عامل پر ظاہر ہو۔ اگر لام پر جَلِیْلَ یعنی لام پر زبر اور الصِّدْقُ لام الف کے ساتھ اور وَعْدُہٗ دال مہملہ کے ساتھ پڑھے عامل ہونے کے بعد ۴۱ بار پڑھے اور اپنے اوپر دم کر لے تو خلائق کی نظر سے غائب ہو اور جب چاہے کہ ظاہر ہو تو پہلے طریقے سے پڑھے تو خلق میں ظاہر ہو جائے گا۔ ہر روز ۳۴۲ بار، بمجبوری ۷ بار اول آخر درود شریف ۹ بار۔

(د) اَجِبْ یا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ دَال یا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا زَوَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یا دَائِمُ۔ اگر فَنَاءٍ ہمزہ کو دو زیر کے ساتھ پڑھے تو تمام عالم ظاہری و باطنی اس کو فنا دکھائی دے۔ اگر فناءِ ہمزہ زیر کے ساتھ پڑھے، تمام عالم ظاہر و باطن بے حجاب دیکھے اور دونوں عالم میں سالک کا مرتبہ حاصل ہو۔ ہر روز ۲۵۰ بار یا ۴۶ بار، بمجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف ۷ بار۔

(ھ) اَجِبْ یا دُرْدَائِیْلُ بِحَقِّ ھَا یا ھَادِیَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِی الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظَمَتِہٖ یا ھَادِیَ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ — ... عامل ... اسی طرح دیکھتا ہے جس طرح روشنی میں دیکھتا ہے، نہ دریا میں ڈوبے، نہ جنگل میں ہلاک ہو۔ دریائی جانور اور جنگل کے وحشی اس کے مطیع ہوں۔ سانپ بچھو اس کے حکم پر عمل کریں۔ بے دینی، گمراہی فسق و فجور اور معصیت کی تاریکیوں میں کبھی نہ بھٹکے گا اور جس بے دین بد مذہب یا فاسق و فاجر کو نیکی کی تلقین کرے وہ از بس اس کے حکم کی تعمیل کرے اور ہر برائی سے تائب ہو۔ اول آخر درود شریف ۲۱ بار ہر روز ۲۶۲ بار یا ۲۰ بار۔

(و) اَجِبْ یَارَفْتَائِیلُ بِحَقِّ وَا وَیَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اٰخِرُہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ یَا وَاحِدُ ـ روزانہ ۲۶۲ بار یا ۱۹ بار اوّل آخر درود شریف ۹ بار اگر اَوَّلُ یعنی لام کو زبر پڑھے تو عامل کو ابتدائے آفرینش سے فنا کے عالم تک کا علم ہو اور اس پر کچھ بھی مخفی نہ رہے اور اَوَّلُ یعنی لام پر پیش اور اٰخِرُہٗ خا کو زبر کے ساتھ پڑھے ۔ تمام خلق مسخّر ہو اور سب اس کی اطاعت کریں ۔

(ز) ۔ اَجِبْ یَاسَشْرَفَائِیلُ بِحَقِّ زَا یَازَکِیُّ الطَّاہِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ بِقُدْسِہٖ یَازَاکِیُ ۔ اگر اس کے عامل کا شیخ یعنی پیر عالم باعمل متّقی ہے تو اس کا موکل اس کے پیر کی شکل میں حاضر ہو اور ہر جائز خواہش بغیر پوری کرے ۔ اگر بحق زاکی بغیر (زا دیا) کے پڑھے تو سات قلندر رجواس عالم میں حاضر ہو کر فرمانبرداری کا وعدہ کریں اور بحق زا یازاکی الطَّاہِرُ ھا پر زبر پڑھے تو ارواح عالم صاحب عمل کے روبرو ہو کر اپنا حال بیان کریں اور عامل جس مشکل مہم میں انُسے مدد چاہے مدد کریں ہر روز ۸۲۲ بار یا ۳۸ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار ۔

(ح) ۔ اَجِبْ یَا تنکھیل بحق حا یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَاحَیُّ ۔ اس کا عامل جس مریض کو بہ نیّت صحت و عافیت دیکھے گا ۔ خدا کے فضل و کرم سے وہ مرض جاتا رہے گا ، جس کو تعویذ دے گا موثر ہو گا اور تمام قول و فعل اس کے درست ہوں گے ۔ اگر لَاحَیَّ یا کو زیر کے ساتھ پڑھے گا تو مکاشف ہو اور تمام ارواح عالم کا معائنہ کرے گا ۔ ہر روز ۵۹۰ بار یا ۱۸ بار اوّل و آخر درود شریف ۱۸ بار ۔

(ط) اَجِبْ یَا اِسْمَائِیلُ بِحَقِّ طَا یَاطَاہِرُ طَہِّرِ الْمُطَہِّرُ لِنُفُوْسٍ مِنَ الرِّجْسِ وَالذَّنْبِ وَالْجَوْرِ وَالْکُرْبَۃِ وَالْاٰفَۃِ وَالْبَلَاءِ یَاطَاہِرُ ۔ اس کا عامل پاک باطن اور بغض و کینہ ، حسد ظلم و جور ، تشدد اور گناہ کبیرہ صغیرہ سے محفوظ رہتا ہے ، نہ کسی بد باطن بدکردار سے کبھی صدمہ پہنچے اور جس کو نظر بھر کر دیکھ لے وہ تابع ہو کر پرہیزگار بن جائے گا ۔ اور کبھی اس کی اطاعت سے منہ نہ پھیرے گا ۔

ہر روز ۲۱۵ بار یا ۱۴۳ بار بمجبوری ۷ بار ۔ اوّل و آخر درود شریف ۷ بار ۔

(ی) اَجِبْ یَا سَرَاکِیَائِیْلُ بِحَقِّ یَا مُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَحَیٌّ لَایَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ۔ ۶۱۱ بار ۹ یوم بعدہٗ ۸۵ بار۔

اس کے عامل کی آنکھ میں تسخیر و جلال پیدا ہو، چہرے پر عظمت و بزرگی اور ہیبت حق ظاہر ہو جس کو بنظر غائر دیکھ لے مردہ نظر آئے اور جس مُردہ دل اور بیمار کو بنظر شفقت و رحمت دیکھے شفا یاب ہو۔ مُردہ قلب زندہ ہو اور نیک اعمال کی طرف مائل ہو۔ ہر روز ۳۲۷ بار یا ۳۸ بار مجبوری ۹ بار اول آخر درود شریف ۹ بار۔

(ک) اَجِبْ یَا حَرُوْزَائِیْلُ بِحَقِّ کَافْ یَا کَافِیُ الْمُوْسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ عَطَایَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیْ۔

اس کے عامل کو سانپ، بچھو و درندہ وغیرہ کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے اور ان میں سے کسی جانور کو دیکھے اور اس کے حملہ کا اندیشہ ہو یا سانپ بچھو کسی کو کاٹ لے تو اس کے عامل کا نام لیکر قسم دینے سے زہر ختم ہو جاتا ہے اور حملہ کرنے والا پلٹ کر بھاگ جائے۔ اگر اَلْمُوْسِعُ سین کو زیر سے پڑھے تو خدا تعالےٰ اس کو غیب سے رزق عطا فرمائے اور دل غنی کرے اور کبھی مخلوق کا محتاج نہ ہو۔ ہر روز ۶۲۲ بار یا ۱۱۰ بار یا بمجبوری ۸ بار اول، آخر درود شریف ۱۱ بار۔

(ل)۔ اَجِبْ یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ لَامْ یَا لَطِیْفُ بِاَوْصَافِ کَمَالِہٖ بِاللَّطَافَۃِ وَاللَّطَافَۃُ فِیْ لَطَافَتِہٖ لَطَافَتُکَ یَا لَطِیْفُ۔ سات ہزار بار سات یوم۔ بعدہٗ ۱۲۹ بار۔ اس کی روزانہ زندگی ہمیشہ خُدا کے لطف و کرم میں بسر ہو، جو بھی عامل کے پاس آئے اس کے قلب کا حال اسطرح دیکھے جیسے آئینہ میں اپنا عکس دیکھتا ہے جس کی قبر پر جائے آنکھ بند کر کے توجہ کرے، چند بار یہی پڑھے صاحب قبر کا حال دیکھے اور بات کرے اور اہل قبر کے دوست اور رشتہ دار کے متعلق جو کہے وہ اس کو انجام دے اگر اہل قبر ولی اللہ ہے تو کسی بھی مسلمان کے لئے سوال کرے پورا ہو۔ ہر روز ۱۲۹ بار یا ۶۱ بار مجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

(م)۔ اَجِبْ یَا دُفْیَائِیْلُ بِحَقِّ مِیْمْ یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّہٗ یَا مَنَّانُ۔ اس کا عامل خود اکسیر بن جاتا ہے، اس کے عامل کے پاس ایک مرد عالم غیب سے آتا ہے اور وہ علم سکھاتا ہے کہ جس پتھر پر نظر ڈالے سونا بن جائے۔ اگر مَنُّہٗ نون پر پیش پڑھے اور خالص اللہ کے لئے اس ذکر میں مشغول ہو تو ایک شخص عالم کیمیائے غیب سے ظاہر اور صرف اس کی ایک نظر فیض اثر

سے یہ عامل صاحب عرفان و الیقان ہو۔ ہر روز ۲۰۸ بار یا ۱۴۱ بار مجبوری ۷ بار اول آخر درود شریف ۷ بار۔

(ن) اَجِبْ یَاحَوْلَا ئِیْل بِحَقِّ نُوْنُ یَانَقِیُّ مِنْ کُلِّ جَوْرٍ تَمَّ بِرِضْنَہٖ وَلَمْ یُحَایِطْہٖ فِعَالُہٗ یَانَقِیُّ ۔ اس کے ذاکر کو عالم میں تصرف کی قدرت حاصل ہو سکنے لئے جو چاہے وہی ہو اگر فِعَالُہٗ یَانَقِیُّ ۔ یعنی زبر کے ساتھ پڑھے تو عامل جس کسی کو کسی عمل کی اجازت دے وہ ہی تاثیر حاصل ہو اور عامل کے سامنے جس کام لیا جائے اس کی حقیقت کی تصویر بن کر سامنے دکھائی دے اور اگر فِعَالُہٗ یَانَقِیًّا یعنی فا کو زیر کے ساتھ اور لام کو زبر کے ساتھ اور نقیاً کی یا کو تشدید کیساتھ پڑھے اور اس کی ۷ خلوتیں کرے ہر ہفتہ میں ایک نیا اسرار ظاہر ہو اور بعد ۲۱ ہفتوں کے عالم سیمیا[^۱] کا ظہور ہو کر اس کے تحت و تصرّف میں آئے ۔ سرائے باطن بھی ایسی ہی معمور و آباد ہے جیسے سرائے ظاہری مگر سرائے باطن میں ارواحِ انبیاء علیہم السلام صدّیقین شہداء صالحین جلوہ فرما ہیں جن کی زیارت سے مشرّف ہو اور جسے چاہے دکھا سکے گا ۔ ہر روز ۱۶۰ بار یا ۸۶ بار مجبوری ۷ بار اول آخر درود شریف ۷ بار۔

(س) ۔ اَجِبْ یَا ہمواکیل بحق سین سُبْحَانَکَ یَااِلٰہَ الْاٰلِھَۃِ الرَّفِیْعِ جَلَالُہٗ یَااِلٰہُ ۔ اس کے عامل پر معرفت کا دروازہ کھل جائے گا اور ثابت قدمی میسر ہوگی ۔ اگر اَلرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یعنی عین کو زبر اور لہٗ کے لام پر پیش کے ساتھ پڑھے تو اس کا ثمر بیان کرنے کی طاقت زبان و قلم میں نہیں عامل خود دیکھے گا اگر عین کو زبر اور لِہا کے لام اور ہ کو زیر کے ساتھ پڑھے تو عامل جس کے لئے چند بار پڑھے ہلاک و برباد ہو، مگر مسلمان کے واسطے بربادی یا نقصان کا عمل جائز نہیں البتہ بدمذہب کو نقصان پہنچا سکتا ہے ۔ ہر روز ۱۴۱ بار یا ۱۱۲ بار مجبوری ۷ بار اول و آخر درود شریف ۷ بار۔

(ع) اَجِبْ یَالوما ئیل بِحَقِّ عَیْن یَاعَلَّامَ الْغُیُوْبِ فَلَا یَعْزُبُ شَیْئٌ مِنْ حِفْظِہٖ یَاعَلَّامُ ۔ اس کا عامل تمام علوم ظاہری کا حافظ ہو اور علوم باطن یعنی لوحِ محفوظ اسمائے اعظم کی برکت سے اس پر منکشف ہو اور عامل اپنی نظر سے دیکھے ہر روز ۱۴۱ بار یا ۱۲۸ یا ۷ بار، اول و آخر درود شریف ۷ بار۔

[^۱]: اکشف کسبی کے درجات ہیں، کیمیا ریمیا سیمیا چوتھا مقام ہیمیا ہے۔

(ف) اَجِبْ یَا سَرْحَمَائِیْلُ بِحَقِّ فَا یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ یَا رَحِیْمُ وَرِزْقِكَ یَا رَزَّاقُ وَكَرَمِكَ یَا كَرِیْمُ وَنِعْمَتِكَ یَا مُنْعِمُ اَسْئَلُكَ یَا فَتَّاحُ ۔ اس کا عامل کتنا ہی لاچار و مجبور، حلال روزی سے مایوس ہو، جب اپنے بیگانوں نے منہ موڑ لیا ہو، کمزور بیمار ہو، کوئی سہارا نہ ہو۔ مگر اللہ تعالیٰ اپنے خوانِ کرم کا ایک حصہ اسے عطا فرمائے جبکہ اس کے خوانِ کرم کا ایک ذرہ ساری دنیا کی نعمتیں ہیں، بس اپنے سینے کو حسد سے محفوظ رکھے اور اللہ کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو۔ ہر روز ۴۸۹ بار یا ۳۶۹ بار مجبوری ۸ بار اوّل و آخر درود شریف ۱۴ بار۔

(ص) اَجِبْ یَا اَہْجَمَائِیْلُ بِحَقِّ صَادْ یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْهٍ فَلَا شَیْئٌ كَمِثْلِهٖ یَا صَمَدُ ۔ اس کا عامل ہر ایک شخص کے مافی الضمیر سے واقف ہو جاتا ہے خواہ وہ کسی کی زبان میں بات کرے اور تمام جانوروں کی بولیوں سے آگاہ ہو اور تمام اسمائے صفات پر تصرّف حاصل ہو اگر كَمِثْلِهٖ لام وھا کو پیش کے ساتھ پڑھے تو اپنی صورت میں تمام عالم کو دیکھے تجلّیِ ذات اس پر ظاہر ہو۔ ہر روز ۱۳۴ بار یا ۹۱ بار مجبوری ۸ بار اول و آخر درود شریف ۹ بار۔

(ق) اَجِبْ یَا عِطْرَائِیْلُ بِحَقِّ قْ یَا قَاهِرُ ذُوالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَاهِرُ ۔ اس کے عامل کو دینی و دنیوی تمام کاموں میں ترقی ہوگی ہر مشکل کام قدرتِ خدا سے انجام پائے گا جس کو شفقت و رحمت کی نظر سے دیکھے گا وہ بھی عنایتِ رب سے نوازا جائے گا۔ اگر قَاهِرُ، الف کو ھ سے متصل پڑھے تو جس کو چاہے زیر و زبر کر دے۔ اگر ایک ہفتہ دو پرانی قبروں کے درمیان احرام باندھ کر ننگے سر ۳۰۶ بار پڑھے جس کے لئے پڑھے اگر اس کو زرد تصوّر کرے تو بیمار ہو اور سرخ تصوّر کرے تو ہلاک ہو۔ ہر روز ۳۲۱ بار یا ۳۰۶ بار یا مجبوری ۷ بار اوّل و آخر درود شریف ۲۱ بار پڑھے۔

(ر) اَجِبْ یَا اَمْوَاكِیْلُ بِحَقِّ رْ یَا رَحِیْمُ كُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَكْرُوْبٍ غِیَاثُهٗ وَمَعَاذُهٗ یَا رَحِیْمُ اس کا عامل عشقِ الٰہی سے سرشار ہو ہر شے میں حق سبحانہٗ تعالیٰ کے جلوے دیکھے۔ اگر غِیَاثُهٗ، ثا زبر کے ساتھ رَحِیْمُ میم زبر سے پڑھے تو دنیا و عقبیٰ میں کوئی بات ایسی پیش نہ آئے جو رنج و غم تکلیف و مصیبت کا سبب بنے بلکہ جب یہ گمان ہو کہ فلاں مصیبت آنے والی ہے یا فلاں تجارت

میں نقصان ہونے والا ہے اس دعا کو پڑھے اس سے محفوظ رہے بلکہ وہم وگمان سے زیادہ منافع ہو۔ روزانہ ۲۵۸ بار یا ۱۰۸ بار بمجبوری ۷ بار، اوّل و آخر درود شریف ۱۱ بار۔

(ش) اَجِبْ یَا ہَمْرَائِیْلُ بِحَقِّ شِیْنٍ یَا شَافِیْ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ صَدَقْتَ یَا شَافِیْ ۔ اس کا عامل سوائے موت کے ہر مرض کی شفاء بن جائے جس پر تین بار پڑھکر دم کرے مرض دفع ہو جائے۔ اس کے پاس مریضوں کا ہجوم رہے اور کوئی مایوس نہ پھرے اگر ہمیشہ دیکھکر پڑھے نگاہ میں یہ تاثیر پیدا ہو جائے کہ جس کو بھی نسخہ دے تیر بہدف ثابت ہو۔ اور نظر بھر کر دیکھنے ہی سے مرض جاتا رہے، اگر سات بار روزانہ لکھتا ہے تو قلم میں یہ اثر پیدا ہو جائے کہ جس کو بھی نسخہ لکھکر دے تیر بہدف ثابت ہو، جس کو یہ اسم یا شین لکھ کر دے مریض شفایاب ہو۔ ہر روز ۲۹۱ بار یا صرف ۹۴ بار بمجبوری ۷ بار اوّل و آخر درود شریف شفا ۷ بار۔

(ت) اَجِبْ یَا عَنْزَرَائِیْلُ بِحَقِّ تَا یَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ کُلَّ کُنْهِ جَلَالِ مُلْکِهٖ وَعِزِّهٖ یَا تَامُّ ۔ اس کا عامل مقبولِ عوام وخواص ہو جاتا ہے۔ امراء و سلاطین اس کے تابع اور فرماں بردار ہوں اور وہ مقام ملے جو ملک کے بادشاہ یا صدر یا وزیر اعظم کو مقام حاصل ہوتا ہے اگر تامّ کے میم اور الالسن کے نون و سین کو زبر سے پڑھے تو ایسا بادشاہ یا صدرِ مملکت ہو کہ جس کی حکومت صرف انسانوں کے زبان و قلم پر ہو بلکہ دلوں پر بھی حکومت ہو اور اس کی اقلیم کی ظاہری و باطنی دولت کی کثرت ہو کہ جس کو چاہے عطا کرے۔ ہر روز ۱۴۴۱ بار بمجبوری ۵۶ بار اول و آخر درود شریف ۱۱ بار۔

(ث) اَجِبْ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ ثَا یَا ثَابِتُ رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ یَا ثَابِتُ ۔ اس کا عامل ایسی روحانی قوت اپنے اندر پاتا ہے جس سے وہ خود حیران ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا ہے اور کیسے ہو گیا۔ کسی دور کی چیز کو اٹھانا چاہتا ہو تو وہ قریب ہو جاتی ہے، دور جانا ہو تو راستہ سمٹ کر قریب ہو جاتا ہے، گھنٹوں کا راستہ منٹوں میں طے ہو جاتا ہے، ہمراہی بھی حیران ہو جاتے ہیں اور خود بھی متعجب رہتا ہے، جسمانی اعتبار سے وہ کتنا ہی کمزور ہو اس میں روحانی قوت اتنی ہوتی ہے کہ اس کے کام کو دیکھکر دنیا حیران ہوتی ہے۔ دنیا کی نظر میں جو کام وہ نہ جانتا ہو اسطرح کرتا ہو جس طرح کوئی ماہر فن کرتا ہے۔ اس کا عامل مستقل مزاج درگذر کرنے والا ہوتا ہے مگر وقت ضرورت

سینکڑوں کے مقابلے سے نہ ڈرتا ہے، نہ بھاگتا ہے نہ دشمن کے وار اس پر اثر کرتے ہیں۔ روز بعد نماز ظہر یا مغرب ۹۰۲ بار بمجبوری ۸۰ بار اول و آخر درود شریف ۲۱ بار یا ۳ بار۔

(خ) اَجِبْ مِہْکَائِیْلُ بِحَقِّ خَا یَاخَالِقُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْہِ مَعَادُہٗ یَاخَالِقُ۔ اس کے عامل کو علم مافی الارحام حاصل ہو جاتا ہے کہ بچہ ماں کے پیٹ میں کس طرح پرورش پاتا ہے، کس طرح گوشت پوست، ہڈیاں بنتی اور سنورتی ہیں، کس طرح روح جسم میں داخل ہوتی ہے، رحم میں نر ہے یا مادہ اور اس کی صلاحیت و حقیقت کیا ہے عمر کیا ہے اور بڑا ہو کر کیا کرے گا۔ اگر خَالِقُ کے قاف کو زبر کُلَّ کے لام کو پیش بغیر تنوین اور معادَہٗ کے دال کو زبر کے ساتھ پڑھے، تمام جمادات، معدنیات کا علم حاصل ہو کہ کس زمین میں کون سی اشیاء ہیں کتنی قیمتی ہیں۔ اس زمین سے کون سا درخت پیدا ہو گا، وہ درخت کی ماہیت سے بھی واقف ہو گا جو بغیر بیج کے اُگے گا۔ ہر روز بعد نماز تہجد یعنی قبل از فجر بمجبوری بعد نماز فجر ۳۱، بار بمجبوری ۷، ۵ بار اول آخر درود شریف ۹ بار۔

(ذ)۔ اَجِبْ یَا اَھْرَائِیْلُ بِحَقِّ ذَال یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذَا الْبُطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ اس کا عامل عزت و عظمت بزرگی میں وہ مقام حاصل کر لیتا ہے جو امیر و کبیر حاکم و وزیر جس کے لئے دن رات سرگرداں رہتے ہیں بلکہ اس کے عامل کے حضور زانوئے ادب تہہ کرتے نظر آتے ہیں، اس کی حکومت کا سکہ جن و انس، وحوش و طیور کے قلوب پر چلتا ہے۔ ہر روز ۳۱، بار یا ۲۴۸ بار یا ۸۵ بار بمجبوری ۷ بار اول آخر درود شریف ۴۱ بار۔

(ض)۔ اَجِبْ یَاعَطْکَائِیْلُ بِحَقِّ ضَادُ یَاضَارُّ لَایَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَاضَارُّ۔ اس کا عامل دوسرے کو نقصان پہنچانے سے اپنے آپ کو بچائے رکھے تو شیر اس کی سواری میں رہے، سانپ کو ہاتھ میں مثل کوڑے کے پکڑے وہ زہریلے بچھو جن کے کاٹے سے موت واقع ہو جائے، بے ضرر ثابت ہو۔ غرضیکہ

زہریلی شے اور ہر زہریلا جانور اور ہر درندہ صفت انسان خواہ وہ افسر ہو یا حاکم وغیرہ کبھی ضرر و نقصان پہنچانے کے قابل نہ رہے ۔ ہر روز ۱۱۰۱ بار یا ۸۰۵ بار یا ۱۴۱ بار مجبوری ۷ بار ،
اول و آخر درود شریف ۷ بار۔

(ظ) ۔ اَجِبْ یا لوزائیل بحقِّ ظا یا ظَاھِرُ سُبْحَانَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلّاَ اَنْتَ الظَّاھِرُ الْمُظْھِرُ یَاظَاھِرُ ۔ یہ بہترین استخارہ بھی ہے وقتِ ضرورت اس کے ذریعے فرار شدہ کا حال معلوم کرنے ، بیماری کی کل کیفیت اور اس کو دوا سے یا عمل سے فائدہ ہوگا ۔ یا چوری کیا گیا مال کہاں رکھا ہے وغیرہ وغیرہ فوری طور پر معلوم کرنے کیلئے مجرّب ہے اور اس کے عامل کو ان فیوض کے ساتھ ساتھ علوم سفینہ یعنی جو علوم کتب میں موجود نہیں ظاہر ہو جاتے ہیں ، خزانے اور دفینے معمولی جدّوجہد سے حاصل کر لیتا ہے ۔ ہر روز ۱۱۰۶ بار یا ۸۵ بار مجبوری ۷ بار۔
اوّل و آخر درود شریف ۱۱ بار۔

(غ) ۔ اَجِبْ یا لوخائیل بحقّ غین یا غیاث یا غیاثی عند کل کربۃٍ و مجیبی عند کل دعوۃٍ و مونسی عند کل وحشۃٍ و معاذی عند کل شدّۃٍ و رجائی حین ینقطع حیلتی یا ھیاثی ۔ اس کے عامل کو اللہ تعالیٰ تمام مکروہات پر رنج وغم سے نجات دیتا ہے ۔ ہر کام اور ہر حاجت جو خلاف شرع نہ ہو جس میں دنیا و آخرت کا ضرر نہ ہو پورا فرماتا ہے رزقِ حسنہ عطا فرماتا ہے اور خزانۂ غیب سے ظاہری و باطنی نعمتیں دیتا ہے اور اس کا دل اللہ کی بے شمار نعمتوں کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے ۔ ہر روز ۷۰ بار مغرب اور عشاء کے درمیان اوّل و آخر درود شریف ۵ بار جس دن وقت نہ ملے تو ۱۴ بار انتہائی مجبوری اور بیماری میں صرف ایک بار۔

اگر کوئی شخص الف سے غین تک کسی حرف کا عامل بننا چاہتا اور اس کے موکل کو تابع کرنا چاہے تو ایک لاکھ پچیس (۱۲۵۰۰۰) کی تعداد کو ۴۱ دن یا ۲۸ دن میں پورا کرے اور خلوت اختیار کرے ۔ پرہیز جمالی و جلالی بہ کار بند رہے عمل پورا ہونے تک کسی سے بات نہ کرے ۔ اگر ضرورت پڑے تو لکھ کر دے اگر ان پابندیوں کے ساتھ عمل کر لیا تو پھر کبھی کوئی عمل[۱] کرنے کی

---

۱ ۔ روزہ ، نماز ، حج وغیرہ نفلی اعمال سے بالا ہیں ان سے مجبوری شرعی ہی چھٹکارا ہے ورنہ یہ فرض ہیں ۔

کی ضرورت نہ ہوگی۔ موکل کو جو حکم دے گا وہ انجام دے گا۔ اور جو چاہے گا اس پر ظاہر ہوگا، جس کسی کو عمل کی اجازت دے گا، ایک بار پڑھنے سے اسے وہ سب کچھ حاصل ہوگا جو عامل کو حاصل ہے۔

۶۹ — **ہفت ہیکل:۔** جو کوئی دعائے ہفت ہیکل کو سات روز مسلسل بالترتیب ایک ایک ہزار بار پڑھے گا، کشف قلوب وقبور حاصل ہوگا اور عالم روحانیت اور عالم ملائکہ اس پر ظاہر ہوگا۔ بہتر ہے کہ یہ عمل شب شنبہ سے یعنی جمعہ کا دن گزار کر ہفتہ کی شب سے شروع کرے اوّل و آخر درود شریف ۲۱ بار ہر روز اسی یقین کے ساتھ پڑھے کہ آج ہی مدعا حاصل ہوگا۔ یقین کی کمزوری یا کثافت گناہ کو لطافت سے بدلنے کے لئے سات یوم عمل کرنا پڑتا ہے ورنہ پہلے ہی دن کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

شب شنبہ کو:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا جَلِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِیْ جَلَالِ جَلَالِكَ یَا جَلِیْلُ یَا دَائِمَ الْمَعْبُوْدُ یَا مُنْعِمَ الْمَقْصُوْدُ وَمَنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ۔

شب یکشنبہ کو۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا لَطِیْفُ بِاَوْصَافِ کَمَالِہٖ بِاللَّطَافَۃِ وَاللَّطَافَۃُ فِیْ لَطَافَۃِ لَطَافَتِكَ یَا لَطِیْفُ اِنَّا سَمِعْنَا کِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰی مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ یَھْدِیْٓ اِلَی الْحَقِّ وَاِلٰی طَرِیْقٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَّیَا خَیْرَ الرَّازِقِیْنَ ط

شب دوشنبہ کو:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ۔ اَللّٰھُمَّ یَا سَمِیْعُ الْبُرْھَانُ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَیْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ یَا سَمِیْعُ تَسَمَّعْتَ بِالسَّمْعِ وَالسَّمْعُ فِیْ سَمْعِ سَمْعِكَ یَا سَمِیْعُ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ ط وَھُوَ الْحَقُّ الْوَکِیْلُ یَا اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ط

شب سہ شنبہ کو:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ یَا عَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَۃِ وَالْعَظَمَۃُ فِیْ عَظَمَۃِ عَظَمَتِكَ یَا عَظِیْمُ فَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مُتَقَلَّبَکُمْ وَمَثْوٰکُمْ وَیَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ ط۔

شب چہارشنبہ کو :- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا رَحِیْمُ تَرَحَّمْتَ بِالرَّحْمَۃِ وَالرَّحْمَۃُ فِیْ رَحْمَتِہٖ رَحْمَتُکَ یَا رَحِیْمُ یَا حَفِیْظُ تَحَفَّظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحِفْظُ فِیْ حِفْظِ حِفْظِکَ یَا حَفِیْظُ یَا مُکْرِمَ الصَّادِقِیْنَ وَ مُنْعِمَ الْحَافِظِیْنَ ط۔

شب پنجشنبہ کو :- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط۔ اَللّٰھُمَّ یَا کَرِیْمُ تَکَرَّمْتَ بِالْکَرَمِ وَالْکَرَمُ فِیْ کَرَمِ کَرَمِکَ یَا کَرِیْمُ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاللّٰہُ بَصِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ یَا سَرِیْعَ الْحَاسِبِیْنَ ط۔

شب جمعہ کو :- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا غَفُوْرُ تَغَفَّرْتَ بِالْمَغْفِرَۃِ فِیْ مَغْفِرَۃِ مَغْفِرَتِکَ یَا غَفُوْرُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط۔

عملیات برائے کشف مجرّبات بزرگانِ دین رضی اللہ عنہم

۱۷۔ **ملاقات ارواحِ مقدسین** ۔ جب ارواحِ طیّبین مقدسین رضوان اللہ علیہم اجمعین سے شرفِ ملاقات حاصل کرنا ہو یا کسی اہم ضرورت و حاجت کو حل کرنا مقصود ہو تو سورۂ یٰسین شریف اس طرح پڑھیں ۔ سورۂ یٰسین شریف میں سات مبینیں ہیں ۔ سورۂ یٰسین شروع کریں ، جب پہلی مبین پر پہنچیں تو یہ دعا تین بار پڑھیں ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ کُلِّ مَدْیُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ کُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ النَّاصِرِ عَنْ کُلِّ مَظْلُوْمٍ سُبْحَانَ الْمُخَلِّصِ عَنْ کُلِّ مَسْجُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَہٗ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ سُبْحَانَ الَّذِیْ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ سُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْئٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۔ اسی طرح ہر مبین پر تین بار یہ پڑھیں ، تین دن میں مقصود حاصل ہو۔

۷۲ - **ملاقات خضر علیہ السلام** - حضرت ابراہیم تمیمی جو اعظم ترین اولیاء کرام میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ یہ عمل خضر علیہ السلام نے مجھے تعلیم فرمایا اس عمل سے تین فائدے بیک وقت حاصل ہوتے ہیں۔ اول سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو، دوسرے خضر علیہ السلام کی ملاقات حاصل ہو۔ تیسرے آپ ملاقات کر کے حاجات حل کرنے کی تدبیر بتائیں۔ قبل طلوع آفتاب و قبل غروب آفتاب سورۂ فاتحہ ۷ بار، سورۂ فلق اور سورہ ناس ۷ بار، سورہ اخلاص ۷ بار، سورہ کافرون ۷ بار۔ آیت الکرسی ۷ بار۔ کلمہ تمجید ۷ بار اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَحَبِیْبِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۷ بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۷ بار۔ اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ مَا اَنْتَ لَهٗ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا یَا مَوْلٰنَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَھْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ جَوَّادٌ كَرِیْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۷ بار اس کا ثواب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم و حضرت خضر علیہ السلام و جمیع ارواح امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشے۔ تین روز میں ستارہ قسمت بالائے عرش نظر آئے اور مشرف بزیارت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہو۔ اگر ہر روز ورد میں رکھے اس کو غیب سے بے مشقت روزی ملے۔

۷۳ - **حصول کشف و مراد** - حضرت سیدی شیخ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ العزیز نے یہ عمل تعلیم فرمایا کہ اگر اپنے مقصد و مراد کے متعلق دریافت کرنا ہو کہ یہ کام کس طرح ہوگا یا کیسے کیا جائے تو یہ عمل کرے مجرب ہے۔ شب یکشنبہ یا روز یکشنبہ یعنی اتوار کی شب یا دن میں جو وقت بھی مقرر کرے یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ ۲۰۰ بار دوشنبہ کو یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ ۲۰۰ بار۔ سہ شنبہ کو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۲۰۰ بار، چہارشنبہ کو یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ ۲۰۰ بار۔ پنجشنبہ کو یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۲۰۰ بار۔ جمعہ کو یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ ۲۰۰ بار۔ شنبہ کو یَا رَحْمٰنُ یَا

رَحِیْمُ ۲۰۰ بار ہر روز اوّل و آخر درود شریف ۱۰-۱۰ بار۔

۷۴۔ آئینۂ قلب پر جلا کرنے کیلئے۔ یہ عمل عجیب ترین ہے، اس عمل کو کرنے والا ایسے حیرت انگیز مناظر دیکھتا ہے کہ خود محوِ حیرت رہتا ہے۔ یہ عمل تہجد پڑھنے والوں کے لئے تہجد کا وقت عشاء پڑھکر سونے کے بعد جس وقت آنکھ کھُلے وہ ہی تہجد کا وقت ہے۔ مثلاً اگر عشاء ۹ بجے پڑھکر سو گیا ½۹ بجے آنکھ کھُل گئی تو وہ ہی وقتِ تہجد ہے۔ تہجد کے لئے سونا شرط ہے۔ تہجد کی کم سے کم ۴ رکعت اور افضل بارہ رکعت اور زیادہ کی کوئی مقدار نہیں ۶ سلام سے بارہ رکعت پڑھنا ہیں ہر پہلی رکعت میں بعد الحمد والضحیٰ دوسری میں الم نشرح ۳-۳ بار پڑھیں بعدہٗ یَا جَلِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِیْ جَلَالِ جَلَالِكَ یَا جَلِیْلُ ۷۳ بار اوّل و آخر درود شریف ۳-۳ بار، اس کے بعد اس طرح دعاء کر کے سو رہیں (اگر آخر شب میں پڑھیں تو ہرگز نہ سوئیں فجر قضا ہونے کا خطرہ ہے) وہ دعاء یہ ہے۔ " اے اللہ تو عالم کو بے سبب نہ پیدا کیا۔ اور آسمان کو بے ستون کھڑا کیا۔ تنور سے پانی جاری کیا اور پتھر سے ناقہ کو نکالا۔ عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا اور آدم علیہ السلام کو بغیر ماں باپ کے ظہور میں اور ہمارے نبی اُمّی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ و صحبہٖ و بارک و سلم کو علم اوّلین و آخرین سے سرفراز فرمایا، الٰہی اس نبی اُمّی ؐ کی برکت سے مجھ کو نورِ ایمان و عرفانِ کمالی عطا فرما اور نفس و دل و جان کو اپنے نورِ احدیت و وحدانیت سے روشن کر آمین بحقِ سیّد المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد و آلہٖ و صحبہٖ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

۷۵۔ برائے کشفُ القلوب۔ سیّدنا جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے یہ دُعا منقول ہے پہلے دو نفل پڑھ کر جمیع اہل اسلام کو اس کا ثواب بخشے بعدہٗ درود شریف ۲۱ بار یَا نُوْرُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَالنُّوْرُ فِیْ نُوْرِ نُوْرِكَ یَا نُوْرُ ۲۵۶ بار پڑھکر یوں دُعا کرے۔

الٰہی جب یونس علیہ السلام نے دعا کی کہ ظلمت و تاریکی سے نجات دے تو تو نے ان کی دُعا قبول فرمائی الٰہی میری دعا بھی قبول فرما اور گناہوں کی تاریکی سے نجات دے اور ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی کہ تو مُردے کس طرح زندہ کرتا ہے مجھے دکھا تو ان کی دعا قبول فرمائی، الٰہی میری دعا بھی قبول فرما اور میرے مُردہ دل کو

زندہ فرمادے بحرمت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم آمین یا ارحم الرحمین بعدہٗ درود شریف ۹ بار۔

۷۶۔ **برائے نورانیت قلب**۔ یہ عمل کشف قبور اور کشف قلوب کے لیے بہت مجرب ہے اول دو رکعت نفل ادا کریں پھر یَاجَمِیْلُ تَجَلَّتَ بِالْجَمَالِ وَالْجَمَالُ فِیْ جَمَالِ جَمَالِكَ یَاجَمِیْلُ ۳۶۶ بار، پھر ستر بار یہ دعا پڑھیں، اِلٰہِیْ قَلْبِیْ مَحْجُوْبٌ وَنَفْسِیْ مَعِیُوْبٌ وَهَوَائِیْ غَالِبٌ عَقْلِیْ مَغْلُوْبٌ وَطَاعَتِیْ قَلِیْلٌ وَّمَعْصِیَتِیْ کَثِیْرٌ وَلِسَانِیْ مُقِرٌّ بِالذُّنُوْبِ فَکَیْفَ حِیْلَتِیْ یَاسَتَّارَ الْعُیُوْبِ وَغَفَّارَ الذُّنُوْبِ فَاغْفِرْ ذُنُوْبِیْ کُلَّهَا یَاغَفَّارُ یَاسَتَّارُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ اول و آخر درود شریف گیارہ بار۔

۷۷۔ **برائے کشف قبور**۔ جب چاہے کہ صاحب قبر کے وسیلے سے فیض حاصل کرے اور اپنی حاجت روائی کے لئے آسان ذریعہ معلوم کرے تو نماز مغرب یا بعد نماز عشاء غسل کرے اور خوشبو سے کپڑوں کو بسائے اور صاحب مزار کے حضور حاضر ہو اور یوں عرض کرے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ اِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰهُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ کہہ کر فاتحہ پڑھے پھر اہل مزار کے چہرے کے سامنے با ادب دوزانو بیٹھ کر یہ درود شریف ۲۴۵ بار پڑھیں۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ وَجَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ وَعَلَی الْاَرْوَاحِ وَالْاَجْسَادِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَالْاَوْلِیَاءِ الْکَامِلِیْنَ وَالْعُلَمَاءِ الرَّاشِدِیْنَ وَجَمِیْعِ الْمُسْلِمِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ پڑھ کر ثواب اس کا صاحب مزار کی روح کو بخشے اور اسی طرح سلام عرض کرکے واپس چلا جائے۔ دوسری شب کو حسب دستور بعد سلام یہ ہی درود شریف ۱۱ بار پڑھیں پھر انگشت شہادت قبر پر رکھکر آنکھیں بند کرکے ۲۱ بار یَارُوْحُ یَارُوْحُ کہے پھر ۲۱ بار یَارُوْحَ الْاَرْوَاحِ کہے، اس کے بعد قبر سے انگلی ہٹالے اور سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ۔ ۸۵ بار پھر درود شریف ۱۱ بار پڑھکر ثواب بخشے اور سلام عرض کرکے واپس آجائے۔ تیسری شب کو حسب دستور سلام و درود و فاتحہ کے بعد یَارُوْحَ الْاَرْوَاحِ ۲۱ بار اور سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ ۱۳ بار پڑھکر سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوْحِ بے شمار پڑھتا رہے یہانتک کہ صاحب مزار کے دیدار سے مشرف ہو اور جو حاجت ہو عرض کرے۔

۷۸ - **درودِ کشف** :- اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَ
کَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ الصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَعْدِنَ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا كَاشِفَ الْاَسْتَارِ
الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا كَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِكْشِفْ عَیْنِیْ اِكْشِفْ قَلْبِیْ اِكْشِفْ
صَدْرِیْ یَا كَاشِفَ الْاَسْرَارِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ خُذْ بِیَدِیْ اَعِیْنُوْنِیْ اَغِیْثُوْنِیْ یَا صَادِقُ
صِدْقُ قَوْلُكَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَیْهِ حَاجَةٌ فَلْیُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَیَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ
الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرُوْبَ تُكَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِی الْحَوَائِجَ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ
وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَعَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ - جب سونے کا قصد ہو ۱۱ یا ۱۱ بار پڑھیں۔

۷۹ - باب برائے قضائے حاجات

اس باب میں جو عملیات درج کئے جا رہے ہیں وہ تقریباً ہر ضرورت، اڑی سے اڑی اور کڑی سے کڑی مشکل میں کام آنے والے ہیں۔ اس باب سے کسی عمل کو اپنی حاجت اور ضرورت اور اپنی اہلیت کے مطابق انتخاب کرنا آپ کا کام ہے، ہر عمل مجرب آزمودہ اور سریع الاثر ہے مگر یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ جس کام کے لئے عمل کریں وہ جائز ہو دوسرے اپنی زندگی کے ہر حصے پر نظر ڈالیں کہ مشکل مجھے درپیش ہے کبھی کسی دوسرے مسلمان کو میرے ذریعہ میری وجہ سے تو کوئی شکایت یا تکلیف نہیں پہنچی ہے۔ مثلاً مقدمہ، جسمانی تکلیف و اذیت، روپے پیسے کا لین دین، ہیر پھیر یا مسلمان کو اس کی اشد ضرورت پر جس کو تم انجام دے سکتے تھے مگر بوجہ بخل یا بخوف ناداری ٹھکرا دیا ہو، وغیرہ وغیرہ۔ اگر ایسا ہے تو اس مسلمان سے معافی چاہیے اور اگر وہ دور ہو یا انتقال کر چکا ہو تو عمل شروع کرنے سے قبل دو نفل پڑھ کر اس کے لئے ایصال ثواب کرنا ضروری ہے اور اس کے گناہوں کی بخشش اور اس کے درجات کی بلندی کی دعا کرے۔ قضائے حاجات کے لئے سب سے بہتر تدبیر یا کسی عمل میں اثر پیدا کرنے کیلئے ماں باپ کی دعا حاصل کر لینا اکسیر کا حکم رکھتا ہے اگر دونوں میں سے ایک موجود ہو یا دونوں انتقال کر چکے ہوں تو ان کی قبر پر حاضر ہو کر انکی روح کو ایصال ثواب

کر کے ان کے وسیلے سے ربِّ قدیر سے مدد چاہیں، پھر عمل کریں انشاء اللہ کبھی ناکام نہ ہوں گے۔

قضائے حاجات کے تیر بہدف عملیات شمع شبستانِ رضا کے تینوں حصّوں اور پنجسورہ رضویہ میں بھی درج ہیں، ان کے ہوتے ہوئے اور عملیات کی ضرورت تو نہ تھی صرف ضروری ہدایات کا درج کر دینا ہی کافی تھا جس کا اس کتاب میں اہتمام کر دیا گیا ہے، مگر عاملین جن کو عملیات کے جمع کرنے اور ہر ضرورت مند کو نئے نئے عملیات بتانے کا ذوق ہوتا ہے، ان کے ذوق کی تکمیل کے لئے چند عملیات تحریر کئے جا رہے ہیں۔ اہلِ حاجت کو عمل بتانے سے قبل اسکی کتاب زندگی کا مطالعہ کر کے ضروری ہدایات پر عمل کرنے کی تاکید شدّید کر دیں۔

۸۰۔ **درود برائے قضائے حاجات**:۔ یہ درود تنجینا ہے بہت مشہور مگر اس کی کرامتوں سے عوام ناواقف ہیں۔ صرف عاملین اس کی برکات سے واقف ہیں۔ قضائے حاجت کے لئے اس کی پڑھنے کی ترکیب بھی سینہ بسینہ چلی آ رہی ہے۔ غالباً اس کی ترکیب حدیث شریف کے مضمون سے وضع کی گئی ہے۔ غرض درود تنجینا ہر ایک مشکل میں کام آتی ہے۔ اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ ہر روز بعد نماز عشاء کھڑے ہو کر پڑھے اور دو نفل برائے قضائے حاجت ادا کرے۔ اگر حاجت دینی ہو تو قبلہ رُخ اور اگر کوئی حاجت دنیوی ہو تو مثلاً حصول دولت یا ادائے قرض، حصول ملازمت ترقی کے لئے، جنوب کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو، اگر دشمن کو مغلوب کرنا ہو یا مقدمے سے برأت مقصود ہو، کسی روٹھے ہوئے کو اپنی طرف مائل کرنا ہو اور اپنی محبت میں دیوانہ کرنا ہو تو جانب شمال رُخ کر کے کھڑے ہو کر پہلے دن ۱۰ بار، دوسرے دن ۲۰ بار تیسرے دن ۳۰ بار غرضیکہ جب تک حاجت پوری نہ ہو دس بار ہر روز بڑھاتے جائیں، مایوسی اور ناکامی کا خیال بھی دل میں نہ آنے پائے، بس درود شریف کے فیوض برکات کی بارش میں خود کو نہاتا تصوّر کرے۔ درود تنجینا یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

ایک بزرگ کا فرمان ہے کہ ایامِ بیض میں تین روزے رکھے اور شب میں بعد نماز عشاء دو نفل پڑھکر دمت بستہ بیٹھکر دریائے محبتِ سیّد عالم میں ڈوب کر نہایت خضوع و خشوع کے ساتھ ایکہزار بار پڑھے اگر پہلے ہی روز کام ہوجائے تب بھی تین روز پڑھنا چاہیئے اور ہر روز روزہ بھی رکھے۔ بس حاجت کے پورا ہوجانے کے بعد ادائے شکرِ نعمت کی نیّت سے پڑھے اور اس کا ثواب سیّد عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی روحِ پاک کو بخشے۔ اگر بعد ہر نماز کے سَو بار پڑھتا رہے تو اس کی ہر ضرورت دینی اور دنیوی کی بجاآوری سیّد کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمۂ کرم پر ہو۔

۸۱۔ عملیات برائے قضائے حاجات

۸۲۔ عمل از کیمیائے سعادت برائے قضائے حاجت۔ یہ عمل ایسا سریع الاثر ہے کہ اس کی تعریف سے قلم و زبان قاصر ہیں، بسا اوقات پڑھتے پڑھتے اثر ظاہر ہوتا ہے۔ یہ عمل ایک دن کا ہے اور زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے کا۔ کیسی ہی حاجت اور ضرورت کیوں نہ ہو، اگرچہ حاکم وقت کی معزولی یا تبادلہ یا اس سے بھی کٹھن حاجت ہو، مگر یہ خیال رہے کہ کوئی ایسی حاجت نہ ہو کہ جس سے کسی مسلمان کو نقصان پہنچے یا اس کے دل کو صدمہ پہنچے۔ یہ عمل سات دن میں وقت مقررہ پر ایک سو بار روزانہ پڑھے اوّل و آخر درود شریف، ۲۱ بار اور اگر ایک ہی دن میں کام کو انجام دینا ہو تو ایک ہی شب میں میں سات سو بار پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ فَمَنْ یَّدْعُ الْعَبْدُ اِلَّا الرَّبَّ یَا رَبِّ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَخْلُوْقُ اِلَّا الْخَالِقَ یَا رَبِّ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ وَاَنَا الْمَمْلُوْكُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَمْلُوْكُ اِلَّا الْمَالِكَ یَا رَبِّ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَنِیُّ وَاَنَا الْفَقِیْرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْفَقِیْرُ اِلَّا الْغَنِیَّ یَا رَبِّ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَوِیُّ وَاَنَا الضَّعِیْفُ فَمَنْ یَّدْعُ الضَّعِیْفُ اِلَّا الْقَوِیَّ یَا رَبِّ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَیُّوْمُ وَاَنَا الزَّائِلُ فَمَنْ یَّدْعُ الزَّائِلُ اِلَّا الْقَیُّوْمَ یَا رَبِّ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَفُوُّ وَاَنَا الْمُسِیُٔ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُسِیُٔ اِلَّا الْعَفُوَّ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفُوْرُ وَاَنَا الْمُذْنِبُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُذْنِبُ اِلَّا الْغَفُوْرُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّحِیْمُ وَاَنَا الْخَاطِیُٔ فَمَنْ یَّدْعُ الْخَاطِیُٔ اِلَّا الرَّحِیْمُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُغِیْثُ وَاَنَا الْمُسْتَغِیْثُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُسْتَغِیْثُ اِلَّا الْمُغِیْثُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُجِیْبُ وَاَنَا الدَّاعِیْ فَمَنْ یَّدْعُ الدَّاعِیْ اِلَّا الْمُجِیْبُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُجِیْرُ وَاَنَا الْمُسْتَجِیْرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُسْتَجِیْرُ اِلَّا الْمُجِیْرُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَزِیْزُ وَاَنَا الذَّلِیْلُ فَمَنْ یَّدْعُ الذَّلِیْلُ اِلَّا الْعَزِیْزُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُعْطِیْ وَاَنَا السَّائِلُ فَمَنْ یَّدْعُ السَّائِلُ اِلَّا الْمُعْطِیْ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَھَّابُ وَاَنَا الْیَائِسُ فَمَنْ یَّدْعُ الْیَائِسُ اِلَّا الْوَھَّابُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُفَرِّجُ وَاَنَا الْمَغْمُوْمُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَغْمُوْمُ اِلَّا الْمُفَرِّجُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُنْجِیْ وَاَنَا الْغَرِیْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْغَرِیْقُ اِلَّا الْمُنْجِیْ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّازِقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَرْزُوْقُ اِلَّا الرَّازِقُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَاشِفُ وَاَنَا الْمُضْطَرُّ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُضْطَرُّ اِلَّا الْکَاشِفُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ سَیِّدٌ وَاَنَا الْمُبْتَھِلُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُبْتَھِلُ اِلَّا السَّیِّدُ یَارَبِّ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ سَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ فَاغْفِرْ ذُنُوْبِیْ وَاَعْتِقْنِیْ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ٥

۸۳ - **دیگر اسمائے جبروت برائے قضائے حاجت** - کسی ایسی جگہ جہاں سر اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو یہاں تک کہ ٹوپی بھی سر پر نہ ہو تین دن یہ عمل کرے اگر موسم سرما میں شدید سردی کی وجہ سے یا بارش کے سبب کھلے مقام پر نہ پڑھ سکے تو طشت میں پانی بھر کر سامنے رکھ لے کہ چہرہ آنکھیں نظر آئیں اور چراغ یا روشنی کسی قسم کی پشت کے پیچھے ہو کر عکس سر کا پانی میں پڑے - ۱۴۲ بار اسمائے جبروت پڑھے اور کچھ شیرینی پر فاتحہ دلا کر خود کھائے یا اہل و عیال و دوست احباب کو تقسیم کرے

۸۴- اسمائے جبروت - بسم الله الرحمٰن الرحیم

یا نورُ تنوّرتَ بالنّورِ والنّورُ فی نورِ نورِک یا نورُ

یا عزیزُ تعزّزتَ بالعزّتِ والعزّۃُ فی عزّۃِ عزّتِک یا عزیزُ

یا جلیلُ تجلّلتَ بالجلالِ والجلالُ فی جلالِ جلالِک یا جلالُ

یا واحدُ توحّدتَ بالوحدانیۃِ والوحدانیۃُ فی وحدانیۃِ وحدانیّتِک یا واحدُ

یا فردُ تفرّدتَ بالفردانیۃِ والفردانیۃُ فی فردانیۃِ فردانیّتِک یا فردُ

یا جمیلُ تجمّلتَ بالجمالِ والجمالُ فی جمالِ جمالِک یا جمیلُ

یا عظیمُ تعظّمتَ بالعظمۃِ والعظمۃُ فی عظمۃِ عظمتِک یا عظیمُ

یا کبیرُ تکبّرتَ بالکبریاءِ والکبریاءُ فی کبریاءِ کبریائِک یا کبیرُ

یا کریمُ تکرّمتَ بالکرمِ والکرمُ فی کرمِ کرمِک یا کریمُ

یا قدیرُ تقدّرتَ بالقدرۃِ والقدرۃُ فی قدرۃِ قدرتِک یا قدیرُ

یا جبّارُ تجبّرتَ بالجبروتِ والجبروتُ فی جبروتِ جبروتِک یا جبّارُ

یا قہّارُ تقہّرتَ بالقہرِ والقہرُ فی قہرِ قہرِک یا قہّارُ

یا ملیکُ تملّکتَ بالملکوتِ والملکوتُ فی ملکوتِ ملکوتِک یا ملیکُ

یا قدّوسُ تقدّستَ بالقدسِ والقدسُ فی قدسِ قدسِک یا قدّوسُ

یا ربُّ تربّبتَ بالربوبیّۃِ والربوبیّۃُ فی ربوبیّۃِ ربوبیّتِک یا ربُّ

یا رحیمُ ترحّمتَ بالرحمۃِ والرحمۃُ فی رحمۃِ رحمتِک یا رحیمُ

یا وہّابُ توہّبتَ بالوہبۃِ والوہبۃُ فی وہبۃِ وہبتِک یا وہّابُ

یا منّانُ تمنّنتَ بالمنّۃِ والمنّۃُ فی منّۃِ منّتِک یا منّانُ

یا حکیمُ تحکّمتَ بالحکمۃِ والحکمۃُ فی حکمۃِ حکمتِک یا حکیمُ

یا مجیدُ تمجّدتَ بالمجدِ والمجدُ فی مجدِ مجدِک یا مجیدُ

يَاحَنَّانُ تَحَنَّنْتَ بِالْحِنَّةِ وَالْحِنَّةُ فِي حِنَّتِ حِنَّتِكَ يَاحَنَّانُ
يَاحَمِيْدُ تَحَمَّدْتَ بِالْحَمْدِ وَالْحَمْدُ فِي حَمْدِ حَمْدِكَ يَاحَمِيْدُ
يَاحَلِيْمُ تَحَلَّمْتَ بِالْحِلْمِ وَالْحِلْمُ فِي حِلْمِ حِلْمِكَ يَاحَلِيْمُ
يَاقَدِيْمُ تَقَدَّمْتَ بِالْقِدَمِ وَالْقِدَمُ فِي قِدَمِ قِدَمِكَ يَاقَدِيْمُ
يَاشَهِيْدُ تَشَهَّدْتَ بِالشَّهَادَةِ وَالشَّهَادَةُ فِي شَهَادَةِ شَهَادَتِكَ يَاشَهِيْدُ
يَاقَرِيْبُ تَقَرَّبْتَ بِالْقُرْبِ وَالْقُرْبُ فِي قُرْبِ قُرْبِكَ يَاقَرِيْبُ
يَانَصِيْرُ تَنَصَّرْتَ بِالنُّصْرَةِ وَالنُّصْرَةُ فِي نُصْرَةِ نُصْرَتِكَ يَانَصِيْرُ
يَاشَكُوْرُ تَشَكَّرْتَ بِالشُّكْرِ وَالشُّكْرُ فِي شُكْرِ شُكْرِكَ يَاشَكُوْرُ
يَاسَتَّارُ تَسَتَّرْتَ بِالسَّتْرِ وَالسَّتْرُ فِي سَتْرِ سَتْرِكَ يَاسَتَّارُ
يَاخَالِقُ تَخَلَّقْتَ بِالْخَلْقِ وَالْخَلْقُ فِي خَلْقِ خَلْقِكَ يَاخَالِقُ
يَارَزَّاقُ تَرَزَّقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِي رِزْقِ رِزْقِكَ يَارَزَّاقُ
يَافَتَّاحُ تَفَتَّحْتَ بِالْفَتْحِ وَالْفَتْحُ فِي فَتْحِ فَتْحِكَ يَافَتَّاحُ
يَاعَلِيْمُ تَعَلَّمْتَ بِالْعِلْمِ وَالْعِلْمُ فِي عِلْمِ عِلْمِكَ يَاعَلِيْمُ
يَارَفِيْعُ تَرَفَّعْتَ بِالرَّفْعِ وَالرَّفْعُ فِي رَفْعِ رَفْعِكَ يَارَفِيْعُ
يَاحَافِظُ تَحَفَّظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحِفْظُ فِي حِفْظِ حِفْظِكَ يَاحَافِظُ
يَاسَلَامُ تَسَلَّمْتَ بِالسَّلَامِ وَالسَّلَامُ فِي سَلَامِ سَلَامِكَ يَاسَلَامُ
يَاوَاصِلُ تَوَصَّلْتَ بِالْوَصْلِ وَالْوَصْلُ فِي وَصْلِ وَصْلِكَ يَاوَاصِلُ
يَافَاضِلُ تَفَضَّلْتَ بِالْفَضْلِ وَالْفَضْلُ فِي فَضْلِ فَضْلِكَ يَافَاضِلُ
يَافَاعِلُ تَفَعَّلْتَ بِالْفِعْلِ وَالْفِعْلُ فِي فِعْلِ فِعْلِكَ يَافَاعِلُ
يَافَارِضُ تَفَرَّضْتَ بِالْفَرْضِ وَالْفَرْضُ فِي فَرْضِ فَرْضِكَ يَافَارِضُ
يَاسَمِيْعُ تَسَمَّعْتَ بِالسَّمْعِ وَالسَّمْعُ فِي سَمْعِ سَمْعِكَ يَاسَمِيْعُ

یَاسَامِعُ یَامُجِیْبُ یَااَللّٰہُ یَاعَزِیْزُ یَالَآ اِلٰہَ اِلَّاھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ الْمَصِیْرُ یَاقُدُّوْسُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ وَتَرْحَمْنِیْ وَتَتُوْبَ عَلَیَّ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَتَکْفِیْ مُھِمَّاتِیْ وَتَسْتَجِبْ دَعْوَتِیْ وَتَقَبَّلْ عِبَادَتِیْ بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ پڑھنے کا طریقہ اور ہدایات نمبر ۱۴۳ میں آئندہ صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

۸۵- برائے قضائے حاجت شب جمعہ کا عمل ۔ یہ عمل صرف ایک شب کا ہے۔ شب جمعہ کو تازہ غسل کرے پاک و صاف کپڑے پہنے اور دو رکعت نماز قضائے حاجت کی نیت سے پڑھے اس کے بعد مدینہ شریف کی جانب منہ کر کے دست بستہ کھڑے ہو کر درود جمعہ چند بار بغیر شمار کے پڑھے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ۔ اس کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر ۵ ہزار بار یہ دعا پڑھے ۔ یَامُسَھِّلُ سَھِّلْ کُلَّ صَعْبٍ اَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ ۔ بعدہٗ درود شریف ۱۱ بار۔

۸۶- برائے قضائے حاجت بہت آسان عمل ۔ یہ عمل سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم فرمایا ہے بہت آسان اور زود اثر ہے بعد نماز فجر سو مرتبہ پڑھے اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اگر ایک ہفتہ میں کامیابی نصیب نہ ہو تو خطا اپنی سمجھے ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَاقَدِیْمُ یَادَائِمُ یَاقَائِمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَامَنْ اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ یَامَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۔

۸۷- برائے سخت ترین مہمات ۔ یہ عمل بھی بہت آسان ہے اور مجرب ہے جن بزرگ ترین ہستی سے یہ عمل منقول ہے فرماتے ہیں کہ اگر سات دن میں کام پورا نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن اور اسکا ہاتھ ہو۔ اس دعا کو لکھ کر سات دن بہتے پانی میں ڈالے ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ مِنَ

اَلْعَبْدِ الذَّلِیْلِ اِلَی الْمَوْلٰی الْجَلِیْلِ الْمُبِیْنِ الْمَغْفِرَۃِ اَنْتَ الْغَفَّارُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ
اور ۷۰ بار یہ دعا پڑھے۔ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ کُنْ فَیَکُوْنُ فَتَبَارَكَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ پہلی دعا سو بار اور دوسری دعا ۷ بار سات یوم میں ورد میں رکھے۔ انشاء اللہ کامیاب و بامراد ہو، اول آخر درود شریف ۲۱ بار۔

۸۸۔ **حلِ مشکلات** ۔ یہ عمل حلِ مشکلات کے لئے بے نظیر ہے، بعد عصر ۲۹۸ بار اول و آخر درود شریف ۹ بار۔ ہر مشکل اور ہر حاجت غیب سے پوری ہو۔ یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْئٍ وَّ وَارِثَہٗ وَرَاحِمَہٗ یَا رَحْمٰنُ۔

۸۹۔ **عمل اسم یَا کَافِیْ** ۔ یہ عمل ہر کٹھن سے کٹھن مہم اور تمام دشواریوں اور کل مشکلات میں اسم اعظم کا کام دیتا ہے اور ہر ضرورت غیب سے حل ہو جاتی ہے اگر ہمیشہ ورد میں رکھے کبھی کوئی مشکل ہی نہ پیش آئے اگر ۲۸ روز میں سوا لاکھ پڑھ کر زکوٰۃ ادا کرے تو دوسروں کی مشکلات کو بھی حل کر سکتا ہے۔ مریدین و معتقدین، عزیز و اقارب کی دستگیری پر قدرت حاصل ہو، چار دن ہر نماز کے بعد ۱۱۱ بار، صرف پہلے دن نماز فجر سے قبل بھی ۱۴۱ بار پڑھے کہ اس طرح چار دن میں کل حروف کے اعداد جو ۲۲۶۱ ہوتے ہیں، پوری ہو جائے گی۔ اول آخر درود شریف ۱۱ بار یَا کَافِیَ الْمُوَسِّعِ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیْ۔

۹۰۔ **عمل اسم یَا غِیَاثُ:** ۔ یہ عمل تاثیر میں عقلوں کو حیران کرنے والا ہے جو حضرات عمل کرتے ہیں اور ناکامی کا شکوہ کرتے ہیں یا اثر تو ظاہر ہوتا ہے مگر بہت مختصر یا کسی عمل سے فیض جاری ہو کر بند ہو جاتا ہے تو یہ عمل کرے یا جس عمل میں اپنی خامیوں کی وجہ سے ناکامی کا خوف ہو تو اس دعا کو ایک بار یا ۳ بار یا ۷ بار یا ۷۸ بار پڑھے کبھی ناکام نہ ہوگا۔ بلکہ عین امید کے مطابق ظہور ہوگا۔ اہل قلم و علم حضرات غور کریں کہ جو دعا دوسرے عمل کو تاثیر بخشے اور اس کے موکلوں کو اس کی طرف مائل کرنے کی ایسی قدرت رکھتی ہے تو جو کوئی اسی دعا کو اپنا عمل بنالے اس کی فریاد رسی اور کامیابی میں کیا شک ہو سکتا ہے۔ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّ مَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّ رَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثُ۔ اگر یَا غِیَاثِیْ پڑھے تو ۱۵۲۱ بار اور اگر یَا غِیَاثُ پڑھے تو ۱۱۰۵ بار

بعد نماز عشاء کبھی بیٹھ کر کبھی کھڑے ہو کر کبھی ٹہل کر پڑھے مگر قلب و زبان اور دماغ دعاء کے الفاظ مخارج زیر۔ زبر اور معانی کی جانب متوجہ رہے، کھڑے بیٹھے پڑھنے کا مقصد اپنی اضطراری پریشانی کی کیفیت کو ظاہر کرنا ہے۔ اگر کمزور اور مظلوم صرف ۹۹ بار پڑھے اور ہمیشہ ورد میں رکھنا چاہے تو ۴۰ بار اول آخر درود شریف ۹ بار۔

۹۱۔ **عمل نادِ علی۔** نادِ علی شریف قضائے حاجات حلِ مشکلات میں مشہور و مقبول ہے۔ جواہر خمسہ میں لکھتے ہیں کہ غزوۂ تبوک میں جب لشکرِ اسلام پر شکست کے آثار ظاہر ہوئے تو سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کی پریشانی دیکھ کر مغموم ہونے لگے، اس وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام یہ کلمات یعنی نادِ علی شریف لیکر آئے اور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پڑھا، تین مرتبہ بھی پورے نہ ہوئے تھے کہ شیرِ خدا حاضر آئے اور لشکرِ کفار پر عقاب کی طرح جھپٹے، چندہی ساعت میں کچھ قتل ہوئے باقی فرار ہو گئے۔ اس فتح سے بہت سا مالِ غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ گویا نادِ علی شریف ایسے دشوار اور مشکل مواقع پر تیر بہدف دعاء ثابت ہوتی ہے۔ ہر مہم میں ۴۴ بار بعد نفل نماز کھڑے ہو کر پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱ بار۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِكَ یَا رَسُوْلَ اللهِ وَبِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ۔

۹۲۔ **عمل بسم اللہ شریف:۔** بسم اللہ شریف کی برکات سے کون واقف نہیں مگر یہاں صرف قضائے حاجات کے لئے پڑھنے کا طریقہ درج کیا جا رہا ہے۔ اوّل تازہ وضو کرے اور دوگانہ ادا کرے اس کے بعد ایکہزار بار بسم اللہ شریف پھر دو نفل ادا کرے اور اپنی حاجت بارگاہِ الٰہی میں پیش کرے۔ پھر ایکہزار بار بسم اللہ شریف پھر دو نفل پھر بسم اللہ شریف ایکہزار بار غرض اسی طرح بارہ ہزار بار کی تعداد پوری نہ کر پائے کہ مراد حاصل ہو جائے گی۔ مجرّب اور آزمودہ ہے، اول، آخر درود شریف ۱۱ بار۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ مِرْاٰتِ الذَّاتِ وَالصِّفَاتِ مَخْزَنِ الْمُشَاهِدَاتِ مُوْصِلِ الْعِبَادَاتِ اِلٰی رَبِّ الْاَرْبَابِ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتٍ لَّكَ۔

۹۳ - عمل الحمد شریف :- شب شنبہ کو بعد نماز عشاء دو نفل بہ نیت قضائے حاجت پڑھکر ۳۰ بار الحمد شریف اور فجر کی سُنت اور فرض کے درمیان دس بار - شب یکشنبہ کو ۴۰ بار، فجر میں ۲۰ بار - شب دوشنبہ کو ۵۰ بار فجر میں ۳۰ بار سہ شنبہ کو ۶۰ بار فجر میں ۴۰ بار - شب چہار شنبہ کو ۷۰ بار فجر میں ۵۰ بار - شب پنج شنبہ کو ۸۰ بار فجر میں ۶۰ بار - شب جمعہ کو ۹۰ بار فجر میں ۷۰ بار، اسی طرح دوسرے ہفتہ میں ۱۰-۱۰ بار کم کرتے رہیں - انشاء اللہ پہلے ہفتہ میں مشکل حل ہو جائے گی ورنہ پورا عمل ہونے تک ضرور بالضرور اب تک جس کو بھی یہ عمل بتایا پہلے ہی ہفتہ میں کامیابی ہوئی، اوّل و آخر درود شریف ۱۰ بار -

۹۴ - عمل دیگر الحمد شریف : اگر کسی پر قرض کثیر ہو اور کوئی سبیل اس کے دین کی نہ ہو یا کوئی اشد ضرورت درپیش ہو تو یہ عمل تین روز کرے بہتر ہے کہ دن میں روزہ رکھے اور رات کو یہ عمل کرے بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھکر اس طرح الحمد شریف پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - يَا كَرِيْمُ يَا لَطِيْفُ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَؤُفُ يَا كَرِيْمُ يَا عَطُوْفُ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ يَا مُعْطِيْ يَا مُغْنِيْ اِيَّاكَ نَعْبُدُ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا عَالِمَ السَّرَائِرِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ يَا سَرِيْعُ يَا قَرِيْبُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ سو بار - آمین ۲۱ بار اول آخر درود شریف ۱۱ بار -

۹۵ - تیسیر اعمل الحمد شریف - یہ عمل بھی اپنی تاثیر میں بے نظیر ہے اگر حاجت دینی ہو تو قبلہ رخ اور حاجت دنیوی ہو تو جانب جنوب رُخ کر کے نوچندی اتوار کو یہ عمل شروع کرے کتنا ہی اہم کام ہو عمل پورا ہونے سے قبل ہی کام انجام پاتا ہے - بروز اتوار ۱۹ بار بسم اللہ شریف بعدہٗ ۵۰۰ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اور آمین ۱۰۰ بار، بروز پیر الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۵۵۶ بار آمین سو بار، بروز منگل مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۲۱۱ بار اور آمین سو بار، بروز بدھ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۷۸۶ بار اور آمین سو بار - بروز جمعرات اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۴۱۰ بار آمین سو بار، بروز جمعہ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۱۰۰۱ بار اور آمین سو بار، بروز ہفتہ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ - ۴۰۷ بار اور آمین سو بار - ہر روز وقت مقررہ پر پڑھیں جس وقت آسانی ہو وہ وقت مقرر کر لیں اور ہر روز

درود شریف ۲۱ بار اول آخر پڑھیں۔

۹۶۔ **عمل شب جمعہ برائے قضائے حاجات** ۔ بعد نصف شب جمعہ تازہ غسل کرے اگر سو کر اُٹھے تو دو رکعت نماز تہجد اور سویا نہ ہو تو دو رکعت نفل قضائے حاجت کی نیت سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد سلام تین بار درود قضائے حاجت پڑھے پھر ایک ہزار بار یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ پھر اپنے لیئے دعا کرے اس کے بعد اَللّٰھُمَّ اَقْضِ حَاجَتِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَامُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ دس بار یَامُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ دس بار پھر درود شریف نماز فجر تک پڑھتا رہے۔

۹۷۔ **عمل سورۂ اخلاص** ۔ یہ عمل عجیب ترین ہے حل مشکلات کے ساتھ فرحت قلبی بھی حاصل ہوتی ہے مگر وہ حیرت انگیز مناظر دکھتا ہے جس سے نظر ہٹانے کو دل نہیں چاہتا اگر اہل ذوق چاہئیں تو اس کی دعوت بھی دیں مگر خلوت اختیار کرنا ہوگی، کسی سے کلام نہ کرے۔ ایک پرہیز گار خادم رکھیں کہ وہ ضروریات کو انجام دے، غذا میں صرف بھنے ہوئے چنے یا جَو کی روٹی کھائے، باقی ہدایات ترک جمالی و جلالی میں ملاحظہ فرمائیں اور پھر عمل کریں ۱۵ دن کی خلوت میں چھ ہزار بار بطریق مذکور ذیل پڑھیں، دن میں روزہ رکھے۔ ۴۰۰ بار روزانہ دن رات میں پڑھیں باقی اوقات میں درود استغفار پڑھیں یا سوئیں۔

اور قضائے حاجت کے لیے ۶۰۰ بار ایک دن رات میں یا تین دن میں ۲۰۰ بار ہر سہ روز پڑھیں اول آخر درود شریف ۴۱ بار۔ طریقہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ یَاوَاحِدُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَاصَمَدُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ یَامَنْ لَّمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا یَامَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ط اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَنْ تُجِیْبُوْلِیْ اِلیٰ مَا اُرِیْدُ اِنَّ رَبَّکَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ۔ جب ۲۰۰ تعداد پوری ہو جائے یا ایک دن میں ۶۰۰ کی تعداد پوری کرنا ہو تو ہر ۲۰۰ کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھیں۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا الْخُدَّامُ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَنْ تُجِیْبُوْلِیْ

مَا تَعْبُدُوْنَہٗ، اِلَّا مَا اَسْمَعْتُمُ الْاِجَابَۃَ بِدَعْوَتِیْ وَبِطَاعَتِیْ فَاسْرِعُوْا وَاحْضُرُوْا وَاَطِیْعُوْا بِحَقِّ قَوْلِہٖ تَعَالٰی اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ دَاخِرِیْنَ ط اس عمل کو شروع کرتے ہی تین موکل عامل کی مدد کے لئے متعین ہو جاتے ہیں اور جب تک کہ عامل کی ضرورت پوری نہ کر دیں واپس نہیں جاتے۔ اگر عامل کی ذات یا بات کی وجہ سے کسی مومن مرد یا عورت کا دل نہیں دکھا ہے اور ان کی آہیں حائل نہ ہوں تو موکل سامنے حاضر ہو کر یوں کہتے ہیں اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ۔ اس کے جواب میں یوں کہے۔ وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ یَا عِبَادَ اللّٰہِ پھر وہ سوال کریں گے کہ تو نے ہمیں کس لئے یاد کیا ہے۔ اب اختیار ہے کہ ان سے اپنی حاجت بیان کرے، جائز و محمود ہوگی تو فوراً پورا کریں گے اور اگر موکلین کو تابع کرنا ہو تو ان سے کہے کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تم کو جب یاد کروں حاضر ہوا ور میرا کام سرانجام دو، اس پر وہ کوئی شرط پیش کریں گے اگر تم نے اُسے پورا کرنے کا وعدہ کیا تو وہ بھی خادم رہیں گے اور جب بھی اس میں کوتاہی برتی موکل نہ حاضر ہوں گے۔

۵۸۔ **تین روز میں کام پورا ہو۔** یہ عمل اچانک حاجت درپیش ہونے پر تو کسی دن بھی شروع کر سکتے ہیں مگر شب شنبہ میں شروع کرنا زیادہ بہتر ہے۔ شب شنبہ بعد از نماز عشاء تنہائی میں روشنی گل کرکے اول ۱۱ بار درود شریف ۱۹ بار بسم اللہ شریف بعدہٗ ایکہزار بار یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ اور درود شریف ۱۱ بار۔ شب یکشنبہ کو دریا یا تالاب، حوض یا چشمہ کے کنارے اسطرح بیٹھیں کہ پاؤں پانی میں رہیں اول ۲۱ بار درود شریف ۱۹ بار بسم اللہ شریف بعدہٗ ۵۰۰ بار لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۵ درود شریف ۲۱ بار۔ شب دوشنبہ کو کسی ایسے مقام پر جہاں سر اور آسمان کے درمیان کچھ حائل نہ ہو برہنہ سر کرکے اوّل درود شریف ۴۱ بار بسم اللہ شریف ۱۹ بار۔ یَاغِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّرَجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ ۷۸ بار درود شریف ۴۱ بار۔

۹۹۔ درودِ محمود برائے قضائے حاجت :۔ ایامِ بیض میں بعد نماز مغرب اسی جگہ بیٹھ کر یہ درود شریف عشاء تک بے شمار بغیر وقفہ کے پڑھے کتنا ہی عظیم اور مشکل مگر جائز کام ہو ہر حالت میں پورا ہو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ صرف ابتداء میں ۱۹ بار بعدہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِیَّةِ وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِیَّةِ وَمَعْدَنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِیَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِیَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِیَّةِ وَالْبَهْجَةِ السَّنِیَّةِ الرُّتْبَةِ الْعَلِیَّةِ مِنَ الدَّرَجَةِ النَّبِیُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَیْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰی یَوْمِ تَبْعَثُ مَنْ اَفْنَیْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

۱۰۰۔ بَابُ الْغِنَا

غربت و افلاس ہو یا مال و دولت کی افراط۔ غیر مسلم حضرات کے لئے شانِ ربوبیت کا اظہار کہ ہم ایسے پالنے والے ہیں کہ ہماری شانِ خالقیت کو فراموش کر کے سنگ و شجر، شمس و قمر کی پرستش کرتے ہیں اور ہمارے سوا سینکڑوں خدا بنا رکھے ہیں اور اپنے سے کمتر مخلوق کی عبادت کر رہے ہیں مگر ہم اپنے خوانِ کرم سے تم کو بھی نواز رہے ہیں اور ان پر جو تکلیف و مصیبت آتی ہے وہ بھی شانِ ربوبیت کا اظہار ہے کہ یہ حقیر سی تکلیف و مصیبت تم پر آئی ہے کہو ان سے جن کو تم پوجتے ہو کہ وہ اس کو دور تو کر دیں، انصاف پسند کہہ اٹھتے ہیں کہ جو اپنی مدد آپ نہ کر سکے وہ دوسروں کی کیا مدد کر سکے گا غرضیکہ افلاس و دولت غیروں کی ہدایت کے لئے شانِ ربوبیت کا اظہار ہے اور مسلمانوں کے لئے امتحان ہے یا احسان۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے :۔ الٓمّٓ ۔ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ۔ کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ اتنا کہہ لینے سے چھوڑ دیے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور ان کا امتحان نہ ہوگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ تنگدستی، غربت و افلاس بھی امتحان ہے کہ کون صبر کرتا ہے اور کون اپنے خدا کو بھول کر حرام کی طرف متوجہ ہوتا ہے

مثلاً چوری، سود، سٹہ اور دوسرے کو نقصان پہنچا کر اپنا بھلا چاہتا ہے اور دولت و عزت دے کر امتحان اس طرح کہ کون شکر ادا کرتا اور غریبوں کی مدد کرتا ہے۔ اس سلسلے میں چند اقوال جن کو اہل اللہ جواہر پاروں سے تشبیہ دیتے ہیں پیش کیئے جاتے ہیں۔

و۔ اولیاء اللہ کا ارشاد ہے دُنیا خدا کی دشمن ہے، خدا کے دوست اس کے دشمن سے محبت نہیں کرتے۔

و۔ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص تمام آسمان و زمین والوں کے برابر عبادت کرے اور دولت دُنیا سے محبّت رکھے قیامت کو ندا فرمائی جائے گی کہ یہ شخص تھا جو خدا کے دشمن سے محبت کرتا تھا۔

و۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں دو بھوکے بھیڑیئے بھیڑوں کے غول میں اس قدر تباہی نہیں کرتے جس قدر یہ دوستی مال و جاہ کی مسلمان کے دل کو تباہ و برباد کرتی ہے اور نفاق کو دل میں پیدا کرتی ہے جیسے پانی سبزے کو۔

و۔ عارفین کا ارشاد ہے کہ دُنیا تصّرف کیلئے ہے، محبّت کیلئے نہیں، دنیا کی دولت حاصل کرو اپنی ذات اور اہل و عیال اور راہِ خُدا کی راہ میں صرف کرو، اس کی محبت کو دل میں جگہ نہ دو کہ دل خدا کی محبت کے لئے ہے اس میں غیر کو آنے کی اجازت نہیں۔

و۔ شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے سوال کیا زکوٰۃ کس قدر ہے فرمایا فقہاء کے مذہب میں دو سو درہم سے پانچ درہم دینا اور مذہب عشاق میں دو سو میں سے ایک بھی رکھنا جائز نہیں بلکہ اس کے شکر میں جان بھی دے دینا چاہیئے کہ اس نے اپنے کرم سے دیئے مگر اس کی محبت نہ دی اور اپنی راہ میں خرچ کرنے کی توفیق بخشی۔

و۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، اللہ تعالیٰ سود گھٹاتا اور صدقے کو بڑھتا ہے اور اللہ دوست نہیں رکھتا ناشکرے گنہگار کو۔

و۔ علماء فرماتے ہیں کہ سُود کی کمائی چوری ہو جاتی ہے یا لُٹ جاتی ہے یا آگ میں جل جاتی ہے یا خاک میں مل جاتی ہے۔ یا حاکم ٹیکس میں چھین لیتا ہے یا اولاد عیاشی میں خرچ کر دیتی ہے مگر خود کو اس سے کوئی فائدہ نہیں۔

و۔ اور صدقہ پرورش پاتا ہے جس طرح ایک دانے سے ۷ بالی پیدا ہوتی ہیں اور ہر بالی میں سو دانے ہوتے صدقہ کا بدلہ دنیائے فانی میں بہت تھوڑا اور آخرت میں کُل مزید انعام کے ساتھ ملتا ہے۔

و۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اس امت کی پہلی نیکی یقین اور زُہد ہے اور پہلا فساد بُخل ہے۔ یقین سے مراد اللہ تعالیٰ رازق و مالک ہے۔

و۔ فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان جھوٹ اور خیانت کی خصلت پر پیدا نہیں کیا جاتا بلکہ وہ مشرف ہوتا ہے صدق و امانت سے بہ سبب تصدیق و ایمان کے۔

و۔ فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تکبر کرتا ہے خُدا اسے خوار کرتا ہے، وہ اپنی نظر میں بڑا ہے اور لوگوں کی نظر میں کُتّے اور سؤر سے بھی بدتر ہے۔

و۔ ارشادِ الٰہی ہے۔ سیّدنا اسمٰعیل علیہ السلام پر وحی آئی کہ اے اسمٰعیل اگر تو مجھے پانا چاہتا ہے تو شکستہ دلوں کے پاس تلاش کر۔

و۔ اور فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے میری رضامندی اپنے ضعیفوں کے پاس تلاش کرو (اور مجھے راضی رکھنا ہے تو) ان کو راضی رکھو اسلیئے کہ تمکو تمہارے ضعیفوں کی بدولت رزق دیا جاتا ہے (یہاں سے مراد وہ لوگ ہیں جو حصولِ دولت میں کمزور اور مجبور ہیں)۔

و۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رض کو حکم فرمایا کہ مساکین سے محبّت کرو اور ان کے قریب رہو۔

و۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ انسان کے دل میں حسد اور ایمان اکٹھے نہیں رہ سکتے۔ اور فرمایا حسد سے بچو کہ حسد نیکیوں کو اسطرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔ یہ وہ جواہر پارے ہیں جن کو پرو کر مسلمان اپنے گلے کی زینت بنالے تو دنیا و آخرت سنور جائے۔

اب تو یہ بات سمجھ میں آگئی ہوگی کہ غربت و افلاس بھی رحمت ہے کہ جس کا دل بوجہ غربت و افلاس کی مصیبت سے ٹوٹا مگر وہ خدا سے ناطہ توڑ کر غیر کی طرف مائل ہوا، نہ احکامِ خداوندی کے خلاف حرام کو ذریعۂ معاش بنایا نہ مالداروں کی دولت دیکھکر حسد کی گندگی میں ملوّث ہوا بلکہ صبر و نماز کے ذریعہ اللہ اور رسولؐ ہی کی طرف لو لگائے ہے تو اس کا دل خدا کا گھر ہے، ایسوں ہی کیلیئے ارشاد فرمایا۔

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْد ط " اے بندے مَیں تیری رگ جاں سے قریب تر ہوں"۔ اللہ اکبر شکستہ دل کا یہ اعزاز۔ اسی پر بس نہیں خدا کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمائیں جو مجھے راضی رکھنا چاہیے تو میری اُمت کے غریبوں کو راضی رکھے۔ اسی پر بس نہیں۔ ام المومنین اور صحابۂ کرامؓ سے ارشاد ہوا کہ میری اُمت کے غریبوں کو راضی رکھے انفقر ان سے محبت کرے اسی پر بس نہیں کل روز قیامت تمہارا ربّ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہاں ہیں میرے محبوب کی اُمت کے غریب و مسکین، جب وہ حاضر آئیں گے تو فرمایا جائے گا کہ اے میرے بندو مَیں نے تمہیں ذلت و رسوائی کے لیے غریب نہیں کیا تھا بلکہ اسلیئے کہ اگر تم صبر کرو تو آج تمہیں خلعتِ عزت و کرامت عطا کروں اور اس خلعت کو زیب تن کر لو اور جنت میں چلے جاؤ اور اسے بھی اپنے ساتھ لیتے جاؤ جس نے ترس کھا کر تمہیں کھلایا پلایا ہو۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ساری دنیا کی دولتیں اس اعزاز پر قربان۔

اس باب کی ساری ہدایتیں ان جواہر پاروں سے ظاہر ہیں کہ حصول دولت و غنا کے عملیات سے قبل بُری عادتوں جوا، شراب، عیاشی، تکبر، سُود، سٹہ وغیرہ سے تائب ہو، کبھی غریب کو حقیر نظر سے نہ دیکھے نہ جھڑکے بلکہ جو ممکن ہو اس کے ساتھ احسان کرے، مگر بد افعال غریب کو نقد نہ دے کر وہ فاقہ نہیں توڑے گا بلکہ نشہ کرے گا۔ ہاں کھانا کھلا دے اور اپنا پرانا کپڑا پہنا دے۔ نیا دیا تو بیچ کر بُرے کام پر خرچ کرے گا۔

۱۰۱۔ عزت و دولت کا تاج یعنی درودِ تاج ۔ یہ درود شریف بہت محبوب و مقبول ہے اور اکثر کی وردِ زبان اور حرزِ جان ہے اور کیوں نہ ہو کہ اس کا نام بھی درودِ تاج ہے یعنی رحمت و برکت کا لازوال تاج ہے یعنی جب تنگدستی دور نہ ہونے، روزگار نہ ملنے کی وجہ سے عزت کی حفاظت دشوار ہو جائے تو درودِ تاج بعد ہر نماز ۷ بار اور بعد نماز عشاء ایک بار بحضورِ قلب پڑھے اور دن میں تلاشِ معاش میں نکلے تین دن ایسا ہی کرے اگر تین دن میں کوئی ذریعہ نہ نکلے تو چوتھے روز بعد فجر سے پڑھنا شروع کر دے جب تک پڑھتا رہے کہ کوئی آ کر اس کو خوشخبری نہ سنائے، درود تاج اگلے صفحہ پر ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللّٰھم صل علٰے سیدنا ومولانا محمد صاحب التاج والمعراج والبراق والعلم دافع البلاء والوباء والقحط والمرض والالم۔ اسمہ مکتوب مرفوع مشفوع منقوش فی اللوح والقلم سید العرب والعجم جسمہ مقدس معطر مطہر منور فی البیت والحرم شمس الضحٰی بدر الدجٰی صدر العلٰی نور الھدٰی کھف الورٰی مصباح الظلم ط جمیل الشیم ط شفیع الامم صاحب الجود والکرم ط واللہ عاصمہ وجبریل خادمہ والبراق مرکبہ والمعراج سفرہ وسدرۃ المنتھٰی مقامہ وقاب قوسین مطلوبہ والمطلوب مقصودہ والمقصود موجودہ سید المرسلین ط خاتم النبیین ط شفیع المذنبین ط انیس الغریبین ط رحمۃ للعٰلمین ط راحۃ العاشقین ط مراد المشتاقین شمس العارفین سراج السالکین ط مصباح المقربین ط محب الفقراء والغرباء والمساکین سید الثقلین نبی الحرمین ط امام القبلتین ط وسیلتنا فی الدارین ط مولانا ومولی الثقلین ط ابی القاسم محمد ابن عبد اللہ نور من نور اللہ ط یا ایھا المشتاقون بنور جمالہ صلوا علیہ واٰلہ واصحابہ وسلموا تسلیما ط

١٠٢۔ یٰسین شریف کا عمل۔ یہ عمل بہت زود اثر ہے۔ یٰسین شریف بعد نماز عشاء ایک بار اس طرح کہ ہر مبین پر درود تاج ۴١ بار پڑھے۔ پہلے ہی دن کام منور جاتا ہے اگر یقین یا حضور قلب یا صحت لفظی میں کمی ہے تو دوسری بات ہے ہر مبین پر درود شریف پڑھکر دم کریں اور اس نقش کو ٹوپی میں رکھیں۔ یہ نقش معمولی غفلت سے غائب ہو جاتا ہے حفاظت کرنا شرط ہے۔

٦٩١٨٨	٦٩١٩١	٦٩١٩٤	٦٩١٨٠
٦٩١٩٣	٦٩١٨١	٦٩١٨٧	٦٩١٩٢
٦٩١٨٢	٦٩١٩٦	٦٩١٨٩	٦٩١٨٦
٦٩١٩٠	٦٩١٨٥	٦٩١٨٣	٦٩١٩٥

۱۰۳۔ الحمد شریف - برائے حصول دولت و غنا کے لئے الحمد شریف اس طرح پڑھیں اول درود قضائے حاجت یعنی درود تنجینا ایک بار بعدہٗ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَاِسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَجِدِّکَ الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِکَ التَّامَّۃِ ۳ بار پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۱۷ بار درود تاج شریف ۱۷ بار اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۱۲ درود تاج ۱۲ بار مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۱۱ بار۔ درود تاج ۱۱ بار اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۱۹ بار درود تاج ۱۹ بار اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۱۹ بار درود تاج ۱۹ بار صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۱۹ بار درود تاج ۱۹ بار غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۲۵ بار درود تاج ۲۵ بار اٰمِیْن ۵ بار پھر یہ دعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ تَوَجَّھْتُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتَقْضِیَ لِیْ حَاجَتِیْ ۳ بار۔

۱۰۴۔ نقش حصول دولت و غنا - اس نقش کو چراغ پر کندہ کرا کے عروج ماہ میں عمل کرے اس چراغ کی چار بتی اچھے گھی سے روشن کرے اور درود تاج یا درود قضائے حاجت (تنجینا) ایک بار یا ۷ بار پڑھے اس کے بعد بسم اللہ شریف ۸۶، بار

	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	
بسم	۱۰۲ بسم	۶۶ اللہ	۲۲۹ الرحمٰن	۲۸۹ الرحیم	م
بسم	۲۲۷ حی یا قریب	۲۸۸ کافی یا واصف	۱۰۳۰ الباسط	۶۵ یا دیان	م
بسم	۲۸۶ سلطان یا واسع	۳۲۲ واجد یا رزاق	۶۸ یا محیی	الجلیل	م
بسم	۶۰ یا محیط	۱۰۵ یا عادل	۲۸۶ یا سروت	۳۲۸ وہاب یا مجیز	م
	الرحیم	الرحیم	الرحیم	الرحیم	

اس کے یہ دو نقش کاغذ پر لکھے پہلا اور دوسرا الگ الگ رکھے۔ پہلا آٹے میں گولی بنا کر دریا میں یا تالاب جس میں مچھلیاں ہوں ڈالے دوسرا اپنے پاس رکھے۔ دوسرے روز تین نقش لکھے پہلے دونوں دریا میں ڈالے آخری ایک نقش پہلے ایک نقش کے ساتھ ملا کر اپنے پاس رکھے، اسی طرح ہر روز ایک نقش بڑھاتا جائے۔ پہلے میں آخری اپنے پاس رکھے ۱۹ دن یہ عمل کرے ۱۹ دن کے ۱۹ نقش اس کے پاس جمع ہو جائیں گے ان سب کو ملا کر ایک جگہ موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں اور جب تک حسب منشاء کام نہ چل جائے یا ناآنکہ منشے یا مستقل نہ ہو جائے ہر روز ۱۹ اعدد نقش لکھتا رہے، چراغ بھی جلاتا رہے، او

بسم اللہ شریف بھی پڑھتا رہے یہ ۱۹ نقش دریا میں ڈالتا رہے۔ اگر اس دوران کسی کو نقش دینا ہو تو ایک زائد لکھے۔

۱۰۵۔ **نقش وسعت رزق** ۔ اس نقش کو کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے اور یَا رَزَّاقُ تَرَزَّقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِیْ رِزْقِ رِزْقُكَ یَا رَزَّاقُ ۲۰۸ مرتبہ ۴ روز اس کے بعد الوہاب ۲۷۰ مرتبہ ۴ روز۔ اس کے بعد یَا رَزَّاقُ الْوَهَّابُ ۱۰ بار روزانہ پڑھ کر دم کرے۔

اوّل و آخر درود شریف ۱۰ بار یا ۳ بار

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

یا عطرائیل ۷۸۶ یا اموا کیل

یا جبرائیل یا رفتمائیل

۱۰۶۔ **نقش حصول دولت و عزت** ۔ بسم اللہ شریف کا یہ نقش شرف قمر میں کندہ کرائیں اور شرف قمر ہی میں اس کا عمل کریں، شرف قمر ہر ماہ ڈھائی دن تقریباً رہتا ہے، دن یا رات میں ساعت قمر ہی میں اس کا عمل بھی شروع کریں اوّل درود تاج ۷ بار بعدہٗ اجب یا جبرائیل یا ہمواکیل یا روپائیل یا اسرافیل یا طاطائیل یا دوریائیل یا اموا کیل یا تنکفیل یا حوالائیل یا سرکیتائیل

اجب یا جبرائیل بحق

بسم	الرحمٰن	الرحیم
۲۶۵	۲۵۸	۲۶۳
۲۶۰	یا اکرام	۲۶۴
۲۶۱	۲۶۶	۲۵۹

یا تنکفیل یا سرکیتائیل یا طاطائیل

بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ بار پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس عطر لگا کر رکھیں اگر ممکن ہو تو ہر روز ۱۹ بار بسم اللہ باموکل پڑھ کر نقش پر دم بھی کریں اور پانی پر دم کر کے پی لیا کریں اور باقی ہاتھ منہ پر لیا کریں۔

۱۰۷۔ **عمل بسم اللہ شریف برائے وسعت رزق** ۔ جو شخص ہر طرح مفلس و مجبور ہو اور کوئی ذریعۂ معاش نہ ہو یا اب ذریعہ معاش پر قادر نہیں، کمزور بیمار ہے تو اس عمل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے سوال کرے بے مشقت روزی عطا کرے۔ اگر روزے رکھنے پر قادر ہو تو بدھ، جمعرات، جمعہ کو روزہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۳ ۱۹۶ ۵۱۶	۳ ۱۹۹ ۵۱۹	۳ ۲۰۲ ۵۲۲	۳ ۱۸۹ ۵۰۹
۳ ۲۰۱ ۵۲۱	۳ ۱۹۰ ۵۱۰	۳ ۱۹۵ ۵۱۵	۳ ۲۰۰ ۵۲۰
۳ ۱۹۱ ۵۱۱	۳ ۲۰۴ ۵۲۴	۳ ۱۹۷ ۵۱۷	۴ ۱۹۴ ۵۱۴
۳ ۱۹۸ ۵۱۸	۳ ۱۹۳ ۵۱۳	۳ ۱۹۲ ۵۱۲	۳ ۲۰۳ ۵۲۳

رکھے جمعہ کو غسل کرے اور مسجد کو جائے، اگر ممکن ہو تو کچھ صدقہ کرے۔ گر چہ ایک نیا پیسہ ہی ہو یا ایک کھجور ہی ہو، اور مسجد میں جاکر قبلہ رو بیٹھ کر، اور کمزور یا بیمار اتنا ہے کہ مسجد تک نہ جا سکے تو گھر میں ہی ایک سو گیارہ بار اس نقش کو سامنے رکھکر اسطرح بسم اللہ الرحمٰن شریف پڑھے۔ اول و آخر درود شریف پڑھکر ۷ بار پھر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ط ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ ۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔ یہاں پر اپنی ضرورت کا ذکر کرے کہ مجھے رزق حلال عطا فرما یا رَزَّاق یا یوں کہے کہ مجھے خرچ یومیہ عطا فرما یا مُعْطِیْ ۔ علاوہ جمعہ کے ہر روز ۱۹ بار بعد نماز عشاء پڑھا کرے اور اس نقش پر دم کرتا رہے کہ جس دن یہ عمل چھوٹ جائے گا تو اس نقش کے پاس رہنے کیوجہ سے عمل منقطع نہ ہوگا۔

۱۰۸۔ **نماز برائے حصول روزگار** ۔ ہر روز جب تک حسب منشاء کام نہ ملے بعد عشاء دو رکعت نماز نفل اسطرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں بعد ثناء، وَالْحَمْدُ کے بعد وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ۱۰ بار اور دوسری رکعت بعد الحمد وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ

عَلَى اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا گیارہ بار

اور بعد سلام کے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ ط اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ سو بار

اور درود شریف ۱۰ بار پھر سجدے میں جاکر اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۷۰ بار پڑھے اور اللہ سے

دعا کرے بہت مجرب ہے۔

۱۰۹۔ نقش وسعت رزق

یہ نقش وسعت رزق کے لئے مجرب ہے۔ یہ نقش ۵۵ عدد لکھے اور ہر نقش پر یہ دعا ایک بار پڑھ کر دم کرے۔ اَکْرِمْنِیْ وَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً وَّاسِعَۃً

۷۸۶

اکرمنی وھب لی	من لدنک رحمۃ واسعۃ	ولنعمۃ کثیرۃ برحمتک	یاارحم الراحمین
۲۳۶۷	۵۹۹	۳۷۵	۱۳۷۸
۵۹۸	۲۳۶۴	۱۳۸۱	۳۷۶
۱۳۸۰	۳۷۷	۵۹۷	۲۳۶۵

نِعْمَۃً کَثِیْرَۃً بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ ۵۴ پہلے نقوش آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے اور آخری نقش اپنے پاس رکھے اس کے بعد ہر روز ایک نقش لکھتا رہے اور دس بار روزانہ یہ دعا ورد میں رکھے اور وہ نقش کسی حاجت مند کو دے دیا کرے، اگر حاجت مند نہ آئے تو آٹھویں دن ان نقوش کو گولی بنا کر دریا میں ڈال دیا کرے۔

۱۱۰۔ برائے وسعت رزق

حصول دولت و غنا اور وسعت روزگار کے لئے یہ عمل کرے۔ اوّل یہ نقش روز یکشنبہ پہلی ساعت میں لکھے اور اسی ساعت میں یہ عمل شروع کرے اور اگر یہ نقش کندہ کرائے تو تاکید کر دے کہ یہ نقش چاندی پر ساعت شمس میں کندہ کیا جائے اور اس عمل کو بروز یکشنبہ ساعت شمس یعنی پہلی ساعت میں شروع کریں اور درود تاج یا درود تنجینا تین بار پڑھیں اور اس کے بعد ۳۰۴۱ بار سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَہٗ وَرَازِقَہٗ وَرَاحِمَہٗ، آخر میں درود شریف ۷ بار۔ اس عمل کی حد تین چلّے تک ہے مگر تین چلے کمزور اعتقاد والے حضرات کو پیش آتی ہے۔ اس عمل میں یہ شرط ہے کہ جب یہ عمل شروع کرے تو پھر کسی سے اظہار نہ کرے کہ میں فلاں عمل کر رہا ہوں سوائے اس کے کہ جس نے بتایا ہو یا اجازت بخشی ہے اور جو اثرات و فوائد ظاہر

۷۸۶

۴۹۰	۴۹۳	۴۹۶	۴۸۲
۴۹۵	۴۸۳	۴۸۹	۴۹۴
۴۸۴	۴۹۸	۴۹۱	۴۸۸
۴۹۲	۴۸۷	۴۸۵	۴۹۷

سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَارَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَہٗ وَرَازِقَہٗ وَ رَاحِمَہٗ

ہوں، ان پر مغرور نہ ہوں اور ہمیشہ پاکیزگیٔ باطن کا خیال رکھے قلب و جسم اور لباس کو نجاستوں اور کثافتوں سے بچائے۔

۱۱۱۔ انگشتری برائے حصولِ روزگار و دولت و غنا

یہ انگشتری خاص اسی مقصد کیلئے رضوی کتب خانہ بازار صندل خان بریلی شریف میں تیار کی جاتی ہے جس کا ہدیہ مع محصول ڈاک یکصد روپیہ ہے یہ انگوٹھی پاکستان میں روحانی پبلشرز مین بازار شام نگر لاہور سے مل سکتی ہے۔ ایجنٹ حضرات زحمت نہ فرمائیں۔ نیز دیگر نقوش بھی مل سکتے ہیں۔ اس انگشتری کا نقش شرف آفتاب میں کندہ کیا جائے گا۔ جو اپریل ۷۲ء میں تیار کیا گیا۔ اس انگشتری کو حاصل کرنے کے بعد ساعت قمر میں یعنی روز دوشنبہ طلوع آفتاب سے لیکر ایک گھنٹہ قمر کی ساعت ہے اس وقت سورج کی طرف منہ کر کے انگشتری ہاتھ میں لیکر یَامَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ تَدْ عَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنَّہٗ یَامَنَّانُ ۹۹ بار پڑھیں اور اول آخر درود شریف ۹ بار پھر انگشتری پہن لیں۔ اگر بعد نماز فجر ہمیشہ ورد میں رکھیں تو جو دعا کی جائے یا جو حاجت پیش آئے اور عامل دل سے چاہے پوری ہو، جو صاحبان یہ نقش شرف آفتاب کا کندہ شدہ منگانا چاہے وہ اپریل میں طلب کریں، اسی میں دیگر چاروں نقوش بھی شامل ہیں۔

۱۱۲۔ عمل بے تاج بادشاہت

یہ عمل بے ایمان اگر پڑھے دولت ایمان سے مالا مال ہو۔ غریب پڑھے دولت مند دنیا و آخرت سے سرفراز فرمایا جائے۔ بے علم پڑھے دولت علم سے سینے کو بھر دیا جائے اور کمزور مجبور عمل کرے تو شوکت و ہیبت سے نوازا جائے بلکہ اس کے عامل کو بے تاج کا بادشاہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کیونکہ جو اس کے حضور حاضر ہو یا عامل جس کے سامنے جائے تعظیم و تکریم سے پیش آئے، مال دنیا بہت آئے مگر شرط یہ ہے کہ جو کچھ بھی آئے اسی دن خرچ کر ڈالے کل کے

کیلئے روکے نہیں کیونکہ دینے والا کل کو اور دیگا بہت دیگا، قصداً دوسرے دن کے لئے روکنا عطائے ربی پر اعتماد کی کمزوری کی دلیل ہے اور یہ عمل کے اثر کو زائل کر دیتا ہے۔ اگر خرچ کرتے کرتے خود بچ رہے تو کوئی حرج نہیں۔ یہ عمل ۹۹ دن کا ہے یعنی ۳ ماہ اور ۹ دن کا۔ اگر اتنے دن تنہائی اختیار کرے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ حلال غذا جس میں حرام کمائی کا ایک پیسہ بھی شامل نہ ہو اسی پر قناعت کرے، تنہائی اس کے لئے بہتر ہے کہ جب نہ کوئی پاس آئے، نہ یہ کسی سے بات کرے گا تو زبان قلب و نظر و جسم، دست و پا سب گناہ سے بچ رہیں گے اور اگر اپنی ذات پر اعتماد ہے تو خلوت بھی ضروری نہیں۔ یَا عَجِیْبَ الصَّنَائِعِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِکُلِّ ثَنَائِہٖ وَ نَعْمَائِہٖ یَا عَجِیْبُ ۹۹ روز تک پندرہ ہزار بار اسطرح پڑھے کہ دن میں دس ہزار بار اور شب میں ۵ ہزار بار۔ دن کے عمل کو دو وقت میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ یعنی فجر سے دوپہر تک اور بعد ظہر سے مغرب تک، دوپہر کا کھانا کھا کر قیلولہ کر کے ظہر میں اٹھ کر نماز ظہر ادا کرے پھر عمل شروع کر دے پہلے دن اوّل ۱۴ بار درود تاج ختم عمل پر ایک بار اسی طرح تمام اوقات میں اوّل آخر درود تاج پڑھے اور کبھی دوران عمل میں کسی سے بات کرنا ہو تو تعداد کا خیال رکھے اور ایک بار کوئی مختصر درود پڑھ کر بات کرے اور پھر درود پڑھ کر شروع کر دے۔ اور ہر جمعہ کو غسل کرے سنت پڑھ کر مسجد جائے۔ اگر کچھ پاس ہو تو کسی مستحق کو خیرات کرے اور سنتیں اپنے مقام پر آ کر پڑھے انشاء اللہ دوران عمل ہی عجائبات قدرت دیکھے گا۔ حضرت محمد غوث صاحبؒ گوالیاری جو اس کے عامل تھے تحریر فرماتے ہیں اس عامل کو حق تعالیٰ یہ کرامت عطا فرماتے ہیں کہ اس کا کلام محبت عالم ہو اور ہر بات اس کی قرآن و حدیث سے ہو، جس کے لئے دعائے عافیت و دعائے ہلاکت کرے قبول ہو اور تمام جہان میں مشہور ہو اور نعمت ہائے گوں ناگوں سے مالامال ہو اور فتوحات و کرامات کا ظہور ہو۔ عامل کو لازم ہے کہ جو کچھ آئے سب خرچ کر ڈالے، دوسرے دن کے لیے نہ رکھے خدا تعالیٰ دوسرے روز پھر عطا کرے گا۔

۱۱۳۔ **تاج عزت و کرامت** ۔ یہ عمل پہلے عمل کی مثل نہیں مگر اس کے فضائل و اثرات کم بھی نہیں اور اس کو اس لئے درج کیا جا رہا ہے کہ جس کو عمل مندرجہ بالا کرنے کی ہمت نہ ہو

تو یہ عمل مختصر ہے آسانی سے سرانجام دیا جاسکتا ہے۔ یہ عمل چالیس روز تک چار ہزار بار اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو صرف سولہ[16] دن ایک ہزار بار اس کے بعد ۵۵ بار ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے اس کے آداب وہی ہیں، جو اوپر درج ہوئے ہیں اگر ہر دو عمل میں پیر کا تصور یا عامل جس نے اجازت اس کی دی ہے اس کا تصور کریں اور پیر انتقال کر چکا ہے تو اس کی روح کو فاتحہ پڑھ کر ثواب بخشیں اور اسکا تصور کر کے پڑھیں کہ اگر قسمت سے موکل اس کا حاضر ہو تو اچھی شکل میں آئے اور جب کوئی سامنے آئے تو آپ عمل ترک نہ کریں اور نہ ڈریں بلکہ بلند آواز سے عمل پڑھنا شروع کر دیں، اگر عمل کی تعداد ختم کے قریب ہے تو اسی پر بس نہ کریں بلکہ بلا تعداد پڑھتے رہیں جب وہ سوال کرے تو اس کے سوال کا جواب دیں اور اس سے اپنی خواہش بیان کریں۔ اگر موکل کو تابع کرنا ہے تو اس کے متعلق باادب کہیں، وہ جو شرط بتائے اگر آپ اس پر ہمیشہ قائم رہ سکیں تو وعدہ کریں ورنہ صرف اتنا کہیں کہ مجھے جس وقت جو حاجت پیش آئے آپ اسے انجام دیں میں آپ کی نظرِ عنایت کا طالب ہوں مطیع کرنا نہیں چاہتا۔ عمل یہ ہے۔

یَا عَظِیْمُ ذَا الثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْکِبْرِیَاءِ فَلَا یُذَلُّ عِزُّہٗ یَا عَظِیْمُ

پڑھنے کا طریقہ وہی ہے جو اوپر درج ہے۔ اگر پیر متبع شریعت نہیں یا عقیدہ اس کا مشکوک ہے تو نقصان کا اندیشہ ہے۔ ایسی حالت میں آفتاب ہدایت ماہتاب سنیت حضور مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم القدسیہ جو ہم شبیہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ ہیں ان سے عقیدت و محبت کا رشتہ قلب میں پیدا کر کے آپ کا تصور کریں کہ نقصان سے محفوظ رہیں اور فیضِ کامل حاصل ہو سکے اور اجازت تحریری عملیات فقیر اقبال احمد نوری سے حاصل کریں۔

۱۱۴۔ **عمل اسم یَا مُغْنِیُّ** ۔ یہ عمل حصول دولت و غنا کے لئے بے نظیر ہے مگر طریقہ عمل میں نہیں ملتا اگرچہ یہ عمل بہت مشہور ہے مگر خیال یہ ہے کہ کسی نے فائدہ حاصل بھی کیا ہو گا تو اپنے اعتقاد اور خلوص نیت کے سبب، یہی حال اکثر عملیات کا ہے جو کتب عملیات میں مرقوم دیکھے گئے مگر تجربہ سینہ بہ سینہ جو حاصل ہوا اس میں اثر ہی کچھ اور دیکھا، یہاں اس کا درج کرنا اس لئے بہتر سمجھا کہ جو مغموم و مجبور حضرات اہلسنت اس سے فیضیاب ہوں گے ان کی دعائیں میرے حق میں عمل سے زیادہ

قوی اور مفید ثابت ہوں گی - طریقہ یہ ہے اوّل درود تنجینا ۳ بار اس کے بعد اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُغْنِیُ وَاَنَا الْفَقِیْرُ فَمَنْ یَدْعُ الْفَقِیْرُ اِلَّا الْمُغْنِیُ ایک بار یَا مُغْنِیُ گیارہ سو بار اس کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَاِذَا سَأَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَالْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ یَا اُنْسِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ سات بار یا ستر بار

۱۱۵ - اَن پڑھ اور موٹی زبان والے حضرات کیلئے ہدایات

خصوصی ہدایات جن کو بڑی دعائیں یاد نہیں ہو سکیں ان کے لئے اسماء باری تعالیٰ سے کوئی اسم منتخب کر کے بتائیں مگر اس میں یہ خیال رہے جو لفظ ان کی زبان سے صحیح ادا ہو سکے اسی کے مطابق اسم باری منتخب کریں مثلاً اسم مُغْنِیُ کو اکثر احباب یامگنی پڑھتے ہیں اور اسم یاغنی کو یاگنی پڑھتے ہیں۔ اسی طرح کچی زبان اور مخارج سے ناواقف حضرات کو ایسے اسماء نہ بتائیں جن میں غ - ع - ص - ط ق - ظ - ذ - ض - شین - فا - ہوں -

یہ وہ حروف ہیں جو صحیح نہ کرائے جائیں تو غلط پڑھنے کیوجہ سے شدید نقصان پہنچ سکتا ہے مثلاً اسم یابدوح کو اگر بڑی ح نہ ادا کی گئی اور درویشی ھ پڑھی یا بدوھ تو جس جگہ پڑھا جائے وہ ویران ہو جائے اور جھونپڑی میں پڑھے تو آگ لگ جائے - رجعت بھی ان ہی خامیوں کی وجہ سے ہوتی ہے - یہ چند سطریں ہر عامل کی ہدایت کے لئے کافی ہیں بوڑھے اور سیدھے بھولے حضرات کے اعتقاد میں بڑی پختگی اور سچائی ہوتی ہے اسلیئے وہ جو بھی عمل کریں گے بہت جلد اثر ہوگا - اور میرا تجربہ بھی اس پر شاہد ہے مگر فرق یہ ہے کہ ان کو ان کی اہلیت کے مطابق عمل کرانے والا نہیں ملتا اور ان کو ایسے وظیفے بتا دیئے جاتے ہیں جن کی صحیح ادائیگی وہ نہیں کر پاتے نتیجہ صفر رہتا ہے مگر نقصان سے ان کی صدق اعتقادی محفوظ رکھتی ہے ایسے حضرات کیلئے دو آسان عمل تحریر کیئے جا

۱۱۶۔ **عمل اسم یا اللہ**:۔ یہ عمل شمع شبستان رضا حصہ اوّل میں درج ہے مگر وہ باموکل ہے جس کی وجہ سے ہر شخص کما حقہٗ فائدہ حاصل نہ کر سکا۔ یہاں وہ طریقہ درج کیا جاتا ہے کہ جس سے ہر شخص فائدہ حاصل کر سکے۔ یہ عمل ہفتہ کا دن گزار کر اتوار کی شب میں پیر کا دن گذار منگل کی شب میں شروع کیا جائے۔ نصف شب کو بعد غسل کے وضو کرے پاک کپڑے پہنے پھر جائے نماز پر کھڑے ہو کر جو سورت یا آیات صحیح یاد ہو تین بار پڑھے پھر درود شریف جو بھی یاد ہو ۲۱ بار پڑھے پھر یَااللّٰہُ چار ہزار مرتبہ پڑھے۔ عمل کھڑے ہو کر ہی شروع کرے جب تھک جائے تو بیٹھ جائے، جب سستائے تو پھر کھڑا ہو جائے مگر عمل ترک نہ کرے، کھڑے بیٹھے پڑھتا ہی رہے نہ اس کی طرف سے دھیان ہٹے۔ جب چار ہزار کی تعداد پوری ہو جائے اپنے لئے دعا کرے پھر ۲۱ بار درود شریف پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور سر سے پیر تک جہاں ہاتھ پہنچے جسم پر پھیر لے۔ مگر دعا وہ ہاتھ پھیلا کر دعا کے طریقے پر مانگے اور اسی طرح درود پڑھے اگر درود کی گنتی نہ ہو سکے بے شمار پڑھے، اسی طرح تین روز عمل کرے۔ بعد تین دن کے بعد نماز عشاء صرف ۶۶ بار یہ اسم اسی ترکیب کے پڑھے۔ جب وہی دن آئے جس دن یہ عمل شروع کیا تھا اسی رات کو فجر میں اس وقت اٹھے کہ عمل پورا کر کے نماز باجماعت ادا کر سکے۔ غسل کر کے اسی طرح یَااللّٰہُ چار سو بار تین روز پڑھے، پھر ہمیشہ بعد نماز عشاء اور بعد از نماز فجر ۶۶ بار یہ اسم پڑھتا ہے۔ غیب سے ہر ضرورت پوری ہو، جو چاہے کہیں نہ کہیں سے اسے پہنچے، جس قسم کے کھانے کی خواہش ہو وہی اللہ تعالیٰ دے، جتنے پیسوں کی حاجت ہو غیب سے کوئی ذریعہ پیدا ہو۔ جو قرض ہو تو ادا کرنے کی سبیل پیدا ہو۔ فکر نہ کرے اگر قرض خواہ آئے تو قطعی پریشان نہ ہو انشاء اللہ سختی ہرگز نہ کرے گا اور اس سے بہت خوش اخلاقی سے پیش آئے گا۔ وہ طلب کرے یا نہ کرے اس سے کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ جلد ہی انتظام فرما دے گا۔

۱۱۷۔ **عمل اسم یَا مُجِیْبُ**۔ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اس طرح کہ طلوع فجر سے قبل بستر چھوڑ دے اور وضو کر کے کپڑے پہنے اور عطر لگائے، جیسے ہی وقت فجر شروع ہو، گھر میں دو رکعت سنت ادا کرے اور اسی جگہ بیٹھ کر درود شریف ۳ بار الحمد شریف سات بار پڑھ کر اپنے لئے دعا کرے اس کے بعد یَا مُجِیْبُ چار سو مرتبہ اس کے بعد درود شریف پڑھتا ہوا مسجد جائے جبتک نماز سے

فارغ نہ ہو کسی سے کلام نہ کرے۔

۱۱۸۔ ادائے قرض کے لئے:۔ ۵۵ روز اسی عمل کو کرے۔

۱۱۹۔ حصول روزگار کے لئے:۔ ۴۰ روز اسی طرح عمل کرے۔

۱۲۰۔ اور حصول برکت کے لئے۔ ہر جمعہ کو فجر میں یہ عمل پڑھے باقی دنوں میں صرف ۵۵ بار ہر نماز سے پہلے پڑھتا رہے اگر کسی مجبوری یا جماعت یا جماعت کی ایک رکعت چھوٹنے کا خوف ہو تو بعد کو پڑھے۔

۱۲۱:۔ نماز باجماعت کے لئے چند ضروری ہدایات

عملیات میں جہاں نماز باجماعت کی شرط ہے اس میں یہ خیال رہے کہ نماز سُنی صحیح العقیدہ امام ہی کی اقتداء میں ادا ہو سکتی ہے جس کے قول و فعل سے عقیدہ میں شبہ ہو جائے اس کی اقتداء سے بھی گریز کرے۔ اور جس مسجد میں امام سُنی صحیح العقیدہ ہو مگر غسل و وضو اور نماز کے مسائل سے ناواقف ہو جس کی وجہ سے نماز صحیح ادا نہ ہوتی ہو تو اس کو نرمی سے مسائل بتاتا رہے اگر وہ اس پر عمل نہ کرے تو اس کی جماعت سے تنہا نماز پڑھنا بہتر ہے۔ ہر وہ شخص جو صحیح نماز ادا کرنا چاہتا ہے وہ بہار شریعت حصہ دوم، سوم اور کتاب "نماز کا آسان طریقہ" اپنے پاس رکھے، اس کا مطالعہ کرے جو بات نہ سمجھ سکے کسی جاننے والے سے دریافت کرے۔ عمل کے لئے نماز شرط ہے اور نماز کے لئے وضو اور مسائل نماز سے واقف ہونا شرط ہے۔ جو نمازیں قضاءِ عمری کی ذمہ باقی ہوں جب تک انہیں پورا نہ کرے کوئی عمل ہر گز نہ کریں۔

۱۲۲۔ چند ہدایات برائے خیر و برکت

چند ہدایات جن کو بھول کر یا جانتے ہوئے بھی عمل نہ کر کے خیر و برکت کھو دیتے ہیں اور معقول آمدنی ہونے کے باوجود ضروریات پوری نہیں ہوتیں جس کے نتیجے میں مقروض ہو جائے یا رشوت، خیانت اور چوری وغیرہ عیوب کے مرتکب ہوتے ہیں مثلاً اپنے بچوں کے نام بگاڑ کر لینے یا ادھورے نام لینے سے برکت اُٹھ جاتی ہے۔ اوّل تو یہ حکم ہے کہ اپنے بچوں کے نام اچھے رکھے جائیں تاکہ ان اچھے ناموں کی برکت سے رزق میں وسعت ہو مگر بابرکت نام رکھنے کا رواج بہت کم ہوتا جا رہا ہے دوسرے اچھے نام بھی ادھورے لے

کر پکارنا اور اکثر بگاڑ کر لینا مثلاً کسی کا نام عبد الرحیم یا عبد الکریم ہے تو اس کو رحیم یا کریم کہکر پکارنا ہی منع ہے ناکہ اور بگاڑ کر لینا، ذرا غور تو کیجئے کہ رحیم و کریم تو اللہ تعالیٰ کے نام ہیں، ان کو بگاڑ کر لینا کتنا بڑا جرم ہوگا۔ کیا ایسے گھر میں برکت کا نزول ہوگا۔ حضرت محمود رحمۃ اللہ علیہ نے ایک دن ایاز کے بیٹے جن کا نام محمد تھا، اسے پسر ایاز کہہ کر مخاطب کیا، فوراً حاضر ہوئے مگر ایاز رونے لگے۔ بادشاہ نے رونے کا سبب پوچھا عرض کی آج آپ مجھ سے یا میرے بیٹے سے ناراض ہیں کہ ہمیشہ اس کا نام لیکر پکارتے تھے، آج پسر ایاز کہکر پکارا ہے۔ بادشاہ نے کہا ایاز یہ بات نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تمہارے بیٹے کا نام بڑا مبارک ہے اور میں بغیر وضو یہ نام لینا بے ادبی تصور کرتا ہوں اور جس گھر میں مسلمان رہتے ہوں مگر نمازی کوئی بھی نہ ہو ایسے گھر کو حدیث میں قبرستان سے تشبیہ دی گئی ہے۔ جس گھر میں آنے جانے والے بسم اللہ شریف اور جو کسی کام کو شروع کرتے وقت بسم اللہ نہ کہتے ہوں، جس گھر میں خائن، جھوٹا، زانی، چور رہتا ہو، جس گھر میں مرد یا عورت جس پر غسل جنابت واجب ہو اور ایک نماز سے دوسری نماز کا وقت آنے تک غسل نہ کرے اور جو طلوع آفتاب کے بعد سوکر اٹھنے کے عادی ہوں اور جو بغیر وجہ شرعی کسی مسلمان سے خصومت رکھتا ہو جو قرآن بے وضو پڑھتا اور چھوتا ہو کہ منع ہے۔ ماں باپ کی نافرمانی کرنا اور شوہر کا بیوی بچوں کے کھلانے اور پہنانے میں بلا وجہ تنگی کرنا۔ بیوی کا شوہر سے ناراض رہنا، لڑنا جھگڑنا، گالی بکنا، کھڑے ہو کر پاجامہ پہننا، کنگھا نہ کرنا، دانتوں سے ناخن کاٹنا یا ناخون بڑھانا، یہ سب تنگدستی اور افلاس کا ذریعہ ہیں۔

۱۲۳۔ **حصول خیر و برکت کیلئے ہدایات**:۔ اپنے بچوں کے نام اچھے بابرکت رکھنا۔ حدیث شریف میں محمد نام رکھنے کی بہت تعریف آئی ہے اور پورا نام لے کر مخاطب کرنا۔ صبح فجر سے قبل اٹھنا کہ حدیث شریف میں اس کی بہت تاکید ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ صبح کا سونا روزی سے محروم کرتا ہے۔ ایک دن حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نماز پڑھ کر سوگئی تھیں۔ حضور کا گزر ہوا آپ نے اپنے پاؤں سے جگا کر فرمایا۔ اے بیٹی کھڑی ہو جاؤ اور پروردگار سے روزی طلب کر و غافلین میں سے مت ہو۔ اللہ تعالیٰ صبح صادق اور طلوع آفتاب کے وقت لوگوں کو روزیاں تقسیم کرتا ہے۔ صبح کو نماز فجر سے قبل اٹھنا، گھر پہ وضو کرنا اور سنت پڑھکر مسجد جانا، قرآن مجید کی تلاوت کرنا اگرچہ ایک ہی آیت ہو، شب جمعہ کو درود کثرت سے پڑھنا۔ جمعہ کو حجامت اور خط بنوانا

ناخن تراشنا غسل کرنا ۔ مسجد میں جھاڑو دینا اور ہر مسلمان کو اللہ کی رضا کے لئے سلام کرنا اور مسلمان کے سلام کا جواب دینا اللہ کی رضا کے لئے ۔ اپنے گھر میں یا کسی دوسرے مسلمان کے گھر میں داخل ہوتے یا باہر آتے اور کسی کام کے شروع کرتے وقت بسم اللہ کہنا وسعتِ رزق اور خیر و برکت کے لئے وہ انمول موتی ہیں جو مسلمانوں کے سوا کسی کو بھی حاصل نہیں ۔

غسل و تیمّم کرتے وقت کی دُعاء ۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ اوّل تو وضو کرنا ہی باعثِ برکت ہے مگر قربان نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپؐ نے ایسی دعا بھی تعلیم فرما دی جو سونے پر سہاگہ ہے: ترجمہ : ۔ الٰہی تو میرے گناہ معاف فرما دے اور میرے گھر میں کشادگی عطا فرما اسی طرح مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا ۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ۔ ترجمہ ۔ اللہ کے نام کیساتھ مسجد میں داخل ہوتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے رسولؐ پر درود و سلام بھیجتا ہوں ۔ اے اللہ تو میرے تمام کے تمام گناہوں کو معاف کر دے اور اپنی رحمت کے دروازے مجھ پر کھول دے ۔

دوسری دعا یہ ہے : ۔ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ۔ اسی طرح مسجد سے باہر آنے کی دُعاء بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ ۔ تَرجمہ : ۔ اللہ کے نام کے ساتھ رخصت ہوتا ہوں اور اللہ کے رسولؐ پر درود و سلام بھیجتا ہوں ، اے اللہ تو میرے گناہوں کو بخش دے اور اپنے فضل کے دروازے مجھ پر کھول دے ۔

دوسری دعا یہ ہے ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ؛ اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سائل ہوں ۔ اسی طرح جب کام دھندے کی خواہش یا روزی کی تلاش میں گھر سے نکلو تو یہ دعا پڑھ کر قدم اٹھائے ۔ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَمَالِیْ وَدِیْنِیْ ۔ اَللّٰھُمَّ اَرْضِنِیْ بِقَضَائِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا قُدِّرَ لِیْ حَتّٰی لَا اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَا اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ ۔ ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ متوجہ ہوں ، اپنی ذات اور اپنے دین کی طرف اے اللہ تو مجھے خوش کر دے اپنے ارادے سے اور جو کچھ میرے لئے مقدّر کر دیا ہے اس میں برکت مرحمت فرما تاکہ میں دیر سویر کو پسند

نہ رکھوں اور نہ تو تاخیر فرما برکت دینے میں اور نہ جلدی کر رد کرنے میں۔

جب کسی مسلمان کو کھاتے دیکھو تو یوں کہو بَارَكَ اللّٰہُ تَعَالٰی تیرے کھانے میں برکت دے۔ جو کوئی کسی مسلمان کو اللہ کی رضا کے لئے دعا دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسی کے مثل دعا دینے والے کو بغیر مانگے دیتا ہے اور جب اپنے سامنے کھانا آئے تو یوں کہے اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ مَا رَزَقْتَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ - اے اللہ اپنی دی ہوئی روزی میں برکت دے۔ اور آگ کے عذاب سے ہمکو بچا، ہم کھانا شروع کرتے ہیں اللہ کا نام لیکر جو بڑا رحمٰن اور رحیم ہے۔

۱۲۳۔ **فاتحہ خیر و برکت کا ذریعہ ہے** ۔ یہ عمل بہت مقبول اور باعث خیر و برکت ہے۔ کہ جب کھانا سامنے آئے، پہلے ایک بار درود شریف اور ایک بار الحمد شریف ۳ بار قل ھو اللہ شریف ایک بار درود شریف پڑھکر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام اولیاء اللہ اور تمام مسلمانوں کو اس کا ثواب بخش کر کھائے۔ اللہ تعالیٰ روز افزوں ترقی دے۔

۱۲۴۔ **خیر و برکت کا بہترین عمل** ۔ یہ عمل میرے تجربے میں ایک مدت سے ہے اور میں نے جس کو بتایا اس نے بھی تعریف کی جب روپیہ پیسہ مال و زر کسی سے لے تو بسم اللہ شریف پڑھکر لے اور جب کسی کو دے تو اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھکر دے۔ اگر اس پر کچھ ہی دن پابندی کر لی تو نہ کسی کو دینے سے کمی آئے گی نہ ہی آمد میں کمی ہوگی۔ غرض کم آمدنی میں بھی خیر و برکت کا وہ عالم ہوتا ہے کہ اکثر دست غیب کا گمان ہونے لگتا ہے۔

۱۲۵۔ **برائے خیر و برکت اسماء جبروت** ۔ بعد نماز فجر اسماء جبروت ۳ بار اور ہر نماز کے بعد ایک بار برائے خیر و برکت بہت زود اثر ہے، اسی کتاب میں صفحہ ۶۵ پر اسمائے جبروت کی تشریح ہے۔

۱۲۶۔ **الحمد شریف** ۔ فجر کی سُنت اور فرض کے درمیان بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کی لام کے ساتھ ملا کر اسطرح پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط آخر تک اکیس بار مجرب و آزمودہ ہے۔

۱۲۷۔ **برکات اسم یَا اَللّٰہُ** ۔ عام انسانی ذہنوں پر اس عمل کا اثر کم ہوتا ہے جس پر مشقت اور پابندیاں

کم ہوں، یہی وجہ ہے کہ بسم اللہ شریف کی برکات سے محروم رہتے ہیں، یہ عمل اور بھی آسان اور بے مشقت ہے مگر پابندی کا ہے، یعنی نماز فجر کے بعد یَا اِلٰہَ الْاٰلِھَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَا لَہٗ یَا اِلٰہُ ۱۵ بار اول آخر درود تسخیر ایک بار برکات بے شمار پائے اور اگر بے روزگار ہو اور کوئی سہارا نہ ہو آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہو یا بوجہ تنگدستی دوسروں کی میں حقیر ہو تو پہلے ایک چِلّہ کرے جس میں غذا کی پاکیزگی کا لحاظ ہو یعنی ظاہری، گندگی کا شبہ ہو اور باطنی گندگی مثلاً چور، غاصب، سودخوار، راشی، خائن وغیرہ کے پیسے اسمیں شامل نہ ہوں۔ اپنی محنت کی کمائی ہو یا کسی ایسے دوست سے التجاء کرے جو محنت اور حلال کمائی سے کھاتا ہو کر وہ ایک چلّہ آپ کو کھانا کھلائے یا پیسے دیدے اور آپ خود پکا کر کھائیں اور بعد نماز عشاء ہر روز پندرہ ہزار مرتبہ اوّل آخر درود تسخیر ۷ بار پڑھیں، بعد ایک چلّہ کے صرف بعد نماز فجر ۱۵ بار پڑھتے رہیں مگر چلہ کے دوران بھی بعد نماز فجر ۱۵ بار کا ورد جاری رہے۔ پھر تسخیر اور دولت کی فراوانی دیکھیں اس عمل میں بھی یہ شرط ہے کہ کسی کو اس عمل کی اجازت بھی دے جب بھی یہ نہ کہے کہ میں بھی اس کو پڑھ رہا ہوں۔

۱۲۸۔ برکات کو قائم رکھنے کا نقش و عمل

۔ جس کو اپنی محنت یا کسی کی اعانت یا فضلِ ربّ سے اچانک ترقی مل جائے خواہ وہ ملازمت ہو، عہدۂ وزارت و بادشاہت اگر اسے قائم رکھنا چاہے اور اس میں خلل واقع ہونے کا خطرہ ہو تو اسکو چاہیئے کہ سات روز روزے رکھے اور پاک باطنی کا اہتمام کرے اور بعد نماز عشاء ایکہزار مرتبہ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَحُدُ الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ اور آخر میں درود تسخیر گیارہ بار۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس عمل کو ترک نہ کرے اور احکام شرع پر عمل کرے اور اپنے زیردست رعایا اور ملازمین پر مہربان رہے کام میں کوتاہی نہ برتے اگر خطرہ ہو کر بوجہ مشغولی یا بیماری کے عمل ترک ہو گیا تو کیا ہو گا اس کے لئے ایک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۹۵۲	۹۵۵	۹۵۸	۹۴۴
۹۵۷	۹۴۵	۹۵۱	۹۵۶
۹۴۶	۹۶۰	۹۵۳	۹۵۰
۹۵۴	۹۴۹	۹۴۷	۹۵۹

یَا کَبِیْرُ
اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَحُدُ الْعُقُوْلُ
بِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ

نقش چاندی یا سونے پر کندہ کرائے اور پڑھتے سامنے رکھے اور ہر تسبیح پر نقش پر دم کرتا جائے اور اس نقش کو ریشم کے رومال جس پر عطر لگا ہوا ہو لپیٹ کر پاکٹ میں رکھے بہتر ہے کہ ٹوپی یا عمامے میں رکھا جائے مگر بنیٹ یا کرتے کی جیب میں نہ رکھے کہ اس میں بے ادبی ہے۔ اس نقش کے پاس ہونے سے اگر کبھی اتفاقیہ عمل ترک ہو گیا تو اس کا اثر زائل نہ ہوگا۔

۱۲۹- نقش دیگر برائے خیر و برکت

یہ نقش ساعت سعد میں کندہ کرائے اور صراحی یا پانی کے گلاس میں رکھے اکثر پانی اسی میں سے پیا کرے اور کھلی چھت پر بعد مغرب یا عشاء کے دو نفل جس میں فاتحہ کے بعد والضحیٰ تین بار پڑھے اور بعد سلام سجدہ میں ۵۰ بار یوں کہے یَا کَافِیَ الْمُوَاسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ عَطَایَا فَضْلِہٖ اور اول و آخر ایک بار درود شریف۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵۶۵	۵۶۸	۵۷۱	۵۵۷
۵۷۰	۵۵۸ / یا کافی الموسع / یا کافی وکفی / باللہ وکیلا یا واسع / وکان اللہ واسعاً علیما / ۵۶۶ / ۵۷۳ / ۵۶۴		۵۶۹
۵۵۹			۵۶۳
۵۶۷	۵۶۲	۵۶۰	۵۷۲

۱۳۰- عمل افزائش خیر و برکت

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سو بار اول و آخر درود شریف ۳ بار، اگر کبھی عمل میں دیر ہو جائے تو درمیان ہی میں نماز فرض جماعت سے ادا کریں عمل کی وجہ سے نماز قضا یا جماعت ترک نہ کریں بلکہ جو باقی رہے بعد کو پورا کریں مگر نماز یا مصافحہ میں درود کے سوا کوئی بات نہ کریں۔ عمل مجرب و آزمودہ ہے۔

۱۳۱- برائے فراوانی خیر و برکت

بعد نماز فجر درود تنجینا ۳ بار اس کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَتَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۲۱ بار یا ۱۰۱ بار بعدہٗ درود شریف ۳ بار جو رزق اس دن کے لئے خدا کی طرف سے مقدر ہے اگرچہ پیسے یا ایک روٹی یا ایک پیالی چائے اس دعا کے پڑھنے والے کو

اللہ تعالیٰ اسی میں اتنی برکت دے گا کہ اسے کوئی کمی محسوس نہ ہوگی اور خرچ میں تنگی نہ زیادہ کی حاجت ضرورت پڑے گی بس قادر مطلق کی قدرت کاملہ پر بھروسہ رکھے اور اس کی قدرت کا تماشہ دیکھے

۱۳۲۔ **خرقہ خیر و برکت :** یہ علمائے کرام کا مجرب عمل ہے کہ جب خرچ زائد اور آمدنی کم ہو اور وہ حرام کی طرف نظر اٹھائیں، نہ علمی وقار کو فروخت کرنا گوارہ کریں تو اس موقع پر اس عمل کے ذریعہ خیر و برکت طلب کر لیتے ہیں درحقیقت یہ عمل بے بھی خزانۂ غیب کی کنجی ہے۔ بروز جمعہ غسل کرے کپڑے پہننے کا ارادہ کرے تو ۴۴ مرتبہ سورۂ قدر پڑھکر پانی پر دم کرے اور اس پانی کو کپڑوں پر چھڑکے باقی پانی پی لے۔ اگر یہ پانی گھر کے سب ہی افراد کے کپڑوں پر چھڑکے اور انہیں پہنے جب تک وہ کپڑا اس کے جسم پر رہے گا اللہ تعالیٰ برکت رزق اور زر و مال دے گا۔ ایسا ہی ہر جمعہ کو کرے یا درمیان میں جب بھی کپڑے بدلے ایسا ہی کرے، کبھی کسی دست نگر نہ رہے، مجرب ہے۔

بَابُ القرض

۱۳۳

قرض کے متعلق لوگوں کا خیال مختلف ہے۔ بعض کہتے ہیں قرض لینا بُرا ہے دینا اچھا اور بعض کہتے ہیں دینا بُرا ہے لینا اچھا۔ کس کا قول صحیح ہے اور کس کا غلط اس کو پرکھنے کے لئے احکامِ شرع پر غور کرتے ہیں تو قرض سے متعلق احکام مختلف ملتے ہیں۔ کہیں قرض دینا منع ہے۔ کہیں قرض دینا ثواب، کہیں قرض لینا ثواب اور کہیں قرض لینا گناہ اور ان میں بھی کئی صورتیں ہیں۔ مثلاً قرض لینا شرابی کا شراب کیلئے یا جواری کا جوئے کے لئے، سٹہ باز کا نمبر لگانے کے لئے یا معمہ بھیجنے یا لاٹری کا ٹکٹ خریدنے کے لئے وغیرہ وغیرہ۔ یہ کون نہیں جانتا کہ یہ گناہ ہے اور یہ قرض دینے والے کو بھی علم ہے کہ یہ اس مقصد کے لئے لے رہا ہے تو دینا بھی اتنا بڑا جرم ہے جیسا گناہ ہے، اسی طرح کسی نیکی کے لئے قرض لینا بھی ثواب اور دینے والا بھی ثواب کا مستحق مگر جائز امور میں بھی قرض لینے کی دو صورتیں ہیں۔ مثلاً مکان کی تعمیر، بچوں کی شادی یا ایصالِ ثواب کے لئے اپنی ہستی سے زائد نام و نمود کی خاطر قرض لینا درست نہیں اور اپنی حیثیت کے مطابق فضول خرچی سے بچنے کے بعد بھی کچھ رقم کی کمی پڑے تو قرض لینے میں کوئی حرج نہیں۔

اسی طرح وہ لوگ جن کو ضروریاتِ زندگی پورا کرنے کے لئے بھی بڑی مشقت کرنا پڑتی ہے۔ پھر بھی کمی رہ جاتی ہے۔ ایسے حضرات ضروریات اصلیہ مثلاً گھر میں سر چھپانے کی جگہ نہیں رہی چھت بوسیدہ ہو چکی ہے گرنے کا خطرہ ہے، اسے گرانے اور حسبِ حیثیت چھپر ڈلواتے۔ بچی کے نکاح میں چاء یا شربت کیلئے، میت کے کفن دفن کے لئے جس میں کپڑا ضرورت سے زائد نہ ہو۔ جیسے جائے نماز، اوپر کی چادر، گھڑے بدھنے، وقت آخر کا جوڑا بغیر شامل کئے۔ جو کفن دفن میں خرچ ہو قرض لے کر کرنا درست ہے اگرچہ اس قرض کے ادا کرنے کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ اسی طرح ایسے مجبور شخص کو تیجہ چالیسواں کے لئے قرض لینا جائز نہیں اگرچہ یہ جائز امور ہیں مگر مقصد ایصالِ ثواب کرنا ہے وہ بغیر قرض لئے بھی ممکن ہے یعنی اہلِ خانہ خود تلاوتِ قرآن کریں جو پڑھے ہوئے نہیں اگر سورۂ اخلاص یا کلمۂ طیبہ پڑھیں جس

کے شمار کے لئے مقطعے چنے آتے ہیں بجائے چنوں کے تسبیح درنہ بے شمار پڑھیں اور مرحوم کو ایصالِ ثواب کر کے چلے جائیں کہ مٹھی بھر چنوں کی خاطر کوئی اپنے کام دھندے چھوڑ کر کسی کے تیجے میں شرکت کے لئے نہیں آتا۔

اسی طرح گھر والوں کو چاہیئے کہ اگر ایک روٹی جو اپنے فاقے کو توڑنے کے لیے موجود ہے اسی پر کلام اللہ شریف پڑھکر ایصال ثواب کر دیں۔ قرض نہ لیں مگر دوست عزیز رشتہ دار اور اہل محلہ میں جو اس قابل ہیں خود بڑھ چڑھ کر خرچ کریں تو یہ قرض حسنہ میں شمار ہو گا جس کا اجر اللہ تعالیٰ بہت زیادہ عطا فرمائے گا۔ اور اگر ضرورتِ اصلیہ کے لئے جو قرض لے اور دینے والا یہ جان لے کر دے گا کہاں مگر اس کی ضرورت پوری کر دے اور اس کی شرم کو رکھ لے تو دینے والے کو لتنے ہی روپے یومیہ صدقہ کرنے کا ثواب ملے گا۔ اسی طرح جو کسی مسلمان کو جس کے متعلق یہ علم ہے کہ یہ حرام کام میں بیجا صرف نہ کرے گا اور وہ وعدے پر نہ دے سکے گا تو وعدہ کا دن گزرنے کے بعد سے ہر روز اسے لتنے پیسے روزانہ خیرات کرنے کا ثواب اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا رہے گا۔ جب تک کہ اسے مل جائے

اور جو لوگ فضول خرچیاں تو کرتے ہیں مگر قرض کے چار پیسے بھی ادا نہیں کرتے اور جب تقاضا ہو تو اُلٹے ناراض ہوتے ہیں، ان کو یہ بات یاد رکھنا چاہیئے کہ قیامت کے روز مطابق بحکمِ رسولِ صلی اللہ علیہ وسلم تین پیسے کے بدلے سات سو مقبول نمازیں اسکو دینا پڑیں گی یہ کتنا بڑا خسارہ ہے اور سیّدِ عالم صلّی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اِلدَّینُ شَینُ الدِّینِ یعنی قرض عیب ہے دین کا۔ اور فرمایا کہ قرض کے غم کے برابر کوئی غم نہیں اور آنکھ کے درد کے برابر کوئی درد نہیں۔

بہر حال قرض دینے والا یہاں گھاٹے میں ہے نہ وہاں۔ مگر قرض لینے والے کو بہت سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا چاہیئے کہ ضرورت شرعیہ کے لئے لیتا ہے اور نہ دے سکے اور مر گیا تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف سے قرض خواہ کو اجر دے کر راضی فرمالے گا ورنہ ساری زندگی کے نیک اعمال دے کر بھی چھٹکارا پانا مشکل ہے۔

۱۳۴۔ عملیات برائے ادائے قرض

قرض کے متعلق جو کچھ لکھا گیا وہ بہت کم ہے مگر جو حق پسند اس بوجھ سے چھٹکارہ پانا چاہتے ہیں

وہ حرام ذرائع ہرگز اختیار نہ کریں کہ بعض بد پیشہ ور عاملین کے چکر میں پڑ کر گھوڑے اور سٹے کے نمبر پر اپنی رہی سہی عزت کو نہ برباد کریں بلکہ اس موقع پر اِسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوۃِ پر عمل کریں۔ یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ صبر اور نماز کے ذریعہ اللہ سے مدد چاہو تو دوڑو اللہ کی طرف اور اسکے حضور سر رکھ دو اور اسی سے مدد طلب کرو دیکھو وہ تمہارے عیبوں پر تمہیں جھڑکتا نہیں بلکہ کتنے پیار سے اپنی طرف بلاتا ہے۔ اگر اس کی مرضی کے خلاف راستہ اختیار کیا تو تم فلاح پا سکتے ہو، ہرگز نہیں، اللہ کے کلام میں کیا کچھ نہیں مگر سخی کے در پر آتو پڑو اور اس کے ہو تو جاؤ، پھر دیکھو سب مشکلیں آسان ہیں۔

باب القضائے حاجات میں ہر عمل ادائے قرض کے لیئے ہے مگر پھر بھی چند عمل اس باب کے تحت تحریر کیئے جاتے ہیں۔

۱۳۵۔ عمل غم اور قرض سے نجات کیلئے:۔ یہ عمل سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو رنج و غم اور قرض کے بار کو دُور کرنے کے لئے صبح و شام پڑھنے کی تاکید فرمائی تھی اور چند ہی روز میں وہ غم و الم کے بار قرض سے سبکدوش ہو گئے مگر حدیث شریف سے تعداد اس عمل کی ثابت نہیں اور اعلیحضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ تحریر فرماتے ہیں کہ آدھی رات ڈھلنے سے صبح کی کرن چمکنے تک صبح اور دوپہر ڈھلنے سے غروبِ آفتاب تک شام ہے۔ اس کے پیش نظر فقیر نے اس عمل کا وقت یہ مقرر کیا ہے کہ صبح طلوعِ فجر کے بعد نماز سُنّت سے فارغ ہو کر اسی مقام پہ بیٹھا رہے اوّل درودِ تاج ۳ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ۲۱ بار پھر فجر کی جماعت تک یہ دُعا بے شمار پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْکَسْلِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَ الْبُخْلِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَ قَھْرِ الرِّجَالِ۔ آخر میں ایک بار درودِ تاج پڑھے اور شام کو عصر کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھا رہے اور بغیر کام کیئے اسی طرح اذانِ مغرب، اسی دعا کو حضورِ قلب کے ساتھ اپنے غموں اور فکروں کو پیش نظر رکھ کر بچشمِ نم پڑھتا رہے کہ یہ دعا ایسی ذاتِ اقدس کی تعلیم فرمودہ ہے جس کے متعلق اعلیٰحضرت تحریر فرماتے ہیں ؎

وہ زباں جس کو سب کُن کی کُنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

اسی زبان مبارک نے اس عمل کو ۱۲ دن کے لئے مقید فرمادیا۔ فقیر نے اس عمل کا تجربہ نہیں کیا جو صاحب بھی یہ عمل کریں فقیر کو مطلع کریں، صبح شام سے اک اشارہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جب بھی غم والم کا ہجوم ہو رات دن پڑھتے رہیں۔ دست بکار، دل بیار، زبان باذکار اعلیحضرت رضی اللہ عنہ نے صبح و شام ۱۱-۱۱ بار تحریر فرمایا۔

۱۳۶- **قرض سے نجات پانے اور وصول ہونیکا عمل** - اگر کسی پر آپکی رقم ہے اور وہ دینا چاہتا ہے، دینے کے لائق تو ہے مگر نیت خراب ہے، بدمعاش و بدکار ہے وصول ہونے کی کوئی صورت نہیں یا کسی کا اس پر قرض ہے مجبوراً اور ضرورتاً گیا تھا مگر دینے کی کوئی سبیل نہیں یا بدکاری یا نادانی کیوجہ سے مقروض ہوگیا اب ہوش آیا کہ میں ابتک کیا کرتا رہا، خدا کو چھوڑ کر حرام کی طرف کیوں متوجہ ہوا۔ وہ سچے دل سے توبہ کرکے اللہ کی طرف رجوع ہو تو ایسے خوش نصیب حضرات کے لئے یہ عمل مژدہ رحمت ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّتَ النَّظْرِ اِلٰی وَجْھِکَ وَشَوْقًا اِلٰی لِقَآئِکَ فِیْ غَیْرِ ضَرَّآءٍ وَّلَا مُضَرَّۃٍ وَّلَا فِتْنَۃٍ مُّضِلَّۃٍ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ بعد نماز فجر ۱۰۱ بار۔ بعد نماز ظہر ۹۱ بار۔ بعد نماز عصر ۸۱ بار۔ بعد نماز مغرب ۷۱ بار بعد نماز عشاء ۶۱ بار، بعد نماز فجر ۷۱ بار، بعد ظہر ۸۱ بار، بعد عصر ۹۱ بار، بعد مغرب ۱۰۱ بار، بعد عشاء ۱۱۱ بار، بعد فجر ۱۰۱ بار، بعد ظہر ۹۱ بار، بعد عصر ۸۱ بار، بعد مغرب ۷۱ بار، بعد عشاء ۶۱ بار، اسی طرح ہر روز ہر نماز میں ردّ و بدل کرتا رہے، اگر سات دن میں اثر ظاہر نہ ہو تو جس دن عمل شروع کیا تھا اسی رات کو نصف شب کے بعد اٹھے اور غسل کرے پھر دروازۂ کریم پہ حاضر ہو دو نفل ادا کرے اور کھڑے ہو کر یہ دعا شروع کرے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتَقْضِیَ لِیْ حَاجَتِیْ پڑھتے پڑھتے کچھ دیر بعد بیٹھ جائے اور پڑھتا رہے، پھر سجدے میں جاکر پڑھے، اسی طرح کبھی سجدے میں کبھی کھڑے ہو کر کبھی بیٹھے پڑھے، رٹتا جائے پڑھتا جائے اور امید رکھے کہ اب حاجت پوری ہوئی، اب مژدہ ملا یہانتک کہ فجر طلوع ہو جائے، اذان فجر کے بعد سنت فجر ادا کرے اور اسی جگہ بیٹھ

اور یہ دعا پڑھتا رہے جب اتنا وقت باقی رہ جائے کہ مسجد پہنچ کر جماعت میں شامل ہو سکے گا بچشم نم
مسجد کو جائے راستہ میں کسی سے کلام نہ کرے اور یہی پڑھتا رہے، جب دروازہ مسجد پر پہنچے تو یوں دست
بدستہ عرض کرے اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ۔ تین بار پھر مسجد میں داخل ہو کر السلام علیکم
بلند آواز سے کہے اور کچھ وقفہ ہو تو درود شریف پڑھتا رہے۔ بعد نماز فجر پھر پہلی دعا پڑھکر جس پر اپنا قرض
ہے اس کے پاس جائے اور جس دوست یا عزیز سے بطور امداد رقم ملنے کی امید ہو یا اس کے ذریعہ ایسا
روزگار ملنے کی اُمید ہو یا وہ کر سکتا ہو مگر توجہ نہیں دیتا اس سے ملاقات کرے اور کچھ دیر رسمی گفتگو
کر کے واپس چلا جائے، اپنی حاجت بغیر پوچھے نہ بیان کرے کہ اس کے دل میں ڈالنا تمہارا کام نہیں، بلکہ
مقلب القلوب کا کام ہے مگر عمل ترک نہ ہو جب تک کہ آپ کی رقم مل نہ جائے یا قرض کے بارے میں نجات نہ مل جائے
اور روزگار حسب منشاء مل نہ جائے۔ عمل اسی طرح جاری رہے گا۔ اور ہر ہفتہ بعد نصف شب کا عمل بھی جاری
رہے گا۔

۱۳۷۔ ادائے قرض اور حصولِ دولت کیلئے عمل و نقش

— یہ عمل جمعہ کو شروع کرے۔ غسل کرے، وضو کرے، کپڑے پہنے، نماز سنت ادا کر کے مسجد جائے اور درود تنجینا ۷ بار پھر ۷ بار یہ دعا پڑھے۔
اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ پھر ۷ بار درود تنجینا پڑھے

۷۱۹	۷۲۳	۷۲۶	۷۱۲
۷۲۸	۷۱۳	۷۱۸	۷۲۴
۷۱۴	۷۲۸	۷۲۱	۷۱۷
۷۲۲	۷۱۶	۷۱۵	۷۲۷

اللھم اکفنی
عمن سواک
العبد
فلاں بن فلاں

یہ سب کام خطبہ شروع ہونے سے قبل ختم ہو جائے اور وقت زیادہ ہو تو اذان خطبہ شروع ہونے تک درود پڑھتا رہے اور دوسرے جمعہ کو بطریق مذکورہ پڑھے انشاء اللہ دوسرا جمعہ آنے سے قبل ہی قرض ادا ہو جائے اور گھر میں فراخی
حاصل ہو اگر خدانخواستہ دیر ہو تو اپنا تصور تصور کرے مخارج صحت لفظی کسی اچھے قاری سے
درست کرے مگر عمل ترک نہ کرے نفس کے دھوکے میں نہ آئے اور نفس سے کہ تو جھوٹا ہے اور

اللہ کا حبیب سچا ہے اگر گذشتہ صفحہ پر دیا گیا نقش لکھکر اپنے پاس رکھے اور جب بھی عمل پڑھے اس پر دم کرے نقش کے بیچ میں اپنا مع والدہ کا نام کے لکھے، یہ نقش جب تک پاس رہے قرض اور خرچ کی تنگی سے محفوظ رہے اگر اس نقش کو کندہ کرا کے اور اسی طرح دم کر کے پاس رکھے۔ یہ عمل کسی وجہ سے ترک بھی ہو جائے گا تو اس نقش کی برکت سے گھر میں خیر و برکت کا نزول ہوگا۔ ترک ہو جانے پر اس نقش کو دھو کر اس کا پانی ہر جمعہ کو پی لیا کرے۔ اس کا عامل دوسرے کو بھی یہ نقش لکھکر دے سکتا ہے مگر جمعہ کو عمل پڑھکر دم کر کے دے اور جس کو دے اسکا نام درمیان میں لکھے، کندہ شدہ نقش میں سوئی سے ضرور ہمند اور اس کی ماں کا نام لکھدے۔

۱۳۸۔ دیگر عمل و نقش قرض وصول ہونے اور ادا ہونے کا۔!

یہ نقش اگر کسی پر آپ کی رقم ہو اور وہ دینا نہیں چاہتا یا آپ پر کسی کا قرض ہے اور اس کے نکلنے کی کوئی صورت پیدا نہیں ہوتی، آمدنی اتنی نہیں کہ اسمیں سے بچا کر دیا جا سکے تو یہ نقش کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے اور فجر کی نماز کے بعد حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۴۵۰ بار بعد نماز عشاء کسی وقت مقررہ پر ۳۰۰ بار لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اسطرح پڑھیں تنہا کمرے میں یا مسجد کے گوشہ میں جہاں کسی کے آنے کا امکان نہ ہو باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھے ایک پیالہ پانی کا اپنے سامنے رکھے۔ ہر چند لمحہ بعد انگلیاں بھگو کر ہاتھ اور منہ پر ملے، اوّل و آخر درود شریف ۱۱ بار ہر روز بعد ختم عمل صبح و

من الظلمین ۲۲۱ ۱۱۲	انی کنت ۲۲۴ ۱۱۵	انت سبحانک ۲۲۷ ۱۱۸	لا الٰہ الا ۲۱۳ ۱۰۵
لا الٰہ الا ۲۲۶ ۱۱۷	انت سبحانک ۲۱۴ ۱۰۶	انی کنت ۲۲۰ ۱۱۱	من الظلمین ۲۲۵ ۱۱۶
انی کنت ۲۱۵ ۱۰۷	من الظلمین ۲۲۹ ۱۲۰	لا الٰہ الا ۲۲۲ ۱۱۳	انت سبحانک ۲۱۹ ۱۱۰
انت سبحانک ۲۲۳ ۱۱۴	لا الٰہ الا ۲۱۸ ۱۰۹	من الظلمین ۲۱۶ ۱۰۸	انی کنت ۲۲۸ ۱۱۹

شام اس نقش پر دم کرے جبتک یہ نقش پاس رہیگا قرض کے غم سے محفوظ رہے گا اور جب کوئی ضرورت پیش آئے گی اللہ تعالیٰ اس کا حل پیدا فرمائے گا۔

۱۳۹۔

بابُ التّسخیر خلق

تسخیرِ خلائق جس میں کسی ذاتِ خاص کی تخصیص نہیں ہوتی اس قسم کے عملیات کے لئے اِن ہدایات کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے کہ پہلے وہ اپنی زندگی کا محاسبہ کرے کہ کبھی دانستہ یا نادانستہ کسی ایسے فعل کا مرتکب تو نہیں ہوا جس سے دو مسلمانوں میں جدائی ہوگئی ہو۔ کبھی کبھی سچی بات ظاہر کر دینے سے بھی زن و شوہر میں، دو دوستوں میں، دو بھائیوں میں کشیدگی پیدا ہو جاتی ہے اور بعض لوگوں میں یہ عادت ہوتی ہے کہ دوسروں کی عیب جوئی میں مبتلا رہتے ہیں اور ذرا بھی موقع مِل جاتا ہے تو اس کے عزیزوں، دوستوں میں شہرت دے کر ذلیل و رسوا کر دیتے ہیں یا خاندان میں نفرت کا بیج بو دیتے ہیں۔ یہ عادت تسخیر کے لئے سمِ قاتل ہے۔ اگر تسخیر کا عامل بھی اس عیب کا مرتکب ہوگا تو عمل کا اثر زائل ہو جائے گا۔ تسخیر کے عامل کے لئے ضروری ہے کہ پہلے اپنے سب گناہوں سے توبہ کرے خصوصاً اس عادت سے تسخیر کے لئے خود عامل کے اندر سخاوت مروّت و محبّت، اخلاقِ حسنہ، عفوِ تقاصیر کی صلاحیّت ہونا ضروری ہے۔

تسخیر! دارین کی فلاح و بہبود کا آسان ذریعہ ہے مگر نفس اور ابلیس لعین کے مکر و فریب کی راہوں کو مسدود نہ کیا گیا تو آتشِ گناہ آخرت کی کھیتی کو جلا ڈالے گی۔ کیونکہ تسخیر کے عاملین کے پاس مرد اور عورتوں کا ہجوم رہتا ہے۔ اگر احکامِ شرع کی تعمیل میں ذرا بھی تساہل برتا اور تاویلات سے کام لیا تو زوالِ آخرت کا سبب بن جائے گا۔ خصوصاً علماء، مقرّرین، ائمہ، مرشدین وغیرہ حضرات رسم و رواج کی ہرگز پرواہ نہ کریں اور کسی مرد اور عورت کو تنہائی میں ہرگز نہ آنے دیں اور جو عورتیں آپ کے پاس کسی ضرورت یا عقیدت کی بناء پر آئیں ان کو پردے کی شدّید تاکید کریں اور بغیر محرم کے اپنے پاس آنے سے روکیں جہاں عورتوں میں پردے کا رواج نہیں وہاں بھی پردے کے احکام بتائیں۔ کسی کے گھر تنہا نہ جائیں خصوصاً جس کے یہاں کوئی مرد نہ ہو، کسی مریضہ کو جس کے ساتھ اس کا محرم نہ ہو ہرگز نہ دیکھیں کہ کبھی بضرورت جسم پر ہاتھ لگانا پڑتا ہے۔ یہ چند اشارات ہیں جن کو اپنے نفس پر اعتماد کر کے بھلا دیا

تو اگر گناہ نہ بھی کیا ہو جب بھی بدنامی کا سبب بن سکتا ہے، جیسا کہ دیکھنے میں آرہا ہے، مولیٰ تعالیٰ احکام شریعت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں ۔ آمین ۔

۱۴۰- **دُعاءِ تسخیر القلوب و جامع المطلوب**: - یہ دعا شبستانِ رضا حصہ اول میں درج ہے ۔ مگر اعراب اور لفظی غلطیاں باوجود کوشش کے اب بھی موجود ہیں جس کی وجہ سے کماحقہٗ فوائد حاصل نہ ہو سکے ۔ جن حضرات نے خود تشریف لا کر یا خط کے ذریعے تصحیح کر لی وہ اس کے ابتک مداح ہیں ۔ میں اس کیا تھ ایک دعا ملا کر پڑھتا ہوں جس کے سبب وہ حیرت انگیز فوائد دیکھے ہیں جن کا بیان خلافِ مصلحت ہے ۔ جس طرح میں پڑھتا ہوں یہاں بعینہٖ اسی طرح درج کر رہا ہوں تاکہ آپ بھی ان دو چند فوائد سے مستفید ہو سکیں وَ بِاللّٰہِ التَّوفِیق - یہ دعا کم سے کم ۳ بار یا ۷ بار ہمیشہ ورد میں رکھیں ۔ یہ دعا نحوست سیارگان سے محفوظ رکھتی ہے ۔ اس دعا کی برکت سے میں اکثر نجومیوں کو رسوا کر چکا ہوں ۔ جب بھی کوئی کہتا ہے کہ فلاں دن یا فلاں وقت تم پر یہ مصیبت آنے والی ہے، میں ان کا مذاق اڑاتا ہوں، دوسرے لوگ شرط لگا لیتے ہیں اور الحمد للّٰہ میں اس سے محفوظ رہتا ہوں ۔ اسی طرح اس دعا میں تسخیر بھی ہے اور یہ دعا استخارہ بھی ہے ۔ جب کوئی حاجت ہو سونے کی جگہ پر گیارہ بار پڑھ کر بغیر کلام کئے سو جائے اس کا جواب بتا دیا جائے گا ۔ اور جب بھی کوئی حاجت پیش آئے ہر نماز کے بعد ایک بار اور بعد نماز عشاء گیارہ بار پڑھے دعا یہ ہے ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا مَلَائِکَۃً وَّکُلُّکُمْ بِاَمْرِ اللّٰہِ اَنْ تُغِیْثُوْنِیْ تُعِیْنُوْنِیْ وَاَنْ تَمُدُّوْنِیْ فِیْ مُرَادِیْ وَمَقْصُوْدِیْ وَاحْفِظُوْا اِلٰی مَالِیْ وَاَہْلِیْ وَوَلَدِیْ وَوَالِدِیْ وَذُرِّیَاتِیْ وَاِخْوَانِیْ وَاَحِبَّائِیْ وَاَصْدِقَائِیْ وَمَا اَحَاطَتْ عَلَیْہِ شَفَقَۃُ قَلْبِیْ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَمِنْ نُحُوْسَاتِ الزُّحَلِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالْمِرِّیْخِ وَالشَّمْسِ وَالزُّہْرَۃِ وَالْعُطَارِدِ وَالْقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنْبِ وَالْاِکْلِیْلِ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّیَاطِیْنِ وَسَاحِرٍ وَّفَاجِرٍ وَّظَالِمٍ وَّبَاغٍ وَّطَاغٍ وَّمَارِدٍ وَّمُعَانِدٍ وَّنَاطِقٍ وَّسَاکِتٍ وَّمُتَحَرِّکٍ وَّسَاکِنٍ وَّہَامَّۃٍ وَّلَامَّۃٍ وَّذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَمِنْ اٰفَاتِ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ الْبَرِّیَّۃِ وَالْبَحْرِیَّۃِ اَجْمَعِیْنَ ط وَاَعْمُوْا اَبْصَارَہُمْ وَاقْبِضُوْا اَلْسِنَتَہُمْ وَاَیْدِیَہُمْ وَعَنِّیْ

وَعِلْمَ الَّذِیْ یَکُوْنُ نَافِعًا وَمُضِرًّا عَلٰی جَمِیْعِ الْعُلُوْمِ وَاعْطُوْنِیْ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَجَلَبْتُکُمْ لِجَلْبِ قُلُوْبِ الْخَلْقِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِلَیَّ بِالْمَوَدَّۃِ وَالْمَحَبَّۃِ وَانْصُرُوْنِیْ نُصْرَۃً عَلٰی سَائِرِ الْاَعْدَاءِ وَاخْبِرُوْنِیْ مَا فِی الْحَوَادِثِ الْخَیْرِ وَالشَّرِّ قَبْلَ الْوَقْتِ الْوُقُوْعِ وَمَا اَطْلُبُ مِنْ اَخْبَارِ الْعَالَمِ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ اَلْوَحًا اَلْوَحًا اَلْوَحًا بِحَقِّ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَوَلَدِہِ الشَّرِیْفِ السَّیِّدِیْ مُحْیِ الدِّیْنِ حَضْرَتِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَبِحَقِّ سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ وَبِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

اس دعا کے ساتھ شامل کر کے جو دعا پڑھنا ہوں وہ صفحہ پر ہے۔ (مؤلف)

۱۴۱۔ **درودِ تسخیر**۔ علمائے کرام کا ارشاد ہے کہ درود شریف کے فضائل و برکات لکھنے سے قلم قاصر ہے زبان مجبور ہے دیگر عملیات میں محرومی اور رجعت کا امکان بھی ہے مگر درود شریف اس مضرت سے پاک ہے سچ تو یہ ہے کہ ہر عمل کی قبولیت درود شریف پر ہی موقوف ہے اور وہ بھی درود تسخیر جس کے فضائل و برکات کا مشاہدہ آپ خود کر سکتے ہیں، اس کے لکھنے کی حاجت نہیں صرف اتنا بتانا ہے اس کا ورد شروع کرنے سے قبل کسی غریب اور اگر یتیم مل جائے تو کیا کہنا اس کی دعوت کریں اور حسب حیثیت پر تکلف کھانا کھلائیں یا ناشتہ کرائیں اور اسطرح محبت و الفت سے پیش آئیں کہ جیسے پیر کی اولاد ہو یا کم از کم اپنی اولاد کی طرح اس کے بعد اس درود کو شروع کر دیں۔ اور اگر ممکن ہو تو ہر روز یا جب بھی کوئی ایسا بچہ ملے شفقت پدری کے جوہر سے اس کے دل کو مسرور کرتے رہیں۔

۱۴۸۴ بار چار دن میں اسطرح پڑھیں کہ جمعرات کا دن گزار کر شب جمعہ کو بعد نماز عشاء پہلے دو نفل بہ نیت تسخیر ادا کریں، اس کے بعد ۳۷۱ بار اس درود کو پڑھیں پھر دو نفل ادا کریں اور اسکا ثواب جمیع انبیاء و سید الانبیاء علیہم السلام و جمیع اولیاء کرام دامت۔ مرحوم کی روح کو بخشیں اسی طرح ہر چہار شب یعنی شب دوشنبہ تک عمل کریں۔ اس کے بعد ۷ا بار روزانہ ورد میں رکھیں، ہر روز عطر اور شکر پر دم کرتے رہیں وہ عطر اپنے کپڑوں میں لگائیں اور شکر وقت ضرورت استعمال کریں یا کرائیں۔ جس کی اثر میں

کشیدگی ہو اُسے دیں اور ۷ا بار یا ۹ بار یہ درود پاک اس سے پڑھوا کر بھی دم کرا دیں تو بہتر ہے ورنہ لوبان اسے پڑھ کر دیں، اس سے کہیں کہ یہ لوبان کی ڈلی پر زبان پھرا کر سلگائیں اور شربت یا چائے کو تھوڑا پی کر باقی اسی میں شامل کر دیں اور وہ سب کو پلائیں۔ درود تسخیر یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَاَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَۃِ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَالْمُرُوَّۃِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمَوَدَّۃِ وَمَعْدِنِ التَّسْخِیْرِ وَالْمَحَبَّۃِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمَحْبُوْبِیْنَ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ وَاَلِّفْ بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ وَاَلَّفْتَ بَیْنَ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ۔ ہر روز جتنی تعداد پڑھے آخر میں یہ دعا ضرور ملا کر پڑھے۔ یَا مُؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَۃِ وَالْاُلْفَۃُ فِی الْاُلْفَۃِ اُلْفَتُکَ یَا مُؤَلِّفُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ فِیْ عَیْنِیْ تَسْخِیْرًا وَسَخِّرْ فِیْ لِسَانِیْ تَسْخِیْرًا وَسَخِّرْ وَجْھِیْ تَسْخِیْرًا وَسَخِّرْ فِیْ نَفْسِیْ تَسْخِیْرًا کَثِیْرًا دَائِمًا یَا مُسَخِّرَ التَّسْخِیْرَاتِ بِالتَّسْخِیْرِ وَالتَّسْخِیْرُ فِیْ تَسْخِیْرِ تَسْخِیْرِکَ یَا مُسَخِّرُ۔

۱۴۲۔ عمل محبوب خلائق۔ یہ عروج ماہ میں شب جمعہ سے شروع کرے وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِدْرِیْسَ ط اِنَّہٗ کَانَ صِدِّیْقًا نَّبِیًّا ط وَّرَفَعْنٰہُ مَکَانًا عَلِیًّا ہر شب جمعہ کو ۴۹۰ بار باقی دنوں میں صرف ۴۹ بار ورد میں رکھے۔ ۴۰ دن کے بعد اختیار ہے کہ ۴۹ بار ورد میں رکھے یا ۱۳۱ بار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۱

۶۹۳	۶۹۷	۷۰۰	۶۸۶
۶۹۹	۶۸۷	۶۹۲	۶۹۸
۶۸۸	۷۰۲	۶۹۵	۶۹۱
۶۹۶	۶۹۰	۶۸۹	۷۰۱

وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ اِدْرِیْسَ

اِنَّہٗ کَانَ صِدِّیْقًا نَّبِیًّا

وَرَفَعْنٰہُ مَکَانًا عَلِیًّا

اگر ۴۹۰ بار نہ پڑھ سکے تو آیات کے اعداد ۲۷۷۶ ہیں، ان میں اپنے نام کے اعداد شامل کر لیں اور نقش مربع پُر کریں اور اس کے گرد یہ آیات لکھیں اور ۴۹ بار یہ دعا پڑھ کر ۴۰ روز دم کریں۔

بعد ۴۰ روز کے اور ۴۰ روز تک ۱۲ بار پھر ۴۰ روز تک ۴ بار پڑھیں، اگر یہ نقش کندہ کرا لیں تو بہتر ہے، یہ نقش جب تک پاس رہے گا ہر ایک فرد خلوص محبت سے پیش آئیگا۔ ہر شخص تعریف کرتا ہوا جائے۔ اس نقش کا پانی اگر دشمن کو پلا دیا جائے اس کے دل میں بھی عقیدت و محبت پیدا ہو۔

۱۴۳۔ **برائے تسخیر اسمائے باری تعالیٰ** ۔ اسمائے باری تعالیٰ اپنے نام کی مناسبت سے انتخراج کر کے پڑھنے اور اسم اعظم تسخیر خلائق جمیع اشیائے کائنات کے لئے خاص ہے اور اسماء باری تعالیٰ کے استخراج کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

(۱) ۔ کسی کا نام غیاث الدین ہے یا عزیز احمد یا عبدالکریم وغیرہ تو ان کے لئے یہی اسماء اسم اعظم ہیں یعنی غیاث الدین کیلئے یا غیاث اور عزیز احمد کیلئے یا عزیز عبدالکریم کے لئے یا کریم اسی طرح اسماء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اُمت مسلمہ کے لئے اسم اعظم ہیں یعنی کسی کا نام محمدؐ یا محمد احمد ہے یا محمد طٰہٰ ہے یا محمد یٰسین یا غلام محمد تو یہی اسماء اس کے لئے اسم اعظم ہیں، جس کا نام محمد ہے وہ مُحَمَّدُ یا جس کا نام محمد احمد ہے وہ ہر دو یا صرف ایک پر عمل کرے۔

نوٹ:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم خاص محمدؐ کے ساتھ یا کو ملا کر ورد کرنا منع ہے

(۲) ۔ اپنے نام کے اعداد کے مطابق کوئی ایک اسم باری تعالیٰ یا دو یا تین جن کے اعداد کا مجموعہ وہی ہو جو اس کے نام کا مجموعہ ہے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔ پہلے طریقے کے مطابق میرے لئے اسم اعظم یا احمد ہے اور دوسرے طریقے کے مطابق میرے نام کے اعداد ۱۸۷ ہوتے ہیں۔ ایسا کوئی اسم باری تعالیٰ دستیاب نہیں جس کے اعداد ۱۸۷ ہوں، اسلئے دو اسماء کو ملا کر بنایا گیا ہے:

سُبْحَانَ اللّٰہ۔ یَا جَلِیْلُ یا جَامِعُ ۔ یَا عَلِیْمُ یا اَوَّلُ ۔ یا سُبْحٰنُ یا مُحِیْطُ یا مَنَّانُ یا وَلِیُّ
۱۸۷ ۔ ۱۸۷ ۔ ۱۸۷ ۔ ۱۸۷ ۔ ۱۸۷

(۳) ۔ اپنے نام کو ملفوظی کرے، پھر اعداد نکالے اور اس مجموعے کے اعتبار سے اسم باری کو استخراج کرے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے اس کو ملفوظی کیا۔ الف ۱۱۱ - قاف ۱۸۱ با ۳ الف ۱۱۱ لام ۷۱ الف ۱۱۱ حا ۹ میم ۹۰ دال ۳۵ ۔ اب ملفوظی الفاظ کے اعداد کا مجموعہ ہوا ۷۲۲، ان اعداد کے اعتبار سے میرے لئے اسم یا وتر یا اللہ ہے۔

(۴) - چوتھا طریقہ بہت آسان ہے اور وہ یہ کہ اپنے نام کے حرفِ مرکز کی مناسبت سے استخراج کریں اگر کسی کے نام کا حرف مرکز الف ہے تو کوئی اسم الٰہی جس کا حرفِ مرکز بھی الف ہو اس کو پڑھیں - اگر کوئی ایسا اسم مل جائے جس کے اعداد بھی آپ کے نام کے اعداد کے مطابق ہوں تو نُورٌ علیٰ نُور یا دو اسمائے باری کا انتخاب اعداد کے لحاظ سے کریں تو دونوں آپ کے حرفِ مرکز کے مطابق ہوں یا ایک ہی اسم مگر پڑھنے میں وہ مقدم رہے گا - جو حرف مرکز کے مطابق ہوگا - مثلاً اپنے نام کو میں اسم اعظم کیلئے اسطرح پڑھتا ہوں یا اوّل یا علیم اس میں حرفِ مرکز کی مناسبت بھی ہے اور اعداد کی بھی -

۵ :- اپنے نام اعداد کی اکائی کی مناسبت سے اسم باری تعالیٰ کا استخراج یہ مناسبت جن دو افراد کے ناموں میں پائی جاتی ہے وہ گہرے اور سچے دوست ثابت ہوتے ہیں، باپ اور بیٹوں میں، شوہر اور بیوی میں اگر یہ مناسبت ہوگی تو زندگی میں جدائی نہ ہوگی - اگر کسی کے نام میں اکائی اور دہائی میں بھی مناسبت ہو تو دونوں ایک جان دو قالب یعنی مُحبّ و محبُوب کی طرح سے زندگی بسر کریں، یہ ہی مناسبت اسم اللہ اور اسمِ محمدؐ میں پائی جاتی ہے - اسم اللہ کے اعداد ۶۶ اور اسم محمدؐ کے ۹۲ ہیں، یہاں اکائی اور دہائی دونوں میں مناسبت ہے (اس کی تفصیل شروع کے صفحات میں گزر چکی ہے) اگر اپنے لڑکوں کا یا دوسروں کے لڑکوں کا نام رکھتے وقت اور شادی کا پیغام دینے سے قبل اس مناسبت کو ملحوظ رکھیں تو دونوں میں کبھی عداوت و نفرت کیوجہ سے جدائی نہ ہوگی - دیگر وجوہ کی بنا پر جو جدائی ہوگی تو وہ عارضی ہوگی - مثلاً میرے نام کے اعداد ۱۸۷ ہیں اور یا واصل کے ۱۲۷ ہیں اس اسم باری میں اکائی میں بھی مناسبت ہے اور دہائی میں بھی - اسی طرح اوّل کہ اس کے اعداد ۳۷ ہوتے ہیں - اس کی اکائی میں مناسبت ہے مگر دہائی میں نہیں مگر حرفِ مرکز دونوں کا الف ہے اس لئے یا اوّل کا ورد افضل رہے گا -

مناسبت کا نقشہ، کون عدد کس کا دوست ہے

۱ یہ سب کا دوست ہے اور کسی کا دشمن نہیں	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
	۱	۱	۱	۰	۱	۱	۱	۱
	۴	۶	۲	۰	۲		۲	۳
	۶	۹	۶		۳		۴	۶
	۸		۸		۴		۶	
					۸			
					۹			

(۶)۔ چھٹا طریقہ کلّی ہے کہ اس کے اور تمہارے نام کے اعداد میں ظاہری مناسبت نہیں مگر دونوں گہرے دوست ہیں تو اسکی وجہ پر جب غور کیا تو از روئے جفر دونوں میں مناسبت کلّی موجود پائی جو قوی تر ہے۔ یعنی ۱۸۲ اور ۳۵۷ ÷ ۷ سے برابر تقسیم ہو جاتی ہیں۔

۷) ۱۸۲ (۲۶
۱۴
۴۲
۴۲
×

اور

۷) ۳۵۷ (۵۱
۳۵
۷
۷
×

(۷)۔ اس کا دوسرا قاعدہ بھی ہے جو پہلے کی مثل تو نہیں مگر مفید ضرور ہے۔ مثلاً میرے نام کے اعداد کسی عدد سے برابر تقسیم نہیں ہوتے اگر دو سے تقسیم کریں تو ایک بچے گا اور تین سے تقسیم کریں تو بھی ایک بچے گا اور چار سے تقسیم کریں تو ۳ بچیں گے۔ اب دوسرے نام کے اعداد یا اسم باری تعالیٰ کے انتخاب کے لئے یہی طریقہ اپنائیں گے مثلاً میں یا جلیل کا ورد کرنا چاہتا ہوں اور اس کے اعداد ہیں ۷۳ اور میرے نام کے اعداد ۱۸۷، نہ تو حرفِ مرکز میں مناسبت ہے نہ اکائی میں، نہ بطریق ملفوظی مناسبت ہے ہاں باعتبار جفر مناسبتِ کلّی اس اسم کو میرے نام سے یوں ہے کہ ۷۳ کو ۲ سے تقسیم کیا ۲) ۷۳ (۳۶ تو ایک بچا اور میرے نام کے اعداد کو ۲ سے تقسیم کیا تب بھی ایک بچا۔ یہ قاعدے اسلیئے درج کر دیئے ہیں کہ اسمائے باری تعالیٰ سے کامل فوائد حاصل کئے جا سکیں اور کسی عمل کو پڑھنے سے قبل ان مناسبتوں پر غور کر لیا کریں تو رجعت اور دیگر مضرتوں سے محفوظ رہیں۔ اس کی تفصیل گذشتہ صفحات پر ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

۱۴۴:۔ اسمائے جبروت پڑھنے کا طریقہ

برائے تسخیر اسمائے جبروت حیرت انگیز تاثیر رکھتے ہیں ہر نماز کے بعد ۱۴ بار پڑھے، اپنے گرد ہجوم پائے اوّل و آخر درود شریف ایک ایک بار اور اگر وردِ تسخیر پڑھے تو نور علی النور اسمائے جبروت صفحہ ۶۶ پر لکھے ہیں دیکھکر پڑھیں۔ اگر اس کا بہت جلد اثر دیکھنا چاہتے ہیں تو ۴۱۰۰ مرتبہ ۱۴ یوم پڑھیں، اس کے بعد ۱۴ یوم ۱۴۱ بار ہر نماز کے بعد پڑھیں پھر ہمیشہ ۱۴ بار بعد نماز فجر ورد میں رکھیں۔ اسمائے جبروت کی دعوت دیجائے تو ہر حاجت کے لیئے کافی ہے۔ جتنا چاہے خرچ کرے کبھی کمی نہیں آئے گی۔ جتنے کی ضرورت ہو کسی نہ کسی ذریعہ سے مل جایا کرے، تھوڑے پیسوں میں برکت ہو کہ جتنا چاہو خرچ کرو کم نہ ہوں۔ اگر دشمن کا لشکر گھیر لے کچھ نہ کر سکے، تیر تلوار اور گولی کچھ بھی نہ اثر کرے

پانی پر مثل زمین کے چلے، ہوا پر اُڑے مگر ان سے کوئی کام بغیر ضرورت، تفاخر یا کرامت و بزرگی دکھانے، جتلانے کو کیا ہوا اثر زائل ہو جائے گا۔ مگر پڑھتا رہے تو جب بھی حقیقی ضرورت پیش آئے گی اثر خود بخود ظاہر ہوگا۔ مگر آپ کو یا کسی کو یہ احساس بھی نہ ہوگا کہ یہ کام کیسے ہوا، یہ پیسے کہاں سے آئے، یہ گولی میرے ماری گئی تھی نشانہ بھی صحیح تھا پھر یہ پیٹی ہو کر کیوں گر گئی وغیرہ وغیرہ، گویا اختیار سلب ہو جاتا ہے۔ دعوت کا طریقہ یہ ہے کہ علاوہ دیگر ہدایات پر عمل کرنے کے ترک جلالی و جمالی بھی کرے کہ پہلے دن بہ نیّت نصاب ایک سو ترپن [۱۵۳] مرتبہ دوسرے دن بہ نیت زکواۃ پانچسو تینتیس [۵۳۳] مرتبہ تیسرے دن بہ نیت عُشر پانچسو [۵۰۰] مرتبہ چوتھے دن بہ نیّت قفل دو سو دس [۲۱۰] مرتبہ، پانچویں دن بہ نیّت دَور مدور چار سو ساٹھ [۴۶۰] مرتبہ چھٹے دن بہ نیت بذل آٹھ سو بتّیس [۸۳۲] مرتبہ، ساتویں دن بہ نیّت ختم ایک سو چار [۱۰۴] مرتبہ، آٹھویں دن بہ نیّت تکرار آٹھ سو اکتیس [۸۳۱] مرتبہ، نویں دن بہ نیّت توہم پانچسو اکتالیس [۵۴۱] مرتبہ قرأت کرے، اس کے بعد ایک ہفتہ تک سات ہزار بار پڑھے اس سے غیب کے دروازے کھل جائیں گے۔ اب عمل کو قائم رکھتے اسم بار روزانہ ورد میں رکھیں۔

۱۴۵۔ **عمل اسم یا بدوح باموکل** ۔ عمل اسم یا بدوح جتنا آسان ہے، اتنا ہی مشکل بھی ہے کیونکہ اس عمل میں رجعت بہت جلد ہوتی ہے اگر پیر با تصرف یا پابند شرع ہے یا اس اسم کے عامل کی اجازت سے شروع کرے تو رجعت سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ اگر بدوح کے بجائے بدوھ پڑھا یا بدھو یعنی بڑی ح کے بجائے دو چشمی ھے (ھ) پڑھے گا تو نقصان کا امکان زیادہ ہے۔ اگر یا بدو پڑھے تو وہ گھر وہ بستی ویران ہو جائے گی یا وہاں کے باشندے طرح طرح کی مصیبتوں اور پریشانیوں کا شکار رہیں گے۔ اور یا بدوھ پڑھے گا تو اس گھر یا گاؤں میں آگ لگ جائے گی۔ اس عمل کا اثر بہت دیرپا ہے اس لیے اس کے نفع و نقصان کا اثر بھی دیر سے ظاہر ہوتا ہے اور ایک چلہ کا اثر برسوں باقی رہتا ہے یہ عمل لیلی (رات کا) ہے۔ دن میں پڑھنے کے اثر بھی الٹے ظاہر ہوں گے، ان وجوہ کے پیش نظر ہر ایک کو جو اس کا اہل نہ ہو یہ عمل نہ کرنا چاہیے، نہ بتانا چاہیے اور جو شخص کسی کو انتقاماً یہ عمل بتلائے گا جس طرح اکثر حاسد اور دشمن کسی کو برباد کرنے کے لئے ہمدرد بن کر شراب اور جوئے کا عادی بنا دیتے ہیں۔

اگر کسی نے ایسا کیا تو جو نقصان پڑھنے والے کو پہنچے گا بتانے والا بھی اس سے محفوظ نہ رہے گا۔ عمل یا بدوح کے ذریعہ تسخیر خصوصی اور تسخیر عمومی دونوں کام لیے جا سکتے ہیں۔ یہ عمل ہر دو کام میں مجرب و مشہور ہے۔ یہاں پر صرف تسخیر عمومی کے طریقے درج کیے جاتے ہیں۔ تسخیر خصوصی کا طریقہ باب التسخیر خصوصی میں ملاحظہ فرمائیں۔

۱۴۶۔ **پہلا طریقہ۔** تسخیر عمومی کے لئے تین چلے بطریق افضل پرہیز شرعی پڑھے اور طہارت کی پابندی کرے اول چلے میں یَا جِبْرَائِیلُ بِحَقِّ بُدُّوحُ چار ہزار بار روزانہ بعد مغرب کسی وقت طلوع فجر تک وقت کی پابندی سے پڑھے اول آخر درود شریف ۴۱ بار۔ دوسرے چلے میں یَا جِبْرَائِیلُ یَا تنکفیل بحق بُدُّوحُ ۴۰۰ بار اول و آخر درود شریف ۲۱ بار، تیسرے چلے میں یَا جِبْرَائِیلُ یَا دَرْدَائِیلُ یَا دَفْتَمَائِیلُ یَا تَنْکَفِیلُ بِحَقِّ یَا بُدُّوحُ ۴۰ بار اس عمل کو خواہ بطریق اکمل پڑھے یا بطریق اجمل یا بطریق افضل۔

پہلے دن عمل ختم کرنے پر گیارہ نقوش پر نظر ڈالے اور جس پر دل قائم ہو اسی نقش کو ۲۰ عدد لکھے ۱۹ کو آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے آخری کو دم کر کے اپنے پاس رکھے اس کے نمبروار ہر نقش کو ۲۰ عدد لکھیں ۱۹ دریا میں آخری دم کر کے پاس رکھے نمبروار سے مراد یہ ہے کہ اگر پہلے دن ۱۰ نمبر کا نقش لکھا ہے تو دوسرے دن نمبر ۱۱ تیسرے دن نمبر ۱ چوتھے نمبر ۲ اسی طرح ترتیب سے نقل کرتا رہے۔ عمل کا ایک چلہ ہو یا تین جب بھی عمل ختم ہو اس دن کا جو نقش ہے وہ عمر بھر کیلئے ہے، وہ آخری نقش اپنے پاس رکھے۔ اس سے پہلے کے جو نقش جمع ہو چکے ہیں ہر نقش کو ۲۴ گھنٹے اپنے پاس رکھے ایک منٹ کیلئے بھی جدا نہ کرے، جب دوسرے دن دوسرا نقش لکھکر باندھے تب پہلے کو کھول کر رکھ لے یا کسی حاجت مند کو دے، تسخیر اور روزگار کے لئے مفید ہوگا۔ یہ جمع شدہ نقوش ختم ہونے کے بعد جب بھی کسی کو لکھکر دے تو وہ ہی نقش جو آخری دن اسے ملا ہے دے۔

۱

۷۸۶

یا جبرائیل — یا دردائیل

۵	۱۴	۱
۱۱	۲ ، ۷ ، ۸ ، ۳ — بہ برکت ایں نقش اسم باری تعالیٰ خلق اللہ مسخر شود یا بدوح یا بدوح یا بدوح	۹
۴	۶	۱۰

یا تنکفیل — یا دفتمائیل

۲

۱۰ ، ۱ ، ۲ ، ۳ ، ۴ ، ۵ ، ۶ ، ۷ ، ۸ ، ۹

۱۴۷— **دوسرا طریقہ** ۔ ۴۰ دن ہر روز باپرہیز ۲۵۰۰ بار پڑھے اور ہر روز اوپر بتائی ہوئی ترکیب سے نقش انتخاب کرے اور ہر روز ترتیب وار ۲۰ عدد ہر نقش لکھتا رہے آخری ۲۴ گھنٹے پاس رکھے باقی ۱۹ نقش دریا میں ڈالے۔ غرض آخری دن کا آخری نقش اپنے پاس موم جامہ شدہ رکھے، کبھی اپنے

جُدا نہ ہو۔ جب تک پاس رہے گا تسخیر اور دولت خوب رہے گی۔

۱۴۸۔ عمل برائے ملاحظہ **عجائبات وغرائبات** یَادَیَّانُ الْعِبَادِ کُلٌّ یَقُوْمُ خَاضِعًا لِوُهْبَتِہٖ وَرَغْبَتِہٖ یَادَیَّانُ یہ دعا بعد نمازِ عصر سے غروبِ آفتاب تک پڑھے۔ اوّل آخر درود شریف ۱۱ بار اور صبح کو سُنّتِ فجر اوّل وقت پڑھنے کے بعد سے فرض ادا کرنے تک اور فرض کے بعد سے طلوعِ آفتاب تک یَامُعِیْدُ مَا اَفْنَاہُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِہٖ مِنْ مَخَافَتِہٖ یَامُعِیْدُ اول آخر درود شریف ۹ بار یہ عمل عجیب وغریب ہے۔ ۴۰ روز نہیں گزرنے پائیں گے کہ وہ عجائبات وغرائب دیکھنے میں آئیں گے کہ اس کا عامل بھی خود حیران ہوتا ہے اور دوسرے دیکھنے والے بھی حیران ہوتے ہیں اگر اس عمل کو عمر بھر اسی طرح جاری رکھے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ ۴۱ دن کے بعد عصر کی دعا ۴۱ بار اور بعد فجر کی دعا ۴۶ بار ورد میں رکھیں۔

۱۴۹۔ **برائے تسخیر وحصولِ دولت**:۔ یہ عمل ۴۰ دن کا ہے اور کیسا سریع الاثر ہے اس کا اندازہ آپ خود ہی کرلیں گے۔ عروج ماہ میں دوشنبہ کو طلوعِ آفتاب کے بعد پہلے دن یَاعَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی اَمْرِہٖ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ یَاعَزِیْزُ ۵۹۸ بار، باقی تین دن ۵۹۵ بار اور بعد نمازِ عشا پہلے دن یَاحَمِیْدُ الْفَعَّالِ ذَالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَاحَمِیْدُ ۵۷۰ بار باقی تین شب ۵۶۸ بار۔ بعد چار روز کے ہمیشہ پہلی دعا بعد نمازِ فجر ۹۴ بار اور دوسری دعا بعد نمازِ عشاء ۶۲ بار ورد میں رکھیں اور یہ دونوں نقش لکھ کر پاس رکھیں اور ہر روز ان پر دم کریں اور باندھ لیا کریں۔

۷۸۶

۵۹۵	۵۹۸	۶۰۲	۵۸۸
۶۰۱	۵۸۹	۵۹۴	۵۹۹
۵۹۰	۶۰۴	۵۹۶	۵۹۳
۵۹۷	۵۹۲	۵۹۱	۶۰۳

۷۸۶

۵۰۶۸	۵۰۷۱	۵۰۷۴	۵۰۶۱
۵۰۷۳	۵۰۶۲	۵۰۶۷	۵۰۷۲
۵۰۶۳	۵۰۷۶	۵۰۶۹	۵۰۶۶
۵۰۷۰	۵۰۶۵	۵۰۶۴	۵۰۷۵

۱۵۰۔ **سورۂ اخلاص برائے تسخیر** سورۂ اخلاص میں تسخیر بہت ہے اور عاملین نے اس کے پڑھنے کے کتنے ہی طریقے اختیار فرمائے یہ طریقہ تسخیر جمیعا کے لئے

بہت زود اثر ثابت ہوا ہے۔ اَلْمُحْیِیُ الْمُمِیْتُ الْقَابِضُ الْبَاعِثُ الْوَارِثُ الشَّافِی الْبَرُّ الْاَوَّلُ الْاَحَدُ اللّٰہُ الصَّمَدُ الْقُدُّوْسُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ بطریق افضل بعد نماز عصر اسی جگہ بیٹھے رہیں اور اذان مغرب تک بے شمار پڑھیں۔ اول و آخر تین بار درود تاج یا درود تسخیر پڑھیں۔ پہلا چلّہ بطریق افضل کریں، ہر گناہ سے بچیں۔ یہ بات عام طور پر پائی جاتی ہے کہ خود جس گناہ کا عادی نہیں اسکو گناہ سمجھتا ہے اور خود جس گناہ کا عادی ہو جاتا ہے اس کو گناہ نہیں سمجھتا ان مختصر الفاظ کی تشریح کتب مسائل میں دیکھیں یا علماء کرام سے دریافت کریں۔ دوسرا چلّہ بطریق اکمل ادا کریں، پھر تیسرا چلّہ بطریق اکمل کریں۔

۱۵۱۔ **تسخیر خلائق با مؤکل** ۔ اس عمل کے بھی بطریق مذکور تین چلّے کرے عمل بہت آسان ہے اور زود اثر بھی، یَا مُسَخِّرُ سَخِّرْلِیْ کُلَّ مَخْلُوْقَاتٍ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْل بِحَقِّ یَا بَاسِطُ بعد نماز عشاء ۱۶۰ بار اول آخر درود شریف تسخیر ۳ بار تین چلّوں کے بعد ۱۴۱ بار یا ۲۱ بار پڑھتا رہے تمام مخلوق مسخر ہو، ہر وقت ہجوم رہے، روپیہ پیسہ بہت آئے اور اگر کسی مخصوص ذات سے کوئی کام ہو اور گمان یہ ہو کہ وہ انکار کر دیگی تو اول آخر درود شریف ۳ بار اور دعا مذکور ۱۵ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے پھر جائے جو کہے وہ پورا کرے۔

۱۵۲۔ **برائے تسخیر خلق** ۔ یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ فَعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ۔ اس عمل کو بہ نیت تسخیر بطریق افضل چالیس روز تک چار ہزار چوالیس بار پڑھے اول آخر درود شریف ۹ بار۔ خاموشی اختیار کرے، بضرورت کلام کرے، فضول گفتگو سے پرہیز کرے۔ دوران عمل ہر جمعہ کو تازہ غسل کرے پاک کپڑے پہنے اور قیامگاہ پر سنت ادا کرے اور خوشبو لگائے اور ۲۰۰ بار یہ اسم پڑھکر جامع مسجد جائے راہ میں درود شریف کا ورد رکھے بعد چلّہ ختم ہونے کے ۲۰۰ بار ہمیشہ ورد رکھے مگر یہ شرط یاد رکھے کہ کبھی کسی کو یہ نہ بتائے کہ میں کون سا عمل کر رہا ہوں۔ اگر کسی کو یہ عمل بتائے اور اجازت دے جب بھی یہ ظاہر نہ ہونے دے کہ میں یہ عمل کر رہا ہوں جس سے بھی یہ اظہار کرے گا یہ عمل اس کی طرف منتقل ہو جائے گا اور یہ محروم رہ جائیگا

۱۵۳۔ **عمل تسخیر برائے علماء کرام** ۔ یہ عمل علماء کرام جن کو وارث النبی صلی اللہ علیہ وسلم کہا جاتا ہے ان کے واسطے خاص طور پر دیگر اہل اسلام کے لئے عام طور پر تسخیر خلائق کے لئے بے مثل ہے۔

تسخیر کے لئے ہدایات شروع باب میں لکھ دی گئی ہیں ان کی پابندی از بس ضروری ہے، یوں تو عام طور پر جھوٹ اور غیبت سے زبان میں اثر نہیں رہتا مگر اس عمل میں اس کا بھی خیال رکھیں کہ جو لوگ جھوٹ اور غیبت کے عادی ہوں ان کی صحبت سے بچیں کہ جھوٹ یا کسی کے عیب پر دلنوازی میں تصدیق کر دی تو اثر جاتا رہے گا، دوسرے کسی پر عمل کو ظاہر نہ کریں۔ یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْئٍ وَّ وَارِثَہٗ وَرَاحِمَہٗ یَا رَحْمٰنُ اس عمل کو بہ نیت نصاب ۲۰ دن ہر روز سات ہزار بار پڑھے۔ اگر خلوت اختیار کرے تو زیادہ بہتر ہے پھر ۲۰ دن بہ نیت زکوٰۃ تین ہزار چھ سو بار پڑھے پھر ۲۰ دن بہ نیت عُشر اور قفل ۱۸۰ بار پڑھے۔ جب عمل تمام ہو تمام اولیائے کرام و علمائے عظام کی نذر دلائے جتنی بھی زیادہ سے زیادہ ممکن ہو اور احباب کو کھلائے یہ اختیار ہے کہ ہر عمل بطریق اکمل ادا کریں یا بطریق اجمل یا بطریق افضل یا ہر دعوت بالترتیب تینوں طریقوں پر کریں۔

دوسرا عمل اس طریق پر کہ ۳۹ روز تیرہ ہزار بار۔ ہر روز رات دن میں بطریق اکمل پڑھے تو تمام اشیائے عالم مسخر ہو کر زبان عالم سے کلام کریں اور اسرار عالم اس پر ظاہر ہوں۔ اگر کسی کو بنظر قہر دیکھ لے تو برباد و پامال ہو اور کسی کو بنظر مہر دیکھے تو خوش حال و نہال ہو، بیمار، مفلوج، کوڑھی یہاں تک کہ مردہ زندہ اور تندرست تصور کرے۔ ہر بیمار صحت یاب ہو اور مُردہ زندہ ہو۔ اس کے حق میں عمل کو قائم کرنے کیلئے ۱۸۰ بار روزانہ ورد میں رکھے اور ایک لکھے روز اس پر دم کرتا ہے ختم عمل کے بعد جب تک یہ نقش پاس رہے گا عمل قائم رہے گا، مگر تکبر و غرور پیدا ہوا اور فخریہ کرامت کو ظاہر کرنے کیلئے ایسا کیا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔ جب بھی کسی مریض کو شفاء کا ارادہ کرے کسی دوا یا تعویذ کا بہانہ کرے۔

۱۵۴۔ تسخیر خاص و عام۔ یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلَ کُلِّ شَیْئٍ وَّ اٰخِرَہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ یَا وَاحِدُ بطریق افضل پرہیز شرعی کے ساتھ بعد نماز فجر اور بعد نماز عصر ۳۶۰ بار اول آخر درود شریف ۷ بار مگر یہ شرط ہے کہ اس عمل سے تسخیر کے ساتھ جو اسرار بھی عامل پر ظاہر ہوں، وہ کسی سے بیان نہ کرے سوائے عامل کے بعد ختم عمل ۱۳۱ بار ورد میں رکھے۔

۱۵۵ عملِ تسخیر یا عظیم ۔ یَا عَظِیْمُ ذَالثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْکِبْرِیَاءِ فَلَا یَذِلُّ عِزُّہٗ یَا عَظِیْمُ ط ۔ ہر روز وقتِ مقررہ پر، پرہیز شرعی کے ساتھ ۱۶ روز تک ایکہزار بار پڑھیں اول روز شروع عمل سے قبل اس عزیمت کو یا اس کا نقش مرتب کر کے سامنے رکھیں اور ہر تسبیح کے ختم پر نقش پر دم کریں ۔ جب عمل ختم ہو اس پر دم کر کے عطر لگا کر موم جامہ کر کے پاس رکھیں ۔ جب تک نقش رہے گا ۔ تسخیر مردمانِ عالم اور فراوانی دولت رہے ۔ یہ عمل مجرب ہے .....

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۴۳۹	۱۴۴۳	۱۴۴۶	۱۴۳۲
۱۴۴۵	۱۴۳۳	۱۴۳۸	۱۴۴۴
۱۴۳۴	۱۴۴۸	۱۴۴۱	۱۴۳۷
۱۴۴۲	۱۴۳۶	۱۴۳۵	۱۴۴۷

۱۵۶ ۔ نقش عجیب جامع التسخیر

بہتر ہے کہ نقش کو جامع التسخیر لکھ کر پاس رکھیں یہ نقش تمام عملیات تسخیر کا مجموعہ ہے اس نقش سے ایک فائدہ یہ ہے کہ عمل کوئی بھی کیا جائے اس نقش پر دم کر لیا جائے تو تمام ہی عملیات تسخیر کے فیوض و برکات پھر اس نقش سے بہت سے فیضیاب ہوگا

یا عظیم ذالثناء الفاخر والعز والمجد والکبریاء فلا یذل عزہ یا عظیم

اجب یا جبرائیل بحق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۵۹۵	۵۹۸	۶۰۲	۵۸۰
۱۰۶	۲	۲	۱
۶۰۱	۵۸۹	۵۹۲	۵۹۹
۱۶	۹	۲	۷
۵۹۰	۶۰۴	۵۹۷	۵۹۲
۷۶	۳	۱۱	۸
۵۹۷	۵۹۳	۵۹۱	۶۰۳
۱۰۷	۰۰۶	۶۰۱	۱۰۱

اجب یا جبرائیل بحق عزیز نعز زنب بالعزۃ والعز و عز و لیس عزیز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اجب یا جبرائیل بحق الاالٰہ الا اللہ العلی العظیم یا مولف

کام لئے جا سکتے ہیں۔ مثلاً جس کی بیوی شوہر سے برگشتہ ہو یا شوہر بیوی سے نفرت رکھتا ہو، اولاد نافرمان ہو۔ عزیزوں، رشتہ داروں میں اختلاف ہو، دوست احباب میں کشیدگی ہو، کوئی قرض لیکر نہ دیتا ہو، روزگار نہ ملتا ہو، مالک یا آفیسر جس کے اختیار میں ملازمت دینا اور ترقی کرنا ہے مگر وہ رُخ نہیں ملاتا ان تمام کاموں میں یہ نقش بہت کامیاب ثابت جو لوگ کسی بڑے اور سخت عمل کو نہ کر سکتے ہوں یا جو آیات اور دعاؤں میں مخارج کو ادا نہ کر سکیں وہ مندرجہ عمل کریں۔

۱۵۷۔ عمل یَا وَدُوْدُ۔ اس عمل کا بہت آسان طریقہ لکھا جا رہا ہے تاکہ جن کی زبان کچی ہے یا کم علم ہیں کہ بڑی دعائیں حفظ نہ کر سکیں وہ نقش جامع التسخیر کندہ شدہ اقبال احمد رضوی کتب خانہ بازار صندل خاں بریلی شریف سے منگالیں اور یَا وَدُوْدُ صرف اٹھّی بار پڑھکر نقش پر دم کر لیا کریں اور ممکن ہو تو اکتالیس ۴۱ روز برابر پڑھیں اور ہر روز نقش پر دم کر لیا کریں تو وہ اسم یَا وَدُوْدُ کے عامل بن جائیں گے اور جس کسی کو بھی اپنا نقش دھو کر پانی دیں اور وہ جس کسی کو پلا دے محبت سے پیش آئے اور نافرمان فرمانبردار بن جائے اور اگر خود پڑھکر دم کرنے کی بھی ہمت نہ ہو تو کسی عامل سے دم کرالے پھر جس کسی کو اس نقش کا پانی دے گا کامل فائدہ حاصل ہوگا۔ اس نقش کے پانی پلانے کی ترکیب نقش کے ساتھ لکھکر بھیجی جا سکتی ہے اس کا لکھنا مناسب نہیں، میں جس کو بھی نقش دیتا ہوں خود دم کر کے دیتا ہوں اس اور دیگر عملیات کی زکوٰۃ و نصاب وغیرہ کہ جس کے ذریعہ کامل فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے اسکا طریقہ شمع شبستان حصّہ دوم میں بھی لکھا ہوا ہے مگر اس میں زیادہ وضاحت کی جائے گی۔

۱۵۸۔ عمل سورۂ اخلاص باموکل۔ سورۂ اخلاص ہر حاجت کے لئے زود اثر ہے خصوصاً تسخیر، اس کے ذریعے تسخیر خلائق اور تسخیر مخصوص دونوں کام لیے جاتے ہیں اور یہ عمل بہت مشہور و مجرب ہے۔ عاملین نے اس کے بہت سے طریقے بتائے ہیں اور تقریباً سب مجرب ہیں مگر ہم یہاں صرف ۶ دن کا عمل جو کہ بہت آسان ہے بتاتے ہیں تاکہ کمزور حضرات بھی اس کے فوائد حاصل کر سکیں۔

یہ عمل باموکل ہے اس لئے پرہیز افضل کے ساتھ اکمل اشد ضروری ہے۔ مسجد یا مکان مگر پاک صاف ہو۔ یہ عمل تنہائی میں باطہارت ۱۶۷ بار اسطرح پڑھیں کہ یہ نقش زعفران اور عرق گلاب

میں حل کر کے لکھیں اور حصولِ دولت بھی درکار ہو تو چاندی پر کندہ کرا کے سامنے رکھیں کہ اس پر نظر رہے، مصلّے پر بیٹھ کر درود شریف ایکسو ایک بار پڑھیں پھر دو نفل بہ نیّت ایصالِ ثواب سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و حضرت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل ھو اللہ احد	اللہ الصمد	لم یلد ولم یولد	ولم یکن لہ کفوا احد
۳۳۷	۳۳۰	۳۳۵	
ولم یکن لہ کفوا احد	لم یلد ولم یولد	اللہ الصمد	قل ھو اللہ احد
۳۳۲	۳۳۴	۳۳۶	
اللہ الصمد	قل ھو اللہ احد	ولم یکن لہ کفوا احد	لم یولد ولم یولد
۳۳۳	۳۳۸	۳۳۱	
لم یلد ولم یولد	ولم یکن لہ کفوا احد	قل ھو اللہ احد	اللہ الصمد

[دائیں جانب:] اقسمت علیکم

[بائیں جانب:] یا طاطائیل یا مختائیل بحق سورۂ اخلاص

وعزمت علیکم اجب یا عطرائیل یا اسرافیل

علی و حسنین کریمین اور خواجہ غریب نواز و اعلیٰحضرت رضوان اللہ علیہم اجمعین کے پڑھے۔ پھر قبلہ رُخ کھڑے ہو کر تین بار اسطرح عرض کرے فریاد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستی علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ، و حسن مجتبےٰ و حسین شہیدِ کربلا آنچہ مطلوب میدارم بانصرام رساں پھر اسی جگہ کھڑے کھڑے تین بار آیۃ الکرسی شریف ۳-۳ بار چاروں قل پڑھکر کلمہ کی انگلی پر دم کرے اور انگلی کے اشارے سے چاروں طرف حصار کرے پھر بیٹھ کر سورۂ اخلاص ۱۶۷ بار اسطرح پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اُقْسِمْتُ عَلَیْکُمْ وَعَزَمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِبْ یَا عَطْرَائِیْلُ بِحَقِّ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ط یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اللّٰہُ الصَّمَدُ ط یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا مُخْتَائِیْلُ بِحَقِّ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ط بعدہٗ درود شریف ۲۱ بار دورانِ عمل نظر نقش پر رہے بعدہ عمل ختم کرنے کے نقش پر دم کرے اسی طرح ۶ دن عمل کرے۔ آخری دن دودھ کی فرنی پکا کر فاتحہ دیگر خود کھائے اور احباب کو کھلائے۔ اس عمل میں موکل کبھی حاضر بھی ظاہر ہو جاتے ہیں۔ یہ صفائے قلب پر منحصر ہے۔ اگر موکل حاضر ہوں بغیر عمل پورا کئے بات ظاہر نہ کرے جب عمل تمام ہو جائے وہ سلام کریں گے جواب دے اور کہے کہ میں نے آپ کو اسلیئے بلایا ہے کہ آپ میرا ہر جائز کام میں مدد کرنے کا وعدہ کریں۔ اگر وہ کوئی شرط رکھیں، عامل اسے قبول کرے اور ہمیشہ اس کا پابند ہے

ورنہ وہ وعدہ کر کے رخصت ہو جائیں گے۔ اور موکل ظاہر نہ ہوں جب مایوس نہ ہو بلکہ ۷،۴ بار ہمیشہ ورد میں رکھے اور نقش پر دم کرتا رہے وہ موکل اس نقش کے تابع رہیں گے اور ہر ضرورت اور ہر مشکل میں تسخیر اور حصولِ دولت میں غائبانہ مدد کرتے رہیں گے۔

۱۵۹۔ دشمن پر غالب آنے اور اسے مسخّر کرنے کا مجرّب عمل

فقیر اسے دعا کو دعائے دافع الکروب، جامع المطلوب کے ساتھ ملا کر پڑھتا ہے جو کہ اسی کتاب کے گذشتہ صفحات پر نہایت صحت کے ساتھ درج ہے۔

(مؤلف)

یہ عمل حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے اور نہایت مجرّب ہے۔ ہر روز قبل طلوعِ آفتاب یعنی فجر سے پہلے یا بعد صرف گیارہ بار پڑھنے کا ورد کر لیا جائے پھر کسی اور عمل کی حاجت و ضرورت نہ ہو گی۔ دشمن ذلیل و خوار ہو کر مطیع و فرمانبردار ہو کر قدموں میں آگرے گا۔

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ اَعْدَائِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَلَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاؤُدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَذَلِّلْھُمْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَقَھِّرْھُمْ کَمَا قَھَّرْتَ اَبَا جَھْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ط صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ط اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ط فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہ

نوٹ:۔ اگر کسی دن فجر سے قبل نہ ہو سکے تو بعد نماز فجر قبل طلوع پڑھے۔ پڑھتے وقت دشمن یا کسی اور کا نام لینے کی ضرورت نہیں صرف تصوّر کافی ہے۔

۱۶۰- بابُ الحُبّ خصوصی

تسخیر و محبّت کے عملیات تقریباً ہر کتاب میں ملتے ہیں پھر بھی اکثر احباب کو اس قسم کے عملیات کی تلاش و جستجو رہتی ہے۔ ہر ایک چاہتا ہے کہ تیر بہدف عمل مل جائے جب میں اس طرف متوجہ ہوا تو جو تعویذ و عملیات تسخیر و محبت کے اب تک مجھے ملے ہر ایک کو کامیاب پایا۔ مگر ایسا بھی ہوا کہ انہیں کامیاب عملیات نے بعض پر کچھ اثر نہ کیا۔ ایسا کیوں؟ اس فکر نے تجسّس کے دروازے کھول دئیے اور میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ سفید کپڑے پر ہر ایک رنگ آسانی سے چڑھ جاتا ہے اگر کپڑا سفید مگر میلا ہے تو پہلے میل دور کرنا ہوگا۔ اگر کپڑا پہلے سے ہی رنگین ہے اور رنگ بھی نیلا، اُودا، کالا ہو تو اس پر سُرخ، گلابی، یا پیلا رنگ نہیں چڑھ سکتا۔ اس مثال سے ہر عقلمند آدمی آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ اس کے لئے پہلے رنگ کو اتارنا پڑے گا۔ ہاں پیلے پر گلابی اور گلابی پر سرخ رنگ باآسانی چڑھ سکتا ہے۔ کہ اولاد کو ماں باپ اور ماں باپ کو اولاد کی جانب، بی بی کو شوہر اور شوہر کو بی بی کی جانب مائل کرنا بہت آسان ہے مگر جبکہ دل میل سے صاف ہو یعنی غرض یا لالچ یا بخل یا دین سے بے رغبتی کا میل نہ ہو تو بہت آسان ہے مگر جب دل پر مخالف رنگ چڑھا ہو، جیسے شوہر کسی دوسری عورت کی طرف یا عورت کسی دوسرے مرد کی طرف مائل ہو تو زیادہ دشواری پیش آئے گی اور اگر نفسانی خواہشات کی ہوس پر گناہ کی سیاہی چڑھ چکی ہو تو اس کو دور کرنے کے بعد ہی کامیابی ممکن ہے اسلئے تسخیر و محبّت کے عملیات میں ہر سبب کو بھی پیش نظر رکھنا پڑتا ہے خصوصاً اس حالت میں کہ دونوں میں پہلے تو خلوص و محبّت ہو اور اب اس میں تبدیلی واقع ہو۔ تو عمل یا تعویذ دینے سے قبل اس کی وجہ پر غور کیا جائے، خصوصاً زن و شوہر کے تعلقات میں فرق واقع ہو تو اور زیادہ تجسّس کی ضرورت ہے۔

پہلی وجہ ۔ کبھی شوہر کی ناراضگی کا سبب اپنی تنگدستی، مفلسی، قرضداری، دوست احباب سے اختلاف جس سے چڑچڑا پن پیدا ہو جاتا ہے اور اس کی بھڑاس شریکِ زندگی ہی پر ناراض ہو کر نکلتی ہے

یہ محبت کی کمی کی دلیل نہیں لہٰذا اس موقع پر محبّت کا تعویذ نہیں بلکہ سکونِ قلب کی یا اس کی تکلیف دُور کرنے کی تدبیر کرے۔

دوسری وجہ ۔ عورت کی بے وقت اور خلاف مصلحت فرمائشات، خواہشات کا نتیجہ بھی یہی ہوتا ہے کہ شوہر مار پیٹ کرتا ہے خود بی بی سے بھاگتا ہے یا اسے مکان سے نکالنا چاہتا ہے ۔ اسمیں زیادہ قصور عورت کا ہے مرد کا نہیں اس موقع پر عورت کے لئے صبر و قناعت کا عمل کرے۔

تیسری وجہ ۔ جس میں مرد تقریباً بے قصور ہوتا ہے ۔ مثلاً عورت کی سرد مہری، ناز و نخرے، بدزبانی اینٹھ اکڑ، میکے والوں کی بے جا مداخلت و حمایت ، ہر بات پر ضد، مرد کی خدمت سے روگردانی وغیرہ وجوہات ہوتی ہیں، جس میں زیادہ تعداد ان عورتوں کی ہوتی ہے جو شوہر کے ماں باپ، بہن بھائیوں سے تعلقات برداشت نہیں کرتیں اور شوہر کے سر سارے الزامات عائد کرتی ہیں اور کبھی اپنا قصور ظاہر نہیں کرتیں ۔ اس موقع پر تعویذ سوچ سمجھکر کرنا چاہیئے بلکہ تعویذ و نقش عورت کی عادت و خصلت سدھارنے کا دینا چاہیئے ۔

چوتھی وجہ ۔ عورت کی ناز یبا حرکات ، بدکرداری ، فحاشی وغیرہ کی وجہ سے مرد ناراض رہتا ہے۔ اگر ایسی عورت کو شوہر کی محبّت کا تعویذ دیا تو وہ عورت گناہ پر اور دلیر ہو گی ، ابھی شوہر کی ناراضگی کا خوف کچھ روکتا ہے اور جب وہ اندھی محبّت میں مبتلا ہوگا تو یہ آزادانہ سب کچھ کرے گی، اگر عامل نے اس کی مدد کی تو وہ گناہ پر مدد کرنا ہوگا جس کی سزا قیامت کے دن یا دُنیا میں اس عامل کو بھی ملے گی۔

پانچویں وجہ ۔ جس میں حقیقتاً نہ مرد قصور دار ہے نہ عورت بلکہ تیسری شخصیت ان دونوں کے درمیان بگاڑ پیدا کرنا چاہتی ہے، جس میں شوہر کے ماں باپ، بہن و بھائی کا ہاتھ ہوتا ہے یا عورت کے ماں باپ بہن بھائی کا ہاتھ ہوتا ہے یا پڑوسیوں کا ۔ عامل کے لئے یہ موقع بہت ہی کٹھن ہوتا ہے کیونکہ شوہر آئے گا تو وہ بالکل لاعلم ہوگا یا فطرتاً بیوی کے گھر والوں کا قصور بتائیگا۔ اور بیوی آئے گی تو وہ لاعلم ہوگی یا جانتے ہوئے بھی سارا الزام شوہر کے عزیزوں پر ڈالے گی۔ اور اس کی تحقیق عامل کے لئے بھی دشوار ہوگی ۔ اس موقع پر یا تو استخارہ سے کام لے یا دونوں

کرے اصلاحِ نفس، دونوں سے خلوص و محبت بلکہ جمیع اعزہ کے درمیان خلوص و محبت کا حصار کے ذریعہ ملاک
تھام کرے کہ کسی کا کوئی حربہ کامیاب نہ ہو۔ اس سے زیادہ دشواری عامل کے روحانی قوت کے زوال
کے سبب غیر شادی شدہ مرد و زن کی محبت کے عملیات و تعویذات کرنے میں ہے کہ شادی کرنے کا ارادہ کرکے
عامل کو گمراہ کرتے ہیں یا خود کا ارادہ ہوتا بھی ہے تو گھر والوں کی وجہ سے شادی ناممکن ہو جاتی ہے اگر
مرد کے اعتبار پر لڑکی کے لئے محبت کا عمل کیا تو دونوں کی بدنامی یا معصیت کا سبب بن جائے گا۔ اس موقع
پر وارثوں کی تسخیر کا عمل کریں۔

اکثر ایسے ضرورت مند بھی آتے ہیں کہ جن کی مدد کرنا ضروری ہوتا ہے مثلاً عورت فاحشہ یا طوائف سے
شادی کرنے اور اپنی طرف مائل کرنے کیلئے کہ شادی کرکے گناہ سے باز رہے گی۔ اس کام کے لئے تعویذ کرنا
اچھا ہے مگر ایسی عورتوں سے نباہ مشکل سے ہوتا ہے بہر حال پہلے استخارہ کرنا یا تحقیق کرنا ضروری ہے۔
اس کے بعد کوئی کام کرنا چاہیئے اور جب کسی کے لئے محبت کا کوئی تعویذ دے یا عمل کرے تو پہلے یہ دیکھ
لے کہ دونوں کے اتفاق و محبت میں کون حائل ہے اگر اس دیوار کو ہٹا دیا جائے تو کامیابی جلد ہو گی،
انشاء اللہ تعالیٰ۔ اسی طرح جب مرد عورت کی شکایت لے کر آئے تو اس پر بھی غور کرنا ہو گا کیونکہ
قدرت نے عورت کو فطرتاً مرد کا تابع بنایا ہے، پھر مرد سے نفرت کیوں، اس کی بھی چند وجوہ ہوتی ہیں

پہلی وجہ ۔ لڑکی کے ماں باپ کی ناجائز حمایت یا لڑکی کے ساس نندوں کا بے جا سلوک، اس
کی تحقیق کرے اور ان وجوہ کا تدارک کرتے ہوئے بیوی کو مطیع کرنے کا تعویذ و عمل کرے۔

دوسری وجہ ۔ عورت کی خلاف مرضی شادی۔ اس موقع پر عورت کی اصلاح کے ساتھ محبت کا
عمل کرے یا تعویذ دے۔

تیسری وجہ ۔ خود مرد کی کمزوری ہے یعنی قوتِ مردانگی میں کمی یا سرعت انزال جس کی وجہ سے عورت
کی تسکین نفس نہیں کر پاتا جس کی بنا پر عورت کی محبت، نفرت میں بدل جاتی ہے۔ اس موقع پر مرد کا علاج
کرنا ضروری ہے جب وہ کامل ہو جائے تب عمل محبت کرے۔

چوتھی وجہ ۔ صحبت بد ہے، میں اپنے تجربے کی بنیاد کہتا ہوں کہ صحبت بد کا اثر عورت پر اتنا گہرا ہوتا

کہ اس کا اتار بہت مشکل ہوتا ہے اگر مذکورہ بالا وجوہات نہیں تو بیوی کی ہم صحبت عورتوں پر کڑی نظر رکھے کیونکہ بعض عورتوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ دوسروں کے یہاں کشیدگی پیدا کر کے لڑائی کرائیں اور دوسروں کے گھر بگاڑنے میں انہیں سکونِ قلب ہوتا ہے۔ جب تک اس کا تدارک نہ کیا جائے کما حقہٗ کامیابی نہیں ہوتی۔

پانچویں وجہ۔ عورت کا فطری مغرور ہونا یا بدمزاج ہونا یا زبان دراز ہونا۔ ان باتوں سے مرد یہ نتیجہ نکال لیتا ہے کہ عورت مجھ سے محبّت نہیں کرتی حالانکہ وہ محبت تو کرتی ہے مگر عادت سے مجبور ہے، ایسی عورت کے لئے بجائے محبّت کے تعویذ دینے کے اصلاحِ عادت کی تدابیر کرے اور عامل یہ خیال رکھے کہ فطری عادت بڑی محنت سے بدلتی ہے، جو لوگ عورت کو ابتدائی ایام میں سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اور اس کی ہر خواہش کو بخوشی پورا کرتے ہیں خواہ وہ جائز ہو یا ناجائز، انہیں بعد کو احساس ہوتا ہے اگر ایسے لوگ اب سختی کریں گے تو انجام اچھا نہیں ہوگا۔ ایسی عورت کے ساتھ جس کے بگاڑ میں مرد کی اندھی محبت کارفرما ہوتی ہے، مرد کو حسنِ تدبیر سے کام لینا چاہیئے اور جو عورتیں فطرتاً بدمزاج ناقدر شناس ہوں اور اس کے ماں باپ بھی اسی کی حمایت کرتے ہوں تو بہ حسن و خوبی جدا کر دینا بہتر ہے اور اگر اس کا کوئی سہارا نہیں اور نہ اس میں اپنے اچھے بُرے کے سمجھنے کی صلاحیت ہے تو بجائے سختی کرنے کے نرمی سے سمجھائے اور یہ خیال کرے کہ تخلیقی اعتبار سے دونوں برابر ہیں مگر خالق و مالک نے کسی حکمت کے تحت عورت کو محکوم اور مرد کو حاکم فرمایا ہے۔ اگر میں اس کو قصداً یا سہواً لغزشوں پر سزا دینے پر قادر ہوں تو میں بھی اس خالق و مالک کا محکوم ہوں اور میں خود اس مالکِ حقیقی کے احکام کی تعمیل میں غفلت ہی سے کام نہیں لیتا بلکہ اکثر کام صریح تاکیدوں کے باوجود اس کی مرضی کے خلاف کرتا ہوں۔ اگر اس نے میری پکڑ کی اور اس کی سزا دی تو کیا ہوگا؟ اگر مرد اس خیال کے تحت صبر اور درگزر سے کام لے اور اللہ کی ایک بندی پر صرف اللہ کے لئے احسان کرے تو اس کی رحمت سے اُمید ہے کہ وہ بھی اپنے قصور معاف فرما دے۔

تصویر کا دوسرا رُخ: جس طرح عورتوں میں کچھ ناپسندیدہ باتیں فطری یا غیر فطری صحبت بدکیوجہ

سے ظاہر ہوتی ہیں اسی طرح بعض مردوں میں بھی ایسی باتیں پائی جاتی ہیں جوا، شراب، زنا، وغیرہ جیسی عاداتِ بد، کاہلی کی بناء پر گھر میں تنگی رہنا اور اس پر گالی گلوچ مارپیٹ ایسی مظلوم ہستی کو یہ خیال کر کے صبر سے کام لینا چاہیئے کہ جس طرح ایک ملازم نرس کسی پاگل کی خدمت کرتی ہے، وہ نہ تو اس کی گالیوں کی پرواہ کرتی ہے نہ عاداتِ بد کیوجہ سے اپنے فرض سے غافل ہوتی ہے بلکہ وہ تو یہ سمجھتی ہے کہ میں جس کی ملازم ہوں، اس سے اس کی خدمت کا معاوضہ پا رہی ہوں۔ مجھے اس سے کیا لینا ہے۔ اگر عورت اس خیال کے تحت صبر کرے کہ خدا نے اس مرد کی خدمت میرے سپرد فرمائی ہے اور اسکا اجرِ عظیم دینے کا وعدہ فرمایا ہے میں جس کی ملازم ہوں اس کے حکم کی تعمیل میں کوتاہی نہ ہو، مجھے اس کا وہی اجر دے گا جو میرا حقیقی مالک ہے۔ بس رضائے الٰہی کی دھن میں ہر تکلیف برداشت کرے۔ غصہ کو خدا کیلئے حسین مسکراہٹ سے بدل دے، ضد اور آن کو مرضیٔ مولا پر قربان کر دے۔ پھر احساناتِ خالق کے کرشمے دیکھے گی وہ گھر جو اب تک جہنم کدہ ہے وہی گلزارِ رحمت بن جائے گا۔

۱۶۱ ـ **کاجل برائے حُبّ**:۔ سورۂ اخلاص سے تسخیرِ خلائق کا عمل آگے صفحہ ۱۲۶ پر تحریر ہے مگر یہاں تسخیرِ مخصوص کی ترکیب لکھی جا رہی ہے وہ یہ کہ اسی نقش کو مٹی کے چراغ پر لکھیں اور اطراف میں عبارت اس تحریر کی اسطرح کریں۔ اَقسَمتُ عَلَیکُم وَعَزَمتُ عَلَیکُم اَجِب یا اعطرائیل یا اسرافیل یا طاطائیل یا دفتمائیل الحب فلاں بن فلاں علیٰ قلب فلاں بن فلاں بحق سورۂ اخلاص فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام اس کی ماں کا نام لکھے۔ اگر مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کا ٹکڑا مل جائے تو بہتر ہے ورنہ پاک روئی کی موم بتی بنائیں اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں دوسری پلیٹ چینی کی لے کر یہی نقش اور اس کے گرد یہی عبارت لکھ کر چراغ سے ایک بالشت اونچی کر کے الٹی لٹکا دیں تاکہ چراغ کی لو کا دھواں پلیٹ کے نقش پر لگے اور یہ عمل اسی طرح پڑھنا شروع کریں جس طرح بتایا جا چکا ہے۔ ۶ دن کا عمل کرنے کے بعد اس پلیٹ پر اچھا گھی ڈال کر سارا کاجل اس میں ملا لیں مگر گھی زائد نہ ہو جائے۔ اس کاجل کو ڈبیہ میں رکھیں وقت ضرورت اسے آنکھ میں لگا کر مطلوب کے سامنے جائے دیکھتے ہی عاشق ہو۔

۱۶۲۔ **برائے اُلفت** :۔ یہ نقش مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر چراغ جلائے اور مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق یَا وَدُوْدُ پڑھے۔ چراغ کی لَو مطلوب کے مکان کی طرف رکھے اوّل آخر درود شریف ۹ بار مطلوب کے نام میں جتنے حروف ہوں

۷۸۶

۴	۶	۴	۶
۳	۷	۳	۷
۸	۶	۴	۲
۵	۱	۹	۵

الحب فلاں بن فلاں علیٰ قلب فلاں بنت فلاں

اتنے ہی دن یہ عمل کرے اور اگر بیوی کو شوہر کے لئے یہ عمل کرنا ہو یا شوہر کو بیوی کیلئے یا نافرمان اولاد یا سرکش ملازم کے لئے عمل کریں تو کسی میٹھی چیز پر دم کرتا رہے اور مطلوب کو کھلائے۔ یہ عمل مجرّب ہے

۱۶۳۔ **عملِ دیگر** ۔ بروز جمعرات بعد نماز فجر قبل طلوعِ آفتاب اپنے دست و پا کے سب ناخن کاٹ کر اس تعویذ میں لپیٹ کر بتّی بنالے اور نئے مٹی کے پیالے میں رکھکر انگارے اس پر رکھے جب راکھ ہو جائے تو حفاظت سے رکھ لے مگر ناخون کاٹنے سے جلانے تک برابر یَا وَدُوْدُ پڑھتا رہے۔

۷۸۶

۴	۶	۴	۶
۳	۷	۳	۷
۸	۶	۴	۲
۵	۱	۹	۵

زبان ہرگز نہ رکے۔ پھر بعد نماز عصر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس راکھ کو عرقِ گلاب میں حل کرکے رکھ لے اور مطلوب کو شربت میں پلا دے، مطیع و فرمانبردار ہو۔

۱۶۴۔ **گنڈہ برائے محبّت** ۔ یہ عمل زن و شوہر۔ برادر اور فرزند و پدر کی محبت، آپس اتفاق و اتحاد کے لئے بہت مجرّب ہے کہ جن دو میں محبت کرانا مقصود ہو ان دونوں کے پہنے ہوئے کپڑے کی تقریباً دو اڑھائی بالشت لمبی اور چھنگلی کے برابر چوڑی پٹی پھاڑ لیں۔ دونوں کو ملا کر شل ڈوری کے بٹ لیں، پھر یہ دعا سات بار پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ کُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِہٖٓ اِخْوَانًا یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّ اُنْثٰی وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ اِنَّ اللّٰہَ

عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۔ اَللّٰھُمَّ فلاں بن فلاں بنت فلاں وَمَثَلُ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۔ یہاں تک پڑھکر اس ڈور میں ایک گرہ لگائیں، اسی طرح سات بار پڑھکر سات گرہیں لگائیں، جہاں فلاں بن فلاں لکھا ہے وہاں طالب اور اس کی ماں کا نام، مطلوب اور اس کی ماں کا نام لیں ۔ اس کے بعد اس گنڈے کو گلے میں باندھیں، دونوں میں ایسی محبت ہوگی کہ دیکھنے والے رشک کریں گے ۔

۱۶۵ ۔ اسمائے اصحابِ کہف

۔ دو دوستوں، بھائیوں ۔ عزیزوں، بہن بھائیوں، زن و شوہر، ماں بیٹوں دیگر اقرباء، ملازم یا مالک، افسران اور ماتحت غرض ان تمام افراد کے درمیان محبت کے لئے اسمائے اصحاب کہف بے نظیر نقش محبت ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم الٰہی بحرمت این نقش معظم

۱ یملیخا	۲۳ مکسلمینا	۴۵ کشفوطط	۱۸ اذرفط یونس	۴۰ یونس کشافط	۱۳ تب یونس	۳۵ یوانس بوس
۲۹ یوانس بوس	۱۵ یملیخا	۳۷ مکسلمینا	۱۰ کشفوطط	۳۲ اذرفط یونس	۵ کشافط یونس	۴۷ تب یونس
۴۱ تب یونس	۱۴ یوانس بوس	۲۹ یملیخا	۲ مکسلمینا	۲۴ کشفوطط	۴۶ اذرفط یونس	۱۹ کشافط یونس
۳۳ کشافط یونس	۶ تب یونس	۲۸ یوانس بوس	۴۳ یملیخا	۱۶ مکسلمینا	۳۸ کشفوطط	۱۱ اذرفط یونس
۲۵ اذرفط یونس	۴۷ کشافط یونس	۲۰ تب یونس	۴۲ یوانس بوس	۸ یملیخا	۳۰ مکسلمینا	۳ کشفوطط
۱۷ کشفوطط	۳۹ اذرفط یونس	۱۲ کشافط یونس	۳۴ تب یونس	۷ یوانس بوس	۲۲ یملیخا	۴۴ مکسلمینا
۹ مکسلمینا	۳۱ کشفوطط	۴ اذرفط یونس	۲۶ کشافط یونس	۴۸ تب یونس	۲۱ یوانس بوس	۳۶ یملیخا

الحب فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن فلاں

الٰہی الحب فلاں بن فلاں بحرمت یملیخا ۔ مکسلمینا کشفوطط ۔ اذرفط ۔ کشافط یونس ۔ تب یونس ۔ یوانس بوس وکلبھم قطمیر وعلی اللہ قصد السبیل و منھا جائر بفضل سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فلاں بن فلاں کی جگہ محبوب کا نام اور اس کی ماں کا پھر دوسری جگہ محب کا نام اس کی ماں کا لکھیں ۔ اس نقش معظم کو لکھ کر پانی میں ڈال دیں اور اس کا پانی اہل خانہ کو پلائیں سب میں میل محبت خلوص ایک دوسرے کی جانب سے پیدا ہو اور جن کے نام ہوں گے، ان میں خاص طور سے ولولہ محبت پیدا ہو ۔ اور دعائے اسمائے اصحاب کہف ۷ بار پڑھکر شربت اور چائے یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں بہت زود اثر ہے ۔

اگر طالب خود اس دعا کو پڑھے تو صرف مطلوب کا نام اس طرح لے کر پڑھے دعا یہ ہے یَا مُسَخِّرُ سَخِّرْ لِیْ قَلْبَ فلاں بن فلاں اور اگر کسی دوسرے کو پڑھ کر دے تو اسے تاکید کر دے کہ طالب اپنی زبان میٹھے پر لگا کر مطلوب کو کھلائے یا شربت اور چائے کو بسم اللہ شریف پڑھکر تین سانس میں خود پی لے پھر مطلوب کو پلائے یہ ضروری نہیں کہ مطلوب کو دکھا کر ہی پیئے۔

مطلوب اگر دور ہو — تو اس کے نام کے اعداد نکال کر اتنی بار پڑھے، مطلوب تین دن میں حاضر ہو اگر پہلے یا دوسرے دن آجائے جب بھی تین دن پڑھے اس کا عمل تین دن سے کم نہیں اور سات دن سے زیادہ نہیں کرنا پڑتا یا تو اس کی خیریت ملے، پیغام آئے یا وہ خود آئے۔ **ایک سوال** اگر کوئی قیدی قید میں ہو تو سات دن میں کیسے آسکتا ہے تو یہ عمل اتنا قوی تر ہے کہ اس کا اثر سب پر ظاہر ہوتا ہے، جن کے قبضے میں مطلوب ہو وہ سب اس کی حمایت کریں۔ اگر قیدی سات دن میں نہ مل سکے مگر اس کی آزادی کے آثار سات دن میں ضرور پیدا ہو جائیں گے۔ اگر مطلوب کے نام کے اعداد زیادہ ہوں تو اعداد کی تکسیر کر لیں۔ تکسیر کا طریقہ یہ ہے کہ کسی نام کے اعداد ۵۸۷ ہوں تو ان سب کو جمع کر لیں تو صرف ۲۳ ہوتے ہیں صرف ۲۳ بار پڑھیں۔ جو حضرات اعداد نہ نکال سکیں تو صرف ۱۴۱ بار پڑھیں۔

۱۶۶۔ **فتیلہ برائے تسخیر** — مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر مندرجہ ذیل فلیتہ لکھ کر بتی بنائیں اور مٹی کے چراغ میں خوشبودار

علیقا میلیقا ما اتفذ مرن علی علی علی علی علی علی

۷۸۶

ددودددود ۱۱۱۱ الحب فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن فلاں

داد ۴۱۵ ع ع

تیل ڈال کر جلائیں اگر مطلوب کا کپڑا نہ مل سکے تو کاغذ پر لکھ کر بتی بنائیں اور اس کو پاک روئی اور لپیٹ کر جلائیں۔ اگر چراغ محبت میں یہ فلیتہ روشن کریں تو زود اثر ہوگا۔

۱۶۷۔ **چراغِ محبّت** — یہ نقش چراغ پر لکھے یا کندہ کرالے یہ چراغ زن و شوہر کی نا اتفاقی، نافرمان اولاد کو مطیع کرنے، اعزہ و اقربا۔ دوست احباب۔ رشتہ دار۔ ملازم یا افسر و ماتحت، غرض جن سے کسی قسم کا واسطہ یا تعلق رہتا ہو یا رہ چکا ہو ان سب کی ناراضگی اور نا اتفاقی کے لئے یہ چراغ بہت مفید ہے خواہ یہ نفرت کسی وجہ سے پیدا ہو گئی ہو یا پیدا کر دی گئی ہو خواہ وہ اسی شہر

میں ہو یا کسی دوسرے شہر میں اس کا عمل پورا ہونے سے قبل حاضر ہو مناسب ہے کہ فلیتہ برائے تسخیر لکھ کر اس چراغ میں جلائے فرق یہ ہے کہ اس چراغ کے اوپر پہلے طالب کا نام بعد میں مطلوب کا اور نیچے کی عبارت میں نام مطلوب پہلے اور نام طالب بعد کو لکھا جائے گا۔ مع والدہ کے نام کے یہ عمل ۲۷ روز کا ہے۔ جب چراغ روشن کرے تو ۷ ۲ عدد کالی مرچ یا دکنی مرچ لے اور مطلوب کا تصوّر کر کے ہر مرچ پر ایک بار وَمَا رَمَیْتَ

الٰہی بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و بحرمت این نقش معظم المحب فلاں بن فلاں علیٰ قلب فلاں بن فلاں

۶۹۱	۲۵۱	۴۲۴	۱۱۱۶	۵۳۶	۵۲۸	۱۹۵
۲۵۱	۴۲۴	۱۱۱۶	۵۳۶	۵۲۸	۱۹۵	۶۹۱
۴۲۴	۱۱۱۶	۵۳۶	۵۲۸	۱۹۵	۶۹۱	۲۵۱
۱۱۱۶	۵۳۶	۵۲۸	۱۹۵	۶۹۱	۲۵۱	۴۲۴
۵۳۶	۵۲۸	۱۹۵	۶۹۱	۲۵۱	۴۲۴	۱۱۱۶
۵۲۸	۱۹۵	۶۹۱	۲۵۱	۴۲۴	۱۱۱۴	۵۳۶
۱۹۵	۶۹۱	۲۵۱	۴۲۴	۱۱۱۶	۵۳۶	۵۲۸

ھم ھم ھم ھم ھم ھم ھم ھم ھم ھم ھم ھم
علم علم علم علم علم علم

ھطط ھطط ھطط ھطط ھطط

حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق

لھا لھا لھا لھا لھا لھا

بمحبت وفواد و سمع و بصر و لب و عقل و بدن و جمیع جوارح فلاں بن فلاں علیٰ محبت و مودۃ و ارادۃ و طاعۃ و اتباع و شفقۃ فلاں بن فلاں العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ الساعۃ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد و آلہ وسلم

اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی پڑھکر دم کر کے آگ میں اسطرح مارے کہ آگ میں ہی رہے اِدھر اُدھر نہ جائے اور یہ تصوّر ہو کہ مطلوب سامنے موجود ہے اس کے دل پر مار رہا ہوں۔

۱۶۸۔ **عمل مطلوب کو طالب بنانے کا۔** مطلوب کتنی ہی دور ہو کیسی ہی نفرت رکھتا ہو یہ عمل اصلاحِ قلب کر کے اس کے دل کو طالب کیجانب مائل کرتا ہے اور اس کے موکل جتنے آپ سے مانوس ہوتے جائیں گے اتنا ہی ولولۂ عشق و محبّت مطلوب کے قلب میں پیدا ہوتا جائے گا یہانتک کہ جدائی کے لمحات شاق گذرنے لگتے ہیں اور مطلوب طالب بن کر حاضر ہوتا ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قُل ھو اللہ احد بحرمت جبرائیل اللہ الصمد بحرمتہ اسرافیل لم یلد بحرمتہ میکائیل ولم یولد بحرمتہ عزرائیل ولم یکن لہٗ کفواً احدٌ بحرمتہ دردائیل و مھرائیل ۳۶۰ مرتبہ اوّل آخر درود شریف تین بار۔

۱۶۹۔ **عمل دیگر**۔ اگر کسی کے دل میں اپنی محبّت پیدا کرنی چاہے کہ اس کو بغیر آپ کے چین نہ پڑے تو مطلوب کے داہنے پاؤں کے تلے نیچے کی مٹی لاکر اس پر سات بار یہ دعا پڑھکر بروز اتوار دم کرے۔ اَللّٰھُمَّ یَارَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَحَمَلَۃَ الْعَرْشِ وَالْکُرْسِیِّ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا وَّ اَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ اَلْحُبُّ فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن فلاں پھر اس مٹی کو آگ میں ڈالے، مطلوب بے قرار ہوکر حاضر ہو۔

۱۷۰۔ **عمل دیگر**۔ شوہر یا بیوی یا اولاد یا ملازم جو دوسروں کے فریب میں آکر آپ سے نفرت کرنے لگتا ہے یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہو۔ بار بار بھاگ جاتا ہو اس کے لئے بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کے ساتھ ملاکر سو بار پڑھے اور میٹھی چیز پر دم کرکے کھلائے۔ اگر مطلوب کی عادت بہت زیادہ خراب ہوگئی ہو یا مطلوب کسی اور جگہ ہو تاکہ جب تک وہ نہ آجائے کچھ کھلایا پلایا نہیں جاسکتا تو مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھکر اس طرف منہ کرکے دم کرے جہاں وہ ہو۔ اور اگر مطلوب بیوی یا شوہر یا اولاد کے علاوہ کوئی اور ہے تو اس کے اور اس کی ماں کے نام کے اعداد شامل کرکے پڑھے اور یہ دعا اور عمل ہر دوشنبہ کو کرے۔ پڑھتے وقت تصوّر مطلوب کا رکھے بہت مجرّب ہے۔ طریقہ یہ ہے۔ بسم اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ہ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ط اٰمِیْن بستم بستم سرتاپا ہر ہر عضو فلاں بن فلاں تامن نکشایم کس نکشاید بحق العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا برحمتک یا ارحم الراحمین۔

مگر بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کے لام میں ملاکر پڑھنا نہ بھولیں اگر سمجھ میں نہ آئے تو کسی صاحب علم سے دریافت کرکے صحت کرلیں اور اس عمل کو زود اثر کرنا چاہیں تو کالی مرچ پر دم کرکے آگ میں ڈالتے جائیں۔ اگر کالی مرچ سے کام لینا ہو تو صرف سات بار پڑھنا بھی کافی ہے مگر یہ عمل روز کرنا

کرنا ہوگا اور نہ آگ کے سامنے بیٹھ کر پڑھیں اور ہر مرچ پر دم کرتے جائیں اور آگ میں ڈالتے جائیں بہت مجرب ہے۔

۱۷۱۔ **محبّت کی تسبیح** ۔ یہ آیت کریمہ ایک کاغذ پر لکھیں الحب فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بنت فلاں بحق لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط۔ اتنا موم لیں کہ سو دانے بن سکیں، موم کو قدرے گرم کریں۔ اور اس میں ذرا سی شکر ڈالیں جب دونوں یک جان ہو جائیں تو وہ کاغذ جس پر آیت لکھی ہے اور موم ملا کر کوٹ لیں تاکہ سب ایک ہو جائے، اس کے سو دانے بنالیں پھر ہر دانے میں سوراخ کر کے تسبیح بنالیں اور اس تسبیح پر سو بار یہی آیت کریمہ پڑھیں، اگر طالب خود پڑھے تو صرف آیت کریمہ پڑھے اور کوئی دوسرا شخص پڑھے تو جس کے لئے پڑھے پہلے الحب فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور علی قلب فلاں بن فلاں کہیں۔ پڑھنے کے بعد طشت یا پلیٹ میں ڈور اتوڑ کر بکھیر دیں، پھر مطلوب کا جائزہ لیں کہ کیا حال ہے اگر مطلوب بے قرار ہے تو انتظار کرے ورنہ دوسرے روز اسی وقت یہ کہ پہلے دن جس وقت پڑھا تھا پھر دانوں کو پرو کر سو بار پڑھے، پھر تیسرے دن اس کے بعد اپنے گھر کے کونے میں دفن کر دے یا کسی قبر میں ڈال دے۔ اگر کوئی شہر سے دور ہو تو تین دن پڑھے ۔ یہ عمل خاص رشتہ داروں یعنی زن و شوہر کی کشیدگی کے لئے یا نافرمان بیٹوں کے لئے کریں، غرض جائز امور میں کریں ناجائز کاموں یا جس سے معصیت میں مبتلا ہونے کا امکان ہو ہرگز نہ کریں۔

۱۷۲۔ **نقش محبّت** یہ نقش محبت جس میں پہلا نقش اسم اللہ اور اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تکسیر کے طریقے پر بنایا گیا ہے اور دوسرا نقش ایک دعا کا ہے۔

۷۸۶

د	م	ح	م	ه	ل	ل	ا
ح	م	ل	ح	ل	م	ا	د
ل	ح	م	ا	ل	م	د	ه
ا	ل	م	م	د	ح	ه	ل
د	م	ح	م	ه	ل	ل	ا

عزمت علیکم واقسمت علیکم یا اسرائیل یا طاطائیل یا دردیائیل یا روبائیل یا تنکفیل الالفتہ فلاں بن فلاں علیٰ قلب فلاں بن فلاں بحق این نقش معظم مکرم۔

جو ہر خانہ میں چار عدد بڑھا کر پُر کیا جاتا ہے اور تیرھویں خانہ میں کسر ہے جس میں ایک اور بڑھا کر پُر کیا جائے گا گویا صرف تیرھویں خانہ میں ۵ عدد بڑھائے جائیں گے۔ ان دونوں نقوش کو اس طرح کام میں لائے کہ پہلا نقش لکھکر داہنے بازو پر باندھے اور دوسرا نقش لکھکر بائیں بازو پر باندھے شام کو پہلے داہنے بازو کا نقش کھول کر بائیں پر باندھ لے پھر بائیں کا کھول کر داہنے بازو پر باندھے اسی طرح ادل بدل کرتا رہے۔ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو

۷۸۶

۷۲۱	۷۳۳	۷۴۶	۶۹۳
۷۴۲	۶۹۷	۷۱۷	۷۲۷
۷۰۱	۷۵۴	۷۲۵	۷۱۳
۷۲۹	۷۰۹	۷۰۵	۷۵۰

المحب فلاں ۲۸۹۳ بن فلاں ۲۸۹۳ علی قلب فلاں ۲۸۹۳ بن فلاں ۲۸۹۳

اس کی دوسری ترکیب یہ ہے کہ پہلے کو مٹی کے چراغ پر لکھے اور دوسرے کا فلیتہ بنا کر جلائے مگر جب فلیتہ لکھنا ہو تو بسم اللہ شریف نہ لکھے بلکہ ہر چاروں خانوں کے اوپر ۷۸۶ لکھے۔ اگر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا مل جائے تو اس پر فلیتہ لکھے اور اسی کو جلائے ورنہ کاغذ پر لکھے اور پاک روئی میں لپیٹ کر فلیتہ بنالے۔

جب چراغ روشن کرلے تو یہ عزیمت اتنی بار پڑھے جتنے حروف مطلوب اور اُس کی ماں کے نام میں ہوں اور اتنی ہی سیاہ مرچوں پر دم کر کے آگ میں جلائے۔ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا طَاطَائِیْلُ یَا دَوْدِیَائِیْلُ یَا دُوْیَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ اَلْاُلْفَۃُ فلاں بن فلاں علیٰ قلب فلاں بن فلاں بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور اگر طالب خود پڑھے تو یا تَنْکَفِیْلُ کے بعد یوں پڑھے اُلْفَتِیْ فلاں بن فلاں یعنی اُلْفَتِیْ کے بعد مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور کالی مرچ پر دم کر کے آگ میں ڈالے۔

۱۷۳۔ ایک جان دو قالب طریقہ تکسیر۔ تکسیر کے کئی طریقے عاملین نے مقرر فرمائے ہیں مگر زیادہ تر طریقے سمجھ سے بالاتر اور سخت ہیں۔ بعض بیاضِ عاملین کی نقلیں دیکھنے کا اتفاق ہوا ان میں تکسیر ہی سے موکلین اور طلسم استخراج کرنے کے جو طریقے رموز و اشارات میں درج ہیں ان کو فقیر سمجھنے سے قاصر رہا مگر تکسیر کے ذریعے دو مخالف ذہنوں کو ہمخیال بنانے اور دو خون کے پیاسوں ...

اُلفت ومحبت کرنے کی جو تعریف سُنی اس نے تلاش وجستجو کو اور بڑھایا ۔ اتفاقاً آج سے دس برس بیشتر حضور مرشدی مفتیِ اعظم ہند دامت برکاتہم القدسیہ نے جبلپور میں تکسیر کا طریقہ تعلیم فرمایا اور ایک صاحب نے تکسیر بنوائی بھی اس کے تیار کرنے میں تین دن صرف ہوئے ۔ تکسیر تو تیار ہوگئی مگر اس سے موکلین کے استخراج کرنے کا طریقہ دریافت کرنے کی ہمت نہ ہوئی مگر مثل مشہور ہے جو ڈھونڈہ یا بندہ نتیجہ یہ ہوا کہ ایک بہت آسان طریقہ سرکاروں کے کرم سے دستیاب ہوا ۔ واقعیٔ تکسیر کے ذریعہ جن دو مخالف قلوب میں محبّت پیدا کی جاتی ہے وہ ایسی انمٹ ہوتی ہے کہ اس کا کاٹ نہیں ۔ سفلی اور حسادو سے کچھ دن ایک دوسرے کے دماغوں کو دُور تو رکھا جاسکتا ہے مگر اس محبّت کو فنا نہیں کیا جاسکتا ۔ قید اور موت عارضی جدائی تو کر سکتے ہیں مگر دونوں کے قلوب سے ایک دوسرے کی محبّت کو ختم نہیں کر سکتے غرض مشیت ربّ کے سوا اس پر کسی کی دسترس نہیں ، اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْر ۔

۱۷۴ ۔ **تکسیر بنانے کا طریقہ** :۔ تکسیر میں نام طالب مفرد یعنی الگ الگ حروف لکھے جیسے کہ نقش محبت میں اسم یا اللہ لکھا ہے ، اس کے بعد اسم یا ودود لکھے اس کے بعد نام مطلوب کا جُدا جُدا حروف میں لکھے اسطرح ایک سطر تیار ہوگئی پھر اس کے نیچے طالب و مطلوب کے حروف کو ایک دوسرے میں اسطرح مدغم کرے کہ پہلے مطلوب کے نام کا آخری حرف دوسری سطر میں اتارے اس کے بعد طالب کے نام کا پہلا حرف اتارے اس کے بعد مطلوب کے نام کے آخری حرف سے پہلا حرف اتارے اس کے بعد طالب کے نام کے پہلے حرف کے بعد کا حرف اتارے ، اسی طرح دوسری سطر تیار کرلے پھر دوسری سطر کے حروف کو آخر اوّل کے حروف میں مدغم کرتا چلا جائے ۔ جب سب سے اوپر والی سطر نیچے اُتر آئے تکسیر ہو جائیگی اس آخری سطر کو زمام کہتے ہیں ۔ تکسیر کا قاعدہ بغیر مثال کے سمجھنا مشکل ہے اس لئے مثال تحریر ہے ۔ پہلے نام طالب یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پھر ودود لکھا پھر خلق اور تحریر کیا یہ کل حروف پندرہ (۱۵) ہوئے ۔ پھر حروف کو اسی طرح مدغم کیا پہلی سطر کا آخری حرف ق ہے ۔ ق کو میم کے نیچے لکھا ، پھر پہلا حرف م لے کر اس کے برابر درج کیا اس طرح ایک حرف آخر کا اور ایک پہلے کا لے کر لکھتے گئے تو دوسری سطر مدغم ہوگئی ۔ اب دوسری سطر کو تیسری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱ م	ح	م	د	و	د	و	د	خ	ل	ق	ا	ل	ل	ہ
۲ ہ	م	ل	ح	ل	م	ا	د	ق	و	ل	د	خ	و	د
۳ د	ہ	و	م	خ	ل	د	ح	ل	ل	و	م	ق	ا	د
۴ د	د	ا	ہ	ق	و	م	م	و	خ	ل	ل	ل	د	ح
۵ ح	د	د	د	ل	ا	ل	ہ	ل	ق	خ	و	و	م	م
۶ م	ح	م	د	و	د	و	د	خ	ل	ق	ا	ل	ل	ہ

تکسیر حروفی

سطر میں اس طرح مدغم کریں جب سب سے پہلی سطر نیچے اُتر آئی تو تکسیر مکمل ہوگئی اب ان کے موکل دریافت کریں اور اسمائے موکل حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ طالب کے حروفِ مرکز کا موکل اور مطلوب کے نام کے حرفِ محیط کا موکل کون ہے یہ نقشے میں دیکھیں تو پتہ چلے گا کہ م جو اسم طالب کا حرفِ مرکز ہے[1] اس کا موکل ہے رویائیل اور اسم مطلوب کا حرفِ محیط ہ ہے اس کا موکل ہے دوریائیل اب اسم اللہ یعنی وَدُودُ کے حرفِ مرکز اور حرفِ محیط کے موکل دریافت کریں کہ حرفِ مرکز اسم کا واؤ ہے اور موکل اس کا ہے رفتمائیل اور حرفِ مرکز دال ہے موکل اس کا ہے دردائیل ہے ۔ یہ چاروں موکلوں کے اسماء نقش کے چاروں کونوں پر لکھیں یہ نقش مکمل ہوگیا۔ اب چار نقش لعددی اسی طرح پُر کریں۔ اس میں سے ایک کسی سعد ساعت میں دفن کریں، دوسرے کو دریا میں ڈالیں، تیسرے کو ہوا میں لٹکائیں اور چوتھے کا فلیتہ بنا کر روئی لپیٹیں، پھر پہلے نقش کی نقل مٹی کے چراغ پر اتارلیں اور اس میں اس فلیتے کو جلائیں اور پہلی تکسیر حرفی کو اپنے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں۔ یہ طریقہ بہت معتبر و آزمودہ ہے ۔ تکسیر بنانے میں یہ خیال رکھیں کہ اس میں غلطی کا بہت امکان ہے اور اگر ایک جگہ بھی بھول ہوگئی تو زمام صحیح نہ نکلے گی ۔ ابتداءً میں نے تکسیر بنانے میں بڑی محنت کی ہے اسی خیال سے کہ عام طور پر احباب اس سے فائدہ نہ حاصل کر سکیں گے۔ شمع شبستانِ رضا اوّل، دوم، سوم میں اس کو درج نہیں کیا، مگر اب دِل نہیں چاہتا کہ اسکو پوشیدہ

---

[1] : نام کا مرکز نکالنے کا طریقہ سابقہ اوراق میں اسی طرح محیط اور موکل کا طریقہ سابقہ اوراق میں درج ہے۔

تکسیر ۷۸۶ اعدادی

۵	۳۰	۳۰	۱	۱۰۰	۳۰	۶۰۰	۴	۶	۴	۶	۴	۴۰	۸	۴۰
۴	۶	۶۰۰	۴	۳۰	۶	۱۰۰	۴	۱	۴۰	۳۰	۸	۳۰	۴۰	۵
۴	۱	۱۰۰	۴۰	۶	۳۰	۳۰	۸	۴	۳۰	۶۰۰	۴۰	۶	۵	۴
۸	۴	۳۰	۳۰	۳۰	۶۰۰	۶	۴۰	۴۰	۶	۱۰۰	۵	۱	۴	۴
۴۰	۴۰	۶	۶	۶۰۰	۱۰۰	۳۰	۵	۳۰	۱	۳۰	۴	۴	۴	۸
۵	۳۰	۳۰	۱	۱۰۰	۳۰	۶۰۰	۴	۶	۴	۶	۴	۴۰	۸	۴۰

رکھا جائے ۔ اس لئے لکھ تو دیا اور احباب کی خاطر ۲ حروف سے ۲۴ حروف تک کی تکسیر بناکر دیکھا کہ پہلی سطر میں کتنے حروف ہیں تو اس کی زمام کتنی سطر میں برآمد ہوگی تاکہ آپ آسانی سے بنا سکیں اور غلطی کو محسوس کرنے میں آسانی ہو جائے ۔

۲ حرفی تکسیر سے لے کر ۲۴ حرفی تکسیر بناکر یہ دیکھنا پڑا کہ کتنے حرف کی تکسیر کی زمام کتنے سطور میں برآمد ہوتی ہے اس سے ہمارے احباب کو بڑی آسانی ہوگی ۔

تعداد حرف	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
تعداد سطر	۳	۴	۴	۶	۷	۵	۵	۱۰	۷	۱۲	۱۱

۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۱۰	۱۵	۶	۶	۱۳	۱۹	۱۳	۱۱	۸	۱۳	۲۴	۲۲

ضروری نوٹ ۔ اگر طالب خود اپنے لئے تکسیر بنائے پھر بیٹیا باپ کے لئے یا باپ بیٹے کے لئے یا بھائی حقیقی بھائی کے لئے یا بیوی شوہر کے لئے یا شوہر بیوی کے لئے تکسیر بنائے تو طالب و مطلوب دونوں کے ماں کے نام لکھنے کی ضرورت نہیں، صرف اپنا اور مطلوب کا نام لکھیں درمیان میں ان اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک اسم یا ودود ۔ یا لطیف ۔ یا بدوح ۔ یا جامع ۔ یا محیط ۔ یا عزیز ۔ یا قریب ۔ یا مؤلف ۔ یا مسخر البتہ اسم یا مؤلف کے پانچ حروف شمار ہوں گے یعنی م ۔ و ۔ ء ۔ ل ۔ ف اور بقول حضرت محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ کے ۶ کو الف مان کر اس کا ایک عدد بھی جوڑا جائے گا اس قاعدے سے یا مؤلف کے

اعداد ۱۵۷ ہوں گے۔ اور اگر کسی دوسرے کیلئے تیار کریں تو اسمیں طالب و مطلوب دونوں کی ماں کا نام تحریر کریں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر تکثیر محبت کیلئے بنائی جاوے تو اسم یَا وَدُودُ۔ یا بدوح۔ یالطیف یالطیف۔ یاعزیز۔ یا مؤلف۔ یا مسخر اور اگر بیوی گھر میں بیٹھ گئی ہو یا شوہر جدا ہو گیا ہو۔ یعنی قریبی عزیز کی جدائی خواہ کسی وجہ سے ہو تو یا جامع۔ یا محیط۔ یا قریب میں سے کسی اسم کا انتخاب کریں۔

۱۷۵۔ **برائے محبّت زوجہ** ـــــ اگر کسی کی بیوی لڑکر میکے گھر چلی گئی ہو اور وہ طلاق یا خرچ چاہتی ہو تو یہ نقوش بعد نماز ظہر شرف قمر میں لکھے جب ساتوں نقوش لکھ لے تو اس ترتیب سے آگ میں جلائے۔

۱۱۱۱۱	۱۱۱۱	۱۱۱	۱۱	۱
۵ مشسمع ۷۵	مـ ـہ	مـ ـہ	۵۵ ودود سماؤ	ودود عجب ودود

۱۱۱۱۱۱۱	۱۱۱۱۱۱
الھم ۵ ۱	مصبح ۵۵

اگر کسی دوسرے کو یہ نقوش لکھکر دے تو ہر نقش کی پشت پر لکیریں بنا دے۔ پہلی کی پشت پر ایک لکیر دوسرے پر دو ۱۱ تیسرے پر تین ۱۱۱ جس طرح ہر نقش پر بنا دیئے گئے ہیں اور جس کو دیں اس کو سمجھا دیں کہ اسی ترتیب سے جلائیں شرف قمر ہر ماہ ۲½ دن کا ہوتا ہے کسی جنتری سے دن اور وقت معلوم کرلیں۔

بَابُ العَدَاوتُ

اس باب میں دو افراد کے درمیان عداوت پیدا کرنے، دشمن کو برباد کرنے یا اس کے گھر کو ویران کرنے یا دشمن کو ہلاک کرنے کے عملیات و تعویذات درج ہیں۔ عداوت کے عملیات کی نہ مجھے خود اجازت نہیں کئی بار استخارہ کے ذریعہ اجازت چاہی مگر نہیں ملی۔ یہ وہ کام ہے کہ اس میں دینی و دنیاوی خسارہ زیادہ اور مفاد بہت کم ہے۔ اکثر عورتیں شوہر کے ماں باپ بہن بھائیوں میں اختلاف پیدا کرنے کی عموماً خواہشمند رہتی ہیں، اوّل تو وہ اپنی فطرت سے ایسے حالات پیدا کر دیتی ہیں کہ گھر میں اتحاد باقی نہیں رہتا، اگر شوہر سنجیدہ، اور ماں باپ، بیوی کے حقوق کو جانتا ہے اور سب کے حقوق حکم شریعت کے مطابق ادا کرتا ہے، بیوی کی خود غرضی کو ٹال جاتا ہے تو عورت جادو ٹونے، تعویذ و عملیات کے ذریعہ نفاق پیدا کرنے کی کوشش کرتی ہے اور پیشہ ور عامل بھی چند ٹکوں کی خاطر دوزخ کے بھیانک عذاب کی پرواہ نہیں کرتے۔ اسی طرح اکثر لوگ خود شرارت کرتے ہیں اور جب دوسرا اس کا جواب دیتا ہے تو اس کے دشمن بن جاتے ہیں، چور کو چور کہنا جرم، چوری خیانت دھوکہ، فریب سے روزی حاصل کرنے والے کو حرام خور کہنا گالی ہے، غرضیکہ کسی کو برا فعل کرتے دیکھ کر ٹوکنا سب سے بڑی دشمنی ہے۔ ایسے لوگ خود تو شرمسار نہیں ہوتے، بُرے کاموں سے توبہ نہیں کرتے بلکہ کسی نہ کسی طرح ایک مخلص کو تباہ و برباد کر دینا چاہتے ہیں، اس کے لئے عمل تلاش کرتے ہیں یا عاملان کو ڈھونڈتے ہیں۔ ایسی حالت میں عاملین کو بڑی دشواری پیش آتی ہے کہ سائل واقعیٔ مظلوم ہے یا اپنے جرم کی پردہ پوشی میں کسی کو برباد کرنا چاہتا ہے۔ اگر عامل خدا کے حضور جوابدہی سے خوف کھاتے ہوئے دنیاوی لالچ کو ٹھکرا سکتا ہے مگر سائل کو کسی وجہ سے لوٹانا بھی نہیں چاہتا تو ایسے حضرات کے لئے بہترین تدبیر یہ ہے کہ وہ سائل کے کہنے کے مطابق ہلاکت یا بربادی کا عمل ہرگز نہ کرے۔ بلکہ اپنی یا سائل کی حفاظت کا عمل کرے۔ اس کے لئے دعا جامع المطلوب و دافع الکرب اور نادِ علی شریف کا عمل کرے، نقش سیفی یا تکبیر جنہ اپنے پاس رکھے یا دیگر ایسے

عملیات تلاش کریں جس کے ذریعہ سائل کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے، اسی طرح کبھی کسی عورت کے کہنے کیمطابق شوہر اور اُسکی ماں بہنوں کے درمیان عداوت کا عمل نہ کریں بلکہ زن و شوہر کی محبت کا عمل کریں اور نقش دیں انشاء اللہ اسی سے شکایات ختم ہو جائیں۔

عمل دشمن کو خود اپنی آتش عداوت میں جلنے کا ۔ یہ عمل کرنے سے قبل دشمن کی اصلاح کی ہر تدبیر کرے اس نیت سے کہ رشتہ ایمانی تمام رشتوں سے بالاتر ہے، اسی رشتہ کے سبب اللہ والوں میں شمار ہوتے ہیں، اسی رشتہ کی نسبت سے دوسرے مسلمان بھی ہمارے بھائی ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ دنیوی رشتے کا بھائی ہو یا دینی رشتے کا، انتقامی کارروائی سے پہلے اصلاح کی رسمی تدبیریں نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے مؤثر تدبیریں کریں اور جب دیکھے کہ جوتوں کے بھوت باتوں سے نہیں ملتے تب یہ عمل کرے۔ سات روز زوال یا غروب آفتاب کے وقت دشمن کا تصور کرکے کھیعص۔ حمعسق اس طرح پڑھے کہ ک کہکر داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کرے پھر ہ پڑھکر اس کے برابر والی انگلی بند کرے پھر ی پڑھکر اس کے برابر والی پھر ع پڑھکر اس کے برابر والی شہادت کی انگلی پھر ص پڑھکر انگوٹھا بند کرے، اسی طرح ح پڑھکر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پھر میم پر اس کے برابر والی پھر ع پر اس کے برابر والی پھر س پڑھکر اس کے برابر والی پھر ق پڑھکر انگوٹھا بند کریں، اب دونوں مٹھیاں بند کرنیکے بعد سورۂ فیل اس طرح پڑھے۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِیْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ع۔ جب ترمیھم پر پہنچے تو ہر میم پر اسی ترتیب سے انگلیاں کھولتا جائے جس ترتیب سے بند کی ہیں۔ اس کے بعد سورۂ مذکورہ کو پورا کرے اور دشمن کی طرف یا دشمن کے گھر کی طرف دم کر دیا کرے۔

عمل دشمن سے انتقام لینے کا۔

جس دشمن سے جان و مال کے نقصان کا قوی خطرہ ہو اور خود اس سے مقابلہ کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اسی عمل کو کرے۔ بعد نماز عشاء آگ دہکائے پھر برہنہ ہو آئندہ صفحہ پر دیا گیا نقش لکھے اور آگ کے

۸۴۰	۵۰۴	۵۶	۶۱۶	۱۳۴۴
۴۴۸	۱۰۶۴	۱۰۰۸	۶۷۲	۱۶۸
۷۸۴	۵۶۰	نام دشمن مع نام والدہ	۷۲۸	۲۱۱
۳۹۲	۲۸۰	۱۱۲۰	۱۲۳۲	۳۳۶
۸۹۶	۹۵۲	۱۱۷۶	۱۱۲	۲۲۴

حصہ چہارم سامنے بیٹھ کر دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق یہ دعا پڑھے بعد ختم دعا اس نقش کو جلائے ۔ یَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ ۔ اگر دشمن کو مارنا ہو تو اس کو آگ میں جلتا تصوّر کرے اور اگر صرف نقصان پہنچا کر اصلاح مقصود ہے تو یہ تصوّر کرے کہ دشمن آگ اور تمہارے درمیان پڑا ہے اور گرمی کی شدّت سے پریشان ہے ۔ یہ عمل دشمن کے نام میں جتنے حروف ہوں اتنے دن کرے اگر فوری خطرہ ہو تو برابر بغیر ناغہ تعدادِ حروف کے مطابق پڑھے ورنہ ہر ساتویں دن کرے یعنی پہلا عمل اگر اتوار کو کرے تو ہر اتوار ہی کو کرے اسطرح یہ عمل اتنے ہفتے میں پورا ہوگا جتنے دشمن کے نام کے حروف ہیں ۔

عمل برائے ہلاکیٔ دشمن ۔ یہ عمل انتہائی مجبوری کی حالت میں کرے کیونکہ بعض حضرات کی فطرت شر پسند ہوتی ہے ۔ تکبّر و غرور کسی کی عزت کرنے سے روکتا ہے اور ہر ایک کو گری نظر سے دیکھتا ہے یا گفتگو کا انداز مغرورانہ ہوتا ہے ۔ تلخ کلامی اور ڈینگیں مارنے کی عادت سے اہل محلہ یا اہل بستی کو خود دشمن بنا لیتے ہیں ۔ جب اہل بستی اپنی عزت و آبرو کی حفاظت کی خاطر مقابلہ پر آمادہ ہو جاتے ہیں تو عملیات کی تلاش ہوتی ہے اگر ایسا کوئی شخص اس پر عمل کرے گا تو رجعت کا امکان ہے اور اگر واقعی مظلوم ہے اور پوری بستی ظالمانہ جان و مال تلف کرنے کی فکر میں ہے تو یہ عمل ضرور کرے ایک ہی رات میں انقلاب آجائیگا ۔ مگر یہ عمل تین رات چاند کی ۱۲ ، ۱۳ ، ۱۴ تاریخ کو کرے ۔ پہلی شب یہ نقش لکھے اور مصلّے کے نیچے سجدے کی جگہ رکھے ۔ نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے ۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ہر شب نصف شب کو بیدار ہو کر غسل کرے ، کپڑے پہنے پھر تازہ وضو کرے پھر نقش لکھ کر مصلّے کے نیچے سجدے کی جگہ پر رکھے ۔ پھر اس مصلّے پر دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں ثناء اور سورہ فاتحہ کے بعد چالیس ۴۰ بار سورہ فیل اور دوسری رکعت میں سورہ کافرون چالیس ۴۰ بار جب نماز سے فارغ ہو جائے تو سجدے میں یَا قَادِرُ تین بار یَا مُقْتَدِرُ تین بار یَا عَزِیْزُ تین بار

	قہار	اللہ	دائم	رب	متین	قیوم	تواب	دلیل	رقیب	
قیوم	ق	ا	د	ر	م	ق	ت	د	ر	رب
اللہ	ا	د	ر	م	ق	ت	د	ر	ق	قہار
دائم	د	ر	م	ق	ت	د	ر	ق	ا	اللہ
رب	ر	م	ق	ت	د	ر	ق	ا	د	دلیل
متین	م	ق	ت	د	ر	ق	ا	د	ر	رقیب
قہار	ق	ت	د	ر	ق	ا	د	ر	م	متین
تواب	ت	د	ر	ق	ا	د	ر	م	ق	قیوم
دلیل	د	ر	ق	و	د	ر	م	ق	ت	تواب
رقیب	ر	ق	ا	د	ر	م	ق	ت	د	دائم
	رب	قیوم	اللہ	دائم	رقیب	متین	قہار	تواب	دلیل	

یَا عَلِیْمُ تین بار پڑھے پھر سجدے سے سر اٹھا کر یہ دعا تین بار پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ خُذْلِی حَقِّیْ فلاں بن فلاں وَاجْعَلْہُ عِبْرَۃً لِّلْمُعْتَبِرِیْنَ یَا شَدِیْدُ ط اَللّٰھُمَّ اَھْلِکْہُ کَمَا اَھْلَکْتَ قَوْمَ فِرْعَوْنَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ط۔ اس دعا میں فلاں بن فلاں کی جگہ دشمن کا نام مع والدہ کے لے اور دشمن زیادہ ہوں تو سب کا نام مع والدہ کے لیں اور جس کی والدہ کا نام معلوم نہ ہو تو بن حوّا کہیں۔

برائے مغلوبی اعداد تسبیح غوثیہ ۔ اگر پوری بستی آمادۂ قتل ہو اور دور نزدیک کوئی ہمدرد نظر نہ آتا ہو تو اس وقت رات کو بعد نماز عشاء یَا شَیْخُ عَبْدُ الْقَادِرُ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ ۵۰۰ بار اول آخر درود غوثیہ ۷ بار اور زوال کے وقت طفیل حضرت دستگیر دشمن ہوئے زیر ۵۰۰ بار اوّل آخر درود غوثیہ ۷ بار۔ ان اعمال کے کرنے سے حق تعالیٰ حق فیصلہ فرماتا ہے۔ اگر اس کا عامل بے قصور ہے اور دشمن جان و مال کسی لالچ یا خود غرضی کی بنا پر سرکشی پر آمادہ ہے تو دشمن کتنے ہی طاقت ور کیوں نہ ہوں تباہ و برباد ہو جاتے ہیں، اور کسی غلط فہمی کے سبب اگر دشمنی ہو گئی ہو تو آخر کار دونوں میں صلح ہو جاتی ہے۔

دشمن کے گھر کو برباد کرنے کا عمل - دوپہر کو ایک مٹھی خاک ہاتھ میں لیکر سر برہنہ دھوپ میں کھڑے ہو کر سات بار تبت یدا پھر سات بار سورۂ ناس پھر سات بار سورۂ فیل لایلف اور اکتالیس بار یَاقَاھِرَ الْعَدُوِّ یَاوَالِیُ یَابُدُّوحُ یَاقَاھِرُ الْعَدُوِّ پڑھکر اس خاک پر دم کرے دشمن کے گھر میں ڈال دے یا دشمن کے گھر کی طرف پھینک دے۔ اگر وہ خاک راہ گذر کی ہے تو دشمن ذلیل و خوار ہوگا، اگر وہ خاک کسی ویران، اُجڑے ہوئے گھر کی ہے تو دشمن کا گھر و مال سب برباد ہو جائے گا اور وہ خاک مسجد کی ہوگی تو دشمن کو گھر چھوڑ کر بھاگنا پڑے گا یا ویران و برباد ہوگا۔ یہ عمل کسی مسلمان کے لئے کرنے سے ڈرنا چاہیئے کہ وہ جس کے واسطے کرتا ہے کیا خبر اسی کے لڑکے یا خاندان کے کسی فرد سے اسی عمل کے ذریعے یہ خود یا ماں باپ ہلاک ہوں، بیٹے یا دیگر قریبی رشتے دار ہلاک ہوں۔ جیسا کرے گا، اس کے ساتھ بھی ویسا ہی ہوگا۔

دشمن کو جسمانی اذیت پہنچانے کا عمل - مٹی کے کوئی برتن مثل پیالے یا سکوری یا آبخورے یا برتن کے ٹکڑے پر جس پر پانی نہ پڑا ہو یہ نقش لکھکر دریا میں یا کنوئیں (باولی) میں یا تالاب یا حوض میں ڈال دیں۔ اور نقش نیب کی پتی پر لکھکر وہ شخص خود چبا کر دشمن کی راہ گزر پر تھوک دے جس جگہ سے دشمن بار بار گزرتا ہو چند

۱۱	۲۴	۲۱	۱۸
۲۲	۱۷	۱۲	۲۳
۱۶	۱۹	۲۶	۱۳
۲۵	۱۴	۱۵	۲۰

۷۸۶

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

۷۸۶

ہی روز میں دشمن طرح طرح کی تکلیفوں میں مبتلا ہو جائے گا۔ یہ عمل قمر در عقرب میں کریں تو زود اثر ثابت ہوگا مگر یہ خیال رہے کہ اس قسم کے عمل معمولی دشمنی یا بلا وجہ کی دشمنی میں ہرگز نہ کرنا چاہیئے کیونکہ یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ غلطی خود کی ہوتی ہے اور جب بھائی دوست یا مالک جس کے یہاں کام کرتے ہیں نکال دیتا ہے یا اس غلطی پر سخت کلامی کرتا ہے تو اس کے نقصان کے درپے ہو جاتے ہیں۔ ایسا کرنے والے عمل کے ذریعے انتقام لینے کی کوشش کریں وہ یا تو دنیا ہی میں ذلیل و خوار ہوتے ہیں ورنہ قیامت کے دن اس کی سزا ضرور پائیں گے، ایسے حضرات کو اس کتاب کے عملیات یا نقش سے کام لینے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔

دشمن سے محفوظ رہنے کا عمل ۔ جب دشمنوں کے شر در سے فتنے زیادہ بڑھیں تو ان کے ضرر سے محفوظ رہنے کے لئے یہ تینوں نقش لکھکر اوپر کا نقش گلے میں ڈالے اور دوسرے دونوں نقوش لکھکر ایک داہنے بازو پر دوسرا اُلٹے بازو پر باندھے اور ہر روز صبح کو اس بازو کا دوسرے

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

۷۸۶

۵۸	۵۲	۶۰
۵۹	۵۷	۵۴
۵۳	۶۱	۵۶

۷۸۶

۳۴	۲۹	۳۷
۳۶	۳۳	۳۱
۳۰	۳۸	۳۲

بازو پر اور دوسرے بازو کا پہلے بازو پر باندھ لیا کرے۔ جب تک دشمن قدرت خدا سے اپنے انجام کو نہ پہنچ جائیں یا صلح صفائی نہ کرلیں، برابر نقوش داہنے کا بائیں اور بائیں کا دائیں بازو پر الٹ پھیر کرتے رہیں۔

برائے ہلاکت ۔ یہ عمل غیر مسلم یا ایسے نام کے مسلمان کے لئے جو دین سے بیزار ہو جس کے نزدیک دین اور دین کے احکام کی کوئی وقعت نہ ہو اور اکثر مسلمان جس کے ظلم کا شکار رہتے ہوں۔ غریب اور عزت دار کی عزت اور آبرو خطرے میں ہو اس وقت یہ عمل قمر در عقرب میں کرے۔ پہلے یہ نقش لکھے اور بیچ میں دشمن کا نام مع والدہ کے لکھے پھر آگ جلا کر پاس

۱۴۰	۵۰۴	۵۶	۶۱۶	۱۳۴۴
۴۴۸	۱۰۶۴	۱۰۰۸	۶۷۲	۱۶۸
۷۸۴	۵۶۰	نام دشمن مع نام والدہ	۷۲۸	۱۲۸۸
۳۹۲	۲۸۰	۱۱۲۰	۱۲۳۲	۳۳۶
۸۹۶	۹۵۲	۱۱۷۶	۱۱۲	۲۲۴

رکھے اور دشمن کے نام کے اعداد کے مطابق یہ پڑھے یَا دَاھِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ۔ پڑھتے وقت دشمن کا تصور رکھے۔ جب تعداد پوری ہو تو اس نقش کو آگ پر جلائے، جب نقش پورا جل جائے کپڑے پہن لے۔ دشمن طرح طرح کی خطرناک بیماریوں میں مبتلاء ہو کر ختم ہو جائے گا۔

استخارہ در منسوب حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ

یہ استخارہ حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ سے منسوب ہے اور بہت مجرب و معتبر ہے جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے اور نہ معلوم ہو کر کیا انجام ہوگا تو اس کو لازم ہے کہ فاتحہ اوپر روح پُرفتوح حضرت غوث پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پڑھے اور لڑکے نابالغ کو کہے کہ نیت کام کی کر کے انگلی اس جدول پر رکھے اور جو راز لڑکے سے کہنے کے قابل نہ ہو تو خود فاتحہ پڑھ کر سچے دل سے آنکھیں بند کر کے انگلی رکھے اور جو اس نیچے لکھا ہو اس پر عمل کرے مراد کو پہنچے گا۔ جدول حسب ذیل ہے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲
۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸
۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶
۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴
X	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	X

مطلب استخارہ

نمبر ۱۔ جو نیت کر دل میں رکھتا ہے خدا پر نظر کر کے چند روز صبر کر مرادِ دلِ خاطر خواہ پائے گا اول تردد بہت ہے۔

نمبر ۲۔ فال نیک ہے مراد پائے گا، مطلب دل کے موافق ملے گا، انشاء اللہ

نمبر ۳۔ یہ کام کہ جو تیرے دل میں ہے پرہیز کر اور جو کرے گا تو پریشانی ہوگی۔

نمبر ۴۔ جو کام کر سوچا ہے دل میں بطفیلِ میراں محی الدین کے ملے گا خاطر جمع رکھ انشاءاللہ تعالیٰ۔

نمبر ۵۔ جو چاہتا ہے تو پاوے گا اللہ کے فضل سے مقصد حاصل ہوگا خاطر جمع رکھ۔

نمبر ۶۔ اس کام میں خلل پڑیگا، چند روز صبر کرنا چاہیئے، آخر کو اچھا ہوگا اگر خدا نے چاہا۔

نمبر ۷۔ جو امید کہ دل میں رکھتا ہے تو آرام پائے گا چند روز صبر کرنا چاہیئے آخر کو اچھا ہوگا جلدی درکار نہیں ہے۔

نمبر ۸۔ جو نیت کہ دل میں رکھتا ہے تو بہتر ہوگی اچھی ہے اندیشہ نہیں کرنا چاہیئے انشاءاللہ تعالیٰ حاصل ہوگا

نمبر ۹۔ جو حاجت رکھتا ہے تو اچھی ہے اندیشہ نہیں کرنا چاہیئے انشاءاللہ تعالیٰ مراد حاصل ہوگی۔

نمبر ۱۰۔ جس کام کو دل میں سوچا ہے تو ملے گا اور امید پوری ہوگی اللہ تعالےٰ کے کرم سے۔

نمبر ۱۱۔ یہ کام بہت اچھا ہے خاطر جمع رکھ۔

نمبر ۱۲۔ جو ارادہ دل میں رکھتا ہے تو تھوڑے دنوں صبر انجام اس کا اچھا ہوگا۔

نمبر ۱۳۔ جو تیرے دل میں بات ہے وہ اچھی نہیں ہے اس سے پرہیز کر ورنہ شرمندہ ہوگا

نمبر ۱۴۔ یہ فال بہت مبارک اور اچھی ہے اس کا انجام خدا کے فضل سے اچھا ہوگا۔

نمبر ۱۵۔ جو یہ کام کہ تو اپنے دل میں رکھتا ہے ہوگا لیکن تیرا دشمن تجھ سے برہم ہوگا۔ صبر کر۔

نمبر ۱۶۔ خدا کے کرم سے تھوڑی کوشش میں تیرا کام پورا ہوگا۔

نمبر ۱۷۔ جو مطلب کہ تیرے دل میں ہے اسکو پوشیدہ رکھے خدا پورا کرے گا۔

نمبر ۱۸۔ یہ کام ہونے والا نہیں ہے اس سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

نمبر ۱۹۔ اس فال میں نکلتا ہے کہ یہ کام ہرگز نہیں ہوگا اس کا کرنا اچھا نہیں صبر کر۔

نمبر ۲۰۔ اس کام سے پرہیز کرنا چاہیئے اور تھوڑے دنوں کوشش مت کر خدا پر چھوڑ۔

نمبر ۲۱۔ یہ کام البتہ پورا ہوگا۔

نمبر ۲۲۔ اس فال میں نکلتا ہے کہ روزی اور رزق پائے گا، اندیشہ نہ کر۔

نمبر ۲۳۔ جو چیز کسی سے مانگے گا وہ پائے گا دل میں وسواس نہ کر۔

نمبر ۲۴۔ جو کسی سے سوال کرے گا خدا کے کرم سے پائے گا۔

نمبر ۲۵ - اس کام کو ہرگز نہ کرنا چاہیئے، اسکا خیال بھی دل میں نہ لانا چاہیئے، شرمندہ ہوگا۔

نمبر ۲۶ - خداوند کریم اس کام کو اچھی طرح سے پورا کرے گا کوشش کر تو کام ہوگا۔

نمبر ۲۷ - جو حاجت تیری ہے وہ ہرگز ہونے والی نہیں، محنت اور کوشش ضائع ہوگی۔

نمبر ۲۸ - جو تیرے دل میں نیت ہے تیری مراد کے موافق پوری ہوگی۔

نمبر ۲۹ - جو کام کہ تو دل میں سوچتا ہے پورا ہوگا لیکن تھوڑے دنوں صبر کر۔

نمبر ۳۰ - یہ فال تو تیری اچھی ہے لیکن خیال اچھا نہیں ہے تھوڑے دنوں ٹھہر جا۔

نمبر ۳۱ - اس کام میں بیکاری اور دشمن گھات میں ہیں تو جو محنت کریگا خلل پڑے گا۔

نمبر ۳۲ - اس کام میں کوشش ہو رہی ہے جتنی تو کوشش کرتا ہے ہونے والا نہیں در گذر کر

نمبر ۳۳ - خدا پر بھروسہ کام تیرا پورا ہوگا۔

نمبر ۳۴ - یہ فال تیری اچھی ہے جو نیت تو کرتا ہے اچھی ہوگی۔

نمبر ۳۵ - اس کام میں تندرستی نہیں اس کی فکر سے پرہیز کر۔

نمبر ۳۶ - یہ کام نیک طرح پر انجام ہوگا فال اچھی ہے۔

نمبر ۳۷ - جو کام تیرے دل میں ہے اس کا تعلق چند آدمیوں سے ہے پورا ہوگا۔

نمبر ۳۸ - تیری فال اچھی ہے لیکن عقیدہ درست رکھ۔

نمبر ۳۹ - اس فال میں نکلتا ہے کہ اللہ پر نظر رکھ اور صبر کر۔

نمبر ۴۰ - کام اچھی طرح پر پورا ہوگا، مطلب پورا ہونے کے بعد حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ کی فاتحہ کرنا چاہئیے

نمبر ۴۱ - یہ فال اچھی ہے لیکن دو تین روز ٹھہر جا تو پوری ہو۔

نمبر ۴۲ - یہ کام تو تیرا ہوگا اور آئیندہ کو سب کاموں میں وسواس مت کر

نمبر ۴۳ - جو مطلب تیرا ہے وہ اچھا ہے اسکا ارادہ کر اور ہمت مت چھوڑ خدا سب حال میں ضامن ہے آسان کریگا۔

نمبر ۴۴ - یہ فال انکار کرتی ہے کہ ہرگز تیرے دل کا مقصد پورا نہ ہوگا، پرہیز کر۔

نمبر ۴۵ - جو تیری حاجت ہے اس سے پرہیز کرو ورنہ شرمندہ ہوگے۔

نمبر۴۶۔ جو تیرے دل کی حاجت ہے پوری ہوگی۔ انشاءاللہ۔

نمبر۴۷ - یہ کام ہوگا فال بہت اچھی ہے خاطر جمع رکھ۔ نمبر۴۸ - جو تیرا مطلب ہے خرچ کرنے سے ہوگا۔

نمبر۴۹ - جو تیرے دل میں منصوبہ ہے پورا ہوگا خاطر جمع رکھ۔ نمبر۵۰ - خدا کے فضل سے یہ کام انجام ہوگا۔

نمبر۵۱ - تیرا کام اندھیرے میں پڑا ہوا ہے، تھوڑے دن ٹھہر جا۔

نمبر۵۲ - جو نیّت کہ تیرے دل میں ہے کچھ نہ ہوگی تجھے اختیار ہے کر یا مت کر مگر چھوڑنا بہتر ہے۔

نمبر۵۳ - فال اچھی ہے جلدی درکار نہیں تھوڑے دن ٹھہر جا۔

نمبر۵۴ - خدا کارساز ہے تیرا سب کام اچھا ہے یقین ہے کہ کام نکلے گا۔

نمبر۵۵ - تیری فال منع کرتی ہر گز یہ کام نہیں ہوگا۔

نمبر۵۶ - یہ کام ہونے والا نہیں تجھ کو اختیار ہے کوشش کر یا مت کر۔

نمبر۵۷ - تیرا کام جو ہے اس میں محنت اور مشقت کی ضرورت نہیں ہے اللہ پر توکل کر۔

نمبر۵۸ - تیرا کام ہوگا لیکن تھوڑے دنوں ٹھہر جا پورا ہوگا۔

نمبر۵۹ - فال میں نکلتا ہے جو چاہتا ہے پائے گا، خاطر جمع رکھ۔

نمبر۶۰ - جو تیرے دل کی اُمید ہے پوری نہ ہوگی، پشیمانی اٹھائے گا۔

نمبر۶۱ - جو نیّت تیرے دل میں ہے پوری ہوگی لیکن فال منع کرتی ہے، تھوڑے دنوں ٹھہر جا۔

نمبر۶۲ - اس کام کا کرنا اچھا نہیں ہے اس کام کے کرنے میں توقف ہوگا باقی سب طرح یہ کام اچھے ہیں۔ بہ

نمبر۶۳ - یہ فال مبارک ہے البتہ کام پورا ہوگا، بہت اچھا ہے۔

نمبر۶۴ - یہ کام اچھا نہیں ہے ہر گز نہیں کرنا چاہیئے، فال منع کرتا ہے فائدہ نہیں ہوگا۔

نمبر۶۵ - جو نیت کہ تیرے دل میں ہے پوری ہوگی فال اچھی ہے۔

نمبر۶۶ - جو منصوبہ تیرے دل میں ہے پورا ہوگا، دل میں یقین رکھ۔

نمبر۶۷ - یہ کام ہوگا لیکن تھوڑا صبر کر اس کا آخیر نیک ہے۔

نمبر ۶۸۔ جو تو چاہتا ہے پاوے گا فال مبارک ہے، اس کا اخیر اچھا ہے۔

نمبر ۶۹۔ جو دل میں ہے پورا ہووے سو اس مت کر۔

نمبر ۷۰۔ جو کام تیرے دل میں ہے ہو گا لیکن اس کام کو مت کر، خدا اس کام کے نہ کرنے سے خوش ہو گا
اس کام کو چھوڑنا بہتر ہے۔

دوسرا فالنامہ علم رمل سے بہت بہتر اور صحیح

اوّل چاہیئے کہ وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور سورۂ الحمد پڑھے اور اس کے بعد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک پر فاتحہ پڑھے اور یہ آیت شریف پڑھتا ہوا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ اور آنکھ اپنی بند کر کے اور دل میں اپنے کام کی نیت کرے اور اس دائرے پر انگلی رکھے اور اس کا مطلب جس جگہ انگلی پڑے سے نیچے لکھی ہوئی تفصیل احکام میں دیکھے۔ انشاء اللہ ہر سوال کا خاطر خواہ جواب پائے گا۔ دائرہ میں کہ جس پر انگلی رکھے حسب ذیل ہے۔

۱	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

تفصیل احکام دائرہ

نمبر ۱ - تیری فال اچھی ہے اگر ارادہ سفر کا رکھتا ہے پورب کیطرف جانا بہتر ہے، اگر کام شروع کرنا چاہتا ہے تو اس کام کا انجام اچھا ہے اور جو بیمار کیواسطے فال دیکھی ہے اسکو صفراوی بخار ہے اچھا ہو

جائے گا۔ اور مال کے واسطے سوال کیا ہے تو وقت سے حاصل ہوگا اور خرچ جلدی ہوگا

نمبر۲ بر/۔ فال اچھی ہے، اگر سفر کو پوچھتا ہے تو سفر نہیں ہوگا۔ اگر بیمار کے واسطے فال دیکھتا ہے تو اس بیمار کے پیٹ میں درد ہے غذا کا فساد ہے دیر میں اچھا ہوگا اور اگر مال کا سوال کرتا ہے تو بہت جلد مال ملے گا اور نفع پائے گا۔ تیرے پاس دیر میں جائے گا۔ تیرا رزق بہت ہوگا۔ اگر کسی غائب آدمی کا سوال ہے تو وہ جلد ہی سلامتی سے آئے گا۔

نمبر۳ بر/۔ اگر ارادہ سفر کا رکھتا ہے تو بے اختیار سفر کرنا پڑے گا اور جگہ بہ جگہ جائیگا اور سرگرداں رہے گا اور اگر سوال مال پانے کا رکھتا ہے مال نہ ملے گا۔ اور اگر بیماری اور لڑکے کے واسطے فال دیکھی ہے تو اچھی ہے اور اگر مریض کی صحت کا سوال کرتا ہے تو اس کو بخار اور دست آتے ہیں۔ بہت سی بیماری اٹھا کر اچھا ہوگا اور اس فال کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تیرا حال پریشان ہے اور تھوڑے دنوں تک پریشان رہے گا۔ اور اکثر بُرے خواب نظر آتے ہیں اور نحوست کی حالت میں وقت کٹتا ہے اور تو نحس رہتا ہے۔

نمبر۴ برر/۔ تیری فال اوسط درجے میں ہے نہ اچھی ہے نہ بُری جو سفر کا ارادہ تو دیر سے ہوگا اور جو واسطے ملاقات دوست کے فال دیکھی ہے تو ملاقات ہوگی اور واسطے آنے خط یا خبر کسی کے پاس سے چاہتا ہے تو بہت جلد خط تیرے پاس آئے گا۔ اور اگر ملک اور باپ کو دیکھتا ہے تو حال باپ کا اچھا ہے اور ملک تجھ کو ملے گا اور اکثر یت لکھنے پڑھنے کی پہنچے گی اور فال سے معلوم ہوتا ہے تو حکیم، نجومی یا شاعر ہے اور اگر واسطے مریض کے سوال کیا ہے تو اس مریض کو آسیب نے تکلیف پہنچائی ہے یا کسی نے جادو کیا ہے اس کی تدبیر کرنا چاہئے اور اس مریض کو پیٹ کے درد کا عارضہ بھی ہے اور حال تیرا اچھا ہے۔

نمبر۵ برز۔ فال تیری اچھی ہے جو واسطے وصالِ معشوق کے فال دیکھتا ہے تو وصال میسّر ہوگا اور اگر سفر کرے گا تو سفر بہتر ہے شمال اور مغرب کی طرف جاوے اور اگر تحفہ یا ہدیہ کسی سے چاہتا ہے کہ پاس تیرے آوے تو آوے گا اور اگر عورت کیلئے سوال کیا ہے کہ حمل ہے یا کہ نہیں تو فال کہتی ہے کہ حاملہ ہے تجھ کو شوق شاعری کا ہے اور اچھے خواب دیکھتا ہے تو اور تیرا دل کسی کے عشق میں بے قرار ہے اور جو واسطے مریض کے سوال کیا ہے تو نے وہ مریض خفقان اور بادی کا مرض رکھتا ہے اچھا ہو جائیگا۔

نمبر۶ ۔ فال تیرے ہاتھ میں ہے جو تو کام کرتا ہے وہ خلاف ہوتا ہے اور جو ارادہ سفر کرے تو سفر کا مگر سرگرداں ہوکر پھر واپس آئے گا۔ اور جو واسطے مریض کے فال دیکھے تو مریض بیماری پیٹ رکھتا ہے اور کسی نے جادو کیا ہے، جو واسطے حاملہ کے سوال کرتا ہے تو اس عورت کو خون حیض بند ہے یا پیٹ میں ... ہے اور اگر واسطے غلام اور لونڈی کے سوال کرتا ہے تو حال ان کا اچھا ہے اور جو چور کے واسطے فال ... ہے تو نے تو چور وہ مرد ہے اور غلام کالا اور بدصورت ہے اور چہرے پر چیچک کے نشان ہیں۔ اور جو واسطے بیمار لڑکے کے دیکھا ہے تو اس لڑکے کو چیچک نکلے گی اور جو واسطے راز فاش ہونے کے واسطے پوچھتا ہے تو تیرا راز کھل جائے گا تو اکثر خواب دیکھتا ہے اور ان میں اکثر ڈرتا ہے اور تیرا دل غمگین رہتا ہے

نمبر۷ ۔ جو سفر کے واسطے ارادہ کرتا ہے تو سفر دشواری سے ہوگا اور اس میں فائدہ نہ ہوگا اور قرضداروں کا تقاضا تیرے اوپر بہت ہے اور کوئی شخص تیرا دوست چھُٹ گیا ہے اور مال تیرا جس نے چرایا ہے وہ عورت کالی بلا ہے اور جو مریض کے واسطے دریافت کرتا ہے تو مریض اچھا نہ ہوگا اور جو شاید اچھا ہو جائے تو بیماری بہت اٹھائے گا۔ اور مرض پیٹ کا رکھتا ہے اور اس پر کسی نے جادو کیا ہے اور اکثر تجھے بُرے خواب نظر آتے ہیں۔ اور تجھ کو خوف دشمن سے ہے اور جو واسطے عورت کے سوال کرتا ہے تو تجھ کو عورت ملے گی اور اگر روزگار کے واسطے پوچھتا ہے تو وہ تجھے ملے گا۔ اس فال کا صدقہ دے۔ چیزیں سیاہ رنگ کی مثل کپڑا سیاہ، اُرد اور تیل وغیرہ

نمبر۸ ۔ اگر ارادہ سفر کا کرتا ہے تو میسّر نہ ہوگا اور اگر مال جمع کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو مال ہاتھ آئے گا اور جمع ہوگا اور اکثر غم و غصّہ کھاتا ہے اور تیرے دل میں ڈر مال کی طرف سے ہے اور امید ہے کہ مال تجھ کو عورت سے میسّر آئے گا اور جو دعویٰ مال میراث کا رکھتا ہے تو ملے گی اور اگر مریض کے واسطے پوچھتا ہے تو اس مریض کو مرض دستوں کا ہے اور خون پیٹ سے آتا ہے یا پھوڑا رکھتا ہے اور اس کو مرنے کا ڈر ہے اور کسی عضو میں درد ہوتا ہے اور خواب میں پریشانی دیکھتا ہے اور خواب میں ڈرتا ہے تو تجھ کو چاہیئے کہ سرخ رنگ چیزوں کو صدقہ دیوے اور گوشت چیلوں کو کھلاوے اور اٹھائیس دن تیرے سخت ...

نمبر۹ ۔ فال تیری اچھی ہے جو ارادہ سفر کا کرتا ہے تو میسر ہوگا اور شمال کی طرف اچھا ہے ...

امید ہے کہ اس طرف جاوے گا اور اگر علم پڑھنے کے واسطے پوچھتا ہے تو علم حاصل ہوگا اور اگر عورت کرنے کے واسطے پوچھتا ہے تو بہت جلد نکاح ہوگا اور اگر مال پالنے کے واسطے فال دیکھتا ہے تو مال مشکل سے ملے گا اور جلد خرچ ہوگا اور اگر مریض کے واسطے پوچھتا ہے تو حال بُرا ہے اچھا نہ ہوگا۔ اور اگر اس کے مرض کو پوچھتا ہے تو مرض بلغمی ہے مثل جلندر کے اور اگر حاملہ کے واسطے پوچھتا ہے تو حاملہ کے حیض کا خون بند ہوگیا ہے حمل نہیں ہے اور مریض کے واسطے سفید چیزیں خیرات کرنی چاہئیں مثلاً کھیر، میٹھا، چاول، اور سفید کپڑا وغیرہ اور دس روز سخت ہیں۔

نمبر ۱۰:۔ فال تیری اچھی ہے اور جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے تو مشرق کی طرف جا فائدہ ہوگا اور اگر حال ... کا اور حکیم کا پوچھتا ہے تو حال ان کا اچھا ہے اور اگر بادشاہ کے پاس جانا چاہتا ہے جا سب کام اچھا ہوگا اور اگر مریض کے واسطے دریافت کرتا ہے تو مریض اچھا ہے، مرض اس کو بخار صفرادی ہے شفاء ہوگی اور اگر واسطے شغلِ عمل پڑھنے کے لئے پوچھتا ہے تو پڑھ نفع دے گا اور دل تیرا بھی مائل شغلِ عمل کے ... ہے اور اگر روزگار کے واسطے فال دیکھتا ہے تو ملے گا

نمبر ۱۱:۔ فال تیری اچھی ہے اگر سفر کے واسطے پوچھتا ہے تو سفر نہیں ہوگا اور دوست سے ملاقات ... چاہتا ہے تو ملاقات ہو جائے گی اور جو حاملہ عورت کا سوال ہے اس کے حمل ہے لیکن ابھی لڑکا اس کے پیٹ میں نہیں ہے اور جو بیمار کے واسطے پوچھتا ہے اور فال دیکھتا ہے تو بیمار کا پیٹ پھولا ہوا ہے اور بلغمی بیماری ہے۔ اور پیٹ میں درد بھی ہے دیر سے آرام ہوگا، چند امیدیں تیرے دل میں ہیں۔ حاجت روا کرنے والا ہے اگر مال جمع کرنا چاہتا ہے جمع ہوگا اور امیدیں پوری ہوں گی۔

نمبر ۱۲:۔ فال تیری بُری ہے پورب کی طرف رُخ کرے گا بے اختیاری سے اور اس میں کچھ نفع نہیں ... اور فال یوں نکلتا ہے اگر قیدی کے چھوٹنے کے واسطے فال دیکھی تو وہ نہیں چھوٹے گا۔ دشمن ... گھات میں ہیں، دوستوں سے رنج دیکھے گا اگر بیمار کا سوال ہے تو بیمار تپ دق اور دستوں کی بیماری ... اچھا نہیں ہوگا۔ اگر اچھا ہو جائے تو پھر بیمار ہو جائے گا۔ صدقہ دے کالی چیزوں کا منگل اور پیر کو اگر عورت سے صحبت کرنے کی فال ہے تو وصل ہوگا، تجھے خواب پریشاں دکھائی دیتے ہیں۔

تو نہانے کی حالت میں غسل نہیں کرتا۔ تنگیٔ رزق اور فاقہ تجھ کو رہتا ہے۔ اکیس[۲۱] دن تیرے لئے سخت ہیں، صدقہ دے اور توبہ کر اور خدا تعالےٰ کی طرف رجوع کر۔

نمبر ۱۳ بز۔ تیری فال بُری ہے اگر سفر کا ارادہ ہے تو اس میں نفع ہے۔ اگر بیماری کی فال دیکھی ہے تو اس کو دستوں کا مرض ہے، اس کے دُنبل نکلے ہوئے ہیں اسے جرّاح سے چیرا دلوا دے۔ تیرے دل میں گھبراہٹ ہے، معشوق سے محبّت رکھتا ہے کام میں کوشش کرتا ہے مگر کاہلی ہے اور اکثر بلغمی بیماری اور خون کا فساد رہتا ہے، تجھ پر پندرہ دن سخت ہیں، سُرخ چیز کا صدقہ دے، اگر مال جمع کرنے کا پوچھتا ہے جمع ہوگا۔ تیرے مزاج میں غصّہ بہت ہے تیری طبیعت لڑائی اور قتل پر مائل ہے، ہتھیار اٹھاتا ہے اور سپہ گری کرنا چاہتا ہے اگر شروع کردے تو درست ہوگا اور اسی پیشہ میں روزگار بھی مل جائے گا۔

نمبر ۱۴ ا..ر۔ فال تیری بہت اچھی ہے جو سفر کا ارادہ ہے ہوگا اور اگر مریض کے واسطے پوچھتا ہے تو اسکو پیٹ کا عارضہ ہے اور پیٹ میں سختی ہے دیر میں اچھا ہوگا اور جو واسطے حاملہ کے پوچھتا ہے تو حمل ہے اور لڑکی پیدا ہوگی اور جو معشوق کے ملنے کے واسطے پوچھتا ہے تو وہ ملے گا۔ اور جو چاہتا ہے کہ مال جمع ہو تو جمع ہوگا۔ اگر مال پانے کا پوچھتا ہے تو ملے گا۔ اور اگر کسی کی خبر پانا چاہتا تو جلدی آدے گا اور سب امیدیں برآویں گی۔ فال تیری بہت اچھی ہے۔

نمبر ۱۵ ا ر ر۔ فال تیری بہت اچھی ہے جو سفر کا ارادہ ہے حاصل ہوگا اور جو واسطے ملنے معشوق کے دیکھتا ہے جلد ملاقات ہوگی اور اگر کسی کے پاس سے خط آنے منتظر ہے تو جلد ہی آئے گا۔ اور علم سیکھنے کے واسطے سوال کرتا ہے تو علم حاصل ہوگا اور اگر مریض کے واسطے فال دیکھتا ہے تو مریض آسیب ہے اور اسکو جادو کیا ہے اور دشواری سے اچھا ہوگا صدقہ دیوے بدھ کے روز اور بدھ کے روز مچھلیوں کو دریا میں چھوڑ دے اور ساتوں اناج محتاجوں کو دیوے اور اگر روزگار کیلئے عرضی دی ہے تو جلد حکم ہوگا اور سب کام اچھے ہوں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔

نمبر ۱۶ ؛؛۔ فال تیری اچھی ہے جو سفر کا ارادہ رکھتا ہے اچھا ہوگا۔ شمال کی طرف جا فائدہ اٹھائیگا

اور جو مریض کے واسطے فال دیکھتا ہے تو اس کو بیماری سردی کی ہے مثال کے طور پر جلندر مرض بلغمی ہے اچھا ہو جائے گا۔ دیر سے اور سفید چیزیں خیرات کرے تو سب کام تیرے اچھے ہو جائیں اور جو کام پانی پلانے کا کرے اور قاصدی کرنا فائدہ دیوے گا اور واسطے ملنے مال کے فال دیکھتا ہے تو مشکل سے جمع ہو گا اور جلد خرچ ہو جائے گا اور جو واسطے ملنے معشوق کے فال دیکھتا ہے ملاقات ہو گی لیکن دیر سے ہو گی، اگر کسی شخص کے پاس جانے کا ارادہ رکھتا ہے تو جانا نہیں جانتا کوئی غیب کی بات لیکن خدا تعالیٰ!۔

تعبیر خواب میں مختصر اشارات

خوابیں بچے بوڑھے جوان عورت مرد سب ہی دیکھتے ہیں۔ نیک اور صالح لوگ جو پچھلی شب میں دیکھیں وہ خوابیں اکثر صحیح اور سچی ہوتی ہیں۔ اپنی خواب نیک صالح مرد مومن سے دن میں بیان کریں یا خود نیک تعبیر دے لیں دل سے گھڑ کر ہرگز ہرگز خواب نہ بیان کریں۔ اگر کسی قسم کی ڈراونی خواب دیکھنے میں آئے تو پہلے یہ دیکھیں کہ کسی بادی چیز کے کھانے سے پیٹ میں گرانی تو نہ تھی کہ ایسی خوابیں محض پیٹ میں گیس بن کر دماغ میں گھسنے سے نظر آتی ہیں، حاملہ عورتوں کو یا جن کو حیض ٹھیک وقت پر نہیں ہوتا ان کو اکثر ساری ساری رات ڈراؤنی اور خراب خوابیں نظر آتی ہیں۔ ایسی خوابوں کا کوئی اعتبار نہیں کرنا چاہیئے۔ آیت الکرسی سات بار اور چاروں قل ۳-۳ بار میٹھے تیل پر دم کر کے رکھ لیں اور کان میں سوتے وقت ۲-۲ قطرے ڈال لیا کریں۔ اکثر نمازی پرہیزگار سرکار غوثیت مآب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سچی عقیدت رکھنے والے لوگوں کی اکثر خوابیں اگر پریشان کن ہوں تو گھبرانا نہ چاہیئے بلکہ یہ سمجھنا چاہیئے کہ ایسا واقعہ زندگی میں پیش آنے والا تھا حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعاء و تصرف سے خواب پر ختم کر دیا گیا۔

حدیث میں ارشاد ہوا ہے کہ خواب مرد مومن کی نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ! اپنے نیک بندوں کو اسرار غیبی سے آگاہ فرماتا ہے۔ خوابوں کے متعلق اگر وضاحت کی جائے تو اس کے لئے ایک دفتر بھی ناکافی ہے۔ اس لئے اسی مختصر پر اکتفاء کرتا ہوں۔ دانشمندوں کے لئے یہی بہت کچھ ہے۔

(مؤلف)

انوار الٰہی دیکھنا:۔ جنت نصیب ہو، قید سے آزاد ہو، اعمال نیک ہوں، فراخیٔ نعمت ہر دو جہاں سے۔

انبیا کو خوش دیکھنا:۔ دین و دنیا میں عزت ہو، زیارت پیغمبر نصیب ہو اور غضبناک دیکھنا اسکے برعکس ہو۔

اولیا کو دیکھنا:۔ بشارت نیک افعال اور زیادتی اقبال کی دلیل ہے۔

ابدال کو دیکھنا:۔ موجب زیادتی نیکی، ترقیٔ دارین کی دلیل ہے۔

اسرافیل کو دیکھنا:۔ صاحب خواب کو بہت مبارک ہو دین و دنیا میں۔

آسمان کا دیکھنا:۔ مال ملنے کی دلیل ہے یا رتبہ بلند ہو اور اگر آسمان پر چڑھ گیا ہے تو خدا کے یہاں عزت پائے گا اور صراط سے جلد اُتر جائے گا یا بادشاہ خواہ حاکم مہربان ہو گا۔

ابر آسمان پر دیکھنا:۔ حاکم یا بادشاہ مہربان ہو یا رزق میں ترقی ہو۔

ابر کا ہر جگہ برسنا یا محیط دیکھنا:۔ دباء آنے کی، فتنے کی دلیل ہے اور ایک جگہ برسنا رحمت کی دلیل ہے اور ابر کا معہ بجلی بارش کے دیکھنا قرض ادا ہو، قیدی رہا ہو، بیمار شفاء پاوے۔

آفتاب کو روشن دیکھنا:۔ بلند درجہ کی دلیل ہے ملک عظیم کو پہنچے گا۔ زیادتی رزق کی دلیل ہے اور اگر کسی نے دیکھا کہ آفتاب اس کے گھر میں طلوع ہوا ہے تو اگر وہ بے زن ہے عقد ہو گا۔

آفتاب کو گہن یا گرد و غبار میں ڈھکا دیکھا:۔ مرض یا کسی مصیبت کے آثار ہیں یا صاحب خواب کے والدین کا انتقال ہو گا۔ آسمان کے قریب اُڑ کے پہنچنا حصول دولت و نعمت و دین و دنیا ہو۔

آپ اڑتے دیکھنا:۔ گناہوں سے بری ہو یا سفر کو جاوے اور سلامت گھر واپس آئے۔

اذان کہنا:۔ اگر حج کا مہینہ ہے تو کبھی حج نصیب ہو گا۔ اور اگر غیر ایام حج میں دیکھے اور قربت زمانہ حج ہے تو نیک باتوں کا چرچا کرے گا اور اگر یہ دیکھے کہ وہ کلمہ اذان میں کہتا جن کو خود نہیں جانتا تو وہ چور ہو گا۔

انڈا دیکھنا اور انڈے کا مالک ہونا:۔ اگر کسی نے انڈا پایا اور یہ نہیں معلوم کہ کس پرندے کا ہے تو عورت پانے کی دلیل ہے۔

انڈے کھانا:۔ اگر خاگینا ہے یا کسی اور صورت سے پکا کر کھایا تو مال صالح سے تعبیر ہے اگر خام یا کچا تناول کیا ہے تو مال حرام سے تعبیر ہے اور کسی انڈے کا چھلکا یا بدون سفیدی یا زردی کے کھائی ہے تو مال مردے یا مقتول کا پائیگا۔

اُونٹ کا گوشت کھانا - بیماری اٹھائے لیکن روزی حلال ہاتھ آئے۔
اشرفی کا دیکھنا - لڑکا پیدا ہو یا نفع تجارت ہو یا رتبہ بلند ہو۔
انگوٹھی پہننا - کسی عہدے پر سرفراز ہو یا کسی حسینہ سے عقد ہو۔
انگوٹھی کا پیچ ڈالنا - عورت کی جدائی کا صدمہ اٹھائے۔
انگوٹھی کا کھو جانا - حکومت جاتی رہے، قدر و منزلت ختم ہو جائے۔
انگوٹھی سونے کی بلا نگینہ دیکھنا - عورتوں کو بہت خوب ہے اور مردوں کیلئے نازیب ہے، بلکہ برائی کی علامت ہے۔
اُلّو دیکھنا - مال جانے سے تعبیر ہے۔
آم کھانا - توانگری کی دلیل ہے یا صاحب اولاد ہو۔
آہن دیکھنا - خوشی پیدا ہو یا درجہ بلند ہو۔
آسمان سے شہد یا سرکہ خواہ روغن یا مثل اس کے دیکھنا - یہ سب چیزیں خیر و برکت کی دلیل ہیں۔
آسمان پر قوس و قزح دیکھنا - اگر سبز رنگ ہو امن و امان ہے اور اگر زرد رنگ ہے تو مرض کی دلیل ہے، سرخ رنگ ہے تو دلیل خونریزی کی اور بعضوں نے سرخ رنگ کو نکاح سے تعبیر کیا ہے۔
اذان بے وقت کہنا - ظالم کے جور و ظلم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے یا کوئی تہمت لگے کر صاحب خواب محض بے گناہ ہو۔
اذان راستے میں کہتے جانا - حج کرنے کی دلیل ہے۔
انار شیریں کھانا - بمعنی مال کے ہے بلکہ ہر میوے سے دلیل ہے کہ دُنیا میں خوشی ہوگی۔
انار ترش کھانا - رنج و غم کی دلیل ہے بلکہ جملہ میوہ ہائے ترش کی یہی تعبیر ہے۔
انگور سفید سیاہ کا دیکھنا - اگر موسم یا فصل میں دیکھے تو خیر و برکت کی نشانی ہے، بے فصل دیکھنا مرض یا رنج کی دلیل ہے۔
انگور کا شیرہ نکالنا - انگور کا شیرہ نکلتے دیکھنا خوشی کی دلیل ہے۔

انار میٹھا دیکھنا - نیک نامی اور شادمانی کی دلیل ہے۔

آنکھ کا دیکھنا - اگر دیکھا ہے کہ آنکھ کی روشنی میں زیادتی ہے تو گویا اس کے دین میں ترقی ہے کمی دیکھنا دین میں کمی کی دلیل ہے۔

انگلیوں کا دیکھنا - مقصد سے دور رہنے کی دلیل ہے۔

انگلیوں کا الگ الگ دیکھنا - عزیز و اقارب جدا ہوں۔ تکلیف سے زندگی بسر ہو۔

آگ بغیر دھوئیں کے روشن دیکھنا - بادشاہ یا حاکم کی زیارت ہو، رتبہ بلند ہو، تمام فکروں سے نجات ہو۔

آگ کا کھانا - مال حرام کھائے گا۔ پشیمانی اٹھائے گا۔ یہی تعبیر آگ اٹھانے کی ہے۔

آگ جلا کے پکانا - فضول خرچی سے نجات ہو، نفع بے حساب ہو۔

آگ سے کپڑا جلتے دیکھنا - آنکھ کے نقصان کی دلیل ہے۔

آئینہ دیکھنا - دین و دنیا کی مرادیں حاصل ہونے کی دلیل، اگر عورت حاملہ ہو تو پسر ہونے کی دلیل ہے اور عورت نے دیکھا تو لڑکی پیدا ہو۔

اولے کا میدان دیکھنا - دشمن بدخواہ ہوں بہت۔

اولا کھانا - باعث پریشانی و حیرانی ہے اور کبھی خوشی و شادمانی سے بھی تعبیر ہے

اولے گرتے ہوئے دیکھنا - اگر خلاف موسم دیکھے تو نقصان اٹھائے اور موسم میں دیکھے تو فائدہ اٹھائے۔

آندھی کا دیکھنا - رنج و غم کی نشانی ہے۔

آندھی کا آنا اور بجلی کا گرنا - کوئی بلا آنے والی ہو یا وبا پھیلے۔

اونٹ دیکھنا - اگر قبضہ میں ہے تو دنیا تابع ہو گی، یعنی دنیا سے بے نیاز ہو گا۔ اور اونٹوں کی قطار دیکھے سے تعبیر بھی وہی ہے۔

اونٹ کو جستہ کناں دیکھنا - کوئی بلا آسمانی نازل ہونے والی ہے۔

اونٹ پر آپ کو سوار دیکھنا - سفر کی دلیل ہے یا حج کی نعمت میسر آئے۔

انجیر دیکھنا - مالدار ہونے کی دلیل ہے۔

انجیر کا پتہ دیکھنا۔ خوب نہیں ہے صاحبِ خواب کے لیئے۔
انجیر کا کھانا۔ مال تو ملے گا لیکن حسرت ویاس سے خالی نہیں۔
امرود کا دیکھنا یا کھانا۔ اگر شیریں ہے تو دنیا میں نعمت حاصل ہو، اگر ترش ہو تو مرض ہونے کی دلیل ہے۔
اخروٹ کھانا۔ تجارت میں نفع کی دلیل۔
الائچی دیکھنا خواہ کھانا۔ صاحبِ خواب کی تعریف و ثنا اور نیک کام ہونے کی دلیل اور مال پانا یا حاصل ہونے کی دلیل ہے اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی دلیل ہے۔
اینٹ کا دیکھنا۔ اگر کوری خشک پترایہ سے نکلی ملی ہے تو خزانہ ملنے کی دلیل ہے۔
اینٹ کا دیوار سے نکل جانا۔ کوئی مرد وہاں سے کوچ کر جائیگا یا کوئی عورت گھر چھوڑ جائے گی یا مر جائیگی۔
آبِ زمزم پینا۔ علم اشرف ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ ب

بچھو کا گوشت کھانا۔ اپنے دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔
بچھو کو لحاف و کپڑے و ہر ایک چیز میں گھسے دیکھنا۔ اس کا کوئی دشمن ایسا ہے جو باتیں صاحبِ خواب کی لوگوں کو غیبت میں پہنچاتا ہے۔
بدن میں ناسور دانے۔ یہ تمام مال دستیاب ہونے کی دلیل ہے اور کوڑھ خواہ سفید داغ کا دیکھنا۔
دنبل قرحہ زخم دیکھنا۔ یہی مال پر دلالت کرتا ہے۔
بال زیرِ ناف کم یا زیادہ دیکھنا۔ اگر بال زیرِ ناف کم دیکھے مال پاک اور حلال ملنے کی دلیل ہے، اور بکثرت یا دراز دیکھے حرام مال کی دلیل ہے۔
برہنہ بدن دیکھنا۔ اگر ایسی حالت میں خلق اسکو ملامت نہیں کرتی تو تعبیر اس کی بہتر ہوگی کہ کشائش اور نجات مرض سے ہوگی اور اپنے گناہوں سے پاک ہوگا۔ اگر قرضدار ہو تو قرض ادا ہو۔
بچھو کا ڈنگ مارتے دیکھنا۔ بچھو بمنزلہ دشمن کے ہے۔ چنانچہ جس نے دیکھا کہ بچھو نے ڈنگ مارا ہے تو اس کا کوئی دشمن ہے جو زبان سے اس کے پیچھے ایسی غیبت میں باتیں کریگا جس سے اس کو تکلیف پہنچے۔

بچھو کا مار ڈالنا۔ دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل۔

بچھو سے دوسرے کو کٹوانا۔ صاحب خواب دوسروں کی غیبت کرتا ہے پرہیز کرے۔

بزرگان، زاہد، عابد، مردِ نیک یا فقراء کو دیکھنا۔ نیکی زیادہ ہو، خیر و برکت ہو، عنایت و رحمتِ خدا ہو۔

بادشاہ کو مہربان دیکھنا۔ عزت و توقیر بڑھے، نعمت دنیا ملنے کی دلیل ہے اور بادشاہ کے ساتھ کھانے کی بھی یہی تعبیر ہے۔

بادشاہ کی میت دیکھنا۔ ملک خراب ہو۔

بادام کا دیکھنا۔ دوستوں سے فائدہ ہو۔ غیب سے روزی نصیب ہو، ہمیشہ خوش رہے۔

باغ کا دیکھنا۔ اگر خشک ہے تو باعث رنج و ملال ہے اگر سرسبز دیکھے موجب دولت وجاہ و اقبال ہے

باغ کی سیر کرنا اور میوہ کھانا۔ جنتی ہونے کی دلیل ہے یا کسی حسینہ عورت سے کچھ حاصل ہونے کی امید ہے۔

باغ کا دروازہ بند کرتے دیکھنا۔ رزق میں تنگی ہو، یا عورت کو طلاق ہو۔

باغ آم انگور وغیرہ میوہ دار کا لگانا خواب میں۔ شرف و عزت کی دلیل ہے اور خاردار درختوں کا لگانا برعکس اس کے ہے۔

بادشاہ کو غصے میں دیکھنا۔ رنج و غم کی نشانی ہے۔

بالوں کو کھلے ہوئے چہرے تک دیکھنا۔ تونگر اور مفلس دونوں کے لئے وبالِ جان ہے۔

بال سر کے گرتے دیکھنا۔ دولت ملنے کی دلیل ہے اور اگر قرضدار ہے تو ادائیگی قرض کی دلیل ہے۔

بال اپنے ہاتھ سے مونڈنا اور سر صاف کرنا۔ خلق کی نظروں سے گر جانے کی دلیل ہے۔

بال سر کے کھلے دیکھنا۔ عورت کی شادی کی دلیل ہے

بال سر کے سفید دیکھنا۔ سبب خیر و برکت و زیادتی عمر و حرمت کی دلیل ہے اور اگر سیاہ دیکھے غربت کے لئے انسب ہے اور غنی کے لئے خطر ہے۔

بال سر کے دراز دیکھنا۔ اگر صاحبِ خواب تاجر ہے تو اس کے مال میں زیادتی ہوگی، اگر وہ کاشتکار ہے تو اس کی کاشت میں افزونی ہوگی اگر ان میں سے کوئی نہیں تو اس کے لئے بہتر نہیں ہے۔

بال ڈاڑھی حد سے زائد دیکھنا۔ صاحب خواب کے لئے رنج وغم کی نشانی ہے۔
بال ڈاڑھی مُنڈ جانا۔ جو مرتبہ لوگوں کے درمیان اس کا ہے وہ جاتا رہے گا۔ اسی طرح اگر سر و ڈاڑھی کے بال منڈ گئے یا نوچ ڈالے گئے ساتھ ہی تو اس کا قرض بھی ادا ہو جائے گا۔
بال و سر و ڈاڑھی میں روغن لگانا۔ اگر روغن خوشبودار ہے اور حدِ مقدار پر لگایا ہے تو صاحب خواب کی زینت خوب ہوگی اور اگر زائد روغن لگایا ہے یعنی چہرے پر بہہ رہا ہے تو تعبیر اسکی برعکس ہے، اچھی نہیں ہے۔
بال سفید و سیاہ یعنی کھچڑی دیکھنا۔ فرزند پیدا ہونے کی دلیل ہے اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اسکے حق میں بہتر ہے۔
بال سر کے پریشان اگر عورت دیکھے۔ تو اس کا شوہر غائب حاضر ہوگا اور اگر شوہر نہیں تو نکاح کرے گی۔
بال سر کے اگر عورت دیکھے کہ کوئی تراشتا ہے۔ تو اس کا شوہر اس کو طلاق دے گا اور اگر مرد دیکھے اپنی عورت کے بال سر کے مونڈے ہیں تو اس کے اولاد نہ ہوگی۔
بال زبان پر دیکھنا۔ رنج وغم کی نشانی ہے۔
بال داڑھی میں نکلے ہوئے عورت دیکھے۔ تو اس کا شوہر آجائے گا اور اگر موجود ہے تو سفر کریگا اور بیوہ ہے تو نکاح کرے گی اور جو حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا سردار ہوگا۔
نابالغ کو دیکھنا بال داڑھی کے۔ اگر لڑکے نے دیکھا کہ میرے داڑھی نکلی ہے تو بلوغت سے قبل مر جائے گا۔
بازو کھلے کسی عورت اجنبی کو دیکھنا۔ تو صاحب خواب مال دنیا سے آسودہ ہو جائے گا۔
بول و براز خواب میں دیکھنا۔ مال حرام ملنے کی دلیل۔
بیل فربہ کا دیکھنا کہ ہاتھ آیا ہے۔ تو موافق فربہی اس بیل کے صاحب خواب کو نفع بہت ہوگا۔
بیل برنگ زرد یا سرخ دیکھنا۔ مال سے لدے ہوئے کسی شہر یا موضع میں آتے ہوتے دیکھنا اور بلا وارث کے ہے تو اس جگہ مرض آنے والا ہے۔
بکریاں بہت پالنا۔ کسی جماعت کا حاکم ہونا۔
بیمار، بجلی اور مینہ دیکھے۔ تو شفا حاصل ہو اور جو مقروض ہو تو قرض ادا ہو جائے اور قیدی ہو تو چھوٹ جائے۔

باغ سبز دیکھنا:۔ اگر غیر مسلم ہے تو اسلام اور خوشخبری ہے ۔
بیل کالا عزر دیکھنا:۔ بیماری یا موت یا گرانی غلہ کی دلیل ہے اور یہی تعبیر گوشت سے ہے ۔
بکری چرانا ۔ حکومت ہاتھ آئے اور دودھ پینا مال سے تعبیر ہے ۔
بکریوں کا گلہ دیکھنا ۔ حکومت ہاتھ آئے عزیز و اقارب میں باعزت رہے ۔
بھیڑی دیکھنا ۔ نکاح کی دلیل ہے ۔ بھیڑ کو قتل کرنا عورت کو طلاق دینا ۔
بیل کا گوشت کھانا ۔ روزی مشقت سے ملے گی مگر حلال ہوگی ۔
بھینس کا دیکھنا ۔ رنج و غم کی دلیل ہے ۔
بارانِ رحمت ہونا ۔ سال فراخ ہو ۔ غلّہ کی ارزانی ہو ۔
بھیڑیا دیکھنا ۔ حاکم وقت ظالم سے سامنا ہو ۔
بالائی کھانا ۔ کہیں سے روپیہ ہاتھ آئے ، مفت عیش اڑائے اور بعض نے تعبیر اس کے برعکس کی ہے
باز چڑیا دیکھنا ۔ دشمن پر فتح پائے ۔
بھوکا آپ کو دیکھنا ۔ حیرانی و پریشانی و قرضداری کی نشانی ہے ۔
باورچی کا دیکھنا ، بیابان میں چلنا یا کھانا ۔ کثرتِ نعمت سے مال کی دلیل ہے ۔
بانی کھاتے پیتے دیکھنا ۔ دین و دنیا میں ترقی ہو ۔
بندر یا بلّی دیکھنا ۔ دشمن سے امن رہنے کی دلیل ہے ۔
بہشت یا بہشت کی نعمتوں کو دیکھنا ۔ تقویٰ پرہیزگاری اعمال نیک اور بہشت میں بعد مرنے کے داخل ہونے کی دلیل ہے ۔
باجرہ دیکھنا یا کھانا ۔ خوب نہیں ہے صاحبِ خواب کے لیے ۔
بکری کا دودھ پینا خواب میں ۔ دنیا عیش و عشرت سے گزرے ۔
بالوں میں کنگھی کرتے دیکھنا ۔ خوب نہیں ہے ۔
بندر خواہ بلّی کا پنجہ مارنا ۔ کم عمری کی دلیل ہے یا بیماری کی علامت ہے ۔

بزاز کو دیکھنا۔ خواب میں بزاز کو دیکھنا مرتبۂ اعلیٰ کی دلیل ہے اور یہ دیکھے کہ بزاز کپڑا فروخت کرتا ہے تو کسی سے دشمنی پیش آئے۔

ردیف پ

پانی کا کنوئیں سے جوش کھانا۔ پاکیزہ مال سے اللہ تعالیٰ برکت دے گا۔

پانی سے کنواں خالی ہو جانا۔ مال تلف ہو جانا، قدرے باقی رہ جانا، رنج اٹھانا۔

پانی کنوئیں سے نکال کر درخت میں دینا۔ یتیموں کی پرورش کی دلیل ہے۔

پُل صراط دیکھنا۔ دنیا سے نفرت ہو، نیک کاموں سے رغبت ہو۔

پیسہ پانا۔ حیرانی و پریشانی کی نشانی ہے۔

پارہ پانا۔ روپیہ کثیر پائے مگر بلا ضرورت خرچ ہو جائے۔

پاخانہ پھرنا۔ دین سے خالی ہونا مگر دنیا حصول ہو۔

پان کھانا۔ عزت و آبرو بڑھنے کی دلیل ہے۔

پریاں دیکھنا۔ علم و عرفان حاصل ہو اور ترقی دین و دنیا ہو۔

پیشاب خون کا کرنا۔ پیٹ میں بچہ مر جائے یا عارضہ سخت اٹھائے لیکن صحت ہو جائے۔

پیپ بدن سے جاری دیکھنا۔ اگر بیمار ہو تو صحت ہو، مالدار پریشان ہو، غریب کو آزادی ہو۔

پیاسا آپ کو دیکھنا۔ دنیا کی حرص بڑھے، دین میں خلل پڑے۔

پہننے کا کپڑا پرانا دیکھنا۔ افلاس اور تردّد بڑھے۔

پیوندی بیر دیکھنا۔ لڑکا پیدا ہو عزّت بڑھے۔

پاؤں دیکھنا۔ سفر کی علامت ہے

پہاڑ دیکھنا۔ دشمن پر فتح مندی کی دلیل ہے۔

پہاڑ پر چڑھنا۔ دولت پانے کی دلیل ہے اور رفعت و بلندی کی نشانی ہے۔

پہاڑ کو ڈھانا۔ کسی ظالم کی بنیاد کو ڈھائے گا، یا کسی کو ہلاک کرے گا۔

پانی پر چلنا۔ دولت ملنے کی دلیل ہے۔

پھول دیکھنا سُرخ۔ اگر باغ میں دیکھے فرزند پیدا ہو یا کوئی خوشی حاصل ہو، دونوں جہان میں بہتری ہو۔

پانی کے اندر کھڑے ہونا۔ تندرستی کی دلیل ہے۔

پرندوں کا دیکھنا۔ بزرگی کی دلیل ہے

پھول دیکھنا سفید۔ راحت و آرام ملے۔

پھول گلاب چمبیلی وغیرہ کا دیکھنا۔ خوشی کی علامت ہے اور نیک نامی کی دلیل ہے۔

پاجامہ پھٹا دیکھنا۔ زوجہ کو طلاق دے گا۔

پیالہ دیکھنا۔ زیادتی رزق کی دلیل ہے۔

پاؤں زمین پر مارنا یا پاؤں دیکھنا۔ رنج اور غم کی نشانی ہے۔

پیٹ خواہ بیٹھ کا دیکھنا۔ تجارت سے نفع ہو، معین و مددگار غیب سے پیدا ہو، مال و فرزند سے زینت ہو۔

پہننا نعلین۔ اگر خواب میں کوئی شخص جوتی پہنے گا تو عورت خوبصورت سے عقد کریگا اور اگر جوتی پیر سے اتار دے گا تو عورت کو طلاق دے گا۔

پاخانہ پھرنا۔ تعبیر اس کی مالِ حرام ہے لیکن جتنی بدبو زیادہ ہوگی اتنا ہی مال حرام ہوگا اور جتنی بدبو میں کمی ہوگی، گناہوں میں کمی ہوگی۔

پانی پر راستہ چلنا۔ کسی پر غالب آنے کی دلیل ہے۔

پگڑی دیکھنا خواہ باندھنا۔ عورت بدصورت ملے یا لڑکی پیدا ہو، مال کثرت سے ملے۔

پہاڑوں پر چڑھنا۔ بلند مرتبہ پر پہنچنے کی دلیل ہے۔

پھلواری کی سیر کرنا۔ خیرِ کثیر اور علوِّ مرتبت پر دلیل ہے۔

پیر زن کو دیکھنا۔ اگر وہ غیر معلوم ہے تو اسی سال کے کمال اور نقصان سے تعبیر ہے۔

پیشاب کرتے دیکھنا۔ اگر سختی میں ہے تو حق تعالیٰ اس کو کشائش دے گا۔ اور اگر قرضدار ہے تو اسکا قرض ادا ہوگا۔ اور اگر مالدار ہے تو اس کے مال میں نقصان و زوال آوے گا۔ بقدر زیادتی کمی پیشاب کے۔

پائجامہ دیکھنا ۔ رزق میں افزونی ہو، اگر پائنچے پھٹے ہوں تو پریشانی کی دلیل ہے ۔

ردیف ، ت

تاروں کا زمین پر گرتے دیکھنا ۔ جس جگہ وہ ستارے گرتے دیکھے ہیں، اس جگہ نزولِ عذابِ الٰہی ہو ۔

تاروں کا ٹوٹتے دیکھنا آسمان پر ۔ اگر صاحب خواب تونگر ہو تو محتاج ہو جائے اور اگر محتاج ہے تو تو شہید ہو جائے گا ۔

تخت پر بیٹھنا یا دیکھنا ۔ صاحب رتبہ ہو یا حاکم صاحب عزت ہو ۔

تھوک بہتے منہ سے دیکھنا ۔ خسّت یا بخل کی دلیل ہے ۔

تیر مارنا ۔ بیوقوفوں میں عزت پائے گا ۔ اُمید دلی برآئے گی ۔

تیتر چڑیا دیکھنا ۔ مال ملنے کی امید ہے یا ترقی اقبال کی دلیل ہے ۔

تابوت جنازہ اپنا دیکھنا ۔ زیادتی زندگی کی دلیل ہے

تبسّم ہونا یعنی مسکرانا ۔ رنج و غم کی نشانی ہے

تعویذ پانا ۔ آسیب میں مبتلا ہو ۔ **تکیہ چبانا** ۔ بزرگی پائے اور بزرگوں میں شامل ہو جائے ۔

تِل چبانا ۔ چوری میں مبتلا ہونا ۔ **تنخواہ پانا** ۔ ترقی دولت ہو ۔

تاج دیکھنا یا پانا ۔ اگر کسی بزرگ سے پائے تارک الدنیا ہو جائے ۔ بادشاہ سے پائے حکومت ملے ۔

تلوار دیکھنا ۔ عورت یا بادشاہ خواہ اولاد سے مراد ہے یا افزائش جود و سخا سے مراد ہے ۔

تلوار سے لڑنا یعنی مقابلہ کرنا ۔ یہ رتبہ بلندی کی دلیل ہے ۔

تلوار کا ملنا اور تلوار کا بلند کرنا ۔ اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کو بلند کیا ہے اور کسی کو اس سے مار نہیں ہے تو صاحب خواب کا رتبہ بلند ہوگا یا اسکے گھر دختر نیک اختر پیدا ہوگی ۔

تلوار کو ٹوٹتے دیکھنا ۔ پسر کے مرنے پر دلیل ہے اور اگر تلوار کا قبضہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کا پدر خواہ چچا مر جائے گا، اسی طرح اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کی نوک ٹوٹ گئی ہے تو اسکی دادی خواہ ماں یا خالہ کا انتقال ہوگا یا کوئی عورت قریبی رشتہ دار فوت ہوگی ۔

تلوار کا کند ہو جانا دیکھنا ۔ صاحبِ خواب کے نفع کی راہ بند ہونے کی دلیل ہے ۔
تیر پر قابض ہونا یا تیر پانا ۔ غلبۂ عزت و شرف کی دلیل ہے ۔
تیر کا مارنا ۔ کوئی کتاب یا تحریر ایسی جگہ لکھے گا جس سے لوگوں کو رنج ہوگا
تیر معہ کمان کے پانا خواب میں ۔ دشمن پر غلبہ پائے گا ۔

ردیف ٹ

ٹڈی دیکھنا ۔ کہیں کا سردار ہو آمدنی کثیر ہو ۔ ٹھیلیا دیکھنا ۔ عورت نیک بخت ہاتھ آئے ۔
ٹٹو پر سوار ہونا ۔ سفر تجارت کا کرے ۔ ٹوپی کا دیکھنا حکومت یا سرداری کی دلیل ہے ۔
ٹیلوں پر چڑھنا ۔ رتبہ بلند ہونا اور عزت بڑھنے کی دلیل ہے ، ایسی کسی بلندی پر چڑھنا بھی رتبہ بلند ہونے دلیل ہے ۔

ردیف ۔ ث

ثور بیل دیکھنا ۔ صاحب خواب کے لئے بہتر نہیں ہے ۔
ثمر خام دیکھنا ۔ کوئی کام اختتام کو نہ پہنچنا ، ناکام رہنا ۔

ردیف ۔ ج

جنات کے ساتھ آپ کو دیکھنا ۔ کہیں فریب میں پھنسنے کی اور نقصان کی دلیل ہے ۔
جَو کا دیکھنا ۔ حلال روزی نصیب ہو گی مگر تھوڑی مصیبت کے بعد ۔
جواہر کا دیکھنا ۔ اللہ کی یاد میں مشغول ہونے اور مال ملنے کی دلیل ہے
جھنڈا دیکھنا ۔ عالم ذی وقار ہو قوم کا سردار ہو خواہ خزانہ ملے ۔
جھنڈا اسفید دیکھنا ۔ توانگر اور صاحبِ عزت ہونے کی دلیل ہے ۔
جھنڈا سبز دیکھنا ۔ کہیں جا کر مصیبت اٹھائے مگر سلامت گھر آئے ۔
جھنڈا سرخ ۔ نیک نام مشہور ہو اور خوشی حال ہو ۔
جھنڈا زرد ۔ بیمار ہو کر صحت حاصل ہو ۔

جھنڈا سیاہ - جدھر جائے ظفریاب ہو لوگ عزت کریں۔
جماع کرتے دیکھنا - ترقی مال اور زینت دنیا کی علامت ہے۔
جماع مُردے سے کرنا - جس کام سے مایوس ہو چکا ہو اس کا انجام ہو
جماع مُردے کو اپنے ساتھ کرتے دیکھنا - راحت و آرام سے زندگی بسر ہو، عزیزوں سے نفع ہو
جنگل ہرا دیکھنا - دافع رنج والم ہو، مسرت کا سامنا ہو اور خشک دیکھنا اس کے برعکس ہو
جہاد کرنا - دنیا اور آخرت میں عزت ملنے کی دلیل ہے۔
جونک دیکھنا - بیماری کی علامت ہے۔
جوان دیکھنا - کمزوری اور حقیری کی دلیل ہے۔
جوتہ پہننا - کنیز خواہ حسینہ عورت سے وصل ہو۔
جوتہ تنگ پہننا - اپنی عورت سے لڑائی کرنے کی دلیل ہے یعنی عورت تنگ کرے۔
جوتہ پیر سے اتارنا - عورت کو طلاق دینے کی دلیل ہے
جوتہ کا ٹوٹ جانا یا پھٹ جانا - صاحب خواب کی زوجہ کا انتقال ہو نہایت ملال ہو۔
جوتہ ایک پھٹ جانا یا چھن جانا - برادر حقیقی کے مرنے کے آثار ہیں۔
جامۂ فیروزی کا پہننا - صاحب خواب کے لئے نہایت مبارک ہے۔ نصیبہ زور آور رہو۔ اسی طرح سے اگر کسی نے دیکھا کہ جامہ سیاہ رنگ کا پہنا ہے تو بھی اس کی زندگی خوشگوار گزرے گی۔
جامۂ سرخ کا پہننا - صاحب خواب کو حاکم خواہ بادشاہ وقت سے خطرہ ہو۔
جامہ سبز - صاحب خواب کو نعمت زر حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف - چ

چونٹیوں کو گھر آتے دیکھنا - مال کثیر ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔
چشمہ دیکھنا - خیر و برکت و نعمت پر دلیل۔
چھت کو اپنے اوپر گرا دیکھنا - کسی بزرگ سے رنج پہنچنے کی دلیل ہے یا کوئی بزرگ سفر سے واپس آئے۔

چاندی کا دیکھنا۔ مالِ حلال پر دلیل ہے۔
چاندی کی انگوٹھی پہننا۔ اپنی لیاقت کے موافق عزت و بزرگی ملے یا کسی عورت حسینہ سے عقد ہو
یا فرزند پیدا ہو۔
چراغ روشن دیکھنا۔ درازی عمر اور تندرستی سے دلیل ہو۔ اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی کی دلیل
ہے۔ اور مفلس ہے تو تونگری اور بیکار تو باکار ہونے کی دلیل ہے۔
چاند دیکھنا۔ بزرگی و عقلمندی کی خواہ حکیم و حکمت کی دلیل ہے یا عورت ملے یا اولاد کی بھی دلیل ہے۔
چاند گہن دیکھنا۔ غلّہ کی گرانی ہو یا عورت کا اسقاط حمل ہو یا روزی کی تنگی ہو یا حاکم وقت پر کوئی آفت آئے
چاندنی کھلی دیکھنا۔ منفعت اور دولت ملے، عزت سے زندگی بسر ہو۔ افزونی، نعمت اور دولت ملے۔
چاند کو آغوش میں لینا۔ اولاد کی بشارت ہے۔
چاند کا اپنے پاس آتے دیکھنا۔ لڑکا پیدا ہو یا کہیں کا حاکم وقت ہو۔
چوہا دیکھنا۔ عورت بد سیرت و بد صورت پائے، تمام عمر رنج اٹھائے
چوکھٹ چومنا۔ عورت کا تابع ہو، راہ سے بے راہ ہو یا کسی کی محبت میں ذلیل و خوار ہو۔
چھال درخت کی کھانا۔ افلاس کی دلیل ہے
چادر دیکھنا۔ نیک بی بی ہاتھ آئے۔
چھت دیکھنا۔ رتبہ بلند ہو، صاحب دولت ہو۔
چاول دیکھنا۔ بعد چندے مصیبت راحت نصیب ہو۔
چھوٹے چھوٹے پرندے دیکھنا۔ خوشدلی کی دلیل ہے۔
چھینکنا۔ جس مطلب میں شک پڑ جائے وہ بے شک و شبہ شک پوری ہو۔
چھاگل دیکھنا۔ صاحب خواب کے لئے بہتر نہیں ہے
چھڑی دیکھنا۔ دشمن خود ہی مارا جائے۔
چھاتی دیکھنا۔ شادی ہو کثرت اولاد لڑکیوں کی ہو۔

چیتے کے مقابل سے بھاگتے دیکھنا۔ فتح مندی اور مقصد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
چوہے کو دیکھنا کر کوئی چیز گھر کی کھاتا ہے۔ تو صاحب خواب کی عمر کے نقصان کی دلیل ہے۔
چکور کا دیکھنا۔ عورت خوبصورت اور پارسا پر دلیل ہے کہ ہاتھ آئے گی۔
چیل کا دیکھنا۔ درازئی بیماری ہو۔
چھاچھ۔ فکر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
چھوٹی ہونا داڑھی کا۔ عزت آبرو کم ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ح

حوض کا دیکھنا۔ خیر و برکت و نعمت پر دلیل ہے۔
حمام میں غسل کرنا۔ فکر و غم سے رہا ہونے کی دلیل ہے۔
حمام بلا پانی کے دیکھنا۔ عورتوں سے رنج پہنچے۔
حلال جانوروں کا دودھ پینا کوئی جانور حلال ہو۔ روزی حلال اور طریق پسندیدہ نیک کاموں پر دلیل (گائے بکری وغیرہ) ہے اور جن جانوروں کا گوشت حرام ہے اس کا دودھ پینا بیماری اور فکر کی دلیل ہے۔
حرم شریف دیکھنا۔ ہم چشموں میں توقیر و عزت ہو۔
حیض سے پاک ہوکر غسل کرنا۔ اگر بیمار ہے صحت کی دلیل ہے اور مغفرت کی امید ہے۔
حیض سے نہ ہو اور حائض دیکھے۔ اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی دلیل ہے۔
حمام بنانا۔ دشمن تباہ ہوں یا نیک عورت ہاتھ آئے۔
حلال کرنا جانوروں کا۔ حاکم وقت سے نفع کی امید ہے یا کار خیر کی امید ہے۔
حلوہ کھانا۔ جہالت سے دور ہو، راحت کا حصول ہو۔
حجامت بنوانا۔ خاندان میں کوئی آفت آئے
حصار یعنی قلعہ کا دیکھنا۔ اگر کوئی شخص قلعہ میں محصور ہو تو سردار قوم یا نئے یاروں سے ہم آغوش ہو

یا دین کا محافظ ہو۔

حمام میں پیشاب کرنا۔ مرض ہو یا کوئی سختی اٹھائے۔

حجام کو دیکھنا۔ مالدار کے لئے اچھا نہیں ہے، مال کا نقصان یا کوئی اور رنج پہنچے۔

حمار یعنی گدھے کا خواب میں دیکھنا۔ اگر حمار پر سوار دیکھے اور حمار کو اپنے قبضے میں دیکھے تو اسکی کوشش کامیاب ہو جو کر وہ کر رہا ہے اور تعبیر مال و زر سے ہے۔

حمار پر سوار دیکھنا۔ خیر و برکت کی دلیل ہے۔

حمار سے گرنا۔ پستی درجہ کی دلیل ہے۔

حمار کا گوشت کھانا۔ مال حرام و خبیث حاصل ہونے کی دلیل ہے

حمار کا دودھ پینا۔ مرض شدید میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے بعض نے صحت سے تعبیر کیا ہے۔

ردیف۔ خ

خوان کھانے سے بھرا دیکھنا۔ عیش حاصل ہونے پر اور درازی عمر پر دلیل ہے۔

خچر کو خواب میں دیکھنا۔ سفر کی دلیل ہے

خاک کا کھانا۔ مال بہت ملنے کی دلیل ہے یا تو معاش کی تکلیف اٹھانے کی نشانی ہے۔

خاک پر چلنا۔ دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔

خمیر کا دیکھنا۔ سخی ہو فقراء کو فائدہ پہنچے، اولاد زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

خچر کا دودھ پینا۔ تنگی معاش کی دلیل ہے

ختنہ کرنا یا ختنہ کرتے دیکھنا۔ گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے اور روپیہ و نعمت سے خوش ہونے کی دلیل ہے۔

خرگوش دیکھنا۔ عورت ملنے سے تعبیر ہے۔

خچر کا گوشت کھانا۔ خراب عورت کا مال ہاتھ آئے اور بیجا صرف ہو جائے۔

خچر غیر پر سوار ہوتے دیکھنا۔ مالک خچر کی عورت سے خیانت کرنا۔

خربوزہ کھانا ۔ دولت ہاتھ آنے کی دلیل ہے لیکن جلد ہی صرف ہونے کی سبیل ہے ۔
خرما کھانا ۔ حاجی ہونے کی دلیل ہے اور جو دعا کرے قبول ہونے کی اُمید رکھے ۔
خون اپنے جسم سے بغیر زخم کے بہتا دیکھے ۔ اگر کسی نے دیکھا کہ جسم سے خون یا پیپ جاری ہے اور تمام بدن آلودہ ہوگیا ہے تو مالِ حرام ملنے کی دلیل ہے ۔ جس حیثیت سے خون یا پیپ جاری تھا یعنی کمی بیشی ۔
خوش آپ کو دیکھنا ۔ رنج وغم کی نشانی ہے اور رنج وغم دیکھنا نہایت شادمانی ہے ۔

ردیف ۔ د

دانت گرتے دیکھنا ۔ راحت و آرام اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے ۔
دانت سونے چاندی کا دیکھنا ۔ بیماری کی علامت ہے
درخت بے ثمر دیکھنا ۔ ذلیل و خواری کی دلیل ہے ۔
درخت پھولوں کا دیکھنا ۔ روپیہ ملنے اور عیش کرنے کی دلیل ہے ۔
درخت پر چڑھتے دیکھنا ۔ رتبہ بلند پائے یا حاکم سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے ۔
دریا سے پار ہوتے دیکھنا ۔ تحصیل علم سے فراغت پائے رنج بدل کر راحت پائے ۔
دریا میں ڈوبتے دیکھنا ۔ نیک کاموں سے کنارہ کرے بُرے کاموں میں جا گھُسے ۔
دودھ عورت کا پینا ۔ اگر منکوحہ ہے تو الفت بڑھے اور اگر غیر ہے تو فائدہ پہنچے ۔
دیو دیکھنا ۔ اگر بدشکل ہے رنج اٹھائے اور اگر خوش شکل ہے تو بلند مرتبہ پائے علم معرفت بڑھ جائے ۔
دختر پیدا ہوتے دیکھنا ۔ اگر یہ خواب عورت دیکھے پسر کی دلیل ہے اور اگر مرد دیکھے تو دختر کی دلیل ہے ۔
دہی دیکھنا ۔ سفر کی دلیل ہے لیکن تندرست واپس آنے کی دلیل ہے ۔
دوزخ کے عذاب میں اپنے تئیں گرفتار دیکھنا ۔ جورو بدصورت ، بدسیرت ملے نہایت تنگ کرے ۔
دودھ ان جانوروں کا پینا جنکا کھانا حلال ہے ۔ روزی ملنے کی دلیل ہے اور اسکے برعکس تکلیف پانے کی نشانی ہے ۔

دوزخ سے باہر نکلنا - دینداری اور پرہیز گاری کی دلیل ہے - یا سفر سے واپس ہوگا - اندر دیکھا ہے تو گناہوں سے توبہ کرے گا - دنیادار سفر کرے -

دوزخ کے رنج و بلا میں مبتلاء دیکھنا - دنیا کی رنج و مصیبت کی نشانی ہے -

دلال کو دیکھنا - صاحب خواب کو کوئی ہدایت کرنیوالا پیدا ہونے والا ہے -

دانت کو بآسانی اکھڑتے دیکھنا - بھائی یا فرزند کے پیدا ہونے کی دلیل ہے - یا مال ہاتھ آئے -

دانتوں میں کسی طرح کا نقصان یا تکلیف دیکھنا - عزیزان خاص کے نقصان کی دلیل ہے -

دانت کا گرنا دیکھنا - عمر کی درازی کی دلیل ہے -

دانتوں کو روشن یا خوبصورت دیکھنا - نیکیٔ حال پر دلیل ہے -

دانت پتھر یا موم یا لکڑی کے دیکھنا - صاحب خواب کی وفات کی نشانی ہے یا باعث ہلاکت و مصیبت ہے صدقہ دینا چاہئیے ، واضح ہو کہ دانتوں کا دیکھنا گھر کے آدمیوں کی دلیل ہے - جیسے دو اوپر کے دو نیچے کے سامنے والے ان چاروں کو دیکھنا بیٹوں اور بھائیوں اور بہنوں سے منسوب ہے اور جو ان چاروں کے متصل ہیں ان چاروں کا دیکھنا ماموں اور چچا سے نسبت رکھتا ہے اور داڑھیں جس سے کھانا کھایا جاتا ہے اوپر کی باپ کے عزیزوں سے منسوب ہیں اور نیچے کی داڑھیں ماں کے عزیزوں سے منسوب ہیں ، اسی طرح دانتوں کا نفع نقصان جو جس کیطرف منسوب ہے تعبیر سمجھ لینا چاہئیے -

دانت اپنا گرتے دیکھنا - کوئی عزیز مر جائے یا کوئی اور رنج کا سامنا ہو -

دانت سیاہ دیکھنا - مرنے کی دلیل ہے -

دانت چاندی کا دیکھنا - رنج و مصیبت کی دلیل ہے -

درس دینا - اگر عالم ہے دولت آخرت پاوے - اگر دنیا کا عالم ہے تو مال دُنیا سے مالا مال ہو -

دوشالا دیکھنا یا پانا - عورت مالدار ہاتھ آئے یا کسی امیر سے عزت ملے -

دیگ دیکھنا - عورت دیکھے مرد جوان سے عقد ہو ، مرد دیکھے عورت حسینہ ملے

دسترخوان خالی دیکھنا - پریشانی کی دلیل ہے -

دستر خوان کھانے سے بھرا دیکھنا۔ ترقیٔ نعمت کی دلیل ہے۔

دوات دیکھنا۔ عورت مالدار سے عیش نصیب ہو یا زن کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔

دوا کھانا۔ یا دیکھنا۔ مصیبت یا پشیمانی اٹھانے کی دلیل ہے۔

دہی کھانا۔ غم والم کی دلیل ہے۔

درخت کے پتے دیکھنا۔ روپیہ ملے حاکم سے عزت ملے۔

درخت پر چڑھتے دیکھنا۔ رتبہ بلند ہو، بے حد نفع ہو اور اترتے دیکھنا ذلت و خواری کی دلیل ہے۔

درخت آلو کا دیکھنا۔ بیماری اٹھائے یا کسی بلا میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے۔

دروازے کا جل جانا۔ گھر ویران ہو یا مرض میں مبتلا رہو، خواری و ذلت کی دلیل ہے۔

دروازے کے پٹوں کا گر جانا۔ اگر دونوں لڑکیاں ہیں دونوں مر جائیں گی، شوہر کے گھر سے نکل جائینگی۔

دیوار سے گر پڑنا۔ جس حال میں ہے اس سے گر جائیگا، ذلیل و خوار ہو کر مر جانے کی دلیل ہے۔

دروازے کا اکھڑ جانا۔ عورت صاحب خانہ کے مر جانے کی دلیل ہے

دروازہ دوسرا بنانا۔ اپنے مکان کو بیچنے کی دلیل ہے یا صاحبِ خواب کی زوجہ، دوسرے سے نکاح کریگی۔

درزی کو دیکھنا۔ اپنے دین کو بیچتا ہے اور دنیا کو خریدتا ہے۔

دریا سے پانی پینا۔ مرتبہ بڑھ جائے حاکم وقت سے روپیہ ہاتھ آئے۔

دریا کے پار ہونا۔ موت کی دلیل ہے۔

دریا خواہ نہر میں غسل کرنا۔ بیمار ہو تو صحت ہو، گناہوں سے پاک ہو، کوئی خوشی کی بات سننے کی دلیل ہو۔

دانت پتھر یا لوہے خواہ لکڑی کے دیکھنا۔ صاحبِ خواب کی موت کی نشانی ہے۔

دانت سونے کے دیکھنا۔ مرض میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے۔

دریا یا نہر کی دلدل میں پھنسنا۔ رنج و غم کی نشانی ہے۔

دریا دیکھنا۔ دولت و ترقی جاہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

دریا کی موج دیکھنا۔ مشقت اٹھانے کی دلیل ہے۔

دریا کو تاریک دیکھنا۔ سختی کی نشانی ہے

دوپٹہ زنانہ دیکھنا۔ عورت کو شوہر نیک ملے، عزت سے گذر بسر ہو۔

داڑھی نوچی دیکھنا۔ عورت سے جنگ ہو نہایت تنگ ہو۔

ڈول دیکھنا۔ اگر خالی ہے تو پریشانی ہے اور بھرا دیکھے تو شادمانی ہے۔

داڑھی گھنی دیکھنا۔ اگر مفلس ہے تو پریشان حال ہو اور تونگر ہے تو خوشحال ہو۔

داڑھی سفید دیکھنا۔ عزت و وقار کی دلیل ہے۔

داڑھی سیاہ دیکھنا۔ ہمیشہ دولت اقبال گھر کا غلام ہو۔

داڑھی والی عورت دیکھے۔ اگر بیوہ ہے تو نکاح ہو اور اگر شوہر سفر میں تو واپس آئے گا اور اگر موجود ہے تو سفر کرے گا۔ اور جو حاملہ ہو تو لڑکا پیدا ہوگا۔ اور لڑکا قوم کا سردار ہوگا۔

داڑھی کا دراز ہونا۔ عزت و مرتبہ زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

داڑھی کا چھوٹا دیکھنا۔ عزت و آبرو کم ہونے کی دلیل

داڑھی لڑکے کو اپنی نکلی ہوئی دیکھنا ہے۔ قبل بلوغت انتقال ہو جائے گا۔

داڑھی اور سر کو منڈا ہوا دیکھنا۔ رنج و مصیبت شدید اٹھانے کی دلیل ہے

دُنبہ دُنبی کا دیکھنا۔ اگر دُنبی کا مالک ہوا ہے یعنی اس کے ہاتھ آئی تو اسکو عورت نیک معہ مال کے ملنے کی دلیل ہے۔

دُنبی کا گھر سے نکل جانا یا چوری ہو جانا۔ صاحب خواب کے لیے اس کی بیوی سے کوئی ایسی بات درمیان میں ہوگی جس سے بے حد ناخوشی درمیان میں پیدا ہوگی۔

دُولہا اپنے آپ کو دیکھنا۔ اگر دلہن صاحب خواب کو پہچانتی ہے تو گویا اس سے عقد ہوگا اور اگر عروس صاحب خواب کے نامزد ہوئی بدون پہچان و معرفت کے تو صاحب خواب کی موت آئے گی دلیل ہے شہید ہو کر واصل الی اللہ ہو۔

دیوانہ اپنے کو دیکھے۔ مال ملنے کی دلیل ہے لیکن بے صرف ہوگی۔

دہی چھاچھ وغیرہ دیکھنا - فکر و غم کے پیدا ہونے کی دلیل ہے -
دستار یعنی پگڑی دیکھنا - دولت و عزت سے مراد ہے -
دُھینئے کو دیکھنا - نیک عمل کرنے کی دلیل ہے
دھوبی کو دیکھنا - بغض و عداوت اور معاشی کی دلیل ہے -

ردیف - ذ

ذکر خدا کرتے دیکھنا - مرشد یا عابد خواہ موحد ہونے کی دلیل ہے -
ذَکر یعنی اعضائے تناسل کا طویل دیکھنا - کثیر الاولاد ہوگا - اگر عورت نہیں تو زن جمیلہ سے نکاح کرے گا، عورت دیکھے تو لڑکا پیدا ہوگا -
ذکر کٹا ہوا دیکھنا - اولاد مرجائے گی، خود صاحب خواب کی موت کی دلیل ہے -

ردیف - ر

روزہ رکھنا - نیک صالح ہونے کی اور دولت حکومت آنے کی دلیل ہے -
رستا دیکھنا - راہ دین ہاتھ آئے دوسروں کو بھی راہ حق دکھائے -
رونا خواب میں دیکھنا - خوشی کی علامت جاگنے پر ہے -
رکابی دیکھنا - روزی حلال ملے یا غلام خیر خواہ سے دلیل ہے
روپیہ ہاتھ میں لینا - غیبت و برائی سے روزی ملے، تنگیٔ معاش سے دلیل ہے -
روپیہ بنانا - دولت کی تمنا میں عمر ضائع ہونے کی اور نیکی نہ کرنے کی دلیل ہے -
روپیہ ضائع کرنا - کسی جاہل سے رنج اٹھائے اور روپیہ صرف ہونے کی دلیل ہے -
روغنی روٹی کا دیکھنا - مال حلال ملنے پر دلیل ہے -
رعد کی کڑک ہمراہ بارش دیکھنا - بیماری سے شفاء، قرضداری سے نجات ادائے قرض کی دلیل ہے
رعد مع ہوا کے دیکھنا - حاکم کے غضب ناک ہونے کی دلیل ہے -
رعد اور پانی کا ہمراہ دیکھنا - تکلیف و مصیبت سے رہائی ہو، بیماری سے شفاء، قرضداری ادا ہونے کی دلیل ہے -

رس کا دیکھنا۔ شادمانی و خوشحالی کی دلیل ہے
روشنی دیکھنا۔ مرشد اچھا ہاتھ آئے راہ ضلالت سے چھڑائے۔
رات کا دیکھنا۔ صدمہ اٹھانے اور چھپے راز کے کھلنے کی دلیل ہے۔
روٹی دیکھنا۔ تجارت میں زیادہ فائدہ ہونے کی نشانی ہے۔
راکھ دیکھنا۔ بہت تھوڑے دکھ کے بعد راحت کی نشانی ہے۔
روباہ دیکھنا (لومڑی) مکاری کی علامت ہے۔
رخسارہ دیکھنا۔ قدر بڑھے یا معشوق اچھا ہاتھ آئے۔
روغن سیاہ دیکھنا۔ سفر سے سلامت واپس گھر آنے کی علامت ہے۔
روغن زرد دیکھنا۔ رنج وغم کی نشانی ہے۔
ریگ دیکھنا۔ یعنی اڑتی ہوئی خاک مال بکثرت ملنے کی امید ہے۔
ریگ پر چلنا یا خاک اڑانا۔ بعد مصیبت کے راحت نصیب ہو یعنی کوشش کے بعد مال ہاتھ آئے اور فراغت سے اڑائے۔
روغن سر پر ملنا۔ اگر روغن اندازے کے موافق ہے تو سارے کام زیب و زینت پانے کی دلیل ہے اور جو اندازے سے زائد ہے تو فکر لاحق رنج وغم کی دلیل ہے۔
رونا خواب میں یا اپنے تئیں دیکھنا۔ خوشی کی دلیل ہے۔
ریگ و خاک آسمان سے برستے دیکھنا۔ جس جگہ یہ خواب دیکھے وہاں نعمت اور روزی فراخ ہونے والی ہے۔
روشنی چاند کی زمین پر پھیلی دیکھنا۔ وہاں کے باشندوں کو حاکم وقت سے نفع ہونے کی دلیل ہے
راستہ سیدھا دیکھنا۔ دین واسلام پر دلیل ہے اور ٹیڑھا راستہ دیکھنا بے دینی پر دلیل ہے۔
روٹیاں بکثرت دیکھنا۔ دوستوں کے بکثرت ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ز

زکوٰۃ دینا - فکر و تردد جاتا رہے اور تجارت میں نفع کی نشانی ہے۔

زمزم پینا - زہد و تقویٰ کی نشانی ہے

زبان سے لعاب گرتے دیکھنا - کوئی مصیبت پیش آنے والی ہے یا پھر مرض کی نشانی ہے۔

زبان پر بال جمے دیکھنا - آفت و رنج کی دلیل ہے - اسی طرح زبان کو دراز یا کسی چیز سے بندھی ہوئی دیکھنا بھی رنج کی دلیل ہے۔

زینہ پر چڑھنا - ترقی کی نشانی یا مرتبہ کی بلندی کی نشانی ہے۔

زنجیر دیکھنا - صاحبِ خواب کیلئے پریشانی آتی ہے اور یہی تعبیر خواب میں زنجیر کے پکڑنے کی ہے

زمین پر بنا ڈالنا - دنیا میں نام ہو یا فرزند نیک تولد ہو انجام نیک ہو

زمین میں اپنے آپ کو گڑتے دیکھنا - موت آئے یا زیادہ مصیبت اٹھائے یا سفر پیش آنیکی دلیل ہے۔

زلزلہ دیکھنا - حاکمِ وقت پر مصیبت آئے۔ **زندہ کو مُردہ دیکھنا** - عمر دراز ہو۔

زاہد و عالم کو دیکھنا - نیک اور نیک نامی کی دلیل ہے۔

زندہ مُردے کو دیکھنا - خوش خرمی کی دلیل ہے۔

زمین کا بات جیت کرنا - نہایت خیر خوبی کی دلیل ہے۔

زمرد خواہ یاقوت کا دیکھنا یا پانا - دختر نیک اختر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

زنجیر گلے میں بندھی دیکھنا - عورت بد ذات سے سابقہ پڑنے کی دلیل ہے۔

زینہ خواہ سیڑھی پر چڑھتے دیکھنا - ترقی دینِ اسلام کی دلیل ہے اور کبھی ترقی دنیا سے بھی دلیل آئی ہے۔

زرد سُرخ بیل پر از بار کو کسی شہر یا موضع میں داخل ہوتے دیکھنا - اگر ایسے بیل کا کوئی وارث نہیں ہے، تو اس جگہ مرض آنے کی دلیل ہے ورنہ نابہتری کی دلیل ہے

زنبور یعنی بھڑ اور شہد کی مکھی دیکھنا - مردِ سفلہ پن اور سخن چین کی دلیل ہے۔

زمین کو طے کرنا - موت آنے کی دلیل ہے - **زہر کھانا** - غصہ کی دلیل ہے جو کام نہایت ذلیل ہے۔

زعفران یا جو شے خوشبو دار ہو اسکا دیکھنا - ان سب کا دیکھنا تعریف و ثناء، اور نیک اور علم شریف دین۔ پاک اور مال نیک زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے اور بدبو کی چیزیں اس کے برعکس جاننا چاہیئے۔

زر سرخ دیکھنا - اگر زر سرخ کسی صورت میں بھی ہاتھ آئے تو فرحت اور خوشی کی دلیل ہے اور کسی صورت سے اپنے سے دوسری جانب کو جائے تو صدقہ کرے دے ورنہ مصیبت آنے کی نشانی ہے۔

زمین دیکھنا - نعمت دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

زمین کھودنا - مٹی کھانا - تکلیف سے بسر اوقات ہونے کی دلیل ہے۔

زمین کو ہلتے دیکھنا - اگر حاملہ عورت دیکھے اسقاط حمل ہو اور اگر مرد دیکھے تو عتاب حاکم میں گرفتار ہو

زمین کو برابر دیکھنا - دولت ملنے پر دلیل۔ **زمین کو بوتے دیکھے** - تمام مقاصد دین و دنیا ملنے کی دلیل ہے۔

زعفران دیکھنا - مال ملنے یا نیک عورت ملنے کی دلیل ہے۔

زیور دیکھنا - عزت و آبرو پانے کی دلیل ہے۔

زردہ دیکھنا - رتبہ بلند ہو اور آفات سے بچنے کی دلیل ہے۔

زبان لمبی دیکھنا - فحش گویائی کی دلیل ہے

زبان منہ سے باہر نکلی ہوئی دیکھنا - تہمت لگنے یا شرمندگی اٹھانے کی دلیل ہے۔

ردیف - س

سورۂ فاتحہ کا پڑھنا خواب میں - سورہ الحمد کا پڑھنا دعا قبول ہونے اور شاد و مسرور ہونے کی دین و دنیا میں دلیل ہے یا پھر عقد کی سبیل ہے۔

سورۂ بقرہ کا پڑھنا یا سننا خواب میں - تمام عمر رزق سے آسودہ رہنے کی دلیل ہے۔

سورۂ حشر کا پڑھنا - اس کے تلاوت کرنے والے سے بروز حشر اللہ تعالیٰ راضی ہوگا۔

سورۂ کوثر - دونوں جہان میں خیر و برکت کثیر کی دلیل ہے۔

سورۂ لہب - توحید پر قوی ہونے کی اور پاک زندگی بسر ہونے کی دلیل ہے۔

سورۂ الم نشرح - تمام امور آسان ہونے کی اور اسلام کی فرمانبرداری کی دلیل ہے۔

سورۂ فیل ۔ دین اسلام کو اسکے ہاتھ سے فتح ہونے کی دلیل ہے ۔
سورۂ اخلاص ۔ زندگی میں ترقی ہو یہاں تک کہ اس کے سامنے سب اعزہ وگھر والے نہ جائیں اور صاحب خواب تنہا رہ جائے ، موحد ہو ۔
سورۂ فلق ۔ برائیوں سے بچنے کی نشانی ہے ۔ **سورۂ ناس** ۔ جملہ بلاؤں سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے ۔
سورج دیکھنا ۔ اگر عقد نہیں ہوا ہے ، عقد عورت زردار سے ہو اور رزق روزی افزونی ہو ۔
سورج پر اندھیرا دیکھنا ۔ مرض یا کسی مصیبت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے ۔
سورج کی روشنی خوب دیکھنا ۔ ترقی رزق اور بلندیٔ رتبہ کی دلیل ہے ۔
سورج کو گہن میں دیکھنا ۔ ماں باپ کے مرنے کی دلیل ہے ۔
ستاروں کو روشن دیکھنا ۔ خانہ آبادی ہو یا حاکم وقت سے خاص فائدہ ہو ۔
ستاروں کو ٹوٹتے دیکھنا ۔ شہادت کا درجہ نصیب ہو یا غنی مالدار ہو ۔
ساگ دیکھنا فتنہ فساد برپا ہونا ۔ **سفید لباس پہننا** غنی مالدار ہونے کی یا جنتی ہونے کی دلیل ہو ۔
سونے کی انگوٹھی پہننا ۔ مال مفت میں ہاتھ آئے ۔
سونا پاتے دیکھنا ۔ سرداری ملے ، تنگی دور ہو جائے ، مال سے مالا مال ہو جائے ۔
سونا گلانا ۔ اچھا نہیں ہے صاحب خواب کے ہرگز بہتر نہیں ہے ۔
سوئی میں دھاگا ڈالنا ۔ صاحب خواب کے لئے تنگیٔ معاش کی دلیل ہے ۔
سر اپنا جدا دیکھنا ۔ حاکم کے عتاب میں مبتلاء ہونے اور اپنے اقارب سے جدا ہونے کی دلیل ہے ۔
سر اپنے ہاتھ سے مونڈتے دیکھنا ۔ خلق کی نظروں سے گرنے اور بے عزتی کی دلیل ہے ۔
سر کے بال کھلے دیکھنا ۔ اگر مسافر ہے تو وطن کو واپس آئے عورت اگر کنواری ہے تو شادی ہونے کی دلیل ہے ۔
سرسوں کا دیکھنا ۔ تجارت میں نفع کثیر کی دلیل ہے ۔ **سرکا دیکھنا** ۔ نقصان کی دلیل ہے ۔
سانپ کا گود میں لینا ۔ لڑکا شریر پیدا ہو جس سے ہمیشہ تکلیف کا سامنا ہو ۔
سانپ سے بات خوش سننا ۔ دشمن سے نفع ہو اور رنج وغم دور ہو ۔

سؤر دیکھنا۔ نوکری کافر کی کرے۔ فسق و فجور میں مبتلا رہے۔
سانپ کا گوشت کھانا۔ دشمن سے مال ملے لیکن بے جا صرف ہو جائے۔
سر ننگا دیکھنا۔ نقصان مال کی دلیل ہے۔ سرمہ لگانا۔ مژدۂ غیبی کی بشارت ہے یا مال پانے کی نشانی ہے۔
سانپ کا بچہ دیکھنا۔ ضرر ہے لیکن کم ضرر ہے اور کنبہ سے دشمنی بڑھنے کی دلیل ہے۔
ستاروں کا دیکھنا۔ فرزند تولّد ہونے کی دلیل ہے۔
سر بلند اپنا دیکھنا۔ دولت، مرتبہ اور بزرگی کی دلیل ہے اور سر چھوٹا دیکھنا اس کے برعکس ہونے کی دلیل ہے۔
سر کے بال تراشے دیکھنا۔ اگر فقیر ہے تو افلاس سے چھوٹنے کی دلیل ہے۔
سر کے بال اپنی عورت کے مونڈنا۔ اولاد نہ ہونے کی دلیل ہے۔
سیڑھی دیکھنا خواہ زینہ پر چڑھنا۔ ترقی دین و اسلام پر دلیل ہے۔
سر کے بال جھڑتے دیکھنا۔ خوشی حاصل ہونے اور قرض ادا ہو جانے کی دلیل ہے۔
سبزہ دیکھنا۔ اگر وہ نامعلوم جگہ ہو یا ایسی جگہ اُگا ہو جہاں جمنے کی عادت نہیں ہے، جیسے رہنے کا گھر یا مسجد وغیرہ تو مرد خواہ بطور مشارکت وغیرہ کے یا بطریق دامادی کے داخل ہونے کی دلیل ہے۔
سیر و تفریح کرنا باغ یا پھلواری میں دیکھنا۔ حق تعالیٰ کی طرف سے ہدایت اسلام میں ترقی کی دلیل ہے۔
سر و ریش میں روغن ملنا اور تمام بدن میں ملنا۔ اگر موافق ملنے کے ہے تو خیر و برکت کی نشانی ہے، اور اگر اندازے زائد ملتا ہے مثل ٹپکنے یا بہنے کے تو رنج و غم پہنچنے کی دلیل ہے۔
سوئی کا دیکھنا۔ کسی مفسد، فتنہ انگیز کی طرف سے بدی کی دلیل ہے۔
سانپ دیکھنا۔ سانپ کا دیکھنا دشمن سے دلیل ہے، چنانچہ جس قدر سانپ قوی ہوگا، دشمن بھی ویسا ہی ہوگا، اور جو سانپ کو فرمانبردار دیکھے دولت کمانے کی دلیل ہے (بقیہ تعبیرات سانپوں کی ردیف م میں دیکھئے)
سانپ کو اپنے اوپر گرتے دیکھنا۔ حاکم یا بادشاہ سے کوئی رنج پہنچنے کی دلیل ہے۔
سانپوں کو اپنے گرد جمع دیکھنا۔ اگر ان کو کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہیں ہے، تو سرداری کی دلیل ہے۔
سیمرغ کا دیکھنا۔ مرد عابد زاہد کی دلیل ہے۔ سونا جا بجا پڑا دیکھنا۔ آفت و بلا کی دلیل ہے۔

سیاہ علم دیکھنا۔ سرداری کی دلیل ہے۔ سبز علم دیکھنا۔ سفر کرنے اور نیکی پانے کی دلیل ہے۔
سنان دیکھنا یا بھالا۔ درازی عمر کی دلیل ہے۔ سرکہ دیکھنا۔ مال میں خیر و برکت کی دلیل ہے۔

ردیف ش

شیر کو حملہ کرتے دیکھنا۔ کچھ تکلیف پہنچے یا فتنہ برپا ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔
شیرنی کا دودھ پینا۔ دشمن پر فتح یابی کی دلیل ہے یا روزی حاصل ہونے کی یا برکت گھر کی دلیل ہے۔
شراب کا دیکھنا۔ جان و مال کا نقصان ہو مالِ حرام اور خصومت کی دلیل ہے۔
شیطان کا دیکھنا۔ گناہوں کی علامت ہے۔ شکر دیکھنا۔ دینداری کی نشانی ہے
شیطان کو اپنا فرمانبردار دیکھنا۔ دولت حرام پانے کی دلیل ہے۔
شربت پینا۔ دل سے توبہ کرنے اور مرید ہونے یا کسی معشوق سے ملنے کی دلیل ہے۔
شہد دیکھنا یا کھانا۔ اگر مریض ہے تو شفا پائے ورنہ ایمانداری کی دلیل ہے۔
شعلۂ آتش دیکھنا۔ خواری یا گرفتاری کی دلیل ہے۔ شتر بے مہار دیکھنا۔ بدکاری کی دلیل ہے۔
شمع دیکھنا۔ کسی کا ہادی ہونا یا سردار ہونے کی دلیل ہے۔
شیطان کو بشکل زن دیکھنا۔ دن رات عورتوں کی صحبت میں رہنے اور کاروبار سے غفلت کرنے کی دلیل ہے۔
شمشیر خواہ تلوار چھری تیز دھار دیکھنا۔ صاحب خواب کے لئے خوب ہے۔
شانہ کرنا یعنی کنگھی کرتے دیکھنا۔ اگر سر داڑھی میں کنگھی کرتے دیکھا تو اسکے سب رنج و غم دور ہونے کی دلیل ہے۔
شیر پر آپ کو دیکھنا یا قابو پانا۔ غلبہ اور دبدبہ و رتبۂ عظیم کی دلیل ہے۔
شیر کا گھر میں داخل ہونا اور ضرر نہ پہنچانا۔ اس کی بھی درج بالا والی تعبیر ہے یعنی رتبۂ عظیم کا پہنچنا ہے۔
شیر کا گوشت کھانا۔ کسی حاکم زبردست سے مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
شیر سے لڑنا۔ کسی زبردست سے مقابلہ ہونے کی نشانی ہے۔
شیر جانور نامعلوم کا پینا۔ اپنے دین میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔
شیر وحشیانِ بیابان کا مثل آہو وغیرہ جنکا گوشت حلال ہے۔ یہ سب خیر و اصلاح و رزقِ مباح اور برکت نشانی ہے۔

شیرِ سگ یعنی کتیا کا دودھ پینا۔ خوف شدید دشمن سے اور حزر کی دلیل ہے۔

شیرِ گاؤ، بھینس اور اونٹنی کا پینا۔ یہ سب خیر و برکت ہونے کی دلیل ہے۔

شیرِ مادہ خر پینا۔ مرض شدید ہے کہ زائل ہوگا اور بہتری کی دلیل ہے۔

شیر عورت کو اپنی پستان میں اترا ہوا دیکھنا۔ اس کے لئے مال میں خیر و برکت کی دلیل ہے۔

شادی دیکھنا۔ تعبیر ماتم داری ہے اور ماتم داری کا دیکھنا شادی سے تعبیر ہے۔

شیر کا مقابلہ سے بھاگ جانا۔ فتحمندی اور مقصد حاصل ہونے سے دلیل ہے اور چیتے کی بھی یہی تعبیر ہے۔

شہد مع چھتے کے دیکھنا۔ مال کا گنجینہ ہونے پر دلیل ہے یا علم قرآن و نکاح یا استغفار سے تعبیر ہے۔

شوربا کھانا۔ بیمار کو صحت سے دلیل ہے۔ **شیشہ دیکھنا۔** صدقہ دینے کی دلیل ہے۔

شوہر کا لباس عورت کو پہننا۔ عورت کیلئے صالح اور نیک ہونے کی دلیل ہے، مرد کیلئے بد ہے۔

شبنم گرتے دیکھنا۔ رنج و غم اور تکلیف اٹھانے کی دلیل ہے

شراب پی کر مدہوش ہو جانا۔ مالدار ہونے یا کسی قوم کا سردار ہو کر ذلت اٹھانے کی دلیل ہے

شراب کی نہر باغ میں جاری دیکھنا۔ جنتی ہونے کی دلیل ہے

شریفہ دیکھنا خواہ کھانا۔ بہتری و ترقی کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ص

صندل کو خواب میں پانا یا دیکھنا۔ نیک نامی و خوش خرمی کی دلیل ہے۔

صدقہ دینا۔ جملہ بلا و مصیبت کی صفائی ہونے کی دلیل ہے

صابون کا دیکھنا۔ مریض کے لئے صحت کی دلیل ہے اور تندرستی و صفائی قلب ہونے کی دلیل ہے۔

صراحی کا دیکھنا۔ دولت دنیا سے مسرور ہونے کی دلیل ہے۔

صراف کا دیکھنا۔ نیک رائے اور نیک صلاح ہونے اور مالگی کامل ہونے کی دلیل ہے۔

صاحبِ مال کو خواب میں دیکھنا یا صحبت میں جانا۔ امید بر آنے کی دلیل ہے۔

صحرا دیکھنا یعنی جنگل۔ دیوانہ ہونے یا سفر کرنے کی دلیل ہے۔

صیاد کو دیکھنا۔ بُرے کام کرے اور دوسروں کو بھی برائی پر لگانے کی دلیل ہے۔
صندوق دیکھنا۔ غلام یا کنیز ہاتھ آئے گی اور عیش و آرام اٹھانے کی دلیل ہے۔
صومعہ دیکھنا۔ دوسروں کو نیک راہ پر دکھلانے و بتلانے کی دلیل ہے۔
صُوف پہننا یا اونی کپڑا۔ مال دنیا ملنے اور عیش و عشرت سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔
صحرا میں کچھ کھانا پینا دیکھنا۔ دین و دنیا میں دولت نعمت و کرامت کی دلیل ہے۔
صحرا میں راستہ طے کرتے دیکھنا۔ دین کی ترقی اور اسلام پر مستقل ہونے کی دلیل ہے۔
صحرا میں رستہ بھُول بھٹک جاتے دیکھنا۔ دین اسلام میں اس کے دل میں شک آنے کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ض

ضعیف کو خواب میں دیکھنا۔ خوش نصیبی اور نیک کوشش کی دلیل ہے یا جیسی خوبی و زشتی کی صورت ضعیف کی ہوگی ویسی ہی تعبیر ہے۔

ضعیفہ کو دیکھنا۔ اگر فربہ اور تازہ رو دیکھے تو زوالِ دنیا کی دلیل ہے اور صاحب خواب کو دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے اور اگر اس کے برعکس دیکھے تو تنگئ معاش اور پریشانی کی دلیل ہے اسی طرح اگر وہ ضعیفہ نامعلوم ہے یعنی پہچان کی نہیں ہے تو یہ حال سے تعبیر ہے یعنی حسب حال خوبی و فربہی کی ہوگی۔

ضیافت کھانا خود۔ جس کے ہاں کھائے اس سے فریب اٹھانے کی دلیل ہے۔
ضیافت کھلانا۔ سخی ہونے کی اور کامرانی کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ط

طواف کعبہ کرنا۔ صاحب خواب کیلئے صلاحیت دین حاصل ہونے اور استغفار کرنے کی دلیل ہے۔
طہارت کرنا خواب میں۔ باعث دافع رنج والم و موجب فرحت و صحت کی دلیل ہے۔
طاؤس کا دیکھنا۔ زن حسینہ و جمیلہ و نازنین معشوقہ سے دلیل ہے اور طاؤس کریہہ المنظر و بدشکل و شمائل ہے تو تعبیر برعکس اس کے ہو۔

طوطا دیکھنا یا پانا - کنیزان و غلاماں سے دلیل ہے یا صاحبِ فلاح و صلاح سے تعبیر ہے -

طوفان دیکھنا - اہل و عیال و بال جان ہو یا نقصان مال ہونے کی دلیل ہو -

طفل کو دیکھنا - اگر طفل سے واقف ہو تو بشارت کی دلیل ہے اگر اس طفل سے آشنا نہیں ہے تو کوئی نکہ نہیں یا غم لاحق ہونے کی دلیل ہے اور دیکھنا پیدا ہونا دختر کا بہتر ہے فرزند نرینہ ہے -

طلاق اپنی عورت کو دینا - صاحب خواب جس مرتبہ پر ہے اس سے گر جانے کی دلیل ہے

ردیف ظ

ظلم کرنا کسی پر خواب میں - رنج و غم و بدنام ہونے کی دلیل -

ظالم کو دیکھنا - برے کاموں کی باداشں میں مبتلا رہو غم کا سامنا ہو -

ردیف ع

عالم کو خواب میں دیکھنا - اگر عالم خواہ زاہد خواب میں نظر آئے تو صاحب کے لئے نیک نامی اور نیک بختی کی دلیل ہے -

علم کا پڑھنا خواب میں - رفعت و عزت حاصل ہونے اور مالدار ہونے کی دلیل ہے -

عورت حسینہ جوان کا دیکھنا - مال و دولت خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے اور عورت پاکیزہ یعنی کنواری کو اگر خواب میں دیکھے تو پیشہ اور تجارت سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے -

عورتوں اور لشکر والوں کو دیکھنا - زیادتی جاہ و مال اور ترقی و درازی عمر کی دلیل ہے -

عورت کو اپنے سر کے بال پریشان دیکھنا - اگر شوہر اس کا غائب ہے تو آنے کی امید ہے اور اگر اس عورت کا شوہر نہیں ہے تو اس کے عقد ہونے کی دلیل ہے -

عورت اگر دیکھے کہ اسکے سر کے بال تراشے ہیں - تو اس تعبیر ہے کہ اسکا شوہر اس کو طلاق دیدیگا -

عطر و عنبر اور جملہ کافور و صندل خوشبودار کا دیکھنا - علم شریف اور دین پاک اور مال پاکیزہ اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے -

عورت کو پاکیزہ لباس پہنے دیکھنا - اگر کوئی عورت اپنے کو پاکیزہ لباس پہنے دیکھے تو کسی مرد سے نکاح ہونے کی دلیل ہے اور نکاح شدہ ہے تو اعمال نیک کی بشارت ہے -

عورت باکرہ سے مباشرت کرنا - دشمن پر فتح یاب ہونے اور مقصد دنیا و نعمتیں ملنے کی دلیل ہے
عورت کا عورت سے مباشرت کرنا - جس سے مباشرت کی ہے اسکے راز مخفی سے خبردار ہونے یا کسی فاحشہ عورت سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے -
عضو تناسل کا کٹ جانا دیکھنا - اگر کسی نے دیکھا ہے کہ اسکا عضو تناسل قطع ہو گیا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ یا تو صاحب خواب کا لڑکا مر جائے گا یا خود مرنے کی دلیل ہے -
عضو تناسل کا دو یا زائد دیکھنا - چنانچہ جتنے خواب میں دیکھے گا اتنی ہی اولادیں ہونے کی دلیل ہے -
عضو کوئی سا ہو سر سے پیر تک اپنا آہنی دیکھنا - درازی عمر کی دلیل ہے -
عسل یعنی شہد کا دیکھنا - اگر چھتے میں شہد کو دیکھا ہے تو مال مجموعی کی دلیل ہے اور اگر اس میں سے کچھ نوش کیا ہے تو علم قرآن و نکاح پر اور شفاء مرض ہر ایک کی دلیل ہے -
عورت کا اپنے جسم میں آلۂ تناسل کا پیدا ہونا دیکھنا - اگر حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا سرداری پائے گا اور جو حاملہ نہیں ہے تو اولاد کبھی پیدا نہیں ہوگی -
عورت حیض سے نہ ہو اور دیکھے کہ حیض سے ہوں - تو اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی نشانی ہے -
عورت کا اپنے کپڑوں پر پیشاب دیکھنا - شہوت زیادہ ہونے کی دلیل ہے -
عورت کو خون کا پیشاب کرتے دیکھنا - فرزند کا شکم میں مر جانے کی دلیل ہے
عورت کو اپنی طلاق دیتے دیکھنا - دولت ملنے کی دلیل ہے
عورت سے خواستگاری کرنا خواب میں - جس کی خواستگاری کی ہے اسکے حسن و جمال کے موافق دولت ملنے کی دلیل ہے بلکہ فراغت کلی کی دلیل ہے -
عورت کو چاند آغوش میں لیتے دیکھنا - شوہر اس کا عزت پائے گا اور اگر شوہر نہیں تو خود اسکو بزرگی ہونے کی دلیل ہے -
عقیق کا دیکھنا -
عیدین یعنی فطر اور ضحیٰ کا دیکھنا - جس شخص نے دونوں میں جس عید کو دیکھا تو اسکے لئے تمام رنج و غم سے نکلنے کی دلیل ہے -
عروس یعنی شادی دیکھنا - رنج و غم کی دلیل ہے اور ماتم دیکھنا کھیل کود کی دلیل ہے -

عورت کو اپنی طرف مائل دیکھنا۔ افلاس اور فکر و تردد کی دلیل۔

عمارت دیکھنا۔ خوشی و خرمی دیکھنا۔

عرق بدن سے ٹپکتا دیکھنا۔ بیماری سے صحت کی علامت ہے یا کوئی بدکام کرنے پہ ندامت ہے۔

عمامہ باندھنا۔ عوام سے فائدہ اٹھائے یا امام ہو کر امامت کرانے کی دلیل ہے۔

ردیف۔ غ

غلہ دیکھنا۔ سفر رنج و غم اور دوستوں سے ملال کی دلیل ہے۔

غوطہ لگانا۔ فکر و اندیشہ سے نجات ہونے اور عیش و عشرت اٹھانے کی دلیل ہے۔

غسل کرنا۔ بیماری سے صحت پانا یا سفر سے گھر واپس آنے کی دلیل ہے۔

غسلخانہ دیکھنا خواب میں۔ موت آنے کی دلیل ہے۔

غربال دیکھنا۔ فکر و اہل و عیال میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

غول جانوروں کا۔ حکومت و سرداری کی دلیل ہے۔

غالب آپ کو دشمن پر دیکھنا۔ نفس امارہ پر غالب ہو دولت دنیوی کی دلیل ہے۔

غبار زمین و آسمان کے درمیان دیکھنا۔ فتنہ فساد برپا ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ف

فرشتگان مقرب کو دیکھنا۔ مرتبہ بلند ہونے اور خلق سے مستفید ہونے کی دلیل ہے۔

فرشتوں کے جوق در جوق آتے دیکھنا۔ مال سے نقصان ہونے کی اور حیرانی و پریشانی کی دلیل ہے

فرشتگانِ مقرب یعنی حضرت جبرائیل میکائیل اسرافیل، عزرائیل وغیرہ کو خوش دیکھنا } دین و دنیا میں عزت اور مرتبہ پانے کی دلیل ہے اور درازیٔ علم و حکمت کے کشادہ ہونے اور آفتوں سے محفوظ رہنے اور بیماری سے شفاء پانے کی دلیل ہے اور اگر کوئی خوف و غم میں مبتلا ہے تو رہائی کی دلیل ہے۔

فرشتوں کیساتھ دشمنی کرتے دیکھنا۔ موت کی علامت ہے توبہ کرنا چاہیئے۔

فرشتوں کے ساتھ پرواز کرنا۔ دین و دنیا میں عزت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

فرشتوں کو کسی بہت سے جمع ہونا - وہاں پر کسی عابد یا عالم کی وفات کی دلیل ہے یا کسی شخص کو جور و ظلم سے نجات پا جانے کی دلیل ہے۔

فرح کا دیکھنا - غم و الم کی دلیل ہے، یا زن جمیلہ ہاتھ لگے۔

فرج کو ذکر کی جگہ دیکھنا - ہر کام کرنے سے پشیمانی اور ذلت و خواری اٹھانے کی دلیل ہے۔

فاختہ دیکھنا - عورت بے دین سے صحبت اٹھائے اور رنج و غم کی دلیل ہے۔

فیل سفید دیکھنا - حاکم وقت سے مال ملنے یا فرزند تولد ہونے کی دلیل ہے۔

فرشتوں کے ساتھ آپ کو اڑتے دیکھنا - دنیا کی حیرانی و پریشانی سے نجات ملنے اور درجہ شہادت پانے کی دلیل ہے۔

فانوس دیکھنا - علم آخرت حاصل ہونے کی اور بد افعالی سے بچنے کی دلیل ہے۔

فیروزہ پانا یا دیکھنا - فرزند پیدا ہونے یا دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہو۔

فاختہ دیکھنا - امیری سے فقری کی نشانی اور پریشانی کی دلیل ہے۔

فوارہ دیکھنا - غیب سے روزی پانے اور امیر کہلانے کی دلیل ہے۔

فصد کھلوانا - مرض سے شفا پانا اور تندرست ہونے کی دلیل ہے

فرج اور ذکر کا ہمراہ دیکھنا - رنج و غم سے رہائی پانے کی دلیل ہے۔

فیل کو حملہ کرتے دیکھنا - کسی آفت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ [1]

فیل عماری دار پر سوار دیکھنا - مرتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

فیل کا گوشت کھانا خواب میں - مال و غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف ق

قرآن شریف لکھنا خواب میں - روزی حلال پانے اور پرہیزگاری کی دلیل ہے

قرآن شریف کی تلاوت کرنا - نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔

---

[1] :- ہاتھی یا سانپ یا اور کسی موذی جانور وغیرہ کو خواب میں حملہ کرتے دیکھنا یا اور دیگر قسم کی ڈراؤنی خوابیں خصوصاً عورتوں کو اکثر رحم کی خرابی، پیٹ کی گرانی، حبس ریاح کے سبب نظر آتی ہیں، ان کا کوئی اثر نہ لینا چاہیے بلکہ معدے کی اصلاح اور کانوں میں تیل سوتے وقت ڈالیں۔

قرآن شریف کا ورق کھانا۔ دنیا میں بدنامی یا موت آنے کی دلیل ہے۔
قرآن شریف کا دیکھنا۔ علم سیکھنے اور سکھانے اور خیر و برکت کی نشانی ہے یا تولّد فرزند کی دلیل ہے۔
قلم کا دیکھنا۔ عدل و انصاف کی دلیل ہے یا فن خوشنویسی کی نشانی ہے۔
قبر کھودنا۔ جدید مکان بنانے کی بشارت ہے۔ قصائی دیکھنا۔ ملک الموت آنے کی دلیل ہے
قبر کو بند کرنا۔ فتنہ و فساد کے مٹنے کی دلیل ہے۔ قبر میں جانا۔ کسی بلا میں مبتلا ہونے یا رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔
قبر کا بنانا۔ تجارت میں نقصان اٹھانے یا کسی معاملہ میں پھنسنے کی دلیل ہے۔
قبر سے کفن نکالنا۔ میّت کے دین کی پیروی کرنے یا شریعت میں کوئی نیا امر جاری کرنے کی دلیل ہے۔
قسم کھانا خواب میں: روزی کم ہونے اور مصیبت اٹھانے کی دلیل ہے۔
قسم کھلوانا:۔ خیانت کی دلیل ہے قبا پہننا۔ دولت زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔
قربانی کرتے آپ کو دیکھنا۔ ترقیٔ زندگی کی علامت ہے۔
قبر کا دیکھنا۔ عمر قلیل کی نشانی ہے۔ اگر مریض ہے تو طول عمر کی نشانی ہے۔
قوس و قزح دیکھنا:۔ غلّہ کی ارزانی کی دلیل ہے۔
قلعہ دیکھنا۔ دشمن سے نجات پانے کی دلیل ہے۔
قفل دیکھنا یا کھولنا۔ اُمید بر آنے کی دلیل ہے۔
قلمدان دیکھنا۔ امیری کی دلیل ہے۔
قینچی دیکھنا۔ دوست سے ملاقات ہو
قینچی سے کاٹنا۔ قصر سر ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔
قید آپ کو دیکھنا۔ صلاح و خیر پر دلیل ہے۔
قاضی نامعلوم کا دیکھنا۔ اس کی تعبیر رویت خدائے عزّ و جل ہے۔
قبرستان جانا، قبرستان دیکھنا۔ ایسے کام کرنے سے دلیل ہے جو قابل عبرت ہو۔
قتل ہونا یا اپنا سر جدا دیکھنا۔ اپنی ثنا و صفت کسی سے سننے کی دلیل ہے یا مرض سے شفا حاصل ہونے
یا قرض ادا ہونے کی دلیل ہے یا حج کعبہ کرنے کی یا کشائش کی بشارت ہے۔

قتل دوسرے شخص کو کرنا خواب میں ۔ مقتول پر ظلم کرنے کی دلیل ہے یا قاتل سے مقتول کو کسی امر میں فائدہ پہنچے گا۔

قبلہ رُو ہونا یا قبلہ رو ہو کر نماز پڑھنا ۔ راہِ حق کی طرف ہدایت کی دلیل ہے ۔

قبلہ سے پھرنا ۔ راہِ ضلالت کی نشانی ہے ۔ قوم کی امامت کرنا ۔ عدالت و دادرسی کرنے کی دلیل ہے ۔

ردیف گ

کعبہ دیکھنا یا کعبہ کا طواف کرنا ۔ صلاحیت دین حاصل ہونے و نصرت و رفعت ہونے یا خدمت والدین و سعادت کی دلیل ہے ۔

کُرتہ پہننا ۔ علم و فضل حاصل کرنے اور جہل سے اجتناب کرنے کی دلیل ہے

کمل اوڑھنا ۔ فسق و فجور کی دلالت ہے ۔ کوئلہ دیکھنا ۔ بدنامی و پریشانی بلکہ زیادتی عصیاں کی نشانی ہے ۔

کوہ قاف کی سیر کرنا ۔ حکومت یا بادشاہت کی دلیل ہے ۔

کوّا دیکھنا ۔ بولتا دیکھے تو مسافر آئے اور خاموش دیکھے تو رنج اٹھانے کی دلیل ہے ۔

کلاہ دیکھنا ۔ عہدہ ، سرداری کی علامت ہے ۔ کوڑیاں دیکھنا ۔ مصیبت اٹھانے اور تکلیف کی دلیل ہے ۔

کمر رکھ دیکھنا ۔ آپس میں ترشروئی یا جورو سے لڑائی کی دلیل ہے ۔

کمر باندھنا ۔ سفر کی نشانی ہے ۔ لیکن دولت بے شمار پانی ہے ۔

کیچڑ میں گرنا یا پھنسنا ۔ خرابی آنے کی نشانی ہے یا قرضداری کی دلیل ہے ۔

کسم دیکھنا ۔ دختر نیک اختر تولد ہو یا ہم چشموں میں عزت پائے ۔

کمان بنانا ۔ اگر عورت حاملہ ہے فرزند تولد ہونے یا عورت ملنے کی دلیل ہے ۔

کنیز یا غلام کو فروخت کرنا ۔ رنج و غم سے آزاد ہونے کی دلیل ہے ۔

کتاب یا خطوط کھلے ہوئے پانا یا دیکھنا ۔ نہایت خیر اور برکت کی نشانی ہے ۔

کتاب علم فقہ وغیرہ کا دیکھنا یا صالحہ علم کی کتب کلام دیکھنا ۔ موجب تحصیل و حکمت پر دلیل ہے ۔

کلیات دیوان وغیرہ کا دیکھنا ۔ صاحب خواب کے لئے بہتر نہ ہونے کی دلیل ہے ۔

کتاب الٰہی یعنی کلام پاک کا دیکھنا - دین اور علم اور مال حاصل کرنے اور لوگوں کو نفع پہنچانے کی دلیل ہے اور اگر کلام کو پھاڑ ڈالا ہے تو احکام خداوندی کی دلیل ہے اور اگر اوراق کو کھایا ہے یا چبالیا ہے تو خدا کے کلام سے ہنسی کرنے کی دلیل ہے۔

کژدم بمعنی بچھو کا ڈنگ مارنا - کوئی دشمن ہے جو غیبت اور برائی سے ضرر پہنچانے کی تدبیر کرتا ہے۔

کشتی سے خشکی پر اُترنا - دشمن پر فتح پانے اور مال کثیر پانے کی علامت ہے۔

کھیت کا دیکھنا - فراخیٔ دولت و نعمت کی دلیل ہے۔

کھیت میں چلنا - زراعت کے ذریعہ روپیہ ملنے کی دلیل ہے

کھیت میں جنگل ہو جانا - افلاس و قحط و تکلیف کی دلیل ہے۔

کھیت کا خشک ہو جانا - کمیٔ غلّہ و خشک سالی کی دلیل ہے۔

کھیت کاٹنا - اپنی عورت کو طلاق دینے یا کسی قتل کرنے کی دلیل ہے۔

کچا گوشت کھانا - غیبت کرنے کی صریح دلیل ہے۔

کتیا کا دودھ پینا - دشمن سے ضرر پہنچنے اور مصیبت اٹھانے کی دلیل ہے

کھانا کھاتے دیکھنا - نعمت میں افزونی کی دلیل ہے۔

کھانا دوا کا - پشیمانی کی اٹھانے کی دلیل ہے۔

کملی کا دیکھنا - دین و دولت دنیا ملے، صاحب باطن ہونے کی دلیل ہے

کبوتر کا دیکھنا - اچھی خبر آنے کی یا خوبصورت عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔

کنگن پہننا - تنگی و دشواری کی دلیل ہے۔

کنگھی بالوں میں کرنا - رنج والم کی دلیل ہے۔ **کنگنی دیکھنا** - خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

کمان مع تیر پانا - اپنی بیوی سے ملاقات کرنے یا دشمن پر غلبہ پانے کی دلیل ہے۔

کوزہ دیکھنا - نیک عورت ملنے اور عیش سے گذرنے کی دلیل ہے۔

کرم کلّہ دیکھنا - نعمت روزی زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

کافور دیکھنا۔ دولت ملنے کی دلیل ہے یا مرض سخت اٹھانے کی دلیل ہے۔
کھچڑی کھانا۔ بیماری کی علامت ہے۔ کشتی دیکھنا۔ رنج و غم دُور ہو حاصل سرُور ہو۔
کشتی ڈوبتے دیکھنا۔ مصیبت آنے کی دلیل ہے۔ کشتی خشکی پر دیکھنا۔ رنج و غم کی نشانی ہے۔
کباب کھانا۔ تکلیف و رنج دفع ہو۔ کشتی پار ہوتے دیکھنا۔ دلی مراد ملنے کی دلیل ہے۔
کپڑا دھوتے دیکھنا۔ گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے
کائی کا پھٹتے دیکھنا۔ دشمن زیر ہونے اور عروج پانے کی دلیل ہے
کرن آفتاب دیکھنا۔ راحت و آرام کی نشانی کفن پہننا۔ اوّل مصیبت آتی ہے بعدہٗ شادمانی ہے۔
کنویں میں گرنا۔ رنج و غم و صدمہ اٹھانے کی دلیل۔ کنویں سے نکلنا۔ کشائش و فیروزی کی دلیل ہے۔
کتے کو بھونکتے دیکھنا۔ کتے کو حملہ کناں یا بھونکتے دیکھنا، غیب سے زباں پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
کتے کا گوشت کھانا۔ اگرچہ مکروہ ہے لیکن دشمن سے نفع ہو آپ خوش دشمن رنجور ہو۔
کنواں کھودنا۔ تجارت میں نفع ہونے اور مال کی افزونی کی دلیل ہے۔
کنویں سے پانی کھینچنا۔ غریب غرباء کو فائدہ ہو اور راہ خدا میں دینے دلانے کی دلیل ہے۔
کنوئیں سے پانی کھینچ کر درخت کو سینچنا۔ غریبوں اور یتیموں کی مدد و پرورش کرنے کی دلیل ہے۔
کنویں سے پانی پلانا۔ حاجیوں کی مدد کرنے سے دلیل ہے۔
کنوئیں سے پانی نکل جانا۔ مال کے تلف ہونے اور رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔
کنوئیں سے پانی کا جوش کرنا۔ حق تعالیٰ کی طرف سے مال پاکیزہ ملنے کی اور مال میں قوت و برکت ہونگی دلیل ہے۔
کشتی میں سوار ہوتے دیکھنا۔ حاکم وقت یا بادشاہ کے عتاب میں گرفتار ہونے کی ہے۔
کشتی سمیت ڈوبنا۔ بادشاہ یا حاکم وقت کے محاسبہ میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔
کثردم کو اپنے ہاتھ میں دیکھنا اور کسی کو کٹوانا۔ صاحب خواب کے کسی کی غیبت کرنے سے دلیل ہے یعنی صاحب خواب خود غیبت دوسروں کی کرے گا۔
کثردم کا گوشت کھانا۔ دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔

کثردم کو اپنے کپڑے یا بستر اور چیزوں میں گھسا ہوا دیکھنا کے حالات دشمنوں پر جا کر ظاہر کرتا ہے اسکی کوئی دشمن ہے جو پاس رہ کر صاحب خواب غیبت میں -

کتے کا کاٹنا یا بھونکتے دیکھنا - دشمنوں کے درپے آزار ہونے کی دلیل ہے -

کُشتی میں کسی کو پچھاڑنا - صاحب خواب سے وہ حال میں بہتر ہوگا جس کو پچھاڑ رہے -

کتے کا پلے ہوئے دیکھنا - کسی کو اپنی مدد کے لئے تیار رہنے کی دلیل ہے -

کمر بند کمر میں بندھے ہوئے دیکھنا - صاحب خواب کے لئے بہتر و خوشتر ہونے کی دلیل ہے -

کمر بند کا ٹوٹ جانا یا چھن جانا یا کوئی اور نقص ہو جانا - صاحب خواب کے لئے بدی کی دلیل ہے -

کیلہ دیکھنا - نعمتیں حاصل کرنے کی دلیل ہے -

کھیرہ ککڑی شلجم وغیرہ دیکھنا - صدمہ اُٹھانے مال کے جاتے رہنے کیوجہ سے یا اور کوئی رنج و غم کی دلیل ہے -

کاتب کا دیکھنا - کسی کا اہلکار ہونے یا منشی ہونے کی دلیل ہے -

کان میں چیونٹیاں گھُستے دیکھنا - موت آنے کی دلیل ہے -

کنجشک یعنی گھر والی چڑیا کا دیکھنا - بزرگی اور مال اور عیش و عشرت کی دلیل ہے -

کسی کا خواب ذبح کرنا یعنی انسان کو - اسکی تعبیر کسی پر ظلم کرنے سے ہے یعنی جس کو ذبح کر رہا ہے اس پر ظلم کی دلیل ہے -

کوا لٹکا ہوا دیکھنا گردن کا - رزق کی کمی یا موت کی دلیل ہے -

کان کو دیکھنا جدا - لڑکی کے مرنے کی دلیل ہے یا عورت کو طلاق کی دلیل ہے -

کان کی صفائی کرنا - خوشخبری سُننے کی دلیل ہے -

ردیف - گ

گلاب کا پھول دیکھنا - دنیا میں ذی مرتبہ اور نیک نام ہونے کی دلیل ہے -

گھوڑے کا دیکھنا - راحت اور خوشی و دولت یا نیک حسین عورت ملنے کی دلیل ہے -

گھوڑے کو اپنے قابو میں دیکھنا اور سوار ہونا - شرف و عزت و غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے -

گھوڑے کا شوخی یا شور کرتے دیکھنا - کسی معصیت کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے -

گھوڑی کا مالک و قابض ہونا یا سوار ہونا - کسی زنِ شریفہ کے ملنے پر دلیل ہے اگر شادی شدہ ہے تو لڑ دختر کی دلیل ہے -

گھوڑے کا گوشت کھانا - روزی حلال اور مرد نیک نام اور فراخی کی دلیل ہے -

گھوڑے کو اپنے مکان یا محلہ سے نکلتے دیکھنا - صاحب خواب کو مکان یا محلے سے نکلنے، خواہ موت آنے کی دلیل ہے -

گھوڑے نامعلوم کا دیکھنا - عزت اور شرافت کی دلیل ہے، واضح ہو کہ تعبیرات گھوڑوں کی بہت ہیں۔ لہٰذا اگر گھوڑا نیک ہے اور سیدھا اپنے قابو میں ہے تو صاحب خواب کے لئے بہتری ہے اور اچھائی ہے اور اگر اس کے برعکس ہے تو برائی اور بدی ہونے کی دلیل ہے -

گھر کو کشادہ دیکھنا - دنیا کی کشادگی ہونے کی دلیل ہے اور اسکے برعکس کی دلیل برعکس ہے -

گدھا دیکھنا - احمقی اور مفروری ہے -

گدھے کا گوشت کھانا - بیوقوف کا مال کھانے اور بعدہٗ بیوقوف بننے کی دلیل ہے -

گدھی کا دودھ پینا - بیماری سے صحت پانے اور تجارت سے نفع ہونے کی دلیل ہے -

گوہ دیکھنا - مال مفت ملنے کی دلیل ہے -

گھی کا کُپا دیکھنا - تجارت میں فائدہ ہونے اور طرآری زبان کی دلیل ہے -

گاجر کھانا - جسمانی قوت کی دلیل ہے

گوز مارنا - ہم چشموں میں ذلت کی دلیل ہے

گورستان دیکھنا - قلیل آمدنی کی دلیل ہے یا عبرت و پریشانی کی دلیل ہے

گھر زمین پر دیکھنا - تولد ہونے فرزند یا دختر ہونے یا اور کوئی نیک کام کرنے کی دلیل ہے -

گوبر دیکھنا - حاکم یا سردار سے نفع قلیل حاصل ہونے کی دلیل ہے -

گھر سونے کا دیکھنا - گھر میں آگ لگنے کی دلیل ہے -

گھر غیر میں داخل ہونا - جسکے گھر داخل ہو اسکی خیانت کرنے اور ذلت اٹھانے کی دلیل ہے -

گدھے پر سوار ہونا - اگر منہ طرف کعبے کے ہے توجہ کرے یا نیک مشہور ہونے کی دلیل ہے اور اگر اس کے برعکس ہے یعنی دوسری طرف ہے تو پاجی مشہور ہونے کی دلیل ہے -

گدھے پر سے اترنا ۔ بے وقوفی دور ہونے اور دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔
گھر لوہے کا دیکھنا ۔ قربتِ سلطانی یا ترقی عمر کی دلیل ہے ۔
گھر کا گر جانا دیکھنا ۔ موت آنے یا اعمالِ بد سے دنیا و تباہ ہونے کی دلیل ہے ۔
گھر کھودنا ۔ گناہوں سے پاک ہونا یا موت آنے کی دلیل ہے ۔
گھر میں آتشکدہ دیکھنا ۔ مال ملنے کی نشانی ہے یا بیماری سے صحت کی دلیل ہے
گھر کو پیچ ڈالنا ۔ موت آنے کی نشانی ہے ۔
گھر میں غیر معلوم کے بند ہونا ۔ قبر کی دلیل ہے یا کسی عورت سے کام پڑے گا ۔
گلدستہ باندھنا ۔ جنگ و خصومت کی علامت ہے
گوشت خام دیکھنا ۔ مال حرام ملے رنج والم اٹھانے کی دلیل ہے ۔
گہیوں کا دیکھنا ۔ صاحب خواب کیلئے خوب نہیں ہے ۔ گہیوں کا کھانا ۔ عزت و حرمت میں فرق آنے کی دلیل ہے
گھر کسی کا نامعلوم گرانا ۔ بداعمالی سے نجات کی دلیل ہے ۔
گائے کا دودھ پینا ۔ دنیا میں فراخیٔ نعمت ہونے کا کام انجام بخیر ہونے کی دلیل ہے ۔
گھر اپنا یا کسی غیر کا بنانا ۔ بقدر گھر بنانے کی بحیثیت کسی کے مال دنیا سے مستفید ہوگا ۔
گلاس یا کٹورا دیکھنا ۔ اگر کسی چیز سے بھرا ہے تو موت کی نشانی ہے ۔
گوشت خام کھانا یا دیکھنا ۔ مالِ حرام کی دلیل ہے ۔
گوشت بھنا ہوا یا پختہ ۔ مال حاکم یا بادشاہ سے ملنے کی دلیل ہے ۔
گھوڑے پر اپنے ساتھ کسی کو سوار دیکھنا ۔ جو ساتھ سوار ہے اسکی سعی و کوشش سے حاکم یا حکومت ملنے کی دلیل ہے ۔
گوشت شیر کا کسی بھی اعضاٗ سے کچھ کھاتا ہے ۔ کسی بڑے شخص کی میراث کا مالک ہونے کی دلیل ہے ۔
گوسفند کا دیکھنا ۔ دولت اقبال مندی کی دلیل ہے ۔
گالی دینا کسی کو ۔ صاحبِ خواب سے گالی کھانے والا بہتر ہے ۔
گردن کٹی اپنی دیکھنا یعنی سر تن سے جدا ہو ۔ اگر غلام ہے تو آزاد ہو جائے گا ۔ مریض ہے تو

شفا پائے گا۔ اگر قرضدار ہے تو قرض ادا ہو جائے گا۔ اگر کبھی یہ تعبیر بھی ہوتی ہے کہ صاحبِ خواب حج کعبہ شریف کرے گا اور اگر سختی میں ہے تو کشائش ہوگی۔ اگر خائف ہے تو امن سے ہونے کی دلیل ہے

ردیف۔ل

لعل و جواہر کا دیکھنا۔ غنی و معنی ہونے کی دلیل ہے یا فرزند تولد ہونے یا زنِ حسینہ ملنے سے تعبیر ہے۔

لہسن خواہ پیاز ملنا یا خریدنا خواب:۔ کسی امیر کی ملازمت کرنے لیکن ذلت ملازمت سے دلیل ہے۔

لومڑی دیکھنا۔ عورت فسادی ملنے کی دلیل ہے۔ رات دن جنگ کرنے کی دلیل ہے۔

لیئرم ہلانا۔ عورت سے نفرت ہونے کی دلیل ہے۔

لوہا دیکھنا۔ دشمن سے مقابلہ اور مجادلہ ہونے کی دلیل ہے۔

لباس سیاہ خواب میں پہننا۔ کثرتِ معصیت میں گرفتار ہونے یا غم فرزند اٹھانے کی دلیل ہے یا مال ضائع ہونے سے تعبیر بھی ہے۔

لباس سفید پہننا۔ گناہوں سے پاک ہونے اور صلاح و فلاح کی دلیل ہے

لباس سرخ پہننا۔ زندگی میں نیک نام ہونے کی یا شہادت کی دلیل ہے۔

لباس دھانی پہننا۔ کار خیر کرنے کی مقدس ہستی ہونے کی دلیل ہے۔

لباس نیلا پہننا۔ حاجی ہونے کی بشارت ہے۔ **لباس گیروا پہننا**۔ تہمت دنیا میں پھنسنے کی دلیل ہے۔

لباس پاکیزہ پہنے۔ مرتبہ بلند ہونے کی یا نیک عورت ملنے کی اور اگر عورت دیکھے نیک مرد ملنے کی دلیل ہے۔

لڑکے کا آئینہ دیکھنا۔ بھائی کے پیدا ہونے کی اور اگر لڑکی دیکھے تو لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

لوہے کی انگوٹھی دیکھنا۔ رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

لاٹھی کا دیکھنا۔ بلند مرتبہ عالی رتبہ ہونے کی دلیل ہے۔

لکڑی خشک دیکھنا۔ اگر تصویر بنی ہے تو نفاق پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

لڑکے خوبرو کو دیکھنا جو صورت آشنا ہو۔ کسی بشارت نیک کی دلیل ہے۔

لڑکے نامعلوم کا دیکھنا۔ فکر و غم لاحق ہونے کی دلیل ہے۔

لڑکے معلوم کو آغوش میں لینا ۔ کسی جگہ کا حاکم ہونے کی دلیل ہے
لونڈی کا خرید کرنا۔ تمام مقصد بر آنے کی امید ہے ۔
لوہار کو دیکھنا۔ کسی غیر اجنبی زور آور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔
لعاب منہ سے جاری دیکھنا۔ کسی غیر اجنبی زور آور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے ۔
لباس کہنہ دیکھنا ۔ صاحب خواب کی موت شتاب آنے پر دلیل ہے ۔
لباس پیوند کا پہننا۔ فقر و تنگی کی دلیل ہے۔
لہو و لعب یعنی کھیل کود کا اپنے تئیں خواب میں دیکھنا ۔ غم و الم کی دلیل ہے ۔
لکھنا قرآن شریف کا خواب ۔ دین اور علم اور مال حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔

ردیف میم

مسجد دیکھنا ۔ خیر و برکت کی دلیل ہے اور کامل الایمانی کی نشانی ہے ۔
منبر پر چڑھنا ۔ اپنا مرتبہ بلند ہونے یا کسی رشتہ دار کا رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے ۔
مرد نیک کا دیکھنا ۔ نیک نامی کی دلیل ہے ۔
مُردے کو زندہ دیکھنا۔ غم و اندوہ سے نجات ملنے کی دلیل ہے
مروارید کا دیکھنا۔ دُختر خواہ پسر ہونے کی دلیل ہے ۔
مویز منقّی (کشمش) کا دیکھنا ۔ اپنوں کی عزت و توقیر ہونے کی دلیل ہے ۔
مسواک کا دیکھنا ۔ نیکی اور راستی کی دلیل ہے ۔
مسہری کا دیکھنا ۔ گناہ سے توبہ کرے اپنے لیے پریشان ہو موت آنے کی دلیل ہے
موزہ اتارنا۔ عورت کو طلاق ہونے یا لڑکے سے دوسری حاصل کرنے کی دلیل ہے ۔
میخ دیوار میں گاڑنا ۔ مالک یا حاکم کے دل میں جگہ ہونے اور کام بہتر ملنے کی دلیل ہے ۔
مرغ کو آذان دیکھنا ۔ ذی کمالوں کی معدومی دخواری ہونے اور بے کمالوں کی گرم بازاری کی دلیل ہے
موتی کی لڑی دیکھنا۔ حافظ قرآن ہونے کی دلیل ہے ۔

مکتب خانہ دیکھنا۔ حاکم کی خدمت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

مینہ بکثرت دیکھنا برستے۔ خدا کی رحمت نازل ہونے کی دلیل ہے۔

مرغابی دیکھنا۔ فائدہ پہنچنے کی اور خود رسندی کی دلیل ہے۔

مسجد میں دیکھنا۔ دین و دنیا میں امن پانے اور خیر و برکت دلیل ہے۔

مسجد میں نماز پڑھنا۔ خانہ کعبہ کے حج ادا کرنے کی دلیل ہے۔

مسجد میں بغیر قبلہ کے یعنی دوسری طرف نماز پڑھنا۔ گناہوں سے توبہ کرے کیونکہ اس کے دین میں نقصان ہونے کی دلیل ہے

مونگ، ماش مسور کا دیکھنا۔ حرام ملتے ملنے اور رنج و غم سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔

میدہ کا دیکھنا۔ تجارت میں نفع ہو عزت بڑھنے کی دلیل ہے

مٹھائی دیکھنا یا کھانا۔ عزت بڑھنے پر دلیل ہے۔

ملائی کھانا۔ رنج اٹھانے اور ہلاکت کی نشانی ہے۔

مشک لگانا یا دیکھنا۔ اگر فقیر دیکھے تو غنی ہووے اور امیر دیکھے بلند رتبہ ہونے کی دلیل ہے۔

موزہ پائتابہ دیکھنا۔ رزق میں فراخی ہونے یا حسین عورت ملنے کی دلیل ہے۔ اور اگر عیب ہو یعنی نوچے پھٹے ہوں تو پریشانی کی نشانی ہے۔

مرد کو اپنی بیوی کا لباس پہننا۔ عورت کی طرف سے کچھ گزند پہنچنے کی دلیل ہے۔

موتی دیکھنا۔ قرآن اور دیگر علم خواہ فرزند پر دلیل ہے۔

موتیوں کا گچھا دیکھنا۔ قرآن پاک حفظ کرے یا پرہیزگار ہونے یا کثرت اولاد کی دلیل ہے۔

منہ سے کوئی چیز نکلتے دیکھنا۔ اگر وہ چیز نیک ہے تو نیک باتیں اس سے صادر ہوں گی اور جو بد یا بُری ہے تو بُری باتیں اس سے وقوع میں آنے کی دلیل ہے۔

موتیوں کو کان میں دیکھنا۔ امور خیر کی یا علم تفسیر کے سیکھنے کی دلیل ہے۔

موتیوں کا منہ سے جھڑتے دیکھنا۔ بہت تسبیح کرنے والا ہونے یا علم دین سکھلانے کی دلیل ہے

مرد معلوم کا دیکھنا ۔ بہتری کی علامت ہے ۔ مرد نامعلوم کا دیکھنا ۔ بہتری کی علامت ہے یا کسی دوست سے ملاقات کی دلیل ہے ،۔

مرد سے مباشرت کرنا ۔ اگر غنی ہے تو فقیر ہونے کی اور اگر فقیر ہے تو غنی ہونے کی دلیل ہے ۔

مُردے کو دیکھنا ۔ قیدی ہے تو رہائی پائے اگر مسافر ہے وطن نصیب ہونے اور اگر مقیم ہے تو سفر کرنے کی دلیل ہے ۔

مُردے کو سلام کرنا ۔ امیدیں پوری ہونے اور مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔

مُردے کو زندہ دیکھنا ۔ مال تلف شدہ ہاتھ آئے خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔

مُردوں کی جماعت دیکھنا ۔ وبا آنے والی ہے یا گمراہی وغریبی کی نشانی ہے ۔

مُردے کو پکارنا ۔ موت آنے کی نشانی ہے توبہ کرنا چاہیئے ۔

مُردے کو نہاتے دیکھنا ۔ کسی بے دین کو دین پہ لانے اور گمراہی سے بچانے کی دلیل ہے

مُردے کو ننگا دیکھنا ۔ گناہوں کے دور رہونے کی دلیل ہے ۔

مُردے کے پیچھے کسی مکان میں جانا ۔ اگر اس امکان میں ٹھہر جائے موت کی دلیل ہے ۔
اور اگر نکل جائے تو بھی رنج اٹھانے کی دلیل ہے ۔

مُردے کا کچھ مانگنا زندہ سے ۔ یہ بہتر نہیں ہے موت کی نشانی ہے ۔

مُردہ آپکو دیکھنا ۔ بیماری سے صحت ہونے کی یا سفر سے گھر آنے کی دلیل ہے ۔

مُردہ کا کچھ دینا زندہ کو ۔ حاجتیں روا ہونے کی دلیل ہے ۔

مُردے سے مباشرت کرنا ۔ جس کام سے مایوس ہو چکا ہو ، اس کام کو انجام ہونے کی دلیل ہے ۔

مُردے کے ساتھ کھانا ۔ راحت اور آرام کی دلیل ہے ۔

مُردے کو اپنے بستر پر سوتے دیکھنا ۔ مقصد پورا ہونے کی اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے ۔

مینڈک کا دیکھنا ۔ مرد عابد کی نشانی ہے ۔

موچی کا دیکھنا ۔ ہجو کرنے والے اور پردہ فاش کرنے کی دلیل ہے لہذا توبہ کرے ۔

معلّم کو دیکھنا ۔ عمر دراز ہونے کی دلیل ہے ۔

ملّاح کو دیکھنا ۔ معالجات سلاطین سے ماہر ہونے کی دلیل ہے ۔

معمار کو دیکھنا - راہ ہدایت بتانے والے کی دلیل ہے۔ **مصوّر کو دیکھنا** - صاحب خواب کے لئے بہترین دلیل ہے۔
مچھلی کو دیکھنا - اگر ایک یا دو ہوں عورت پر دلیل ہے۔ **مچھلی چھوٹی کا دیکھنا** - رنج و غم کی دلیل ہے۔
مشعالچی کا دیکھنا - زن و شوہر میں تفرقہ پڑنے کی دلیل ہے۔
ماہی گیر کا دیکھنا - سرداری سے تعبیر ہے۔
مکان کا جل جانا دیکھنا - نکبت خواری پہنچنے یا طاعون و آزاری سے دلیل ہے
مکان کا دروازہ کھُد جانا یا گر پڑنا دیکھنا - مالک مکان کی موت آنے کی دلیل ہے۔ اور اگر دروازہ جس جگہ رہتا ہے اسکا کھُد گیا ہے تو صاحب خانہ کی زوجہ کے مرنے کی دلیل ہے۔
مکان کا دروازہ کھُد جانا اور دروازہ دوسرا لگانا یا بنانا - صاحب خواب کی زوجہ کو کسی دوسرے سے عقد کرنے کی دلیل ہے۔
مکان کا کھلا ہوا دروازہ بند کرنا - زوجہ کو طلاق دینے سے تعبیر ہے۔
مکان معلوم کا دروازہ بند مقفل کھولنا - نکاح کرنے سے دلیل ہے۔
مکان کو زلزلہ میں دیکھنا - جس مکان کو زلزلہ میں دیکھا ہے اس میں زنا واقع ہونے کی دلیل ہے۔
مکان سارا یا کچھ حصہ گرا دیکھنا - موت کی دلیل ہے۔
مکڑی دیکھنا - توبہ کرنے والے اور عبادت گزار، پرہیزگاری کی دلیل ہے۔
موش یعنی چوہا دیکھنا - کسی بدخواہ عورت کو حاصل کرنے کی دلیل۔
مکھیوں کو بکثرت دیکھنا - بے فائدہ باتیں سننے اور کہنے پر دلیل ہے۔
منبر پر خطبہ پڑھتے دیکھنا - شرف اور مرتبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
مہتاب کو گہن لگا ہوا دیکھنا یا گرد و غبار سے ڈھکا ہوا دیکھنا - صاحب خواب کا نقصان ہونے کی دلیل ہے
مینہ کا برستے دیکھنا - رحمت کی دلیل ہے اگر ہر جگہ ہے اور اگر کسی ایک جگہ ہے یا کسی مکان یا کسی ایک مقام پر ہے تو درد تکلیف کی دلیل ہے جہاں پر ہوئی ہے۔
مینہ کا سر پر کسی کے خاص برسنا - گناہوں کی کثرت اور معصیت و خطا کے گھیرنے کی دلیل ہے توبہ کرنا چاہئیے۔

مکان اپنا گرا یا خراب خواہ ویران دیکھنا۔ اس کی بداعمالی سے دنیا تباہ ہونے کی دلیل ہے۔
مکان نامعلوم کا دروازہ بند مقفل کو کھولنا۔ دعا کے قبول ہونے کی دلیل ہے۔
مویز منقی کا دیکھنا خواہ پانا۔ مال میں خیر و برکت و منفعت پر دلیل ہے۔
مسور و ماش وغیرہ کا دیکھنا۔ مال غیر طیّب و غیر حلال ہیں جس سے رنج و غم کی دلیل ہے۔
میدہ کا دیکھنا۔ فارغ البالی کی دلیل ہے۔
مرد نامعلوم کا دیکھنا۔ اگر وہ جوان ہے تو دشمن ہونے کی دلیل ہے اگر مردِ پیر ہے تو اُس کی سعی و کوشش اور بہرہ مندی کی دلیل ہے اگر اس مردِ پیر نے کچھ باتیں کیں ہیں یا کچھ دیا ہے تو حسبِ حال دینے کے ہوگا۔
مغز انسان یا حیوان کا کھانا۔ غیر کی کمائی کھانے سے دلیل ہے۔
مونڈنا حجام کا سر و داڑھی کا۔ کسی خاص مصیبت میں پڑنا
میّت سے سوال کرنا اور اسکا جواب دینا۔ اور وہ آبرو و ریزی سے دلیل ہے۔
میّت کی حالت کا دیکھنا۔ اگر میّت کو شاداں و خنداں دیکھے یا لباس سفید خواہ سبز پہنے ہے تو اس کے اصلاحِ حال کی دلیل ہے اور اگر میّت کو رنجیدہ خواہ برہنہ دیکھے یا جامہ کُہنہ پہنے ہو۔ تو یہ حال مبتلائے غضب ناک ہے۔
میّت کا کچھ دیتے دیکھنا۔ جس نے مردہ سے کچھ پایا خواہ دنیاوی ہی کیوں نہ ہو تو صاحبِ خواب کو روزی و بہتری ایسی ملنے کی جس کی امید نہ تھی دلیل ہے۔
میّت کو دینا زندہ کا۔ اگر زندہ شخص نے میّت کو کچھ دیا لباس وغیرہ ہے اور مُردہ نے لیکر پہن لیا تو دینے والا مر جائے گا اور میت سے مر کر ملنے کی دلیل ہے۔
میّت سے معانقہ کرنا خواہ بدن سے بدن ملانا دیکھنا، یا گلے لگانا } طویل عمری کی دلیل ہے۔ ان تمام وجہوں کی طویل حیات صاحبِ خواب کی دلیل ہے اور مردے کو قتل کرنے کی بھی یہ ہی دلیل ہے۔

میت کے ساتھ کسی مکان نامعلوم میں جانا۔ صاحب خواب کے مرنے اور میّت سے ملنے کی دلیل ہے۔

میّت کا صاحب خواب کے ہاتھ سے روٹی کا ٹکڑا خواہ انگوٹھی کا لینا۔ } صاحب خواب کی اولاد کے مرنے یا مال کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔

موزہ دیکھنا۔ اگر موزہ درست ہے پھٹا نہیں ہے تو معاش کی فراخی کی دلیل ہے اور برعکس اس کے پریشانی کی دلیل ہے۔

مراۃ یعنی آئینہ دیکھنا۔ اگر صاحب خواب کی عورت حاملہ ہے تو پسر جنے گی اور اگر عورت نے یہ خواب دیکھا تو لڑکی جننے کی دلیل ہے اور یہ اولاد بہ شبیہ پدر یا مادر ہوگی اور مرادیں حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

مار یعنی سانپ کو مارنا یا اس پر غالب آنا۔ دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے۔

مار کا غالب آنا۔ دشمن کے غالب آنے کی دلیل ہے۔

مار کا ڈسنا۔ دشمن سے کوئی امر سخت پیش آنے کی دلیل ہے۔

مار کو مار ڈالنا۔ دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل ہے۔

مار کو اپنے گھر میں داخل ہوتے یا گھر میں دیکھنا۔ دشمن کا صاحب خواب کے گھر ہی میں خواہ عورت ہے یا مرد موجود ہونے کی دلیل ہے۔

مار کا جسم کے کسی عضو مثلاً کان یا مقعد سے نکل جانا۔ صاحب خواب کے عیال سے کوئی دشمن تھا جس کے نکل جانے کی دلیل ہے۔

مار سفید کو مطیع و فرمانبردار دیکھنا یا ملنا اور اس میں کوئی برائی کا نہ ہونا۔ } گنجہائے عظیم ملنے کی دلیل ہے جو شاہی خزانے سے ہوگا۔

مصطگی خواہ کندر کا دیکھنا۔ کسی نیک مرد سے علم فقہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

مہندی لگانا۔ کسی کے قتل کرنے کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ ن

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں دیدار کرنا۔ یہ خواب بالکل سچا اور صحیح ہوتا ہے کیونکہ شیطان حضور کی صورت اختیار نہیں کرسکتا اور تمام مرادیں دینی و دنیوی ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

نماز راست پڑھنا۔ صاحب صفت نیک خصلت ہونے اور گناہ معاف ہونے کی دلیل ہے۔
ناخن تراشنا۔ راحت و سرور حاصل ہونے اور قرض سے سبکدوش ہونے کی دلیل ہے۔
ناک اپنی بڑی دیکھنا۔ شہوت زیادہ ہونے، اور بدکار عورت سے فائدہ پہنچنے کی دلیل ہے یا شرف عزت حاصل ہو۔
ناک کٹ جانا دیکھنا۔ ذلت خواری کی نشانی ہے۔ بلکہ افلاس کی دلیل ہے۔
نہر یا دلدل میں پھنسا دیکھنا۔ غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
نہر یا دریا سے گدلا پانی پینا۔ مرض میں پھنسنے کی دلیل ہے۔
نہر کو دوسری جانب سے کاٹ کر جاری دیکھنا۔ تمام مصیبتوں سے نجات پانے اور خوشی کی دلیل ہے۔
نیزہ مارنا۔ دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔ ناخن دیکھنا۔ بہتری کی علامت ہے۔
نیزہ دیکھنا۔ سفر کرنے یا دولت ملنے یا لڑکا پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
ناک سے خون بہنا۔ مال حرام ملنے اور عمر ذلت سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔
نشان دیکھنا۔ بڑا نامور ہونے، رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے
ناخن بڑا یا قوی دیکھنا۔ دشمن پر مظفر و منصور ہونے کی دلیل ہے
نقارہ بجانا۔ حکومت ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔
ناچ دیکھنا۔ رنج دور ہونے راحت و سرور حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
ناچ خود ناچنا خواب میں۔ عورت سے فتنہ ہونے زندگی ضیق میں پھنسنے کی دلیل ہے۔
ناک سے خون بہتے دیکھنا۔ مال مشقت سے ملنے اور جلد خرچ ہوجانے کی دلیل ہے۔
ناریل دیکھنا۔ نہایت خوشی کی خواہ شادی سے یا پیدائش اولاد سے ہونے کی دلیل ہے۔
ندی دیکھنا۔ راحت خلق کو پہنچانے اور ناموری کی نشانی ہے۔
نیم کا درخت خواہ کچھ حصہ دیکھنا۔ صحت کی نشانی ہے۔
نعلین کا پہننا اور اتارتے ہوئے دیکھنا۔ نعلین پہننے سے کسی عورت کے ملنے کی دلیل ہے اور

نعلین اتارنے سے اپنی بیوی کو طلاق دینے کی دلیل ہے۔

نہر یا دریا میں غسل کرنا۔ بیمار ہو تو صحت پائے گناہوں سے پاک ہو یا کوئی اور خوشی کی دلیل ہو۔

نکاح کرنا۔ عزت اور آبرو سے رہنے اور مال بکثرت ہونے کی دلیل ہے۔

نیولا دیکھنا۔ بیمار ہونے کی علامت ہے لیکن جلد صحت مند ہونے کی دلیل ہے۔

نوجوان نامعلوم دیکھنا۔ دشمن پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

نشانے پر تیر لگتے دیکھنا۔ مقصد حسب دل خواہ بر آنے کی دلیل ہے۔

نوش کرنا دودھ جانوران نامعلوم حلال کا۔ دین کی خیر صلاح کی خاص دلیل ہے

نوش کرنا دودھ خواہ یا نا گائے بھینس اور اونٹنیوں کا۔ ان سب کے دودھ سے روزی خیر حلال کی نشانی ہے، ان میں بھیڑ بکری کے دودھ کی کمتر تعبیر ہے۔

نکاح کرنا زن مردہ سے خواب میں۔ صاحب خواب جس مقصد کے لئے مایوس ہو چکا تھا اسکے پورا ہونے کی دلیل ہے۔

نکاح کرنا مادر یا خواہر یا کسی زن ایسی سے جس سے۔ صاحب خواب کے لئے شرف زیارت خانہ کعبہ کی دلیل ہے۔

نکاح کرنا ہمیشہ کیلئے حرام تھا یعنی محرم سے یا اپنے قرابت داروں سے نیکی کرنے صلہ رحمی کی نشانی ہے۔

ناہموار و کج راستہ کا دیکھنا۔ بے دینی و بے مذہبی کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ و

وعظ کہنا خواب میں۔ بدکاروں فضیحت کرنے اور نصیحت کرنے کی دلیل ہے۔

وضو کرنا۔ عنایت رب جلیل اور نیک کرداری پر دلیل ہے۔

وظیفہ پڑھنا۔ برے کاموں سے بچنے اور نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔

وبا و رنج یا دوزخ کے مبتلا دیکھنا۔ دنیا کے رنج و مصیبت کی دلیل ہے۔

ردیف ھ

ہرن دیکھنا۔ دختر کے پیدا ہونے کی یا کوئی حسین کنیز ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

ہوائے تند کا دیکھنا۔ جہاں پر دیکھے وہاں کے باشندوں اور اس سرزمین پر آفت آنے کی دلیل ہے

ہدیہ بھیجنا۔ الفت و محبت خلق سے ہونے کی دلیل ہے۔

ہاتھوں کو بندھے دیکھنا۔ بے دین و بے کار ہونے کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ خشک یا سست ہو گئے ہیں تو اس کے یار و آشنا کنارہ کریں گے۔

ہاتھ کئی ایک دیکھنا اپنے۔ اگر نیک ہے نیکی میں ترقی ہو گی اور مفسد ہے تو فتنہ بہت کرے گا۔

ہاتھ میں مہندی لگانا۔ کسی کو قتل کرنے پر دلیل ہے۔

ہرن کا خواہ گوسفند کا بچہ دیکھنا۔ کوئی مراد حاصل ہونے پر دلیل ہے۔